اِنَّ مِنَ الشِّعرِ لَحِکمَۃً وَّاِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحرًا

ہزار ہزار شکر اس ناظم کون و مکان کا کہ زبان اردو کے شعرائے ماضی و حال کا یہ مکمل تذکرہ

موسوم بہ

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

۱۳ ھ ۲۵

خمخانۂ جاوید

جلد چہارم

لالہ سری رام۔ ایم۔ اے منصف دہلوی خلف الصدق عالیجناب آنریبل رائے بہادر

لالہ مدن گوپال صاحب بیرسٹر سرگباشی رئیس دہلی و لاہور کی لگاتار ۲۵ برس کی محنت اور کوشش کا نتیجہ ہے

سنہ ۱۹۲۶ء

کتاب ہمدرد پریس دہلی میں چھپی اور سرورق گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں طبع ہوا

بار اول (۱۳۰۰) قیمت { مجلد عہ / بلا جلد للعہ

تذکرہ ہزار داستان

المعروف بہ

خمخانۂ جاوید

۱۳۲۵ھ

مؤلفہ

جناب لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے۔

سابق منصف دہلی خلف الصدق

عالیجناب آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب [illegible]

F. W. & Co. LAHORE

المعروف بہ

خمخانۂ جاوید

جلد چہارم

سابق - قاضی غلام احمد عرف امدو میاں - آپ بیگن پلی علاقہ مدراس میں پیدا ہوئے قوم نوابط سے ہیں - آپکے مورث اعلےٰ علی محمد مخدوم نابطی اودگیری علاقہ نظام کے مشاہیر سے تھے - مولوی غلام رسول جو آپکے والد ہیں علاقہ کوئل کنٹلہ دکن میں قاضی ہیں اردو فارسی انگریزی تعلیم سے بہرہ ور ہیں - شاعری میں جناب نیساں کے شاگرد ہیں - کلام سے خوش مشقی کا اظہار ہوتا ہے - دو تین شعر درج کیے جاتے ہیں ؎

حرم میں پنہاں ہے شان تیری بتو نہیں ظاہر کمال تیرا
ہر ایک شے میں میں دیکھتا ہوں ظہور تیرا جمال تیرا

خواہش دید کا ہے یہ حاصل
غیب سے شور لن ترانی ہے

چھوڑ کر جاؤنگا کہاں سابق
میرا سر اُن کا آستانہ ہے

ساجد - مولوی حافظ ساجد علی صاحب وکیل اورنگ آباد قصبہ کاکوری ضلع لکھنؤ کے رہنے والے

اور حضرت امیر مینائی مرحوم کے شاگرد ہیں۔ آپکا مجموعۂ رباعیات شایع ہو چکا ہے جس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ قدیم الفاظ میں جدید خیالات کو نہایت حسن و خوبی سے ادا کرتے ہیں۔ بیان کی سادگی زبان کی سلاست آپ کی اخلاقی شاعری میں جان ڈالدیتی ہے رباعیات میں اسلام کے زوال و تنزل اور مد و جزر کی تصویریں آپنے کھینچی ہیں وہ عبرت آموز ہیں۔ دل میں قوم کا درد ہونا ظاہر ہے۔ یہ درد ہی تو ہے جو ایسے پُر تاثیر شعر کہنے پر مجبور کرتا ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے

قطعہ

اب ہم میں کوئی صاحبِ ایماں نہ رہا
اب وہ عملِ حدیث و قرآں نہ رہا
گو نام کے ہیں بہت مگر مثلِ سراب
حق یہ ہے کہ اب کوئی مسلماں نہ رہا

جب بڑھ کے چلے کٹے شجر کی مانند
اونچے جو بڑھے گرے ثمر کی مانند
سایہ کی طرح رہا عروج اور زوال
دنیا میں گھٹے بڑھے قمر کی مانند

بس گیا جب سے بت ہوش ربا تو دل میں
دل نہ قابو میں رہا اور نہ قابو دل میں
تو لتا ہے مری الفت کو مرا تیر فگن
ناوکِ ناز ہی ہو آکے ترا زو دل میں

افسوس چلے وقتِ سفر سی پہلے
خاموش ہوئے شمع سحر سے پہلے
آغازِ شباب ہی نے مارا ہم کو
دن ڈھل گیا ہائے دوپہر سے پہلے

گرمی میں بسانِ شمع ہر وقت جلے
سردی میں بسانِ برف ذرات گلے
نیرنگیِ فلک کے شعبدوں سی ساجد
افسوس کہ ہم کبھی نہ پھولے نہ پھلے

انسان کو تواضع سے شرف ہوتا ہے
جب یہ ہو تو اوج ہر طرف ہوتا ہے
گرتا ہے سحاب سے جو قطرہ نیچے
آخر کو وہی دُرِ صدف ہوتا ہے

آوازِ اذاں میں پائی سن گن تیری
ناقوسِ برہمن میں بھی ہے دُھن تیری
اک آن میں ہو گیا قیامت کا ظہور
واللہ قیامت کی ہے اک آن تیری

تعلیم سے کچھ نہ تربیت کوشی سے
خوابِ غفلت ہے خود فراموشی ہے

کیسی تہذیب صرف نقالی ہے	سب بے پئے مست ہیں یہ ہوشی ہے
افسانہ عجیب سر بسر اُن کا ہے	جو عیب ہے دنیا میں ہنر اُنکا ہے
کیا حال بیان کروں مسلمانوں کا	اعلیٰ سے اب اسفل میں گذر اُنکا ہے
افسوس کہ وہ دراز دستی نہ گئی	وہ شوق وہ ولولہ وہ مستی نہ گئی
وہ عمر رہی نہ وہ زمانہ ساجد	پر دل سے تری ہوس پرستی نہ گئی

ساحر۔ قاضی محمد مقصود عالم سلیمان خاں صاحب ۱۹۱۰ء میں زندہ تھے قصبہ سہسرام صوبہ بہار اُنکا وطن ہے۔ ابتدا میں منشی سلیمان تخلص جاوید سے اصلاح لی پھر مولانا شمشاد لکھنوی کے شاگرد ہوے آپ کی طبیعت صفائی زبان اور معاملہ نگاری کیطرف مائل تھی۔ دو چار شعر جو دستیاب ہوے ہیں نذر ناظرین ہیں ؎

کوئی گاہک نہیں ملتا ہے کہ لے مول اُسے	بیچتے پھرتے ہیں بازار میں ہم دل اپنا
کچھ تسلی دل بیتاب کی شاید ہو وہاں	لیچل اب کوچہ جاناں میں تو لے دل مجھکو
دل زار کو ہم سنبھالینگے کیونکر	جو بن بن کے وہ روز آیا کرینگے
دئے ہیں رنج حسینوں نے انتہا کے مجھے	یہ پا نہ سکینگے نہیں معلوم کیا ستا کے مجھے
یہ کھڑ رہا ہے کسی سے اُبھار جوبن کا	حضور رکھیں گے کبتک چھپا چھپا کے مجھے
نہ آئیگی مری آنکھوں میں تا قیامت نیند	گئے ہیں خواب میں شکل اپنی وہ دکھا کے مجھے

ساحر۔ سخنور سحر زبان۔ ناظم جادو بیان۔ صوفی روشن خیال۔ موجد عدیم المثال پنڈت امرناتھ صاحب دلّن آپ رائے بہادر پنڈت جانکی ناتھ مدن رئیس دہلی کے خلف اکبر ہیں آپکی ولادت باسعادت ۲۹ مارچ ۱۸۶۳ء کو بمقام ہانسی ہوئی۔ اُس زمانہ میں آپکے والد ماجد وہاں محکمہ جنگی کے ملازم تھے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ شیر پنجاب اور اُنکے جانشینوں کے مشہور دیوان راجہ دینا ناتھ صاحب آپ ہی کے خاندان کے ایک معزز رکن ہوے ہیں رائے بہادر موصوف کے برادر کلاں زمانہ غدر ۱۸۵۷ء میں سرکار انگلشیہ کی فوج بمع صوبہ

تھی۔ آپ نے ایسے نازک وقت میں اپنے فرائض منصبی کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا
اور متعدد حکام بالادست نے اپنی رپورٹ میں آپ کے وفادارانہ رویہ کا اعتراف کیا ہے۔ پنڈت
صاحب موصوف انہیں ایام پر آشوب میں نشانۂ تفنگ اجل ہوئے۔ گورائے صاحب
بہادر کی عمر اُس زمانہ میں ۷ ہی سال کی تھی لیکن سرکاری افسران فوج کی قدردانی
سے انکو صغرسنی ہی میں اپنے مرحوم بھائی کا عہدہ عطا ہوا۔ ساحر صاحب بارہ برس کی عمر
میں علامۂ عصر پنڈت پرشاد رام رازداں کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ انکے فیض تعلیم
سے تین چار ہی سال میں اردو وفارسی زبان کے ماہر ہوگئے۔ لڑکپن میں آپ کو اساتذۂ اردو
اور شعرائے فارسی کے ہزاروں اشعار یاد تھے جنہوں نے معنی باب طبیعت میں شاعری کی
استعداد اور قابلیت و ذوق پیدا کردیا۔ آپ کئی برس تک اکبرآباد میں مقیم رہے۔ میرزا مہر
آغا صوفی۔ ماہر صفی جیسے سخن وران باکمال کے مشاعروں میں شرکت فرمائی۔ اور میدان
سخن میں کوس لمن الملک بجایا۔

آپ نے شعرائے متقدمین کے نقش قدم پر چل کر سب سے پہلے فارسی زبان میں شعر کہا۔ مولانا
عبدالحلیم عاصم کاشانی جو دیگر مشرقی و مغربی زبانیں جاننے کے سوا فارسی زبان کے ادیب اور
زبردست شاعر تھے اُن سے فارسی میں تلمذ اختیار کیا شفیق اُستاد کی توجہ سے چند ہی روز
میں علم عروض و قوافی میں اعلیٰ درجہ کی مہارت پیدا ہوگئی اور عمدہ شعر کہنے لگے۔ ۲۲ سال
کی عمر میں آپ اجمیر شریف تشریف لےگئے۔ اور وہاں احباب کی ترغیب سے ریختۂ اردو پر توجہ
فرمائی۔ پھر دہلی آکر پنڈت جواہرناتھ ساقی اور منشی رام رچھپال سنگھ شیدا سے گرمیٔ صحبت رہی
اور شعر وسخن کا مشغلہ جاری رکھا۔ آپ دہلی کے گذشتہ مشاعروں میں دادِ سخن لے چکے ہیں مستان شاہ
کابلی۔ منشی بہاری لال مشتاق۔ میر شاہجہاں کامل آپ سے محبت رکھتے تھے۔ آپ نے سرکاری
ملازمت کی اہم ذمہ داریوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کچھ دنوں تک شاعری کو خیرباد کہدی تھی۔
۱۸۹۵ء میں شملہ جیسے پرفضا مقام پر قدرت کے رنگارنگ نظاروں نے آپکے شاعرانہ

جذبات کو ابھارا۔ شوق رفتہ میں نئی روح پھونکنی چاہی مگر کار سرکاری کا ہجوم مانع سخن ہوا عرصہ دراز تک عہدۂ تحصیلداری پر ممتاز رہے۔ لیکن شاعری کا مشغلہ قایم رہا۔

اب آپ اپنے وطن دہلی میں رونق افروز ہیں اور ہر مہینہ کے اخیر ہفتہ کو مشاعرہ آپکے دولتخانہ پر منعقد ہوتا ہے۔ جسطرح آپ میدان نظم کے علم بردار ہیں اسی طرح نثر میں بھی آپ کا پایہ نہایت بلند ہے سفیر کشمیر۔ کشمیر پرکاش۔ وید۔ ہمدرد وغیرہ میں آپکے اخلاقی مضامین نکلتے رہے ہیں ۱۸۸۷ء میں جو پرچہ "سحر ساحر" کے نام سے شایع ہوا تھا وہ آپ کی جادو نگاری کا اعلیٰ نمونہ تھا۔ آپ متعدد کتب کے مترجم۔ مولف مصنف ہیں۔ جہاں آپنے اردو میں بھگوت گیتا کے خلاصہ کو نظم فرمایا ہے دیوان حافظ کا ترجمہ کیا ہے وہاں شعرائے انگلستان کے زرین خیالات کو بھی اپنی زبان کے سانچے میں ڈھالدیا ہے۔ آپ قصیدہ رباعی قطعہ مخمس مسدس غرض جملہ اصناف سخن پر قادر ہیں۔ ابتدائی وسطی آخری کلام کا ذخیرہ۔ باریک بین معنی سنج اشخاص کے سامنے ہر زمانہ کے جذبات پیش کرتا ہے۔ ظریفانہ کلام بھی قابل ستایش ہے۔ بندش کی خوبی مضامین کی خوش اسلوبی قابل داد ہے۔ زبان نہایت صاف ہے۔ آپ خط وخال شاہد و ساغر کے پیرایہ میں جو عارفانہ خیالات ادا کرتے ہیں وہ صاحبان ذوق پر وجد کا عالم طاری کر دیتے ہیں مقام فنا۔ بقا۔ تجلی وغیرہ کے مضامین سے آپ اردو زبان کو پاکیزہ بنا رہے ہیں بازاری جذبات اور عامیانہ مذاق سے آپکی شاعری کو کوئی تعلق نہیں۔ آپ نہایت متین مہذب با اخلاق۔ ملنسار منکسر المزاج شخص ہیں۔ اب دہلی میں شاعری کا چرچا آپکے دم سے ہے بیشتر اپنا وقت شعر وسخن کی خدمت میں صرف کر رہے ہیں اور سالانہ ذاتی صرف کثیر سے ایک بڑا مشاعرہ دہلی میں کرتے ہیں جسمیں بیرونجات کے مشہور شعرا بلائے جاتے ہیں۔ آپ مولف تذکرہ کے عنایت فرما ہیں راقم نے یکم جولائی ۱۹۲۱ء میں اپنی کوٹھی پر ایک جلسہ کا انعقاد کیا تھا جسمیں حاذق الملک حکیم اجمل خاں۔ سر علی امام۔ نواب سید امداد امام اثر۔ راجہ سر علی محمد خاں والئی محمود آباد جیسے مشاہیر موجود تھے۔ اس موقعہ پر ساحر صاحب نے اپنا ایک قطعہ سنا کر داد سخن لی تھی جو انتخاب کلام کے ساتھ درج کیا جاتا ہے ؎

حوصلہ وجہ تپش ہائے دل و جاں نہ ہوا
شعلۂ شمع تری بزم میں نقصاں نہ ہوا

حسن تھا مست ازل جام انا لیلیٰ سے
تن کی عریانی سے مجنوں کوئی عریاں نہ ہوا

لب منصور سے دی کس نے انا الحق کی صدا
تو اگر پردۂ پندار میں پنہاں نہ ہوا

دل مٹا پر نہ مٹا حرف محبت دل سے
کفر اسلام ہوا امر کہ ایماں نہ ہوا

مرکز عشق ہی ہے دائرۂ ہستی میں
میرے سیارۂ ثابت ہے کہ دوراں نہ ہوا

شب کو میر انفس گرم ہے خورشید فلک
ورنہ خورشید کبھی شب کو نمایاں نہ ہوا

ہم رہے چشم عنایت سے ہمیشہ محروم
دل نشیں تیر نظر کا کوئی پیکاں نہ ہوا

تم ہو ارمان جہاں دل ہی جہان ارمان
تم رہے دل میں تو مجموعۂ پریشاں نہ ہوا

چشم جاناں ہیں ستاتے ہیں ستانے والے
موت سے آنکھ لڑانا کوئی آساں نہ ہوا

دیدۂ بینا ہی نے ہے نقش جہت آئینۂ حسن
جلوۂ یار سے پیدا ہے کہ پنہاں نہ ہوا

ہے کرشمہ مرے ساقی کا عجب ہوش ربا
کہ مئے صاف سے غارت گر ایماں نہ ہوا

دل ہے بتخانۂ اصنام خیالی ساحر
تو وہ کافر ہے کہ بھولے سے مسلماں نہ ہوا

ساقی بزم ازل کب سے ہے پیمانہ بدست
کوئی اس عہد میں دردی کش میخانہ ہوا

دل کی تسکین کو کافی ہی پریشاں ہونا
ہے توکل بخدا بے سروساماں ہونا

کور دیدہ ہے جسے دعوئے بینائی ہے
شرط اول ہی یہاں دیدۂ حیراں ہونا

اے پری رو ترے دیوانہ کا ایماں کیا ہے
ایک نگاہ غلط انداز پہ قرباں ہونا

دور جب دل سے حجاب شب عصیاں ہوگا
چہرۂ شاہد مقصود نمایاں ہوگا

درد عشق اور ہر اک شخص کا حصہ خموش
وہی پائے گا جو اس گنج کا شایاں ہوگا

وہ سمجھتے ہیں کہ ہے میری تمنا اس کو
سبکو ارمان ہے ہاں کوئی بھی ارماں ہوگا

یوں تو ہر زخم جگر ہے مزا لذت کش درد
ہر ادا میں تری ایک ایک نمکداں ہوگا

چلا ہی کسقدر دل ذوق کاوش ہائے مژگاں پر
کہ سو سو نشتروں کی نوک ہے ہر ہر رگ جاں پر

پڑا ہوگا مگر عکسِ عذار لالہ گوں ورنہ
یہ گستاخی ہمارا خون اور قاتل کے داماں پر

طریقِ عشق میں ہے رنج پہلے اور خوشی پیچھے
مدارِ صبح روزِ وصل ہے اک شام ہجراں پر

مری دیوانگی روزِ قیامت سر کے کام آئی
قلم رحمت کا کھینچا اُسنے آخر میرے عصیاں پر

اگر اُن کے تغافل کو ہے دعویٰ اپنی تمکیں کا
ہماری خود فراموشی کو ہے ناز اپنے نسیاں پر

عشاق کا ضمیر ہے جام جہاں نما
مجھسے کہاں چھپینگے وہ ایسے کہاں کے ہیں

کوئی دیتا ہے تمہیں سنگدلی کا طعنہ
سخت جانی کی ندامت مرے سر رہنے دو

دوستو تمکو مبارک رہے یہ شرب مدام
ہمکو لذت کش خوناب جگر رہنے دو

زاہد و یاد رہے نارِ جہنم کا عذاب
خیر جاہو تو مرا دامن تر رہنے دو

ساحر اب ترکِ وفا شیوۂ عشاق نہیں
ہر چہ آید کے لئے سینہ سپر رہنے دو

سرِ عرشِ بریں ہے زیرِ پائے پیرِ میخانہ
کمالِ اوج پر ہے حسنِ عالمگیر میخانہ

زیارت کو چلے ہیں شیخ و زاہد الاماں اللہ
خدا کی شان ہے کچھ پھر گئی تقدیر میخانہ

پری شیشہ میں ہے ساغر میں ہے خورشید نور افگن
یہ ہے تسخیر میخانہ وہ ہے تنویر میخانہ

جو پہنچا میکدہ میں چھوڑ کر دیر و حرم ساحر
جھکا سر ذوقِ مستی میں رہے تاثیر میخانہ

آنکھیں قصور وار ہیں دل شرمسار ہے
در پردہ در میں راز کے اک پردہ دار ہے

خلوت میں انجمن ہے تو جلوت میں انجمن
آئینہ سے نگاہ کسی کی دوچار ہے

قطعہ

آئی جو مجھکو نیند تصور میں ایکبار
کیا دیکھتا ہوں سامنے تصویر یار ہے

میں نے بصد سماجت و منت کہا کہ یار
کیوں میرے پاس آنے سے بوجہ عار ہے

سامان جملہ عیش مہیا ہیں تو نہیں
تیرے بغیر سینہ میں دل بیقرار ہے

آب رواں ہے کشتی مے اور جام زر
سبزہ ہے گل ہے ابر ہے باد بہار ہے

موجِ طرب ہے جوشِ طبیعی ہے رنگِ شوق
سب کچھ ہے ایک صرف ترا انتظار ہے

یوں درفشاں ہوئے لب نازک کہ اے حریص
سن میرے قول کا تجھے گر اعتبار ہے

آساں نہیں ہے دولتِ دیدار کا حصول
تو معتقد ہے دیدہ و دل کی نشاط کا
یاس و امید و بیم رجا ہے نفس نفس
الفت بتوں کی جس کے بسی آب و گل میں ہے
فرصت نہیں جنھیں غیروں سے مجھکو تو یہ بتا
میں نے کہا یہ رنگ رچا تھا ترے لئے
غیروں سے آج ہے مرا خلوت کدہ تہی
یہ سنکے مسکرا کے وہ بولا کہ واہ واہ
غیروں سے کب ہوا ترا خلوت کدہ تہی
دیکھا جو غور سے میں خود منفعل ہوا
آئی صدا کہ حیف ہے تیرے شعور پر
آئی ندا جو جا ہے کہ بے پردہ دید ہو
یہ سنکے ہوش و عقل بھی رخصت طلب ہوئے
سب بے جام بادہ ہستی ہے بے واسطہ وصال

نا محرموں پہ راز یہ کب آشکار ہے
بزمِ طرب میں بادہ ہے روئے نگار ہے
دل اک قمار خانۂ لیل و نہار ہے
ایسے صنم پرست کا کیا اعتبار ہے
کیا واسطہ ہے مجھسے کہ یہ انتظار ہے
رنگینیوں سے تجھکو مگر ننگ و عار ہے
اب تو ہے میں ہوں اور دلِ امیدوار ہے
مطلب کا اپنے یار بڑا ہوشیار ہے
پہلو میں تیرے ایک دلِ امیدوار ہے
بولا کہ لے یہ ترے قدم پر نثار ہے
تیری انانیت سے مجھے ننگ و عار ہے
کر شوق سے کنارہ کہ پھر ہم کنار ہے
حیرت کدہ میں شوق سے اب تو دوچار ہے
سب بے شوقِ دید جلوۂ دیدار یار ہے

ساحر ترا یہ خواب ہے رویائے صادقہ
بیداری ایسے خواب کے اوپر نثار ہے

گر تصور نہ ہو تصدیق تو ہے نقصِ کمال
رسوائے عشق ہے ترا شیدا کہیں جسے
ہے منزلِ فنا میں مرا ہم سفر وداع
سینۂ چمن سے ہے غنچۂ دل ہی شگفتہ دل
غم پروریدہ ہے دلِ شوریدگانِ عشق

خود چلے آئیں یہ کھنچے خدنگ کا بل ہے وہی
عشاق ہیں مثال سے ہے رسوا کہیں جسے
روشن چراغ گنبدِ مینا کہیں جسے
تیری نگاہ ہے چمن آرا کہیں جسے
فرقت کی ایک رات ہی دنیا کہیں جسے

منسوب کفر دیر سے ایماں حرم سے ہے
وہ تیرہ بخت ہوں مرے ظلمت کدہ کا نور
ہم غیر معتبر سہی اور غیر معتبر
ساحر قفس وہ دام ہے جس میں کہ ہے اسیر

اک رہ گیا ہوں ہو کہ تمہارا کہیں جسے
ہے روشنائی شب یلدا کہیں جسے
کہنا بجا ہے آپ کا جیسا کہیں جسے
موج رم خیال کہ عنقا کہیں جسے

تو ہے اور بوئے بیوفائی ہے
آئینہ سے نگاہ جو دو چار ہو گئی
عالم مٹا ہوا ترے نقش قدم سے ہے

میں ہوں اور رنگ آشنائی ہے
شبنم لطافت گل رخسار ہو گئی
نقش قضا مگر تری رفتار ہو گئی

غلط کہتے ہیں لوگ یک جان دو قالب
اسی کا تم کو دھوکا تھا اسی کا مجھکو رونا تھا
ہماری بت پرستی شیخ عین حق پرستی تھی

میں تن ہوں وہ جان ہے میں جان ہوں وہ تن ہے
کہ وہ دشمن تمہارے تھے جنہیں تم یار سمجھے تھے
وہ مشرک تھے جو فرق سبحہ و زنار سمجھے تھے

ساحر ۔ مطلع خورشید سخن وری آفتاب سپہر بلاغت گستری عالیجناب معلی القاب سر مہاراجہ علی محمد خانصاحب خلف عالیجناب ممتاز الملک راجہ سر امیر حسن خانصاحب والی محمود آباد۔ آپ صوبہ اودھ کے اُن امرائے جلیل القدر سے ہیں جو اس زمانہ میں اپنی گذشتہ شان و شوکت اور خاندانی عزت کو برقرار رکھتے ہیں۔

صوبہ جات متحدہ کے مسلمانوں میں سیاسی بیداری پیدا کرنے کا سہرا راجہ صاحب موصوف ہی کے سر ہے۔ ہندوستان کی نئی زندگی کا آفتاب تو بنگال یا پنجاب سے درخشاں ہوا مگر اسکی شعاعیں اودھ میں پھیلیں۔ آپ صوبہ مذکورہ میں سب سے پہلے لیڈر تھے جنہوں نے کانگریس اور مسلم لیگ میں اتحاد عمل پیدا کر کے سیاسی خیالات کو ایک ہی مرکز پر جمع کر دیا تھا۔ اور نیشنل کانگریس میں ایسی زبردست تقریر کی تھی کہ تمام لیڈر دنگ رہ گئے تھے۔

اگر بیگانگان ملک اور قوم کے درمیان باہمی اختلاف نہ ہوتا تو راجہ صاحب اپنی سیاسی

زندگی کو خیرباد کہکر کبھی وزارت کو ہرگز قبول نکرتے۔ مگر افسوس ہے کہ باد مخالف نے آپکو قومی کشتی کا ناخدا نہ بننے دیا۔ اور بہت جلد ملکی خدمات سے علیحدہ ہونا پڑا۔

آپ روشن خیال صائب الرائے رئیس ہیں علیگڈھ کالج کے علاوہ مختلف اسلامی مدرسوں اور انجمنوں کی امداد کرتے رہتے ہیں۔ ہندوستان کے مشہور اخبارات آپکے شاندار کارناموں پہ عمدہ رائے دے چکے ہیں۔ آپ کونسل واضع آئین و قوانین کے ممبر اور صوبہ جات متحدہ کے وزیر ہیں۔ کسی زمانہ میں مسلم لیگ کے سرگرم رکن تھے۔ کانگریس کی کرسی صدارت پر بھی رونق افروز رہے۔ راجہ صاحب موصوف فن سخن کے موروثی دلدادہ ہیں۔ آپ کے پدر بزرگوار اور جد امجد نواب علی خاں مرحوم بھی شعر کہتے تھے اور صاحب دیوان تھے اور شعرا کی حوصلہ افزائی فرماتے تھے۔ ملک کے مشہور انشاپرداز علی سجاد صاحب جن کے مضامین آج تک ناظرین مخزن کے دلوں میں چٹکیاں لے رہے ہیں۔ آپکے پرائیویٹ سکرٹری رہ چکے ہیں۔ حضرت ریاض خیرآبادی حضرت ثاقب لکھنوی کو قدردانی سخن کے سلسلے میں ماہانہ دیا جاتا ہے۔ گورکھپور سے لکھنؤ آنے پر ریاض نے شعر کہا ؎

ریاض تھی جو مقدر میں بازگشت شباب	جوان ہو نے کو پیری میں لکھنؤ آئے

اس شعر کو سنکر آپ نے بیساختہ فرمایا ؎

ہمیں حسینوں کے انداز دلبری سے کھلا	جسے عزیز ہو دل وہ لکھنؤ آئے

غزل گوئی کے سوا مرثیہ گوئی میں بھی مشاق ہیں۔ آپکے ہاں عشرہ محرم کی مجالس نہایت تزک و احتشام سے ہوتی ہیں اور ہر سال ایک مجلس میں اپنا تصنیف کردہ نیا مرثیہ پڑھتے ہیں لکھنؤ اور قرب و جوار کے سیکڑوں سامعین مجلس میں شریک ہوتے ہیں اور اُن سب کی مہمانداری میں کوئی بات اٹھا نہیں رکھی جاتی بعض اوقات آپنے مرثیہ خوانی کے وقت ممبر پر رونق افروز ہو کر سامعین کا دل ہلادیا ہے اور ماہرین سخن نے آپکی سحر بیانی کو تسلیم کیا ہے۔ ایک سال آپنے اپنی مجلس میں اپنا ایک تصنیف مرثیہ پڑھا تھا جسمیں گھوڑے

کی تعریف میں یہ ٹیپ لکھی تھی ؀

باغ میں جاتا تھا معشوق پری رو کیطرح	کوئی چٹکی جو کلی اُڑ گیا خوشبو کیطرح

اس شعر کا سامعین میں عرصہ تک چرچا رہا۔ آپ انداز سخن میں اپنے والد کی پیروی کرتے ہیں۔ غزل میں حضرت یاسؔ سے مشورۂ سخن رکھتے ہیں۔ اور مرثیہ گوئی میں جناب علی محمد صاحب عارف لکھنوی سے استفادہ حاصل کیا ہے۔ مراثی کی جلد تیار ہے۔ دیوان غزلیات بھی قریب الاختتام ہے۔ آپ باوجود ایک معزز رئیس ہونیکے خلیق اور منکسر المزاج زیادہ ہیں۔ آپکا کلام ہر اعتبار سے اچھا ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو جبکہ اساتذۂ لکھنؤ کی اصلاح سے مزین ہوتا ہے۔ آپ کی طبیعت صفائی زبان کیطرف راغب ہے۔ عاشقانہ سوز و گداز کا مرقع موثر الفاظ میں کھینچنے میں اگرچہ غزل بہت کم فرماتے ہیں۔ مگر جب لکھتے ہیں تو خوب لکھتے ہیں۔ راقم تذکرہ کو خدمت والا میں ہنگام قیام دہلی نیاز حاصل ہوا۔ از بس عنایت فرماتے ہیں ابھی ۱۹۲۶ء میں بتقریب جشن ولادت شاہ جمجاہ خطاب مہاراجگی سے مفتخر ہوئے ہیں۔ نمونۂ کلام ہدیۂ ناظرین ہے ؀

وہ بات جو حضور کو مجھ سے خفا کرے
دل میں تمام عمر نہ آئے خدا کرے

اتنا تو ہے کہ تھام لیا آپ نے ہی دل
اللہ میرے درد جگر کو سوا کرے

سچ تو یہ ہے کہ درد محبت ہے لاعلاج
یہ وہ مرض نہیں کہ مسیحا دوا کرے

آجائیں کل وہ خود مرے خط کے جواب میں
قاصد جو کہہ رہا ہے یہی ہو خدا کرے

ہو جسکو بوسہ اس لب جاں بخش کا نصیب
وہ کیوں تلاش چشمۂ آب بقا کرے

کس کام کی بھلا شب فرقت میں چاندنی
اوڑھے بچھائے کوئی اسے کہئے کیا کرے

برسات میں پینے کا مزا اور ہی کچھ ہے
جو وقت پہ اُٹھے وہ گھٹا اور ہی کچھ ہے

وہ بات کہاں لاکھ سر بزم خفا ہوں
خلوت میں بگڑنے کی ادا اور ہی کچھ ہے

محدود خیالوں میں کہاں وسعت تشبیہ
اس عالم بالا کی فضا اور ہی کچھ ہے

قند و شکر و شہد بہت خوب ہیں لیکن
انکے لب شیریں کا مزا اور ہی کچھ ہے

قصور ہے یہ مری جستجو کا اے منکر
وہ دل ہاتھ آئے نہ جو تا رگِ گلو آئے

جو تو ہے شیخ تو مست ہو کے خانقاہ میں جا
کہیں وہاں نہ اسی طرح مے کی بو آئے

علاجِ زخمِ دل اے چارہ گر جو ہو منظور
کسی کی سوزنِ مژگاں پئے رفو آئے

تجھے میں سمجھوں بڑا خوش نصیب اے دل
جو اسکی بزم سے لاگ بچ کے تو آئے

جھوٹے جذبات کا اظہار رہنے دیجئے
جائیے بس جائیے سرکار رہنے دیجئے

حکم ہو جلاد کو مجھ سے نہ بیاں کر قتل کا
دستِ نازک کیوں تھکیں بیکار رہنے دیجئے

سبزۂ خط کو نہ کیجئے دور روئے صاف سے
لوحِ سینہ یوں ہی مینا کار رہنے دیجئے

اب نہیں دل میں سمائی اب نہ دیجئے رنج و غم
میں نے بھر پایا بس اے سرکار رہنے دیجئے

غیر کے گھر جا رہے ہیں آپ کیا ہو کیا نہ ہو
دیکھئے زیبِ کمر تلوار رہنے دیجئے

ایک کاغذ پہ صفاتِ چشمِ نرگس کیا ضرور
ایک بستر پر نہ دو بیمار رہنے دیجئے

غیر کے ہمراہ آؤں تو نہ روکیں پاسباں
مجھکو یہ عزت نہیں درکار رہنے دیجئے

کوئی اتنی ہی سفارش آپ نے کر دینا مری
بسترِ ساحر پس دیوار رہنے دیجئے

ساحر — شیخ مفتی افہام اللہ گوپاموی خلف مفتی انعام اللہ خاں۔ آپ جس خاندان کے چشم و چراغ ہیں اسمیں اکابر علما گذرے ہیں۔ آپکے مورث اعلی شیخ روم اول والئی ملتان کے وزیر مقرر ہوئے۔ پھر وزارت سے علیحدہ ہو کر سنہ ۸۰۰ھ میں وارد گوپامؤ ہوئے۔ سنہ ۹۳۰ھ میں شہنشاہ بابر نے شیخ روم کو گوپامؤ کا مفتی مقرر کیا۔ نسلاً بعد نسلاً کئی پشت تک یہ عہدہ قایم رہا۔ مفتی عبداللہ شارح کافیہ بھی اسی خاندان سے تھے جنہوں نے دارا شکوہ کے حکم سے تجدید افتا کی۔ اسی طرح علامہ ابو سعید کے برادر خورد شیخ غوثی ثانی اورنگ زیب کے عہد میں محتسب رہے۔ انگریزی حکومت کے زمانہ میں بھی یہ خاندان ممتاز رہا۔ جناب ساحر کے والد کو مسٹر گلبرگ ریذیڈنٹ دہلی نے اپنے سررشتہ نظامت کا ناظم مقرر کیا اور خدمات کے صلہ میں خان کا خطاب مرحمت فرمایا۔ وہ محکمۂ قضا میں مفتی بھی رہے ہیں۔ جب یہ محکمہ شکست ہوا تو صدر نظامت الہ آباد

میں وکالت شروع کردی۔ آگرہ کو صدر مقام قرار دئے جانیکے بعد آپ وہیں تشریف لے گئے اور اقامت اختیار کی۔

حضرتِ ساحر آگرہ میں پیدا ہوئے اور اپنے بھائی مولوی اکرام اللہ سے علوم رسمیہ کی تحصیل فرمائی۔ فارسی میں کافی استعداد بہم پہنچا نیکے بعد ڈاکٹری کے مدرسہ میں داخل ہوئے جہاں انہیں کامیابی نہوئی۔ اسی دوران میں شعر و سخن کیطرف طبیعت مائل ہوئی اور اپنے بہنوئی مولوی غلام غوث صاحب بیخبر کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ فارسی میں بھی فکر سخن کرتے تھے اور "ابہام" تخلص تھا۔ سنہ [illegible]ھ میں انتقال ہوا۔ مقام شاہ نور الزمان میں دفن ہوئے۔ چند شعر تذکرہ شعرائے اکبرآباد اور تاریخ گویا موسے نقل کئے جاتے ہیں ؎

جو تاثیر دعا پر اس طرف تقدیر ہنستی ہے	دعاؤں کی رسائی پر ادھر تاثیر ہنستی ہے
یہی برگشتگی دونوں میں برگشتہ سے برگشتہ	ادھر تقدیر ہنستی ہے ادھر تدبیر ہنستی ہے
شب ہجراں جو اپنے بخت برگشتہ پہ روتا ہوں	تو اسکو دیکھکر یاد بت بے پیر ہنستی ہے
سراپا معصیت دنیا میں کوئی ہے تو ساحر ہے	وہ عاصی ہے کہ خود اپنی ہی تقصیر ہنستی ہے
قاتل نہ رکھنے پائے گلے پر مرے ذرا	تیزی تو دیکھوں میں ترے خنجر کے دھار کی

نہ بر آنے دی ایک امید جی کی	فلک نے ہائے ہم سے دشمنی کی
نہ اٹھنے ہی دیا پہلو سے ہم نے	بہت کچھ یار نے پہلو تہی کی
نقاب یار کو بھی پھاڑ ڈالا	غضب کی لے جنوں پردہ دری کی
مریض ہجر کا ابتر ہے نقشہ	کوئی صورت نہیں بہبودگی کی
انہیں چھیڑا تو ہے ساحر مگر اب	کہیں شامت نہ آجائے کسی کی

ساحر

ساحر ۔ خواجہ عبدالوحید ولد خواجہ عبدالستار امرتسر کے باشندے ہیں۔ سنہ ۱۲۹۰ھ میں بمقام صاحب گنج پیدا ہوئے۔ فارسی و انگریزی زبان میں اچھی مہارت ہے۔ پہلے وہیں کے اسکول میں ہیڈ مولوی تھے۔ اب وہاں مختار کاری کرتے ہیں۔ شاعری کا مذاق اچھا ہے

ذہین اور طباع ہیں۔ انکی بندشیں تلاشِ مضمون بھی بُری نہیں۔ حضرت کوثر خیر آبادی سے تلمذ ہے۔ کلام یہ ہے ؎

ذبح کرنیکے عوض جلاد خود تڑپا کیا — اے نگاہِ حسرت آگیں ہائے تو نے کیا کیا

حالتِ دل خوف سے میں عرض کرسکتا نہیں — روٹھ جاؤگے کہ تم نے پھر اشکوا کیا

تردماغی مے سے کرلی رفعِ خشکی کیلئے — موسمِ گل میں علاجِ جوششِ سودا کیا

دل جلاکر عاشقوں کا اور کیا ملتا تمہیں — کچھ یہ تھوڑا ہے کلیجہ غیر کا ٹھنڈا کیا

چل گئیں چوٹیں نگاہِ یاس و تیغِ ناز کی — میں ادھر لوٹا کیا قاتل ادھر تڑپا کیا

ہائے میرے بعد میری قدر اے ساحر ہوئی — اپنے بیگانوں نے آکر قبر پر میلا کیا

ہماری التجائے قتل پر ہیں سینکڑوں حیلے — عدو کہتا تو فوراً وصل کا اقرار ہوجاتا

حیانے رکھ لیا پردہ ترا اے خوبرو ورنہ — خریداروں کی کثرت سے مکاں بازار ہوجاتا

نگاہِ شوق نے کیا کیا بلائیں لی ہیں سوتے میں — غضب ہوتا اگر وہ نیند سے بیدار ہوجاتا

مزہ ملتا ہے ہمکو مہوشوں کی چھیڑخانی میں — جو دل میں چٹکیاں لیتا وہی دلدار ہوجاتا

جو شیشہ کی پری بجلی گراتی جان تھی سب پر — بھر آتا منہ میں پانی شیخ بھی میخوار ہوجاتا

نگاہِ لطف کے گاہک تھے ہم بازارِ الفت میں — جو دم بھر دلدہی کرتا وہی دلدار ہوجاتا

وہ گل کہتا ہے پوچھے تو یہ حالت ہے ساحر کی — جو کوئی منہ لگاتا تو گلے کا ہار ہوجاتا

اثر پڑتا نہیں ہے ایک کا دوسرے دل پر — لگائے قہقہے پھولوں نے فریادِ عنادل پر

تڑپ کر بسملوں نے خوب ہولی کھیلی مقتل میں — پڑی ہیں خون کی پچکاریاں دامانِ قاتل پر

صراحی دور میں گردش میں ساغر وجد میں میکش — اثر ساقی کی آنکھوں کا پڑا محفل کی محفل پر

کسی کا سوزِ دل عشاق سے دیکھا نہیں جاتا — بھری آتی ہیں اپنی آنکھیں حالِ شمعِ محفل پر

عدو کی بزم میں جانے کو مجھسے پوچھنا کیسا — خوشی صاحب کی میرا زور کیا ہے آپکے دل پر

مری جانب ذرا پھر دیکھ لو نیچی نگاہوں سے — تصدق انکھڑیوں کا اور بھی اک نیمچہ دل پر

گردشِ چرخ سے پیکرِ مری مٹی نے کہا
خلشِ غم کی وہی چھیڑ چلی جاتی ہے
یادِ مژگاں ہے یہ تنکے کا سہارا بھی بہت
چیختے طالبِ دیدار سے پردہ نہ ہٹا
شوقِ دیدار میں سینے سے جو دل اُڑکے چلا

میں گردِ کارواں کی طرح چھوٹا ساتھ والوں سے
دور ہے بادۂ گلرنگ کا گلزاروں میں
حشر ڈھائیگی لگاوٹ کی نظر یاروں میں
بسترِ مرگ سے اُٹھے تو عدم کو پہونچے
لختِ دل آنسوؤں کیساتھ بہے آنکھوں سے
رات دن اشک فشانی نہیں اچھی ساحر

ہم ذکرِ خدا کہ یادِ اصنام کریں
بالیں پہ مرگ کھڑی ہے ساحر

یار کی آنکھ میں کھٹکے سُرمہ ہو کر
پھر لہو پینے لگا زخمِ دل اچھا ہو کر
ورنہ یہ اشک ڈبو دیں مجھے دریا ہو کر
رہ گیا جلوۂ رُخ آنکھوں کا تارا ہو کر
رہ گیا ناوکِ مژگاں کا نشانہ ہو کر

کبھو یادِ وطن سے آکے اب پہونچا لی منزل تک
فصلِ گل آئی کہ جاں آگئی میخواروں میں
دیکھئے چوٹ نہ چل جائے طلبگاروں میں
آیا یہ زور کہاں سے ترے بیماروں میں
گُندھ گئے لعل بھی ان موتیوں کے ہاروں میں
دو گھڑی بیٹھ کے ہنس بول بھی لو یاروں میں

دم لینے کی مہلت ہو تو کچھ کام کریں
جاگے ہیں بہت حضور آرام کریں

ساحر

ساحر ۔ قاضی محمد شمس الضحیٰ صاحب قاضی پور مضافات گورکھپور کے باشندے ہیں اکثر رسائل و اخبارات میں تیس پینتیس برس سے کلام شائع ہوتا رہا ہے ۔ موزوں طبع ہیں ۔ مگر نومشق معلوم ہوتے ہیں ۔ رنگِ بیان میں کوئی خصوصیت نہیں ہے

نہ کہیں نغمۂ بلبل نہ کہیں خندۂ گل
لیکے یارب دلِ وحشی کو نکل جاؤں کہاں
چرخ ہے دنیا ہے قسمت ہے نگاہِ یار ہے
دل چُرا کر مجھی سے کہتے ہیں
مدعائے دلی بتاؤں کیا

چہچہے چار ہی دن کے تھے گلستانوں میں
نہ بستی میں بہلتا ہے نہ ویرانوں میں
کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو کہ سیدھا ہم سے ہو
لے گیا کون کچھ پتہ بھی ہے
آپ سے حال کچھ چھپا بھی ہے

ساحر ۔ مفتی سید اقتدار احمد صاحب ابن مولوی سید آل محمد شاہ صاحب۔ آپ
سہسوان ضلع بدایوں کے سادات کرام سے ہیں ۱۳۰۶ھ میں پیدا ہوئے تاریخی نام منظور علی
ہے۔ عرصہ دراز تک دہلی۔ لکھنؤ۔ رامپور وغیرہ میں طالب علمی کرتے رہے ہیں علم حدیث
فقہ۔ منطق۔ ادب میں بخوبی مہارت ہے۔ عروض و قوافی۔ معانی بیان میں کافی دستگاہ ہے
بعض کتابیں ڈپٹی نذیر احمد صاحب سے بھی پڑھی ہیں۔ آپ اپنے بھائی ابوالکمال سید اعجاز احمد
معجز سے تلمذ رکھتے ہیں۔ فن تاریخ گوئی میں آپ کو خاص ملکہ ہے "ہائے ضامن علی جلال مرد" جلال
لکھنوی کی تاریخ وفات کہی۔ کتب خانہ حمیدیہ ریاست بھوپال میں ملازم رہ چکے ہیں۔ آج کل
اپنے وطن میں ہیں۔ آپ کی تصنیفات میں سے "ملہم تاریخ" طبع ہو چکی ہے۔ میخانہ ساحر عاشقانہ
دیوان تیار ہے۔ اچھی طبیعت پائی ہے۔ خوش فکر۔ اور خوشگو ہیں ٥

موج سے ہو گئی دم بھر میں حبابوں کو شکست
طرفہ ہستی کا تماشا لب ساحل دیکھا

صیاد کے ہاتھوں یہ تباہی کا ہے نقشہ
ایک شاخ پہ دو دن بھی نشیمن نہیں رہتا

دل جلانے کا نتیجہ دیکھ لو
شمع سے باد سحر نے کیا کیا

بے چین نہ کیوں ہو دل کسی کا
ہے وصل میں عذر نازکی کا

ہے جلوہ گہ یار بھی کیا آئینہ خانہ
ششدر ہے نظر دیدۂ حیراں سے نکل کر

کیسے ستم ہیں جیتے ہیں نام وفا ڈبوتے ہیں
غیرت سے دل کے روتے ہیں میرا مزار دیکھکر

اک میں کہ خامشی میری شکوہ سے کم نہیں
اک وہ کہ سو ستم کریں اور پھر ستم نہیں

یہ ٹکڑے ہجر سے وہ غم سے پاش پاش
قصہ جگر کا دل کی حکایت سے کم نہیں

کیا انکو خیال آیا کیا خواب میں دیکھا
وہ صبح کو جاگے ہیں تو شرمائے ہوئے ہیں

یہ ہنسنا بولنا غیروں سے کیا ہے پھولوں میں
جو دو آنسو بہا لو مرنے والے کی ہنسی کیوں ہو

لحد میں ہوگی روشن آتش سوز نہاں میری
برنگ شمع کافوری جلینگی ہڈیاں میری

بھلا اب بھی نہ سمجھونگا عزیز ہے انکو جاں میری
عدو سے وعدۂ وصل اور قسم ہو درمیاں میری

کہا منہ پھیر کر سو جاؤ جو ریں یاد کرتی ہیں
بس ہر دن رہا مرقد یہ میلہ گل عذاروں کا

دم آخر جو دیکھیں بدگماں نے ہچکیاں میری
رہی چھپتی ہوئی فصل بہاری سی خزاں میری

زردی رخ خشکی لب بیخودی
کیا یہی ساحر ہے پاس عاشقی

ہو نہ ہو یہ عشق کا آزار ہے
غیر کی منت سر بازار ہے

سیہ آنکھوں میں سرمہ کی اگر تحریر ہو جائے
جو چاہو قتل عاشق تم تو یہ تدبیر ہو جائے

دل پر داغ کو دیکھو یہاں اک دن چلے آؤ
کیا ہزاروں کو دیوانہ اٹھتے جوبن نے
جو مصیبت ہو کے تیر آئی ہے

ذکر دشمن پر جو کچھ باتوں میں ان بن ہو گئی
پہلو نکالا ہم نے یہ تسکین کا ہجر میں

مجھ پہ کیا ہے دل تو غیر کے بھی ہیں ٹوٹے ہوئے
تصور میں ہوئی ہے دست وحشت سے یہ گستاخی

وہ جاتے جاتے غیر کے گھر مجھ سے کھ گئے
جو لکھا ہے کوئی نامہ تو دم سو بار توڑا ہے

نگاہ فتنہ زا چلتی ہوئی شمشیر ہو جائے
بھویں خنجر پلک تیر نگہ شمشیر ہو جائے

تمہیں گھر بیٹھے سیر گلشن کشمیر ہو جائے
عجب ادائے جنوں خیز اس شباب میں ہے
آنکھ سے بن بن کے پانی جائیگی

کچھ پشیمانی انہیں ہے کچھ پشیمانی مجھے
تصویر انکی سینہ سے لپٹا کے سو رہے

ہائے کس کس سے نہ وعدے آپکے جھوٹے ہوئے
کئے ہیں بڑھ کے دامان ستم ایجاد کے ٹکڑے

گر رشک ہو کسیکو تو کچھ کھا کے سو رہے
ہوئی ہیں ناتوانی سے مری فریاد کے ٹکڑے

بڑھی توقیر ٹھوکر سے کسی کی
لٹکا یہ جنوں کا تھا جب ہاتھ میں جام آیا
ذکر دشمن پردہ برہم ہو گئے

لحد کرتی ہے باتیں آسماں سے
ہر موج مئے احمر زنجیر نظر آئی
باتوں باتوں میں لڑائی ہو گئی

ساحل

ساحل ۔ میرزا اکبر علی صاحب شاگرد میر علی اوسط رشک لکھنوی تشبیہ اور استعارہ کی وسیع میدان میں پرواز خیال کو مدنظر رکھتے تھے اور خال و خط کے مضامین ۔ الفاظ کی طلسم بندی میں خداداد ملکہ تھا ۔ اپنے رنگ میں نہایت پختہ اور صنائع بدائع کو اچھی طرح

زندہ رہتے تھے۔ عہد امجد علیشاہ اور واجد علیشاہ کے شعرا کے ہمعصر اور لکھنؤ میں رہتے تھے
تذکرہ سراپا سخن اور کارنامہ سے کلام منتخب ہوا

زینت بڑھی تو گھٹ گیا اوج کمال لب
پتھر عقیق و لعل ہیں تیہ ہے برگ و گل
دل میں خیال لائے ہنسنے کا یار کے
موتی سے چل کے کیجئے طول کلام زلف

مسّی سے آگیا ہے گہن میں ہلال لب
حسرت ہے کس سے دیجئے یار مثال لب
شیشے میں بند کیجئے برق جمال لب
ہو جائے آج وادی ایمن میں شام زلف

رات دن رہنے لگیں محو تماشا آنکھیں
ہمسری یار سے گلشن میں کیا کرتی ہے
ہر گھڑی یار پہ پڑتی ہے نظر خوف یہ ہے

کہیں آفت نہ کریں پھر کہیں برپا آنکھیں
کور ہو جائیں تری نرگس شہلا آنکھیں
کہیں ایسا نہ ہو کر دیں مجھے رسوا آنکھیں

ساحل

ساحل۔ عبدالرحمن بن ابراہیم صاحب ساکن بمبئی حضرت شاغل رئیس بمبئی کے شاگرد ہیں متوسط درجہ کے شاعر ہیں۔ کلام نہ برا ہے نہ بہت اچھا۔ چند شعر درج کئے جاتے ہیں

دل کو ہمارے لیکر افسوس وہ ستمگر
یہ دیکھ آرہے ہیں وہ دیکھ آرہے ہیں
وہ قتل کر کے مجکو پچھتا رہے ہیں کیا کیا
افشائے راز الفت کرتے ہیں وائے حسرت

جاتا ہے انجمن سے اپنی نگہ بدل کے
آنکھوں سے کھ رہا ہے یہ دل مچل مچل کے
زانو پہ رکھ کے سر کو روتے ہیں ہاتھ مل کے
آنکھوں سے میری ساحل آنسو نکل نکل کے

ساطع

ساطع۔ مرزا مظفر بیگ ٹھیکیدار و سوداگر ضلع ایبٹ آباد۔ ہزارہ خلف میرزا منور بیگ آپکے آبا و اجداد امیر دوست محمد خاں کے ہمراہ افغانستان سے ہندوستان میں آئے اور کشمیر۔ راولپنڈی میں رہنے کے بعد ایبٹ آباد میں قیام کیا۔ ساطع صاحب انگریزی۔ فارسی بقدر ضرورت جانتے ہیں شعر گوئی کا شوق ہے۔ اور اس فن میں خواجہ عشرت لکھنوی کے شاگرد ہیں۔ کلام میں کوئی خاص بات نہیں ہنگام ترتیب تذکرہ چند غزلیں موصول ہوئیں انکا انتخاب درج ذیل ہے۔

ابر ہے معشوق ہے ہے گل گلزار ہے — آج تو ساطع کوئی موقع نہیں انکار کا

مٹا ہیں عشق میں برباد ہو کر — نثار خنجر بیداد ہو کر

مرا خون ناحق اثر کر رہا ہے — کہ ہاتھوں میں شامل حنا ہو رہی ہے

جوانی چاہتی تھی بے حجابی — مگر روکا اسے پاس حیا نے

بتوں کے حسن کو پوچھو نہ واعظ — یہاں جلوہ دکھایا ہے خدا نے

ساطع ۔ سید ولایت علی زیدی الواسطی ۔ تلمیذ جناب ضیاء بدایونی ۔ آپ ولایت تخلص بھی کرتے تھے ۔ آنولہ ضلع بریلی کے ساکن ۔ نہایت خوش فکر بزرگ تھے مشق جاری نہ رکھنے پر بھی اچھے شعر کہہ جاتے تھے ۔ مزاج میں آزادی اور بے پرواہی زیادہ تھی ۔ کلام کبھی جمع نہ کیا ۔ بہت سا حصہ ضائع ہو گیا ۔ انتقال کے بعد چند غزلیں اور قطعات انکے اسباب سے برآمد ہوئے ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۸ء کو بمقام رامپور انتقال کیا ۔ ۶۵ سال کی عمر پائی ۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ۔

بجلی سی جس طرف کو گری کام کر گئی — تم نے نظر کو برق تجلی بنا دیا

رہتی ہے بجلی کسی گلرو کی یاد میں — جسکو تپ فراق نے کانٹا بنا دیا

تضمین بر اشعار مستغرق

نہ وہ دولت نہ وہ ثروت نہ وہ چہرہ کی ضیاء — دیکھکر ہوتا ہے نیرنگ جہاں سکتا سا

جام جم کا ہے نشاں اور نہ حشم دارا کا — کہیں ملتا نہیں تصویر سکندر کا پتا

سب کا منہ دیکھتا ہے آئینہ حیراں ہو کر

نہ کھلے غنچہ صفت آہ کبھی ہم دلگیر — آکے اس گلشن ہستی میں ہوئے جب سے اسیر

شومیٔ بخت سے بنتی نہیں کوئی تدبیر — پھینک دو کاٹ کے جڑ نخل تمنا کی امیر

پھول کمبخت میں آئے نہ کبھی پھل آئے

عدم کو قافلے جاتے ہیں روز بے وسواس — گدا کو جانے کوئی واں نہ شہ کا رتبہ شناس

نہ سر پہ تاج ہی شاہوں کے نہ بدن پہ لباس — لحد پہ انکی ہے باراں حسرت و غم و یاس

ہمیشہ رہتے تھے جو شادیاں رچائے ہوئے

نہ مونس ہے نہ ہمدم ہی نہ کوئی آشنا باقی	نہ اب جوش جوانی ہے نہ طفلی کا مزا باقی
ہزار افسوس پیری میں کہاں وہ حوصلہ باقی	سوائے داغ حسرت اب رہا سینہ میں کیا باقی

کبھی تھے ہم بھی دل والے کبھی دل ہم بھی رکھتے تھے

نگۂ یار غضب تھی کہ سنبھالی نہ گئی	تیر مژگاں کی انی دل سے نکالی نہ گئی
نزع کیوقت عیادت کو وہ آئے مرے پاس	شکر ہے آرزوئے دید تو خالی نہ گئی

ساغر — منشی کشن سروپ صاحب۔ آپ عدالت سہانپور میں مختارکاری کرتے ہیں معمولی فکر کے شاعر ہیں۔ کئی بار حالات دریافت کئے جب خطوط کا جواب نہ ملا تو مجبور ہو کر یہ اشعار درج کئے گئے۔

شوخ چشموں کے تصور نہیں سونے دیتے	آنکھ لگتی بھی کبھی ہے تو جگا دیتے ہیں
لینا دینا بھی نہیں انکا ستم سے خالی	جس کا دل لیتے ہیں مٹی میں ملا دیتے ہیں
مے پرستوں کی کرامات نہ پوچھو ساغر	خاک میخانہ سے اکسیر بنا دیتے ہیں

ساغر — جناب محمد سعید خانصاحب۔ آپ قوم کے پٹھان اور داناپور کے رہنے والے تھے۔ فن سخن میں مولوی عبدالغفور خاں نساخ کے شاگرد تھے شعر خوب کہتے تھے عین عالم شباب میں انتقال کیا ایک غزل کے چند شعر درج ذیل ہیں ؎

یاد ہر دم تری اے جان جہاں رکھتے ہیں	نام ہر وقت ترا وردِ زباں رکھتے ہیں
ضعف سے اب نہیں اٹھتے تری غم کی ہم سے	وہ ستم جھیلیں جو کچھ تاب و تواں رکھتے ہیں
کوچۂ عشق کے کھوئے ہوئے ملتے ہیں کہیں	نہ پتہ رکھتے ہیں کچھ اور نہ نشاں رکھتے ہیں
نہیں ملتا ہے پتا ساغرِ گم گشتہ کا	بے نشاں لوگ کہاں نام و نشاں رکھتے ہیں

ساغر — جناب منشی صمد یار خانصاحب چشتی نظامی۔ متوطن قدیم باندہ۔ نوجوان شوخ طبع مرصع خیال شاعر ہیں۔ آپکا مسکن و مولد علیگڑھ ہے۔ ۲۱ دسمبر ۱۹۰۵ء تاریخ ولادت ہے

آپکے والد جناب ڈاکٹر احمد یار خانصاحب وارثی علیگڑھ کے مشہور لوگوں میں ہیں جن کی حکیمانہ قابلیت کا شہرہ تمام علیگڑھ میں ہے۔ انکا سارا خاندان ڈاکٹر کے نام سے مشہور ہے ساغر صاحب کو زمانہ طالب علمی میں شعر گوئی کا ذوق پیدا ہوا ۱۹۱۸ء میں حضرت سیماب اکبرآبادی کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ استاد کی توجہ اور اپنی ذہنی۔ دماغی۔ خداداد قابلیت سے بہت جلد ترقی کر گئے۔ دور حاضرہ کی ادبیات اور انشا پردازی کے مطالعہ نے انکو جدید شاعری کے رموز سے آگاہ کر دیا چنانچہ انکے اشعار میں جہاں مشرق کی پروازِ خیال ہے وہاں مغرب کی جدت پسندی کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ قدردانانِ سخن کی جانب سے آپ کو "نسیم الکلام" کا خطاب مل چکا ہے۔ اور تمغے بھی ملے ہیں۔ پڑھنے کا انداز نہایت دلکش ہے۔ خواجہ حسن نظامی دہلوی کے عقیدتمند مرید ہیں "بزم ساغر" آپ کی پہلی تصنیف ہے جو مذاق جدید کے حلقۂ ادب میں پسند کی گئی ہے۔ کسی زمانہ میں علم طب پڑھتے تھے۔ اب آگرہ میں رسالہ پیمانہ جاری کیا ہے۔ آپکا دیوان موسومہ "میخانہ" تیار ہے۔ جو عنقریب شائع ہونیوالا ہے۔ اگر آپ نامانوس الفاظ اور مغلق فلسفیانہ ترکیبوں سے غزل گوئی کو بچاتے رہے تو آیندہ اعلیٰ درجہ کے نازک خیال شعرا میں ممتاز جگہ پائینگے۔ نمونۂ کلام یہ ہے

وہم و خیال سے بروں وہم و خیال میں بھی آ
عالم حال سے بلند عالم حال میں بھی آ

تیرے بغیر ناتمام تکملۂ حیات ہے
حدِ کمال سے فزوں۔ حدِ کمال میں بھی آ

اول و آخر ظہور تیری ضیا سے پائے نور
پیکرِ بدر میں چمک۔ شانِ ہلال میں بھی آ

شعلۂ برق کیطرح۔ دور سے شوخیاں نہ کر
صورتِ دامنِ مراد۔ دستِ سوال میں بھی آ

زینتِ دورِ سادگی آبروئے شباب بن
رونقِ عہدِ کمسنی ان خط و خال میں بھی آ

دل کو مرے شہید کر آنکھ کو محوِ دید کر
رزم جلال بھی دکھا۔ بزم جمال میں بھی آ

شب غم ہے یہ سبب نیند اچٹ جانے کا
تا دمِ صبح بھروسہ ہے ترے آنے کا

سرِ میکش ہیں کبھی گنبدِ گردوں میں کبھی
خود بھی گردش میں ہے چکر مرے پیمانے کا

جان کا کام یہ ہے تا دمِ آخر دے ساتھ
جانِ عاشق ہو تو اب نام نہ لو جانے کا

اہلِ عالم نے جسے جیا نہ سمجھ رکھا ہے
ہے یہ ٹکڑا مرے ٹوٹے ہوئے پیمانے کا

حسن برچھی بنکے جھوما جھوم کر قاتل ہوا
عشق بجلی بنکے تڑپا اور تڑپ کر دل ہوا

قیس کی آہوں سے لیلیٰ پر پڑے لاکھوں حجاب
جو دھواں دل سے اٹھا اک پردۂ محمل ہوا

شوق ہنگامہ فروش و حسن ہنگامہ نواز
رنگِ محفل مانعِ نظارۂ محفل ہوا

سامنے آتے ہی اُن کے آنکھ پرنم ہوگئی
جانے کیا دیکھا کہ ضبطِ آرزو مشکل ہوا

ساغر نواز! میکدہ مے فروش تھا
دل میں سرورِ کیف باندازِ جوش تھا

الزام بیخودی یہ مری کس نے رکھدیا
خود رعبِ حسن پردۂ نظارہ پوش تھا

شورِ صدا آرزو مری رگ رگ میں تھا نہاں
میں نغمہ زارِ عشق میں سازِ خموش تھا

مستِ شباب یہ تری آنکھوں کی مستیاں
پڑتے ہی اک نگاہ نہ میں تھا نہ ہوش تھا

تنہائے فراق کی بیتابیاں نہ پوچھ
گویا کسی کے سوگ میں عالم خموش تھا

حد سے سوا نہ پی نہ ہوا سرگراں کبھی
کیا وضعدار ساغرِ پیمانہ نوش تھا

صبحِ وصل ان کی آنکھ ترجمانِ کیف تھی
کچھ سرورِ وصل تھا کچھ خمارِ خواب تھا

ہجر میں ملالِ وصل۔ وصل میں خیالِ ہجر
اب بھی اضطراب ہے جب بھی اضطراب تھا

ساغر ان کی ہر ادا کیوں نہ ہوتی کیف زا
مستیٔ شراب تھی نشۂ شراب تھا

دل کا حال یاس میں یوں خراب ہو گیا
جو خیال آگیا اضطراب ہوگیا

سادگی کی لذتیں کیوں وداع ہوگئیں
ہائے! عہدِ کمسنی کیوں شباب ہوگیا

انکی جلوہ گستری برقِ کوہِ طور تھی
پھر نظر سے چھپ گئی پھر حجاب ہوگیا

ہوں سبب کمال کا اہلِ حسن کیلئے
جو نظر پہ چڑھ گیا آفتاب ہوگیا

جل جلا کے بجھ گیا ساغر اپنا لختِ دل
کچھ کباب ہوگیا کچھ شراب ہوگیا

ہاتھ آتا ہی نہیں اے شوق دامانِ بہار
آرزو کے ساتھ بڑھ جاتا ہے میدانِ بہار

ایک چھینٹا خوابگاہِ عندلیبِ زار پر

سر برہنہ۔ گل بدامن۔ ہاتھ میں جامِ شراب

کہیں بھی میرا ٹھکانا نہیں زمانے میں

پروں میں گل بھی ہیں کانٹے بھی ہیں شگوفے بھی

بنی وہ بھیل کے ساغر زمینِ میخانہ

وہ کرم جس میں ترا لطفِ ستم شامل نہیں

تجکو کیا معلوم انجامِ شکستِ آرزو

اب غیر حشر کے دن کب حالِ دل کہینگے

آہوں کی بجلیاں بھی صیاد پر نہ ٹوٹیں

سوفار چھوڑ بیٹھے ناوک نکال لائے

میں ساغرِ جواں ہوں مستِ مئی مغاں ہوں

دین و دنیا ہے زمین و آسمانِ آرزو

نالۂ بلبل سے کیسی وجد میں ہے شاخِ گل

آرزو کے چار حرف اور وہ بھی رہنِ زندگی

وسعتِ جوشِ تمنا کی کوئی حد ہی نہیں

نمک افشانیاں دیکھو تم اپنے زخمِ خنداں کی

کیونکر نہ قدر ہو مجھے روزِ وصال کی

صہبا کفِ ساقی میں اکسیر نظر آئی

جب تک طپش دل میں تاثیر نظر آئی

اے حسنِ نظر تیری تاثیر نظر آئی

مایوسیوں نے دعوت دی موت کو فرقت میں

تجھکو بوندوں کی قسم اے ابرِ بارانِ بہار

جھومتا آتا ہے وہ کوئی پریشانِ بہار

نہ آشیانے کے باہر نہ آشیانے میں

میں ہوں تو ایک گلستاں ہو آشیانے میں

ہوئی تھی صرف جو مٹی مرے بنانے میں

کیوں گوارا ہو نہ ہم رنگِ مذاقِ دل نہیں

تو خدا رکھے ابھی فطرت شناسِ دل نہیں

میں نے تو شام کردی اپنی ہی داستاں میں

اُن کو بھی کوندنا تھا میرے ہی آشیاں میں

تم نے زباں لگادی ہر زخم کی زباں میں

ساغر نہ ہوگا مجھسا ساقی تری دکاں میں

دو جہانوں سے نہاں ہے اک جہانِ آرزو

پھول پتے سب سمجھتے ہیں زبانِ آرزو

زندگی کے چار دن اور وہ بھی جانِ آرزو

میری ہر اک آرزو ہے اک جہانِ آرزو

جگر پر زخم ہیں یا چند تصویریں نمکداں کی

یہ زندگی کا ایک ہی دن عمر بھر میں ہے

شیشے میں جوانی کی تصویر نظر آئی

شرمائی ہوئی چتون دلگیر نظر آئی

جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی

جب کوئی نہ جینے کی تدبیر نظر آئی

طاری ہوئے وحشت کے آثار نشیمن پر
عالم ترے جلووں سے معمورِ اثر نکلا
ساغر مرے ہاتھوں سے چھلکی مئے عشرت
بجلی مرے نصیب کی ہے یا کوئی پھوار
وحشت کے ایک خار سک ہیں یہ بار ہے
اب کر حساب بادہ کشی تو ہی محتسب
اٹھتی ہے کچھ امنگ سی دل کے جموّ میں
قاتل تری جفاؤں پہ تا حشر رو دے گا

بل کھائی ہوئی ڈالی بجنبر نظر آئی
دنیا تیری محفل میں دگیر نظر آئی
ٹوٹا ہوا پیمانہ تقدیر نظر آئی
کیا چند دامنوں میں ہے بادل لئے ہوئے
گویا ہوں سر پہ سینکڑوں جنگل لئے ہوئے
لمحہ ہوا ہے دوسری بوتل لئے ہوئے
جاتے ہیں کچھ بہار کے بادل لئے ہوئے
بسمل کو اپنی گود میں مقتل لئے ہوئے

جاتا ہوں میں اُنکے آستاں تک
رگ رگ میں بھری ہوئی خلش ہے

چھپ چھپ کے نگاہ آسماں سے
کانٹے نکلیں کہاں کہاں سے

ساغر ۔ ڈاکٹر بجے نراین صاحب کایستھ۔ آپ اکبر آباد کے رہنے والے ہیں۔ عمر ۵۴ سال کی ہے۔ فارسی کی قابلیت بھی اچھی ہے۔ علم طب میں قانون شیخ۔ عروض و علم معانی میں حدایق البلاغت۔ معیار الاشعار مصنفہ طوسی پڑھ چکے ہیں۔ فن شعر میں جناب حکیم قتیل پھپسری کے شاگرد ہیں۔ مگر ابھی نو مشق ہیں۔ آجکل شفا خانہ کیکڑی ضلع اجمیر میں متعین ہیں۔ سادہ گو اور سلاست پسند ہیں۔ مشق سخن جاری رہی تو کلام میں لطف پیدا ہو جائے گا۔ کلام یہ ہے۔

صحت ہو کیا دوا سے تری چارہ گر مجھے
مئے فی المثل ہے مفت کی قاضی کو بھی حلال
ایک آدھ جام اور بھی ساغر کے ہاتھ سے
چڑھتے نہیں ہیں آج کسی کی نگاہ پر
زمانہ میں زمانہ آسماں جس کو سمجھتا ہے
جدھر جاتے ہو برپا اک قیامت کر کے آتے ہو

عاجز مرے علاج سے لقمان ہو گیا
میں پی گیا تو کیا مرا نقصان ہو گیا
انکار کیوں ابھی سے مری جان ہو گیا
کیا جانے گر کے آئے ہیں کس کی نظر سے آپ
نہیں تو کوئے جاناں کی زمیں معلوم ہوتی ہے
تمہاری چال محشر آفریں معلوم ہوتی ہے

چمک اٹھتے ہیں ایسے اسکی تاب حسن کے ذرے	زمیں گویا ستاروں کی زمین معلوم ہوتی ہے
حجاب آئینہ میں دیکھتے ہیں ہم اسے ہر دم	تری تصویر بھی پردہ نشین معلوم ہوتی ہے

ساغر

ساغر ۔ مولوی مبارک حسین عظیم آباد کے رہنے والے ہیں ۔ کلام صاف اور سادہ ہے سلاست کیطرف رجحان ہے ۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ فن سخن میں کسکے شاگرد ہیں ۔ دو چار شعر جو ہاتھ آئے ہیں ہدیۂ ناظرین کئے جاتے ہیں ۔

غیر سے بد تر یگانہ ہو گیا	ہائے یہ کیسا زمانہ ہو گیا
بچ رہا تھا تیر مژگاں سے جگر	لیجئے وہ بھی نشانہ ہو گیا
خوب قاصد کو ملا خط کا جواب	کہتے ہیں پوچھیں تو کہنا کچھ نہیں
ان حسینوں کیلئے اک کھیل ہے	عاشقوں کا مرنا جینا کچھ نہیں
کسکو کہتے ہیں بے مروت آپ	بیوفائی میں نام کس کا ہے

ساغر

ساغر ۔ مولوی اصغر علی صاحب خیر آبادی ۔ شاگرد حضرت وسیم ۔ نوجوان شاعر ہیں ۔ اشعار طبیعت کی تیزی ۔ ذہن کی رسائی کا پتہ دیتے ہیں ۔ نمونہ کلام یہ ہے ۔

سنتا ہوں بزم غیر میں وہ بھی تڑپ گئے	سنکر فسانہ میرے دل بیقرار کا
اللہ رے دشمنی کہ صبا نے بس فنا	گل کر دیا چراغ ہمارے مزار کا
ٹھکرا کے میری قبر کو تونے مٹا دیا	اب تک خیال ہے تری دل کے غبار کا
چوری گیا ہے جام مرا میکدہ میں آج	ساغر یہ کام ہے تو کسی ہوشیار کا

ساغر

ساغر ۔ جناب میرزا محمد ذکی ۔ آپ مراد آباد کے ساکن ہیں ۔ جناب محشر لکھنوی سے تلمذ ہے ۔ ابھی مبتدی ہیں ۔ شعر کی بندشیں نو مشقی کی دلیل ہیں ۔ طبیعت موزوں واقع ہوئی ہے کلام کا نمونہ یہ ہے ۔

صفحۂ حیرت پہ نقطہ دیکے کاغذ رکھدیا	کھینچ سکا بہزاد سے آخر نہ خال روئے دوست
میرے مرنیکی خوشی کیجے حضور	دشمنوں کو آپکے یہ غم رہے

درد فرقت میں یہ حالت ہوگئی بیمار کی	ہو کے سب مایوس قرآں کی ہوا دینے لگے

ساقی

ساقی۔ منشی محمد محسن علی صاحب۔ آپ نگینہ کے باشندے تھے۔ فن سخن میں حضرت ناسخ لکھنوی سے تلمذ تھا۔ بیان میں سادگی زبان میں سلاست کا جزو اعظم تھا۔ الفاظ کی مینا کاری سے قطع نظر کرتے ہوئے معنی پرستی کو اپنی شاعری کی روح رواں جانتے تھے۔ کلام یہ ہے:-

کبھی جنت کبھی دوزخ کبھی گلشن کبھی دشت	ایسے نقشے ہوس خام نے دکھلائے بہت
کس مرتبہ ہے طول شب انتظار آج	شاید لباس شب میں ہے روز شمار آج
اسکو خوشی کا نام ہے ہمکو خیال و خواب	وہ دن بھی تھا نہ تھا ہمیں خواب خیال رنج
لائی تھی کھینچ یاں ہمیں صیاد کی ہوس	تھی ورنہ کس کو گلشن ایجاد کی ہوس
وہ ناتواں ہوں قتل سے پہلے ہی مرگیا	افسوس ہے کہ نکلی نہ جلاد کی ہوس
یوں روح کو ہے اس بت گلرو سے ارتباط	جسطرح گل کو رنگ سے اور بو سے ارتباط

ساقی

ساقی۔ منشی شنکر لال صاحب خلف منشی خوبچند صاحب تحصیلدار ساکن سکندر آباد۔ آپ ۱۸۶۳ء میں کلکٹری سہارنپور کے پیشکار تھے اور ملازمت کی وجہ سے وہیں اقامت اختیار کرلی تھی۔ رندانہ مزاج۔ صلح کل مشرب بزرگ تھے۔ ہر وقت بادۂ سخن سے سرشار رہتے تھے۔ اُردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ منشی بال مکند بےصبر شاگرد میرزا غالب آپکے زمانۂ قیام سہارنپور میں سررشتہ دار بندوبست تھے۔ آپ انہیں سے اُردو زبان میں اصلاح لیتے۔ اور فارسی کلام منشی ہرگوپال تفتہ مرحوم کو دکھاتے تھے۔ بھاشا میں بھی آپکا کلام موجود ہے۔ آخر عمر میں رعشہ کا عارضہ ہوگیا تھا چلنے پھرنے سے معذور تھے۔ آپنے ۱۸۹۷ء میں انتقال کیا ۶۴ سال کی عمر پائی۔

تینوں زبانوں میں کلام جمع ہوگیا تھا مگر اشاعت کی نوبت نہ آئی۔ کلام سے شوخ مزاجی اور زندہ دلی نمایاں ہے۔ زور بیان سے مشکل زمینوں میں شعر نکالتے۔ ادائے بندش سے معمولی مضامین کو بھی آسمان پر پہونچا دیتے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے:-

دباتے ہم نہ دل اپنا جو چرخ پیر چٹکی میں
عجب چشم فسوں گر کی ہے یہ تاثیر چٹکی میں
جنہیں آنکھیں ملاتے بات کرتے شرم آتی تھی
تو پھر مجکو اڑاتے نالۂ شبگیر چٹکی میں
نشانہ اڑ گیا اور ہے نظر کا تیر چٹکی میں
وہ اب ہمکو اڑاتے ہیں دم تقریر چٹکی میں
دل عاشق میں ہو تو ہو وگرنہ حضرت ساقی
خدا کا نام تو اکسیر ہے اب کس کی چٹکی میں
بتا دیں۔ تھا یہ چھلا کل تمہارا کسکی انگلی میں
خفا ہو گے جو اسکا نام لیں تھا جسکی انگلی میں
اڑا لائے مسیحا بنکے شاید حضرت ساقی
انگوٹھی کل یہ گر جا گھر میں تھی اک مس کی انگلی میں
دعوی کیا تھا کال مشکین یار سے
آنے لگی ہے مشک ختن سے خطا کی بو

ساقی - سرشار بادۂ سخن و دلدادۂ رنگ کہن پنڈت جواہر ناتھ دہلوی المخاطب "بلبل کشمیر" آپ کول فرقہ کے کشمیری پنڈتوں میں ادبی قابلیت کے اعتبار سے طرۂ امتیاز رکھتے تھے

آپکے مورث اعلی راجہ پنڈت سدانند کول عہد اکبر شاہ میں وارد آگرہ ہوئے۔ ان کی بزرگی اور کمالات باطنی کے باعث شاہی دربار میں بڑی قدر و منزلت کیگئی اور پنج ہزاری امرا کے زمرہ میں جگہ دی گئی "غمخوار برادران" کے لقب سے سرفراز کئے گئے۔ انکی اولاد میں راجہ صاحب رام نواب شجاع الدولہ کے مصاحب ہوکر اودھ چلے گئے۔ اور انکے برادر خورد رائے بھولا ناتھ جو حضرت ساقی کے پردادا تھے گورنر جنرل کے میر منشی مقرر ہوئے۔ پنڈت بدری ناتھ کول میر منشی صاحب کی قابل یادگار تھے جنکو راجہ صاحب ریواڑی نے اپنے ہاں دیوان مقرر فرمایا تھا۔ ساقی صاحب کے والد پنڈت برج ناتھ صاحب کول موضع بیاس ضلع بلب گڑھ کے بسوہ دار تھے آپ کچھ دنوں تک سرکاری ملازم رہنے کے بعد راجہ جنگ بہادر والئے نان پارہ کی مصاحبت میں داخل ہوئے اور وہاں نہایت اعزاز و احترام سے رہے۔ ساقی صاحب کے نانا پنڈت رام کشن صاحب دہلوی بھی شاعر تھے جو بسمل تخلص کرتے تھے۔ اور پرانے دہلی کالج میں ایک لایق اور قابل مدرس تھے۔

جناب ساقی کو پندرہ برس کی عمر میں شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا۔ حکیم لطیف حسین صاحب

سے فارسی پڑہی - اور شاعری میں پنڈت امرناتھ آشفتہ دہلوی سے شرف تلمذ حاصل کیا فارسی سخنوری میں میر شاہجہاں کامل سے اصلاح لیتے رہے جب آشفتہ مرحوم پنجاب چلے گئے تو نواب سید محمد ذکریا خانصاحب زکی ارشد تلامذہ حضرت غالب سے سلسلۂ تلمذ مضبوط کیا۔ زمانہ کی بے مہری نے حضرت زکی مرحوم کو بھی دلی میں نہ رہنے دیا - وہ صوبہ جات متحدہ کے مدراس میں ڈپٹی انسپکٹر ہوکر وہاں چلے گئے تو انہوں نے اپنے احباب سے مشورہ سخن رکھا۔ پنڈت امرناتھ صاحب ساحر، منشی رام رچپال سنگھ شیدا سے عرصہ تک شاعرانہ صحبتیں گرم رہیں تھوڑے دنوں کے بعد مولوی محمد حسین صاحب شہید الہ آبادی کے انتقال نے انکو شاعری کیطرف سے برداشتہ خاطر کر دیا مگر دہلی کے مشاعروں نے پھر ابھارا اور اس میدان میں لا کھڑا کیا۔ آپ مشکل اور سنگلاخ زمینوں میں اچھے شعر نکالتے۔ تصوف معرفت۔ ویدانت سے دل کو لگاؤ تھا۔ خیالات نازک اور لطیف تھے۔ باطنی جذبات کو ظاہری الفاظ میں ادا کرنا انکا حصہ تھا - آپکے کلام بلاغت نظام میں بعض ایسے اشعار موجود ہیں جو قدما کی نازک خیالی کو یاد دلاتے ہیں - نرالی بندشوں اور نئی ترکیبوں کے برتنے میں مشاق تھے۔ وحدۃ الوجود اور مشاہدۂ حق کے مضامین شاعرانہ تخیل میں رنگا رنگ کیفیت پیدا کرتے تھے - نہایت پرہیزگار، متقی، فقیر دوست - ملنسار، خوش مزاج شخص تھے - سادہوؤں - جوگیوں اور صوفیوں کو دل سے عزیز رکھتے - ساقی صاحب مولف تذکرہ کے مہربان تھے [۱۴] ۱۳ء میں چالیس پچاس غزلوں کا خود انتخاب کر کے مجھے دیا تھا - اس کے دو برس بعد ۵۲ برس کی عمر میں [۱۶] ۱۳ء میں خفیف علالت کے بعد انتقال کیا سودات ذخیم یادگار چھوڑے جنہیں آجکل پنڈت امرناتھ ساحر انکے رفیق دیرینہ مرتب کرکے دیوان شایع کرنے کا ارادہ کر رہے ہیں - ساقی صاحب لاولد فوت ہوئے - کلام یہ ہے -

ذوقِ نظارہ میرا دیدۂ حیراں نہ ہوا	پردۂ رنج اثر چشم نگہباں نہ ہوا
میں جو مجذوبِ ازل تھا نگئی محویت	صبح محشر سے مرا چاک گریباں نہ ہوا

ابن مریم کی صفت اُسمیں ہو کیونکر مانوں
جس مسیحا سے مرے درد کا درماں نہ ہوا

ہم بھی گر پڑ کے گدایانہ بسر کرتے ہیں
نہ سہی سر بفلک گنبدِ ایواں نہ ہوا

ہو کے یک جان و قالب بھی وہی وضع رہی
تم بھی ہندو نہ ہوئے میں بھی مسلماں نہ ہوا

مجھکو خاموش جو دیکھا گلِ رعنا نے کہا
آج کیوں بلبلِ کشمیر غزلخواں نہ ہوا

کبھی تو چاہنے والوں کی بھی خبر لینا
تم اپنے بھولے ہوؤں کو بھی یاد کر لینا

یہ ساغرِ سرشار چھلک جائے نہ ساقی
مدہوش نہ ہو شغلِ مئے آشام کئے جا

رازِ درونِ پردہ کہوں تجھسے کیا ندیم
اپنا فسانہ ذکر کے قابل نہیں رہا

جو آج مدنظر ہے وہ ہم نے جان لیا
ہمارا آپ نے سو طرح امتحان لیا

ہماری وسعتِ مشرب جنوں خیزِ تماشا ہے
نہاں دل میں یہ کیسا دامنِ صحرا نکل آیا

شراب خانے میں اب معتکف ہو ساقی
وہی یہ رند ہے مسجد میں جو امام رہا

نہاں سے عیاں ہے عیاں سے نہاں ہے
یہ جادہ ملا ہے سفر در وطن کا

کثرت ہے عین وحدت اہلِ مشاہدہ کو
ہے شاہدِ حقیقت آئینہ اس سخن کا

ہے رہ گذر کو آج گماں اوجِ عرش کا
یہ کون جلوہ ریزِ لبِ بام ہو گیا

دشمن کو دوست۔ دوست کو دشمن بنا لیا
شیوہ ترا یہ کیا بتِ عیار ہو گیا

دوئی کا نقش مٹا دل سے اے کاش
مئے وحدت سے میں سرشار ہوتا

اٹھ گیا پردہ نظر کا جب قریب و دور کا
ہو گیا آنکھوں میں گھر اس شاہدِ مستور کا

نردبان عشقِ حقیقی کا ہے یہ عشقِ مجاز
دار پر چڑھنا بھی اک معراج تھا منصور کا

گر تجھے حسنِ عقیدت ہے تو ہو ہمت خواہ
جلوہ گر ہوتے ہیں خاصانِ خدا آخرِ شب

رنگِ شکست کیوں نہ ہو حالِ امیدوارِ شب
تو ہی تو عشوہ گر ہوا باعثِ انتشارِ شب

دردِ شکیب سوز ہے کرب وہی ہنوز ہے
دیکھ نہ ہو وہ بیوفا آج کہیں نثارِ شب

دن کو خیال وصل کا رات کو دردِ ہجر کا
شغل وہ روز کا ہوا اور یہ کاروبارِ شب

اب نہیں وقفِ انتظار رات کو ملگیا نگار
اسکا شعار کیوں نہو پاسِ حجابِ عاشقاں
چھپ نہ سکا حجاب میں عشوۂ حسنِ خود نما
پیرِ مغاں نے سرمست کو بے ہوش کیا
ہے دیدۂ یعقوب ہمارا دلِ نالاں
دکھا دوں میں تمہیں یوں دن کیسے پھرتے ہیں
اس ناز کی پہ کیونکہ ہوا میرا عزمِ قتل

میرا کریم کارساز ہوگیا پردہ دارِ شب
شب ہے ہماری رازداں ہم جو ہیں رازدارِ شب
آیا جو ماہ اوڑھکر چادرِ زرنگارِ شب
کیوں دیا جامِ مے ہوش ربا آخرِ شب
ہو جلوہ نما یوسفِ بازارِ محبت
کبھی تم آکے رہو میرے پاس ساری رات
تیغِ جفا کو باندھینگے کس کی کمر سے آپ

آستاں پیرِ مغاں کا ہے جہاں میں ممتاز
رند سرمست جو ہیں انکا ہے سرمایۂ ناز

حیرتِ خامشی فزا کب تک
عشوہ ہائے ستم فزا کب تک

کشش آہِ نارسا کب تک
رنجشِ آشتی نما کب تک

آئی جو رُت بسنت کی پھبنی ہے چمپئی قبا
نگاہ شاہد سرمست محوِ گل بازی
فروغِ رنگِ شفق ہے حنائی پائے نگار
ہوا ہے اسکا دل تنگ مثلِ گلِ خنداں

ہوگئے محوِ دلبری لالہ رخانِ سبزہ رنگ
سرورِ خندۂ گل ہے شرابِ خندۂ گل
فدائے نقشِ کفِ پا شبابِ خندۂ گل
پڑھے ہے وہ شوق سے حسنِ کتابِ خندۂ گل

بتائیں کیا تمہیں ہم حال اپنا حضرتِ ساقی
من و تو کا جھگڑا مٹائے ہوئے ہیں
ہمارے کئے کی سزا و جزا ہے
تیرے بیمار کی آسان یہ مشکل ہو جائے
آج کیا پیرِ مغاں کیف کا حلقہ ہو گا
آج میخانہ میں وہ ساقی دریا دل ہے
تیرا دلِ بلبلِ کشمیر شگفتہ نہ ہوا

عجب حالت ہماری ہے نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں
جو اُس شوخ سے دل لگائے ہوئے ہیں
بگاڑے ہوئے ہیں بنائے ہوئے ہیں
ہو چل کہ یہاں کام ہیں اٹکے لاکھوں
مست میخانہ جو بیٹھے ہیں نمٹ کے لاکھوں
جامِ مے لینے لگے چھین جھپٹ کے لاکھوں
باغ میں پھول کھلے غنچہ بھی چٹکے لاکھوں

سلطنتِ مست کو اک ساغرِ سرشار ملے
رندِ مے نوش یہاں پی گئے مٹکے لاکھوں

ہجر کی اب کہاں ہے تاب ہمیں
زندگی ہو گئی عذاب ہمیں
تو نے دونوں جہان سے کھویا
اے دلِ خانماں خراب ہمیں

جسکی صورت دیکھکر جاتی ہے اک عالم کی جان
ہم بھی اُس رعنا جواں کے دیکھنے والوں میں ہیں

اضطراب مرضِ عشق کی دیکھو تشخیص
مجھکو وحشت ہے اطبا خفقاں کہتے ہیں

جما ہے اعتبارِ نالہ ان کے دل پہ کچھ ایسا
خموشی پہ بھی میری ہاتھ وہ کانوں پہ دہرتے ہیں

کیف و سرورِ عشق ہے رنگ و نورِ عشق ہے
جلوۂ نورِ عشق ہے آج میانِ میکدہ

وہ جو یہاں ہے خوش ادا کیوں نہ ہو خوش نما فضا
روضۂ دلکشا ہوا جس میں مکانِ میکدہ

جو ہے یہاں وہ مست ہے ساغرِ مے بدست ہے
ساقئ مے پرست ہے روحِ روانِ میکدہ

بڑے زوروں سے کی گو واعظوں نے تکفیرِ میخانہ
رہی تائیدِ غیبی سے وہی توقیرِ میخانہ

آتے جاتے آپ ہی اک روز وہ کھل جائینگے
رفتہ رفتہ ان کو میرا اعتبار آئے تو وہ

کیا ہے وعدۂ صبر آزما نے وارفتہ
قرارِ دل کو ہو گیا اب وداعِ تمکیں ہے

تمہارا جلوۂ رعنا ہوا بہارِ نشاط
نگاہِ حسن تماشا نگاہِ گلچیں ہے

لبِ جاناں کا اثر حسنِ کشش عشق کا دم
کیوں نہ ہو ہم نفسو ہوش ربا نالہ نے

دلکشائی کا سبب جانتے ہیں اہلِ سماع
فتحِ بابِ رہِ دلدار ہوا نالہ نے

شیفتہ اسکے ہیں صاحب نظرانِ معنی
حرمِ دل میں یہ کرتا ہے ضیا نالہ نے

تماشا کر رہا ہے رنگِ نیرنگ فسوں گر
اشارہ غیر سے ہوتا ہے ایما ہم سے ہوتا ہے

چاندنی میں سیر کر اے مہ لقا برسات کی
رات بن جائیگی صبحِ دلکشا برسات کی

کیوں نہ ہو نخلِ تمنا ابر کا اس سے ہرا
سال بھر رہتی ہے یہ نشو و نما برسات کی

خلش ناوکِ مژہ ہے ہنوز
تیر مارے ہیں بے خطا تم نے

لو خاک میں ہی مل گئے دل کے غبار سے
اب تو تمہارے دل میں کدورت نہیں رہی

پتہ ملتا نہ ہو جس کا کسی کو
جسے کہتے ہیں سب گردون گرداں
ہماری بیخودی کا وہ نشاں ہو
ہماری آہِ سوزاں کا دھواں ہو

کیا بتاؤں تمہیں کہتے ہیں کسے فتنۂ حشر
وہ قدم دیکھ لو چل کر کہ قیامت کیا ہے
ہم تو یاں ہجر کے معنی بھی سمجھتے ہیں وصال
اور ہوں گے جو ترے وصل کے خواہاں ہونگے
شکوہ ایفا کا کبھی ان سے نکرنا ساقی
پھر وہی قول وہی وعدہ و پیماں ہونگے
طالب ہیں ہم بھی اک نگہ التفات کے
تیری نظر سے ایک جہاں کامیاب ہے
ہوے ہیں یاورئے بخت سے شہیدِ وفا
مراد آج ترے تیرِ بے خطا نے دی
ہوا ہے کچھ اثر قلبِ عاشقاں پیدا
خبر یہ ہمکو دلِ دردِ آشنا نے دی
وہ آئینگے یہ نوید ایک آشنا نے دی
زہے نصیب کہ توفیق تو خدا نے دی

تماشا ہے نظر عین تماشا
ہماری آنکھ بھی کس سے لڑی ہے

ساقی

ساقی - منشی حامد علی خلف حکیم عابد علی کوثر خیرآبادی - آپ جناب وسیم برادر حضرت ریاض سے اصلاح لیتے ہیں - ابھی نومشقی کا عالم ہے - زبان کہنے کی کوشش کرتے ہیں نتائج فکر کا نمونہ یہ ہے ؎

ہجوم عاشقاں دیکھا تو بولے
ہوا اونچا جو دودِ آہِ سوزاں
چھوا افشاں جو تم اپنی جبیں پر
نہ کیوں قسمت پہ ہیں نازاں ہوں اے تیغ
یہ سب کمبخت مرتے ہیں ہمیں پر
فلک سے آگ برسے گی زمیں پر
ستارے رشک سے ٹوٹیں زمیں پر
مرا خوں اور اُس کی آستیں پر

نہ اس نے بدنگاہی کی نہ اُس نے بدزبانی کی
بگڑتے کیوں بھلا نرگس سے الجھتے کیوں بھلا سوسن سے
طلائی طوق ہو یا نقرئی زنجیر یا گیسو
نہ لپٹے وصل میں کوئی بھی آکی گوری گردن سے
بہت کی منت و شو گو حضرت اللہ نے ای ساقی
مگر چھوٹا نہ مے کا داغ انکے پاک دامن سے

وہ ہنستے آئیں تو مری لحد تک
رہیگی شمع گورانکو رُلا کے

ہوئی توبہ ہری سب آب ساقی — یہ رکھدی کونسی شے ساقی نے لاکے

ساقی

ساقی - منشی ولی محمد خاں صاحب - رئیس قصبہ ہنسوہ ضلع فتحپور - آپ حضرت وسیم خیرآبادی کے شاگرد ہیں - خوش فکر شاعر ہیں گو زبان اور سادگی کے ساتھ ہی ساتھ تشبیہ - استعارہ کی میدان میں بھی گامزن ہوتے ہیں - کچھ شعر درج ذیل ہیں ؎

ملا نہ خاک میں لے بیخ خوں شدہ دل کو — کہ اسکا خون ہے پائے نگار کے قابل
تو آئینہ نہیں اس کو نہ منہ لگا اے شیخ — نہیں ہے دختر رز تیرے پیار کے قابل
بھرا ہے دل میں کدورت کسی کی جانب سے — یہ آئینہ نہیں گرد و غبار کے قابل
گل سرشک نہ ٹپکا عدو کی تربت پر — ارے یہ پھول ہیں میرے مزار کے قابل

ساقی

ساقی - سید شاہ نظام الدین احمد خلف الصدق سید شاہ قطب الدین احمد متخلص بہ باقی آپ داناپور عظیم آباد کے رہنے والے تھے سنہ ۱۲۸۳ ہجری میں پیدا ہوئے - فارسی عربی اور علم طب میں ماہر تھے - طبیعت دار اور ملنسار شخص تھے - سرکار انگریزی میں قانون گوئی سے تحصیلداری کے رتبہ پر پہونچے سنہ ۱۳۰۹ھ میں اپنے والد کے بعد سرکاری ملازمت کو خیرباد کہکر کسب باطن کیطرف متوجہ ہوئے سنہ ۱۳۱۱ھ میں سجادہ نشین خانقاہ مقرر ہوئے - اور اس منصب کو خوبی سے انجام دیا - فن شعر میں اپنے والد ماجد ہی سے تلمذ تھا - شاعری میں کچھ زیادہ دستگاہ نہ تھی صرف موزونی طبع تھے سنہ ۱۳۲۶ھ میں یکم ربیع الثانی کو ۴۳ سال کے سن میں رحلت کی اور داناپور میں دفن ہوئے - سید شاہ حسین احمد صاحب انکی یادگار ہیں - کلام یہ ہے ؎

بیدل ہوں کچھ نہیں مری تسکیں ضرور ہے — پہلو سے میرے صورت دل تم جدا نہو
ڈرتے ہیں اپنے سایہ سے وقت خرام ناز — پھر پھر کے دیکھتے ہیں کوئی دوسرا نہو
یارب یہ شوخ و بھولا ہے اس چشم ناز میں — شوخی سمائے اتنی کہ دخل حیا نہو
ساقی تم اپنے دل کی خبر پوچھتے ہو کیا — دیکھو تو جاکے اس کی گلی میں پڑا نہو

جب نقاب رخ پرنور اٹھا جھپکی آنکھ	تابش برق تپاں جلوۂ رخسار میں ہے

ساقی

ساقی ۔ محمد احد علی صاحب کاکوری کے رہنے والے ہیں متقدمین کا انداز پسند کرتے ہیں شعر میں تشبیہات اور تلمیحات کو ملحوظ رکھتے ہیں ۔ ایک غزل کے چند شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

وصل میں حسن رخ یار دوبالا ہوتا	گرد اُس چاند کے رخسار کا ہالا ہوتا
کھاتا ہے دیکھ کے آئینہ میں آنکھیں وہ شوخ	ہرن اتنا تو نہیں دھوپ میں کالا ہوتا
پھوڑتا دل کے پھپولے میں دبا کر اسکو	آسمان کاش مرے پاؤں کا چھالا ہوتا
بال کھولے ہوئے بیٹھے ہو ۔ جو ہنس دیتے تم	رات اندھیری تھی ذرا اس میں اُجالا ہوتا

ساقی

ساقی ۔ کوئی صاحب آرہ کے رہنے والے ہیں ۔ بزم سخن گیا میں کلام شایع ہوتا رہتا ہے موزوں طبع سادہ گو ہیں ۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

دل پریشاں ہوگیا زلف پریشاں دیکھکر	روئے ہم اپنی بربادی کے ساماں دیکھکر
پھر ہوا سر میں سمائی پھر ہوا جوش جنوں	پھر بڑھی وحشت مری چاک گریباں دیکھکر
کہہ گئے ہم ڈرتے ڈرتے حرف مطلب گو مگر	خود پشیماں ہوگئے اُن کو پشیماں دیکھکر
شادی و غم کا سماں آنکھوں میں میری پھر گیا	گل کو خنداں دیکھکر شبنم کو گریاں دیکھکر

ساقی

ساقی ۔ محمد جعفر صاحب گوپامئو کے باشندے تھے ۔ فارسی اردو ۔ دونوں زبانوں میں شعر کہتے ۔ فن شاعری میں جناب صہبائی دہلوی سے تلمذ تھا ۱۸۵۵ء میں زندہ تھے ۔ اسی زمانہ کا یہ کلام ہے ۔

سو تیر لگے دل پہ مرے طرفہ فسوں ہے	سینے میں کوئی زخم نمایاں نہیں دیکھا
آب دم خنجر کو سمجھتا ہے مے ناب	ساقی دل مخمور سا ناداں نہیں دیکھا

ساکت

ساکت ۔ ماہر رموز سخن دانی ۔ واقف اسرار نکتہ دانی مولوی ابوالحسن صاحب ساکن امروہہ ضلع مراد آباد ۔ آپکے والد حکیم عبدالصمد صاحب ۔ امروہہ کے قدیم شرفا میں سے تھے ۔

آپ عربی۔ فارسی دونوں زبانوں میں دستگاہ رکھتے تھے۔ فارسی اساتذۂ رامپور اور عربی اپنے عم حکیم سید محمد حسین مرحوم سے حاصل کی تھی۔ معانی بیان عروض وقوافی میں کامل تھے حافظہ کی یہ حالت تھی کہ کوئی مضمون ہو عرصہ تک سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے تھے۔ اور ہر مسئلہ کے متعلق بیسیوں مثالیں نوک زبان تھیں۔ انکی پھڑکتی ہوئی تقریر زندہ دلی اور ظرافت کی جان ہوتی تھی۔ دوست نواز اور وضع داری میں فرد تھے۔

آپ کسی رنگ میں بند نہ تھے۔ غزل۔ قصیدہ مخمس۔ مسدس کے سوا ریختی بھی کہتے تھے۔ مگر ایسا کلام ہمیشہ دوسروں کو دیدیتے تھے۔ نہایت زود گو شاعر تھے ہمیشہ معاصرین سے معرکہ آرائیاں رہیں۔ مگر پلا انہیں کے ہاتھ رہا۔ مرد قانع اور متوکل شخص تھے شاگردوں سے اصلاح کا معاوضہ نہ لیتے تھے۔ آپ نے والئی اودے پور کی شان میں قصائد لکھکر بھیجے تھے لیکن جب وہاں سے طلبی ہوئی تو امرا کے دربار میں قصیدہ گوئی کی حیثیت سے جانا اپنے عارض کمال پر بدنما داغ خیال کیا اور اپنی رہی سہی جائداد پر قناعت کئے ہوئے بیٹھے رہے۔ اپنے ساتھ اپنی جائداد کا بھی خاتمہ کر گئے۔ دیگر فنون کے علاوہ آپکو مرغ بازی میں بھی دلچسپی تھی اور اس شوق میں ہرسال امروہہ سے بدایوں جاتے تھے۔

آپ فن سخن میں حضرت نظام رامپوری کے ارشد تلامذہ سے تھے اور استاد کا انداز بیان اختیار کرنے میں انکو کامیابی حاصل تھی مگر افسوس ہے کہ زمانہ کے انقلاب سے ہمیشہ زاویہ گمنامی میں رہے اور کلام کی شہرت نہوئی۔ مرحوم غزل گوئی میں یکتا تھے حسن وعشق کی گھاتوں کو نہایت خوبی سے نظم کرتے تھے۔ ادائے بیان بے تکلفانہ تھی۔ دلی واردات کو تخئیل کا جامہ پہناتے ہوئے مضمون کو بھی ہاتھ سے نہ کھوتے۔ میر کرامت علی خلش اجمیری مولوی غلام نبی شاعر ابتدا میں آپ ہی کے شاگرد تھے۔ میر جواد حسین شمیم امروہوی کو بھی آپ سے فخر تلمذ حاصل تھا۔ سنہ ۱۹۰۵ء میں وفات پائی جو کلام مولوی حکیم مظہر الہادی صاحب سہیل طبیب کوٹہ نے روانہ کیا ہے وہ ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے ؎

وہ یہ کہتے ہیں نہ تو کیا اور تری تقصیر کیا
دل پہ دزدیدہ نظر کی چوٹ کیا کاری لگے
رنگِ شوخی کے سبب کوئی ٹھہرتا ہی نہیں
نہ مر جاؤں تو لاؤں لیے صدمہ کو جگر کس کا
یہاں ہے تذکرہ انکا وہاں ذکر عدو ہر دم
جنہیں اپنا سمجھا ہوں وہی اپنے نہیں ساکت
شفق نے رنگ اڑایا ہے ترے سر پیشانی کا
رکاوٹ ہے تری جانب سے میرے دل میں آفاق
طریقِ عشق میں دونوں کے دعوے ہیں برابر کے
غیر جب بزم میں مختار بنے بیٹھے ہیں
کاٹ دیتے ہیں ہر اک بات مری جھنجھلا کر
جس قدر ہم پہ ترے جور و جفا ہوتے ہیں
دم میں ہنس دیتے ہیں دم بھر میں خفا ہوتے ہیں
بھول جاتے ہیں خدا کو بھی بتوں سے مل کر
چھپ کے وہ مری نگاہوں سے جو ٹل جاتے ہیں
بسر کیا کریں تقاضہ سے اجل کے چھوٹا
ایک چپ سی کو مری آتی ہے، قتل ہی ساکت
ہوا ایسا کہ کھلتے کھلتے یار آہستہ آہستہ
دبے پاؤں وہ آئے فاتحہ خوانی کو مرقد پر
گیا ہے ہلکے ہلکے اس طرح عالم جوانی کا
وہ اس انداز سے آئے شب وعدہ میرے گھر پر

ہمیں کیسی محبت ہو نہ کرنے ہو تقدیر کیا
لئے میرے ناوک فگن ترچھی کمان کا تیر کیا
صفحۂ قرطاس پہ کھینچوں تری تصویر کیا
رکھا ہے غیر کے زانو پہ دیکھیں آپ نے سر کس کا
بندھا ہے درمیان دونوں کو اور اسکا ادھر
دل و جاں گر نہیں اپنے تو پھر ہوگا جگر کس کا
شعاع مہر نے [illegible]
کہ تیری تیغ بھی دم بھر رہی ہے کج ادائی کا
ہمیں ہے آشنائی کا نہیں ناآشنائی کا
آپ کس بات پہ سرکار بنے بیٹھے ہیں
آج غصہ میں وہ تلوار بنے بیٹھے ہیں
جو صلے ہمکو محبت کے سوا ہوتے ہیں
کبھی کیا ہوتے ہیں وہ اور کبھی کیا ہوتے ہیں
بت نہیں ملتے تو ہم یاد خدا کرتے ہیں
تیغ کے خوف تصور سے نکل جاتے ہیں
خوب اب اپنی بسر ہو گی سبکدوشی میں
فائدہ ہم نے بھی سوچا ہے خاموشی میں
اٹھائے وصل میں پھولوں کے ہار آہستہ آہستہ
چھوا پھر ناز سے میرا مزار آہستہ آہستہ
نشہ کا جیسے ہوتا ہے اتار آہستہ آہستہ
چمن میں جیسے آتی ہے بہار آہستہ آہستہ

نہاں تھا دل میں راز ان کے بچپن سے کہیں ہم	اب ان کا کھیل ہے [illegible]
نیا انداز دیکھو آئینہ رکھکر مقابل میں	اشاروں میں وہ ہیں اپنے سے پیچھے چتون
تمہارے حسن کا پھولوں بھرا گلدستہ ہے	ہے جو ہاتھ میں گجرا انکھیوں میں یار ہے
کہا یہ کسنے چشم پُر آب سے میری	ہویدا چہرے سے اشکوں کا تار رہے
واہ کیا بات تری لغزش گفتار کی ہے	بات اقرار میں تھی ہوتی انکار کی ہے
مرا دل لیکے مٹھی میں وہ بولے	ہمارے ہاتھ میں بتلاؤ کیا ہے

سالک

سالک ۔ نواب سید احمد حسین خاں مرحوم تخلص سالک خلف نواب سید تقی حسین عرف نواب دولہ صاحب تھا۔ جو نواب معتمد الدولہ وزیر شاہ اودھ کے والد تھے سنہ ۱۲۰۸ھ میں پیدا ہوئے۔ بڑے معاملہ فہم اور عالی ہمت رئیس تھے معتمد الدولہ کے نواسے ہونے کے رشتہ سے وثیقہ میں گرانقدر رقم ملتی تھی۔ کانپور میں امیرانہ ٹھاٹ سے زندگی بسر کرتے تھے خلیق بامروت ۔ ذی استعداد ۔ علم دوست تھے۔ کتاب بوقلمون ۔ بطور کشکول ۔ رسالہ تحقیق اللغات خمسہ ہفت بند کاشی ۔ زبدۃ المورخین ۔ اسلوب الانشا ۔ کلیات نظم فارسی آپکی تصنیف و تالیف سے ہیں ۔ آپ نواب سید ضیا حسین خاں جاہ رئیس اعظم مرحوم کے والد تھے ۶۴ برس کی عمر پائی ۔ بعارضہ دق ۱۰ محرم الحرام سنہ ۱۲۷۲ھ کو انتقال ہوا ۔ آپکی نعش کانپور سے نجف اشرف روانہ کیگئی وہیں مدفون ہوئے ۔ دو شعر جو دستیاب ہوئے ہیں درج ذیل ہیں

یارب شب وصال مری مختصر نہ ہو	اتنی بڑھے کہ تا بہ قیامت سحر نہ ہو
چبھو کر پاؤں میں کانٹوں کو سالک آبلے اٹھو	کہ تم ہو بادشاہ ملک غم طبل و علم لے لو

سالک

سالک ۔ ناظم نامی سخنور گرامی ۔ یکتائے اقالیم و ممالک میرزا قربان علی بیگ سالک خلف نواب میرزا عالم بیگ خاں ۔ آپ حیدرآباد میں پیدا ہوئے مگر آپکی شاعری کا وطن دہلی ہے ۔ زندگی کا بڑا حصہ یہیں صرف ہوا ۔ چھ برس کی عمر سے اسی شہر میں تعلیم و تربیت پائی ۔ مہاراجہ شیودان سنگھ والئی الور کی سرکار میں عزت افزائے عہدہ وکالت

تھے۔ انکے بھائی بھی شاعر تھے۔ رضوان تخلص تھا۔ انکا مرثیہ سالک نے بڑے زور کا لکھا ہے۔ آپنے سب سے پہلے حضرت مومن کو اپنا کلام دکھایا پھر مرزا غالب کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہوئے اور اُسے مدت العمر مایۂ افتخار سمجھتے رہے۔ اُستاد کی دلی توجہ کے باعث چند روز میں شاعر یگانہ اور معاصرین میں ممتاز ہو گئے۔ نازک خیالی میں فرد مضمون آفرینی میں بے نظیر تھے۔ فصاحت بلاغت۔ کلام کا قابل داد جوہر ہے۔ بندش کی نفاست اور صفائی اپنے ساتھ سوز و گداز کو لئے ہوئے ہے۔ آپ حسن و عشق کے رموز بیان کرنے میں انسانی فطرت پر گہری نگاہ ڈالتے تھے۔ معاملہ نگاری میں عامیانہ روش سے بچتے تھے۔ آپنے عاشقانہ زندگی کے مقصد کو اپنی جدت پسند طبعیت کے سانچے میں ڈھال کر یوں بیان کیا ہے ؎

تم غیر کے ہوئے تو رہا کیا جہان میں	گویا ہمارے واسطے کچھ بھی بنا نہ تھا

حضرت سالک مبالغہ کے دشوار گذار میدان میں بھی شوخ بیانی کو مد نظر رکھتے تھے۔ طرز ادا سے شعر مزیدار ہو جاتا تھا۔ آپنے اپنے گھر کو "مایۂ آفات" قرار دیتے ہوئے اس مضمون کو عجیب طریقے سے بیان کیا ہے کہ جس فتنہ کو میرے گھر کی راہ نہ ملی وہ شورش کدۂ قیامت میں داخل ہو گیا۔ فرماتے ہیں ؎

ناچار ہوا وادیٔ محشر کو روانہ	جس فتنہ نے پایا نہیں ستہ میرے گھر کا

اپنی پریشانی کو دنیا بھر کے آلام سے ترجیح دے کر انتہائے بلاغت پیدا کر دی ہے۔

ایک میری ہی پریشانیٔ قسمت لکھکر	تہ کیا کاتب تقدیر نے دفتر اپنا

مضمون "بے ثباتی" پر ہر ایک مصور خیال نے اپنے نگارخانہ میں ہنگامۂ ہستی کو ناپائدار ٹھرایا ہے۔ مگر آپنے عاشقانہ رنگ میں ناپائداری کے ثبوت میں جو دلیل قایم کی ہے اُس میں اعلی درجہ کی تخئیل ہے ؎

ذرا سی ہمت اے فریاد گیتی سوز لازم ہے	عدو قایل نہیں ہے دہر کی ناپائداری کا

سچ تو یوں ہے کہ آپکا کلام دلی کی شاعری کا قابل قدر نمونہ ہے۔ نغز گوئی۔ سلاست

بلاغت کی جان ہے۔ آپ جملہ اصناف سخن پر قادر تھے اور معنیٰ بندی میں بلند پایہ رکھتے تھے۔ بیسیوں شعر آپکے ایسے ہیں کہ جتنا غور کیجئے اتنا ہی مزا آتا ہے۔ زکی۔ انور۔ مجروح عالی کے ہم مشاعرہ تھے۔ بالخصوص چھوٹی بحروں میں نہایت بلیغ اور ہر مضمون پر شعر کہتے تھے۔ مرزا غالب کو ان سے بڑی محبت تھی اور عزیزداری کا برتاؤ کرتے تھے۔

حضرت سالک کا قیام دکن میں بہت زیادہ رہا کیونکہ آپکے چچا رن بہادر خاں خانگی قضیوں سے مجبور ہو کر دہلی سے حیدرآباد چلے گئے اور وہاں نواب تاڑ بن کی ملازمت اختیار کی۔ بعد ازاں انکے بعد خانہ داماد ہو گئے۔ سالک بھی اپنے چچا کے پاس رہتے تھے یہی وجہ ہے کہ حیدرآباد دکن میں آپکے تلامذہ کی تعداد کافی ہے۔ تلامذہ دہلی میں حکیم اسد علیخاں مضطر اس زمانہ کے شعرا میں اچھا کہنے والے ہیں۔ جناب سالک نے آخر ۱۸۷۹ء میں بمقام حیدرآباد دکن اس جہان فانی سے رحلت کی۔ حضرت قدر بلگرامی نے تاریخ کہی "نواب قربان علی سالک ہزار افسوس مرد" ۱۲۹۲ دو بیٹے یادگار چھوڑے۔ عابد فرزند کلاں کو انتقال کئے ہوئے پانچواں برس ہے دیوان میخانۂ سالک انہوں نے ترتیب دیکر شایع کیا تھا۔ کلام کا نمونہ یہ ہے۔

واں دخل وہم کا نہ گذر ہے خیال کا
جتنی کہ ماسوا کی نمائش نظر میں ہے

عشاق اسکے رہتے ہیں دنیا سے بے خبر
وقفہ ہے ایک دم کا ولادت سے مرگ تک

اُس در پہ جبہ سا ہوں کہ آکر مری طرح
سمجھا ہوا ہے کنگرۂ عرش تو جسے

جنوں میں اسقدر قائل ہوں میں تیغ جیدیزداں کا
نئی یہ چھیڑ ہے صیاد کو حسرت بڑھانے کی

ترے غم میں جنوں نے ظاہر و باطن کئے یکساں

اچھی جگہ ہے دل کو بھروسا وصال کا
تپلا بنا ہوا ہے یہ وہم خیال کا

آرام ایک نام ہے اُس کے ملال کا
گر سو برس بھی ہوں تو زمانہ ہے حال کا

ذرّوں میں امتیاز نہ ہو مہر و ماہ کا
غافل یہ ایک گوشہ ہے اسکی کلاہ کا

کہ لفظ لا کی صورت چاک ہے میرے گریباں کا
کہ پر توڑے مرے اور ذکر کچھ چھیڑ گلستاں کا

دل صد چاک سے بدتر ہے عالم جیب و داماں کا

نالہ جو دل سے گیا شرر افشاں نکلا
گرہ تار نفس سینہ میں پنہاں نکلا

میں نے کھولا تری زلفوں سے بلا کی کاوش
خم بہ خم ساتھ مرے عقدہ کا ناخن نکلا

پر رہا منع فریاد جہاں پر ستم کش
نفس کا میرے نہ نالہ چھپا رہا نکلا

ہیں وہ جو جہاں فریب تو فقیر ہو جیکو شفقہ
پڑتا ہے اک جہان کو ناچار دیکھنا

سماتے ہیں وہ آنکھ میں آنکھیں ہی ہیں آنگ
کچھ روشنی سی ہے سر دیوار دیکھنا

قصہ قیس ہے اک حرف زمانہ کا مرے
میں یہ سمجھا تھا کہ وہ بھی کوئی قصہ ہو گا

ہو راہبر وہ اس دیار سے پہنچوں خضر کا
جس میں نہ ملا نقش قدم تک بھی خضر کا

دم بھر میں بگاڑا تجھے دشمن کو بنایا
اک شعبدہ ہے یہ فلک شعبدہ گر کا

پڑتا ہے تیر جس طرف اس کی نگاہ کا
اٹھتا ہے شور ادھر سے خدا کی پناہ کا

سالک صنم کدہ سے نکالے گئے کہیں
حضرت ارادہ رکھتے ہو کیوں خانقاہ کا

مجھ سے ستم رسیدہ کا ہوگا کوئی شریک
قطرہ کا نام مفت میں طوفاں نکل گیا

ہے ان دنوں میں گردش چشم بتاں کا دور
تیرا زمانہ گردش دوراں نکل گیا

جو کچھ ہے اس کی بزم میں سب بے نقش ہو
الفت نے کر دیا اسے عالم مثال کا

آج اے آہ جہاں سوز نہ رکھ کچھ باقی
غیرت قائل نہیں اللہ کی یکتائی کا

میں بھی خود آپ میں آتا نہیں پھر دل ظالم
پوچھنا کیا ہے مرے گوشۂ تنہائی کا

آشیانہ میں خس و خار کی رہتی تھی خلش
اک تنکے کا قفس میں مجھے کھٹکا نہ ہوا

وہ نالہ آج ضعف میں لب تک نہ آ سکا
جلا کے بار داغ دل آسماں ہوا

ہجوم بلا ہائے ہجراں نہ پوچھ
تجھے کیا جو کچھ ہو گیا ہو گیا

ہزار نالے زباں پہ لاتا ہزار محشر اٹھا دکھاتا
شب جدائی اگر نہ آتا خیال اس چشم سحر گیں کا

نہ لامکاں سے گزرتے تخیل سدرہ پہ تجلی
مجھے خیال ہے واں آشیاں بنانے کا

یہ بھی عہد وفا سے کھسک جاتا
دل ہمارا تری زباں نہ ہوا

ہے خود شکست عہد سے نفرت انہیں مگر
دل توڑنا پسند ہے امیدوار کا

جذبۂ دل کا اثر دیکھ کہ کھائے سو تیر
پر کوئی توڑ کے سینہ سے نہ پیکاں نکلا

تا ضد میں آکے مول لیں کہتا ہوں اس لئے
یہ اور جنس دل کے خریدار دیکھنا

وہ سرد مہریاں تری نظروں میں ہیں بھری
پانی بھی مانگتا نہیں مار نگاہ کا

دکّان مے فروش پہ سالک پڑا رہا
اچھا گذر گیا رمضان بادہ خوار کا

الجھنا اور مجھ دیوانے سے ای حضرت ناصح
پھر اسپر سامنے میرے ہی دعوی ہوشیاری کا

اُن سے کمان کھینچ نہ سکی جذب شوق دیکھ
چٹکی سے تیر۔ تیر سے پیکاں نکل گیا

کس کا جلوہ نظر سے گذرا ہے
کہ مجھے کچھ نظر نہیں آتا

پھیر دیتی چھری تو آتی ہے
لطف صیاد اگر نہیں آتا

نالہ اُس کا خنجر افشاں مژہ اُسکی خونباز
تو نے چھیڑا تو ہے سالک کو پر اچھا نہ ہوا

دل وہ کافر ہے کہ مجھکو نہ دیا چین کبھی
بیوفا تو بھی اسے لیکے پشیماں ہوگا

یہ اور کون تھا جو ترا خستہ جاں نہ تھا
اک نعش بے کفن تھی کوئی نوحہ خواں نہ تھا

افسوس مرگ سالک انصاف خواہ پر
دل میں ہزار زخم تھے تن پر نشاں نہ تھا

وہ دلکش ہے صورت کہ اس ظلم پر
زمانہ ترا مبتلا ہو گیا

انسان ہوس پیشہ سے کیا ہو نہیں سکتا
مجبور ہے اس سے کہ خدا ہو نہیں سکتا

یہ درد ہے تیرا ہی کہ ہے جان سی شیریں
ہر درد میں ظالم یہ مزا ہو نہیں سکتا

غیرت ہے جو مجھ میں تو وہ کہتے ہیں برم
پروانہ سے جو کام ہوا ہو نہیں سکتا

نہ شوق مجکو ہے حور عین کا نہ پاس واعظ ہے اپنے دین کا
جو ذکر کرتا ہے کہیں کا سنا نہ جھگڑا کہیں کہیں کا

میرے آزار دینے کو وہ شوخ
دوسرا آسماں ہے گویا

تیری تصویر کیوں نہ بول اٹھی
اس میں عاشق کی جان ہے گویا

تیرا چپ چاپ یہ بیٹھنا سالک
اک طرح کا بیان ہے گویا

پسند اللہ کو کیا جانے کیا آجائے اے زاہد
بہت دور پہنچیں نگاہیں ولے
تیغ کھنچتی ہے واں نزاکت سے
کہتے ہیں ہر کمال کو ہے زوال
شہدا کے لئے ہے عمر ابد
خوشی ہے انکو میں جانتا ہوں مگر میں یہ کہنے کو بات اپنی
لبوں پہ ہنستا کہ جبتک اسکی امید آئی ہے مجکو باقی
عاشق ہیں اُسپہ شک ہے کہتے ہیں تیغ زن مل
خلقت کو یہ گماں ہے کہ خلوت عدو سے ہے
اے کاش بھولتا کہ یہی ہے بنائے غم
کیا محتسب کو رند لگا لائے راہ پر
فرہاد مر کے عشق کو دھبہ لگا گیا
ہم حشر میں چلے گئے بیخوف اسطرح
ادھر جا جا کے ہر رہرو کے سالک پاؤں پڑتا ہوں
خلق خدا پہ رحم بھی کرنا ضرور ہے
کہتے ہو ہم ستائینگے تمکو تمام عمر
ہمیشہ ہے حشر بپا روز یہ سالک دیکھیں
چڑھ جائے چاندنی سر دیوار قصر یوں
وعدے پر اسکو دیر ہوا کہ دم کی اور یوں
عمر بھر تیری گلی سے نہیں باہر ہونا
کھیل ہر بات پہ ہے فتنۂ محشر ہونا

مجھے شرم گنہ تجھکو تکبر ہے عبادت کا
وہ پردہ میں اب بھی نہاں رہ گیا
دم یہاں کھنچ رہا ہے بسمل کا
مجکو رونا ہے سعئ باطل کا
دم شمشیر دم ہے بسمل کا
کہونگا ان سے کہ بعد مردن تم آکے ماتم مرا نکرنا
کرے یہ عدو وفا اگر وہ تو مجھسے ایجان وفا نکرنا
معلوم ناصحوں کا مجھے مدعا ہوا
پردہ کو تم اٹھاؤ کہ یہ پردہ در ہوا
جو لطف بزم یار تجھے یاد رہ گیا
یوں میکدہ کبھی رمضان میں کھلا نہ تھا
کچھ خودکشی طریقۂ اہل وفا نہ تھا
گویا یہ فتنہ اسکا اٹھایا ہوا نہ تھا
بتا دیگا مگر کوئی تو رستہ کوئے جاناں کا
مت دیکھنا کسیکو خبردار دیکھنا
بارے خیال رکھتے ہو تم بھی نباہ کا
کون سے حشر میں دیدار تمہارا ہوگا
افسوس کوئے یار میں میں پاسباں نہ تھا
ایجان تو لبوں پہ ہے یہ گماں نہ تھا
خاک ہونا مگر اس خاک میں ملکر ہونا
اور ابھی چاہتے ہیں آپ ستمگر ہونا

تو بھی گر لب سے خموشی میں نہ نکلے گا ہے
حسرت مردہ کو دم بھر میں جلا لیتا ہوں
کیوں نہ سالک مری حیرت پہ جہاں ہو حیراں
بے مروت ہیں یہ بت جھوٹ ہی کہنا انکا
آدمی آپ تماشائے جہاں بنتا ہے
دل کو کیا جانے کیا ہوا سالک
مانا کہ لب سے مہر خموشی اٹھائیں ہم
وہ عقدہ مرے کام میں تقدیر نے ڈالا
کھلنے پہ چلے دل کے عبث یہ بھی چلا جا
سالک نکل کے میکدہ سے آگئے کدھر
عجب ہے سالک بھی رند مشرب کہ چھوڑ بیٹھا ہے ملتیں سب
جسکو کہتے ہیں قضا ہے نگہ ناز اُن کی
یہ تقوی جوانی میں سالک مگر
واہ کس شان سے سالک کو نکالا تم نے
غبار ناتوان عاشق دل خستہ سے انکو
نسج کی بات سے آتی ہے کدورت دلبر
ملے گا اجر جسدن شیخ کو طاعت گذاری کا
نکالے جا چکے ہیں سینکڑوں اس بات پہ سالک
کافر ہو گر سنا ہو کہ واعظ نے کیا کہا
ظلم کا شوق ہے مرنے نہیں دیتے مجکو
سالک اور توبہ یہ کیا ہے جو گھر سے اپنے

مجھ پہ لے آہ نہ اطلاق ہو گویائی کا
آپ کیا مجھکو بھی دعویٰ ہے مسیحائی کا
محو حیرت ہوں میں کس محو خود آرائی کا
دے قیامت کی خبر وعدۂ فردا انکا
بھول کر دیکھنے جائے جو تماشا اُن کا
چین کیوں رات بھر نہیں آتا
دیگا جواب کون ہمارے سوال کا
جو ناخن تدبیر سے وا ہو نہیں سکتا
گمراہ کبھی راہ نما ہو نہیں سکتا
ساغر کو پھینکو ہاتھ سے بازار آگیا
نہ مانتا ہے کسیکا مذہب نہ ہے یہ پابند اپنے دین کا
ملک الموت سے وابستہ ہے ایمان کا
بڑے وقت میں پارسا ہو گیا
خوش رہو ہم بھی سلئے جاتے ہیں بستر اپنا
نزاکت نے چھڑانا کر دیا دشوار داماں کا
آئینہ بھاپ سے ہوتا ہے مکدر اپنا
تو یارب پاس رکھنا کچھ ہماری شرمساری کا
نہ لینا نام اسکے کوچہ میں مطلب برآری کا
یاں دل لیے بزم وعظ میں بھی گفتگوئے دوست
طول آزار کو دیتے ہو مسیحا ہو کر
توڑ کر پھینکدے شیشہ و ساغر باہر

کیوں چلا آتا ہے ہر بات پہ رونا سالک
آج اس کوچہ سے آیا ہے مگر تو ہو کر

وصل کی رات ہے اور بیم سحر ہے دل میں
عیش بھی ہمکو ملا ہے غم فردا ہو کر

کسکو دل دیتے ہو کیا کرتے ہو دیکھو سالک
ہائے ناداں بنے جاتے ہو دانا ہو کر

تیری رفتار سے کیا جانے رہے کیا ہو کر
کچھ قیامت نہیں رہ جائے جو برپا ہو کر

مجھ ناتواں پہ حشر میں وہم فغاں غلط
میں گفتگو کی تاب رکھوں یہ گماں غلط

تم بھی وہی کہو تو کہیں سب بجا درست
میں بھی وہی کہوں تو کہے اک جہاں غلط

گرمی سے اسکے حسن کی کسکا جگر جلا
تشبیہ مہر و رخ نکوے بتاں غلط

کہئے اسیر خواہش سنبل کوئی ہوا
دینی مثال کاکل عنبر فشاں غلط

سچ ہے کہ آدمی کو غرض آدمی سے ہے
واعظ بیان دلکش حور جناں غلط

کہکر تمام سالک غمگیں کا ماجرا
میں نے کہا غلط ہے تو بولے کہ ہاں غلط

کھویا برہنگی کو مری سر سے پاؤں تک
کیا ٹھیک آگئی مرے تن پر قبائے داغ

یہی طول شب غم ہے تو سالک
قیامت ہم پہ گذرے گی سحر تک

سینہ میں اک کھٹک تو ہے گو اور کچھ نہیں
اے چشم وجہ یار کہیں یہ نہ جائے دل

کھو دیا کرتے ہیں عشاق اسی طور سے جاں
تم نے پروانہ کے جلجانیکو سمجھا مشکل

کام سالک نکل آتا ہے وہ نادانوں سے
جان لیتے ہیں جسے مردم دانا مشکل

ہو جائے گر وصال بتاں کی دعا قبول
ساری خدائی مانگ لیں سالک خدا سے ہم

چپ چپ پڑے ہوئے تھے ابھی خانقاہ میں
کچھ کچھ کھلے ہیں بیعت پیر مغاں سے ہم

یہاں بھی زمیں پر نہ ٹکے پاؤں ایک جا
گردش میں کم رہے نہ کبھی آسماں سے ہم

مایوس و ناامید ہیں کیا مدعا سے ہم
رکھتے ہیں اور رکھتے ہیں کس التجا سے ہم

کاش اے سپہر تجھسے بھی رکھتے توسل ہمیں
وہ خواہشیں جو رکھتے ہیں اس بیوفا سے ہم

تم آگئے تو ہوش کہاں میزباں ہو کون
آج آپ اپنے گھر میں ہیں کچھ میہماں سے ہم

دل جہاں سے اٹھائے بیٹھے ہیں — سبکو دیکھے دکھائے بیٹھے ہیں
چاک دامن یہ کھہ رہا ہے کہ ہم — دل کے ٹکڑے اڑائے بیٹھے ہیں

یہ بھی ہوگا اے ستم ایجاد تجھسا ہی کبھی — شوخیاں ابتک جوانی کی ہیں چرخ پیر میں

دیدۂ طوفاں فشاں اتنی تو فرصت دے کہ میں — خشک کر لوں سوزش داغ جگر سے آستیں
ماجرائے اشک خونیں کب لکھا سالک قلم — باندھ دی بازوئے مرغ نامہ بر سے آستیں

کب دیکھیے قفس سے رہائی نصیب ہو — کیا آمد بہار کی ہم آرزو کریں
یاں شغل گل ثبات ہی یکروزہ لے نسیم — باغ جہاں میں کیا ہوس رنگ و بو کریں

جنون عشق ہے مجکو خجل کیا ہوں ندامت سے — گریباں ہی نہیں ناصح کہ منہ ڈالوں گریباں میں
تری صورت نہ تھی گر نقش ای عالم فریب اسمیں — تو کیا تھا پھر نگین خاتم دست سلیماں میں
سرشک افشانیوں نے جوش وحشت کا مرا کھویا — کسی جا خاک اڑانے کو نہیں ملتی بیاباں میں
بنا ہیں آدمی اس خاک سے تو حال ظاہر ہو — کہ کیا کیا حسرتیں مٹی ہوئی ہیں کوئے جاناں میں

سر لگا ہے انکے قدموں سے مرا حیران ہوں — اپنے سجدہ کا نشاں یا انکا نقش پا کہوں
وسعت آباد دل مشتاق - وصل یار - کو — وہ آرزو کا یک جہاں ،، امید کی دنیا ،، کہوں

شگاف ڈالے ہیں سیلاب گریہ نے یاں تک — کہ فرق اب مرے دیوار و در میں خاک نہیں
اڑائی خاک یہاں تک جنون الفت میں — کہ لوگ کہتے ہیں سالک کے گھر میں خاک نہیں

اب اجل کیونکر آئیگی دیکھوں — وہ عیادت کو آئے بیٹھے ہیں
کرتے ہیں یوں دعا کہ ہم گویا — ہاتھ اثر سے اٹھائے بیٹھے ہیں
تم بھی کر جاؤ پائمال کہ ہم — نقش ہستی مٹائے بیٹھے ہیں

یوں پوچھتے ہیں حال کہ سمجھے نہیں گویا — ہم خوب سمجھتے ہیں کہ سمجھائے ہوئے ہیں
جب تھک کے تری راہ میں بیٹھے تو کھلا حال — جو کھوئے گئے ہیں وہی کچھ پائے ہوئے ہیں
زانو پہ ہے سر بیٹھے ہیں دروازہ پہ سالک — کیا محفل جاناں سے نکلوائے ہوئے ہیں

زہد میرا ہی تو رسوائی سے
سچ ہے زاہد گناہ گار ہوں میں

فرقت میں ہوا ہوں زندہ درگور
عیسیٰ سے کہو مجھے جلائیں

آجائے گا فرق نازکی میں
محفل سے مجھے نہ وہ اٹھائیں

رکھی تھی ایک "چھیڑ" اسی دل میں خراش کے
تیشہ کے زخم ہیں یہ مزا کوہکن کہاں

قیمت دل چاہیئے بوسہ کئی
آگے جو آئے ترے ایمان ہیں

پوچھتا کیا ہے ہماری زندگی
جیتے ہیں پر موت کے ارمان ہیں

اعتبارِ نگہِ ناز ہے کیا کیا انکو
قتل کو آتے ہیں پر ہاتھ میں شمشیر نہیں

رخصت اک دم کی اسیرانِ قفس کو صیاد
کہ اب آجاتے ہیں اتنا تو چمن دور نہیں

بدگماں مرگ سے ہے چارہ حرماں مطلب
ہوس خلد نہیں آرزوئے حور نہیں

کیا کہوں حالت بیتابیٔ امید جواب
کوئے جاناں میں چلا جاؤں یہ مقدور نہیں

کبھی کہتا ہوں کہ قاصد کو کیا قتل اس نے
کبھی کہتا ہوں کہ ایسا کہیں دستور نہیں

دل کے دو حرف ہیں درد وہ بھی جدا آپس میں
چاہتی مجمع احباب کو تقدیر نہیں

پوچھتے ہیں کہ مجھے غیر کے گھر دیکھا تھا
جانے کے خوف سے کہدیتی ہیں - "مجبور نہیں"

پائے جاتے ہیں ترے داغ جگر کے اطوار
گرچہ اب تک یہی سمجھتے ہیں کہ ناسور نہیں

ہوں وہ خود رفتہ خدا جانے کہاں دل کھویا
یاد آتا ہے تو اتنا کہ مجھے یاد نہیں

سو گئے پاؤں بھی کیا تیری طرح سے اے بخت
یہ در یار ہے اور طاقت رفتار نہیں

ظلمت بقدر سایہ بڑھی اور بخت میں
ہوتی ہے یاں سعادت ظلِّ ہما کہیں

کاروانانِ قضا دیکھئے کیا کرتے ہیں
روز ہم "روز جزا - روز جزا" کرتے ہیں

کٹ گئی عمر یوں ہی حضرت ناصح افسوس
ہم سنا کرتے ہیں اور آپ کہا کرتے ہیں

یاں وہ آزار پسندی ہے کہ اس قسمت پر
چرخ سے ہم گلۂ بخت رسا کرتے ہیں

جنکو تقدیر نے دی روشنئ نیر بخت
شمع کو وقف رہ باد صبا کرتے ہیں

یہ وفا اپنی وہ ظلم آپکے سب جان گئے
جسکو ہم راز سمجھتے ہیں وہ اب راز نہیں

شب غم زمزمہ سنجان سحر کیوں ہیں خموش
گر مرا لخت سیہ سرمۂ آواز نہیں

جو نہ بانی سے کھنچے ہے وہ نظر میں اپنی
تیری تصویر کو کچھ حاجت پرواز نہیں

کچھ تغیر مرے احوال پریشاں میں نہیں
ایسے عالم میں ہوں جو عالم امکاں میں نہیں

صبح محشر بھی دکھائی نہیں دیتی یارب
روز بد بھی تو نصیب شب ہجراں میں نہیں

وحشت عشق کو ثابت قدمی بھی ہے ضرور
قیس کا نقش قدم تک بھی بیاباں میں نہیں

ہوگیا ذوق فزائے خلش یاد مژہ
کون کہتا ہے کہ لذت ترے پیکاں میں نہیں

دشت وحشت میں اڑے پھرتے ہیں آرام سے ہم
جو صفت ضعف میں ہے تخت سلیماں میں نہیں

دیکھنا شوق شہادت میں اور انسے یہ کہوں
آپ سے لاکھوں لئے پھرتے ہیں خنجر ہاتھ میں

چاہیئے اتنا تو چشم مست ساقی کا اثر
ہاتھ سے اس کے لیا جائے نہ ساغر ہاتھ میں

ہوتی ہے رحم و نزاکت میں لڑائی کیا کیا
سر بیمار جو زانو پہ وہ دھر لیتے ہیں

پھرتے ہیں داد خواہ ترے حشر میں خراب
تو پوچھتا نہیں تو کوئی پوچھتا نہیں

اسکے کوچہ میں جو سالک نے کئے کچھ نالے
ہنسکے بولا کہ یہ میں ہوں فلک پیر نہیں

کہنے کا غیر کے تو کسی کو یقیں نہیں
پر تیری آنکھ راز کی تیرے امیں نہیں

تو ہمارے ساتھ ہے ہر حال میں
ہمکو خلوت میں بھی تنہائی نہیں

بند تھیں آنکھیں تو کچھ پروا نہ تھی
کھل گئیں آنکھیں تو بینائی نہیں

یار سمجھے ہیں ہم اسے کہ جسے
چاہیے عمر یار ہونے کو

رگ رگ میں نیش عشق ہے اے چارہ گر مری
یہ درد وہ نہیں کہ کہیں ہو کہیں نہ ہو

اپنے ہاتھوں سے اگر قتل کرو تم مجھکو
نہ سنوں حضرت عیسیٰ جو کہیں تم مجھکو

دیکھلو اسکو کہ ہے مجھسے سوا گردش میں
آسماں ہوکے ستانا نہ کہیں تم مجھکو

آپ ہی سوچ کے برسوں میں نکالوں تدبیر
اور پھر آپ ہی پھیر دوں ہو تبسم مجھکو

میرے سینہ میں جگہ پانی بہت دشوار تھی
خطِ پیشانی نہیں مٹتا مٹائیں لاکھ ہم

سالک جو صبح تک نہ کئے جاویں ہیں فغاں
ٹوٹے اگر فلک تو نہ ہو سر نگوں کبھی

کہوں احوال یاد دیکھوں کروں کیا
شام ہی سے مجھکو مرنا تھا کہ سالک آ گئی

جب سے یہ سن چکے ہیں کہ ہم خاک میں ملے
شرمندہ بتاں نہ ہوئے لاکھ شکر

نہ ڈریں خلد میں جو جاتے ہوئے رضواں سے
محشر غدر سے بھی مٹ نہ سکا اسکا وجود

مٹ گئے یہ بھی تو ملتا نہیں دلی کا جواب
غالب و شیفتہ و ذوق سے بنا ہے گویا

گیا نشے ہی عشق بھی کہ گیا دل گرہ سے اور
سالک اگر ہے سانس تو باقی ہے آس بھی

کنج مزار میں بھی رہی اضطراب ہے
بے پردہ میرے سامنے آتے ہیں اسطرح

اے نالہ پردہ ہائے فلک بھی نہ کردے تمام
لاغر یہ ہوں کہ شب ترے در پر پڑا رہا

جتنی آہیں لب سے نکلیں اسقدر مطلب نہ تھے
اس ضعف میں اٹھ کر ترے کوچہ سے چلا ہوں

دیکھوں گا تیرے فتنۂ رفتار کا عالم

تیرے مژگاں کی نہ صورت گر بناتی تیر کو
لگ گئی تھی کیا سیاہی کاتب تقدیر کو

بیدار شب کو زاہد خلوت گزیں نہ ہو
جنکی نظر میں جلوۂ بالائے بام ہو

قیامت سامنے ہے تم کہاں ہو
نیند اسکی شیون اہل عزا سے رات کو

نیچی نگاہ بھی نہیں کرتے حیا کے ساتھ
سالک خدا نے ہم کو اٹھایا وفا کے ساتھ

اسکے دروازے پہ رک جائیں خبردار کیا تھا
ہے الگ عالم فانی سے جہان دہلی

کوئی ڈھونڈے تو اسی پر ہو گمان دہلی
بلی ماروں کا محلہ صفاہان دہلی

بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے شرمسار سے
مایوس ہو نہ رحمت پروردگار سے

دل ہے کہ اک فرشتۂ قہر و عذاب ہے
گویا کہ انکے دیکھنے کی مجھ میں تاب ہے

کچھ تو ادھر کا حال بھی ہووے عیاں مجھے
ڈھونڈا کیا چراغ لئے پاسباں مجھے

میں نے کیا اظہار درد ہجر میں تقریر کی
شاید مرے مرنے کی بھی واں تک نہ خبر جائے

ہر چند قیامت ہی مرے سر پہ گذر جائے

اس تلوّن شان کی کیا انتہا
اب بھی زباں نہ بند ہو ناصح ہزار حیف
آجاؤ اب بھی لب پہ نہ آنا ہے اور کچھ
انتہا اٹھیں گے حشر اٹھا کر ہم
یوں وفا کی کہ خود وہ بول اٹھے
پہونچے عدو کے گھر میں تو دامن جھٹک دیا
نہ پوچھو مجھ سے نالہ کو کہ کیا ہے
سنے اور بگڑے جو بات تو نہیں تیری
دوست کے نامہ میں دشمن کی بدی تحریر کی
مرگِ عاشق کی سن کے سب روداد
ہنسو بولو کھلے خوبی زباں کی
گویا کہ بنا ہی نہیں کچھ اور جہاں میں
پروانے جلکے خاک ہوئے شمع رو چکی
کہتا ہوں اپنا حال بہت اختصار سے
دستِ کلیم سوزِ درونی کا گواہ ہے
ہو چکی تعظیم دشمن کی یہیں
بار رو تک بھی نہیں اور شوق یہ

وہ کبھی اُترے نہ میری یاد سے
ٹکڑے ہزار میرے گریباں کے ہو چکے
شکوے تمام گردشِ دوراں کے ہو چکے
کیوں نظر سے گرا دیا تو نے
کس ستمگر سے کی وفا تو نے
ہم خاک بھی ہوئے ہیں تو مٹی خراب ہے
شکستِ شیشۂ دل کی صدا ہے
وہ اپنے خانۂ دل کی بنا ہے
جان سے بیزار تھا مرنے کی یوں تدبیر کی
پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا آگے
خموشی بات کھوتی ہے وہاں کی
آتا ہے نظر وہی جہاں تک کہ نظر جائے
تاثیرِ حسن و عشق جو ہونا تھی ہو چکی
آگاہ ہوں درازیٔ روزِ شمار سے
ممکن نہیں کہ رازِ محبت نہاں رہے
اے زیارت گاہ محشر دیکھیے
بزم میں اُن کی برابر بیٹھیے

سالک

سالک ۔ منشی عبدالحمید خاں۔ آپ بٹالہ ضلع امرت سر کے باشندے ہیں۔ فنِ سخن میں منشی حیات بخش رسا مرحوم کے شاگرد ہیں۔ طبیعت شوخ پائی ہے۔ اگر مشقِ سخن قائم رہی تو آئندہ اچھا کہنے لگیں گے۔ ابھی محض مبتدی ہیں۔ کلام یہ ہے۔

زباں کو کاٹ دو قلبِ حزیں کو کیوں جلاتے ہو
بھلا تقصیر کیا ہے اے بتو اس بے زباں کی

چمن ہی یار ہے ساقی ہی اور ابر بہاری ہے	تمنا آج پوری کر تو اسے پیر مغاں دلکی

سالک - منشی سالک رام - آپ قصبہ گڑوا ضلع بلیا کے رہنے والے ہیں منشی لکھپت لال صاحب سری واستو کائستھ کے صاحبزادہ ہیں اور خود تحصیل غازی پور میں سپروائزر و قانون گو ہیں سنہ ۱۸۶۱ء سال پیدایش ہی مدرسۂ رحمت میں تعلیم پاکر سنہ ۱۸۸۰ء میں کچھ انگریزی بھی پڑہی فن شعر میں حضرت تمنا لکھنوی سے تلمذ ہے اور انکے ارشد تلامذہ سمجھے جاتے ہیں - زبان میں متانت ہے - خیالات میں حسن و عشق کیساتھ اخلاق کی چاشنی بھی پائی جاتی ہے - بلند مضامین کو سادہ بندشوں میں ادا کرتے ہیں -

آپکی تصنیفات سے دیوان ریختہ اور کلام نعت شایع ہو چکا ہی - تاریخ میں بھی اچھی مہارت ہی - منشی امیر اللہ تسلیم مرحوم کی وفات کا مادہ تاریخ یہ نکالا ہی ؎ از جہاں رفت بلبل شیراز - آپ مضمون آفریں - نازک طبع شاعر ہیں کلام کا انتخاب یہ ہی ؎

اثر اعجاز دکھلائے اگر بیتابی دل کا	بتوں کی بیوفائی میں ہو عالم مرغ بسمل کا
خبر لیگئی کس کی نگاہ ناز سینہ سے	خدا جانے ہوا کیا کچھ پتا ملتا نہیں دل کا
مدد جبتک نہ دے گا صبر ہم راحت نہ پائینگے	تمنا حشر تک پیچھا نہ چھوڑیگی مرے دل کا
طائر دل تیر مژگاں کا نشانہ ہو گیا	خوں رونے کیلئے مجھکو بہانہ ہو گیا
نہیں مثل زبان شمع یارا شکوہ کہنے کا	وہ دل ہی دل میں گھٹ کر رہ گئیں ہر شب اپنے رہنے کا
یہ عقدہ ہو گیا حل جب کھلا یہ راز ہستی کا	کہ عالم اک مرقع ہے بلندی اور پستی کا
تصدق کر دئے منعم نعمت الوان غریبوں پر	اگر چکھ لے مزا اک روز خوان فاقہ مستی کا
پڑے ہیں لاکھوں اہل تاج جسکی ایک کونے میں	ہیں سالک رہنے والا ہوں اُسی آبادبستی کا
ملوں گا خاک میں بھی تو رہوں گا رہنما ہو کر	بتاؤں گا میں سب کو راہ سالک نقش پا ہو کر
دوست تو دوست ہی دشمن سے بھی ہی ربط مجھے	دل میں ہر شخص کے رہتا ہوں تمنا ہو کر
جی میں ہے مر مٹوں لیکن نہ جگہ سے اٹھوں	تیرے کوچہ میں رہوں نقش کف پا ہو کر

ہرگز نہ تڑپ لے دلِ مضطر تہِ خنجر
جی بھر کے تجھے دیکھ تو لوں میں دمِ آخر

رنگ لاتے ہیں سو گلے عاشق کو محشر میں خوشامد سے
نگاہِ ناز و ہوا اٹھتی نہیں شرطِ تکبر سے

جوانی کی امنگیں پر عیش الزام ہے سالک
دم ہی تلک سب کچھ ہے سالک دم نہیں تو کچھ نہیں
ساری دنیا کی مسرت بھی جو حاصل ہو تو کیا

انصاف کی کسی سے توقع نہیں اگر
ناز و ادا سے پوچھوں کہ تیری نگاہ کو

نہ کر وہ کام ہرگز جو تری طاقت سے باہر ہو
آتا ہے ہر کمال مصیبت اٹھا کے ہاتھ
کیا حال پوچھتے ہو بتوں کے غرور کا
رنگ بدر گو کیا ہی کمال کیوں نہ ہو کوئی
پریشاں طرح گھر کئے ہیں اک عالم کی آنکھوں میں

مرتے ہیں ہائے ہم کن کے لئے
دل لگایا تو جوانی میں تو کیا
ایک بوسہ جو تجھ سے لئے تھے کبھی
خلق میں بدنام ہم کو کر گئی
لگا کر دل پشیمانی نہ ہوتی

فلک پر دیکھ کر تارے شبِ فرقت یہ ہم سمجھے
رخِ پرنور کی رونق بڑھی ہے جیسی بالوں سے

یہ شرطِ وفا ہے نہ ہلے سر تہِ خنجر
دم لینے دے قاتل مجھے دم بھر تہِ خنجر

لہو کا جب وہ دھبا دیکھتے ہیں اپنے دامن پر
ادھر چشمِ کرم سے التجائیں ہوتی جاتی ہیں
ضعیفی میں بھی جب ہم سے خطائیں ہوتی جاتی ہیں
ساری دنیا ہو تو کیا جب ہم نہیں تو کچھ نہیں
آدمی کے دل میں تیرا غم نہیں تو کچھ نہیں

لب آشنائے شکوۂ بیداد بھی نہیں
دل کون لے گیا ہے مجھے یاد بھی نہیں

وہیں تک پاؤں پھیلانا ہے لازم جتنی چادر ہو
پایا کلیم نے یدِ بیضا جلا کے ہاتھ
لیتے نہیں سلام کسی کا اٹھا کے ہاتھ
لگا دیں داغ کچھ اس میں جو پوچھیں عیب بینوں کو
کسی ڈھب سے تو چھپا چاہئے پردہ نشینوں سے

جان لینا کھیل ہے جن کے لئے
جو کریں زیبا ہے اس سن کیلئے
رات بوسے انکے گن گن کیلئے
نوجوانی آ گئی دو دن کیلئے
سمجھ لیتے تو نادانی نہ ہوتی

کہ چلتے چلتے پاؤں چرخ میں چھالے پڑے ہونگے
نہ اس خوبی سے گردِ مہر و مہ چھالے پڑے ہونگے

ہنر سے تو خالی ہیں دنیا میں لاکھوں	مگر عیب سے کوئی خالی نہیں ہے

سالک

سالک - ارشاد علی صاحب۔ آپ بھوپال کے باشندے تھے۔ غدر سے پہلے لکھنؤ میں عرصہ تک رہے اور وہیں میر بادی علی صاحب بیخود مرحوم سے تلمذ اختیار کیا۔ تذکرہ سراپا سخن سے کلام منتخب ہوا۔

کس طرح آئے اُس بت چیں کی نظر کمر	چینی کے بال سے بھی ہے باریک تر کمر
یادِ میانِ یار میں روؤں جو ایک پل	بھر جائے صحنِ خانہ میں پانی کمر کمر
سالک کوئی خطا میری ثابت نہیں ہوئی	باندھی ہے ترکِ چشم نے کیوں قتل پر کمر
نہ ہوں میں کبھی نظروں میں حسینوں کی ذلیل	چھوڑ دیں حسن پرستی کا جو لپکا آنکھیں
محو خوباں کبھی کرتی ہیں رلاتی ہیں کبھی	آفتیں لاتی ہیں انساں پہ کیا کیا آنکھیں
چند روزہ ہے بہار چمنستان جہاں	کھول نرگس کی طرح بہر تماشا آنکھیں
ابر کی طرح جو منہ آنسوؤں کا برسا دیں	پاٹ دریا کا کریں دامن صحرا آنکھیں
اب کھلا حال پریشان نظری اے سالک	رکھتی ہیں گیسوئے پرپیچ کا سودا آنکھیں

سالم

سالم - عالیجناب معلی القاب نواب میرزا محمد جعفر علیخاں بہادر تعلقہ دار و نواب شیش محل رئیس اعظم لکھنؤ۔ آپ بڑے عالی خاندان رئیس ہیں۔ آپکے والد ماجد شرف الدولہ نواب میرزا محمد امجد علی خاں بہادر کے دربار شاہی میں جرنل فوج تھے اور جد اعلیٰ منتظم الدولہ حکیم مہدی محمد علی شاہ و امجد علیشاہ شاہان اودھ کے زمانہ سلطنت میں وزیر اعظم تھے۔ آپ حسین آباد سے پانچسو روپیہ ماہوار کا وظیفہ پاتے ہیں۔ نواب باقر علیخاں جو آپکے بھائی ہیں اُنکی ریاست میں دس ہزار مواضعات کے قریب شامل ہیں اور آمدنی دو لاکھ سے متجاوز ہے۔ لکھنؤ میں اس خاندان کا تمول ضرب المثل ہے۔

نواب صاحب موصوف بڑے مخیر آدمی ہیں۔ کئی بار حج اور زیارت کربلا و نجف سے مشرف ہو چکے ہیں۔ آپکے خاندان کا جو اعزاز و وقار گورنمنٹ کی نگاہ میں ہے وہ اظہر من الشمس

ہے۔ آپ آیم ایکٹ سے مشتثنے ہیں۔ ۶۶-۷۶ برس کی عمر ہے۔
آپ خلیق و ملنسار ہیں۔ علم دوست ہیں۔ عربی فارسی کے سوا انگریزی۔ ناگری میں دخل ہے شعر گوئی کا از حد شوق ہے۔ شکار کے دلدادہ ہیں۔ اکثر فنون سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ کلام میں گرمی تاثیر۔ لطف زبان مضمون آفرینی۔ متانت۔ سلاست۔ سب کچھ موجود ہے سخن آفرینی کی جدت اشعار ذیل سے ظاہر ہوتی ہے۔

زبان نے پرسش اعمال میں کیا محجوب
خدا کے سامنے نام بتاں نکل آیا

جو یاد آگئے احباب شب غربت میں
جگر سے آہ تو منہ سے دہواں نکل آیا

پلائی ساقی مہوش نے تندمے ایسی
گری بھی بوند جو منہ سے دہواں نکل آیا

تاریخ انتقال پر ملال شہزادہ سلیمان قدر بہادر مرحوم و مغفور

خسرو عالی ہمم رشک سلیمان زمن
قدر سے جسکی فزوں تھی عز و شان سلطنت

چھوڑ کر اسنے جہاں خلد بریں کی راہ لی
زینت تخت شہی تھا وہ نشان سلطنت

فکر جو سالم نے کی آئی صدا یہ غیب سے
لکھ یہ سن بہ رحلت جان جہان سلطنت

صاف آیا مادہ خرگا کیا جو تخرجہ
آج اودھ سے مٹ گیا نام و نشان سلطنت

کسیکے گیسوئے شب رنگ جب ہم یاد کرتے ہیں
دھواں منہ سے نکل جاتا ہی یوں فریاد کرتے ہیں

شگفتہ جو رہا باد خزاں میں بھی میں وہ گل ہوں
وہ بلبل ہوں کہ جسکی پرورش صیاد کرتے ہیں

جو ہچکی موت کی غربت میں کچھ بیمار کو آئی
تو یہ سمجھا کہ یاران وطن اب یاد کرتے ہیں

تن سے سدھاری جان حزیں دل اُداس ہے
وہ کارواں لٹا ہے کہ منزل اُداس ہے

کیونکر کہوں کہ یار کی محفل اداس ہے
کوئی نہیں اُداس مرا دل اُداس ہے

غصہ میں آکے اُسنے مجھے قتل تو کیا
پر دیکھو لو کہ چہرۂ قاتل اداس ہے

دل سوز گر ہماری لحد پر نہیں کوئی
اے کاش اک چراغ ہی شب بھر جلا کرے

ہری آہوں پہ بولے منہ بنا کے
یہ کیسے گرم جھونکے ہیں ہوا کے

قیامت کے اگر قائل نہیں ہو
مری تربت کو ٹھکرا دو تو آ کے

کیا تو اُس نے جھنجھلا کر مجھے قتل
مگر تا دیر رویا سر جھکا کے

کسی نے سوز ہجراں کو جو پوچھا
تو میں نے شمع دکھلا دی جلا کے

کیا یوں کشتہ اک تیر نظر نے
قضا چلائی قرباں اس ادا کے

ڈبویا نام عشق اے سخت جانی
گیا قاتل پسینہ میں نہا کے

جو سیر کو مرے دل میں وہ لالہ رو آئے
وفا کی ہر گل داغ جگر سے بو آئے

یہ ڈر ہے اُس تند خو کے بیمار ہے
کہ وصل میں نہ جدائی کی گفتگو آئے

جو آپ آئیں تماشہ کو میری فصد کے وقت
تو سب رگوں سے مرے بجائے خوں لہو آئے

وہ بد نصیب ہوں کشتہ ہوں نہ [illegible]
جلا دے برق [illegible] جب [illegible] تو آئے

جگر نہ جلائے شب وصل [illegible]
تجھے خدا کی قسم اے حیا جو تو آئے

سنا ہے خلد میں [illegible] انساں کو
خدا کرے مرے حصہ میں یار تو آئے

سالم

سالم۔ نواب میرزا مبارک حسین خاں خلف نواب سید علی خاں زیبا مرحوم لکھنوی۔ آپ خاندانی شاعر ہیں قدیم مذاق پر لوٹ ہیں۔ تخیل خاصی اور نشست الفاظ پاکیزہ ہے۔ غالباً اپنے والد سے تلمذ ہے۔ کلام یہ ہے۔

سالم

کیوں تھم گیا ہے درد جگر ہجر یار میں
قسمت میں میری لذت آزار بھی نہیں

دل سے مذاق عشق میں رہتی ہے دل لگی
گر کام کا نہیں ہے تو بیکار بھی نہیں

قتل کے سامان نظر آتے ہیں یارب خیر ہو
غیظ میں بل کھا رہے ہیں دوش پہ گیسوئے دوست

عشق کے عالم سے پھر تا دیر آتے ہوش ہیں
نذر سر قسمت سے ملجائے اگر زانوئے دوست

سامان

سامان۔ میر محمد ناصر۔ آپ کا اصلی وطن جونپور تھا۔ محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں وارد شاہجہاں آباد ہوئے تھے۔ تذکرہ شعرائے ہند شوق میں انکے دو شعر درج ہیں جو یہ ہیں۔

اٹھیں کیونکر نہ اس دل میں بھبوکے
ابھی آشنا تھے ہم کسو کے

رقیب اسطرح جلتے ہیں ہمیں دیکھ	کہ گویا رشتہ ہیں ہم اس شمع رو کے

سائل

سائل — خلیل شاہ خلف شاہ چیاندے لکھنؤ کے رہنے والے تھے۔ شاہ بدیع الدین کی درگاہ کے خدام سے تھے۔ میر حسن کی طرز میں شعر کہنے کا شوق تھا طبیعت اس فن کے مناسب اور درد انگیز پائی تھی۔ کلام میں محاورے زیادہ لکھتے تھے بعض بعض مصرعوں میں پوری ضرب المثل نقل کر دیتے تھے۔ شوق کے تذکرہ میں کچھ شعر نظر سے گذرے ہیں جنکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

بزنگ آب تجھ رنگ میں فنا ہوجا	اگرچہ غیر بھی ہووے تو آشنا ہوجا
نہ پاوے آنکھ اپنی میں ڈھونڈنے سے آپ	حباب وار یہاں جسکی آنکھ وا ہو جا
جب سے بیٹھا گوشۂ خاطر میں پھر نکلا نہ اُف	کس کماں ابرو کا الہیٰ جانے کس یہ تیر تھا
نالہ کیا کہ مر نہ دیکھا	کیا تھا ہم نے کہ مڑ نہ دیکھا
ادہر ہوئے جب خفی ستی سے اپنی	پھر آپ سے کچھ ادہر نہ دیکھا
چشم ساقی سے کبھی پھر کے اشارہ نہ ہوا	دور اس جام کا افسوس دوبارہ نہ ہوا
نہ ہوگی جوانی نہ یہ سوز فردا	کوئی دم میں ہوویگا امروز فردا
کہاں تک کروں صبر وعدوں پہ تیرے	وہ ہوویگا امروز کس روز فردا
ترے بیقراروں کو بن دید ہرگز	نہ امروز شادی نہ امروز فردا
غنیمت ہے سائل کوئی دم کی فرصت	خدا جانے کیا ہوئے امروز فردا
اک عمر ہوئی صرف ہمیں سیر میں لیکن	جوں موج وطن سے کہیں آئے نہ گئے ہم
کس فکر سے جنگل میں پھرتا ہے تو آوارہ	جو دم ہے سو نادان ہے کوچ کا نقارہ
کیا پوچھے ہے تو مجھسے جو چاہے سو کر ظالم	ناچاروں کی کیا قدرت بے چاروں کا کیا چارہ
یساں نقش قدم یہ قدم نہ چھوڑینگے	چلے چلو جدھر صاحب جدھر کو جی چاہے
منظور نظر اس بت گلفام کے ہوتے	اے کاش اگر ہم بھی کسی کام کے ہوتے

کس کی الفت نے یہ اپنا ہمیں پابند کیا
یاں سے سو بار اٹھے اٹھ کے چلے بیٹھ گئے

جس گھڑی بام پہ دیکھا تجھے رشکِ خورشید
سایہ ساں ہم تہِ دیوار تلے بیٹھ گئے

کوئی دم اور نہ آتے تو نہ پاتے ہم کو
ہم تو گھر آ کے چلے تھے پہ بھلے بیٹھ گئے

پھرا خدا ہی سے جب وہ تو بہر کیا ہوں میں
قرار تھا کہ جو تجھ سے پھرے خدا سے پھرے

ملول آتے ہیں کس طرح حضرت سائل
کہاں گئے تھے خدا جانے کچھ خفا سے پھرے

رباعی

کیا وقت اسیران بلا ہوتی ہے
آرام و قرار و صبر سب کھوتی ہے

سائل نہیں جنبشِ مژہ یہ واللہ
ملتے ہی یہ آنکھ ہاتھ بھر روتی ہے

دیگر

یہ مہر تباں ہے خوب ہر چند ولے
ہے سحر میں کس کو تاب جو ہاتھ ملے

کیا دیدہ تباں کو جانے سائل کوئی
روزے کو گئے نماز پڑتی ہے گلے

اسکو غیروں ساتھ صحبت گرم دن اور رات ہے
ہم سے اب صاحب سلامت ملنے کی بات ہے

تجھ سوا ہم بیکسوں کا کون ہے اے بیکسی
آشنا یا دوست جو کچھ ہے سو تیری ذات ہے

تنہا چمن میں کیا کریں ہم رہ کے اے صبا
مشفق گئے شفیق گئے آشنا گئے

میاں خوش رہو کیوں عبث ہو خفا سے
جو کچھ تم سے ہوگا سو ہوگا خدا سے

امید وفا محض بے دانشی ہے
کسی دوست سے یار سے آشنا سے

نہ پوچھا کبھی تونے احوال سائل
مرو یا جیو کوئی تیری بلا سے

باطن کی تو حق جانے ہے ظاہر اسباب
اس دم تو ہماری روح تازی کر دی

معلوم ہوا القول شخصے لیکن
"اے دوست بمن زمانہ سازی کر دی"

اُس سے کر کے رخصت بہت روتے آئے
سر اشکوں سے تخم وفا بوتے آئے

نہ تھا آج کوچہ میں اُس بت کے کوئی
ہمیں اور سائل ۔ الٰہی ہوتے آئے

واقف نہ تھے ہم یاں کے غم و رنج و الم سے
ہستی ہمیں پھسلا کے لے آئی ہی عدم سے

افسوس کہ یک چند بھی تونے نہ نباہی
سائل کو تو کیا کیا نہ گماں تھے ترے دم سے

معلوم حال حضرتِ سائل نہیں ہمیں	کیا جانیے یہاں ہی رہتے ہیں تشریف لا گئے

سائل

سائل ۔ منشی کنھیا لال صاحب ۔ آپ کا وطن بلند شہر ہے ۔ سیدھا سادہ کلام ہے مگر زبان میں تاثیر کی جھلک پائی جاتی ہے ۔ یہ اشعار آپ کی فکر کا نتیجہ ہیں ۔

کیا سبب کیوں مری تقدیر نہ جاگی اب تک	میرے نالوں نے تو سوتوں کو جگا رکھا ہے
ساغرِ مے کی تمنا نہیں مجھکو ساقی	انکھڑیوں نے تری بے ہوش بنا رکھا ہے
بھر تسکینِ دلِ زار شبِ غم ہم نے	انکی تصویر کو چھاتی سے لگا رکھا ہے
اسلئے نالہ کناں ہوں کہ قیامت ہوجاے	وصل کو حشر پہ اُس بت نے اٹھا رکھا ہے
مجھکو اس رشک کے صدمے نے گھلایا سائل	ان کو دشمن کی محبت نے ستا رکھا ہے

سائل

سائل ۔ حکیم عبد الحق صاحب خلف شاہ ابو الحسن قادری ۔ آپ موضع بجینہ ضلع مونگھیر کے ساکن اور خواجہ وزیر و حضرت امیر مینائی لکھنوی کے شاگرد تھے عرصہ ہوا کہ اپکا انتقال ہوگیا چند شعر ہدیہ ناظرین ہیں ۔ جن سے آپکی کہنہ مشقی ظاہر ہوتی ہے ۔

شوق سے اپنے گنہگار دل کو جو رنگ کریں	نیمچے یار کے ابرو ہیں تو خنجر پلکیں
کھیل مرغ دلِ وحشی کا شکار اے صیاد	دونو آنکھیں تری شہباز ہیں شہپر پلکیں
سوزشِ عشق سے جلتی ہیں یہ آنکھیں اپنی	پنج شاخے کیطرح کھلتی ہیں شب بھر پلکیں

سائل

سائل ۔ بندہ علی جناب لائق کے شاگرد ہیں ۔ نو مشق معلوم ہوتے ہیں ۔ معمولی فکر کے شاعر ہیں ۔ چند شعر درج کئے جاتے ہیں ۔

کب تری ابروئے خمدار نے کاٹے نہ گلے	کب ترا تیرِ نظر دل کے مرے پار نہ تھا
اثر جادو کا ہے ان کی نگہ میں	ملاتے ہی نظر جاتا رہا دل
وعدۂ وصل آگیا نزدیک	دل نکرا ضطراب کی باتیں

سائل

سائل ۔ مشہور دیار وامصار سخنور جادو نگار شفیقی مجبی ۔ نواب مرزا سراج الدین احمد خانصاحب خلف الصدق سوم نواب شہاب الدین احمد خاں ثاقب مغفور ۔ ابن جناب نواب ضیاء الدین احمد

خاں صاحب خسر میر ورجاگیردار لوہارو۔

آپ ۲۰ شوال ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۴ء کو پیدا ہوئے۔ چار برس کے ہوں گے کہ سایۂ پدری سر سے اٹھ گیا اپنے جد بزرگوار کے سایۂ شفقت میں تعلیم و تربیت پائی اور فارسی کی درسیات خود اُن سے سبقاً سبقاً پڑہیں چنانچہ فارسی کی استعداد قابل داد ہے۔ اس خاندان کی شرافت اور علم و فضل کے اوصاف خمیر محسوب ہیں۔ پہلے نواب ممتاز حسین خاں مرحوم سابق ریاست پاٹودی کی حقیقی بہن حضرت سائل سے منسوب تھیں پھر دوسرا نکاح نواب فصیح الملک میرزا داغ دہلوی کی متبنی دختر سے ہوا خسر صاحب کی وفات کے بعد ۱۸۸۵ء میں ریاست لوہارو سے سو روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر ہوا تھا۔ اب عم نامدار نواب میرزا احمد سعید خانصاحب طالبؔ کی (جو اُس شاخ خاندان کے رئیس تھے اور لاولد فوت ہوئے) وفات کے بعد لوہارو سے اڑہائی سو روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں آپ کی بیگم صاحبہ کو سرکار نظام سے تین سو روپیہ ماہوار کا منصب ملتا ہے۔

آپ کو لڑکپن میں شاعری کا شوق ہوا تو شاہزادہ میرزا عبدالغنی ارشد مرحوم کے شاگرد ہوئے۔ پھر جناب داغ سے استفادہ حاصل کیا۔ اردو کے سوا فارسی کا کلام بھی اچھا ہوتا ہے بزم مشاعرہ کی طرز غزل سرائی قابل شنید ہے۔ اور اُسکی تقلید اکثر شعرا کرنے لگے ہیں اور انداز غزل خوانی کی پیروہیں

فصاحت اور بلاغت آپکے شاہد کلام کے چہرہ کا گلگونہ ہے۔ اور زبان کی سلاست دہلی کے روزمرہ کا اعلیٰ نمونہ۔ ہر صنف سخن میں آپکی دشوار پسند طبیعت نے گل کاریاں کی ہیں۔ بڑے بڑے مضامین کو چھوٹے چھوٹے لفظوں میں اسطرح نظم کیا ہے کہ پڑہکر حیرت ہوتی ہے آپ نے ہندوستان کے بڑے بڑے مشاعروں میں شریک ہوکر اپنی زباں دانی اور خوش بیانی کا سکہ جمایا ہے۔ اور جس مشاعرہ کی شرکت فرمائی ہے اس کو اپنا کر کے چھوڑا ہے سندیلہ کے بزم سخن یعنی مشاعرہ جناب ہاشمی اس بات پر شاہد ہے کہ اُدہر تمام شعرائے لکھنؤ کی

ٹولی اور ادہر صرف ایک مرد میدان سخن جناب سائل تھے لیکن پالا آپ ہی کے ہاتھ رہا۔ اور جماعت بندی کے ہونے ہوئے بھی آپ ہی کی غزل پر بے اختیار ہو کر ہر مخالف اور موافق نے داد دی۔ آپ کا بیان ہے کہ میں نے شعر لکھکر کبھی نظر ثانی نہیں کی ہے کیونکہ میرے کلام میں نہ فلسفہ ہے۔ نہ الہیات۔ نہ استعارہ ہے نہ تشبیہات۔ میں تو صرف اپنے گھر کی زبان اور اپنے شہر کی بولی ٹھولی ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں ادا کر دیتا ہوں۔ آمد کا یہ حال ہے کہ مشاعرہ کی غزل عین وقت پر لکھ لیتے ہیں۔ آپ علم عروض بیان معانی کو اچھا جانتے ہیں۔ الغرض فن سخن کے متعلق آپ کی معلومات نہایت وسیع اور مبسوط ہیں۔ شعرائے دہلی میں آپ ہر پہلو سے ممتاز اور سر بر آوردہ سمجھے جاتے ہیں۔ کئی برس سے اصلاح کا سلسلہ جاری ہے۔ سوڈیڑھ سو نومشق آپ سے فیض سخن حاصل کرتے ہیں۔

آپ غیور طبع بھی واقع ہوئے ہیں جیسا ایک غزل کے مقطع میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

تخلص میں معانی کا اگر کچھ پرتوا ہوتا		تو سائل آپ میں یہ شان شیخی کہاں ہوتی

ایک شعر اسی پیمانہ کا اور ملاحظہ ہو ؎

سائل کو تم نہ چشم حقارت سے دیکھنا		نواب پانچ پشت سے اُسکا خطاب ہے

حضرت داغ کی آخر زندگی میں انکے پاس قیام رہنے کے باعث تمام تلامذہ مرحوم سے اچھی طرح واقف تھے۔ اور اکثر نومشق شعرا کی خدمت اصلاح آپ سے متعلق تھی۔ مشاہیر تلامذہ مثل بیخود بدایونی۔ نسیم بھرتپوری۔ رشک۔ احسن۔ رسا۔ نوح سے انکے تعلقات ہمیشہ شگفتہ رہے۔ بعض تلامذہ نے اُستاد کی وفات کے بعد انہیں جانشین بنانیکی تجویز بھی کی مگر چونکہ متعدد شاگرد اس منصب کے دعویدار پیدا ہوگئے اور خود حضور نظام نے کسی کی خاص طور پر اس سلسلہ میں پرورش نہیں فرمائی۔ اسلئے یہ تجویز بار آور نہ ہوئی۔

افسوس ہے کہ اب دہلی کی سرزمین میں شعر و سخن کی نشو و نما و ترقی کی صلاحیت نہیں رہی جو کچھ تھوڑا بہت مذاق باقی تھا۔ اسے مشاہیر کی تنگ خیالیوں اور آپس کی رقابتوں اور رنجشوں

نے مٹا دیا چنانچہ اُسکا نتیجہ ہے کہ بہت کم جلسے ایسے ہوتے ہیں کہ جنمیں سب مشاہیر شریک ہو سکیں اور باہم داد خوش گوئی دیں۔

آپ وضعداری میں اپنے اسلاف کا نمونہ ہیں جس شخص سے پہلے دن جسطرح ملتے ہیں عمر بھر تک اسی طرح نباہ دیتے ہیں۔ ایسے مقدس نفوس کہاں نظر آتے ہیں۔ مولینا شاہ ولدار علی مذاق شاگرد خاقانی ہند ذوق مرحوم سے آپ کو بیعت ہے۔ ۱۹۰۸ء میں گلدستہ معیار الانشاد آپکے اہتمام سے نکلتا تھا۔ مگر حضرت داغ مرحوم کے انتقال ہونیکی وجہ سے بند ہو گیا۔

آپ راقم تذکرہ کے صادق الولا دوست ہیں۔ اور عرصہ دراز سے آپ سے مراسم برادرانہ ہیں۔ دہلی میں جو ایشیائی تہذیب کے دلدادہ اب چند نفوس رہ گئے ہیں۔ ان میں آپکا دم غنیمت ہے۔ آپ کے ہر ہر جملہ سے صدق و اخلاص کی بو آتی ہے۔ آپ کی تصانیف سے دو دیوان مکمل ہو چکے ہیں۔ اعلیٰ سے اعلیٰ تر انتخاب نذر ناظرین کیا جاتا ہے۔

جوش و خروش بلبل شیریں نوا سے پھر
صیاد کی نگاہ پڑی مرغ دل پہ پھر

پھر چشم تر ہے کاشفِ احوال واقعی
پھر بھی ہو کاش یوں ہی وفا وعدۂ وصال

پھر ہے بہار ناز ستمگر کی آرزو
پھرتے ہو ڈھونڈتے ہوئے پھر جادۂ سلوک

کل شب کو بزم مے میں عدو میہماں نہ تھا
موسیٰ سے کیوں کھلا وہ کیا ہم سے کیوں حجاب

دے کر شگاف سینہ کو بولا ستم ظریف
دسواں فلک بنا ہے مری دودِ آہ کا

دل لگیا چرا کے زلیخا کا خواب میں

لب آشنائے نالہ و آہ و فغاں ہوا
برقِ جمال یار کی نذر آشیاں ہوا

راز نہفتۂ دل عاشق عیاں ہوا
میں خواب میں بھی دل کے بہت شادماں ہوا

سینہ وفورِ داغ سے پھر گلستاں ہوا
سائل وہ رنج راہ روی رایگاں ہوا

مگر دہیں خفا نہ ہو جانے دو واں نہ تھا
ذوقِ جمال یار یہاں تھا وہاں نہ تھا

دل میں تمہارے درد کہاں تھا کہاں نہ تھا
ظالم بقدرِ ظرف کوئی آسماں نہ تھا

یوسف سے پارسا پہ ہمیں یہ گماں نہ تھا

نگہ کے تیر چھلنی کر دیا کرتے ہیں سینوں کو — جدھر ہنس کر دیکھ لیتے ہیں ادھر دیکھا نہیں جاتا

سودائے زلف وکاکل جب سے ہوا ہے تیرا — مجنوں لقب ہے اپنا دیوانہ نام پایا

خموشی میں ہے عرضِ حال کیا کیا — کوئی سمجھے ہمارا مدعا کیا

برابر ہے جفا کیا ہے وفا کیا — جو دل آیا تو پھر اچھا برا کیا

مجھے حیرت ہے خود لے داورِ حشر — کہ مشتِ استخواں کا خوں بہا کیا

نمک پاشِ جراحت جب نہ ہو تم — تو ایسے زخم کھانے میں مزا کیا

مآلِ ہجر ہے جانکاہ ظالم — امیدِ وصل ہو راحت فزا کیا

پھر آئی یادِ چشمِ سرمہ آلود — ملے پھر خاک میں ارمان کیا کیا

وہاں بھولے سے بھی وعدہ کا ایفا ہو نہیں سکتا — یہاں فرطِ محبت سے تقاضا ہو نہیں سکتا

مٹایا ہے دوئی کو اسقدر تیرے تصور نے — کہ میرا عکس آئینہ میں پیدا ہو نہیں سکتا

ادب داں رموزِ عشق مجھسے راز لیتے ہیں — کہ اس کوچہ میں ہو سکتا ہے کیا کیا ہو نہیں سکتا

لیکے دل مجھسے کہا میرا ہے یہ یا آپ کا — مضطرب دل ہو گئے ان سے خود ہی بولا "آپکا"

بزم میں عشاق کی ساقی نے خود کر دی تمیز — جام بھر کر رکھدیا۔ تیرا۔ تمہارا۔ آپ کا

جب تمنا میں نے۔ بولی جل کے یوں خاکِ وطن — آپ کے جانے سے کیا سونا وطن ہو جائیگا

عاشقی کا پھل یہی ہے کھا رہا ہوں شوق سے — تن پہ جو ناوک لگے گا جزوِ تن ہو جائیگا

کسکا کوچہ کیسی محفل کس کا وعدہ کسکا وصل — سب بلائیں ٹل گئیں جب دل پہ قابو ہو گیا

مردم دیدہ تمہارے کیا قدر انداز ہیں — دل پہ جو ناوک لگا یا وہ ترازو ہو گیا

تھا تصور میں دُرِ دنداں جب آنکھیں بند تھیں — آنکھیں کھلتے ہی وہی آنکھوں میں آنسو ہو گیا

فقرے فریب دیکھے دل بہلا لیا — مجکو غریب جان کے تم نے بنا لیا

اتنا کسے دماغ ہے کرتے پھریں حساب — کیا جانے مے فروش نے کتنا دیا لیا

دل میں ہے درد داغ کلیجہ میں لب پہ آہ — سائل کو جو نصیب سے ملتا گیا لیا

کرتے ہیں وہ معاملہ میں دل لگی کی بات
مطلب اڑائے دیتی ہے ساری ہنسی کی بات

پیرِ مغاں کی طرزِ سخن لاجواب ہے
زاہد کی جب سنو گے وہی روکھی پھیکی بات

وعدہ کیا تھا آپ نے اور پھر مکر گئے
دم بھر کا تذکرہ ہے یہ آدھی گھڑی کی بات

بے پی کے وعظ سنتا ہوں حرمت ضرور ہے
منظور کیجے گو خلاف سہی شیخ جی کی بات

ایفائے عہد جانے دے اب وہ بھی یاد ہے
جھوٹے کا قول کمرہ کا وعدہ گلی کی بات

سائل سوال کر کے نہ کھونا تم آبرو
دنیا میں ایک چیز ہے بس آدمی کی بات

دم ہیں جب تک میرا دم ہے میں ہوں اور تیری گلی
عکس بر دیوار شب ہوں نقش بر دیوار صبح

وہ آشوبِ تجلی ہنس رہا ہے گو پس پردہ
مگر عکس تبسم آ پڑا ہے سارا چلمن پر

ہمیشہ خونِ دل رویا ہوں میں لیکن سلیقہ سے
نہ قطرہ آستیں پر ہے نہ دھبا جیب و دامن پر

ہوے زمانہ میں مشہور دہر میں رسوا
نگاہِ ناز سے تم چشمِ اشک بار سے ہم

ہمیشہ رہتے ہیں داغِ جنوں ہرے اپنے
خزاں کی رت میں بھی رہتے کس بہار سے ہم

جو ہم ہیں شوق سے بیتاب تو وہ شوخی سے
قرار سے نہ وہی ہیں نہ ہیں قرار سے ہم

یہ اودی اودی بدلی ہے یہ بادل کالے کالے ہیں
درِ میخانہ پر سو سو برس کے پینے والے ہیں

گلے میں اپنے گریباں کہاں طفیلِ جنوں
نفس کے ہاں کوئی دو چار تار رکھتے ہیں

غلط ہیں نامۂ اعمال سب سیہ اور حشر
ہم اپنی معصیتوں کا شمار رکھتے ہیں

خدا جوئی ہے زاہد میں خدا سازی برہمن میں
ہیں وہ رشتہ تعلق کے پڑے دونوں کی گردن میں

بھلائی کیا ہے زاہد میں برائی کیا برہمن میں
جو رشتہ دوش پر اسکے ہے وہ ہے اُسکی گردن میں

نہ رکھ محروم مجھکو جلوۂ دیدار سے یارب
پڑا ہوں ڈیرے ڈالے مدتوں سے دشتِ ایمن میں

نہ کہتے تھے کہ بالآخر یہ وحشت رنگ لائیگی
حمائل دستِ لیلیٰ ہو گئے مجنوں کی گردن میں

صدا دیتا ہوں ہر در پر کہ ہے کوئی سخی ایسا
بھرے تاثیر کے ٹکڑے مرے کشکولِ سینہ میں

تیرے اقراروں میں تاثیرِ حیاتِ جاوید
لذتِ مرگ ودیعت ترے انکاروں میں

پارہ ہائے دلِ پرسوز میں کیا خاک رہی
تیر سینہ سے نکالو تو سلیقہ سے ذرا

دردِ دل سامنے اُن کے نہوا مجھسے بیاں
مجھسے بیٹھے ہوئے دشمن کے نکلتی ٹھیک نہیں

شیخ میخانہ میں ہشیار ذرا سے چلئے گا
اُٹھتی ہی نہیں آنکھ ترے رُوئے نکو سے
پیرِ مغاں نے تیز کیا نرخ مے اگر

غیر پر بے حد عنایت ہو اِدھر کچھ بھی نہو
التجا شوق شہادت کی ہے تیغ یار سے

تم جدھر ہو اُس طرف پھر جائیں آنکھیں وقت نزع
نہ جاؤ سیر گلشن کو اِدھر دیکھو اُدھر دیکھو

چمن میں گل ہیں تم ہو بام پر اور شمع محفل میں
تمہارے تیر کا پیکاں نہیں نکلا مری دل سے

بڑی مشکل پڑی آئینہ کیا ہے میں دکھا دونگا
نزاکت پر یہ دعوی ہے کہ ہم تلوار باندھینگے

قضا کا دن معین ہے اور اُس دن کی بھی ساعت ہے
وہ فرماتے ہیں ہم تمکو دکھا دینگے مسیحائی

سرہانے کھڑے ہیں اپنے بیمار محبت کے
دن رات بیٹھے ہیں وہ مہندی لگا کے ہاتھ

تم نہ قائل ہوئے نہ ہوگے نالۂ شب گیر کے
یہ بھی کوئی رونا ہے کہ وہ اشک بھر آئے

ڈھونڈتے پھرتے ہو تم تیر کو انگاروں میں
تختِ دل نوک سے پیکاں کی اپٹ جاتے ہیں

حرف جو منہ سے نکلتے ہیں وہ کٹ جاتے ہیں
چاہنے والوں کے دل یوں ہی تو پھٹ جاتے ہیں

منہ کے بل گرتے ہیں جب پیر رپٹ جاتے ہیں
کیا ضعف ہے اللہ رے مرے پائے نظر میں
میخانہ لُٹ ہی جائیگا فصل بہار میں

ایک پر اتنا تلطف ایک پر کچھ بھی نہ ہو
سینۂ و دل دست و پا بازو سر کچھ بھی نہو

حسرت دیدار اتنی ہو اگر کچھ بھی نہو
دل پر داغ دیکھو صورتِ زخم جگر دیکھو

بلا سے جان عاشق ہے جدھر جاؤ اُدھر دیکھو
اسی میں چاہئے ہونا اِدھر دیکھو اُدھر دیکھو

ہے تم سا اور بھی اچھی طرح تم بن سنور دیکھو
تم اچھے ہو تمہارا ہاتھ بھی لاکھوں میں اچھا ہے

یہ استغنا محبت کے کہ جب جی چاہے مر دیکھو
نہیں آتا یقیں تمکو تو تھوڑی دیر مر دیکھو

نظر ہے لاش پر اور ہاتھ ہے آنا وہ نا تم کو
تار نظر سے باندھے ہیں دزدِ حنا کے ہاتھ

تم نے راتوں کو نشانے کب لگائے تیر کے
آنکھوں میں لہو نکلے دل آئے جگر آئے

اب دیر سے ہم سوئے حرم جائیں تو کیونکر
اپنا ہے یہ مشرب جدھر آئے اُدھر آئے

ہو قدر تجھے جب مری بیتابیِ دل کی
تجھکو مری صورت تری صورت نظر آئے

اب ہو گیا ہے اُنکا تہیہ بناؤ کا
یہ دیکھنا ہے تن کے وہ کس پر بنائینگے

ادا کرکے دکھا دیجئے کہ اسپر لوگ مرتے ہیں
لگا کر یہ جتا دیجئے کہ یوں مرتے ہیں ٹھوکر سے

بڑھکر ہو کہیں حور سے بہتر ہو پری سے
سیرت اگر اچھی ہو تو اچھے ہو سبھی سے

ساقئ تنگ ظرف ایک ہی جام
وہ بھی اُترا ہوا کناروں سے

کیا حال بیقراریِ خاطر بیاں کروں
اِس نامراد دل کا سکون اضطراب ہے

کل ہوگی جنکو ہوگی سزا جرم عشق کی
بنتے ہیں آج انجمن انتخاب ہے

اب امتحانِ ضبط ہے اے دل سنبھل ذرا
نظارۂ جمالِ رخ بے نقاب ہے

عرصۂ حشر میں کچھ گل نہ کھلا دے کوئی
داورِ حشر پہ تہمت نہ لگا دے کوئی

بیکسی پوچھ نہ بیماروں کی اپنے ظالم
انکو تسکین کوئی دے نہ دوا دے کوئی

غم قیامت کا اگر ہے تو فقط اتنا ہے
داورِ حشر کو صورت نہ دکھا دے کوئی

مے گسارو مری توبہ کا بھروسا کیا ہے
ابھی پی جاؤں اگر ضد سے پلا دے کوئی

ہیں اگر شوق سے مے پیتا تو بیشک تھا گناہ
میرا کیا بس ہے اگر منہ سے لگا دے کوئی

مہ جبینوں کی گلی میں ہے یہ سائل کی صدا
"ایک، دو، بوسۂ لب بہر خدا دے کوئی

ترکِ الفت ہم سے ہو دشوار ہے
یہ نہیں تو زندگی بیکار ہے

ہاں جاؤ مرا کہنا تو میں اب بھی کہدوں
داورِ حشر مرا دعویِ خوں باطل ہے

عیش میں کٹتی شب غم رنج میں اب کٹ گئی
مدعا یہ ہے کہ ہم نے صبح کردی شام سے

بن گئے سائل تو کیا شانِ امارت مٹ گئی
دیکھنے والے نہیں کھاتے ہیں دھوکا نام سے

اُٹھی نقاب منہ سے نہ اسطرح روزِ حشر
موسیٰ کی جیسے طور پہ حالت تباہ کی

آیا کبھی یہ رحم تجھکو کسی خستہ حال پر
تو نے کبھی سنی بھی کسی دادخواہ کی

ترے رخ نے ضیائے نورِ عالمگیر کم کر دی
ترے عارض نے مہر و ماہ کی تنویر کم کر دی

کمر پر بار تھا اُس کا رہا زیبِ کمر خنجر
بہت اچھا کیا سفاک نے شمشیر کم کر دی

گلے ملنے کی جلدی میں کسے رہتے ہیں یاد ارکاں
نمازِ عید میں یاروں نے اک تکبیر کم کر دی

دبایا چارہ گر نے جس قدر اتنی بڑھی وحشت
ذرا سا پاؤں پھیلا دو کڑی زنجیر کم کر دی

پسِ شہرت بدلنا نام کا رکھنے سے بدتر ہے
تری تشہیر نے سائل تری توقیر کم کر دی

بلائے جان ہیں جوانی کے دن سبھی کیلئے
نہیں ہیں حُسن کی رسوائیاں اسی کیلئے

تمنا اپنے زخموں کی کروں کسطرح سے پوری
کہاں سے لاؤں ان سب کے لئے شمشیر کے ٹکڑے

پئے مشقِ ستم آئندہ یہ بھی کام آئیں گے
میں چُن لوں ٹکڑے دل کے اور تم شمشیر کے ٹکڑے

یہاں ماتم مجھے دل کا وہاں تلوار کا رونا
ادھر پیشِ نظر دل کے اُدھر شمشیر کے ٹکڑے

تری سفاکیوں نے تجکو عالم میں کیا رسوا
ملا کرتے ہیں رستوں میں تری شمشیر کے ٹکڑے

چبلاتے ہیں جتنے لوہے کے سب الفت میں اے سائل
مگر کچلول میں تیری تو ہیں شمشیر کے ٹکڑے

ہوا پہ ہو گئے جس دن مری فریاد کے ٹکڑے
اڑا ڈالینگے اس چرخِ ستم ایجاد کے ٹکڑے

تعجب ہے کہ اُس کے کان تک پہنچا نہیں کوئی
ہوا میں اُڑتے پھرتے ہیں دلِ ناشاد کے ٹکڑے

مجھے دیوانہ جو کہتے ہیں وہ ہیں خود ہی دیوانے
چُنا کرتا ہوں تنکے یا دلِ ناشاد کے ٹکڑے

تم اپنے ابروئے پرخم کو آخر کیا سمجھتے ہو
یہ چھریاں ہیں یہ خنجر ہیں یہ ہیں فولاد کے ٹکڑے

از دیوان دوم

بچپنے کے یہ ستم ہیں تو جوانی میں کہیں
ہو نہ جائے ترا دل سیم بدن پتھر کا

ارشاد ہوا اُن کے یہ افسانہ کسی کا
قابو میں نہیں ہے دلِ دیوانہ کسی کا

آسان نظر آئے ہر اک مشکلِ دنیا
دے ساتھ اگر ہمتِ مردانہ کسی کا

معلوم نہیں کس سے کہانی مری سن لی
بھاتا ہی نہیں اب اُنہیں افسانہ کسی کا

زاہد کی رہ و رسم سے ہے توبہ کا خطرہ
میخوار سے بہتر نہیں یارانہ کسی کا

حور کو بھی بت کہو تو بغضِ للّٰہی کریں
کس قدر ہیں بت و حرم سب اہل ایمان دیکھنا

عمر بھر میں ایک تو پہچان ہم کو ہو گئی
اُسکو عاشق جان لینا جسکو حیران دیکھنا

جذبِ دل میرا انہیں کر دیگا قائل خود بخود
باندھ لو جب شست پھر ناوک میں پیکاں دیکھنا

جان لینا بس انہیں کو عاشقِ خانہ خراب
بستیوں میں ہے جنکے گھر برباد و ویراں دیکھنا

حرفِ مطلب سنکے سائل کا شرارت سے کہا
اُنکی صورت اُنکی جرات اُنکا ارماں دیکھنا

ہم تو سوز و تاب و تب کی آفتوں سے بچ گئے
تم بتاؤ چھین کر دل تم کو کیا حاصل ہوا

کل نہیں معلوم کیا تہمت لگائی جائیگی
آج قایم خیر سے الزامِ جذبِ دل ہوا

عشق میں سمجھے تھے مرجائینگے جب گھبرائینگے
وقت سے پہلے نہ مرنا اور بھی مشکل ہوا

بزمِ خلوت میں نظر نیچی تری کیوں ہو گئی
اُٹھ کے سو پردے حیا کا پردہ کیوں حائل ہوا

نامرادی کا الم سب پی گیا تن کا لہو
جونک کی صورت سے ہی لپٹا ہوا دل کے قریب

تمکو میرے سوزِ دل کا کسطرح سے ہو یقیں
تمنے اپنا ہاتھ کیوں رکھا ہے دل کے قریب

سوئے خنجر دیکھتا ہے مجھکو قاتل دیکھکر
آستیں گردان کر بیتابیِ دل دیکھکر

نا امیدی جلوہ ریزی کی جو تھی وہ اب نہیں
شام و ہمدم آئینہ انکے مقابل دیکھکر

پہلے عاشق کُش لقب تھا اب ہے عاشق سوز عرف
بڑھ گئے وہ اور جورِ شمع محفل دیکھکر

تمکو فرصت کب ملیگی مجلسوں سے غیر کی
کیا کرو گے تم کسی دلگیر کا دل دیکھکر

تسلی بخش مرہم ہے خلش گر تیر چٹکی میں
نئی دیدی ہے یہ اللہ نے تاثیر چٹکی میں

بھلا وہ تیر کیا ماریگا کاٹے گا گلا کیوں کر
رکھے جو تیر مٹھی میں جو لے شمشیر چٹکی میں

قدر انداز یاں سمجھو کہ جذب دل کی تاثیریں
وہی دل میں اُتر آیا لیا جو تیر چٹکی میں

چٹھیں چٹکی سے تو پوچھیں کہاں بیٹھیں کہاں نکلیں
لب سوفار کر سکتے ہیں کیا تقریر چٹکی میں

کبھی تو بے توقع آ کے وہ سوتے میں لے چٹکی
کبھی تو جاگ جائے میری بھی تقدیر چٹکی میں

یہاں کیا دیر ہی دل سامنے رکھدینگے ناوک کے
کماں مٹھی میں تو لے لے اٹھالے تیر چٹکی میں

وفا کا مدعا کیا جز جفا معلوم ہوتا ہے
بلانا انکا پیغام قضا معلوم ہوتا ہے

بتان سنگدل کی ہنسنے کا فرکتیاں نکھیں
جسے دیکھو معاذ اللہ خدا معلوم ہوتا ہے

ہنسی اڑتی ہے رونے پر ہمارے انکی محفل میں
دل آزاری کا ہر پہلو بھلا معلوم ہوتا ہے

بہار خونچکاں سے دل بہلتا ہے جفا جو کا
لہو بہتا ہوا اس کو بھلا معلوم ہوتا ہے

مرادف موت کا فرما رہا ہے عشق کو ناصح
ہمیں یہ زندگی کا آسرا معلوم ہوتا ہے

قدم رکھتے ہی میخانہ میں یہ کھلتا پڑا ہم کو
یہ دنیا اور عالم دوسرا معلوم ہوتا ہے

کسی کو کیا خبر ہوگی کسیکے درد کی دکھ کی
تمہیں پہچان لو نالہ پس دیوار کس کا ہے

یہ میخانہ میں کس کے رہن کا چرچا ہے مے نوشو
لب پیر مغاں پر قصہ دستار کس کا ہے

آخر آنے لگی پہلو سے یہ آواز مجھے
پھونکے دیتی ہے مری پردگی راز مجھے

اس قدر لطف اسیری کا ملا ہے صیاد
یاد مطلق نہ رہا مقصد پرواز مجھے

دل میں آنکھوں میں جگہ آپ عدو کی ہوگی
کم نگاہی نے کیا جب نظر انداز مجھے

کیا کروں کیوں کروں پھر جرات عرض مطلب
منع کرتی ہے جب انکی نگہ ناز مجھے

کیوں یہ فرماتے ہو دل کا درد کم ہونیکو ہے
صاف کہدو تم کہ قصہ مختتم ہونیکو ہے

شام وعدہ جی کڑا کرکے یہ لکھ بھیجا انھیں
جھوٹے وعدہ کی طرح جھوٹی قسم ہونیکو ہے

جارہے ہیں سوئے مقتل آج وہ خنجر بکف
کس کی شامت آئی کسکا سر قلم ہونیکو ہے

اسیکا نام ذوق بادۂ سرجوش ہوتا ہے
کہ بیہوشی کی دھن رہتی ہے جبتک ہوش ہوتا ہے

نظارہ کی ہوس پر جلوہ ریزی نے کیا بیخود
نہیں معلوم کتنے دن میں جاکر ہوش ہوتا ہے

دم رفتار کرنا ذوق پامالی کا اندازہ
کہ کس کس کا دل و دیدہ تہ پاپوش ہوتا ہے

عدو کو کچھ نہیں کہتے جو سنی بھی پڑے تم کو
اسی کو گالیاں ملتی ہیں جو خاموش ہوتا ہے

نئی کیفیتیں دیکھی ہیں ہم نے بادہ خواروں کی
یہ آپے میں نہیں ہوتے انہیں جب ہوش ہوتا ہے

بہار آئی تو وحشت میں نہ ہو کسطرح افزایش
امنگوں کا زمانہ ہے لہو میں جوش ہوتا ہے

نیچی نظر کے ناز ملاتے ہیں خاک میں
سائل نے بادہ خوار کو دی مے نہ شیخ کو
تم شیخ رات کو تو بنے پیر میکدہ
مٹھی میں جا کے دل نہ ملیگا خبر نہ تھی
سر پر بٹھائے رکھتا ہی ایک ایک کو مدام

لکھا یہ تجھسے تھا کہ سرمہ سا مجھے
اُس نے کہا مجھے ملے اُسنے کہا مجھے
دن کو دکھائی دینے لگے پارسا مجھے
لوٹے گا دونوں ہاتھ سے دزدِ حنا مجھے
ہیں نقشِ پا کو تیرے ترا نقشِ پا مجھے

اگر ہم تمکو نذر اپنا دل بے مدعا کرتے
بنا دیں کام کیا کرتے جو تیرے پاس ہم ہوتے
آنکھ اپنی لڑ گئی ہے اُس ستم ایجاد سے
غم غلط شب ہائے تنہائی کا ہو جاتا ہی کچھ
سخت جانی کو نزاکت نے تری سمجھا ہی کیا

ہمیں سچ سچ بتا دینا کہ تم اُس دل کا کیا کرتے
وہ کرتے جو ترے تن پر ترے بند قبا کرتے
ایک بھی جسکی ادا خالی نہیں بیداد سے
دل بہل جاتا ہے شغل نالہ و فریاد سے
"بال بھی بیکا" نہو گا خنجر فولاد سے

سائل ۔ جناب شیخ نبی بخش صاحب ۔ آپ امروہہ ضلع مراد آباد کے باشندے ہیں ۔ حضرت تقوی امروہوی کے شاگرد ہیں ۔ نو مشق شاعر ہیں ۔ مگر کلام اچھا ہے ۔ مندرجہ ذیل اشعار آپکی جدت طبع کے شاہد ہیں ۔

مزا کیا خاک ہمکو نالہ بلبل سے آئے گا
ترے دامن کے دھونے سے چھپیگا خون کب قاتل
جگر ہی پارہ پارہ اور دل ہے پاش پاش اپنا
کسی کو ذبح کر ڈالا کسی کو زندگی بخشی ۔۔۔

نہ جس میں سوز کے ٹکڑے نہ جس میں ساز کے ٹکڑے
کہ خود بولینگے محشر میں شہید ناز کے ٹکڑے
جو ہیں یہ ناز کے ٹکڑے تو وہ انداز کے ٹکڑے
اثر رکھتے ہیں کیا کیا آپ کی آواز کے ٹکڑے

بہت کچھ ہیں مری کشکول میں باقی ابھی سائل
نرالی وضع کے ٹکڑے نئے انداز کے ٹکڑے

سائف ۔ ابو محمد سید اسمٰعیل خاں معروف بہ حکیم افصح الدین خلف حکیم صغیر حسین کاشف پہلے لکھنؤ میں بود و باش رکھتے تھے ۔ اب بریلی میں مطلب کرتے ہیں ۔ فن سخن کے شیدائی ہیں شعر معمولی

لکھتے ہیں مگر اپنے کلام کو زوردار بنانے میں کوشاں ہیں۔ نتیجہ فکر یہ ہے

سرمست ذوق بادۂ الفت کو چاہئے
پستی نصیب عاشق بیدل کہاں سما ئے
پھر سکوت پنبۂ مینا کہیں جسے
ایسا مکان کہ عرش معلی کہیں جسے
مجھ سے قضا نصیب کے کام آئی عجب ہے بات
عاشق کو ایک آبلہ دل کے واسطے
معجز نما وہ لب کہ مسیحا کہیں جسے
نوک مژہ وہ چاہئے کانٹا کہیں جسے
دیکھئے تو کتنے آ آکر گلے کٹوائیں گے
میان سے باہر ذرا تلوار رہنے دیجئے
سن چکا ہوں میں بھی قصہ احمق فرہاد کا
میرے آگے ہمت اغیار رہنے دیجئے
لذت درد آشنا قند مکرر ریز ہے
زخم کے منہ میں لب سوفار رہنے دیجئے

سبحان ۔ سبحان شاہ خاں ۔ جمعدار نیورگاؤں حیدرآباد دکن ۔ مولوی نادر علی برتر کے شاگردوں میں ہیں ۔ فن سخن میں کوئی خاص پایۂ امتیاز نہیں رکھتے ۔ کلام یہ ہے ۔

بنائے جاتے ہیں حلقے جو کاکل میں سبب کیا ہے
پھنسانے کو دل بیتاب کے زلف سیاکم تھی
ستمگر دست نازک کو عبث تکلیف دی تو نے
ہمارے قتل کرنے کو تری تیغ ادا کم تھی
کیا بدنام غیروں میں ہمیں نیچی نگاہوں سے
بہت اچھے تھے تم جبتک ان آنکھوں میں حیا کم تھی

سبقت ۔ میرزا مغل خلف میرزا علی اکبر کشمیری ۔ آپ دہلی میں شاہ عالم ثانی کے عہد میں پیدا ہوئے ۔ اور یہیں رہے ۔ شباب میں لکھنؤ گئے تھے ۔ شیریں گفتار ۔ خوش فکر معاملہ بند شاعر تھے ۔ حضرت جرأت سے فیض سخن حاصل تھا ۔ چنانچہ انکی جدت طرازی اور معاملہ بندی کا تصور انکے ہاں بھی اپنی جھلک دکھا رہا ہے ۔ قدرت اللہ شوق اور شرف الدین میرٹھی کے قدیم غیر مطبوعہ تذکروں میں میرزا صاحب کا کلام نظر سے گذرا اسکا انتخاب سرمہ چشم ناظرین کیا جاتا ہے ۔

خوبان رخ پر ڈالے زلفیں سانجھ سویرے پھرتے ہیں
دل کو لے نادان چھپا رکھیاں تو لٹیرے پھرتے ہیں
دیکھ کے مجھکو کہتا ہے وہ کس کس پر میں رحم کروں
تجھسے پریشاں حال دکھاتے یاں بہتیرے پھرتے ہیں

زلف کو لیکر ہاتھ میں پیارے کھیلا مت کر یوں عبث ساعت
منتر پڑھتے اس ناگن پر بہت سپیرے پھرتے ہیں

غم نہیں کچھ شیشۂ دل گر بنے اور ٹوٹ جائے
ہے الم اسکا جو نہ پتھر بنے اور ٹوٹ جائے

قصد مجھ سے بے گنہ کے ذبح کا جب دل میں ہو
کیوں نہ پھر قاتل کا بت خنجر بنے اور ٹوٹ جائے

روئے بت جوں ابر نیساں کیوں نہ پھر یہ چشم زار
اسکا ہر اک اشک جب گوہر بنے اور ٹوٹ جائے

گر کرے احوالِ دل ظاہر نہ تھوڑا سا مرا
تو حباب بحر گوں اکثر بنے اور ٹوٹ جائے

دیکھکر رخ کی صفائی تیری اے آئینہ رو
کیا عجب ہے آئینہ ششدر بنے اور ٹوٹ جائے

پوچھے اُس سے کوئی حالت کو ہماری دل کی آہ
ایک مدت بعد جسکا گھر بنے اور ٹوٹ جائے

سوچ میں رہئے نہ کیونکر قالب انساں کو دیکھ
خاک کے پتلے کا یوں پیکر بنے اور ٹوٹ جائے

عالم کو کیوں نہ اُس کی گفتار مار ڈالے
جنبش نے لب کی جس کی دو چار مار ڈالے

سوز پروانہ ہویدا ہے سبھوں پر سبقت
پر کسی پر نہیں ظاہر غم نہانے شمع

ٹھنی ہے اب یہی دل میں کہ کم کسی سے ملیں
نہ کوئی ہم سے ملے اور نہ ہم کسی سے ملیں

اٹھا دیتی ہے بیتابی ترے بن ہم جہاں بیٹھیں
کہیں لگتا نہیں ہے جی کدھر جاویں کہاں بیٹھیں

قیامت ہوا بھی برپا اُٹھے نہ ہنگامہ محشر
سر اپنا رکھ کے زانو پر جو ہم کرتے فغاں بیٹھیں

مت یاد دلا وصل کی راتوں کو
پوچھو کوئی نہ اُن ملاقاتوں کو

بھروں ہی نہیں بات نکلتی منہ سے
کرتا ہوں جب اسکی یاد میں باتوں کو

سپہر

سپہر۔ میر مہدی۔ خلف سید مہدی مرحوم۔ آپ خواجہ وزیر لکھنوی کے شاگرد رشید تھے۔ اور سید محسن علی مؤلف تذکرہ سراپا سخن کے خواہرزادہ تھے۔ طبع رواں صاف اور پاکیزہ زبان پائی تھی۔ فکر میں بلند پروازی تھی۔ صاحب فن اور خوش کلام و سخنور تھے۔ تحقیق کا شوق نقادی کا ذوق تھا۔ کلام یہ ہے ؎

وہ شمع رو جو نہ لائے سر مزار چراغ
میں دل میں داغوں سے روشن کروں ہزار چراغ

یقیں ہے کہ وہ گل آئے گا خوشی ہوگی
کہ پھول جھڑتے ہیں ہنستا ہے بار بار چراغ

یہ شرم آئی کہ فانوس میں چھپائے وہ منہ
جو دیکھے اُس رخ روشن کو ایکبار چراغ

جور و جفا میں دیکھئے ثابت قدم ہے کون
تم دل کو آزماؤ تمہیں آزمائے دل

زلفیں دکھائیں تم نے جو آکر کھڑی کھڑے
ناحق بلا میں پھنس گیا بیٹھے بٹھائے دل

اب شہر عشق میں یہ منادی ہوئے سپہر
اُس ماہ رو سے کوئی نہ اپنا لگائے دل

اس کے زانو پہ جب رکھا سر کو
ہنس کے بولا اجی ذرا سر کو

سرو آہیں بھر رہا ہوں کچھ یہ آنسو ہیں رواں
انتہا جاڑے کی ہے اور ابتدا برسات کی

نہ جہاں نہ ہم فرشتہ کسی عنوان پہونچے
فضل خالق سے وہاں حضرت انسان پہونچے

سچ ہے ہمدرد کو ہمدرد کا ہوتا ہے خیال
قیس یاد آیا جو نزدیک بیاباں پہونچے

ہم صفیر وہ ہوں وہ بلبل کہ قفس میں مجھ تک
بوئے گل پھاند کے دیوار گلستاں پہونچے

جو فقیری میں مزا ہے وہ کہاں شاہی میں
کب مرے بوریے کو مسند سلطاں پہونچے

ہو سپہر جگر افگار کو جو شئے درکار
وہ اُسے غیب سے یا حضرت سبحاں پہونچے

سپہر

سپہر - آفتاب سپہر سخن گستری - نیر چرخ ہنروری منشی شہاب الدین خاں صاحب دہلوی شاگرد میرزا صابر دہلوی - آپ عدالت دہلی میں سررشتہ دار تھے - اور عاشقانہ رنگ کی شعر گوئی میں شہرہ روزگار - زبان میں بیساختہ پن - بیان میں روانی تھی - اشعار میں دلآویزی تھی اور طبیعت میں مضمون خیزی - جو کہتے تھے خوب کہتے تھے - کلام میں درد اور سوز گداز ہے - انکے بعض بعض شعر منقطوع الجواب ہیں اور وہ ایک ایک دیوان کا جواب ہیں مثلاً

اس بُرے لکھے کی مجکو گر خبر ہوتی تو میں
تھام لیتا ہاتھ لینے کاتب تقدیر کا

نشست الفاظ اور بندش کی خوبی نے نازک خیالی میں چار چاند لگا دئے ہیں - کلام کا انتخاب نذر شائقین ہے -

مے کے پینے سے خدا کا میں گنہگار رہا
محتسب تو مرے کیوں درپئے آزار رہا

خون ہو کے بہا دل تو بلا سے لیکن
سرخ رو مجھے تو اے دیدہ خونبار رہا

کیا تماشا ہے کہ پہونچا ترے دل تک وہ غبار
تیرے دامن تک پہنچنا جسکو اک دشوار تھا

اُسکو ظالم جو کہا میں نے تو سنکر بولا
تجکو ظالم بھی میسر کوئی مجھسا نہوا

ہو غریق رحمت حق وہ عجب انسان تھا
میکدہ کی ۔ پہلے جو موجد ہوا تعمیر کا

رکھا یاد تم نے مرے بھولنے کو
عجب لطف کا ہے یہ نسیان تمہارا

بے حوصلہ سمجھ کے وہ ہنستا ہے لے سپہر
روتا ہوں جس کے سامنے کھلکر میں ہائے دل

کیوں نہ ہوا افزائش دشمن کہ قاتل وقت قتل
ہوگئے ایک ایک کے دو ۔ دو ترے ہر وار میں

غصہ کیا اُترا کہ بل ابرو کے سارے مٹ گئے
عارضی جوہر ہیں لے قاتل تری تلوار میں

اپنے زخم دل کو ہم دہولیں کبھی جی کھول کر
آب اتنی بھی نہیں قاتل تری تلوار میں

اسطرح دی مجکو گردش چشم میگوں نے سپہر
نشہ سے جس طرح گردش ہو سر میخوار میں

تکلیف نماز اور ہمیں ۔ زاہد سے عجب ہے
بیٹھے ہوئے کچھ ہم بھی تو بیکار نہیں ہیں

بیکاریوں میں نالہ کریں اور بکا کریں
یہ بھی نہ ہم کریں تو بھلا اور کیا کریں

ہوتا ہے کیوں تلاش بتاں میں خراب دل
چل اپنے گھر میں بیٹھ کے یاد خدا کریں

دل جو مل جائے تو ہے آنکھ ملانے کا مزا
اس سے کیا ہوتا ہے گر تم نے ملائیں آنکھیں

ساغر کشی سے ہاتھ اٹھاؤں میں کسطرح
زاہد نہیں ہیں شیخ نہیں پارسا نہیں

ہم لطف سے تو گذرے یہ تیر اجفا شعار
یہ بھی بڑا ستم ہے کہ ہم پر ستم نہ ہو

لیتا ہے امتحاں تو اب لے کہ پھر کہیں
تو آئے تیغ کھینچ کے اور ہم میں دم نہ ہو

بہائے اشک تو ملجائیں خاک میں افسوس
اور انکے سینہ پہ یوں موتیوں کا ہار رہے

گر انکے نام پہ مٹ کر میں خاک ہو جاؤں
مرا غبار طبیعت پہ ان کی بار رہے

سپہر کو نہ چھٹرا شغل ہرزہ گردی سے
کہ چرخ اسکے تعلق بھی کوئی کار رہے

کہو سپہر سے کہ جائے شراب خانے سے
نہ میرے سر پہ چڑھا صورت خمار رہے

سپہر ۔ منشی سید شرف الدین صاحب ۔ آپ سید امیر حسن صاحب فروغ لکھنوی کے زمرہ

تلامذہ سے ہیں لکھنؤ کی قدیم شاعری کی جانب رجحان ہے اور خط و خال کے مضامین پر فریفتہ ہیں بعض شعر اچھے نکال جاتے ہیں۔ کلام یہ ہے

سوتی ہوئی تقدیر مری قبر کی جاگی
صدقے ترے ٹھوکر کوئی اے ماہ جبیں اور

زخم جگر و دل کا سبب کوئی نہیں اور
ناوک ترا ڈوبا ہے تو نکلا ہے کہیں اور

عاشق کی ترے اُٹھتی ہے میت ترے در سے
اب روٹھ کے جاتا ہے یہاں سے یہ کہیں اور

نگہ ہے جسکی بلا آنکھ فتنۂ عالم
چلے ہیں ملنے اس آشوب روزگار سے ہم

تیرے رخ و گیسو کا ہے سودا مرے سر میں
کٹتی ہے مری عمر اسی شام و سحر میں

ڈوبا تھا مرے دل میں نکلا ہی جگر میں
کیا سحر تھا سفاک ترے تیر نظر میں

سایۂ رحمت ہے سر پر روز حشر
مجرم آئے ہیں بڑے اعزاز سے

کیوں تڑپ کر رہ گئے قلب و جگر
کس نے یہ دیکھا نگاہ ناز سے

مزا الفت کا ہے معشوق کی بے اعتنائی سے
عبث نالاں ہے بلبل باغ میں گل کی جدائی سے

یہ کہتا تھا کہ میرا خون ناحق رنگ لائے گا
وہ مٹی دینے آئے ہیں مجھے دست حنائی سے

کوئی کمبخت مرجائے تو مڑ کر بھی نہ یہ دیکھیں
کلیجہ ہو گیا چھلنی بتوں کی کج ادائی سے

سپہری

سپہری۔ مولوی محمد احمد صاحب خلف مولوی خواجہ انتظام علی ساکن سہانپور مہتمم کوتوالی سرکار نظام دکن۔ اپنے والد کے قیام دکن کی وجہ سے اکثر وطن سے دور رہے اور حیدر آباد ہی میں تعلیم و تربیت پائی۔ فارسی زبان میں شعر کہنا شروع کیا۔ اور مولانا افضل رب عرشی سے اصلاح لینے لگے اور انہیں کی رعایت سے سپہری تخلص اختیار کیا۔ عربی فارسی کی استعداد عالمانہ پایہ کی تھی۔ دری زبان میں اچھا دخل تھا طبیعت میں شوخی۔ رنگینی بلا کی تھی اور فطرتی طور پر سخن گوئی کا مادہ تھا۔ اعلیٰ درجہ کے خوشنویس تھے۔ ہر قسم کے خطوط۔ نسخ نستعلیق شفیعہ۔ ریحاں وغیرہ پر کامل دسترس تھی۔ دوست نوازی۔ مروت۔ زندہ دلی نے انکو مرجع احباب بنا رکھا تھا ۱۳۲۲ھ میں مالک کارخانہ فنون حیدر آباد سے کچھ صحبت آپڑی تو آپ نے ایک ناٹک "قران السعدین"

کے نام سے لکھا۔ ایک اردو فسانہ موسوم بہ فسانہ محبوب بھی لکھنا شروع کیا تھا۔ مگر وہ ناتمام رہا۔ ۱۹۰۵ء میں بمقام بیدر علاقہ دکن بحیات والد بزرگوار زیب خاک ہوئے۔ ۳۸ برس کی عمر پائی۔ اردو کے مقابلہ میں فارسی کلام پختہ تھا۔ ریختہ اردو کا نمونہ یہ ہے ؎

تازہ ستم ہے یار کا مجھسے خفا ہے اسلئے
غضب یہ ہے مرا قاصد یہ مجھسے کہتا ہے
بند ہوئی نہیں دم آخر
نکالو تیغ ستم کو نہ امتحاں کے لئے
روٹھے سے میرے بزم محبت میں ہر طرف

ذبح کے وقت دست و پا تونے عبث ہلائے کیوں
خطا معاف عبث ہیں جناب کی باتیں
کسکا کرتی ہیں انتظار آنکھیں
نگاہ ناز ہی کافی ہے اک جہاں کیلئے
غل ہے۔ خموش ہائے کلیجے نکل گئے

ستم۔ منشی درگا پرشاد خلف اکبر لالہ ہیرالال۔ آپ صاحب گنج کے رئیس تھے ۱۸۵۳ء میں پیدا ہوئے۔ فن شعر میں مولوی حکیم منیر الدین صاحب کیفی کے شاگرد تھے۔ زبان انگریزی سے واقف اور کسی قدر طب جانتے تھے۔ پہلے سرکاری محکمہ جات میں مختلف خدمات پر مامور رہے۔ پھر دنیا سے دل بیزار ہو گیا۔ سلسلہ نانک شاہی میں فقیرانہ اور آزادانہ زندگی بسر کی۔ علماء و فقرا سے ربط رہا۔ کبھی کبھی مجلس وعظ و سماع میں بھی شریک ہو جاتے تھے۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے تھے۔ آپ نے ۱۹۰۷ء میں انتقال کیا۔ فقرائے اسلام کی صحبت کے باوصف تناسخ کے قائل تھے اور کلام سے تصوف اور معرفت کی بو آتی ہے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے

ہر رنگ میں تمہارے ہیں ہم صوت آشنا
کہتا تھا ہائے ہجر کا مارا ہوا کوئی
ہمیشہ جا جا کے پھر پھر آنا یہی تماشے ہوا کرینگے
جو دل پھٹا ہے تو کچھ نہیں غم کہیں رفو گر کو جانتے ہم

دھوکا ہے وہ جو تمہیں پہچانتا نہ ہو
دشمن بھی اپنے دوست سے یا رب جدا نہ ہو
ہوا رہیگی خلاف جبتک تو الٹے دریا بہا کرینگے
تیار انکو کا کچھ نہیں کم جیب گئے جبتک سیا کرینگے

ستم۔ میرزا محمد عسکری صاحب باشندہ لکھنؤ۔ آپ جناب یکتا سے تلمذ رکھتے ہیں۔ رسمی قابلیت کے شاعر ہیں ۱۸۸۲ء کے گلدستہ پیام یار میں ان کی ایک غزل شایع ہوئی تھی جس کا

انتخاب یہ ہے ؎

اے آسماں دھوئیں ہیں یہ عاشق کی آہ کے	ٹکڑے اُڑے ہیں بنکے جو ابر سیاہ کے
تربت ہماری سایہ نرگس میں چاہئے	مارے ہوئے ہیں ہم کسی چشم سیاہ کے
سینے میں قتل ہوتا ہے دل۔ دل میں آرزو	جوہر غضب کے ہیں تری تیغ نگاہ کے
دل کو ستم کے لے کے مکر جائینگے ضرور	تیور یہ کھ رہے ہیں کسی کی نگاہ کے

سجاد

سجاد ۔ جھنجھانہ ضلع مظفر نگر کے رہنے والے ایک زندہ دل۔ مذاق پسند سخن سنج تھے۔ نام معلوم نہ ہوا۔ انکے بڑے بھائی حکیم ساجد علی اٹھارویں صدی کے اخیر میں اپنے ہمعصروں میں خوش خلقی اور نیک طینتی کے باعث ممتاز تھے۔ یہ خود بھی قابل اور صاحب استعداد تھے۔ یار باش تھے۔ فن تاریخ اور موسیقی میں کمال حاصل تھا۔ مرثیہ گوئی کا بھی شوق تھا۔ مگر طبیعت ہزل اور فحش گوئی سے مانوس تھی۔ شاعری کی تمام کائنات میں ہجووں کا انبار ہے جو فحش ہونیکی وجہ سے قابل اندراج نہیں۔ تاہم انکے کلام میں ابتدائی اردو اور اگلے وقتوں کے الفاظ موجود ہیں ۱۲۶۸ھ میں زندہ وسلامت تھے۔ دو شعر تبرکا درج ہیں ؎

جو ہمارے سر پہ گذری منہ سے کہنا ہی عبث	تیغ سے قاتل کے جا پوچھو ہماری سرگذشت
سوتا کیا ہے زلف منہ پہ رکھے	اُٹھ میاں دونوں وقت ملتے ہیں

سجاد

سجاد ۔ صورت آشنائے معانی۔ رمز شناس سخن دانی۔ جناب علی سجاد صاحب عظیم آبادی۔ دور جدید کے مشہور مضمون نگار اور نامور علمی طبقہ میں انکا شمار ہے۔ آپ سرکاری ملازمت کی حیثیت سے بغداد میں بھی رہ چکے ہیں۔ اردو کے مشہور رسالہ مخزن میں "یلدرم" کے نام سے جو مضامین نکل چکے ہیں وہ آپ ہی کے زور قلم کا نتیجہ ہیں۔ اب ان مضامین کا مجموعہ خیالستان کے نام سے شایع ہو چکا ہے۔ کتاب محل خانہ جو آپنے مراۃ العروس کے طرز پر لکھی ہے طبقہ نسوان میں مقبول ہے ۱۹۰۸ء میں دوران قیام کلکتہ میں راقم تذکرہ سے آپ کی ملاقات ہوئی تھی اُسوقت آپکی عمر ۳۷ برس کی ہوگی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ آپ واجد علیشاہ اور مٹیا برج

کے حالات میں ایک تاریخ لکھ رہے تھے۔ یوں تو آپ سخنور سحر مقال اور مرقع رنگین بزم خیال ہیں بندش چست اور شعر ہر پہلو سے درست ہوتا ہے۔ مگر ادبی حلقوں میں آپ کی وہ شاعرانہ نثر، کا پایہ نظم سے زیادہ بلند ہے۔ ہندوستان میں سب سے پہلے مولف تذکرہ کو یہ فخر حاصل ہوا ہے جو آپ کا بہترین کلام ملک کے سامنے پیش کر رہا ہے۔

آپ راجہ صاحب محمود آباد کے پرائیویٹ سکرٹری بھی رہ چکے ہیں ۱۹۰۸ء میں بمقام کلکتہ سکونت پذیر تھے۔ اب ترک سخن کر دیا ہے۔ رسائل میں مضامین بھی نظر نہیں آتے جواہر انکار یہ ہیں ؎

ساتھ غیروں کو جو اُسکے سر محفل دیکھا
جواب کچھ نہ دیا سر سے پاؤں تک دیکھا
فراق ساقی مہوش میں خون پیتے ہیں
آج شورِ نشۂ مے نے کیا افسوں کیا
آپ نے دیکھا کہ ہم بے تیغ و خنجر مر گئے
ہوتی ہے سجاد ہر شئے اصل کی جانب رجوع
حضرتِ دل نے مرے پایا ہے تجھ کا مزاج
کسی کے دوش پہ گیسو پریشاں ہوتے جاتے ہیں
نہیں آتے ہیں وہ انکا خیال آتا ہے رہ رہ کر
وہی ساماں عجب پہلے باعث رنج و مصیبت تھے
یہی نیرنگِ عالم ہے تو اک پہر دن اندھیرا ہی
سبب کیا ہی کلی دل کی ہائے کیوں نہیں کھلتی
مریضِ ہجر ہوں سجاد جو دم ہے غنیمت ہے
تجھ میں ہے آگ بھی تھوڑی سی جلا دے ای جسم

دل نے دیکھا مجھے میں نے طرفِ دل دیکھا
دبی زبان سے جو کل اک سوال ہم نے کیا
یہ وہ شراب ہے جسکو حلال ہم نے کیا
کل نہ میں گستاخ تھا آنا نہ وہ بیباک تھا
بیچئے اک جنبشِ مژگاں میں قصہ پاک تھا
خاک میں کیونکر نہ مل جاتا کہ آخر خاک تھا
جو میسر نہ ہوا اُس چیز کا مائل دیکھا
نئے سر سے مری وحشت کے ساماں ہوتے جاتے ہیں
اسی صورت سے مجھپر انکے احساں ہوتے جاتے ہیں
عزیز خاطر قیدیٔ زنداں ہوتے جاتے ہیں
زمیں میں کیسے کیسے چاند پنہاں ہوتے جاتے ہیں
بہار آئی چمن میں گل بھی خنداں ہوتے جاتے ہیں
بہت مایوس مجھسے اہل درماں ہوتے جاتے ہیں
میری تربت کی جگہ گور غریباں میں نہیں

کام آجائے تری راہ میں جب ہم جائیں
یوں تو کہنے کے لئے دوش پہ سر رکھتے ہیں

گل سے بدن کا رنگ نکلا ہی پھوٹ کر
پہنے ہوئے وہ شوخ گلابی قبا نہیں

کیوں آپ سر جھکاتے ہیں ذکرِ وصال پر
میں نے تو منہ سے نام کسی کا لیا نہیں

جو دل میں آتے آتے زباں تک مشتعل ہو
وہ غیر کی دعا ہے ہماری دعا نہیں

شاید بر آئی ہو کوئی اس دل کی آرزو
مجھکو تو یاد ہے کبھی ایسا ہوا نہیں

اک سانحہ عظیم ہوا آج شہر میں
سجاد مر گیا ارے ظالم سنا نہیں

انکی الفت کی نگاہیں بھی ستم پرور ہیں
مصلحت بیں ہیں عجب طرز نظر رکھتے ہیں

میں یہ سمجھا کہ میرے حال پہ جنگل بھی روتا ہے
جو دیکھا دامن صحرا میں ہنستے آبشاروں کو

بہت آسان ہے عرض مدعا کو طول دینا
وہ تنہا مل گئے گر راہ میں امیدواروں کو

وہ جلسے لکھنؤ کے یاد اے سجاد آتے ہیں
یہ آنکھیں ڈھونڈتی ہیں رات دن ان دوستداروں کو

بلبل نہ ہواں گلوں پہ مغرور
رہنے کا نہیں یہ حسن ہمیشہ

نہ افسردہ نہ وہ اندوہگیں ہے
مرا مرنا مگر مرنا نہیں ہے

شبنم نہیں ہے اشک ہیں دیکھو قریب سے
روئی بہار مل کے گلے عندلیب سے

وارفتگی نے اب نہ رکھا کچھ بھی امتیاز
کہتے ہیں اس کا حال ہم اپنے رقیب سے

بت پھر گئے بلا سے خدا تو پھرا نہیں
ہے جائے شکر گر ہے شکایت نصیب سے

مجھسے نہ آپ حضرت موسیٰ چھپائیے
سنتا تھا میں جو ہوتی تھیں باتیں قریب سے

جاتا رہے گا سارا مزا دردِ عشق کا
اچھا یہی ہے حال نہ کہنا طبیب سے

خبر مرنے کی سنکر میری بولے
کوئی دنیا میں کیا مرتا نہیں ہے

کسی کی شکل جب سے دیکھ لی ہے
طبیعت میری قابو میں نہیں ہے

مریضِ غم سنبھل جائے تو جانیں
سنا ہے کل سے حال اچھا نہیں ہے

مرحلہ عشق کا آسان ہوا مشکل سے
دم نکلنے کو تو نکلا پہ ذرا مشکل سے

اپنی صد سالہ عبادت پہ نہ جا نازاہد
کیا کہوں بے اثری سے مجھے شرم آتی ہے
تیغ بھی تیز سہی ہاتھ بھی چالاک سہی
مہر والفت کا عجب کال پڑا ہے سجاد
نہ ہوگی بعد مرے ان کو قدر آرائش
مجھے بھی آج وہ مقتل میں سرفراز کریں
وہ اپنی تیغ زنی پر کمال نازاں ہیں
چمکا جو نہ آئیگی خورشید کو اس آتشیں رو سے
یہ حالت ہے کہ دشمن کا کلیجا منہ کو آتا ہے
کہاں نصیب جو اس در تلک رسائی ہو
یہ دل ہے شیشہ سے نازک ذرا خیال رہے
نہ کر صیاد اتنا ظلم طاقت ہی کہاں غم سے
یہ کیسی زندگی ہے روز جیتا اور مرتا ہوں
ہوئے واں زینت افزائے بساطِ عیش دشمن وہ
اگر ہے دید کا طالب نگاہِ شوق پیدا کر
طلب گر نعمت اعلیٰ کی ہے کم پر قناعت کر
خدا بخشے بیابانِ جنوں میں گو اکیلا تھا
جلوۂ حسن صنم اپنی دکھائے جو کشش
ایک کے دم سے یہ سب دشت کی آبادی تھی
ختم کی ہو خبر کوئی جام ادھر اے ساقی
پڑ رہے جا کے کسی ٹوٹی ہوئی مسجد میں

اس ریاضت میں بھی ملتا ہے خدا مشکل سے
دونوں ہاتھ اٹھتے ہیں اب پھر دعا مشکل سے
دیکھنا پھر بھی کٹے گا یہ گلا مشکل سے
آج کل ملتے ہیں اربابِ وفا مشکل سے
کروں سلام جو آئینہ روبرو ہو جائے
خدا کرے کہ شہیدوں میں آبرو رہ جائے
عجب مزا ہو جو ثابت رگِ گلو رہ جائے
ہلالِ عید کٹ جائیگا اب شمشیر ابرو سے
رہیگا یاد برسوں دل کا چھٹنا اپنی پہلو سے
ملے جو رستے گلی میں سلام کر لینگے
لگی جو بیٹھیں تو پھر تم سے دام کر لینگے
قفس کو لیکے کیا اڑ جائینگے بے بال و پر ہم سے
کسی کے وصل کی امید ہو اور ہجر کے غم سے
گلے مل مل کے یاں روئی تمنا رات بھر ہم سے
نہ تو باہر ہے عالم سے نہیں باہر ہوں عالم سے
گلوں کو دیکھ پیاس اپنی بجھا لیتے ہیں شبنم سے
بڑی رونق تھی لے سجاد پھر بھی قیس کے دم سے
بت نکل آئیں ابھی دید کو بتخانے سے
اب وہ رونق نہ رہی قیس کے مر جانے سے
تشنہ لب آج ہمیں جاتے ہیں میخانے سے
رات کو ہم جو نکالے گئے بتخانے سے

چلیوؤں غم سے گھٹا خون مرے دشمن کا ۔ مے جو دی اس نے چھلکتے ہوئے پیمانے سے
ان حسینوں کو نہ رحم آئیگا ہرگز سجاد ۔ سر ٹپکنے سے نہ کچھ ہوگا نہ مرجانے سے
بڑے ریاض سے سینے میں دلکو پالا ہے ۔ اندھیرے گھر کا ہمارے یہی اجالا ہے
بہار دیکھ تو تارِ نظر میں اشکوں کی ۔ عجیب بیش بہا موتیوں کا مالا ہے
دکھائی دیتے ہیں سب ایک رنگ میں ڈوبے ۔ ترے دیار میں گورا نہ کوئی کالا ہے
یہی تو وصف ہے سب اپنے رنگ میں ہیں ایک ۔ تمہارے باغ میں جو پھول ہے نرالا ہے
خدا زیادہ کرے داغِ سینۂ عشاق ۔ نظر اٹھا کے جدھر دیکھئے اجالا ہے
تمہاری یاد میں تھا رخنہ زن خدا شاہد ۔ خیال غیر کو کس طرح سے ٹالا ہے
زبان تیغ سے بیجا نہیں ہے پرسشِ حال ۔ وہ راہ کرتے ہیں دل میں کہ آرزو نکلے
ٹھہر ادب سے ذرا قتل کر مجھے قاتل ۔ غضب ہو گر وہ قریب رگِ گلو نکلے
مریض غم کی اجل آچکے تو وہ آئیں ۔ بدن سے جان نکل لے تو آرزو نکلے
نوید امن ہے سجاد دشمنی اُن کی ۔ وہ جسکے دوست ہوئے اُسکے سب عدو نکلے
بعد مدت کے جو زندان بلا سے چھوٹا ۔ دیر تک پاؤں سے لپٹی رہی زنجیر مری
اک سہارا ترے ملنے کا تھا وہ بھی نہ رہا ۔ آہ کھتی ہے کدھر اڑ گئی تاثیر مری

سجاد ۔ شیخ سرفراز علی ولد شیخ سجاد علی ۔ ابن شیخ مراد علی داروغہ نواب امین الدولہ بہادر تمشیر الملک قایم جنگ ۔ ناداں محل لکھنو میں بود و باش رکھتے ہیں ۔ ۵۵ برس کی عمر ہے ۔ چھچھ خوبصورت رنگین مزاج ہیں ۔ مثنوی شعلۂ عشق ۔ شگوفۂ عشق ۔ گلشن عجائب وغیرہ زمانہ شباب کے کارنامے ہیں جنمیں آپ بیتی حسن و عشق کی داستانوں کو بیان کیا ہے ۔ دیوان کے علاوہ نصیحت اطفال و قصہ عاقل وزیر کے بھی مصنف ہیں ۔ جوانی کا زمانہ فیض آباد میں کٹا ہے معلمی کے ذریعہ بسر اوقات ہوتی ہے ۔ عملیات اور نجوم کا شوق ہے ۔ تاریخ گوئی کیطرف بھی متوجہ ہیں ۔ فن سخن میں خواجہ عبدالرؤف عشرت سے تلمذ ہے ۔ غربت سے بسر ہوتی ہے

سجاد

لیکن خوددار اور قانع شخص ہیں۔ مضمون آفرینی خیال آرائی کو معاملہ بندی پر مقدم سمجھتے ہیں انکا دیوان تیار ہے چند شعر درج ذیل ہیں۔

حال کھلتا ہی نہیں تقدیر کی تحریر کا	کیا قلم ٹوٹا ہوا تھا کاتب تقدیر کا
گیسوؤں رخ کی اگر آٹھ پہر یاد نہ ہو	دن کو یہ آہ نہ ہو رات کو فریاد نہ ہو
پس دیوار جو میں نالہ کناں جا نکلا	ہنسکے فرماتے ہیں دیکھو کہیں سجاد نہ ہو
باتیں نکر سکے وم مرگ آشنا کے ساتھ	آنسو کی طرح دم نکل آیا صدا کے ساتھ

سجاد

سجاد۔ میر علی سجاد صاحب۔ خلف میر حیدر علی باشندۂ موضع کھڑا پرگنہ بلیہ۔ آپ الہ آباد میں محافظ دفتر کلکٹری تھے۔ میر علی اوسط رشک کے شاگرد تھے۔ ایک دیوان ان کی یادگار تھا۔ معلوم نہیں کہ شائع ہوا یا گم نامی کی نذر ہوگیا۔ طرز بیان میں اپنے استاد کے نقش قدم پر چلتے ہیں ؎

صدقہ ترے قد پہ لاکھوں خوش قد	آنکھوں پہ فدا ہزار آنکھیں
گلرنگ ہیں آستین و دامن	دکھلاتی ہیں کیا بہار آنکھیں
دو دن میں یہ گھٹ گئی محبت	کرتے نہیں مجھسے چار آنکھیں
ان آنکھوں پہ دم نکل رہا ہے	مجھپر نہ نکال یار آنکھیں
روئیں یہ لہو سترہ کی خاطر	سجاد کی ہیں فگار آنکھیں

سجاد

سجاد۔ صاحبزادہ محمد سجاد علیخاں صاحب نبیرہ صاحبزادہ ہادی علیخاں۔ آپ نواب صاحب رامپور بہادر کے خاندان سے ہیں حضرت احسان رامپوری تلمیذ حضرت داغ کے شاگرد ہیں۔ موزوں طبع۔ قافیہ پیما ہیں اور خاصہ شعر کہہ لیتے ہیں۔ کلام یہ ہے۔

کیں منتیں بھی ہاتھ بھی جوڑے وصال میں	آئی نہ میری بات پر ان کے خیال میں
سجاد بھول کر نہ کیا اس نے مجکو یاد	آٹھوں پہر گذرتے ہیں جنکے خیال میں
صدمہ ہو دل پہ کیوں مرے لب پر فغاں نہو	ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہو

زاہد بتائیں راہ تمہیں ہم ثواب کی	بازار میں لگا دو سبیل اک شراب کی

سجاد

سجاد ۔ نواب میرزا محمد سجاد علیخاں عرف نواب منشے صاحب خلف دوم نواب میرزا محمد جعفر علیخاں بہادر نواب شیش محل ۔ آپ نہایت طباع اور ذہین ہیں ۔ عربی فارسی انگریزی میں دستگاہ حاصل ہے ۔ ابتدائے سن شعور سے طبیعت شعرگوئی کیطرف مائل ہے مشاعروں میں شریک ہوکر اپنے کلام بلاغت نظام سے سامعین کو محظوظ کیا کرتے ہیں شعرگوئی میں حضرت مشتاق لکھنوی سے تلمذ ہے ۔ نہایت رنگین طبع اور خوش مزاج شخص ہیں وہ لکھنؤ کی ٹکسالی زبان پر قادر ۔ روزمرہ محاورات کو برتنے میں طاق ہیں ۔ طبیعت میں آمد زیادہ اور آورد کم ہے ۔ معاملہ بندی کیطرف میلان خاطر ہے ۔ اگرچہ شعر کم کہتے ہیں مگر جتنا کلام ہے خوب ہے ۔ طبع عالی کا نمونہ یہ ہے ؎

شباب گلشن ہستی میں خواب تھا گویا	کھلی جو آنکھ تو پھر موسم بہار نہ تھا
لب تک آ آکے شب ہجر رکا تھا نالہ	منہ سے کس طرح نکلتا کہ ترا راز بھی تھا
ترا زانو تھا مرا سر تھا جو ہنگام غشی	عشق کو حسن پہ اسوقت بڑا ناز بھی تھا
بڑھیگی تیرگی شام تربت عاشق	ہوا سے گل نہ کہیں ہو چراغ مدفن کا
شباب کھتا ہی ملکیہ اُسکی طفلی سے	بدلتا جاتا ہے اب طور تیری چتون کا
زمین اُس جا سے شق ہو جائیگی صحرائے وحشت کی	پڑیگا عکس جب جا پر مرے چاک گریباں کا
سامنے ہے آئینہ تیغ نظر ہوتی ہے صاف	کچھ خبر اسکو نہیں ہے کون بسمل ہو گیا
کوئی کہدے یہ اب لٹنے مسافر کو رخصت	رگوں سے کھنچکے آنکھوں میں کاہی آکے دم میرا
تلاش یار میں صحرا نوردی ایسی کی میں نے	کہ سر پھرتا ہے وحشت میں جو رکتا ہی قدم میرا
وطن چھوڑا بسایا دشت غربت انکی خاطر سے	اب آگے حضرت دل دیکھیں کیا ارشاد کرتے ہیں
بتوں کے رنج سہکر ہم خدا کو یاد کرتے ہیں	کبھی خاموش رہتے ہیں کبھی فریاد کرتے ہیں
مونس نہیں رفیق نہیں ہم نفس نہیں	کوئی شب فراق میں فریاد رس نہیں

جب دیکھو حسنِ حور کا شہرہ ذکر ہے
واعظ سا بھی جہاں میں کوئی بوالہوس نہیں

بلبل یہ بولی آہ سرِ بار کھینچ کر
اب آج یا تو ہم نہیں یا یہ قفس نہیں

مجھکو تو دل سے بھائی ہے ساقی کی چشمِ مست
وہ دیکھنے کی آنکھ ہے جسمیں کہ رس نہیں

ہو چکے ایسے بہت اقرار بس رہنے دیجئے
منہ نہ اب کھلوائیے اے یار رہنے دیجئے

چودہواں سال ہے باہر نہیں نکلے گھر سے
آپ کیا جانیں ابھی درد و مصیبت کیا ہے

آ چکی شب یہیں رہجائیے اے بندہ نواز
کل سپ چلے جائیے گا ایسی بھی عجلت کیا ہے

سجاد وصلِ یار مبارک ہو آپ کو
برسوں کے ایک رات میں ارمان نکل گئے

نہ ہو ذرا سا بھی غم مجھکو گر ہوں سب دشمن
جو ایک دم کیلئے میرے پاس تُو آئے

اگر میں غیر سے ملتے ہوئے اُسے دیکھوں
بجائے اشک مری آنکھ سے لہو آئے

تجھے غرور ہے ہستی پہ اپنی رو ہما قتل
کوئی حباب نظر جب گیا ہے جو آئے

بوتل سے بیٹھے اُٹھی نہیں بزم میں ساقی
اُڑنے کا ارادہ کیا شیشے کی پری نے

حوادث سے ڈریں کیا وحشیِ عشق
لپٹے دامن میں صحرائے بلا کے

سجاد

سجاد - منشی سجاد علی۔ حیدرآبادی۔ حضرت ظہیر دہلوی مرحوم کے تلامذہ سے ہیں۔ طبیعت رسا ہے ذہن میں جولانی ہے۔ رسالہ کمال دہلی ۱۹۱۱ء سے چند شعر منتخب کئے ہیں جو خیال کی رفعت اور شوخیِ طبع کی دلیل ہے ؎

اثر اب بھی ہے اتنا اضطرابِ جوشِ وحشت کا
کہ اُڑ جاتا ہے کھنچتے کھنچتے نقشہ میری صورت کا

وفا کیسی کہاں کا عشق سب کہنے کی باتیں ہیں
بھرم دو دن میں کھل جائیگا غیروں کی محبت کا

سمجھ ایسے شوق سے رکھدیتے ہیں گردن تہِ خنجر
قضا منہ چوم لیتی ہے شہیدانِ محبت کا

سجاد

سجاد - صاحبِ طبع وقاد۔ نواب سید سجاد میرزا صاحب سجاد دہلوی خلف الصدق معین الدولہ صفدر الملک ذوالفقار الدین حیدر خاں افتخار جنگ بہادر المعروف نواب ناظر حسین میرزا مرحوم ابن نواب حسام الدین حیدر خاں نامی۔ آپ کو اوائلِ عمر میں میرزا غالب

سے مشورہ رہا پھر میرزا قربان علی بیگ سالک کے شاگرد ہوئے سنہ ۱۳۰۵ھ میں جب کہ آپ صاحب کمشنر کے ہمراہ تھے۔ گھوڑے سے گر کر انتقال کیا۔ میرزا عبد الغنی ارشد اور میر شاہجہان کامل نے وفات کی تاریخیں کہیں "بیٹھکر رنج و غم سے کھینچوں آہ" ۱۳۰۵ھ "ہے ہے ازپشت اسپ افتادہ" ۱۳۰۵ھ ان مصرعوں سے مادۂ تاریخ نکلتا ہے۔ حضرت سجاد کے والد نے لڑکپن سے عالم پیری تک غالب مرحوم کی مصاحبت میں معتد بہ علمی فوائد اٹھائے۔ اور انہیں سے فارسی پڑھتے رہے۔ گو وہ سخنور نہ تھے۔ مگر سخن فہمی میں بے نظیر تھے اور بادشاہ کے ساتھ خواصی میں بیٹھنے والے خاندانی امیر۔ آخر اپنے چہیتے بیٹے کے غم میں دیوانہ ہو کر مر گئے۔ انہیں مرثیہ خوانی میں بھی کمال حاصل تھا۔

میرزا سجاد نہایت پاکیزہ خیال۔ جادو مقال شاعر تھے۔ حسن صورت بھی رکھتے تھے پیرایۂ بیان دل گداز اور تخیل کرشمہ ساز تھی اگر کچھ دنوں اور زندہ رہتے تو کہنہ مشقی اور پختگی کے قلمرو سخن میں اپنے نام کے ڈنکے بجا دیتے۔ آپ کی معدن فکر کے گوہر نذر ناظرین ہیں۔

آئینہ خانہ میں ہے محو خود آرائی کا
واہ کیا شوق ہے دعویٰ اسے یکتائی کا

غیر کا کوچہ ہی اور گرد ہے لڑکوں کا ہجوم
ہے محبت میں یہ سامان مری رسوائی کا

آپ کے پند و نصائح ہیں بجا سب واعظ
عقل اس وقت میں اک نام ہے بن آئی کا

انگلیاں شہر میں اٹھتی ہیں جدھر جاتا ہوں
اور بھی دھوم ہے عالم مری سودائی کا

کچھ بھی غیرت ہے تو در سے ترے پھر جاؤں گا
دیکھ کر نقش مری ناصیہ فرسائی کا

اب تصور میں بھی مجھکو نظر آتے نہیں تم
ماجرا پوچھتے کیا ہو شب تنہائی کا

غیر کو ڈھونڈنے اس در پہ چلے جاتے ہیں
سینے اک رنگ تو ڈالا ہے شناسائی کا

یہ جو دیوانہ سا پھرتا ہے وہی ہے سجاد
شہر میں شور تھا جس شخص کی دانائی کا

نفی غیر ہے کہ نہیں مجھکو رشک غیر
جسمیں کچھ شکل و شمائل مری ملتے دیکھی

یوں تہی دست ہوں کہ نہیں آ رہے دوست
اسکو وہ ہو کے سے تیرے قتل کیا میرے بعد

میرے سیاہ حال کی تقریر ہے وہ زلف	روز سیاہ نالۂ شبگیر ہے وہ زلف

سجاد

سجاد ـ حکیم میر سجاد اکبر آبادی ولد میر محمد اعظم ـ شعرائے قدیم میں سے ہیں ـ شاہ مبارک آبرو کے شاگرد تھے ـ فکر شگفتہ اور استعداد علمی معقول تھی ـ قدرت اللہ شوق اپنے تذکرہ میں رقم طراز ہیں کہ انکا کلام نہایت شیریں اور دلفریب ہوتا تھا ـ کلام میں متانت سخنگی کے علاوہ عضب کی ہمواری ہوتی تھی ـ اپنے زمانہ کے اعتبار سے واقعی اچھا شعر کہتے تھے ـ مگر خیالات میں زیادہ پرواز نہ تھی ـ جسقدر کلام دستیاب ہوا اُسکا انتخاب یہ ہے ـ

تجھکو اے سجاد غیر از خنجر بیداد کے	اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے پھل دیا
یار سے دل ملا وہ غیر سے	نہ دل اپنا ہوا نہ یار اپنا
جان و دل سب قبول ہے جانا	پر گلی میں تری مجھے آنا
جلنے سے صدق دل کے سبب بچ گیا خلیل	وہ بات نہ ہیگی سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ
یہ دھواں سا فلک ستاروں سا تھ	نظر آتا ہے اک جلا کاغذ
دل کی جمعیت نہ کھو دل کھول کر	ہوئے ہے غنچہ پریشاں بول کر
ایک دل رکھتا ہوں جو چاہے سو لیجائے اُسے	خواہ زلفیں خواہ ابرو خواہ مژگاں خواہ چشم
جب ہم آغوش یار ہوتے ہیں	سب مزے درکنار ہوتے ہیں
اب تو ہم نے کیا گریباں چاک	تیرے دامن کو کس طرح چھوڑیں
کس طرح کوہ کن پہ گذریں تھیں	ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں
ہیں شیشیاں شراب کی پیار سے بھری ہوئیں	آنکھیں نشہ کے بیچ تمہاری گلابیاں
جب لگے ہے ترے دہن گلیان	منہ سے غنچہ کے پھول جھڑتے ہیں
لب شیریں پہ اُس کے مرتا ہوں	زندگی اپنی تلخ کرتا ہوں
عشق میں جان سے گئے لاکھوں مارا	بے طرح دل ہوا ہے آوارہ
بے تکلف ہو نیست سر پہ چڑھی ہی سجاد	دختر رز بھی عجب طرح کی مستانی ہے

عاشقوں کا سجن لہو پی پی	دم بدم تیری تیغ اُگلے ہے
پانوں جنگل میں وہ رنے دیتے نہیں	کیا پھولوں نے سر اٹھایا ہے
بتوں کے تئیں کس قدر مانتا ہے	یہ کافر مرا دل خدا جانتا ہے
رات اور زلف کا یہ افسانہ	قصہ کوتہ بڑی کہانی ہے

سجاد

سجاد ۔ جناب مستطاب منتظم السلطنت جنرل برادر السلطان نواب ذوالفقار الدولہ سید محمد سجاد علیخانصاحب بہادر تیغ جنگ رئیس لکھنؤ۔ آپ مٹیا برج کلکتہ میں بادشاہ کے ہمرکاب تھے۔ انکی ہمشیرہ نواب نشاط محل بادشاہ کے ممتاز محلوں میں سے تھیں۔ آپ کو شاعری کا شوق تو لڑکپن سے تھا۔ مگر بادشاہ کی صحبت نے سیف طبع پر اور بھی صیقل کردی اور اچھے خاصے شاعر بن گئے۔ آپ ایک غزل کے مقطع میں خود ارشاد فرماتے ہیں ؎

قرب سے اختر کے لے سجاد یوں چمکے ہیں	جسطرح تاباں ستارہ ہو مہ کامل کے پاس

کلام بلاغت نظام یہ ہے ؎

پھر پرسش جب نہ ٹھیرا دہ تن بسمل کے پاس	کروٹیں لیتا ہوا الاشہ گیا قاتل کے پاس
کم سنی کہتے ہیں اسکو ذبح کرکے ڈر گیا	خوف سے آتا نہیں قاتل تن بسمل کے پاس
یہ کسکے نور سے معمور ہے تصویر مٹی کی	کہ چشمک زن ہے مہرو ماہ پر تنویر مٹی کی
بہت دشوار ہے تربت میں ٹھیری اب جا اپنا	ہوائے کوچہ جاناں ہے دامن گیر مٹی کی
جنوں میں پنجۂ وحشت نے ایسا زور بخشا ہے	کہ میرے سامنے ہے آہنی زنجیر مٹی کی
محبت کا مزا ہے جان جاتی ہے حسینوں پر	کوئی ہسکا مداوا کیا کرے تاثیر مٹی کی
ہماری قبر پر وہ فاتحہ پڑھنے کو آتے ہیں	سُلا کر ہمکو جاگی ہے مگر تقدیر مٹی کی
اُڑایا ذرہ ذرہ کرکے میری خاک تربت کو	یہی لازم تھا انکو خوب کی توقیر مٹی کی

سجاد

سجاد ۔ میر سجاد حسین صاحب جاگیردار بڑودہ۔ انکے بزرگ سہسوان کے رہنے والے اور سرکار بڑودہ میں اپنی سپاہیانہ کارگذاریوں کی بدولت صاحب سوخ ممتاز تھے سرکار

بڑودہ سے ابتک انہیں جاگیر ملتی ہے۔ موزوں طبع ہیں بعض شعر اچھے نکال جاتے ہیں۔

رکتی ہے روکنے سے بھی انکی زباں کہیں
باتیں سنائیں فقرے کسے پھبتیاں کہیں

فرقت میں اسقدر ہوئے ہم خوگر ستم
اب خوف ہے وہ ہم پہ نہوں مہرباں کہیں

آتا ہے شوخیوں کا مزہ بھولے پن کیساتھ
ہو جائیں بچپنے میں وہ بارے جواں کہیں

لطف سے جو بات کی در پردہ وہ بیداد کی
مرحبا کیا بات ہے ظالم تری ایجاد کی

جان شیریں دیتے ہی شیریں کو اپنا کرلیا
قسمت خسرو سے کوشش بڑھ گئی فرہاد کی

سجاد

سجاد۔ منشی سجاد حسین نائب تحصیلدار تحصیل ضلع مرزاپور۔ آپ میرزا قائز بنارسی کے شاگرد ہیں انداز بیان سے کہنہ مشق معلوم ہوتے ہیں۔ زبان بھی سلیس ہے۔ خلاصہ افکار یہ ہے۔

تمہارا حسن ہے بس اعتبار کے قابل
ہزار ہیچ ہو ہیں اک شمار کے قابل

ہزار تم کہو آؤں گا میں نہ مانوں گا
یہ کوئی بات بھی ہے اعتبار کے قابل

برا ہو الفت خاک دیار قاتل کا
کہ میری لاش کو رکھا نہ چار کے قابل

دیئے ہیں داغ فلک نے یہ سوچکر دل میں
یہی تو داغ ہیں اس لالہ زار کے قابل

ٹپکتے اشک جو دیکھے تو پیار سے بولے
ہے ایک ایک گہر اسکا ہار کے قابل

گلے کا ہار نہ تم ہیں میرے توڑ کے پھینک
ارے یہ پھول ہیں میری مزار کے قابل

ہزار بار گلے پر لگا کے تیغ نکلے
مجھے سمجھتے تھے وہ ایک وار کے قابل

نہ فکر تم کرو سجاد شعر گوئی کی
یہ سختیاں ہیں کہاں جان زار کے قابل

سحاب

سحاب۔ کنور گوپال سنگھ صاحب مرحوم خلف الرشید راجہ سالگرام و برادر زادہ لالہ دیبی سنگھ مدار المہام وزیر اکبر شاہ ثانی دہلی کے مشاہیر عمائد اور اپنے وقت کے ممتاز وکیلوں میں شمار کئے جاتے تھے۔ آپکے دادا راجہ جیکھ رائے اکبر شاہ ثانی کے عہد میں مدار اور چچا اوائل عہد بہادر شاہ ثانی کے زمانہ میں مقرب و مختار شاہی رہے۔ راجہ دیبی سنگھ اپنے وقت کے منشی بے بدل اور زریں رقم متصور کئے جاتے تھے۔ تحریر شقہ جات خاص طور پر انکے زور قلم اور

جواہرنگاری کا نمونہ ہے۔ کنور صاحب نے قدیم رسم و نقطۂ خیال کے بموجب گھر پر امیرانہ طریقہ پر تعلیم پائی تھی۔ لالہ رامجیداس گڑوالہ کی صاحبزادی ان سے منسوب تھیں جو موجودہ سرپرست خاندان رائے بہادر لالہ سری کشنداس کی پھوپی تھیں آشوب غدر اور قلعۂ شاہی کے بگڑ جانے سے معیشت کیطرف سے وہ آسودگی اور فراغ البالی جو پشتوں سے حاصل تھی نہ رہی کئی لاکھ روپیہ جو بادشاہ سے لینا تھا وہ سب تباہی قلعہ میں کارانگریزی نے ضبط کرلیا۔ تاہم کنور صاحب نے اپنی لیاقت سے دو تین ہی برس میں وکالت کی سند حاصل کرلی اور اچھے کامیاب وکیل ہوگئے اور بزرگوں کی امارت کو ایسا چمکایا کہ "آب رفتہ بجوے آمد" کے مصداق ہوگئے اور بزرگوں کی جائداد دوبارہ خرید کرلی۔ آپکے دو صاحبزادے تھے کنور منوہر لال۔ کنور سری رام۔ افسوس ہے کہ ان دونوں کا انتقال ہوگیا۔ کنور جواہر سنگھ خلف راجہ دیبی سنگھ۔ اب اس خاندان کی یادگار ہیں جو راقم تذکرہ کے عنایت فرما ہیں۔ کنور صاحب شعر قابل تحسین فرماتے۔ امیرانہ وضعداری زندہ دلی۔ دوست نوازی میں فرد تھے۔ انگریزی میں دستگاہ اچھی تھی خلق و مروت طینت میں داخل تھا۔ مؤلف تذکرہ کے والد سے دوستانہ تعلقات تھے۔ ۱۸۸۵ء میں انتقال فرمایا۔

گو کبھی کبھی شعر کہتے تھے مگر ایں ہمہ حق سخن ادا کردیتے تھے۔ حکیم غلام مولی بخش قلق ارشد تلامذہ حضرت مومن دہلوی سے اصلاح لیتے تھے۔ کلام میں سوز و گداز۔ درد تھا۔ یہ دو شعر ان کی طبع سلیم کا نتیجہ یہ ہیں۔

شمع رو رو کے سر بزم یہ کہتی ہر کہ ہائے اے دلِ رفتہ نگر جان پہ کچھ آن بنی ہوئی	خاک کرتی ہے مری گرمیِ بازار مجھے چارہ گر اب نظر آتے ہیں عزادار مجھے

سحاب ۔ محمد اللہ یار خاں خلف ہارون خاں۔ آپ خیرآباد کے باشندے اور فوج میں رسالدار تھے۔ فن سخن میں میرزا محمد رضا برق سے تلمذ تھا ایک دیوان آپکی یادگار رہے۔ طبع رواں کے جوہر یہ ہیں سہ

آتشِ رنگ حنا سے کیا بھبوکا پاؤں ہے	اے پری نظروں میں اپنی صاف شعلہ پاؤں ہے

ہر ستارہ تیری چوٹی کا ہے رشک آفتاب
شعلے نقش پائے جاناں سے نکلتے ہیں سحاب

نور کے سانچے میں کیا خالق نے ڈھالا پاؤں ہے
اس تماشا گاہ میں اُس کا تماشا پاؤں سے

سحاب

سحاب منشی نصیر احمد خانصاحب خلف محمد سعید خانصاحب رامپوری۔ آپ حضرت منیر شکوہ آبادی کے شاگرد تھے ۱۲۶۳ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ آغاز عمر سے شاعری کا شوق تھا۔ گوہر باری طبع کی تراوش یہ ہے ؎

گل ہے باغوں میں وہ بت شمع ہے کاشانوں میں
سودا ہے کسکی زلف پریشاں کا اے سحاب
دل بھی حاضر ہے جگر بھی آنکھ اُٹھا کر دیکھ تو
مصیبت ناخدائے عشق سے دریائے عالم ہیں

دن کو ہم بلبلوں میں رات کو پروانوں میں
پھرتے ہو ساری رات جو آشفتہ حال سے
دو نشانے ہیں ترے تیر نظر کے واسطے
اسی کشتی کا بیڑا پار ہوتا ہے تباہی سے

سحاب

سحاب ۔ سید منور علیصاحب ۔ آپ حضرت احسان شاہجہانپوری مرحوم سے تلمذ رکھتے ہیں معاملہ بندی مضمون آفرینی۔ زبان کیطرف راغب ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے۔

گالیاں سنوائیں لیجا کر ہمیں
ہم تو مرجانیکو آمادہ ہیں اک مدت سے
درد اُٹھ اُٹھ کے کہتا ہے دل سے
غیر سے کھد و خوش ہو شب وصل
دختِ رز شیشے سے کیوں باہر ہوئی

حضرت دل یہ سلوک اچھا کیا
دیر آتی ہے کوئی کو سنے والا ہوتا
کیوں مزہ چکھا آشنائی کا
آگے آتا ہے دن جدائی کا
آگیا دل کیا کسی سے خوار پر

جوانی آگئی کیا پھولے بیٹھے ہو لڑکپن پر
جو دل کہتا ہے ہم سے ہم وہی کرتے ہیں کچھ بھی ہو
اسی امید پر ہمکو خوشی ہے اپنے مرنے کی
ابھی ننھا سا دل ہے ڈر تجاؤ مجھکو یہ ڈر ہے
ابھی تو فیصلہ ہونا ہے میرے مرنے جینے کا

مجھے ڈر ہے کوئی قبضہ نہ کرلے اٹھتے جوبن پر
ہمیں تو اعتبار دوستی ہے اپنے دشمن پر
کہا تھا ایک دن اُنسے کہ ہم آئینگے مدفن پر
اندھیرے میں اکیلے جاتے ہو دشمن کے مدفن پر
چھری وہ رکھ بھی دیں تکبیر کہکر میری گردن پر

مجھے پلوائی ہے زاہد کی ضد نے اب تو ساقی
عذاب آخرت کا بار ہوگا کس کی گردن پر

ہمارا چار دن بھی باغ میں رہنا نہ خوش آیا
فلک نے خوب جل کر آگ برسائی نشیمن پر

تمنا ٹھوکریں کھانے کو لائی
قیامت کو بھی آج اسکی گلی میں

ذکر دشمن مرے آگے شب وعدہ کیا خوب
دل میں جو کچھ ہے تمہارے وہ سمجھتا ہوں میں

وہ کہہ رہے ہیں جو اچھی نہ میری خو ہوتی
تو کیوں زمانے کو لوٹنے کی آرزو ہوتی

صدائے لن ترانی ہو چکی اب ہم نہیں سنتے
دکھا دو ہم کو بھی جو تم نے دشمن کو دکھایا ہے

سحاب

سحاب ۔ میرزا کاظم حسین صاحب لکھنوی ۔ آپ حضرت فصاحت لکھنوی کے شاگرد ہیں طبیعت میں بلند پروازی اور جولانی ہے ۔ زبان بھی سیدھی سادی ہے ۔ بارش فکر کی دُر افشانی یہ ہے ۔

بازار عشق صبح شب وصل سرد تھا
فریاد بھی نہ آہ پہ سینہ میں درد تھا

وحشت دل جان قالب بیجاں میں ڈالدی
کانٹا بھی میرے ساتھ بیاباں نورد تھا

دم آخر مرے بالیں پہ وہ آبیٹھے ہیں
سختی نزع کا مشکل ہے اب آساں ہونا

آج پژمردہ ہے کل خاک اُڑیگی دل میں
اس گلستاں کی ہر سمت میں بیاباں ہونا

کسی کا شعر اچھا سن کے دل سے آہ کی جس نے
اُسے محفل میں ہم نے اے سحاب اہل نظر جانا

پامال کون ہوگیا ٹھوکر کسے لگی
اتنا تو جھک کے دیکھ تو کیا رہگذر میں ہے

سحر

سحر ۔ نیر سپہر قستان معانی سر دفتر بیاض نکتہ دانی ۔ سرآمد ارباب ہنر شیخ امانعلی لکھنوی خلف شیخ محمد امین ۔ پہلے آپ خرمن ناسخ کے خوشہ چینوں میں داخل ہوئے ۔ پھر محمد رضا برق لکھنوی سے استفادہ حاصل کیا ۔ ایک موقعہ پر آپ اپنی عقیدت مندی کا اظہار اس طرح فرماتے ہیں

ہو فصاحت شعر میں اپنے نہ کیونکر اے سحر
مدتوں صحبت اٹھائی ناسخ مغفور کی

دنیا بھر کے بکھیڑوں سے کوسوں دور بھاگتے تھے ۔ پدری ورثہ سے بے حجت دستکش دستبردار ہو جانا قانع ہونیکی دلیل تھا ۔ شاعری اور نازک خیالی نے امجد علیشاہ اور واجد علیشاہ کی سرکار میں سرافراز کیا تھا ۔ اور معاصرین میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے ۔ چند ماہ نواب محمد احسن

خاں کی ملازمت میں رہے۔ وزیر۔ صبا۔ اسیر وغیرہ کے ہم مشق تھے۔ آپ ہمیشہ سجیلے جوانوں کیطرح نک سک سے درست رہتے تھے۔ خوش الہڑک لباس حسن صورت کی خوبیوں کو دونا کردیتا تھا اور "ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا" والی مثل انکی جامہ زیبی پر صادق ہوتی تھی۔ اکثر رنگے ہوئے کپڑے پہنتے تھے۔ مگر کبھی کبھی اپنے استاد کی تقلید میں کمبل کا لباس بھی زیب تن کرلیتے تھے۔ جبتک لکھنؤ رہے آٹھویں روز اپنے گھر پر مشاعرہ کرتے رہے۔ فرد مشاعرہ پر یہ شعر درج کیا کرتے تھے۔

نقش ثانی کو جو احباب سرافراز کریں	آٹھویں روز اسیطرح کا جلسہ ہوجائے

۱۸۵۷ء کے پرآشوب غدر نے جس طرح دیگر اہل کمال کو آوارہ و سرگشتہ رکھا اسی طرح آپ کو بھی طرح طرح کی مصیبتیں بھگتنی پڑیں بعرصہ تک پیادہ پا بیابانوں کی راہ ناپتے رہے۔ کچھ دنوں کاکوری۔ بلگرام۔ فرخ آباد میں پناہ گزین رہے۔ آخر کار شورش ختم ہوجانیکے بعد لکھنؤ کی سرزمین پر قدم رکھنے کا قصد کیا مگر صبح وطن کی شعاعیں بھی ابھی نہ دیکھنے پائے تھے کہ اثنائے سفر میں روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔

خوش قسمتی سے آپکو تلامذہ لائق اور قابل دستیاب ہوئے۔ حضرت قدر بلگرامی نے انکا نام روشن کردیا۔

آپ کی شاعری میں لکھنؤ کے گذشتہ شاعرانہ مذاق کی جیتی جاگتی تصویریں نظر آتی ہیں۔ رعایت لفظی۔ ضایع بدایع ضلع جگت میں حضرت امانت مرحوم سے دو چار قدم آگے ہیں تو محاورہ بندی۔ سلاست سادگی میں رند۔ اور صبا کے ہم قدم ہیں۔ لکھنؤ کی کوچہ گردی بےپردہ حسن بیاکا نہ معاملوں کا نقشہ اور دلی واردات انکے واسوخت میں ہیں۔ بازاری سے ہفت ہزاری تک اس شعر کو مزے لے لے کر پڑھتے تھے

ہمیں کیا جو تربت پہ میلے رہے	تہ یہ سب کچھ ہوا ہم اکیلے رہے

غزل گوئی کے سوا رباعی قطعات۔ قصائد بھی کہتے تھے۔ اکثر قصیدوں کی تشبیب بہت خوب ہے۔ دیوان جو شایع ہوچکا ہے اپنے رنگ میں اچھا ہے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے

موسیٰ نے طور ہی پر دیکھا تھا نور تیرا
ہر شے میں دیکھتے ہیں عاشق ظہور تیرا

دی ہیں آنکھیں دیکھنے کیواسطے
دیکھیں گے جو کچھ خدا دکھلائیگا

جو کچھ ہوا سو ہوا بس "گذشتہ را صلواۃ"
کہاں تلک کوئی رویا کرے گلہ دل کا

قبر میں رہ رہ کے جی گھبرائے گا
یار کا گھر بہت یاد آئیے گا

احباب کی صحبت سے دل اپنا نہ اُٹھے گا
لکڑی کا کبوتر ہے اکیلا نہ اُٹھے گا

منہ سے جب حرف ناسزا نکلا
پھر لطیفے کا لطف کیا نکلا

سحر بھی سودائی ہوں ہمیشہ کا
آج اس کوچے میں بھی آنکلا

لب رنگیں سے جو کیں نوک کی باتیں ہمنے
نے پری رو رگ یاقوت پہ نشتر مارا

صحبت مے کا مزا ساقی دوراں تک تھا
جام کو مرقد جمشید پہ جا کر مارا

نہ گئی جوش جنوں میں بھی وہ مرزا منشی
بات اگر سخت سنی سمجھے کہ پتھر مارا

ملے نہ دل سے ہمیشہ فراق ہی میں رکھا
تمام عمر غرض اشتیاق میں رکھا

جام قسمت کا بھر کیف ملیگا کہیں ہوں
کون سا فرض ہے میخانہ میں ہونا اپنا

زمانہ دیکھا ہے اے خضر ابتدا سے مگر
ابھی دکھائیگی عمر جاوداں کیا کیا

دو دن کی زندگی تھی کس لطف سے گذرتی
تم مجھسے انس کرتے میں تم کو پیار کرتا

لے لیا دل تو مال اپنا تھا
زلف کی کچھ گرہ کا کھول لیا

چشم مخمور نے گردش جو دکھائی ہوتی
دست جمشید میں مٹی کا پیالا ہوتا

فائدہ روز نکھرنے سے بت پردہ نشیں
لطف جب تھا کہ کوئی دیکھنے والا ہوتا

چمک رہے ہے ستارہ آج کل اک ماہ تاباں کا
خط تقدیر کے نقطوں میں بھی عالم ہے افشاں کا

دیکھکر حال دل غم زدہ بس رو دوگے
تم سے اب اور تو لے دیدۂ تر کیا ہوگا

میکدہ سے اٹھا ہے ابر بہار
میرے دل کی لگی بجھا دے گا

جب جان گئی اپنی پھر وصل ہوا تو کیا
اس جاہ سے در گذرا اس پیار سے باز آیا

منتظر کب سے ہیں صبوحی کے / آفتاب اب تو سا تیا نکلا
ذکرِ گیسو پہ یار سے بگڑی / یہ لڑائی کا سلسلہ نکلا

کچھ ضرورت نہیں اُس بزم میں ہونا اپنا / دل کشا سے ہے زیادہ ہمیں کونا اپنا
آبرو خلق میں مانندِ گہر پیدا کی / آپ منظور ہوا جسم کو ڈبونا اپنا

مرتبہ عشق میں حاصل ہے اناالیلیٰ کا / دل سے اُٹھتا ہے دھواں کاکل پیچاں ہوکر

زاہد و شیخ ہے بہت بھی کہیں پڑھتے ہیں نماز / ہاتھ رکھتے ہیں مرے نام سے وہ کانوں پر

دیار پہ تو ٹکر پاؤں سب بیٹھے / نہ آنے کے قابل نہ جانیکے قابل
اٹھتی ہی دریا پہ اب پردے کی دیوار / کس کا سرِ شوریدہ ہے ٹکرانیکے قابل
کس ناز سے رکھتے ہیں جنازہ پہ سحر کے / یہ سن تو نہیں تھا ابھی مرجانیکے قابل

رکھتے ہیں راہِ شرع میں اس شرط سے قدم / میخانہ میں بھی جائیں گے چھپ کر ضرور ہم

ان بتوں کو جس نے پہچانا / سچ کہوں وہ خدا شناس نہیں
گرد رہتا ہے حلقۂ احباب / ذکرِ کوئی آس پاس نہیں

وادیٔ وحشت ترا ہے منزلوں تک بے چراغ / آدمی کیسا یہاں تو غولِ صحرائی نہیں

غصہ میں کوئی دیکھے دندان و لب کا عالم / ہونٹ سے پس رہے ہیں یاقوت کی کھرل میں

عاشقِ کامل کی صورت اے قمر چھپتی نہیں / چاہ کی جنوت محبت کی نظر چھپتی نہیں
ایک بوتل کا نشہ ہے ایک قطرے میں سحر / لاکھ دولت کو چھپائیے مگر چھپتی نہیں
اس محبت کے مزے سے جو کوئی واقف ہوا / زندگی کی اسکو لذت عمر بھر ملتی نہیں

عور ہے قبر میں وہ پاس نہیں / سینہ اتنا تو بد حواس نہیں

امتحاں اپنا بھی ہو جائیگا جاری کیا ہے / ابھی تو نام خدا مشقِ جفا کرتے ہو

ساقی سے ہے نوجواں ابھی کم سن ہیں مغبچے / چلکر شراب پیجیئے پیرِ مغاں کے ساتھ
دستِ سبو سے ہاتھ ملے جاوے کشتو / جبتک کہ پائے خم کا قدم درمیاں رہے

اپنی کہتے ہیں نہ سنتے ہیں کسی عاشق کی
نالہ و آہ سے فرصت انہیں کب ہوتی ہے

آج تک موت کی ہچکی نہ کبھی آئی تھی
یوں تو قاتل نے کیا یاد کئی بار مجھے

دم نزع ہیں اشاروں میں باتیں
دکھا دو انہیں اب تو آنکھوں میں دم ہے

سامان عیش سب ہیں بس ایک شے نہیں ہے
کیونکر نہ دل بھر آئے شیشہ ہیں مے نہیں ہے

الٹ گیا ہے اس بت ترسا کے سامنے
سولی کھڑی ہوئی ہے مسیحا کے سامنے

تم کہا کرتے تھے میرا کوئی ہمسر اور ہے
دیکھ لو آئینہ میں اک اور پیکر اور ہے

رو دیا کئے کہ ہجر میں نالے کیا کئے
اپنی کہو ہماری تو یوں بھی گذر گئی

بن گئے انجان کیسے جان کے
جان کھوئی دل کا کہنا مان کے

ہے جنازہ بھی چھپرکھٹ ہجر میں
خوب سوئینگے دوشالہ تان کے

توبہ کی ہے تو شراب آپ پینے کے نہیں
منتیں کر کے پلائیں گے پلانے والے

زاہد و پیری مریدی سے نہیں ملتا بہشت
ہاتھ کیا آیا قدم سارے زمانے کے چھے

فقط نام ہی سنلو حور دیری کا
نہ صورت تمہاری نہ سیرت تمہاری

رنج فرقت کچھ نہیں ایذا کوئی
کہیں بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجہ کوئی

راحت کی خوشی رنج کا کچھ غم نہیں رکھتے
طالب ہو کسی شے کا وہ دل ہم نہیں رکھتے

بے بنائے ہوئے بنتے ہیں کہیں گل بوٹے
اس چمن کا ہے مقرر چمن آرا کوئی

چلے تھے تو مڑ کر ادھر دیکھ لیتے
کہ ہم اور بھی اک نظر دیکھ لیتے

رنج و غم ہجر کے گذر بھی گئے
اب تو وہ دھیان سے اتر بھی گئے

تیرے آتے ہی جی اٹھے مردے
مرنیوالے ہزاروں مر بھی گئے

وا ہوئے پیچ و تاب گیسو کے
بال بکھرے بھی اور سنور بھی گئے

آج واں یاد عاشقوں کی ہوئی
کوئی کہتا تو تھا سحر بھی گئے

واسوخت

خود آپ مر رہے ہیں کسی پر مرینگے کیا
دل تنگ نہیں ہے پاس محبت کرینگے کیا
بے دم ہیں آپ اور کا ہم دم بھرینگے کیا
دھڑکا تھا ہجر کا وہ ہوا اب ڈرینگے کیا
زنجیر پھنسی پاؤں میں کیا کیا کڑی سہی
اسکے اذیتِ شبِ فرقت بڑی سہی

ہر حال میں ہیں خوش بخدا وہ بشر ہیں ہم
لاکھوں نباہ کے چھوڑ دئے ہیں سحر ہیں ہم
ہر چند اہل دل ہیں مگر بے جگر ہیں ہم
ہو جائے حشر بھی تو جدھر ہیں اُدھر ہیں ہم
تعریف کر چکے ہیں بُرا کیا بھلا کہیں
صحبت کے لوگ خوب ہیں تمکو تو کیا کہیں

واقف ابھی نہیں ہو ہمارے مزاج سے
بدلیں کلاہ کو نہ سلیماں کے تاج سے
کچھ بات اور پائی گئی امتزاج سے
کافر ہو اُس گلی میں بھی آئے جو آج سے
اپنی جگہ پہ دیکھ سکیں گے نہ غیر کو
جائینگے چوک اور ہی رستے سے سیر کو

دو پھول جس نے لا کے دئے باغ باغ ہو
اتنا تو ہم کہیں گے کہ عالی دماغ ہو بلا سے
آج سے بات نکرنا یہ کہے دیتے ہیں
بات کرتے ہوئے ڈرنا یہ کہے دیتے ہیں
دم محبت کا نہ بھرنا یہ کہے دیتے ہیں
اب اُنہیں لوگوں پہ مرنا یہ کہے دیتے ہیں
خوب صحبت ہے تمہیں واہ اسی قابل ہو
اپنے قابل نہیں واللہ اسی قابل ہو

قصیدۂ ظریفانہ

گردشِ چرخ سے ابتر ہے زمانہ کا حال
ذرۂ خاک ہیں پستی سے نجوم اقبال

ہیں عطاروں کی طرح اہل قلم چکر میں
شاعری نایاب ہی گانا ہے جہاں میں عنقا
مستی پھیلی ہے اب شہر میں گنگلوں کی طرح
دینے والا نہیں ملتا ہے کوئی دنیا میں
مدتوں سے نہیں دیکھی ہے روپے کی صورت
لال کہتا ہے کوئی، کوئی بتاتا ہے سبز
شرطیں بد بد کے روپے دیکھنے کو جاتے ہیں
ہیں جو کچھ اہل دول انکو یہی رہتی ہے فکر
کوئی آتا ہے جو انکے سر تو خوش ہوتے ہیں سب
آمد و رفت نفس بند ہے دیکھو دیکھو
نام کیا لوں میں انہیں میں سے کوئی صاحب تھے
لے گیا انکے لئے ایک قصیدہ لکھکر
چوبداروں نے کہا دیکھ کے میری صورت
کیا کہیں آپکے گھر میں نہیں رکھنے کی جگہ
کپڑے کیسے کہ کفن تک نہیں بچتے اس سے
ڈرتا ڈرتا ہوا اندر تو گیا میں لیکن
دیکھتا کیا ہوں کہ بیٹھے ہوئے ہیں وہ حضور
میں نے جاتے ہی کہا قبلہ و کعبہ مجرا
مجھکو نفرت ہوئی سمجھا میں نرا الو ہے
جانے کی شرم سے میں نے وہ قصیدہ تو پڑھا
سن چکے سارا قصیدہ تو یہ ارشاد ہوا

صورتِ بدر ہیں گردش میں تمام اہل کمال
ناچنا طائفوں کا صورت زہرہ ہے محال
لوگ واقف نہیں دینے سے بجز حرفِ سوال
جمع ہیں قبر پہ حاتم کی ہزاروں کنگال
لوگ سب بھول گئے سبز تھی رنگت یا لال
رات دن رہتی ہے آپس میں یہی قیل و قال
چوک میں پوچھتے پھرتے ہیں کہاں ہے ٹکسال
ہاتھ آجائے کسی طرح سے قاروں کا مال
نعش پر کھتے ہیں ہنس ہنس کے تمام اہل عیال
ہے یہ ادنی سا دلِ تنگ کی تنگی کا کمال
بندہ تھا انکی ملاقات کا مشتاق کمال
ڈیوڑھی پر جاکے کیا آگے جو بڑھنے کا خیال
آپ کیوں اوڑھ کے آئے ہیں دوشالہ و رومال
یہ بڑا موذی ہے قبلہ یہ بڑا ہے جنجال
تم تو زندہ ہو یہ لے لیتا ہے مُردوں کی کھال
پھر وہ پر رکھ کے گیا اپنا دوشالہ رومال
جیسے دوکان میں بیٹھے کوئی بنیا بقال
آپ کہنے لگے اچھا ہے طبیعت کا حال
کر کچا اسکا جواب اور کچا ہے اسوال
کیا کہوں میں کہ جو کچھ مجھکو ہوا رنج و ملال
"آپنے خوب پڑھا حضرت حمّو کا احوال"

بے تمیزی کا امیروں کی تو یہ عالم ہے	کیا کریں اور کہاں جائیں بھلا اہل کمال
رات دن جوتے اچھلتے ہیں عجب صحبت ہے	ڈھول دھپے کے سوا اور نہیں کوئی خیال
ٹما-ہتما سے رہا کرتی ہے صحبت ہر دم	"بز چلے خچلے" تو مصاحب ہیں مگر اہل کمال

سحر - ناظم عالی مقام سخنور شیریں کلام ہنگامہ طراز رطب اللسان معنی پرداز سحر بیان عالی جناب راجہ نواب علیخاں بہادر جنگ مرحوم سابق والی ریاست جنوں آباد اودھ - آپ سلطان عالم واجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ کے مقربان خاص اور مشیران باختصاص میں سے تھے - اول حضرت ناسخ مرحوم سے استفادہ سخن حاصل کیا پھر کچھ دنوں تک میرزا رنج سے مشورہ لیتے رہے ۱۲۹۲ھ میں بمقام سیوتھر دارفانی سے عالم جاودانی کی راہ لی - آپکا کلام مسجر نظام لکھنؤ کے قدیم تمدن کا آئینہ ہے جسمیں شوکت الفاظ کے ساتھ تدرت کی حقیقی تصویریں کہیں کہیں اپنی جھلک دکھا جاتی ہیں - صنایع بدایع کے ساتھ ہی سادگی اور بندش کی صفائی مضامین کو معراج کمال پر پہنچا دیتی ہے - رعایت لفظی تشبیہات استعارات تلمیحات یہ سب سخن کی زیبایش ہیں طبیعت میں شوخی اور ظرافت حد سے زیادہ تھی - ذہن کی رسائی اور فکر صائب کی خوش بیانی ہر شعر سے ظاہر ہوتی ہے - آپنے واجد علیشاہ کے مشاعروں میں شرکت فرمائی تھی اور بارہا شرکت دربار کا شرف حاصل ہوا تھا جیسا کہ اس مقطع سے ہویدا ہے -

جب در سلطان عالم پر گذارا ہو گیا	اوج پر اقبال کا اپنے ستارہ ہو گیا

ایک مقطع میں بادشاہ کیطرف اپنی حسن عقیدت کا اظہار یوں کیا ہے -

یارب سحر کے سر پہ سلامت رہیں حضور	فرماں روا جہاں میں رہیں تا جہاں ہو

اُلجھی ہوئی ترکیبوں کی خار دار جھاڑیوں سے آپکا دامن سخن محفوظ ہے - دقیق اور بلند خیالات کو سیدھی سادی زبان میں ادا کرنا آپ کی تیغ مقال کا جوہر ہے - تخیل کی پاکیزگی ملاحظہ ہو -

جب بے نقاب چاند سا رخسار ہو گیا	آنا ادھر ایک روزن دیوار ہو گیا

دیکھئے پرواز خیال اور واقعیت کو ملحوظ رکھا ہے ہر ایک تارے کا لمعہ حسن سے ماند ہو کر روزن دیوار بن جانا تیز روشنی کے سامنے ہلکی روشنی کا بے قدر ہونا۔ یہ تمام باتیں دائیرہ قدرت سے الگ نہیں۔

آپ عشق مجازی کا عبرت ناک نقشہ ان الفاظ میں کھینچتے ہیں ؎

جلا دل۔ تن گھلا لب خشک مژگاں کو بھی تر پایا	بس اے عشق بتاں اپنے کئے کو خوب بھر پایا

شعر مندرجہ بالا میں "وہ بھر پایا" نے چوٹ کھائے ہوئے دل کی درد انگیز صدا پیدا کر دی ہے۔ مصرعۂ اول نے ایک بدنصیب کی ذات میں جن باتوں کا اجتماع کیا ہے۔ وہ سب سوز و گداز کو بڑھانے والی ہیں۔

محاورہ کی صحیح کھپت۔ زبان کا لطف مضامین کی جدت۔ راجہ صاحب مرحوم کا حصہ تھا اور مبداء فیاض سے نورانی طبیعت پائی تھی۔ اکثر غزلیات میں مطلع ایسے نادر کہے ہیں جو ایوان معنیٰ میں خیال کی روشنی پھیلا دیتے ہیں۔ مرصع الفاظ زور بیان سے بلاغت کا مرتبہ بڑھا دیتے ہیں۔ آپ کا ضخیم کلیات ۱۲۹۳ھ میں شایع ہو چکا ہے۔ بہارستان فکر کی گلچینی یہ ہے ؎

صاعقۂ حسن ہے رخسار خود آرائی کا	شعلۂ طور ہے جلوہ تری یکتائی کا
دل تری زلف مسلسل کا گرفتار ہوا	سلسلہ مل گیا زنجیر سے سودائی کا
شانہ و آئینہ اب ہاتھ سے چھٹتا ہی نہیں	خود نمائی سے بڑھا شوق خود آرائی کا
سخن تمام نہو شام روز محشر تک	بیاں کروں جو شب ہجر کی درازی کا
شب جو مہتابی پہ وہ مہ بزم آرا ہو گیا	چاند کا ہیدہ ہوا اتنا کہ تارا ہو گیا
حشر کرتا ہے یہ کھنا آپکا بالائے بام	لو سوا نیزے پہ سورج آشکارا ہو گیا
دائے ناکامی تب آیا ساقی پیماں شکن	جب ہماری عمر کا لبریز ساغر ہو گیا
عمر گذری انتظار وعدۂ دیدار میں	منہ دکھایا جب کہ جب وعدہ برابر ہو گیا

قتل قاصد کو کیا خط پھاڑ کر پھنکوا دیا | تھا یہی پاسخ ہماری شوق کی تحریر کا
جس مرقع میں ہو تیری روئے روشن کی شبیہ | ہو ید بیضا ہے روشن ہر ورق تصویر کا

ناز تازہ مرے دلدار نے ایجاد کیا | جسکا دل ہاتھ میں آیا اُسے برباد کیا
تو ملا جسکو زمانہ میں ہوا بیگانہ | خود فراموش ہوا جس نے تجھے یاد کیا
ہوں میں وہ صید کہ خود دام مصیبت میں پھنسا | کبھی آزردہ نہیں نے دل صیاد کیا
ربط باہم ہو نہ کیوں روز ازل سے حق نے | مجھکو دیوانہ کیا تجھکو پری زاد کیا

جاتی ہے اک خلق عاشق کے جنازے کو لئے | دو قدم ساتھ آؤ گے تم بھی تو کیا ہو جائے گا
ہوں میں وہ ثابت قدم راہ وفا میں جان جاں | دیکھکر تلوے کو تیرے منہ نہ دیکھوں حور کا
لی جو انگڑائی کھڑے ہو کر تو پیدا ہو گیا | گرد اُس کے چاند سے مکھڑے کے ہالہ نور کا
گلا ہے اِک بیاض نور اُس خورشید ناطق کا | کیا گوئے گریباں کو ستارہ صبح صادق کا

سنکر سوال وصل یہ کی تھی نہیں نہیں | انکار میں کنایۂ اقرار ہو گیا
آغوش سے جو وہ بت گلرو جدا ہوا | بدہی کا زخم حلقۂ زنار ہو گیا

مہر شرما کے سوئے شرق پھر آیا الٹا | صبح اُس ماہ نے منہ سے جو دوپٹا الٹا
اچھا ہوتا نہیں بیمار تری آنکھوں کا | یہ وہ جادو ہے کسی سے نہیں جاتا الٹا
الفت پردہ نشیں سے ہے جو چھپانی منظور | آکے لب تک مرے پھر جاتا ہے نالہ الٹا
راہ گھر کی مرے کترا کے نکل جاتے ہیں | پھیر کھاتے ہیں مگر چلتے ہیں رستا الٹا
جس طرف ہل گئے ابرو ہوئی اک خلق شہید | نیمچہ کاٹ میں یکساں ہے یہ سیدھا الٹا
شاعری کا نہیں دعوی ہے سحر کو لیکن | نظم کر لیتا ہے مضموں کوئی سیدھا الٹا

شہپر باز اجل ہے پر خدنگ ناز کا | مرغ جاں ہے صید میرے ترک تیر انداز کا
چھیڑتی تار رگ جاں کو ہے مضراب ادا | دل دکھا دیتا ہے کھٹکا یار کی آواز کا
پیستا چلتا ہے دل ہر گام پر زیر قدم | حشر کرتا ہے بپا عالم خرام ناز کا

اپنے کوٹھے سے جو وہ دلبر رعنا اترا | بام کعبہ سے میں سمجھا کہ مسیحا اترا
آج کس نے رخ پرنور سے الٹی ہے نقاب | ماہ کا منہ جو نظر آتا ہے ۔ اترا ۔ اترا
تن لاغر کو مرے چاہیے باریک کفن | مجھکو دے ڈال جو ہو کوئی دوپٹا اترا
نقل کی جا لب شیریں کا مجھے بوسہ دے | سا قیا منہ کا مزا ہے مرے اترا ۔ اترا
انتظار خط قاتل میں یہ محویت ہے | تیر آیا تو کہا قاصد جاناں آیا
رخ طائر دل کا طرف کوئے صنم ہے | کعبہ سے پھرے قبلہ نما ہو نہیں سکتا
بچا نہیں تاکا جسے قاتل کی نگہ نے | یہ تیر نشانہ سے خطا ہو نہیں سکتا
منظور شکست دل نازک ہے گر اے شوخ | کھدے سخن سخت جو پتھر نہیں ملتا
ابرو کو تیرے شوق ہے کیا قتل عام کا | منہ دیکھتی نہیں یہ سر دہی نیام کا

ہوا ہے کعبۂ دل جلوہ گاہ حسن محبوباں | قیامت ہے بتوں نے پھر خدا کے گھر میں گھر پایا
گرا قدم پہ جو میں راہ میں اسے پاکر | تو کس ادا سے وہ بت کہہ کے دور دور ہٹا
قفس میں نالوں سے مطلب ہے یہ اسیروں کا | بہار میں نہ چھٹے ساتھ ہم صفیروں کا
میں رندمست کروں گا کبھی نہ بیعت شیخ | جوان دست نگر کس طرح ہو پیروں کا
کبھی بھی تیر ہے بے یاری کماں چلتا | جوان ہے کون جو محتاج ہو نہ پیروں کا
بہار ہے ترے کوچہ کی اس قدر دلکش | کہ پاؤں اٹھ نہیں سکتا ہے راہگیروں کا

جگر جلا گیا شعلہ کوئی عیاں نہ اٹھا | چراغ عمر تو گل ہو گیا دھواں نہ اٹھا
اٹھا جو پردۂ رخ مہروش کا نور بڑھا | فروغ ماہ گھٹا اور چراغ طور بڑھا
نقط نہ شملہ کے بڑھنے سے اک غرور بڑھا | کہ جتنی ریش بڑھی زاہدوں کا زور بڑھا

رخ اسکا پس نقاب دیکھا | خورشید تہ سحاب دیکھا
بالوں میں چھپا یا یار نے منہ | ظلمات میں آفتاب دیکھا
لطف شب وصل کیا بیاں ہو | گویا گونگے نے خواب دیکھا

چہرہ پہ گلال رنگ لایا — زیب شفق آفتاب دیکھا
تصور جو ساقی کا آیا مجھے — تہی جام آنکھیں دکھانے لگا

اللہ ری تجلّیِ رخسارِ آتشیں — سنگ مزار طور کی مانند جل گیا
جب بے نقاب آیا نظر حسن شمع رو — مرغ نگاہ صورت پروانہ جل گیا
آئینہ جمال حقیقت مجاز ہے — میں فیض قرب بت سے خدا کے قریں ہوا
جوش جنوں میں سر کو جو ٹپکا ہے جا بجا — اب لالہ زار دامن صحرا ہو گیا
سینہ میں آگ سوز محبت نے دی لگا — اب شعلہ ریز دیدۂ خوں بار ہو گیا
گالیاں دیکے بھی مردوں کو جلا دیتا ہے — ہے مسیحا سے لب یار کی تقریر جدا
سنگ در پر ترے رگڑا ہے یہانتک ماتھا — کہ ہوا لوح جبیں سے خط تقدیر جدا
جاتا ہوں سوئے وادی غربت بحال زار — اہل وطن معاف ہو میرا کہا سنا
سنتے ہو سب جہاں کے قصے کہانیاں — لیکن نہ درد دل کا مرے ماجرا سنا
تم بے سبب جو باتیں سناتے ہو بار بار — کچھ میری بھی زباں سے برا یا بھلا سنا

دیکھئے چاٹے لہو کس عاشق ناکام کا — منہ کھلا ہے آج قاتل تیغ خوں آشام کا
مشتاق اس کی دید کا مثل کلیم ہوں — رتبہ بلند طور سے ہے جسکے بام کا
تو مجھکو بات بات میں دیتا ہے گالیاں — او بدزبان یہ کیا ہے طریقہ کلام کا
دم کیا ہوائے شوق میں تن سے نکل گیا — مشت غبار صاف کفن سے نکل گیا

دیکھو فسون آہ شرر بار و چشم تر — اخگر فشاں جدا ہوں ہیں گوہر فشاں جدا
کیا آب و تاب ہے لب دندان یار پر — وہ لعل بے بہا ہیں وہ موتی گراں بہا
ہر دم بہا بہا کے لہو مردمانِ چشم — تم نے تو آپ اپنا دیا خانماں بہا
شور بہاراں ہوا جوش کا ساماں ہوا — چاک گریباں ہوا قصد بیاباں ہوا
زلف جو رخ پر کھلی شام نمایاں ہوئی — رات عیاں ہو گئی مہر جو پنہاں ہوا

ہے جہاں دیوانہ بوئے زلفِ عنبر بیز کا
صیدِ آہوئے ختن ہی دیدۂ خوں ریز کا

عشقِ شیریں میں کیا کیوں آپکو تیشہ سے قتل
کوہ کن نے سر نہ پھوڑا خسرو پرویز کا

وہ رشکِ مہر جو پیوے ہو کے بے حجاب شراب
تو موجِ بادہ بنے برق۔ آفتاب شراب

جو مستِ الفتِ ساقی ہیں وہ قیامت کو
اُٹھینگے حشر میں کہتے ہوئے شراب شراب

ہے شبِ یلدا سے طولانی اگر گیسوئے دوست
تارے ہیں افشاں کے ذرّے ماہ کامل روئے دوست

سیج پر پھولوں کی سوجاتا ہے جب وہ نازنیں
صدمۂ گل برگ سے چھل جاتا ہے پہلوئے دوست

چشمِ مردم خیرہ ہوتی ہے شعاعِ نور سے
پنجۂ شعلہ بشاخِ نخلِ طور ہیں بازوئے دوست

جان دیتا ہوں میں ایسے ستم ایجادوں پر
جنکے سایہ کو بھی ہے فوق پری زادوں پر

طوقِ زنجیر کی اب خلق خریدار ہوئی
تیرے دیوانوں کا احسان ہے حدّادوں پر

آبرو لیتی ہیں عشاق کی پُر آب آنکھیں
ایک ساون پہ شرف رکھتی ہیں اک بھادوں پر

دیکھنے چاند آیا ہے وہ ماہ پیکر بام پر
ہے بیاضِ صبح کا جلوہ سوادِ شام پر

زلف چھوڑی مجھکو دکھلا کر رخِ گلفام پر
یعنی وعدہ صبح کا موقوف رکھا شام پر

وصل کا مژدہ جو پہونچا کان میں
جان سی آئی ہماری جان میں

نزع میں بھی وہ عیادت کو نہ آئے
مر گئے عاشق اسی ارمان میں

مل نہ مل مختار ہے آ یا نہ آ
ہم ترے ممنون ہیں ہر آن میں

وصل کو کہتا ہوں تو کہتا ہے یار
تم رہو گے بس اسی ارمان میں

گر ہو تیرا شعلۂ رخ برق افگن آب میں
شور کی جا ہے یقیں پیدا ہو شیون آب میں

غرق ہو وہ بھی جو ہو ظالم کے بیڑے کا شریک
ڈوبتی ہے چوب بھی ہمراہ آہن آب میں

بحرِ دنیا میں ہیں اکثر اہلِ تمکیں پست قدر
خس نہ ڈوبے تہ نشیں ہو جاکے کندن آب میں

آبرو ہو خاک اک ہرجائی پر دلدادہ ہوں
اشکِ حسرت ہوں نگاہِ خلق سے افتادہ ہوں

عشق میں ہے جان و دل کو پیچ و تاب اضطراب
موئے آتش دیدہ ہوں سیماب آتش دادہ ہوں

دل سے دل توڑے ہیں ناحق شیشہ ہائے کیمیا
محتسب کا خون پینے پر نہ کیوں آمادہ ہوں

میکشی کا مجھکو ہے پیر مغاں مشرب پسند
دل سے میں تیرا پیالہ پینے کو آمادہ ہوں

کیا بلا ہے برق عالم سوز یعنی حسن گرم
آفتاب حشر کہتا ہے جسے لغ مردہ ہوں

گر دکھاوے قاتل اپنے ابروئے خمدار کو
کوڑیوں کے مول بھی کوئی نہ لے تلوار کو

گلرخوں سے بوستاں ہیں کوچہ ہائے لکھنؤ
کیوں نہ دل مانند بلبل ہو فدائے لکھنؤ

جس طرح مرغِ چمن کو ہو قفس میں اضطراب
دل ہے یوں بیتاب سینہ میں برائے لکھنؤ

بانکپن، شوخی۔ کرشمہ، ختم ہیں اس شہر پر
کیوں نہ ہوں سو جی سے قربانِ ادائے لکھنؤ

اے سحر اس گلزمیں میں زمزمہ پرداز یاں
کہہ چکا ہے عندلیب خوش نوائے لکھنؤ

چمن ہو بادہ ہو چھائی گھٹا ہو
بغل میں ساقی گلگوں قبا ہو

نہ کیوں دل خال و خط کا مبتلا ہو
نہیں مٹتا جو قسمت کا لکھا ہو

کیا تیغ نگہ سے دل کو مجروح
نمک چھڑکے تو اک تازہ مزا ہو

چاندنی کی سیر کرلے مہ جبیں یاں چلکے بیٹھ
چاندنی کے پیڑ کے نیچے بچھا کر چاندنی

دن کو خاک آستاں پر جبہ سا ہے آفتاب
چومتی ہے شب کو اسکے در کا پتھر چاندنی

اپنے بیگانے سب اے رشکِ چمن بھول گئے
دشت غربت یہ خوش آیا کہ وطن بھول گئے

ٹھوکریں کھائیں تری چال کے آگے ایسی
روشِ ناز کا طاؤس چلن بھول گئے

پیالہ بخشا ہے پیر مغاں نے بھر کے صہبا سے
ارادت مجھکو ہے جامی سے بیعت شاہ مینا سے

دشت وحشت میں جنوں نے یہ بگاڑی صورت
کہ مری شکل بھی یارانِ وطن بھول گئے

ہوا ہے میکدہ روشن فروغِ حسن ساقی سے
کٹورا سونے کا خورشید مہ چاندی کی تھالی ہے

سیہ کاروں کو مانع ہو نہ زاہد زیب مسجد میں
سیہ ہے سنگ اسود کعبہ کی پوشاک کالی ہے

کھنچے ہیں سرمہ کے دنبالے اُن سفاک آنکھوں میں
سیہ مستی میں متوالوں سے پھر برچھی سنبھالی ہے

منظور جو اس صنم کو شر ہے
اپنی اللہ پر نظر ہے

قطعہ

بیٹھا ہوں جو میں فقیر ہو کر — تکیہ اُسی بت کا سنگِ در ہے

کس مرتبہ شوخ ہے وہ عیار — آیا سرِ شب ہمارے گھر ہے

رخصت کا گھڑی گھڑی ہے طالب — ہر دم سوئے آسماں نظر ہے

کہتا ہے کرٹے چھڑے چھڑا کر — جانے دو دو بج رہا گجر ہے

اوڑھا ہے دوپٹہ اُس نے اودا — بدلی میں چاند جلوہ گر ہے

اللہ رے بوسہ کی حلاوت — اب تک لذت زبان پر ہے

آنکھوں سے رواں ہیں اشک حسرت — ہر دم اعمال پر نظر ہے

رخ سے پردہ جو اٹھاؤ تو قیامت ہو جائے — جلوہ گر سامنے اللہ کی قدرت ہو جائے

ذکرِ رخصت نہیں پیغام اجل سے کچھ کم — اٹھ کھڑے ہو تو بپا ایک قیامت ہو جائے

ہے خط مصحفِ عارض کا نظارہ جائز — کھولو منہ سورۂ یوسف کی تلاوت ہو جائے

کون رویا نہ شبِ ہجر مری حالت پر — دیدۂ روزنِ دیوار سے آنسو نکلے

چمن اور ساقی و جام ہے مجھے ترکِ شرب حرام ہے — کیے خشک توبہ سے کام ہے مرا زاہدوں کو سلام ہے

ہوئی میکدہ میں نماز ادا کہ ہے شیشہ سے مجھے اقتدا — مرا گرنا اٹھنا بھی نشہ کا یہ سجود ہے وہ قیام ہے

لڑیں آپ ہم سے نہ ہر گھڑی کہ جواب ہم بھی ہیں کوئی — ہے زبان منہ میں ہمارے بھی مری جان غصہ حرام ہے

اے بتو ظلم تمہارے نہیں کیا کیا دیکھے — سچ ہے اللہ جو دکھلائے وہ بندا دیکھے

ذبح کرتا ہے ادا سے یہ کہے جاتا ہے — دم تہِ تیغ جو ہارے "مرا مردا دیکھے"

یار ہنستا ہے مری آہِ شرر افشاں پر — ہے غضب کوئی جلے کوئی تماشا دیکھے

تنگ جینے سے نہ کس طرح سحر ہو ہیہات — غیر کے ہاتھ میں جو آپ کا چھلا دیکھے

غصہ ہے بہت بوسۂ ابرو جو لیا ہے — کھنچتے ہیں مرے ہاتھ تری آج قضا ہے

جاؤ نہ ابھی پاس سے بیٹھو کوئی دم بھر — تھم جاؤ ذرا درد کلیجہ میں اٹھا ہے

مرتے ہیں مرے یار نے سب باتوں کو چھوڑا — غمزہ ہے نہ عشوہ نہ کرشمہ نہ ادا ہے

صاف زنگار کدورت سے جو سینہ ہو جائے | دل سلیماں کی انگوٹھی کا نگینہ ہو جائے
دی جو تشبیہ پری سے تو برا مان گئے | لو مری جان نہیں آپ سے اچھا کوئی
ہیں اختر تاباں یہ عیاں کاہکشاں سے | یا گوہر غلطاں سے تری مانگ بھری ہے
یاد آتی ہے تری یا کہ ہے رونا آتا | اور ایجان کوئی کام نہیں آتا ہے
دل کا آغاز محبت میں برا نقشہ ہے | نظر اچھا ہمیں انجام نہیں آتا ہے
ابر ہے نغمۂ مطرب ہے مے و ساقی ہے | آمری جان وہی دل میں ہوس باقی ہے
شیب میں بھی ہے وہی غفلت ایام شباب | ہو چکی صبح مگر نشۂ شب باقی ہے
چاند ہے چہرہ ترا اور چاندنی ملبوس ہے | ہر کلائی شمع ہے ہر آستیں فانوس ہے

خمسہ بر غزل حضرت ناسخ مرحوم

میں لخت دل نہ قطرۂ خون چکیدہ ہوں | خشک و تر زمانہ سے دامن کشیدہ ہوں
ہستی عذاب نزع ہے وہ آفریدہ ہوں | ہوش رمیدہ ہوں نہ حواس پریدہ ہوں

وحشت میں ہیں صدائے گلوئے بریدہ ہوں

ساقی کے ہجر میں ہے دل مضطرب تپاں | ہے دختت رز کی دید ہی کا بس نصیب جاں
چہرہ سے رنگ سر سے اڑے ہیں حواس یاں | کس کو خبر کہ شیشہ کہاں ہے قدح کہاں

بے یار بزم بادہ میں ہوش پریدہ ہوں

وحدت کے مائلوں سے ہے مخفی نمود غیر | ہے رشتہ گسستہ یہاں تار و پود غیر
چھایا ہوں میں جہاں میں نہیں ہست و بود غیر | ہرگز مجھے نظر نہیں آتا وجود غیر

عالم تمام ایک بدن ہے میں دیدہ ہوں

لازم ہے آدمی کو اسی چال کو اٹھائے | جس سے وقار دیدۂ اہل جہاں میں پائے
استاد کی یہ بات نہ کیونکر سحر کو بھائے | گو جان جائے غم نہیں لیکن نہ بات جائے

ناسخ وہ کھینچ رہا ہے تو میں بھی کشیدہ ہوں

سحر۔ منشی اجودھیا پرشاد خلف لالہ رام دیال صاحب لکھنوی۔ آپ لکھنؤ میں نواب اعتماد الدولہ میر فضل علیخاں کے دیوان تھے۔ کپتان مقبول الدولہ میرزا مہدی قبول سے تلمذ تھا۔ [illegible]ھ میں زندہ تھے۔ زلف و رخ۔ خال و خط کے فرسودہ مضامین نہایت خوبی سے باندھتے تھے۔ زبان میں پختگی اور بیان میں بے ساختہ پن تھا۔ ایک غزل کے چند شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

سما یا جب سے کہ وہ نونہال آنکھوں میں
رہا نہ سیر چمن کا خیال آنکھوں میں

تصور کمر یار میں ہیں اشک رواں
کھٹک ہو کیوں جو نہ پڑ جائے بال آنکھوں میں

عجب ہے چشم فسوں ساز یار کی گردش
پھرا ہی کرتی ہے آہو کی چال آنکھوں میں

بسا دی فتنہ دکھائیں جو تیرے مردم چشم
بتائیں شاطر گردوں کو چال آنکھوں میں

نظر جو آئینگی حوریں بہشت میں ہر گز
پھرے گا آپ کا حسن و جمال آنکھوں میں

تصور آگے کسی کا بسا ہے جب سے سحر
خیال و خواب ہے خواب و خیال آنکھوں میں

سحر۔ مولوی محمد عبد الحمید خلف شیخ غلام مینا۔ آپ قصبہ کاکوری کے باشندے تھے۔ ۱۸۷۷ء میں سٹی مجسٹریٹ لکھنؤ کی کچہری میں ناظر تھے۔ فکر بلند اور طبیعت موزوں تھی۔ اکثر شعر نشینوں میں سخن ریزی فرمایا کرتے۔ ایک مرتبہ لکھنؤ کے قابل یادگار مشاعرے میں یہ طرح ہوئی ع۔ توبہ توبہ نہ خدا ہیں نہ پیمبر گیسو۔ تو آپ نے اپنی شانہ فکر سے زلف مضامین کو اس طرح آراستہ فرمایا کہ معاصرین حسن بندش پر شیفتہ ہو گئے۔ اور آپ کا مطلع ایک مشہور ہر یک کی زبان ہے۔ اسی غزل کے چند اشعار درج ذیل ہیں ؎

دل کے ٹوٹنے کو بلا ہیں یہ ستمگر گیسو
اے تو ناگن کی طرح اُٹھتے ہیں یہ گیسو

کجروی سخت مزاجوں سے نہیں چل سکتی
خوب سیدھے ہوئے شانہ سے الجھ کر گیسو

روز ہجراں شب فرقت مری تقدیر میں ہے
رات بھر رخ پہ ترا یار تو دن بھر گیسو

ٹہتے پڑہتے کہیں ہو جائیں نہ آزردہ کہیں	دیکھ اچھی نہیں یہ شستہ زبانی اپنی

سحر - سید علی نواب خلف میر سلیس مرحوم لکھنوی - آپ میر انیس مرحوم کے پوتے ہیں - فن سخن میں حضرت جاوید سے استفادہ حاصل کیا ہے - اب نومشقی کے مدارج سے گذر کر پختہ گو ہو گئے ہیں - زبان میں شیرینی - بیان میں فصاحت طبیعت میں مضامین پیدا کرنے کی استعداد ہے - نمونہ کلام یہ ہے ؎

کیا وہ دن تھے کہ تڑپتے تھے وہ دل کو تھامے	اب یہ حسرت ہے کہ نالوں میں اثر کیونکر ہو
رخ پہ زلفوں کو نہ بکھراؤ تو کس طرح ہو شام	نہ نقاب اپنی اٹھاؤ تو سحر کیونکر ہو
دل سے جاتا نہیں بکھری ہوئی زلفوں کا خیال	اے شب ہجر بتا تیری سحر کیونکر ہو
یہ سنا ہے کہ وہ تلقین پڑھیں گے آکر	بند تربت میں مرا دیدۂ تر کیونکر ہو

سحر - مولوی محمد ظہور علیخاں لکھنوی - آپ نواب میرزا عالی جاہ رشید لکھنوی کے شاگرد تھے - زبان کی سادگی - بندش کی صفائی بیاحسن وجہ کیطرح شفاف تھی کہیں کہیں تشبیہ اور استعارہ کا استعمال بھی کر جاتے تھے - اخبار کارنامہ میں جو پچاس برس اُدھر شائع ہوتا تھا کچھ غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

چلمن سے جو رُخ دکھا رہے ہو	دل میں کانٹے چبھا رہے ہو
ہنس بول کے آج تو ہنسا دو	مدت سے ہمیں رُلا رہے ہو
کس کے ہے خون کا ارادہ	مہندی جو تم لگا رہے ہو
خاکساری سے ملا رتبۂ اعلیٰ مجھکو	سر پہ دیتے ہیں جگہ نقش کف پا مجھکو
جو کہ صورت سے حقیقت یہ نظر کرتے ہیں	سوچ لیتے ہیں کبھی اور کبھی دریا مجھکو
کر دیا بے ہوش ساقی کی نگاہ مست نے	جام سے لبریز ہے یا نرگس جادو سے یہ
دیر میں مسجد میں کرتا ہوں میں اسکی جستجو	کوئی مسلم جانتا - کہتا کوئی ہندو ہے یہ
قیامت سے زیادہ تیرے قامت کا فسانہ ہے	کہ سکو اے پری رُو شکے حسرت میں زمانہ ہے

گلوں کی سیر جتنی ہو سکے کر لے دلِ ناداں
غضب چتون ستم غمزہ بلا آنکھیں غم کھاتا ہے

ایک موسیٰ کو ہوا تھا غش سراسر طور سے
ہے یقیں تا حشر ہمکو ہوش آنے کا نہیں

ہوش اڑ گئے اے سحر اسکو دیکھکر موسیٰ کیطرح
واں آئینہ ہے اُس رُخِ زیبا کے سامنے

ہاتھوں میں پھر رہی نہ عناں اختیار کی
ہمسایہ جا رہا ہوں جو اک رشکِ حور کے

ہوا ہے جسکے عاشق کون سی بیداد باقی ہے
جلا کر خاک کر ڈالا جفا سے باز آب تو

تصویرِ عجب صفحۂ دل پر اُتر آئی
حیرت سے کہا جس نے ترے حسن کو دیکھا
حقیقت میں یہ ہستی نیستی ہے دیکھا اے غافل

گئے جب باغِ ہستی سے تو یاں پھر کسکو آنا ہے
لگانا دل کا اُس سے ہاتھ جیتے جی اٹھانا ہے

جل گیا عالم کا دل برقِ رُخِ پر نور سے
مست ساقی نے کیا ہے نرگسِ مخمور سے

قامتِ جاناں کو ہے تشبیہ نخلِ طور سے
حیرت کھڑی ہے عاشقِ شیدا کے سامنے

آیا جو قیس ناقۂ لیلیٰ کے سامنے
ہیچ امکاں ہے عرشِ معلیٰ کے سامنے

ہوس اب بھی تجھے کچھ لے دلِ ناشاد باقی ہے
ستم اس سے زیادہ کیا ستم ایجاد باقی ہے

ہر شے میں ہمیں صورتِ دلبر نظر آئی
فردوس سے کیا حور زمیں پر اتر آئی
سمندِ عمر کو ہر دم اجل کا تازیانہ ہے

سحر۔ منشی محمد حسین ولد مولوی عظمت علی صدیقی۔ آپ بدایوں کے رئیس ہیں آپکے والد سرکار انگریزی کی عدالت میں منصف تھے۔ عرصہ سے دفتر ریلوے میں ملازم ہیں۔ اور اسی سلسلہ سے آجکل لکھنؤ میں قیام ہے تقریباً ۴۹ سال کی عمر ہے۔ ابتدا میں آپکا اپنے برادر حقیقی مولوی محمد حسن صاحب اثر کو اپنا کلام دکھایا پھر مولانا راسخ دہلوی سے تلمذ حاصل کیا جب حضرت راسخ شاعری سے تائب ہو گئے تو آپ مولانا احسن بریلوی ارشد تلامذہ حضرت شاعر سے اصلاح لینے لگے۔ کلام میں متانت کے ساتھ شوخی بھی ہے۔ شعر بہت صاف کہتے ہیں تشبیہ اور استعارہ کی بھرمار سے بچتے ہیں۔ راقم تذکرہ نے بریلی کے مشاعرہ میں ان کی غزل سنی ہے۔ کلام یہ ہے۔

گھر سے بتِ دشمن کو نکلنا تھا ستم ایجاد کا
وقتِ آخر آ پہنچا یہ پوچھنا بھی ہو سیت
پہنچے برگشتہ خفا ہو مقسوم ۔ وقتِ مرگ ۔۔۔

ہر طرف اک شور برپا ہو گیا فریاد کا
آج کیسا حال ہے تیرے دلِ ناشاد کا
سننے والا کون ہے مظلوم کی فریاد کا

بتا مجھ کو کیا جو کانٹا سا مرے دل میں کھٹکتا ہے
یہ بس سے تو نے دکھا کے یہ دل تو نے چرایا ہے

نکل جائے تو نالہ ہے جو رہ جائے تمنا ہے
ادھر تو آ یہ مٹھی کھول دیکھوں ہاتھ میں کیا ہے

سحر

سحر ۔ منشی شام لال صاحب دہلوی ۔ ساکن بازار سیتا رام دہلی ۔ آپکے والد لالہ موہن لال مرحوم ویش اگروال لاہور میں بارک ماسٹری کے دفتر میں ہیڈ کلرک تھے ۔ آپ ۱۹۰۶ء میں سایۂ پدری سے محروم ہوگئے اور لاہور سے دلی چلے آئے ۔ تنگی اور غربت میں کچھ تعلیم و تربیت کا سلسلہ جاری ہوا ۔ ۲۰ - ۲۲ برس کی عمر میں شعر گوئی کی جانب توجہ ہوئی اور مشاعروں میں شرکت کرنے لگے ۔ پہلے منشی شرافت علی کشتہ مرحوم کو اپنا کلام دکھایا تھا ۔ اب پنڈت امرناتھ صاحب ساحر سے اصلاح لیتے ہیں ۔ آپ کی عمر ۳۰ سال کی ہے ۔ نمونۂ کلام یہ ہے ۔

بنائی ہیں الٰہی تو نے شکلیں خوبرو کیا کیا
ترے نیرنگِ قدرت کا ہے جلوہ چار سو کیا کیا

کوئی منعم سے جا کر نزع کی حالت میں پوچھے
بتا ساتھ اپنے لیکر جا رہا ہے آج تو کیا کیا

تماشا گاہِ عالم ایک فانوسِ خیال سے ہے
نظر آتی ہیں اسمیں صورتیں ہر چار سو کیا کیا

قیس ناحق ہی پھرا صحرا کے چکر کاٹتا
تھا یہ لازم زندگی لیلیٰ کے در پر کاٹتا

شیخ صاحب میکشی سے کیوں ہے اتنا اجتناب
کس لئے ڈرتے ہو آخر کیا ہے ساغر کا تھا

گر نہ ہوتا واقفِ اسرارِ الفت دل سحر
منزلیں طے کون کرتا راہ کیونکر کاٹتا

مژدہ بلبل کو ہو پھر فصلِ بہار آتی ہے
پھر ہوئی باغ کی زینت نئے سر سے پیدا

خواہشِ نام ہے دنیا میں تو کر کسبِ ہنر
نام ہوتا ہے زمانے میں ہنر سے پیدا

رہروِ عشق وہ کیوں راہِ محبت جانے
علم ہوتا ہے زمانہ کے سفر سے پیدا

کام آسان نہیں فنِ سخن دنیا میں
شعر ہوتا ہے سحر خونِ جگر سے پیدا

بانی وہ پہ بلبلِ شیدا کے جلا دیتا ہے
آتشِ گل کا چمن میں شرر افشاں ہونا

یہ ادا تجکو سکھائی تری خودبینی نے
آئینہ دیکھ کے خود حسن پہ نازاں ہونا

تیرا اے پردہ نشیں ہے یہ نرالا پردہ
دل میں گھر کرنا مگر آنکھ سے پنہاں ہونا

شہرۂ آشوب ترا حسن ہے جب عالم میں
ہے بجا دیدۂ بیدار کا حیراں ہونا

ہے اثر نالۂ بلبل میں الٰہی کیسا
چاک کرتے ہیں گریباں عجب گل تر اپنا

ایک ہی ہاتھ لگا تیغ کا ایسا قاتل
بارِ احساں سے اُٹھے اب نہ کبھی سر اپنا

اُنکا منشا ہے سحر مرتے ہی جاؤں لیکن
حشر سے پہلے سحر ہو نہ خدا آج کی رات

اللہ محبت نہ ہو کیوں مجھکو بتوں سے
یہ دیر میں آئے ہیں ترے گھر سے نکل کر

جنکو ہے تری زلف کا سودا وہ ہیں مضطر
شیدائی ترے رکھتے ہیں دل اور جگر اور

رہے گا اس طرح بیتاب آخر
کہاں تک لے دلِ مضطر کہاں تک

میں وہ شوریدہ قسمت ہوں سحر ہوں
کہ ہے گردش میں جسکی آسماں تک

نظر آتی ہے زمانہ کی ہر اک شے موہوم
جس طرف یاس کے عالم میں نظر کرتی ہیں

پر عنقا کو قلم کرتے ہیں بحر خامہ
ہم رقم جب صفتِ موئے کمر کرتے ہیں

نہالِ گلشن امکاں سمجھتے ہیں ترے قد کو
ترے رخ کو فروغِ جلوۂ محفل سمجھتے ہیں

حقیقت میں سحر ہوشیار کہنا چاہئے انکو
بظاہر جنکو بیہوشی میں ہم غافل سمجھتے ہیں

ہوئی روشن جو شمع حسن پروانوں کی محفل میں
لگی بیساختہ اک آگ اہلِ بزم کے دل میں

طلسماتِ جہاں کیا ہے نگاہ نقشِ نیرنگی
نئی اک جلوہ آرائی ہے ہر دم پردۂ دل میں

نظر آتا ہے مستی خیز عالم چار سو مجھکو
کئے دیتی ہے متوالا شرابِ مشکبو مجھکو

میں وہ بلبل ہوں باغِ سبز جسنے سیکڑوں دیکھے
فریبِ دام اے صیاد کیا دیتا ہے تو مجھکو

آنکھ کس منت ادا سے چار ہو کر رہ گئی
بیخودی کیوں اے خدا یکبار ہو کر رہ گئی

دیر و کعبہ میں سحر ایک ہی منظر دیکھا
بت پرستی ہے کہیں سنگ پرستی دیکھی

کہاں سے لاؤں تاب جلوۂ جام مے صافی
نگاہ مست ساقی سے وداع ہوش ہوتا ہے

نہ چلتی گر جنوں افسرا ہوا فصل بہاری میں
نہ ہوتا دھجیاں دامن نہ ٹکڑے آستیں ہوتی

سحر
سحر ۔ حاجی ولی محمد صاحب ۔ آپ اجمیر کے ساکن ہیں مگر بمبئی میں قیام ہے ۔ حسن و عشق کی شاعری سے دور ۔ مجازی جذبات سے نفور ۔ مناجاتیں لکھتے ہیں نعت منقبت سلام وغیرہ لکھتے ہیں سلام اور ایک غزل کے چند شعر یہ ہیں ؎

اس قدر ظلم نہ دنیا میں دوبارہ ہوگا
کربلا میں جو ہوا اس شہ دلگیر کے ساتھ

ڈھائے ہم شکل پیغمبر پہ قیامت کے ستم
ناریوں نے کیا کیا نور کی تصویر کے ساتھ

ہو سحر مشہد و طیبہ کی زیارت حاصل
کاش ملجائیں دعائیں مری تاثیر کیساتھ

تحریر بھیجتے کو وہ تصویر بھیجتے
کچھ دل لگی کی شکل تو آتی نظر مجھے

غیرت سے ہائے عشق نے بیگانہ کردیا
رکھنا پڑا رقیب کے قدموں پہ سر مجھے

ہوتا نہیں سحر شب فرقت کا خاتمہ
آتی نہیں ہے صبح کی صورت نظر مجھے

سحر
سحر ۔ یوسف کنعان فصاحت عزیز مصر بلاغت معجز نگار جادو بیان ۔ عالیجناب راجہ امیر حسن خاں بہادر تعلقہ دار محمود آباد ۔ آپکے بزرگوں نے زمانۂ شاہی اودھ میں جو اعزاز و وقار حاصل کیا تھا ۔ آپنے اس سے المضاعف گورنمنٹ آف انڈیا میں ظفرانہ گراں بہا دعزت پائی انجمن تعلقہ داران نے آپ ہی کی صدارت پہ ہمیشہ فخر و مباہات کئے ۔ انڈین ایسوسی ایشن کی پریذیڈنٹی کیواسطے آپ ہی منتخب ہوے غرض جس معرکہ اور عرصہ گاہ میں آپ کا قدم گیا اُس کو سر کرکے چھوڑا ۔

آپکے ملکی اور قومی کارنامے صفحۂ عالم پر آفتاب کیطرح روشن ہیں سینکڑوں انجمنوں ۔ مسجدوں اما مباڑوں کو آپنے امداد دی مسئلہ تعلیم کی قومی دقتوں پر غور کرتے ہوئے مدارس کی ہمدردی میں حصہ لیا ۔ نہایت باوضع خلیق ۔ ملنسار ۔ قدردان علوم و فنون تھے ۔ آپنے کلکتہ

میں ایک مرتبہ واجد علیشاہ کے دربار میں بھی باریابی حاصل کی تھی۔ قومی۔ ملکی۔ سرکاری مشاغل کی موجودگی میں بھی آپ اپنی ریاست کے کاروبار باحسن الوجوہ انجام دیتے رہے۔ اور اپنے حسن انتظام سے علاقہ کو وسیع پیمانہ پر کرکے دکھادیا اور آمدنی میں معقول اضافہ ہوگیا۔ دیگر محاسن سے قطع نظر آپ کو فن شعر میں بھی ید طولیٰ حاصل تھا۔ تمام اساتذۂ لکھنؤ آپ کی صحبت میں حاضرباش رہتے تھے۔ اور از راہ قدردانی کسی شعرا کا وظیفہ مقرر تھا۔ مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی میں آپکو بلند مرتبہ حاصل تھا اور اس فن میں سید خورشید علی صاحب نفیس مرحوم کے شاگرد تھے۔ غزل گوئی میں جناب سید تجمل حسین صاحب تجمل ارشد تلامذۂ حضرت آتش لکھنوی سے مشورۂ سخن رکھتے تھے آپ کا مجموعہ کلام ہر رنگ اور ہر مذاق کا مرقع ہے۔ شعر میں کہیں عشق کی شوریدہ سری کہیں حسن کی دلفریبی کا بیان ہے کسی مقام پر دنیا کے بے ثباتی کے عبرت آموز نقشے دکھائے ہیں کیوں نہ ہو آپ اہل دل بھی تھے اور اہل زبان بھی۔ لکھنؤ کے ٹکسالی محاورے آپ کے ہاتھ سے سانچے ڈھلے تھے۔ پھر آپکے رنگ طبیعت پر ازلی پرتو پڑا ہوا تھا جسکے واسطے صرف شاعری ہی کافی نہ تھی بلکہ علم باطن بھی حاصل کیا تھا۔ آپ کی صحبت روحانی غذا تھی۔ عبرت۔ معرفت۔ بیخودی۔ جوش روحانی سے آپکے اشعار لبریز ہوتے تھے۔ حسن کلام کے پردہ میں جو نازک تشبیہات اور استعارے چھپے ہیں وہ آپ کی حکیمانہ اور عارفانہ طبیعت کیطرف اشارہ کرتے ہیں۔ مضامین کی بلند پروازی کے ساتھ زبان کی شستگی قابل داد ہے تو معاملات اور دلی واردات میں تخئیل کا اندازہ لائق صاد۔ غرض آپکے ریاض سخن میں گلچیں بہار کو مرجھایا ہوا پھول کہیں نہ ملے گا۔ ہر مقام پر تر و تازہ گل دستیاب ہونگے۔ ارباب ذوق اس رنگ کے اشعار پڑھکر تڑپتے ہیں

جب جوانی کا مزا جاتا رہا — زندگانی کا مزا جاتا رہا
منحصر مانگے پہ آنا موت کا — ناگہانی کا مزا جاتا رہا

صرف ایک لفظ میں شاعری دکھانا اور محض قافیہ سے مصرعہ کو پورا کرنا۔ آپکا کمال تھا ناسخ کی مشہور غزل جسکا مطلع یہ ہے ؎

مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا	طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریباں کا

اُسی زمانہ میں مقبولیت حاصل کرچکی تھی اور ہر شخص کی زبان پر یہ مطلع تھا۔ بڑے بڑے اساتذہ کا قول تھا کہ "اس مطلع کا جواب نہیں ہوسکتا۔ حضرت ناسخ خود بھی چاہیں تو ایسا نہیں کہہ سکتے" مگر جب آپ نے یہ مطلع کہا ؎

جنوں انداز ہے عنواں خود روز ہجراں کا	شگاف دامن شب چاک ہے میرے گریباں کا

تو تمام لکھنؤ میں دھوم مچ گئی جو ستم تھا راجہ صاحب کی فکر صائب اور طبع بلیغ کو آخریں کہنا تھا۔ راجہ سحر علی محمد خاں ساحر آپکے صاحبزادہ جانشین ہیں۔ آپکے کلیات میں غزلیات اردو فارسی کے سوا مسدس مخمس۔ رباعیات۔ قطعات۔ سلام۔ تاریخیں سب کچھ موجود ہے اور وہ جلوہ گر اشاعت ہوا ہے۔ اُسی حدیقہ سخن کا ایک گلدستہ نازک دماغان معانی کے سامنے پیش کیا جاتا ہے ؎

وظیفہ ہے نظارہ مصحف رخسار جاناں کا	ملا ہے اجر آنکھوں کو ثواب ختم قرآں کا
زخم دل کو مرے دعوی ہے نمک خواری کا	ابھی خالی نہ کریں آپ نمکداں اپنا
کچھ ہے بہت سا لکھنؤ ویراں ہو گیا	کیا گل کدہ اُجڑ کے بیاباں ہوگیا
جسے کہتے ہیں ظلمت پرتو زلف پریشاں تھا	نیا صبح ازل کا یہ مرا چاک گریباں تھا
خزان جور گردوں نے کیا کیا سحر دونوں سے	کبھی ہم بھی جواں تھے لکھنؤ بھی اک گلستاں تھا

ہم نے ابرو کی طرف دیکھا تھا	آپ نے کھینچ لی تلوار یہ کیا
ہے سر پہ کج کلاہ تو اتنا غرور کیا	آخر ہے ناکا سہ سر جو یہ رکیا
آشفتگی سے وہ خوش محفل نہیں رہا	میں اب غزل سرائی کے قابل نہیں رہا
پیری میں بھی جواں ہیں مرے حوصلے مگر	دنیا کے انقلاب سے وہ دل نہیں رہا
ننگ لانے میں ستانے میں وہ ہر جا پنیا	اسکا انداز نیا ڈھنگ نیا پیار نیا
وہ حسینوں میں اکیلے ہیں ستیئے عاشق ہم	مال جیسا ہے نیا ویسا خریدار نیا

سحر پوشاک بدلنے کی طلب آئی ہے

جھمکڑا ان پری زادوں کا دیکھے باغ میں زاہد

حال اے عیسیٰ نفس یہ ہے مرے آزار کا

مشکل حل کر صاف کر لے مورچہ کا خوف ہے

حکم ہے آنکا ہوا بھی مجھ تلک آنے نہ پائے

جو منہ پہ ڈال کے وہ گوشۂ نقاب آیا
شب وصال وشب ہجر خواب بندی تھی

ہوا ہے مغتنم ہونا بہم یہ دستۂ گل کا

چلو گل گشت کو اے سحر سیر باغ کر آؤ

وصل کیسا وصال ہو ہی گیا
غیر سے بھی ہنسی ہنسی نہ رہی
پھر گئی آنکھ اُس ستمگر کی
عشق بازی میں سحر محنت کی

ہے بقا موت میں انجام اگر اچھا ہو

خواب نوشیں سے جگا کر انہیں لایا مجھ تک

کیا بنائے کوئی ایسے سے بگڑ کر کھنچے

پناہ لیسے تلون شعار و منکر سے
جو سیدھے کل تھے انہیں آج کج ادا پایا
نئی روش کی خزاں میں بہار آئی ہے
دم سحر جو کھلا ہے قفس کا در صیاد
خموش میں ہاں نہ تو قینچیاں دکھا کے ڈرا

تم نئے - وصل نیا - وقت نیا - یار نیا

کوئی کھدے پہ احوروں کا بھی جنت میں یوں ہی تھا

دیکھکر روئی دوا "منہ سُت گیا" بیمار کا

بوسے خوں دیتا ہے قاتل منہ تری تلوار کا

رخنہ رخنہ بند ہے چاروں طرف دیوار کا

ہوا یہ شعور کہ بدلی میں آفتاب آیا
نہ نیند آپ کو آئی نہ مجھکو خواب آیا

یقیں ہے رنگ ہو کر آشیاں اُڑ جائے بلبل کا

گل و بلبل کی چہلیں وہ لپٹنا سرو و سنبل کا

غیر کا انتقال ہو ہی گیا
آنکو اک دن ملال ہو ہی گیا
بے چھری میں حلال ہو ہی گیا
مشق فن سے کمال ہو ہی گیا

عمر جاوید ہے ہستی کا فنا ہو جانا

وقت کی بات ہے نالے کا رسا ہو جانا

جس کو آتا نہیں عاشق سے خفا ہو جانا

زبان دیکھے پلٹنے لگے زباں کیطرح
ہمارے تیر بھی کھنچنے لگے کماں کیطرح
ضعیف جوش میں آئے ہیں نوجواں کیطرح
دعا ہے نیم شبی کا ہے یہ اثر صیاد
زباں دراز نہیں سے ہے مشیت پہ صیاد

کمال مجھ پہ ہے احسان دانہ پانی کا　　میں تیرے گھر کو سمجھتا ہوں اپنا گھر صیاد
الٰہی خیر ہو بلبل کے آشیانے کی　　ٹہل رہا ہے چمن میں ادھر اُدھر صیاد

قطعہ

میں اپنی بیتی سناؤں تجھے عجیب و غریب　　خدا کے واسطے اس سمت کان دھر صیاد
یہ ایک روز کا قصہ ہے جب جواں میں تھا　　کسی زمانہ میں تھا میں بھی تیز پر صیاد
فلک نورد تھا سوئے زمیں نگاہ نہ تھی　　ہوائے عالمِ بالا سے پُر تھا سر صیاد
کمال جب ہوا خستہ زمیں کا میل کیا　　بس ایک باغ میں میرا ہوا گذر صیاد
وہ باغ جس سے کھلے دل باغ باغ ہو جائے　　وہ باغ جس سے کرے خیرگی نظر صیاد
نمونہ قدرت باری کا تھا وہ باغ نہ تھا　　بہار جس میں بنائے ہوئے تھی گھر صیاد
گھنے گھنے وہ شجر اور تحتہا الانہار　　وہ صاف موتی سا پانی کہ آبِ زر صیاد
کیاریوں میں وہ اُگی ہوئی خشخش باغ　　بچھا تھا فرش مشجّر زمیں پر صیاد
وہ حوض مردمک دیدہ کا اولی الابصار　　وہ نہر رشک دہ رشکِ چشم تر صیاد
روش میں تھی روش جادۂ بہشت بریں　　حنا کی ٹٹیوں میں بند ہو نظر صیاد
کہیں وہ سرو و صنوبر کہیں کہیں شمشاد　　مہک وہ جوہی کی جس سے دماغ تر صیاد
اکڑ رہے تھے وہ سبز نونہال چمن　　کہ جن کا شکل نہ آئے کہیں نظر صیاد
مہک پڑی کی مہک موتیے کی باس میں تھی　　درود بیچ کہ جس پر کروں نظر صیاد
ترنج ایک طرف رنگترا ہے ایک طرف　　بہار جس میں خزاں کے لئے سپر صیاد
وہ ہتابیاں خوش رنگ نازشِ پستاں　　وہ پرتقال کہوں جسکو لعل تر صیاد
حیا نہ آ کے محل ہو جو وصل کی ٹھیرے　　حنا کی ٹٹیاں وہ بھی کمر کمر صیاد
وہ ناروں وہ لجالو کہیں لجائے ہوئے　　وہ نسترن وہ کہیں صندل و اگر صیاد
وہ نازبو کی لپٹ سیوتی کی وہ خوشبو　　وہ پھول کیوڑے کے جس سے مشام تر صیاد

وہ دار بست مری تاک میں جھکی خوشے
خدا نہ جھوٹ جو بلوائے ہاتھ بھر صیاد

وہ آم نازشِ بستاں بہار گلشن میں
سنگھار کہئے چمن کا کہ تاجِ سرِ صیاد

یہ سیر دیکھ رہا تھا کہ اک فرشتے نے
کہا پکار کے ہاں اس طرف نظر صیاد

سنا ہے تو نے محمدؐ کا مرتبہ کہ نہیں
کہا یہ میں نے کہ واللہ بیشتر صیاد

کہا پھر اس نے نبی کے غسالۂ تن کو
یہ پھول جس نے بنایا بہ اثرِ صیاد

جو سونگھ لے اسے مومن تو وجد میں آئے
ولا کا جوش نہ پھر جائے عمر بھر صیاد

وہ دیکھ صدر ہیں گلشن کے کس نمود کیساتھ
مہک رہا ہے وہ پھولوں کا تاجِ سرِ صیاد

غرض یہ سنکے گیا میں بھی آڑ کے اس جانب
عجب آفتِ جاں سے لڑی نظر صیاد

نظر نہ تھی کہ خدنگ کمال عشق کہوں
ہوا وہ اُنس کہ حالت ہوئی دگر صیاد

پھڑک پھڑک کے پھرا گرد اپنے دلبر کے
چہک چہک کے پڑا اسطرف مگر صیاد

مجال یہ نہ ہوئی لے لوں ایک ہی بوسہ
رہی نہ تاب کہ دیکھوں بھی بھر نظر صیاد

زمینِ دل پہ مسلط ہوا شہنشۂ عشق
جنونِ ہوش ربا نے اٹھایا سر صیاد

یونہی گذر گئی اک عمر سحرؔ عاشق کی
سمجھ کے تجکو سمجھ وار دی خبر صیاد

نہیں مژگاں حسینوں کی انی چھریاں ہیں سانوں پر
قریب ابرو کے نقص ہیں کیسے چلتے ہیں کمانوں پر

فرشتوں کا گذر جس جا نہ تھا انساں وہاں پہنچے
زمیں کے رہنے والے چل پھر آئے آسمانوں پر

نہ جانے کیا کہا تم نے ہوئی جو یاس جینے سے
یہ کیسی مردنی چھائی تمہارے ناتوانوں پر

تمہارے گھر یہ آئے ہم نہ پوچھی بات بھی تم نے
ستم کرتا ہے کوئی میزباں یوں میہمانوں پر

مسلط عشق جب ہوتا ہے ناصح کی نہیں سنتے
نہیں چلتی ہے کچھ پیروں کی پیری نوجوانوں پر

نشاں اُن بے نشاں کا ہم نے پایا بے نشاں ہو کر
مکانِ یار تک پہونچے ہیں عاشق لامکاں ہو کر

جدائی گوشہ گیر اک روز ہو گی عہدِ پیری میں
جھکیگا ایک دن یہ تیر سا قامت کماں ہو کر

مری تقدیر لے بھی جائے گر ظلمات تک مجھکو
تو مجھ سے چشمۂ حیواں چھپے اُنکا دہاں ہو کر

مرے نالوں سے ڈر کر غیر کے گھر میں وہ چھپتے ہیں
دعائے زیست اُنکا کوسنا ہے حق میں عاشق کے
نہ بھولے گی ہمیں ہرگز یہ ناسازی نصیبوں کی
وہ سلطانِ سخن تھا سحرؔ آتش جس نے عالم میں

باوفا ہیں کہ بیوفا ہیں ہم
دیکھ سکتے نہیں کسی کا رنج
عرش پر بادماغ رہتا تھا
بات بات آپکی سمجھتے ہیں
سحرؔ اکثر صنم کدے میں ملے

خدا سے شکوہ کب تیرا ستم ایجاد کرتے ہیں
یہاں نشو و نما کانٹوں نے پکڑا قبرِ عاشق پر
میخانہ میں گر آیا ہے زاہد تو پی بھی لے
اُسکو وفائے عہد میں انکار کچھ نہیں
تڑپنے سے غش آجاتا ہے غش سے چونک پڑتی ہیں
صدا لبیک کی دیتی ہے ہمت اہلِ بخشش کو
فراقِ یار میں اے سحرؔ یہ صورت ہوئی آخر
ازل سے ہے اثر اعجاز کا بیاں کے لئے
بجائے جادۂ صحرا رواں ہوئے چشمے
مریض کون تھا گھبرا کے کیوں چلے آئے
تمہارے دیئے ہیں شامِ فرقت بتائیں کیونکر سحر ہوئی ہے
دل و جگر ہیں اُنہیں کی جانب ہم اپنا رونا سنائیں کیسے

پلٹ جاتی ہیں تدبیریں نصیبِ دشمناں ہوکر
اجل دکھلاتی ہے صورت حیاتِ جاوداں ہوکر
ہماری یاد بھی آئی تو اُن کو ہچکیاں ہوکر
لیا مُلکِ معانی شاعرِ جادو بیاں ہوکر

کیا کہیں کیا تھے اور کیا ہیں ہم
اس قدر درد آشنا ہیں ہم
یا ترے در پہ جبہ سا ہیں ہم
روشناس ادا ادا ہیں ہم
اور دعویٰ کہ باخدا ہیں ہم

جو سب کو یاد کرتا ہے اُسے ہم یاد کرتے ہیں
وہاں تیاریاں ہوتی رہیں پھولوں کی چادر کی
یہ تو نہ ہو کہ مفت میں سودا کرے کوئی
یہ شوق ہے کہ روز تقاضا کرے کوئی
شبِ فرقت میں ہمکو نیند کس مشکل سے آئی ہے
دعائے خیر کی جس دم صدا سائل سے آئی ہے
کہ سینے سے لبوں تک سانس بھی مشکل سے آئی ہے
ہوئی ہے خلق فصاحت مری زباں کیلئے
یہ پھوٹ پھوٹ کے رویا ہیں کارواں کیلئے
یہ فقرہ تھا فقط الفت کے امتحاں کیلئے
قضائے مبرم کا سامنا تھا تڑپ تڑپ کر بسر ہوئی ہے
الٹ پلٹ شہر ہے سراسر ادھر کی دنیا اُدھر ہوئی ہے

مزا دکھاتا ہے اُنکا دن بن ضد کی بچپن کا ہے تقاضا
ابھی سرو ہی ہے بجلکو نہیں نہ جانیں کس کس کا خون کرینگی
ملا ہے یوں ایک ایک سے تو لڑائی دو دو پہر ہوئی ہے
پھنسے ہیں پرزوں سے جو چھکے پڑے وہ آنت پیچ ہوئی ہے

گریہ وزاری پہ جب آئی بسر ہو جائیگی
جیتے مرتے رات فرقت کی سحر ہو جائیگی

سادگی میں حسن کیا کم تھا جو تم نے بھی دیا
چشم بد دور ایسی آنکھوں کو نظر ہو جائیگی

روز محشر ان بتوں کے سامنے سنتا ہے کون
کیا کہوں گا میں خدائی جب اِدھر ہو جائیگی

زلف بکھرائی جو چہرہ پر تو ہو جائیگی شام
جب نقاب رخ الٹ دو گے سحر ہو جائیگی

چادر رخ مہوش سے سرکی
میلی ہوئی چاندنی سحر کی

غربت میں محل ہے پیڑ کی چھاؤں
کٹ جاتی ہے دھوپ دوپہر کی

رخساروں پہ جھک پڑی ہیں زلفیں
سایہ میں ہے دھوپ دوپہر کی

اُن آنکھوں سے کیا ہو چشم امید
دونوں دشمن دل و جگر کی

سچے وعدوں کے واسطے غیر
جھوٹی قسمیں ہمارے سر کی

پروانہ کے سوز کا اثر تھا
جل جل کے جو شمع نے سحر کی

صبح شب وصل پھر وہی ہجر
محنت برباد رات بھر کی

سحر

سحر۔ شاعر شیوہ بیان۔ مولوی عبدالرحمن خاں ساکن بنارس۔ شاگرد میرزا قادر بخش گورگانی آپکے کلام میں اعلےٰ مضامین پائے جاتے ہیں مگر لطف زبان و روزمرہ فصحا پر کماحقہٗ قدرت نہیں۔ بندش چست اور الفاظ کی نشست درست ہوتی ہے۔ آپنے میرزا صابر کی وفات کے بعد میرزا قیصر بخت فروغ کی ہمراہی میں سالہا سال گذارے ہیں۔ راجہ ڈمراؤں کی کچھ جائداد بھی آپکے چارج میں رہی تھی۔ چند شعر نمونۃً درج کئے جاتے ہیں ؎

سبزۂ جوہر نہ اسکو جانیو سفاک تو
یہ مرا عکس لباس روح ہی شمشیر پر

زاری مظلوم ظالم پر اثر کرتی نہیں
شمع کا گریہ موثر کب ہوا گلگیر پر

بازگشتی تیر کی مانند رشک غیر سے
الٹی پھر آئی نظر جا کر تری تصویر پر

سحر یہ لیتا ہی بوسے دم بدم جو شمع کے ‏— رشک پروانوں کو ہیں کیا لب گلگیر پر

عمر بھر جیتے نہ پائے کوچۂ دلدار میں ‏— ہم مثال سبزۂ بیگانہ ہیں گلزار میں

میں وہ پردہ پوش ہوں کھوجو بارہ واہیں ‏— تیغ چھپ جائیگی میرے زخم دامن وا ہیں

جو تیری چشم کو گردش اے نگار رہے ‏— کبھی نہ رشتۂ امید پائدار رہے

جو بیقراری دل کو رقم کریں اے سحر ‏— ہمارا نامہ لفافہ میں بیقرار رہے

کیا زبان چلتی ہے اب تو تری اللہ اللہ ‏— بات منہ سے نہ نکلتی تھی حیا سے پہلے

دیکھنی راہ قیامت کی ہی مرنے سے سوا ‏— تیرا انصاف تو ہو روز جزا سے پہلے

مرض عشق کا مصلح نہیں معلوم مگر ‏— درد ایجاد ہوا تھا نہ دوا سے پہلے

نہیں ہوتی سیدھی کسی طرح سے ‏— مری قسمت اُن کی نظر ہو گئی

بڑھا ہیں کہاں پائے نظارہ کو ‏— جہاں اُن کی حد نظر ہو گئی

گھبرا گیا مریض محبت کو دیکھ کر ‏— سب لیگئے جو اُسکو مسیحا کے سامنے

آیا عرق جبیں پہ تو دونا ہوا جمال ‏— کیا لطف چاندنی کا ہی دریا کے سامنے

میں مر گیا ہوں عشق میں اُس شوخ چشم کے ‏— ہو قبر مری نرگس شہلا کے سامنے

غیروں سے جو آنکھ اُس شہ خوباں نے لگائی ‏— مرنے پہ نظر عاشق بیجاں نے لگائی

زندہ کئے لاکھوں۔ پہ مری لاش پہ آکر ‏— ٹھوکر بھی نہ اُس عیسیٰ دوراں نے لگائی

یہ جان لو بس جان نکل جائیگی میری ‏— گر دیر ذرا قاصد جاناں نے لگائی

سحر — سحر۔ سرو بوستان فصاحت چمن پیرائے بلاغت جواہر رقم ہفت قلم جناب منشی دیبی پرشاد صاحب قوم کایستھ خلف منشی بیہاری لال اخگر۔ بزرگوں کا وطن بانگرمئو متصل قصبہ سندیلہ تھا۔ مگر آپ ۲۴ دسمبر ۱۸۴۴ء کو بدایوں میں پیدا ہوئے۔ اور تکمیل تعلیم کے بعد اپنے والد سے استفادہ سخن فرمایا۔ مدتوں سررشتہ تعلیم میں ملازم رہے۔ ترقی پاکر ڈپٹی انسپکٹری کے فرائض انجام دینے کے بعد سرکار سے پنشن حاصل کی۔ شباب کے ہنستے کھیلتے دن دہلی اور لکھنؤ میں گذرے

کشیدہ قامت۔ سانولا رنگ چیچک رو تھے۔ مزاج نفیس اور عطریات کے شوقین تھے۔ عادات۔ اخلاق کے لحاظ سے شریف اور صاحب تصانیف تھے۔ نظم پروین۔ خلاصۃ المنطق معیار الاملا۔ محیط المساحت۔ مراۃ العلوم وغیرہ کے سوا واسوخت اور دو دیوان آپ کی یادگار ہیں جنمیں ایک کا نام "سحر سامری" ہے۔ آپ بدایوں میں دور اول۔ دور دوم کے مشاعروں میں شرکت فرماتے رہے۔ چودہری اصغر علی ضابط۔ مولوی غنی رضا حشی مرحوم کے ہم عصر تھے۔ ۱۸۹۳ء میں آپ زندہ تھے اور یہ وہ زمانہ تھا جبکہ نواب سید محمد زکریا خاں زکی مرحوم بقید حیات تھے۔ اور حافظ عنایت احمد صاحب رئیس بدایوں کے مکان پر مشاعرہ ہوتا تھا لالہ رام لال راحت اور منشی گیندن لال گوہر بدایونی کے یاران صادق میں تھے نہایت علم دوست۔ کلام کے حسن و قبح پرکھنے میں اپنے احباب سے گوئے سبقت لیگئے تھے۔ خوشنویسی میں یگانہ۔ زود گوئی میں مشہور زمانہ تھے۔ آپنے پنشن لینے کے بعد بھی علمی زندگی اور درس و تدریس کا شغل جاری رکھا طلباء کو کتابت سکھائی اور اُن میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو اسوقت صاحبان مطابع ہیں۔ بدایوں میں بہت سے نوجوان آپکے سر چشمۂ علوم سے بہرہ ور ہوکر اس وقت اعلیٰ عہدوں پر ممتاز ہیں۔ افسوس ہے کہ آپکے انتقال کے بعد آپ کا کتبخانہ برباد ہوگیا۔ اور نایاب علمی کتابیں پنساریوں کی ردی میں شامل ہوکر کوڑیوں کے مول فروخت ہوئیں۔

منشی انوار حسین تسلیم جو کامل الفن اور شعر کے نقاد تھے حضرت سحر کے کلام پر یہ رائے دیتے ہیں کہ آپ محاورہ دان اردو وہمزبان حضرات لکھنؤ ہیں۔ جو مضمون ہے عالی ہے کلام حشو و زواید سے خالی۔ بندش کی چستی الفاظ کی درستی دلوں کو لبھاتی ہے۔

آپکے کلام معارف نظام میں تصوف اور حقایق کے نکات موجود ہیں۔ صنایع بدایع کے برتنے میں روزمرہ اور سادگی۔ بیساختہ پن کو زیر نگاہ رکھتے۔ عاشقانہ شعر خوب کہتے ہیں جو واسوخت عالم جوانی کے لکھے ہوئے ہیں ان میں دلی واردات کو نہایت خوبی سے

بیان کیا ہے۔ جادو نگاری کے کرشمہ یہ ہیں ؎

دیر میں ہے۔ وہ نہ ہی کعبے میں اور ہی سب کہیں
طالبِ نظارہ کو گر ہے سلیقہ دید کا

جو ملا اُس سے اُسے کہتا ہے عالم مر گیا
نام مردہ رکھدیا ہے زندۂ جاوید کا

رباعی

معشوق سے ہم نے دل لگانا چھوڑا
کوچہ میں پری رخوں کے جانا چھوڑا

جبتک نہ تھی اُسکے نیک و بد سے واقف
کرتے تھے عشق جبکہ جانا چھوڑا

عکس افگن جب وہ گلگوں پیرہن ہو جائے گا
لالۂ گل ہو جائے گا گل نسترن ہو جائے گا

ہم نے دانائی سے وہ نکتے نکالے عشق میں
عاشقی بھی کچھ دنوں میں ایک فن ہو جائیگا

بت کو یہ پوجے گا وہ کلمہ پڑھے گا حسن کا
نذرِ الفت دین شیخ و برہمن ہو جائیگا

دم گریہ جو خیالِ دُرِ دنداں ہو گا
قطرۂ اشک ہر اک گوہر غلطاں ہو گا

کچھ ہمیں سیر چمن کی نہ رہے گی پرواہ
خود بخود داغوں سے یاں سینہ گلستاں ہو گا

تیغ ابرو سے قتل کر ظالم
کون احسان اٹھائے خنجر کا

زخم جب اندمال پر آیا
اور جلاد نے دیا چرکا

زاہدا عشق مجازی ہے حقیقی کی دلیل
دیکھکر روئے صنم مجھکو خدا یاد آیا

خود فراموش رہا عشقِ بت کافر میں
کبھی بھولے سے نہ بندے کو خدا یاد آیا

زیر گیسو جو دُرِ گوش تمہارا چمکا
مجھکو ثابت ہوا بدلی میں ستارا چمکا

عجب نخرے ہیں اُسکے راہ میں دے کئی کیا کیا
پہونچکر اپنے گھر رستہ بتاتا ہے مجھے گھر کا

نہ تو دل اپنا ملا ہمکو نہ دلبر اپنا
ہائے قابو ہے نہ دلبر نہ دل پر اپنا

چشم عالم کو دکھلائی نہیں دیتا اصلا
گھر یار کی صورت تن لاغر اپنا

سحر اُس عارضِ گلرنگ پہ ہم مرتے ہیں
ہو کفن بعد فنا پھولوں کی چادر اپنا

مجھکو سر پھوڑنے کو منع نکر اے ناصح
تجھکو کیا اپنی ہی دیوار ہے اور سر اپنا

چل نہ وہ چال جو اپنے بھی پرائے ہو جائیں
لطف و احسان سے بیگانہ کو بھی کر اپنا

مجھ سے رہتا ہے جو برگشتہ ہمیشہ اے بت
ہو گیا میرے لئے تو بھی مقدر اپنا

اپنے در سے مجھے یوں کہہ کے اٹھاتا ہے وہ شوخ
یوں ہی مرنا ہے تو کیا بھول گیا گھر اپنا

آ جو نکلے ہو تو دو چار گھڑی بیٹھ بھی لو
سحرؔ کے گھر کو ہی سمجھو کہ ہے گھر اپنا

ہم کہیں کس سے حالِ زار اپنا
نہ کوئی دوست ہے نہ یار اپنا

چاروں جانب ہی ہمیشہ موج زن سیل سرشک
اک جزیرہ میرے رونے سے مرا گھر ہو گیا

میکدہ ہو یا ہو مسجد کعبہ ہو یا دیر ہو
پھر وہیں پر گھر ہے جس جا اپنا بستر ہو گیا

کچھ نہیں شک ہے تصور مادۂ تصدیق کا
یاد میں موئے کمر کے میں بھی لاغر ہو گیا

کوئی معشوق وفادار نہ اصلا پایا
وہ برا نکلا بظاہر جسے اچھا پایا

داغِ دل نقدی میں جاگیر میں صحرا پایا
ہم نے بھی عشق کی سرکار سے کیا کیا پایا

حضرت ناصح مجھے کہتے ہو سودا ہو گیا
مجھکو سودا ہو گیا ہاں آپ کو کیا ہو گیا

میرے رونے پر انہیں رحم آ گیا شانِ خدا
آب گریہ سے ہرا نخل تمنا ہو گیا

ہاتھ میں تیغ اس نے لی سب نے اٹھایا جان سے ہاتھ
پانوں رکھا قتل گہہ میں حشر برپا ہو گیا

اک پری پیکر کی الفت میں جو دیوانہ ہوں میں
لوگ کہتے ہیں اسے سایہ پری کا ہو گیا

ہے دہن برزخ وجود و نیستی کے درمیاں
اب ہمیں اچھی طرح حل معمّا ہو گیا

شام فرقت پر گماں روز قیامت کا ہوا
صور کا شور اذاں پر مجھکو دھوکا ہو گیا

سحرؔ سا ناچیز فیضِ صحبتِ استاد سے
اوستاد نظم اردوئے معلی ہو گیا

قطعہ

میں نے ان سے یہ کہا مرتے ہیں اب تو سحرؔ میں
دشمن جاں عشق لے جائی تمہارا ہو گیا

دل تڑپتا ہے جدا سینہ جدا ہے بیقرار
چین پڑتا ہی نہیں کیا جانئے کیا ہو گیا

بھرتے بھرتے آہ چھالے سب زباں میں پڑ گئے
روتے روتے خون خالی سب کلیجا ہو گیا

مجھکو یوں کہتا ہے کوئی اب بھبکا جاتا ہے
کوئی کہتا ہے یہ کوئی دم میں ٹھنڈا ہو گیا

کوئی کہتا ہے اسے آسیب کا ہی کچھ خلل
کوئی کہتا ہے پری کا اسکو سایا ہو گیا

کوئی کہتا ہے کہ اس کو صرع کا ہی عارضہ
کوئی نبضیں دیکھکر کہتا ہے سکتا ہو گیا

کوئی کہتا ہے کہ ہیجان صفرا کا اسے
کوئی کہتا ہے مقرر اس کو سودا ہو گیا

مہر ہیجاں! افسوس رحم اسیری بھی کچھ تجکو نہیں آیا
کیسا دل لوہے کا پتھر کا کلیجا ہو گیا

مار کر وہ قہقہہ بولے ابھی روتے ہو کیا
دل لگانا آپکے نزدیک ٹھٹھا ہو گیا

اسوقت نہ ہے سرمۂ چشم ہیجاں کا
یہ وصل کی شب سوانگ نکالا ہے کہاں کا

دریائے سرشک اپنا بہا لیگیا مجھکو
آنکھوں نے کفن مجھکو دیا آب رواں کا

تم بھی نہ ملے کچھ نہ ہوئی طاعت حق بھی
رکھا مجھے تم نے نہ یہاں کا نہ وہاں کا

ہے چشم پری کا سا گماں سیری تلے کو
بر روزن دیوار سے کس شوخ نے جھانکا

آفت میں رفوگر ہے میرے سینہ کو سی کر
سو جا سے کھلا زخم جو اک جا سے ٹانکا

پاؤں میں زنجیر ہے اور جوش پر ہے فصل گل
اب بتا تیرا ارادہ ہے دل ناشاد کیا

نالہ جو کوئی میرے دہن سے نکل گیا
مانند تیر چرخ کہن سے نکل گیا

عریانی اپنی یاد جو آئی دم فنا
لاشہ تڑپ کے تحت کفن سے نکل گیا

زخم دل سی جائیگا گر اک نظارہ ہو گیا
چشم کا تار نگہ تار رفو ہو جائے گا

گر رہا جوش جنوں یوں ہی ہمارا جوش پر
یہ دل دیوانہ رسوا کو بکو ہو جائے گا

دنیا میں ایک دن بھی رہے ہم نہ تشنہ لب
واعظ بہشت میں بھی یقیں ہے ملے شراب

کافر ہو پیر جو شرع کا کچھ بھی کرے خیال
جب جام بھر کے ہاتھ سے یار اپنے دے شراب

جو مست ہو معاف ہے اس شخص کو نماز
عزت خدا نے بخشی ہے کیا تجکو اے شراب

[illegible] بھلا ہو سیر پیالوں سے کیا بھلا
پیتا ہوں شرط باندھکے میں دس گھڑی شراب

جاں سے کس پہ ہے دل اپنا نثار آپ سے آپ
کس کی صورت پہ چلا آتا ہے پیا آپ سے آپ

قطعہ

کہاں ہیں سے کہ ملے یار گل اندام
دے اک بوسہ مجھے از راہ خیرات

لگا کہنے جو چشم، اے واہ کیا خوب
وہ بات کیوں چھیڑوں وہ ہوں جس سے خفا اور
کب نکلے مرے چاہنے سے وصل کی صورت
تجکو تو بہت سحر سے ہیں عاشق جانباز
بوسۂ لب سے نہ منہ پھیرئے مر جاؤں گا
یادِ مے فرقت ساقی میں جو آئی اے سحر
آئے گر میرے جنازہ پہ وہ بہر تکبیر
صبح کو بعد وصال اللہ رے انکا حجاب
جل نہ جائیں ہاتھ تیرے پھل نہ جائیں انگلیاں
یہ آج کس کے نظارہ کا منتظر ہے باغ
کتاب رخ پہ کھنچی خط سبز کی جدول
گھر اپنا ہے نہ جھجکو بے حجابانہ چلے آؤ
یہ وہ ماتم کدہ ہے اسمیں شادی تو کب آتی ہے
ہوا یہ ظلم فصل گل میں مرغان خوش الحان پر
پلائے یار تو پی لے پاس شرع نہ کر
قطعہ
میں نے کہا کہ خانۂ دل میں کرو گذر
بولے لگے نہ چوری کہیں صبر و ہوش کی
دشمن جاں ہیں حسیں ان سے نہ دل مان کہا
کہیں کیا کہ کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہزاروں گمان دل میں ہوتے ہیں پیدا
نظر آتے ہو سحر عاشق کسی پر ہو

مثل مشہور ہے چھوٹا منہ بڑی بات ہے
جوں جوں وہ ترش ہوتے ہیں ملتا ہے مزا اور
ہاں وہ بھی اگر چاہیں تو پھر چاہئے کیا اور
پر تیری قسم اُس کو نہیں تیرے سوا اور
اتنا بیمار سے پرہیز مسیحا بن کر
رہ گئے دیدۂ دل ساغر و مینا بن کر
ہاتھ پھیلائے نکل آؤں کفن سے باہر
سر جھکا لیتے ہیں میری سمت ہر دم دیکھکر
زخم پر لے چارہ گر رکھا تو مرہم دیکھکر
کھلی ہے نرگس شہلا سر ایک کیاری پر
چڑھایا حاشیہ اور وضع داری پر
جگر میں پھپھولے ہو کر رہو سینہ میں چھالے ہو کر
کبھی غم بھی نہ آیا میرے دل میں شادماں ہو کر
لگائیں قینچیاں گلچیں نے دیوار گلستاں پر
بنے صنم سے اگر شوق سے خدا سے بگاڑ
حاضر ہیں بندگی کے لئے اپنی جان سے ہم
ڈرتے ہیں آتے جاتے پرائے مکان سے ہم
دوستانہ بھی ہم سمجھے ولا کہتے ہیں
لکھا ہے جو قسمت میں ہم دیکھتے ہیں
ترے ہاتھ میں جب قلم دیکھتے ہیں
تمہیں پھر گھڑی چشم نم دیکھتے ہیں

صدمہ پہونچا انہیں زلف کے سلجھانی میں
حسن انسان سے کبھی بڑھ کے نہیں حور کا حسن
ہجر میں کسکو پسند آتا ہے جام و مینا
جو زندگی میں طالب کوئے صنم نہیں
کبھی زباں سے نہ شکوہ نہ آہ کرتے ہیں
خدا نے حسن بتاں دیکھنے کو آنکھیں دیں
جنوں میں کاوش غم بے سبب نہیں ہرگز
روشن ہے پھلجھڑی کی صفت چشم زار میں
ناصح میں ترک عشق بتاں تو ابھی کروں
پوچھیں تو صاف کہدوں کہ ہوں بندۂ بتاں
کہا میں نے دل ناکام سے کب تک اس ارمان میں
کہا بس چپ رہو بے فائدہ بکنے سے کیا حاصل
ہم پاکباز طالب دیدار ہیں فقط
سادہ رُخ حبیب کو کس سے مثال دوں
قسمت میں لکھدیا مرے کیوں بے حساب رنج
ساقی نہ دیر کر یہ خدا ساز بات ہے
چہرہ سے یار کے ہے عیاں سرخی شراب
موقوف شرب مے پہ ہے ساقی بہار زیست
خدا راضی ہوا تم سے نہ اکدن شیخ جی صاحب
ابھی سے حضرت دل کیسی ہمت ہار جاتے ہو
پسندیدہ نہ ہو اے سحر کیوں سب کو کلام اپنا

در و افراط نزاکت سے ہوا شانے میں
ہم نہیں آئینگے زاہد ترے بہکانے میں
جی میں ہے آگ لگا دوں ابھی میخانے میں
بعد فنا وہ لایق باغ ارم نہیں
وہ ظلم کرتے ہیں اور ہم نباہ کرتے ہیں
جو تمکو دیکھتے ہیں کیا گناہ کرتے ہیں
ہم اپنے دل سے ترے دل میں راہ کرتے ہیں
شعلہ ہے لخت دل مرے اشکوں کے تار میں
پر دل نہیں خدا کی قسم اختیار میں
منکر نہوں فرشتوں سے بھی میں مزار میں
کہ ملجاؤ کسی دن ہم سے تم فصل بہاراں میں
وہ ہو سکتی ہے پھر کیونکر نہ ہو جو بات امکاں میں
اغیار کی طرح ہوس "این و آن" نہیں
خط شعاع مہر میں دیتا ہے ماہ میں
الجھوں گا میں خدا سے بھی جا کر حساب میں
ہے لطف آفتاب شب ماہتاب میں
ہے آفتاب جلوہ نما آفتاب میں
کشتی عمر چلتی ہے موج شراب میں
پڑھیں برسوں نمازیں اور کیا تم نے وضو برسوں
تلاش یار میں ہم تو پھرے ہیں کو بکو برسوں
رہے ہیں ہم مدتو دلّی میں چھانا لکھنؤ برسوں

ابھی آیا ہے چلا جائے نہ پھر یار کہیں
فرصت دیدو رے لے دیدۂ خونبار کہیں

کوئے قاتل میں ہے کیا خوب شہیدوں کی بہار
کہیں دس بیس ہیں بسمل پڑے دو چار کہیں

مذہبِ عشق سکھاتا ہے مرا دل مجھکو
خوب قسمت سے ملا مرشد کامل مجھکو

دلِ مشتاق نے آرام یہ پایا دمِ قتل
آگئی نیند تہِ خنجرِ قاتل مجھکو

تنفر ہے یہ وقتِ قتل بھی اُس شوخ بدظن کو
جو لگ جائے مرا خوں چاک کر ڈالے وہ دامن کو

اللہ اللہ رے جنوں دل بے شباب وحشت
چاہئے ایک نیا روز گریباں مجھکو

نہیں برقع سے ہی نورِ رُخِ تاباں روشن
نظر آتا ہے "چراغ تہ داماں" مجھکو

ہر اک فقرہ پہ ہے جھڑکی تو ہی ہر بات پکڑلی
تم اتنے خوبصورت ہو کے اتنے بدزباں کیوں ہو

کچھ رک رہے ہیں قتل کو میری تڑپا کے ہاتھ
ہے عاشقوں میں آبرو اپنی خدا کے ہاتھ

بتلائیں کیا کہ ہاتھ سے کیا کچھ نکل گیا
دل بیچ بیٹھے اپنا ہم اک بیوفا کے ہاتھ

لیجاتے ہیں چھپا کے مرے نقدِ دل کو وہ
بازی گروں کی طرح سے خالی دکھا کے ہاتھ

رہتا ہے ساتھ لشکرِ اطفال خورد
بہتر ہے ہوش سے مرا دیوانہ پن مجھے

داغ دل میں یاں سے ہم پھولوں کی جا لیجائینگے
گلشنِ ہستی میں کیا آئے تھے کیا لیجائینگے

میں نے جو کہا وصل کی شب پاؤں دباؤں
وہ بولے کہ ہم جانتے ہیں گھات تمہاری

وہ بت نہ کبھی رام ہوا لاکھ دعا کی
لے شیخ جی بس دیکھی کرامات تمہاری

دل مرا اٹکا ہے چشمِ یار سے
ہے محبت مردمِ بیمار سے

کوچۂ کاکل میں کھو کر نقد دل
مول سودا لائے ہم بازار سے

چھوڑ کر دیر و حرم کوئے بتاں میں اے دل
بسر اوقات کر اب چل کے وہیں تھوڑی سی

ہم سے ضد اغیاروں سے یاری دیکھ لی
دیکھ لی الفت تمہاری دیکھ لی

رقیب سفلہ سے ہم گفتگو نہیں کرتے
ہماری وضع ہے کتے سے تُو نہیں کرتے

دردِ سر سے نہیں کم گھس کے لگانا صندل
درد کا نام اطبا نے دوا رکھا ہے

یاد آجاتی ہے جب زلف گرہ گیر مجھے
نظر آتا ہے مکاں خانۂ زنجیر مجھے

یہ نیا طرز ستم ہے کہ لگا کر مجھ سے
کہتا ہے کھینچ دے اب دل سے مرا تیر مجھے

ندے تو دیر سے ترغیب کعبہ ہمکو اے زاہد
یہاں ہیں بت وہاں کیا جا کے سر پھوڑینگے پتھر سے

نہ کیوں پابند ہوں اہل صفا خانہ نشینی سے
نکلتے کس نے دیکھا ہے کبھی آئینہ کو گھر سے

اے سحر جیتے جی نہ رہائی ہوئی نصیب
چھوڑا تو جان لے کے غم ہجر یار نے

لطف اٹھاتے ہیں جو وصل یار کے
جانتا ہے دل مزے اُس پیار کے

یا خدا وہ بھی دن آئے گا ستم کا اُن کے
شکوہ ہم اُن سے کرینگے وہ پشیماں ہونگے

موتی برسینگے وہ جس وقت کرینگے تقریر
پھول بکھیرینگے وہ جسوقت کہ خنداں ہونگے

اُس بت نے ایک بات نہ مانی شب وصال
لاکھوں دئے خدا و پیمبر کے واسطے

جتنے تھے ظلم سب وہ جفا کار کر چکا
باقی رہے نہ چرخ ستمگر کے واسطے

سُنکر پیام وصل میں قاصد سے جی اٹھا
ہے معجزہ ضرور پیمبر کے واسطے

جتنے ہیں دوست غرض سے نہیں کوئی خالی
سچ تو یہ ہے نہیں دنیا میں کسی کا کوئی

تاڑ کر قصد مرا ہاتھ چھوڑا کر بھاگے
کہہ کے اس طرح جھجک کر کہ وہ آیا کوئی

کہتا ہوں جب دکھاؤ رخ اپنا ذرا مجھے
کہتے ہیں رونمائی میں تم دو گے کیا مجھے

صدف کی قدر کیا ہے موتیوں سے ہو اگر خالی
رہے اشکوں سے بھر کر کیوں ہماری چشم تر خالی

تشہیر بعد قتل مری لاش کیجئے
جو جو بھرے ہوں دل میں وہ ارماں نکالئے

رکھے نہ اُنس جو خنجر سے وہ گلو کیا ہے
نہ زیب دامن قاتل ہو وہ لہو کیا ہے

عیاں ہے قدرت حق چارسو ہے اے غافل
ذرا تو دیکھ یہ ہنگامہ چارسو کیا ہے

سر ملا ہے عشق کا سودا سمانے کے لئے
آنکھیں دیں انسان کو آنسو بہانے کے لئے

کوئی زاہد بن گیا ہے کوئی واعظ بن گیا
کیسے کیسے سوانگ ہیں روٹی کمانے کے لئے

خوبی طرز غمزہ و انداز کیا کہوں
حسن طریق ناز و ادا مجھ سے نہ پوچھئے

ہے ہر صنم کے جلوہ سے نورِ خدا عیاں
کتنے خدا ہیں پھر خدا مجھ سے نہ پوچھئے

فرمائیے تو سوئے کہاں کس کے گھر رہے
کس کے نصیب رات جگائے کدھر رہے

خوش وضعوں کی تلاش میں ہم عمر بھر رہے
عورت جب اچھی کوئی نظر آئی مر رہے

ہو جائے خود کسی کا مناسب ہے آدمی
اور یا کسی کو چاہئے اپنا ہی کر رہے

عقدے نہ حل ہوئے دہنِ لاجواب کے
مضمون ادق ہیں یہ صنم کی کتاب کے

دیتا ہوں میں دعائیں وہ دیتے ہیں گالیاں
فقرے منجھے ہوئے ہیں سوال و جواب کے

جتنے حسیں ہیں سب کو یہ کہتا ہے میں ہی لوں
کیا حوصلے ہیں اس دلِ خانہ خراب کے

شیخ کیوں جاؤں کعبہ و دیر سے میں
اپنی کٹ جائے گی یہیں اچھی

گناہ دوست وہ ہوں میں ابھی بدل لوں گا
جو سو ثواب کے بدلے بھی اک گناہ ملے

گدا ہیں در کے ترے تو ہے شاہ دولتِ حسن
ہمیں بھی حسن کا صدقہ خدا کی راہ ملے

ملا جو دشت میں ۔ میں اُسکو تو یہ بولا قیس
کہ آیئے ابھی مدت میں قبلہ گاہ ملے

گواہ مانگتی ہے چشم دل چرانے کا
معائنہ کا بھلا کس طرح گواہ ملے

گرہ
بھلا ہو ساقی ترا جگ میں بول بالا ہو
اور ہر کوئی بھی چلو خدا کی راہ ملے

رباعی معہ مستزاد

ہے جب سے مری تجھ سے جدائی پیارے
ہے حال تباہ
غم سے ہے جان لب پہ آئی پیارے
انا للہ
اے کاش جو جانتا یہ میں پہلے سے
ہو گا یہ حال
کرتا ہرگز نہ آشنائی پیارے
خالق ہے گواہ

خمسہ بر غزل مومن

کیوں ہو ناراض کیا ہوا صاحب
کچھ تو فرمائیے ذرا صاحب
ہیں خفا زندگی سے تھا صاحب
تم بھی رہنے لگے خفا صاحب

کہیں سایہ مرا پڑا صاحب

اسقدر مجھ سے کیوں ہو شرماتے | شکل تک بھی نہیں ہو دکھلاتے
ہم تو دنیا سے آج ہیں جاتے | دم آخر بھی تم نہیں آتے

بندگی اب کہ میں چلا صاحب

سحرؔ سے چھوٹے عشق کیا ممکن | پر تمہارا تو اب نہیں وہ سن
آئے عزت کے اب تمہارے دن | نام عشق بتاں نہ لو مومن

کیجیئے بس خدا خدا صاحب

سحر — رسحر۔ جناب منشی اقبال ورما صاحب۔ آپ نیچرل شاعری کے میدان میں قدم فرسا ہو کر زور طبع دکھاتے ہیں۔ کلام بیجا مبالغہ سے معرا۔ اور نمایش الفاظ سے مبرا ہے۔ واقعات اور جذبات کے دلدادہ ہیں۔ جوش اور اثر کو شاعری کا جزو اعظم جانتے ہیں۔ غزل کم لکھتے ہیں نظمیں زیادہ لکھتے ہیں۔ انہوں نے فسانۂ شکنتلا کو اردو کا جامہ پہنا کر مثنوی نگاری کا حق ادا کر دیا ہے۔ مشہور ماہواری رسالوں میں نظمیں اور مضامین لکھتے رہتے ہیں۔ کلام یہ ہے

دیوانہ بنا رہی ہیں دل کو | یہ کس کی غزال وار آنکھیں
دیکھا کروں رات دن وہ جلوہ | دے مجکو خدا ہزار آنکھیں

ایام طفلی

ہائے وہ ایام طفلی ہائے وہ وقت قرار | ہائے وہ عہد تغافل ہائے وہ لیل و نہار
ہائے وہ دن پاک تھا عصیاں سے جب اپنا وجود | جب عیاں تھی ہم میں شکل شانِ دست کردگار
ہائے وہ دن جب کوئی دل ہم سے آزردہ نہ تھا | حرف آتا تھا زباں پر اپنے جو وہ خوشگوار
نیک و بد سے کچھ زمانہ کے نہ تھی اصلاح خبر | سادگی اپنی روش تھی راستی اپنا شعار
کچھ تنفر سے تھا مطلب نے تکبر سے تھا لوث | چاہتا تھا جو ہمیں ہم بھی اُسے کرتے تھے پیار

دوست اور دشمن میں کرتے تھے نہ مطلق امتیاز
اک جگہ پاتے تھے اپنی آنکھ میں اغیار و یار

بخش دیتے تھے خطائیں بھولتے تھے سختیاں
بغض و کینہ کی نہ اپنے جا تھی دل میں زینہار

جانتے تھے عیب ہے شاید کہ انجامِ غرور
یوں نہ چلتے تھے اگرچہ ہم کبھی مستانہ وار

دور ہم سے رہتی تھی تاریکیٔ کذب و دروغ
اپنی باتوں میں چمکتی تھی شعاعِ اعتبار

ہم میں جو اطوار تھے وہ سب کے سب تھے دلفریب
ہم میں جو انداز تھے وہ تھے سراسر غمگسار

کس قدر اہلِ زمانہ ہم کو رکھتے تھے عزیز
اپنی جا ہر دل میں تھی ہر دل میں تھا اپنا گذار

تھی خود آرائی کی بو نہ خودستائی کی ہوس
قدرتی جو شے تھی وہ ہم میں عیاں تھی آشکار

تاڑ جاتے تھے نگاہِ دشت و اندازِ خشم
پر نگاہِ ناز ہوتی تھی کلیجہ کے نہ پار

ہائے لاحق تھیں نہ یوں ہر دم ہمیں افکارِ دہر
ہر نفس تھا اس طرح جی کو نہ لیتے انتشار

روز بنتے تھے نہ سیارے شرارِ آسماں
ہائے یوں منہ سے نکلتی تھی نہ آہِ شعلہ بار

کچھ خبر رکھتے تھے اس دورِ ترحم میں ہائے
ہم بھی ہونگے ایک دن نخچیرِ جورِ روزگار

وہ بھی اک دن تھا کہ تھے تسکین دہ غنچۂ دل
ہائے اب وہ دن ہیں خود بھی ہو رہے ہیں دلفگار

آہ اے ایامِ طفلی آہ دورِ انتعاش
آہ اے نقشِ زمینِ ہستیٔ ناپائدار

آہ اے عہدِ فراغت آہ اے وقتِ نشاط
یاد کرتی ہے مجھے رو رو کے اپنی جانِ زار

سحرؔ مشہورِ زمانہ ہے جہاں کا انقلاب
کاش آ جائیں وہی دن گھوم کر پھر ایکبار

سری رام چندر کا روپ سری لچھمن جی کے زخمی ہونے پر

رونق افزائے میاں فوج اک سما جوں
کثرتِ ذرات میں خورشید ہی جلوہ فشاں

لیک لشکر میں نظر آتے ہیں آثارِ ملال
اور رُخِ انور سے بھی ہوتا ہے اظہارِ ملال

آہ یہ وقتِ الم ہے کون راجہ رام چندر
یہ غریقِ بحرِ غم ہے کون راجہ رام چندر

سر جھکا ہے ہاتھ پر تشویش و محویت کے ساتھ
دیکھتا ہے آہ یہ کس کی طرف حیرت کے ساتھ

اک جوان خوبرو غلطاں ہے اسجا خاک پر
خون عش ہے حیف کیکر لئے شیون ہے آہ

سر رکھا ہے رام کے زانو پہ اور خود بے خبر
کون ہے یہ؟ رام کا بھائی سری لچھمن ہے آہ

دیکھتا ہے رام بس اُس روئے انور کیطرف
ہائے کس حسرت سے نگراں ہے برادر کیطرف

بوسہ لیتا ہے رُخ رنگیں کا گاہے پیار سے
گھر ٹپک پڑتے ہیں قطرے دیدۂ خونبار سے

دیکھتا ہے اپنے چاروں سمت حیرانی کیسا تھ
اور تکتا ہے وہی منہ پھر پریشانی کیسا تھ

صدمۂ جانکاہ و سختیٔ الم ہے سہہ رہا
ضبط گذرا حد سے ہے یہ ہے سنو کچھ کہہ رہا

اُف یہی لکھا تھا اپنی قسمتِ بدفال میں
آج دیکھوں آہ اے بھائی تجھے اس حال میں

گھر چھٹا۔ احباب چھوٹے اک زمانہ چھٹ گیا
اور وہ اپنا تخت و تاج خسروانہ چھٹ گیا

لی فقیری دکھ دیا کتنوں کو۔ نکلے گھر سے ہائے
سایۂ شفقت پدر کا اٹھ گیا اس سر سے ہائے

بڑھ گیا غربت میں بھی یہ حوصلہ آزار کا
ساتھ چھوٹا آہ صحرا میں زنِ غمخوار کا

اِک تمہیں گم گشتگاں کی تھے نشانی بچ رہے
بس تمہیں اک تھے امید زندگانی بچ رہے

چارہ سازی سے تمہاری دور تھا سب درد و غم
غمگساری سے تمہاری محو تھا سارا الم

ہائے اب تم بھی ہو چھٹتے آگیا وہ دن بھی
تازہ ملنے کو ہے اک داغ جدائی اور بھی

گر پڑے نارِ جہنم اُس تنِ ناپاک پر
خاک ہو جائے سُلایا جس نے تجکو خاک پر

آہ بھائی تم نے بھی گھر چھوڑا میرے واسطے
عیش و راحت دولت و زر چھوڑا میرے واسطے

ساتھ میرا اُس وفاداری سے غربت میں دیا
ہائے کیا کیا حوصلہ تجکو مصیبت میں دیا

کھو کے تمکو گر وصالِ زن ہوا تو کیا ملا
جب نہ ذوقِ وصل روح و تن ہوا تو کیا ملا

بے تمہارے آہ اے بھائی وطن جاؤنگا کیا
کوئی پوچھے گا تمہیں تو ہائے بتلاؤنگا کیا

تحریکِ اتحاد

تمکو خبر ہے قومیں ہشیار ہو رہی ہیں
غفلت کی نیند سے پھر بیدار ہو رہی ہیں

اب بندشوں سے بالکل بیزار ہو رہی ہیں　　ل کر یہ ریت پر تیار ہو رہی ہیں

ہی جائے غم یہاں تو مل کر جدا ہوئے تم
کیا ہونے جا رہے تھے اور آہ کیا ہوئے تم

واحسرتا طبیعت اب بھی نہیں بدلتی　　صدیوں کی بھی غلامی تمکو نہیں ہے کھلتی
غیروں کے سامنے کچھ بھی نہیں ہے چلتی　　آپس ہی میں مگر ہے دل کی ہوس نکلتی

غیرت نہیں ہے تم کو نام و نمود کھویا
رکھو گے لاج شاید اپنا وجود کھویا

کیوں وجہ شور و شر ہے آزادیٔ مذاہب　　دنیا میں بیشتر ہے آزادیٔ مذاہب
محمول عدل پر ہے آزادیٔ مذاہب　　ہے ارتقا اگر ہے آزادیٔ مذاہب

معیار مذہبی ہے صرف اتفاق ہونا
مذہب کے ہے منافی باہم نفاق ہونا

ٹیسو کا بن

یہ ٹیسو کا سماں برگِ سیہ کے رنگ شامل سے　　کھلے گلہائے تر گویا ہیں منقارِ عنادل سے
نکلتا ہے مگر گردوں سے ننھا سا دھنک کوئی یا　　کوئی چھوٹی سی کشتی یا لگی ہے آکے ساحل سے
یہ تیغ خوں چکاں ہے یا کسی کے دستِ نازک میں　　شہیدوں کا لہو گرتا ہے یا دامانِ قاتل سے
زباں یا آشکارا ہے مسی مالیدہ ہونٹوں سے　　عیاں ہے یا جبیں زلفِ بت رنگیں شمائل سے
گہن کے رنگ میں یا مہرِ انور مبتلا ہو کر　　ہلال آتا بنا ہے اسکے آثارِ مقابل سے
کوئی معشوق گلرو کھولکر آنچل سے یا منہ کو　　نمایاں کر رہا ہے رنگِ ناقص رنگِ کامل سے
کلید عیش بنکر یا ہے کوشاں ناخنِ قدرت　　بہار راحت افزائے جہاں نکلے گرہ دل سے
کفِ غبرا کفِ سائل کی صورت شوق سے وا ہے　　بکھرے جا رہے ہیں لعل گویا دستِ باذل سے

شراب سرخ یا نیلم کے پیالوں سے جھلکتی ہے
طیور خوشنوا یا سرخ چونچیں کھول کر اپنی
دکھاتا ہے جہاں گویا تماشا دلربائی کا
غضب کا سین ہی ٹیسو کا یکسر پھولنا بن میں
نظر آتا ہے چاروں سمت اک عالم چراغاں کا
ادائے دلفریب دست سے ہیں جھومتے گویا
دل دیوانہ کو حیرت سی ہے اعجاز قدرت پر
غضب ہے اُف یہ سرخی کا عیاں ہونا سیاہی سے
کوئی رنگیں ادا ہے سیکھتی تسخیر کا جادو
ئیس مردن یہ لائی رنگ سوزش تفتہ جانوں کی
تپاتے ہیں چمک کر یا دلوں میں سرخ انگارے
کہ صناع ازل دکھلا کے خوبی ہنر اپنی

کہ ہیں اہل نظر سب محو حد میں لہ ندان غافل سے
سناتے چپکے چپکے ہیں صدائے پر اثر اپنی
نکلتا آستیں سے اف کسی دست حنائی کا
کُھبا جاتا ہے اک رنگ طرب ہر رگ تن میں
ہیں جلتی دیکھو چھوٹی چھوٹی شمعیں بزم گلشن میں
بتانِ گلبدن باد بہار افزا کے دامن میں
زمیں پر ہے شفق پھولی ہوئی اور وادیٔ روشن میں
گلاب سرخ گویا کھل گیا گلہائے سوسن میں
دکھائی دیتے ہیں سرمے کے ڈورے چشم پرفن میں
قلوب داغدار یکسر عیاں ہیں خاک مدفن میں
نے ہے آمد موسم گرما کی پھر دنیا کے دامن میں
جہاں کو لحظہ لحظہ آپ دیتا ہے خبر اپنی

ہے موقع چشم عبرت بیں کی نگاہِ انتہائی کا
یہی تو وقت ہے ادراکِ اعلیٰ کی رسائی کا

سحر ۔ شاعر باکمال منشی سراج میر خاں رئیس بھوپال ۔ آپ میرزائی خیل سے ہیں حضرت نیاز فتحپوری سے تلمذ ہے ۔ نواب نصیر الدولہ باقی محمد خاں معروف بامراؤ دولہ کے قرابت دار ہیں ۳۵ - ۳۶ برس کا سن ہے ۔ ذہین اور خوش مقال نوجوان ہیں ۔ آپکو شعرائے بھوپال میں پایۂ امتیاز حاصل ہے ۔ بہت سمجھکر شعر کہتے ہیں اور اپنے وطن کی زبان کے اعتبار سے اتنا کہہ لینا غنیمت ہے کلام یہ ہے ؎

لقمہ جو کھا کے لاش کا میری رہا تھی
ٹھوکر لگانے آئے ہو ٹھوکر لگاتے جاؤ

مٹی سے دوستوں نے بھرا منہ مزار کا
اچھی طرح نشان مٹا دو مزار کا

آج آوازِ شکست آتی ہے میخانے سے
آگ میں کود پڑوں حکم اگر آپ کا ہو
پیکے رہ جاتا ہوں میں گھونٹ لہو کے ساقی
شبِ وعدہ ہوئی آخر اجل کی آج بن آئی
غم و شادی سے اک عالم تماشاگاہ عبرت ہے
وہی میں ہوں وہی دل ہے وہی دل کی تمنا ہے
زمانہ دیکھکر منصور کو برتاؤ کرنا تھا
کہی اُسنے سُنی تم نے کہی تم نے سُنی اُس نے
ڈال کر بیٹھ پاؤں میں زنجیر اپنے ہاتھ سے
کاتبِ اعمال دینگے حشر میں اس کا جواب
سلسلۂ جذباتِ الفت ہے اک امرِ محال
دل کا سودا نکریں کھدو خریداروں سے
آگیا یادِ وطن دیکھ کے اُن کو صیاد

لڑکے ٹوٹی نہ ہو توبہ مرے پیمانے سے
بزمِ دشمن میں ہوں مجبور مگر جانے سے
آنکھ لڑ جاتی ہے جب ہجر میں پیمانے سے
بیاضِ صبح لیکر ساتھ کافور و کفن آئی
کسی گھر سے گیا پردہ کسی گھر میں دلہن آئی
یہ سب محرم ہیں تمکو شرم کس سے جانِ من آئی
کہی حق بات کیوں جو نوبتِ دار و رسن آئی
اکیلا پاکے تمکو طور پر موسٰے کی بن آئی
عشق گیسو میں ہوا تشہیر اپنے ہاتھ سے
دل میں جو آئے کریں تحریر اپنے ہاتھ سے
کھینچ لیں گو عرش کی زنجیر اپنے ہاتھ سے
اُٹھ گئی جنسِ وفا حسن کے بازاروں سے
پوچھ لو حالِ چمن تازہ گرفتاروں سے

سحر

سحر۔ مولٰنا تشفیق الرحمٰن صاحب۔ آپ ردولی (اودھ) کے باشندے ہیں کسی زمانہ میں "رسالہ زخمِ جگر" شایع کرتے تھے۔ نوجوان شوخ طبع ہونہار شاعر ہیں چند شعر درج ذیل ہیں ؎

بیجان پڑا ہے لبِ جاں بخش کا کشتہ
کمسن ہیں ڈریں گے اُنہیں بالیں سے اُٹھا دو
امیدِ وفا اُس سے کہ جو دشمنِ جاں ہے
اس شوخ ستمگر نے نکالی یہ نئی بات
ہوتا ہے ثمر بھی تو زبوں نخلِ زبوں کا
پیری میں وہ اگلے سی کہاں لولے اے سحرِ

تم وہ نہیں کہتے ہیں یہ زندہ نہیں ہوتا
دم میرا اُکھڑتا ہے تماشا نہیں ہوتا
اے سحر جو قاتل ہے مسیحا نہیں ہوتا
کی جس سے کبھی بات تو شمشیر سے کی بات
اچھی نہیں ہوتی ہے حقیقت میں بُری بات
ہمراہ جوانی کے جوانی کی گئی بات

سخا

سخا۔ نواب میر خیرات علی خاں ابن میر امیر علی خلف میر نظیر علی۔ آپ نواب وزین الدولہ مغفور کے متبنیٰ تھے۔ حیدر آباد دکن کے عمائد میں شمار تھا۔ سرکار نظام سے منصب ملتا تھا اور فن شعر میں میرزا میتا بیگ منتہی شاگرد حضرت آتش لکھنوی کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا تھا۔ سنہ ۱۳۰۳ھ میں ۴۵ سال کی عمر تھی۔ آپ کی رنگین طبعی۔ تشبیہات قدما کی بہار گوناگوں کا جلوہ دکھاتی ہے۔ عرصۂ نظم میں صریر کلک سے آفریں کی صدا آتی ہے۔ فکر بلند کا نتیجہ یہ ہے ؎

کیونکر ہو طے یہ مرحلۂ عشق دیکھئے
دل میں ہزار طرح کا کھٹکا ہے راہ کا

دل کو شرف ہے داغِ محبت کے فیض سے
خورشید کے کرم سے یہ جلوہ ہے ماہ کا

رہے ہے چمن میں نہ بلبل کا نام تک باقی
دیا ہے حکم یہ گلچیں نے باغبانوں کو

یہ آہ وہ ہے رُکے گی کبھی نہ روکے سے
یہ تیر وہ ہے کہ توڑے گا آسمانوں کو

مقامِ خوف ہے ابرو قریب مژگاں ہے
کمال ربط ہے تیروں سے ان کمانوں کو

اگر وصال نہیں تو خط و پیام سہی
برائے صبرِ دل بے قرار کچھ تو ہو

خدا کرے کہ دل اُنکا کسی پر آجائے
بتوں کو میری طرح انتظار کچھ تو ہو

سخا

سخا۔ مولوی نظیر حسن ابن مولوی غضنفر علیخاں دہلوی۔ آپکے جد امجد مولوی نخف علیخاں مخاطب بہ تاج العلماء بڑے پایہ کے عالم تھے۔ آپ سنہ ۱۲۷۸ھ مطابق سنہ ۱۸۶۲ء میں بمقام دہلی پیدا ہوئے۔ فارسی عربی اپنے والد اور دادا سے پڑھی۔ فن سخن میں فصیح الملک میرزا داغ سے تلمذ اختیار کیا آغاز شباب میں طبیعت شوخ اور چلبلی تھی۔ ظریفانہ مضامین لکھنے میں خداداد ملکہ ہو گیا تھا۔ اخبار چلتا پرزا عرف شاہجہاں آباد پنچ۔ بے مثال پنچ دہلی کے قابل نامہ نگاروں میں آپ کا شمار تھا۔

یوں تو آپ مختلف صیغوں میں ملازم رہے ہیں مگر صیغہ تعلیم میں عرصہ تک ملازمت کی ہے۔ اجمیر نصیر آباد کے سوا مختلف ریاستوں میں ملازم رہ چکے ہیں۔ قدرت کیطرف سے ذہن رسا اور ہمہ گیر طبیعت پائی ہے۔ ہومیوپیتھک علاج سے بھی واقف ہیں۔ تجارت کا شغل بھی

رہا ہے۔ مناظرہ اور ڈرانویسی میں بھی مہارت حاصل ہے اور اسی سلسلہ میں تمام ہندوستان کا سفر کر آئے ہیں۔ آپ عربی، فارسی، انگریزی اور گجراتی زبان اچھی طرح جانتے ہیں۔ آجکل مہاراجہ کالج جے پور میں عربی مدرس ہیں۔ کلام میں شوخیٔ زبان، لطفِ بیان، سلجھے ہوئے مضامین خیالات رنگین غرض سب کچھ موجود ہے۔ شوخ بیانی کا نمونہ یہ ہے ؎

جب میں لکھتا ہوں مرا دل تجھ پہ شیدا ہو گیا
لکھتے ہیں وہ لکھنے والے کا کلیجا ہو گیا

اے زہے تقویٰ اشعاری میکشی جب ترک کی
رات دن "یا ساقیِ کوثر" وظیفہ ہو گیا

میں گذر جاؤں تو لکھ دینا سرِ لوحِ مزار
عاشقِ جاں باختہ نذرِ اطبا ہو گیا

مژدہ اے بختِ رسا وہ کاکلیں کھولے ہوئے
پوچھتے پھرتے ہیں خود کس کس کو سودا ہو گیا

ازل میں حسنِ حقیقی جو بے نقاب ہوا
چمک چمک کے ہر اک ذرہ آفتاب ہوا

نہ حسن کا کوئی شکوہ نہ عشق کی فریاد
عدوئے عزت و ایماں فقط شباب ہوا

صدا بلند ہے اب تک یہ گورِ مجنوں سے
ہوا جو عشق میں ناکام کامیاب ہوا

جوان ہوتے ہی دنیا کی کچھ خبر نہ رہی
شباب کیا ہوا کیفیتِ شراب ہوا

عشق وہ راز تھا ان سے جو نہ مخفی رہتا
میں نہ لکھتا مری صورت سے نمایاں ہوتا

رباعی

مشکل ہے مساجد تو منادر ہی بنا
بگڑا ہوا باطن ہے تو ظاہر ہی بنا
بیکار مباش کچھ کیا کر اے شیخ
مومن نہ بنا سکے تو کافر ہی بنا

قطعہ

واعظوں کی خوش بیانی کے سبب
جھوٹ سچ کا فصل تک جاتا رہا
حاشئے اتنے چڑھائے متن پر
اعتبارِ اصل تک جاتا رہا

دیگر

جدھر زمانہ پھرا میں بھی ساتھ ساتھ پھرا
جو رنگ دیکھا وہی اختیار کی صورت

کافروں کے کوچہ میں گذرے جو اے صبا
لکھنا مری طرف سے بہت ہاتھ جوڑ کر
مسجد اگر نئی نہ بنا ہو سکے تو خیر
مندر بنائے نہ مساجد کو توڑ کر

،،

چار فاضل مل کے بیٹھیں تو جھگڑے ہوں سو فساد
جب یہ صاحب جاگتے ہوں فتنہ سو سکتا نہیں

عقل سے دریافت پر پایا ہے ہم نے یہ جواب
یہ ملیں اور عالم نہ ٹکرائیں یہ ہو سکتا نہیں

بڑی خوشی سے خمِ بادہ توڑا ہے واعظ نے
مگر نکال دے دل توڑنا ثواب نہیں

اجل کو لاکھ پکارا مگر نہیں آئی
تو ہی دے ہجر میں اے زندگی جواب کہیں

ہاں نہیں پر جان دیتا ہوں تمہیں پر ہوں نثار
ہاں نہیں پر ہے طبیعت ٹوٹ کر آئی ہوئی

بیٹھتے ہی بیٹھتے محفل میں بیخود ہو گیا
دیکھتے ہی دیکھتے رخصت توانائی ہوئی

کیوں نہ بدنام کریں شمع کو پروانے سے
صاف اظہار تعلق ہے گھل جانے سے

نیند آئی تجھے ظالم مرے افسانے سے
سو گیا میرا مقدر ترے سو جانے سے

شب کو تم آؤ گے اصرار کی حاجت کیا ہے
بدگمانی مجھے بڑھتی ہے قسم کھانے سے

یہ بھی خواہش ہے رخ و زلف نہ چھپنے پائیں
یہ بھی کوشش ہے دوپٹہ نہ ڈھلے شانے سے

سخا ۔ منشی سخاوت حسین صاحب آپ شاہجہانپور کے باشندے ہیں حضرت ناطق لکھنوی کے شاگرد ہیں۔ اردو فارسی کے علاوہ بقدر ضرورت انگریزی بھی جانتے ہیں۔ کانپور میں قیام ہے۔ کبھی کسی کارخانہ میں محرری کرتے دکھائی دیتے ہیں کبھی بچوں کو تعلیم دیتے ہیں اور وہاں کے مشاعروں میں اکثر شریک ہوتے رہتے ہیں۔ شعر کہنے کا اتفاق کم ہوتا ہے۔ مگر جب کبھی کہتے ہیں۔ اچھا کہتے ہیں ؎

کھل گئیں نرگس کی آنکھیں چشم جاناں دیکھکر
ہوش سنبل کے اڑے زلف پریشاں دیکھکر

لائے کیا خاطر میں اے رضوان تیرے خلد کو
آرہا ہے جو فضائے کوئے جاناں دیکھکر

شب وعدہ مرے گھر آئے واپس کیوں پھرے
چرخ شاید جل گیا عشرت کا ساماں دیکھکر

زندہ رکھا ہے کسی کی آرزو نے ہجر میں
ورنہ دم مجھ میں کہاں تھا شام ہجراں دیکھکر

ہو کے برہم دفترِ عالم نہ برہم کیجئے
جو ورق ہے مری ہستی کا ہی کم کیجئے

آگیا اشکوں کے ہر قطرہ میں روحانی اثر
اب ذرا اندازۂ صدمات پیہم کیجئے

وقتِ آخر ہاتھ سینے پر جو کھینچ کر آگئے
مدعا یہ ہے کہ اپنا آپ ماتم کیجئے

وہ بھی ہچکی آگئی جو تھی مآلِ داستاں	اب ارادہ ہے کہ ختم افسانۂ غم کیجئے
دیکھئے کیا ہائے فطرت دل کو یہ لکھنا پڑا	حسن ہی کو کارفرمائے دو عالم کیجئے
عشق کے جذبات اشکوں میں ہیں پنہاں سخا	ہو سکے تو ان کا ہر قطرہ فراہم کیجئے

سخا

سخا۔ منشی لچھمن نراین بی۔ اے۔ متوطن میرٹھ۔ یوں تو آپ خوش تقریر تعلیم یافتہ اور خوش بیان ہیں مگر دبستان سخن میں ابھی ابجد خواں ہیں۔ فن شعر میں حضرت عطا سے تلمذ ہے۔ طبیعت میں موزونی کا مادہ ہے کلام یہ ہے ؎

یکساں ہیں روز و شب ہمیں فرقت میں اے سخا	بیکار اب یہ گردش لیل و نہار ہے

سخا

سخا۔ محمد سخاوت حسین ولد منشی گل محمد مرحوم ساکن ڈبائی ضلع بلند شہر۔ آپکے مورث اعلیٰ نواب نیاز علیخاں جاں نثار الدولہ بہادر شاہ بادشاہ دہلی کے اہلکار تھے۔ ۵۷ برس کی عمر ہے آپ کے دو دیوان طبع ہو چکے ہیں تیسرے کی ترتیب میں ہیں۔ آپ کا شمار نعت گو شعرا میں ہے ؎

ہر جگہ ایک ہی صورت میں ہے جلوہ تیرا	کربلا تیری نجف تیرا مدینہ تیرا
کس زباں سے میں کروں شکر خدایا تیرا	تیرے محبوب کی اُمت میں ہوں بندہ تیرا
دم عرض دعا یارب سخا کی آرزو یہ ہے	میں آمیں کی کروں خواہش کہیں روح الامیں اچھا

سخاوت

سخاوت۔ آغا محمد عابد لکھنوی۔ آپ حضرت فصاحت یادگار جناب امانت لکھنوی سے سرچشمۂ تلمذ سے فیض یاب ہیں۔ زبان کی بیساختگی پر شاہد مضمون سو جان سے نثار ہے۔ سادہ الفاظ میں واردات عشق اور معاملات حسن کی مصوری کرتے ہیں۔ ضلع جگت سے بچ کر فصحائے لکھنؤ کی بول چال۔ روزمرہ کی خوبیوں کو زیر نگاہ رکھتے ہیں۔ بہت خوب کہتے ہیں۔ صدف طبع کی دُر افشانی یہ ہے ؎

نیام سرخ گویا بن گیا ہے دیکھ او قاتل	لہو جم جم کے جاں بازوں کا تیری تیغ عریاں پر
سر کٹ رہا ہے شمع کا اور دیکھتے ہیں سب	کیا سنگ دل یہ لوگ تری انجمن کے ہیں
وہ دل کو چھین کر بولے ہمیں سے	ہمیں اک اور دل لا دو کہیں سے

مجھ ایسا ناتواں شاید بنا ہے	محبت۔ آپ ایسے نازنیں سے
اُسی کو ڈھونڈ کر دل دو سخاوت	ادا جس کی جدا ہو ہر حسیں سے
بوقت قتل نکلیں رفتہ رفتہ حسرتیں دل کی	مزا دیتی ہے تھم تھم کر روانی تیغ قاتل کی
مرادیں نکلی بر آتی ہیں دنیا میں ہیں ایسے بھی	یہاں تو عمر بھر نکلی نہ کوئی آرزو دل کی
وبال دوش ہے سر کو جدا کر دے مرے تن سے	اُتر جائے کہیں یہ بار قاتل مری گردن سے
بتوں نے بات ہماری نہ دیر میں پوچھی	نہ جاتے کعبہ تو اے برہمن کدھر جاتے

سخاوت — منشی قطب سخاوت اللہ خاں۔ آپ شاہجہانپور کے ساکن ہیں۔ فی الحال اورنگ آباد میں مقیم ہیں۔ حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگرد ہیں۔ انداز بیان میں بے تکلفی ہے۔ معاملہ بندی کیطرف میلان خاطر ہے۔ سیدھا سادھا کلام ہے۔ انتخاب یہ ہے۔

ہاتھ میں دامن نہ آیا اُس ستم ایجاد کا	رہ گیا لاشہ تڑپ کر کشتۂ بیداد کا
سر بکف سینہ سپر جاتا ہوں سوئے قتل گاہ	دیکھنا ہے آج مجھکو حوصلہ جلاد کا
نہیں ہے ساتھ اگر شادی و غم کا	نکل آتے ہیں آنسو کیوں ہنسی میں
عدو کا غم نہیں کرتے ہیں ظاہر	چھپائے رکھتے ہیں وہ اپنے جی میں

سخن — حکیم میرزا محمد حسین شاہجہاں آباد کے قدیم شعراسے تھے۔ فن طبابت میں اعلیٰ درجہ کی لیاقت وقابلیت تھی "تذکرہ ریختہ گویان ہند" مولفہ صدرالدین میں ایک شعر درج ہے جو یہ ہے ؎

جو ہیں جان نکلی وہیں آن نکلا	بھلا مرتے مرتے تو ارمان نکلا

سخن — لالہ رام دیال صاحب۔ لکھنؤ کے قدیم باشندے اور پرانے رنگ پر دم دیتے تھے آپکا کلام رنگین۔ رعایت لفظی سے آراستہ اور صنایع بدایع کے حسن سے پیراستہ ہے۔ سخن آرائی کا رنگ یہ تھا ؎

رکھے اگر وہ ناز سے اندر چمن کے پاؤں	سب پھول چومیں آنکے اُس گلبدن کے پاؤں

اب ضعف سے قدم بھی اٹھانا محال ہے
فرقت میں ہو گئے ہیں مرے لاکھ من کے پاؤں

اپنا کمال شوق دکھاوے جو ایک بار
شیریں لگائے آنکھوں سے پھر کوہ کن کے پاؤں

آنکھوں کو تیری دیکھ کے بھولے ہیں چوکڑی
اٹھتے نہیں ہیں دیکھ لے ظالم ہرن کے پاؤں

سخن

سخن - ناظم بے ہمتا۔ ناثر یکتا کلیم طور سخنوری۔ وجلوہ طراز معنی پروری سید محمد فخرالدین دہلوی
آپ نہایت ذکی الطبع تھے۔ بلا کا ذہن پایا تھا۔ صوبۂ بہار کے مشہور قصبہ شاہ آباد میں کچھ عرصہ
تک عدالت دیوانی میں وکالت کرتے رہے۔ آپنے کلکتہ کے اکثر مشاعروں میں اپنی دھاک
بٹھادی اور مدتوں شعرائے بنگال سے معرکہ آرا رہے۔

اردو کے سوا فارسی میں بھی شعر کہتے۔ انکو جسطرح فن سخن میں میرزا غالب سے عقیدت تھی
اسی طرح میرزا صاحب سے کچھ قرابت بھی ظاہر فرماتے۔ مگر یہ سخن آرائی کی تحت میں رہی اور پایۂ ثبوت
کو نہ پہونچی۔ اسمیں شک نہیں ہے کہ آپ خوش طبع معنی آفریں شاعر تھے۔ اور انہیں اپنے وطن
کے ساتھ دلی محبت تھی۔ آپنے آغاز جوانی میں جب فسانہ عجائب کو پڑھا تو میرزا سرور کے اُن فقروں
کو پڑھکر تن بدن میں آگ لگ گئی جو میرامن صاحب باغ وبہار کے متعلق تھے۔ حالانکہ خواجہ
امان دہلوی مترجم بوستان خیال۔ دیباچہ میں اسکا کافی جواب دے چکے ہیں اور سرور کی انشاء
پردازی پر معقول بحث کر چکے ہیں۔ مگر دہلی اور لکھنؤ کی فطرتی رقابت نے حضرت سخن کو فسانہ نگاری
پر مجبور کیا۔ اور حب الوطنی کے جذبہ نے چند ہی روز میں "سروش سخن" کو درجہ اختتام تک
پہنچادیا۔ آج دونوں کتابیں ادب کی فہرست میں موجود ہیں۔ راقم تذکرہ کا یہ فرض نہیں ہے
کہ وہ میرزا سرور جیسے کہنہ مشق نثار اور سخن جیسے جوان طبع خوش مقال کی تصنیف کا محاکمہ کرے
ہندوستان میں نقادی کا مذاق ترقی پذیر ہے۔ ارباب نظر و دیدۂ انصاف سے دیکھکر خود فیصلہ
کر سکتے ہیں کہ تراش اور خراش میں فسانہ عجائب کا نام نکلا ہوا ہے یا سروش سخن کا۔
شوخئ الفاظ کے مینا بازار میں جواہر ریزوں کو کس نے بکھیرا ہے۔ اور سیدھی سادھی ترکیبوں
یا روزمرہ کے محاوروں کو کس نے استعمال کیا ہے۔ سرمایہ داران حسن کی بولی ٹھولی پر کس نے

دم دیا ہے۔ اور دل میں چھپی ہوئی کیفیتوں کو قلم بند کرتے ہوئے تیر و نشتر کی روانیاں کس نے دکھائی ہیں۔ اب تو مغربی ہوا نے بہارستانِ اردو کے ان دونوں گلدستوں کو طاق نسیان کی زیبایش بنا دیا ہے۔

بہرحال سرورشِ سخن کے باعث حضرتِ سخن کا شمار داستان نگاروں کی فہرست میں کیا گیا ہے اور فسانہ عجائب کیساتھ اس کتاب کا بھی نام لیا جاتا ہے۔

جناب سخن نے اردو فارسی کے دوائیں اور چند کتب مطبوعہ و غیر مطبوعہ چھوڑ کر ۱۳۱۸ھ میں انتقال فرمایا۔ مولوی محمد وزیر صاحب مالک مطبع گوہر آصفی کلکتہ نے تاریخ لکھکر حق دوستی ادا کیا ؎

سال رحلت آں وزیر دل حزیں		گفت دردا آہ فخرالدین حسیں	

کلام میں سادگی بھی ہے۔ رنگینی بھی ہے۔ بیساختہ پن بھی ہے۔ مضمون آفرینی بھی ہے صوبہ بنگال میں آپکے تلامذہ موجود ہیں۔ سخن طرازی کا انتخاب یہ ہے ؎

نہ منہ کھلواؤ سب کے سامنے جانے دو کیا حاصل
سبب تم جانتے ہو میرے رنجش ہائے پنہاں کا

اظہارِ عشق سے مجھے الفت کی تھی امید
وہ اور میرے درپئے آزار ہو گیا

اُسکے آنے کی مسرت ہے مگر فکر یہ ہے
کیا کہوں گا جو مرے حال کا پرساں ہوگا

ہمیں تو باندھ لو اپنے کمند زلف مشکیں میں
پھنسا لائے ہے جسے تم کوئی صید ناتواں ہوگا

خوش و ناخوش بسر ہو جائیگی یہ زندگی لیکن
جسے آرام کہتے ہیں نہ یاں ہوگا نہ واں ہوگا

جوشِ گریہ میں اگر ضبط نہ ہوتا ہم کو
کہیں چشمہ کہیں دریا کہیں ساحل ہوتا

آرزو تھی کہ نظر آپ کی پڑتی اِس پر
اشک جو آنکھ سے گرتا وہ مرا دل ہوتا

بد ہنسی ہو تو ہو چشم سخن گو تو ہے
کیا کہا اے جانمن پھر تو ادھر دیکھنا

آرزو ہے کہ صنم وعدہ کا ایفا کرتا
چھیڑتا اسکو میں اور شکوہ بیجا کرتا

بوسہ تو کیا جواب بھی ملتا نہیں کبھی
پھر کیونکہ حوصلہ ہو بتوں سے سوال کا

تیر تو آپ نے مارا تھا عدو کو لیکن
کشش دل سے ہماری وہ ادھر آہی گیا

اب آپ جاکے کسی اور کو یہ دم دیجے
یہاں تو آپ کے وعدوں کو بس سلام کیا

حال سب اسنے کہا ایک ایک کا
آج ہم سے اُن کا دربان کھل گیا

تم گالیاں دیتے ہو عدو کو سرِ محفل
یہ رنج تو ہم کو بھی گوارا نہیں ہوتا

آتا ہے مجھے یاد تو گر جاتے ہیں آنسو
دل سے بھی زیادہ کوئی پیارا نہیں ہوتا

روتا ہوں تو ہو جاتا ہے دامن مرا دریا
دریا بھی تو وہ۔ جسکا کنارہ نہیں ہوتا

عدو کے نام پہ کیوں اسقدر جلال آیا
تمہارے دل میں خدا جانے کیا خیال آیا

بوسہ دینے میں اگر تمکو تردد ہے تو پھر
دل کے لینے میں ہیجان تقاضا کیسا

ہے دوستی عدو سے تو اُسکی طرف نہ دیکھ
چڑھ جائے اُسکو زہر نہ تیری نگاہ کا

آئی جو یادِ جنبشِ مژگانِ زخمہ گر
دل میں چبھا کئے مرے نشتر تمام رات

یہ جان یہ جگر ہے یہ دل تیری نذر ہے
اسمیں سے کوئی بھی تو کرے دلستاں پسند

تو نے صیاد قفس لاکے چمن میں رکھا
اب کریں کیا ترے شرمندۂ احسانِ وفا

وہ ناز ہیں کہ اٹھانے ہر اک کو مشکل ہیں
وہ جور ہیں کہ نہیں جن کی آسماں کو خبر

نہ رہے چین سے اِک جا چمن عالم میں
صورتِ برگِ خزاں پھرتے ہیں برباد ہنوز

کیوں یہ کھنچی جاتی ہے گردن خود بخود قاتل کوئی
سحر ہے۔ جادو ہے افسوں ہے ترے خنجر کی باس

آج کچھ اور ہے خضاب کا رنگ
دیکھئے رخ پہ عتاب کا رنگ

چشم بد دور یار کی رنگت
شیشہ میں جس طرح شراب کا رنگ

مر نہ جاتے نگہ لطف پر اُس کی اب تک
بچتے کس طرح جو ہوتا نہ ستمگر قاتل

اپنا اندازِ غضب قہر و ستم کی چتون
دیکھ لینے دے ٹھہر جا ذرا دم بھر قاتل

نہ یہ زمیں ہے نہ یہ آسماں وہاں قاصد
زیادہ اس سے بس اُسکا نشاں نہیں معلوم

ٹکڑے نہیں ہیں داغ مرے جسم زار میں
سرتا پا ہوں چشم ترے انتظار میں

قطراتِ اشک خوں سرِ مژگاں تو دیکھئے
یہ گل بہار دے گئے اس خار زار میں

دم بھر میں ایک تیری نہیں نے مٹا دیے
کیا کیا خیال تھے دلِ امیدوار میں

ہزاروں پستے ہیں لاکھوں تمام ہوتے ہیں
خدا کا قہر ہے ظالم ترا شباب نہیں

دعا کو ہاتھ اٹھائے تو ہنسکے فرمایا
ہزار مانگو۔ دعا ایک مستجاب نہیں

یہاں تو دیکھ کے ہیں اُن کو محوِ حیرت ہوں
وہ جانتے ہیں مری بات کا جواب نہیں

دیکھا جو مجھے تو غیر سے آنکھیں چُرا گئے
کیا اس نگاہِ لطف میں پنہاں ستم نہیں

صدقے میں اُسکی سادگی اور اپنے ضعف کے
زندہ ہوں اور کہتے ہیں اس میں تو دم نہیں

مہر و الفت ہی سہی بغض و عداوت ہی سہی
پھر مجھے دیکھتے تم کیوں ہو اگر کچھ بھی نہیں

اک یقیں میرا کہ کچھ بھی نہیں اور سب کچھ ہے
اک ترا وعدہ کہ سب کچھ ہے مگر کچھ بھی نہیں

یوں ناز تو ہر ایک ترا قہر ہے لیکن
اک بات نئی ہے ترے بیساختہ پن میں

حسرتِ دیدار وہ بیداریٔ شب کیا ہوئی
بعد مردن طالب آرام آنکھیں ہو گئیں

ایک ہی بوسہ سے آنکھوں کے ہوا دلکو سرور
ساقیا جامِ مئے گلفام آنکھیں ہو گئیں

پھپھولے لختِ دل کے ہو گئے محسوس سینہ میں
بھری ہے ساقیا یاں بھی مئے انگور سینہ میں

ہنستا ہے وہ عاشق کُش رونے پر مرے دیکھو
بجلی اسے کہتے ہیں باراں اسے کہتے ہیں

کرتے ہو خطا ہر دم اللہ چھپاتا ہے
دیکھو تو گنہگار و احسان اِسے کہتے ہیں

اک نشانہ کبھی بھولے سے ادھر بھی ظالم
ہے لبِ تر کے بوسہ کی تمنا دل میں

ایسا یہ ہے کہ اور ابھی کھینچ انتظار
نرگس کے پھول آئے ہیں خط کے جواب میں

پڑھو خط مرا شمع دکھلائے دشمن
یہی تو ہیں میرے جلانے کی باتیں

کبھی بوسۂ زلف مانگا تو بولے
سخن ہیں یہی مار کھانے کی باتیں

دیدار آخری ہے ذرا دیکھ لینے دو
تم تیغ تو اٹھاؤ جھکا دونگا سر کو میں

محبت میں بتانِ خوبرو بھی ساز کرتی ہیں
جسے مشتاق پاتے ہیں اُسی پر ناز کرتی ہیں

گلہ اُن سے کیا انکے تغافل کا تو فرمایا
سبھی معشوق اپنے عاشقوں پر ناز کرتے ہیں

بھلا بتلاؤ دل سے کس طرح ارماں مرے نکلیں
نہ پہلو میں شگاف اپنے نہ ہی ناسور سینہ میں

یہ کیا ہے اے پری رو جو تمہیں دلدار کہتی ہیں
وہی پھر بیوفا - بے مہر - دل آزار کہتے ہیں

دل شاد - آج ایسا کرتے ہیں وصل میں ہم
اپنی تمہاری ایک جا تصویر کھینچتے ہیں

پھر اپنے گھر بلا گئی ہیں غضب کا مژدہ سنا گئی ہیں
پھر انکے دم میں ہم آگئی ہیں کہ جن سے دھوکا اٹھا چکے ہیں

اگرچہ اُس شوخ نے ہمکو دئے چھپکے لاکھوں
نے لئے بوسے مگر ہم نے لپیٹ کے لاکھوں

ذرا تاثیر دیکھو آسماں ابتک ہے چکر میں
کیا تھا ایک نالہ ہم نے اپنی زندگی بھر میں

چاہتا ہوں نہ بولوں اُس سے مگر
دل تو کمبخت مانتا ہی نہیں

تیری طرح کوئی پیاں شکن جہاں میں نہیں
کہ جسکے قول میں انکار جسکی ہاں میں نہیں

ستم جو کچھ ہیں مجھ پر ہیں فقط تیرے تغافل سے
اگر تو دوست ہے میرا تو دشمن آسماں کیوں ہو

ابھی تو میں بھی زندہ ہوں تمہارے ظلم سہنے کو
ستم کا حوصلہ غیروں پہ صرف امتحاں کیوں ہو

پسند ہیں تو لگا لیجے زین توسن میں
ہماری آنکھوں کے حلقے رکاب کے بدلے

وہ بادہ کش ہوں کہ غفلت ہوئی تو ساقی نے
دیا شراب کا چھینٹا گلاب کے بدلے

کھینچی ہے چشم قاتل میں جو اک تحریر سرمہ کی
نظر آتی ہے دستِ ترک میں شمشیر سرمہ کی

تو بھی چل جسم سے اے روح پئے استقبال
نکہتِ زلف لئے بادِ صبا آتی ہے

اُلجھی اُلجھی نہ شب وصل میں تقریر کرو
خیر سے تمکو بھی شرکتنی ٹرہا آتی ہے

کم نہیں عشق بتاں یاد الہی سے کہ وہ
ظلم کرتے ہیں تو آتا ہے خدا یاد مجھے

اُن سے بوسہ جو طلب کیجے تو شرماتے ہیں
مانگئے دل تو یہ کہتے ہیں تقاضا کیا ہے

خم ہوا شوقِ ہم آغوشی میں ہیں مثل کماں
پیر سے بدتر کیا تیری جوانی نے مجھے

پہلے تو کچھ کچھ رکے تھے اور بھی اب کھنچ گئے
کھینچکر اُن کی جو دی تصویر مانی نے مجھے

ہزاروں منتیں کیں ہاتھ جوڑے گالیاں کھائیں
لئے بوسے لب جاناں کے لیکن اس خرابی سے

وعدۂ حشر پہ تسکین ہو کیونکر دیکھو
تم وہاں [illegible] تو یہ کہدو کے نہیں یاد مجھے

فرقت میں یاں لبوں پہ مری جان زار ہے — آ اے اجل کہ صرف ترا انتظار ہے
ساقی چمن میں شیشۂ مے کی ہوا ہے بند — کالی گھٹا ہے جوش پہ فصل بہار ہے

سخن ۔ جناب عابد حسین خانصاحب ۔ آپ ڈیپینہ ضلع سیتاپور کے تعلقہ دار ہیں ۔ فن سخن میں جناب حکیم لکھنوی کے شاگرد ہیں ۔ کلام سے پختہ گوئی اور کہنہ مشقی کا رنگ نمایاں ہے ۔ رعایت لفظی کے شیدائی ۔ صنائع بدائع کے فدائی ہیں ۔ بعض شعر صاف بھی نکل جاتے ہیں پچپن برس ادہر کا کلام ہے ۔ انتخاب یہ ہے ؎

چادر ہے گرد راہ بگولے ہیں مثل قبر — ساماں یہ کس غریب کے دفن و کفن کے ہیں
چوری چھپے سے لی جو خبر بعد مرگ کے — ممنون ہم محبت دزد کفن کے ہیں
بھرتے ہیں پانی کوثر و تسنیم و سلسبیل — رتبے بلند کیا تری چاہ ذقن کے ہیں
پیراہن حیات کی تنگی جو یاد ہے ؎ — ڈھیلے لحد میں بند ہمارے کفن کے ہیں
چھوڑینگے وہ جفا نہ وفا ہم کرینگے ترک — وہ اپنی بات کے ہیں ہم اپنی سخن کے ہیں
پانی بھی مانگتے نہیں وہ آٹھ کے وقت مرگ — مارے ہوئے جو حسرت چاہ ذقن کے ہیں
آ بھی اٹھا کے چہرۂ پرنور سے نقاب — پروانے بے چراغ تری انجمن کے ہیں
گیسو کو آتش رخ روشن پہ دیکھئے — جل جانے پر بھی بل وہی باقی رسن کے ہیں

ہے خدا سے بھی طلب میں گر حجاب — ہاتھ کو وقف دعا ہم کیا کریں
پھیر دل اس بت کا کیونکر اسطرف — جو خدا کا کام ہو ہم کیا کریں

تمہارے کان میں کھتا ہے موتی — کہاں آ کر مری قسمت لڑی ہے

جادوں سے عیاں ہے کشش پنجۂ وحشت — ٹکڑے کئے کیا دامن صحرا کے کسی نے
خاموش نہیں وہ ہے رواں جنکی طبیعت — لب بند نہ دیکھے کبھی دریا کے کسی نے

سخنور ۔ منشی دیوانی سنگھ فرزند رائے جی سکھ رائے دہلوی ۔ آپ اکبر شاہ ثانی کی سرکار میں تحریر شقہ جات کی جلیل القدر خدمت پر ممتاز تھے ۔ ۱۸۴۷ء میں ۶۰ سال کی عمر تھی ۔ بہادر شاہ

کے اوائل سلطنت تک زندہ و سلامت و برسرِ کار رہے۔ بادشاہ کی ڈائری میں کئی جگہ انکا ذکر موجود ہے۔ موردِ عنایات شاہی تھے۔ شاعری میں غالب علیخاں سید کے شاگرد تھے۔ زبان صاف بیان میں سادگی تھی۔ اپنے زمانہ کے اعتبار سے خوب شعر کہتے تھے ؎

گریاں رکھے ہے بن ترے یہ چشم تر مجھے
طوفانِ نوح آنے سے ہے اب خطر مجھے

اُس زلف و رخ کی یاد میں دل بیقرار ہے
روتے ہی روتے گذرے ہے وہ دوپہر مجھے

ہوتی عیاں ہے صورتِ ہستی و نیستی
جوں نقشِ پا ہمیشہ سرِ رہ گذر مجھے

سخنور۔ مولوی محمد عباس۔ آپ شولاپور کے رئیس و آنریری مجسٹریٹ ہیں۔ شاعری کا مذاق ہے۔ حکیم معشوق علیخاں جوہر شاہجہانپوری سے مشورہ سخن فرماتے ہیں۔ کلام اچھا ہوتا ہے نمونہ بیان یہ ہے ؎

طرزِ خرام کرتی ہے لاکھوں کو پائمال
دعویٰ یہ ہے کہ ہم سا کوئی نازنین نہیں

رہِ الفت کٹے گی کسطرح دل بیٹھا جاتا ہے
قدم اُٹھنے بھی اب تو سخت مشکل ہوتے جاتے ہیں

ہوائیں دامنِ سفاک کی سلامت ہیں
ہمارے زخمِ جگر کی شگفتگی کے لئے

سخنور۔ سید ابو الحسن صاحب ساکن مچھلی بندر۔ شاگرد جناب فائض۔ شاعر معنی سنج ہیں۔ شعر میں مضمون آرائی ہوتی ہے۔ طبیعت رنگین ہے۔ کلام یہ ہے ؎

آتا ہے جب زمانہ میں موسم بہار کا
بنتا ہے پھول غنچۂ دل بادہ خوار کا

گلشن پہ کس غضب کا ہے جوبن کہ ان دنوں
ہر برگِ گل ہے تختِ عروسِ بہار کا

آمد سے ہچکیوں کی یہ ہوتا ہے آشکار
آنے لگا ہے تار عدم کے دیار کا

کھینچا ہے دار پہ مجھے منصور کی طرح
ظاہر جو عشق ہو گیا گیسوئے یار کا

سخی۔ سید پرورش علی۔ آپ کڑا ضلع الہ آباد کے باشندے اور سید جلال بخاری کی اولاد سے تھے۔ آپ ۱۲۲۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۶۵ سال کی عمر میں ۱۲۹۳ھ میں وفات پائی آپکے دو دیوان مطبوعہ موجود ہیں۔ رند مشرب۔ آزاد پسند آدمی تھے۔ گو وضعداری میں

مستحکم۔ آن بان میں یگانہ اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ بھاکا زبان کی شاعری میں آپ کا تخلص انور تھا۔ کلام میں مذاق۔ ظرافت۔ شوخی۔ کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ مگر جب متانت پر آتے ہیں تو موثر الفاظ میں عبرت کا مرقع کھینچ دیتے ہیں۔ انکا ایک قطعہ مقبول خاص وعام ہے جو اردو کلام کے انتخاب میں درج کیا جاتا ہے۔

جمع خاطر رہے اے اہلِ قبور / ہم بھی آتے ہیں نہ گھبرائے گا
بوسہ اللہ سخی مانگتا ہے / ایک دیجے گا تو دس پائے گا

اتنا کہنا تھا کہ یوسف نہ کہو / گالیاں دیں سرِ بازار یہ کیا؟
دل لگی ہوتی ہے خوش ہونے کو / تم تو ہونے لگے بیزار یہ کیا

قید اک حور کے گھر میں ہوں میں / رشکِ فردوس ہے زنداں میرا

کہاں دن کو گھر بے محل جائے گا / ابھی جُھٹ پٹے میں نکل جائے گا
مرے دل میں آنے سے یہ فائدہ ہے / ذرا اور سانچے میں ڈھل جائے گا

دیکھو۔ یوں کھلتی ہے کلی دل کی / ہاں مری جان مسکرا دینا

لب کا بوسہ طلب کیا تو کہا / گھر سے تو جا کے منہ بھی دھو آیا؟

شیخ جی کہتے ہیں غنا کو حرام / ان سے پوچھو تو ہیں یہ گاتے کیا

دم نکل جائے نہ بلبل کا پھڑک کر صیاد / پھول رکھدے قفسِ مرغِ گرفتار میں آج
چومنے دے دہن زخم سے قاتل مجھکو / لب شیریں کا مزا آتا ہے تلوار میں آج

سر جو ٹکراتا ہوں تو کہتے ہیں / میری دیوار کا خدا حافظ

عاشق شعلہ رو کی تربت ہے / لوگ پھولوں کی جا چڑھائیں آگ

سیرِ مدفن کو کون آیا تھا / مُردے سب چین میں مزاروں میں

اپنے قاصد کو صبا باندھتے ہیں / سچ ہے شاعر بھی ہوا باندھتے ہیں

پھر سرِ دست مرا خوں ہو گا / پھر وہ ہاتھوں میں حنا باندھتی ہیں

ایک میں جس کا نامۂ اعمال / دو فرشتے سیاہ کرتے ہیں
دیکھکر لوگ حال گورستاں / پھر تمنائے جاہ کرتے ہیں
عید میں غیر کے گلے نہ لگیں / کیوں ہمیں وہ حلال کرتے ہیں

کبھی تیغ نگاہ کے وار سہے کبھی تیر مژہ کا نشانہ بنا / کبھی خنجرِ ابروئے یار چلا مرے سینہ کی شکل سپر ہی نہیں
رُخ صاف کو تیری قیاس کیا نہیں شام ہے جسکی وہ روز ہے یہ / تری زلف دراز کو جان گئی یہ وہ رات ہے جسکی سحر ہی نہیں

لحد میں بعدِ مردن اِک کفن پرنے ہوا تو کیا / سلامت ہے جنوں تو پھاڑینگے محشر کے دامن کو
نہیں خاطر کسیکی توڑتے جو اہلِ رتبہ ہیں / ہوئی مقبول دعوت مور کی آخر سلیماں کو
ابھی ایامِ گل میں ہوگا سو سو بار یہ ٹکڑے / گریبانِ دریدہ کو مرے للہ مت ٹانکو
مرے دست جنوں نے ہاتھ پھیلائے ہیں وحشت میں / صبا صحرا سے کہدیجو سنبھالے اپنے داماں کو

کرے خواہش اگر غبار میرا / تو اُدھر کی کبھی ہوا ہی نہ ہو
توبہ ہے شیخ جی برا نہ کہو / دیکھو وہ بت کہیں خدا ہی نہ ہو
دل سی شے آپ لیگئے صاحب / اُف نہیں کی مرا جگر دیکھو
ہچکیاں کیوں قریبِ مرگ آئیں / یاد شاید دمِ اخیر ہوئی
خاک ہی میں دفن کرنا تھا اگر / پھر ہمیں کاہے کو نہلاتے رہے
کیا جائے خیال دانۂ خال / دل ہی کم بخت دانہ زد ہے
عرضی میں ہے حالِ ناتوانی / تصویر مری بجائے مد ہے
حشر کے روز رہی خوب نمود / ہم سا نکلا نہ گنہگار کوئی
آج وہ بلبلوں کا جی لینگے / پھول سی ہاتھ میں کلی لینگے
دل کھلونا نہیں جو سکتے ہو / ہم بھی لینگے ہم بھی لینگے
اِک جگر رہ گیا ہے وہ بھی سہی / اور کیا وہ کسی کا جی لینگے

باغِ جہاں میں آئے نہ پوچھو کہاں رہے / بچپن سے قیدیِ قفسِ آسماں رہے

گردش ہی میں یہ عمر ہماری بسر ہوئی
ہم بھی زمین پر صفتِ آسماں رہے

زلف چھوتا ہوں میں تو کہتے ہیں
ایک دن آپ مار کھائیں گے

گر کہا میں نے کرو خون میرا تو اٹھکر چلے
پان کھانے کے لئے منہدی لگانیکے لئے

قطعہ

کل وہ کچھ لوگوں کو لیکر اپنے ساتھ
تربتیں دیکھ کے دکھلاتے رہے

اس میں مجنوں ہے اور اسمیں کوہکن
عاشقانِ ناز تھے جاتے رہے

بعد اس کے پھر ہماری قبر پر
دیر تک افسوس فرماتے رہے

پوچھا جب میں نے یہ کسکا ہے مزار
آپ جو رہ رہ کے پچھتاتے رہے

بولے ہے ہے یہ سخی کا ہے مزار
جان دیدی لاکھ سمجھاتے رہے

سخی - جناب سید محسن حسین صاحب ۔ آپ امروہہ ضلع مراد آباد کے باشندے حضرت صفی امروہوی کے بھائی تھے ۔ عرصہ دراز تک آگرہ میں رہے ۔ بھر وماہ اکبر آبادی کے مشاعروں میں شریک ہوئے اکثر مقطعوں میں فخریہ اپنے صرف زر کی طرف اشارہ کرتے ۔ رعایت لفظی کے مضمونوں میں لگی چوٹی کے مضامین خوب لکھتے ہیں کلام کا انتخاب یہ ہے ۔

کتنے ہی بے گنہ تہ شمشیر ہو چکے
ظالم ذرا سمجھ کے ستمگار دیکھکر

میٹھی چھری سے قتل ہوا ہوں میں تلخ کام
نکلی ہے جان لعلِ شکر بار دیکھکر

جاتا ہے یہ جنازہ اسی خستہ تن کا آج
کل آپ آئے تھے جسے بیمار دیکھکر

گردیں کھنچ کے آگیا سارے بدن کا خون
شہ رگ پھڑک گئی تری تلوار دیکھکر

سب سیم تن جہاں میں ہیں نقد کام اے سخی
ملتے بھی ہیں کسی سے تو زردار دیکھکر

جو مچلے پھر تھمینگے آستیں پر
یہ طفلِ اشک لوٹینگے زمیں پر

پھولوں کی چھڑی نہیں دستِ نگار میں
سولی ملی ہے دزدِ حنا کو بہار میں

اس کے فقیر خلق سے آزاد ہو گئے
تکیہ بنا کے بیٹھ رہے کوئے یار میں

دریا میں جال پھینکیے زلف دراز کا
تم کیا گئے کہ دل ہی تڑپ کر نکل گیا
میل اپنے ہاتھ کا تو سمجھ زر کو اے سخی
سینہ تم اپنے دوپٹہ سے چھپائے رکھو
دل کیا آئنے کل تیر نظر سے زخمی
سر پٹکتے تمہیں چوکھٹ پہ جو دیکھا تو کہا
روتے روتے جو ز کا میں تو وہ بولے ہنسکر
تیغ ابرو کے غضب وار ہیں اوچھے اوچھے

جل بھن رہی ہیں مچھلیاں شوق شکار میں
ٹھیرا تمہاری طرح نہ یہ بھی کنار میں
جو کچھ ملے لٹا رہ پروردگار میں
نگہ تیز سے ہوتے ہیں حجر کے ٹکڑے
تیغ ابرو سے کیے آج جگر کے ٹکڑے
لکھے ہیں اسکے مقدر میں بھی سر کے ٹکڑے
کر دیے آپ نے کیوں سلک گہر کے ٹکڑے
دل عشاق کے کرتے ہیں یہ چر کے ٹکڑے

تن نازک پہ جو بدہی پڑی ہے
یہ کس میکش سے آنکھ اسکی لڑی ہے
نہ لیلے آئی ہو مجنوں سے ملنے

لگی شاید دوپٹہ کی چھڑی ہے
صراحی جام پر بیخود پڑی ہے
سواری نجد میں کسکی کھڑی ہے

سخی ۔ منشی سخاوت حسین باشندۂ سندیلہ ضلع ہردوئی منشی سید منصب علی صاحب ہنر مرحوم سندیلوی کے شاگرد ہیں ۔ ابھی نومشقی کا عالم ہے ۔ سمند طبع کو رعایت لفظی کے وسیع میدان میں دوڑاتے ہیں ۔ ۱۹۰۶ء میں کچھ غزلیں نظر سے گذریں جنکا انتخاب حاضر ہے ؎

معشوق وہ ہے جسمیں ہر انداز نیا ہو
قسمت میں ہر اک کے نہیں خون دل عاشق
ہے دوست کے اقرار پہ دشمن کا عجب حال
میں سوختہ قسمت ہوں وہ پر کالہ آتش
دل ایسے بخیلوں سے سخی خاک لگائیں

شوخی ہو شرارت ہو نرالی کت ہو ادا ہو
تلووں سے لگا لیجے اگر شوق حنا ہو
چاہے جو کوئی میرا برا اُس کا برا ہو
دوزخ میں پڑوں میں تو جہنم کو سزا ہو
جنمیں نہ ہو کچھ مہر نہ کچھ بوئے وفا ہو

سخی ۔ سید محمد جعفر حسین خاں عرف ننھے میرزا صاحب لکھنوی ۔ آپ جناب عشق مرحوم کے شاگرد ہیں ۔ نغمۂ بہار ۱۸۸۶ء میں جو کلام درج ہوا ہے اسکا انتخاب یہ ہے ؎

آپ کے عشق لب سرخ میں رو دیتے	بھگئے قلب و جگر آنکھ کے آنسو ہو کر
یار کو دولت دل دے کے طلب کرتا ہی	نا مزدہ ہو نہ ہتھیلوں میں سخیؔ تو ہو کر

سخی

سخیؔ۔ میر سخاوت علی۔ ماں کیطرف سے لکھنوی اور باپ کی جانب سے زیدی الواسطی ہیں۔ خوشرو۔ قد آور جوان ہیں۔ انگریزی انٹرنس تک پڑھی ہے۔ ۴۰ برس کی عمر ہے۔ دس سال سے پولیس اجمیر میں ہیڈ محرر ہیں۔ فن سخن میں مولانا قتیل بھرسری کے شاگرد ہیں کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

اے دل مضطر سر محفل بہت مضطر نہ ہو	اور تجھسے بدگماں وہ بدگماں ہو جائیگا
آنکھیں چڑھی ہیں اتری ہی صورت اڑا ہی رنگ۔	بے شبہ اٹھکے آئے ہیں دشمن کے گھر سے آپ
نادان آپ سا بھی نہوگا کوئی سخیؔ	امید داد رکھتے ہیں بیداد گر سے آپ
میں تو خاموش رہوں پر مرا قابو کیا ہے	دل میں ہو درد تو کیوں لب پہ نہ فریاد رہے
نالہ و آہ و غم و درد و جدائی حسرت	جیکے باعث مجھے ہاتھ آئی ہیں وہ شاد رہے

سراج

سراجؔ۔ سراج الدین علیخاں۔ اورنگ آباد کے رہنے والے تھے۔ یہ بزرگ خوش فکر اور سنجیدہ مذاق تھے۔ عالی خیالی اور شیریں مقالی سے واضح ہوتا ہے کہ یہ تغزل کے منشا کو اچھی طرح سمجھتے تھے۔ مندرجہ ذیل غزل جسکو بعض ناشناسان سخن۔ سراج الدولہ حاکم بنگالہ کیطرف منسوب کرتے ہیں وہ انکی فکر عالی کا کرشمہ ہے ہر شعر وحدت الوجود کے مشکل مسئلہ کا ترجمان ہی اور دنیا کی بے ثباتی کا مرقع آنکھوں میں پھر جاتا ہی۔ ملاحظہ ہو ؎

خبر تحیر عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی	نہ وہ میں رہا نہ وہ تو رہا جو رہی تو بیخبری رہی
شہ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی	نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنوں کی پردہ دری رہی
وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا	جو کتاب عقل تھی طاق پر ویسی دھری کی دھری رہی
نگہ تغافل یار کا گلہ کس زباں سے بیاں کریں	جو شراب صد قدح آرزو خم دلمیں تھی سو بھری رہی
چلی سمت غیب سے اک ہوا کہ چمن سرور کا مٹ گیا	مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہیں سو ہری رہی

کیا راکھ آتش عشق نے دل بینوائے سراج کو	نہ خطر رہا نہ حذر رہا جو رہی سو بےخبری رہی

سراج

سراج ۔ کسی گمنام شاعر کا تخلص ہے۔ جو سید حمزہ کے شاگردوں میں تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ سے چند شعر سرمۂ چشم ناظرین ہیں جنمیں زبان قدیم اور متروک الفاظ کے نمونے پائے جاتے ہیں۔ مگر تخیل نادر ہے۔ اور بندشیں مضامین کے مناسب۔ اُس زمانہ کے اعتبار سے اچھا کلام ہے ؎

مسکرانا ان دنوں تیرا کرم ہونے لگا	شیوۂ جور و ستم فی الجملہ کم ہونے لگا
مدت سے گم ہوا دل بیگانۂ سراج	شاید کہ جا پڑا کسی نا آشنا کے ہاتھ
رفوگر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے	اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آجاوے

سراج

سراج ۔ منشی افضل خاں خلف ہزار سیر خاں مرحوم۔ آپ قدیم بھوپال کے رہنے والے ہیں۔ نواب نظیر الدولہ باقی محمد خاں بہادر کے شاگرد ہیں۔ شاعر موزوں طبع اور سخن ور تیز فکر ہیں ؎

کرینگے دہر ہی میں صنم کی تلاش ہم	لینگے نہ جا کے کعبہ میں احسان خلیل کا
ایذا وہ کون سی ہے جو اسے چارہ گر نہیں	سوزش نہیں ہے دل میں کہ درد جگر نہیں
سوز و گداز آہ و بکا نالہ۔ درد و یاس	سب کچھ ہے فیض عشق سے لیکن اثر نہیں
بزم نشاط۔ ساغر مے نغمۂ طرب	سب ہیچ ہیں جو پاس وہ رشک قمر نہیں
ایک پہلو میں پری ایک میں وہ حور رہے	ایک طرف نار رہے ایک طرف نور رہے

سراج

سراج ۔ جناب سراج الحسن صاحب۔ آپ دہلی کے باشندے ہیں۔ سراج کے ساتھ تمنائی تخلص بھی کرتے ہیں طبیعت میں نکتہ سنجی کا مذاق ہے۔ مضموں آفرینی کی مینا کاری میں زبان کا لحاظ بھی ہے۔ مخزن اور صبح بہار جیسے رسالوں میں کچھ کلام نظر سے گذرا۔ چراغ فکر کی شعاع یہ ہے ؎

جب دل میں یاد آئی تو چپکے سے رو لیا	گھبرا یا جی تو سوئے بیاباں نکل گیا

ظالم سے نے عاشقوں کو محبت کے جرم میں
تیری بلا سے جی سے گئے مجرمانِ عشق
بلبل سے گلے لگا نہ گلوں کو بہار میں
دو ہاتھ تیرے نے کا ہمارا ابھی قصد ہے
کیا کہوں ہجر میں کس طرح بسر ہوتی ہے
اپنی یادِ رخ و گیسو میں بسر ہوتی ہے
رخ سے جب گیسوئے شبگوں کو وہ سرکاتے ہیں
اکیلا چھوڑ کر لی شمع نے بھی راہ اب اپنی
اٹھاتا اپنی پلکوں سے لگاتا اپنی آنکھوں سے

وہ دی سزا کہ دم شبِ ہجراں نکل گیا
ہے جائے شکر تیرا تو ارماں نکل گیا
بوئے وفا نہیں چمنِ روزگار میں
موجیں اگر اٹھیں ترے خنجر کی دھار میں
نہ تو کٹتی ہے شبِ غم نہ سحر ہوتی ہے
ہم نہیں جانتے کب شام و سحر ہوتی ہے
صبح ہوتی ہے ادھر شام ادھر ہوتی ہے
نہ دل سوزی کسی سے ہو سکی اس غم نصیب کی
ادھر بھی کاش آتی خاک اڑ کر کوئے جاناں کی

سراج

سراج سراج الدین ولد منشی جمال الدین قریشی ساکن لال کورتی بازار میرٹھ۔ آپ میرٹھ کالج میں بی۔ اے کی تعلیم پاتے ہیں۔ ۲۰ برس کی عمر ہے۔ ابتدا میں جناب گرامی پروفیسر فارسی کو اپنا کلام دکھاتے تھے سنہ ۱۹۲۴ء میں بمقام لکھنؤ۔ نازش بدایونی سے تلمذ اختیار کیا۔ نو مشق شاعر ہیں۔ مگر طبیعت میں مضمون آفرینی کا مادہ ہے۔ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

باغ میں رہ کے مجھے کنجِ قفس یاد رہا
کس کو کیا معلوم کیا گذری تجلی گاہ میں
چشمِ دریا بار کی اللہ ری اشک افشانیاں
سرِ محفل عجب عالم ہے میرے دل کی الجھن کا
اے کاش کہ یاد آئے انہیں رات کا وعدہ

میں وہ بلبل ہوں کہ برسوں غمِ صیاد رہا
آنکھ ہی کچھ جانتی ہے جسکو حیراں کر دیا
قطرہ قطرہ میں نظر آتا ہے عالم جوش کا
قسم دے دے کے ان سے پوچھتا ہوں نام دشمن کا
تقدیر ہو سیدھی تو ابھی زلف بکھر جائے

سراج

سراج۔ میاں سراج الدین پہلوان خلف میاں عبدالرحیم پہلوان لاہوری کشمیری بازار میں رہتے تھے سنہ ۹۶ء کے مشاعروں میں طبیعت کی زور آزمائی دکھاتے تھے۔ رسالہ شور محشر سے کچھ کلام انتخاب کیا ہے وہ فکر کی رسائی کا شاہد ہے۔

دل کو تو ہم سنبھالے رہے بزم یار میں
پر طفلِ اشک دیدۂ تر سے نکل گیا

کس کس کو میں سناؤں شبِ وصل کیا کروں
اٹھے اُدھر وہ اور اِدھر دل مچل گیا

نہیں وہ قتل کرتا ہاتھ رنگتا ہے مرا قاتل
کہ اب مہندی سے ستا رنگ ہے خونِ شہیداں کا

یہ دل کیا مجھے ہی بربادی کی حسرت تو کوئی دیکھے
کہ گھر بن رہا ہے گھر بیاباں میں بیاباں کا

یہیں سے سر کو ہم رکھے ہوئے جائیں ہتھیلی پر
اگر ہے سامنا کرنا کسی شمشیرِ عریاں کا

ہجر میں حال رہا گر یہی بیتابی کا
دم نکل جائیگا اک روز تڑپ کر اپنا

شور عالم میں ہے اُس آئینہ رخسار کا
جس نے دیکھا چہرۂ زیبا وہ حیراں ہو گیا

سوزِ دل کس سے کہوں سب ہی روشن اے سراج
روز کا جلنا شبِ مہتاب ہجراں ہو گیا

سرافراز۔ نواب سید سرفراز علیخاں صاحب۔ آپ ریاست حیدرآباد دکن کے رئیس ہیں
فنِ سخن میں حضرت اُنس برادر میر انیس مرحوم سے تلمذ ہے مگر کلام دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ
مشق بہت کم ہے سنہ ۱۸۰۶ء کے پیام یار سے کچھ شعر انتخاب کئے جاتے ہیں ؎

ابرو و مژگاں جاناں کی سی کب ہیں تیز یاں
تیغ میں نوکِ سناں میں خنجرِ فولاد میں

حسن اُس گل کے رُخ و چشم و لب و قد کا نہیں
گل میں نرگس میں سمن میں سرو میں شمشاد میں

وہ لب نہیں جس لب پہ شکایت ہو کسی کی
وہ دل نہیں جس دل میں کدورت ہو کسی کی

دیکھا جسے بھرتا ہے محبت کا تری دم
ظالم ترے دل میں بھی تو اُلفت ہو کسی کی

ہے چشمۂ بے فیض وہ انسان سرافراز
دنیا میں ادا جس سے نہ حاجت ہو کسی کی

سرخوش۔ منشی محمد حلیم الزمان صاحب خلف اوسط شیخ وحید الزمان مغفور آپ ریاست رامپور
کے باشندے ہیں۔ ابتداے مشق سخن سے حضرت امیر مینائی کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہیں سنہ ۱۲۹۶ھ
میں پیدا ہوئے سنہ ۱۳۰۳ھ سے حیدرآباد میں ہیں۔ سادہ گو خوش گفتار شاعر ہیں کلام یہ ہے ؎

اگر اسیرِ دام ہوئے ہم چمن کے پاس
بڑھ کر لیا قضا نے جو پہونچے وطن کے پاس

سراپا جرم ہم نفرت انہیں عفو جرائم سے
صفائی ہو تو کیا ہو فیصلہ ٹھیرے تو کیا ٹھیرے

وہ مشتاق شہادت ہوں کہ مرنے تک بھی دم رکتا	اگر دم بھر بھی رک جاتی کہیں شمشیر قاتل کی

سردار۔ نواب حسین علیخاں بی اے خلف اصغر نواب میرزا محمد جعفر علیخاں بہادر رئیس اعظم شیش محل لکھنؤ۔ آپ نواب حکیم مہدی وزیر شاہ نصیرالدین حیدر کی اولاد امجاد سے ہیں شاعری میں اپنے بزرگوار سے اصلاح لیتے ہیں۔ ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر ممتاز ہیں۔ شعر و سخن سے کمال دلبستگی ہے اور طبیعت ازل سے مستانہ رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ معاملہ ایسا اچھا نظم کرتے ہیں کہ بیساختہ سامعین کے دل سے داد نکلتی ہے۔ لکھنؤ کی مستند زبان اور فصحا کی روز مرہ سے آپکا کلام مالامال ہے۔ فکر بلند کا نتیجہ یہ اشعار گوہر بار ہیں ؎

وہ پٹہ دم بدم ایجان ہٹا جاتا ہے سینے سے	امنگیں دل کی کہتی ہیں کہ پردا ہو نہیں سکتا
جوانی کی امنگیں کب حیا کے روکے رکتی ہیں	یہ وہ آفت کا سن ہے حسین پردا ہو نہیں سکتا
بڑی خاطر تھی میری کرلیا اقرار وصل اس نے	مگر شرم اسکی مانع ہے کہ ایفا ہو نہیں سکتا
یو چھئے سُرمہ کا و نبالہ نہ اپنی آنکھ سے	قتل عاشق کو یہی تلوار رہنے دیجئے
اک اشارہ آپ کا کافی ہے میرے قتل کو	تیر رہنے دیجئے تلوار رہنے دیجئے
بہت خوش ہو ہمارا دل دکھا کے	ملا کیا بے نصیبوں کو ستا کے
گلوں کو کر دیا بلبل نے برہم	کرشمے ہیں یہ سب باد صبا کے
تمہاری خوش نصیبی ہے یہ سردار	مناتے ہیں گلے سے وہ لگا کے
سلامت ہے کیا مزا دے رہی ہے	محبت سے بڑھ کے عداوت کسی کی

سردار منشی اودھم سنگھ ساکن امرت سر۔ آپکا بیان ہے کہ میرے پردادا اکر پاسنگھ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے گرو تھے۔ اور دس ہزار روپیہ کے قریب جاگیر تھی۔ آپکے والد سردار بشن سنگھ محکمہ نہر میں ضلعدار تھے۔ آپنے میونسپل بورڈ کالج امرت سر میں تعلیم پائی ہے۔ فارسی۔ اردو انگریزی۔ بھاشا۔ گورمکھی اچھی طرح جانتے ہیں۔ فن سخن میں حضرت جلال مرحوم کے شاگرد ہیں۔ اول محکمہ نہر میں ملازم ہوئے۔ پھر ڈسٹرکٹ کورٹ میں نقل نویس رہے۔ آپ محکمہ پولیس

میں بھی شمل خواں و محرر جوڈیشل رہ چکے ہیں۔ امرت سر میں شعر و سخن کا چرچا زیادہ تر آپ کے دم سے ہے لاہور کے مشاعروں میں بھی شریک ہوتے رہے ہیں۔ رسالہ کرشمۂ ناز اور آفتاب کے اڈیٹر و منیجر رہے ہیں۔ جو صرف چھ ماہ نکل کر بند ہو گیا۔ پنجاب کے رسالوں میں آپ کی اخلاقی نظمیں نکلتی رہتی ہیں بھجن بھی لکھتے ہیں۔ کلام میں سادگی۔ روانی ہے۔ اور آپ کی نظموں کے مطالعہ سے اس بات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ پنجاب نے اُردو میں کہاں تک ترقی حاصل کر لی ہے۔ آپ کا بیان ہے کہ "داغ صاحب نے بھی میرے کلام کو پسند کیا اور ایک خط بھیجا جس میں یہ تحریر فرمایا کہ آپ لکھیے۔ آپ کی طبیعت اچھی۔ آپکے اُستاد اچھے پھر کلام کیوں نہ اچھا ہو"

انتخاب یہ ہے ؎

دشت وحشت میں کسی نے نہ دیا ساتھ اپنا
قدرت نے چشم شوق کو یہ معجزہ دیا

مرنے والا وہ مجھکو کہتے ہیں

چھوٹنے نہ ہم سے یارب باغ جہاں ہمارا
آپس میں میل کرلو سوچو ذرا تو دیکھو

فائدہ کیا دہر میں اے بوالہوس
نالۂ دل کھینچ لایا یار کو

سنتے ہیں کہ مہمان ہیں وہ غیر کے گھر آج
آتے نہیں گر آپ تو میں مر ہی چکا تھا

بنے میرے دشمن مری جاں ہو کر

کیا لیکے جائیں ہم کسی گل پیرہن کے پاس
تیغ سے کم نہیں کچھ نیم نگاہی اُن کی
حسرت وصل میں کٹتی ہے جوانی اپنی

اے جنوں پاؤں کا چھالا بھی جو تھا پھوٹ گیا
جلوہ خدا کا حُسن بتاں میں دکھا دیا

جیتے جی اس خطاب نے مارا

ہندوستان کے ہم ہیں ہندوستاں ہمارا
منزل سے دور بیٹھا ہے کارواں ہمارا

مکر و حیلہ سے جو زر پیدا کیا
بے اثر نے کیا اثر پیدا کیا

ماتم ہے ادھر عیش کے جلسے ہیں ادھر آج
اللہ نے بخشی ہے مجھے عمر دگر آج

رہے غیر کے دل میں ارمان ہو کر

جز داغ ہجر کیا ہے غریب الوطن کے پاس
خون کرتے ہیں ہزاروں کا جدھر جاتی ہیں
صورت سایۂ دیوار دبے جاتے ہیں

ہجر کی شب آنکھ کیا لگتی کہ پہلو میں مرے
تیکیاں لیتا تھا درد اٹھ کر جگا نیکے لئے

کیا کہیں سردار جو کچھ عشق سے حاصل ہوا
ایک عبرت ہو گئی سارے زمانیکے لئے

حاصل ہیں روز دولت دیدار کے مزے
اچھی ہے میرے بخت سی قسمت نقاب کی

یار کی آنکھ سے کیا آنکھ لڑی رہتی ہے
روبرو موت کی تصویر کھڑی رہتی ہے

تو تو آتا نہیں اے یار ترا دھیان رہے
خانۂ دل میں مرے کوئی تو مہمان رہے

اُس کی تصویر کو چھاتی سے لگا کر سوئے
ہجر کی رات بھی کیا وصل کے سامان ہے

صورت نقش قدم بستے ہیں دل لاکھوں کے
جب سر راہ گذرتے ہیں گذرنے والے

سردار ۔ نواب سید سردار علیخاں رئیس بمبئی۔ آپ نواب عبد الحق امیر جنگ مرحوم کے فرزند دلبند ہیں۔ آپکے والد حیدرآباد دکن میں معدنیات و ریلوے کے ڈائرکٹر تھے۔ انہوں نے سونے کی کانوں اور اجارہ کے متعلق ولایت کی کمپنیوں سے کچھ داد وستد کی تھی جسکی تحقیقات کیواسطے کئی مرتبہ کمیشن بیٹھی اور نواب محسن الملک اور مہدی حسن فتح نواز جنگ نے معاملہ کی تحقیقات اور انکشاف کے لئے سفر ولایت اختیار کیا اور رپورٹ کی۔ سر فراز عبد الحق عاقبت اندیش۔ جہاں دیدہ۔ ہوشیار شخص تھے۔ انہوں نے آخر میں حضور نظام کو نذرانے پیش کئے اور صفائی کر لی۔ ریاست سے قطع تعلق ہوجانیکے بعد نواب دلیر جنگ نے سکندرآباد کی سکونت ترک فرمائی اور بمبئی میں آ بسے۔ اور جملہ خاندان کو لیکر وہیں رہنے لگے۔ لاکھوں روپیہ کی جائداد خرید لی نواب سردار علیخاں سیاست کے نشیب و فراز سے اچھی طرح واقف ہیں۔ پولٹیکل معاملات میں گہری دلچسپی لیتے ہیں اور آپ ایک زمانہ میں نواب محسن الملک کے ہمدم و ہمراز رہے ہیں سفر حضر میں انکے ساتھ رہتے تھے۔ آپ کو انگریزی زبان میں تقریر و تحریر کی اچھی مہارت ہے طبیعت میں موزونی اور نظم گوئی کی استعداد ہے۔ کلام سے پایا جاتا ہے کہ مشق سخن بہت کم ہے شاہد فکر کی جلوہ طرازی یہ ہے

آفتاب حشر کا جلوہ ہے روئے یار سے
یا قیامت کے نمایاں ہو گئے آثار صبح

کس کی صورت کا تصور دل میں ہے خلوت نشیں
دل ہے یا بیت الصنم یا مطلع الانوار صبح

قد قیامت ہے تو رفتار میں انداز مسیح
لب جاں بخش میں اعجاز ہے تقریر کیساتھ

ہوں میں وہ بلبل ناشاد گرفتار قفس
موسم گل میں بسر ہوتی ہے زنجیر کے ساتھ

سرسبز

سرسبز ۔ میرزا زین العابدین خاں عرف میرزا مینڈھو۔ خلف نواب سالار جنگ مرحوم ماموں نواب شجاع الدولہ صوبہ اودھ۔ عہد قدیم کے شعرا میں تھے۔ خوش خلق طباع امیر تھے مصحفی انکی سرکار میں چار سال تک ملازم رہے۔ اور انکی صحبت نے انکو استاد بنا دیا۔ زبان پیاری۔ ادائے بیان سادہ ہے۔ کلام حسن و عشق کے جذبات سے لبریز ہے۔ معاملہ نگاری میں زباں دانی کی میٹھی چھریاں دلوں پر زخم کاری لگاتی ہیں۔ افسوس ہے کہ انکا کلام زیادہ ہاتھ نہ آیا تذکرہ شعرائے ہند مولفہ شرف الدین میرٹھی سے دو چار شعر انتخاب کئے جاتے ہیں ؎

کیا حال گریہ پوچھے ہے ہمدم سرک کہیں
ہماری آہ پہنچتا ہے تو کیا

اتنا نچوڑ رہے مژہ اشک بار پر
دکھا دیں گے تجھے اسکا اثر ہم

کب خوش آتی ہے مجھے سیر گلستاں تجھ بن
نظر آتا ہے چمن خانۂ زنداں تجھ بن

اپنے عاشق کے زباں میں یہ تو آیا صد حیف
جان دی اس نے بصد حسرت و حرماں تجھ بن

شب انتظار گذری ہمیں انتظار کرتے
کبھی دوست دوست کرتے کبھی یار یار کرتے

ترا یار اس جگہ تھا نہوا تو ہائے سرسبز
اگر اس گھڑی تو ہوتا تجھے ہم دو چار کرتے

خبر لائی باد بہاری کسی کی
دو چنداں ہوئی بیقراری کسی کی

ترے ہاتھ سے بوئے خشک آئی شانہ
مگر تو نے کاکل سنواری کسی کی

زلیخا کو یوسف کا ہے دھیان گذرا
جو اس رہ سے آئی سواری کسی کی

میں سرسبز روتا ہوں آتی ہے جب یاد
وہ صورت مجھے پیاری پیاری کسی کی

جو دوست مرا آسکو پیغام سناتا ہے
وہ صاف مجھے یار دو دشنام سناتا ہے

منہ موڑ لیا تم نے اگر مہر و وفا سے
ہم ہاتھ اٹھانیکے نہیں دست دعا سے

جس نے یہ کہا اُس سرکہ جاتی ہی مری جاں
شمع جب چہرۂ پُرنور دکھاتی ہے مجھے
اُس کے کوچہ کی طرف میں تو نجاؤں سرِ بزم

منہ پھیر کے یوں کہنے لگا میری بلا سے
یادِ عارض میں ترے اور جلاتی ہے مجھے
کششِ دل ہے کہ کھینچے لئے جاتی ہی مجھے

سرشار

سرشار۔ جناب حکیم عبد الصمد صاحب ولد شاہ فضل غوث ساقی بریلوی۔ آپ باشندہ بریلی کے شرفا میں سے ہیں تقریباً ۶۰ برس کی عمر ہے۔ آپکے والد صوفی باصفا اور درویش کامل تھے۔ جناب سرشار۔ فارسی۔ عربی۔ بھاشا سے واقف ہیں فلسفہ منطق ہیئت۔ نجوم رمل جفر وغیرہ میں بھی دخل ہے۔ تمام روہیلکھنڈ میں آپ کی نباضی کا شہرہ ہی۔ اور ہزاروں مریض آپکے علاج سے شفایاب ہوچکے ہیں۔ علم عروض۔ بیان۔ معانی میں اچھی دستگاہ ہے۔ فن سخن میں نواب عبد العزیز خانصاحب عزیز بریلوی سے تلمذ ہے۔ بریلی کے وہ قدیم مشاعرے جنمیں۔ تدبیر الدولہ اسیر لکھنوی۔ منشی سمعٰیل حسین منیر شکوہ آبادی حضرت امیر مینائی۔ نادر شاہ خاں شوخی رامپوری وغیرہ بھی کبھی کبھی شریک ہوتے تھے۔ اُنمیں آپ بھی شامل تھے۔ حکیم صاحب موصوف حضرت حسن مرحوم حضرت خواہاں کے ہمعصر ہیں اور اسوقت بریلی کے اساتذہ میں آپکا شمار ہے۔ نہایت خوش خلق۔ وضعدار۔ زندہ دل شخص ہیں۔ اچھی شگفتہ زمینوں میں شعر کہتے ہیں کلام میں شوخی متانت۔ ظرافت کا رنگ موجود ہے۔ بادۂ فکر کی تراوش یہ ہے

جناب آب گریہ ہوں مرا عالم نرالا ہے
شکایت کچھ نہیں اب کوئی شکوا ہو نہیں سکتا
محبت کی نہ پوچھو کچھ یہ عالم ہی نرالا ہے
مری قسمت میں جو بدنامیاں تھیں ہوچکیں ناصح
نغمہ سازیٔ محبت نالۂ دل ہوگیا
ناخنِ غم کی جراحت ہوگئی آخر کو داغ
وائے ناکامی کہ بلبل بیٹھی منہ دیکھا کرے

زمیں دیکھو تو پانی کی فلک دیکھو تو پانی کا
پرایا کردیا جس دل کو اپنا ہو نہیں سکتا
کہ ہو سکتا ہی کیا کیا اسمیں کیا کیا ہو نہیں سکتا
بس اب اس سے زیادہ کوئی رُسوا ہو نہیں سکتا
تیرے جاتے ہی دگرگوں رنگِ محفل ہوگیا
یہ مہ نو بڑہتے بڑہتے ماہ کامل ہوگیا
دہوئے شبنم اور پونچھے چہرۂ گل آفتاب

قاصد میں کیا کہوں وہ تجھکو کہاں ملینگے
ہیں آج اسکے گھر میں کل اس مکان میں ہیں

یہ اپنے دل سے پوچھو دل سی مرے لگی ہے
یا تو نہیں دل لگی کی باتیں زبان پر ہیں

قاصد سمجھ کے مجھسے کہنا پیام ان کا
موت اور حیات دونوں تیری زبان پر ہیں

قیامت ہی سہی ہم منتظر ہیں اسکے وعدے کے
وہاں کیا ہیں یہ کل پرسوں کٹیں ہمکو جہاں برسوں

طلسمی مدتیں ہیں وعدۂ معشوق و عاشق کی
وہاں کچھ ساعتیں گھٹتے ہیں جنکو اور یہاں برسوں

ہو شباب اسکے ستم کا چرخ جتنا پیر ہو
جسقدر رحم ہو کماں اتنا ہی کاری تیر ہو

عکس رخ تیرا پڑے تو داغ دل ہوں کام کے
سکے وہ انگے ہوں جن پر شاہ کی تصویر ہو

لیچلا دامن کشاں مجھکو سوئے صحرا جنوں
تو بھی آ اے پنجۂ وحشت گریباں گیر ہو

قید ہو جائے تو ہو دیوانہ کا رتبہ بلند
نردبان بام وحشت پاؤں کی زنجیر ہو

نوجوانان جہاں حیف تمہاری قسمت
یار نو عمر ہے سرشار شراب کہنہ

چاند سورج سے حسیں حسن فلک پیر کیا تھا
کیا ترا بخت جواں ہے خرد و پیر کیا تھا

فنا کے بعد بھی وا چشم انتظار رہے
کھلا ہوا مرا طاق اک سر مزار رہے

ملا کے خاک میں برباد کر چکے ہم کو
خدا کے واسطے دل میں نہ اب غبار رہے

جو آج آپکے قول و قسم نہ دیکھے ہوں
تو ہم کو وعدۂ فردا کا اعتبار رہے

چراغ دیر و حرم کچھ نہ سمجھے پروانہ
جہاں ہو جلوۂ معشوق جاں نثار رہے

تیغ سے پیچھے کیا ذبح ادا سے پہلے
مار ڈالا مجھے قاتل نے قضا سے پہلے

یوں ہے آسودگی خلق فنا سے پہلے
لے سنبھالا کوئی جس طرح قضا سے پہلے

کچھ سنے فتنے یہ میدان قیامت کے نہیں
بہت اٹھے ہیں تری جنبش پا سے پہلے

پھر جو چاہو سو کرو طالب دیدار کا حال
دیکھ لو ایک نظر ناز و ادا سے پہلے

قتل جبتک ہوں میں آنکھوں میں جگہ دو مجھکو
رکھو مجرم کو نظر بند سزا سے پہلے

مانگ لونگا تجھے اللہ سے اے بت ورنہ
آپ آ جا مرے پہلو میں دعا سے پہلے

ترکِ مقصود ہے سرمایۂ تاثیرِ قبول
واے ناکامیِ تقدیر کہ وہ بھی نہ رہی

ابھی اور کچھ حوصلہ ہے تیرا
قفس سے لگا بیٹھی دل عندلیب

آنسو میں میرے خونِ جگر کا جو میل ہے
پہونچا دیا ہی سوزِ درون نے قریبِ مرگ
سرشار سہل سمجھے ہیں آنسو شکستِ دل

پکاری ہوس پر یہ آہ دل کی
وہ دل جسکو پیدا کیا کر دیا کیا اُسکا شکوا ہے

مرا سوز و گدازِ دل بھی تیرا ہی سا ہے ای شمع
تمام اعضا میں تازگی اور گدازگی ہی جزوِ لازمِ دل
لب ہلانیکی مجھ میں قوت نہ بات کرنیکی تاب طاقت
عجب شفاخانہ عشق کا ہے کہ موت صحت مرض دوا ہے
غم و رنج و مصائب ذلت غمخواری و ناکامی

ہاتھ مطلب سے اٹھا دستِ دعا سے پہلے
تھی اک امیدِ اجابت جو دعا سے پہلے

سمندر تو اے چشمِ تر ہو گئی
اُڑے کیا کہ بے بال و پر ہو گئی

دامانِ تر کے حاشیہ پر سرخ بیل ہے
باقی چراغِ زیست میں تھوڑا ہی تیل ہے
لڑکے ہیں توڑنا نہیں شیشہ کا کھیل ہے

خبر لے اے مرے اللہ دل کی
جب اپنا تھا تب اتنا تھا اب اسکا ہی تو اسکا ہے

کہ جینا زندگی بھر کا ہے رونا عمر بھر کا ہے
نئی جوانی کا جوبن اُبھر کچھ آ گیا ہی کچھ آ رہا ہے
کہوں میں کیا تم سے اپنی حالت کہ حال اب مجھ میں کیا رہا ہے
جو درد پہلو دبا رہا ہے تو دل کو آرام آ رہا ہے
سہم بکجا ہوئے جسکا "محبت" نام رکھا ہے

سرشار ۔ سداشیو راؤ صاحب پنوار۔ آپ ریاست دیواس کلاں کے ساکن ہیں۔ طرزِ بیان سے نو مشقی نمودار ہے مگر فکر رنگیں ادا و دماغ میں رسا ہے انتخاب یہ ہے۔

سر ہمیں کاٹ کے دے پھیر لے یا دل اپنا
بے بدل ظلم میں تم ہم ہیں وفا میں کامل

اٹھائے صدمہ دوری کہاں تک
اسی دن کے لئے لکھا تھا سرشار

اڑ کے بیٹھا ہے اسی بات پہ قاتل اپنا
کوئی ثانی نہ تمہارا نہ مقابل اپنا

نہیں اب تابِ فرقت ناتواں میں
نہ رکھ ہرگز قدم عشقِ بتاں میں

سرشار ۔ شیخ رمضان علی۔ آپ سندیلہ کے ظریف شاعر ہیں۔ ۵۰ کے قریب عمر ہے

سرشار

سرشار

سید منصب علی صاحب ہنر مرحوم سے تلمذ ہے۔ افیون سے بہت رغبت ہے اسلئے اسی رنگ میں شعر کہتے ہیں۔ فلک سیر طبیعت۔ اعلیٰ مضامین کا ذخیرہ پیش کرتی رہتی ہے اور یہ سربزانو ہوتے ہی بہت دور پہنچ جاتے ہیں۔ شیریں مقالی یہ ہے ؎

افیون پی کے کھائیں جو شیرہ کی ریوڑیاں	کیا کھیوں کے سلسلے ہیں مجھ ناتوان پر
ہمارے ساتھ بھی سامان کیا کیا بیش قیمت ہیں	ادھر تھیلا ہے گولوں کا ادھر ڈبا ہے افیوں کی

سرشار۔ شہر یار اقلیم باکمالی و فرمانروائے مملکت رنگین خیالی۔ ناثر نامدار ناظم باوقار پنڈت رتن ناتھ صاحب سرشار۔ آپکے والد کا نام پنڈت بیج ناتھ در تھا۔ جو لکھنؤ کے ایک معزز کشمیری خاندان کے رکن تھے۔ ابھی آپ بچپن کے گہوارہ میں ہوا کھا رہے تھے کہ شفیق باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ ابتدا ہی سے شوخ اور چلبلی طبیعت پائی تھی۔ ظرافت اور نکتہ سنجی میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔ آخر کار خدا داد ذہانت اور طباعی نے زبان کے پردہ میں اپنا رنگ دکھایا اور دنیائے ادب میں انہوں نے اپنے نام کا سکہ جمایا۔ محلہ میں اکثر شرفائے اسلام رہتے تھے آپ اُنکے گھروں میں بے تکلف کھیلتے کودتے پھرا کرتے۔ انکی طبیعت میں قدرت نے غور و خوض کا مادہ ودیعت فرمایا تھا۔ زبان کی تحقیقات فصیح اور غیر فصیح محاورات کی جانچ پڑتال عامیانہ بولی اور خواص کی شایستہ گفتگو کے امتیاز کرنے کا شوق لڑکپن ہی سے تھا۔ چند ہی سال میں انکو لکھنؤ کی زبان۔ وہاں کے رسم و رواج۔ طرز معاشرت۔ تمدن کے نکات اسطرح دلنشین ہوگئے جسطرح کسی بچہ کو اہل زبان میں چھوڑ دیا جائے تو وہ بڑا ہوکر انہیں کے لب و لہجہ اور زبان کو ادا کرنے لگے۔ جن گھروں میں انکی آمد و رفت تھی وہ انکے واسطے ادب آموز کالج تھے اور آج اُسی تعلیم کی برکت سے اردو کی فسانہ نگاری میں انکا نام سب سے اول ہے۔

سنہ ۱۸۷۶ء میں اخبار اودھ پنچ کا آغاز شباب تھا اور اُسکو ایسے نامہ نگار ہاتھ آئے تھے جو ظرافت کے پیرایہ میں طرز معاشرت کی اصلاح کرتے اور فقرہ فقرہ میں زبان کی خوبیاں دکھاتے تھے۔ اکبر الہ آبادی۔ احمد علی کسمنڈوی۔ پنڈت تربھون ناتھ ہجر۔ میرزا مچھو بیگ ستم ظریف عاشق

لکھنوی۔ جیسے سحر نگاروں کی شوخ تحریریں مذاق پسندوں کو گدگداتی تھیں حضرتِ سرشار بھی لکھیم پور کھیری سے ہفتہ وار مضامین روانہ کرتے تھے۔ انکی اچھوتی انشاء پردازی پر پنچ کو فخر تھا اور ناظرین اخبار انکے لطائف و ظرائف سُننے کو ہمہ تن گوش رہتے تھے۔

جب منشی سجاد حسین ایڈیٹر اودھ پنچ نے اودھ اخبار پر حملے کرنے شروع کئے تو منشی نولکشور صاحب کو انکا جواب دینے کیلئے ایک باکمال مضمون نگار کی ضرورت ہوئی اور سب کی نظرِ انتخاب حضرتِ سرشار پر پڑی۔ انپر طرح طرح کے دباؤ ڈالے گئے۔ بالآخر۔ دوستوں کے اصرار اور کچھ اپنی ضرورتوں کیوجہ سے حضرت سرشار کو اودھ اخبار کی ایڈیٹری قبول کرنی پڑی۔ اور آپ اودھ پنچ کے نامہ نگاروں کی فہرست سے علحدہ ہو گئے۔ اسی زمانہ میں فسانۂ آزاد بھی اودھ اخبار کے ساتھ نکلنا شروع ہوا۔

فسانۂ آزاد سے پہلے۔ ہندوستان کی افسانہ نویسی۔ جادو۔ طلسم۔ پری۔ دیو۔ خلاف عقل واقعات سے لبریز تھی۔ زبان اور انشاء پردازی کے اعتبار سے ایسی کتابیں اس روشنی کے زمانہ میں بھی مستند ہیں اور انکے پڑھنے والے خصوصاً لکھنؤ اور عموماً ہندوستان میں موجود ہیں حضرت سرشار نے قدما کی انشاء پردازی کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دیا اور میرزا رجب علی بیگ سرور سے بچکر اپنی طبع کی جولانی کیلئے الگ رستہ نکالا اور اُن واقعات کو قلم بند کیا جو فطرتِ انسانی کے مطابق ہوتے ہیں۔ انہوں نے مصور کی آنکھ سے دنیا کی نیرنگیوں کا مشاہدہ کیا ہے اور لطافت و ظرافت کے پیرایہ میں نہایت شگفتہ اور پھڑکتی ہوئی زبان میں اسکا چربہ اُتارا ہے۔ غم کے موقع پر غم اور خوشی کے محل پر خوشی کا اصلی نقشہ کھینچ دیا ہے۔ مکالمات میں ہر طبقہ کی گفتگو کا لحاظ رکھا ہے۔ اور انہیں محاورات اور اصطلاحات کا استعمال کیا ہے جو اس مقام پر بولی جاتی ہیں۔ فسانۂ آزاد بظاہر تو ایک فرضی اور منگھڑت قصہ ہے لیکن حقیقت میں قدیم لکھنؤ کے تمدن اور طرزِ معاشرت کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ جس جگہ شریف بیگمات کی پاکیزہ بول چال اور پاک دامنی کا حال درج کیا ہے وہاں عفت کا حقیقی مرقع نظر آتا ہے۔ جہاں شوق کی

چوپ چلے دکھائے ہیں۔ مردانہ الفت اور زنانہ عشقیہ جذبات کا بیان ہے وہاں اپنی شعلہ زبانی سے دلوں میں آگ بھڑکا دی ہے۔ جہاں نوابی غفلت کے پلاٹ ہیں۔ وہاں امیرانہ چال چلن۔ زیبانہ اطوار اور لکھنؤ کے تمدن و معاشرت کا حال آئینہ ہو جاتا ہے اسمیں شک نہیں ہے کہ سید انشا۔ سعادت یار خاں رنگین۔ جانصاحب بھی اسی میدان میں قدم فرسا تھے مگر ریختی کا دائرہ صرف بیگماتی زبان تک محدود تھا۔ فسانہ آزاد میں کیا کچھ نہیں۔ عورتوں کے ساتھ مردانہ زبان بھی ہے۔ افیونیوں۔ چانڈو بازوں۔ میخواروں کی اصطلاحیں بھی ہیں علوم و فنون کے نظارے۔ ادبی معرکہ آرائیاں قابل دید ہیں۔ شرفا کی سنجیدہ باتیں اہل کمال کے نکات لایق شنید ہیں۔ ہندوستان میں سب سے پہلا یہی فسانہ ہے جس نے ناول نگاری اور ڈرامانویسی کی بنیاد رکھی ہے۔ اور اسکو دیکھکر فسانہ نگاروں کو یہ احساس ہوا ہے کہ قدرتی سین اور اصلی مکالمہ سے انشا پردازی میں کسقدر زور پیدا ہو جاتا ہے۔ فسانہ آزاد کے سوا اور بھی تصنیفات ہیں۔ آپنے الف لیلی کو بھی اپنی زبان میں لکھا ہے۔ جام سرشار سیر کوہسار کامنی وغیرہ بھی خوب ہیں۔ لیکن ع قبول خاطر حسن سخن خداداد است۔ تمام ادبی جماعتیں فسانہ آزاد کی معترف ہیں اور یہی نقش اولین انکی بہترین یادگار ہے۔

آنریبل پنڈت بشن نراین در مرحوم کی ولایت کی واپسی پر جو طوفان و شور و شر اکابر پنڈتان کشمیر نے برادری میں اٹھایا اُس سے یہ بیحد متاثر ہوئے۔ اور اپنی خداداد ذہانت اور دوراندیشی عاقبت بینی سے جو خیالات بحر طبع میں موجزن ہوئے انہیں مثنوی تحفہ سرشار میں جو اسی معرکہ کے متعلق قلم برداشتہ لکھی گئی تھی۔ بڑے دلچسپ پیرایہ میں انکا ذکر کیا ہے یہ مثنوی عجم انکی خاص برادری کے باہر بھی نہایت مشہور اور مقبول ہوئی۔ اور جس نے بڑی حد تک سفر ولایت کے جواز کا فیصلہ کرنے میں آسانی پیدا کر دی اور طبیعتوں میں جو خود غرضی اور حسد کے جوش بھرے ہوئے تھے انہیں ہمیشہ کیلئے سرد کر دیا۔ انکی یہ خدمت سوشل ریفارم کے متعلق قابل ذکر اور لایق داد ہے۔

زمانۂ موجودہ کے مصنفین میں صرف مولانا آزاد دہلوی ایسے تھے جنکو سرشار کا ہم پلہ کہنا

جا سکتا ہے۔ سرشار کیطرح وہ بھی طرز خاص کے موجد تھے اور دونوں کو اس بات کا لحاظ تھا کہ انشا پردازی میں ایسے نیا انوکھا رنگ کو نہ برتا جائے جو ہندوستان کے مذاق سے الگ ہو۔ یہ امر دیگر ہے کہ سرشار کی عبارت ظرافت کے رنگ میں شرابور ہے۔ ایک ایک لفظ پر بیاختہ پن اور شوخی قربان ہے۔ اور مولانا آزاد سلیس عبارت میں۔ تاریخی۔ اخلاقی علمی نکات بیان کرتی ہیں۔ اصل یہ ہے کہ ان دونوں کا دماغ فیضان قدرت سے شاداب تھا۔ سرشار میں زباندانی کے علاوہ انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کرنیکی خاص قابلیت تھی۔ اور ملک میں جو چند مترجم ہوئے ہیں انمیں درجہ اعلیٰ حاصل کیا تھا۔ حضرت سرشار کو فن شعر میں منشی مظفر علی اسیر مرحوم لکھنوی سے تلمذ تھا۔ اور انکا نام بڑی محبت سے لیتے تھے۔ آپ منشی نولکشور مرحوم کی ملازمت سے سبکدوش ہونیکے بعد حیدرآباد تشریف لیگئے۔ وہاں مہاراجہ کشن پرشاد نے آپکی قدر افزائی فرمائی آخیر میں تپ دروں نے ازحد لاغر کر دیا اور بھوک پیاس جاتی رہی کثرت شراب سے قوائے جسمانی بہت مضمحل ہوگئے اور حیدرآباد میں ۱۹۰۳ء کو خمکدۂ فانی سے عازم سیر میخانۂ جاودانی ہوئے۔ ۵۵۔۵۶ برس کی عمر پائی آپ کا کلام عاشقانہ و رندانہ رنگ کا ایک دلفریب مجموعہ ہے جسمیں شوخی۔ متانت۔ زبان کی صفائی عجیب لطف پیدا کرتی ہے۔ کسی نے آپکی تاریخ وفات کہی ہے جو یہ ہے ؎

سرشار فصیح و نکتہ پرور نہ رہا	سرمایۂ نازِ اہل جوہر نہ رہا
اعجاز قلم کے جسکے سب قایل تھے	وہ نثر کا اُردو کی پیمبر نہ رہا

مہاراجہ کشن پرشاد کو آپ سے بہت اُنس تھا کیونکہ آپ ہر وقت کے حاضر باش مصاحب تھے۔ ایک مرتبہ اثنا گفتگو میں مولف تذکرہ نے مہاراجہ صاحب کی حیرت انگیز زباندانی و لہجۂ اہل زبان کی تعریف کی تو مہاراجہ صاحب نے خود زبان مبارک سے فرمایا کہ یہ جو کچھ آپ دیکھتے ہیں ظہیر دہلوی اور پنڈت رتن ناتھ سرشار کی طفیل صحبت ہی ایسے راست باز اور قدردان اہل ہنر اب کہاں ہیں۔ مہاراجہ پیشکار کا دم مغتنمات زمانہ سے ہے۔ اب حُسن پرستان سخن۔ عروس فکر کی جلوہ آرائی سے ذوق حاصل کریں ؎

سیاہ بخت و سیہ رو نگار ہم بھی ہیں
جواب زلف پریشان یار ہم بھی ہیں

کیا قہر ہے کہ مفت میں بلبل تو قید ہو
گلچیں جو پھول توڑے اُسے کچھ سزا نہ ہو

اُس بلبل اسیر کی حالت پہ روئیے
جو فصل گُل میں بند قفس سے رہا نہ ہو

کھتا نہیں ہی مجھسے کبھی کچھ اُدھر کا حال
کمبخت دل انہیں سے کہیں مل گیا نہ ہو

نصیب جاگیں نگے اک روز حضرت سرشار
لپٹ کے سوئے گا وہ گُل گلے لگائے ہوئے

بتوں کے در پہ سب کی جبہ سائی ہوتی جاتی ہی
انہیں کے قبضہ میں اب تو خدائی ہوتی جاتی ہی

وہ چشم فتنہ زا سی دیکھکر آئینہ سے کھتے ہیں
بہت اے شوخ تجھ میں بیحیائی ہوتی جاتی ہی

سنا ہے آج گر دربان نے تو کل وہ بھی سُن لینگی
مری باتوں کی اب اُن تک رسائی ہوتی جاتی ہی

جفا کے رفتہ رفتہ پڑرہے ہیں بیچ میں پردے
ابھی ہے وصل پر اُن سے جدائی ہوتی جاتی ہی

شکایت پر کدورت کی دکھاتی ہیں وہ آئینہ
اشارہ ہے کہ اب دلمیں صفائی ہوتی جاتی ہی

نہیں آتش نہیں سیماب یارب کیا سبب اسکا
جہاں تک دل ملاتا ہوں جدائی ہوتی جاتی ہی

خدا جانے ہی یہ کیا بھید کیا ہوتا ہے ای کافر
جدہر تو ہے اُدہر ساری خدائی ہوتی جاتی ہی

امید وصل کیا ہو عاشق ناکام کو اُس سے
مزاج یار میں اب پارسائی ہوتی جاتی ہی

پھنسا کر زلف میں دل عمر بھر اُنکی بلا رکھے
اسیری ہوتی جاتی ہے رہائی ہوتی جاتی ہی

مخاطب ہوں کسی سی بزم میں وہ چوٹ ہی مجھپر
مرے ہی سامنے میری برائی ہوتی جاتی ہی

یہ چرخ پیر دشمن ہے جوانے سرشار اُنکی کا
اسیری سے بھی بدتر بادشاہی ہوتی جاتی ہی

دل لوٹ گیا سنتے ہی گفتار کسیکی
سنتا ہی نہیں اب یہ مرا یار کسیکی

سینے پہ جب آتی ہیں تو پھر بس نہیں کرتے
میخانہ میں سنتے نہیں سرشار کسیکی

حال سب میری سخت جانی کا
باڑھ کھتی ہے مژہ کے خنجر سے

رباعی

مداح جناب رئیس پیر آیا ہے
وصاف شہ عرش سریر آیا ہے

خورشید کی آنکھ کیوں نہ جھپکے سرشار
ہاں ذرہ خاک کاشمیر آیا ہے

مثنوی تحفۂ سرشار

ساقی نامہ

لندن کی پلا دو آتشہ مے — اے پیر مغاں کدھر چھپا ہے

ہُن برسے گا میکدہ پہ اے یار — رندوں کو جو تو کرے گا سرشار

داتا پلوا شراب اچھوتی — خوشبو خوش رنگ تیز چوکھی

کونٹی کی کھینچی نہیں ہے منظور — لیڈی وائن جیسے سینۂ حور

سرجوش شراب ناب لادے — بوتل مُنہ سے مرے لگا دے

بدمست ہوں پی کے ایک چُلو — زاہد کو سنائیں خوب اُلّو

گھنگھور گھٹا ہے آج بادل — میخانہ کو کردے تو بھی جل تھل

برسا دے شراب ناب ساقی — دکھلا دے اب آفتاب ساقی

فتوائے کاشی کا کون مانے — لاکھوں ہیں پیوں کُھلے خزانے

رم جھم تو برس رہا ہے پانی — بے مے ہے حرام زندگانی

اے شیخ تجھے خدا کی سوگند — رندوں کی گرد میں باندھ لے بند

لے منہ سے لگا لے جام بادہ — اک بوند ہی پی نہ پی زیادہ

کیوں شیخ کو اجتناب ہے یہ — کچھ زہر نہیں شراب ہے یہ

کیوں قبلہ اگر کوئی پری چھم — با ناز و کرشمہ و خم و چم

بحر خوبی زپائے تا فرق — ہنسی کھلتی ہوئی انا لبرق

تھرکاتی ہوئی وہ بوٹی بوٹی — اُبھرا سینہ کھجوری چوٹی

برکالۂ آتش و ستم و گوش — نسریں تن و نسترن بنا گوش

غیرت دہ گلرخان نوشاد — شیریں حرکات اور پری زاد

پازیب کو خوب چھم چھماتی — پیاری پیاری پھبتیں دکھاتی

لپٹا کے گلے کہے مری جان — جو کچھ کہوں ہاں تو میں قربان

دنیا سے الگ تھلگ ہیں تم ہم — گوشے کا مقام ہو کا عالم

پی لو یہ شراب پرتگالی — اٹھتی ہیں گھٹائیں کالی کالی

یہ سن کے تلک یہ شورِ مرحباد — یہ بادہ - یہ نقل - یہ پری زاد

گورے ہاتھوں سے بی علیجان — میں صدقے لگا دو مجھکو ایک پان

اس پان کو لیکے آپ کھا دیں — میٹھے میٹھے مزے اڑا دیں

ادہرم ہو دہرم ہو پن ہو یا پاپ — جو کچھ کہے سب وہ کیجئے آپ

اور میں بھی کہوں اٹھا کے گلپن — "تسلیم جناب قبلہ من"

ترٹسے کے شکلام برہم ہو — تسب کو کھٹکن سے وہ کرم ہو

کھٹکن سے نہیں دہرم کو کھٹکا — سیکھا اچھا ہے تم نے لٹکا

یارو دنیائے دوں ہے کس کی — میڈم کی نہ میم کی نہ مس کی

جنٹل مینوں کو دے تو وسکی — کسکی رہی اور رہے گی کس کی

قطعہ

اسلاف کے کچھ اثر ہیں باقی — اس راکھ میں کچھ شرر ہیں باقی

گو خوار ہوئے ہیں خود ہی سے ہے — مرجھا گئے پھول بو وہی ہے

جھلکا جھلکا سپیدہ صبح — ہلکا ہلکا سپیدہ صبح

تارے چھپتے ہیں جھلملا کر — ہے نور سا جلوہ گر فلک پر

بھینی بھینی مہک گلوں کی — اور نغمہ زنی وہ بلبلوں کی

اے ساقی مہ لقا بدہ مے — اے مرد خدا بخواب تا کے

وقت سحر اور خنک ہوا ہے — بے مے سب کرکرا مزا ہے

اک چلو کے دینے میں یہ تکرار — اٹھو جاگو سحر ہوئی ہے

دریا کی طرف چلے نہانے — غٹ پریوں کے زنان خانے

مرغانِ چمن بنکتہ رانی — چوں برہمناں بہ بید خوانی

نوبت زنگت جا رہی ہے — شہنائی مزا دکھا رہی ہے

پھلینگے پھولینگے گلزار قوم کے اشجار — اٹھا ہمالیہ پربت سے ابر گوہر بار
زبان وہ پائی کہ لیے نطق سینکڑوں جس سے — طبیعت ایسی ملی شوخ جیسے چنچل نار
ہے اس کمال پہ لیکن ہزار بار افسوس — کہ تو نے قدر نہ کچھ جانی اپنی خود زنہار
کمال کیلئے لازم جو ہے زوال ضرور — اب ایک قطرہ ہے پہلے تھا قلزم زخار
نہ آب و تاب وہ اگلی سی ہے نہ رنگ نہ روپ — نہیں وہ شاہد مضموں کے پھول سے رخسار
نہ حافظہ ہی رہا وہ نہ قوت ادراک — رہے کہاں سے ہر اک شئے کی حد ہے آخر کار
اُسی زمانہ میں تو بھی اسیر ہو جاتا — قبول زمیں نہ ہوتا اگر تجھے انکار

اس ہند میں کیا رہا ہے بھائی — فریاد ہے ہندیوں دہائی
مصری اس باغ کے تھے اک گل — شاگرد ہند کے تھے جزو کل
اک پھول اسی چراغ کے تھے — اک بوند اسی ایاغ کے تھے
سقراط سے لیکے تا بہ لقمان — طفل مکتب تھے اہل یونان
آگے ان کے زمیں سے تا مہ — سب کرتے تھے زانوے ادب تہ
رامائن میں دکھائے وہ ڈھنگ — ہومر کا بھی جم سکا نہ کچھ رنگ
رنگت ملٹن کی بھی ہے پھیکی — سبحان اللہ وہ والمیکی
کالی داس آں خدائے بنیش — سرمایہ ناز آفرینش
مشہور جہاں کتاب اُن کی — مقبول زماں کتاب ان کی
جھنڈے بیدک کے بھی گڑے تھے — یونانی جیب میں پڑے تھے
تشریح کے بادشاہ تھے ہندی — تشخیص کے بھی خدا تھے ہندی
یکتائی کے بھی خدا تھے ہندی — اس کشتی کے ناخدا تھے ہندی
دعوے جس کو ہو جان دل کا — دیکھے وہ فلسفہ لبیل کا
وہ علم و فضل اب ڈبو یا — جو کچھ سیکھا تھا سب وہ کھویا

قطعہ تاریخ انتقال پنڈت شیو نراین بہار لکھنوی

تضمین تاریخ

اے بہار گلشن علم و ہنر — کیا یہی تھا نخل الفت کا ثمر

ہم سے کہہ کے خیر باد دائمی — کس طرف راہی ہوئے اے ذی ہنر

قاف سے تا قاف ہیں سب سینہ چاک — یاس و حرماں ہے دلوں پر سر بسر

ہو خزاں سے جب مبدل نو بہار — کیوں نہوں سب مثل بلبل نوحہ گر

گل ہوا باغ لیاقت کا چراغ — غنچۂ دل پر خزاں کا ہے اثر

ظلمت ہجراں سے ہے عالم سیاہ — دل ہے زلف مہوشاں سے تیرہ تر

خاطر غمگیں پہ چھایا ابر غم — رود غم کی ہے روانی الحذر

شیو نراین تھے حقیقت میں بہار — خلد کے خاصوں میں ہو وہ خاص تر

قطعہ تاریخ حسرت آیات پنڈت تربھون ناتھ ہجر

روانہ سوئے عدم ہو گئے جواں افسوس — مرے برادر خوش فکر و بذلہ سنج و لئیق

عیاں ہوا اسم اگر تربھون سے ناتھ ملے — جو خلق رکھتے تھے رکھتا ہے کب وہ کوئی خلیق

ظرافت انکی تھی لونڈی بلاغت انکی کنیز — ندیم انکی تھی نیکی تو خیر خیر رفیق

دقیقہ رس وہ طبیعت خدا نے دی تھی انہیں — کہ جسکے آگے نہ ہو ایک کا کلام دقیق

عدو سے بھی نہیں رکھتے تھے دل میں کینہ و بغض — تمام خلق کے وہ مہرباں تھے سب کے شفیق

نہیں تھا انکے سوا کوئی جوہری سخن — ہر ایک لفظ تھا گوہر ہر ایک حرف عقیق

رولائے ہنستے ہوئے کو کلام میں وہ اثر — ہنسائے روتے ہوؤں کو سخن میں وہ توفیق

کہے کلام کے اعجاز کو جو کوئی سحر — فریب کار سے مکار سے ہو وہ ہو زندیق

ہزار سال اگر غوطے مارتے حکما — پہونچتے تہ کو نہ دریائے فکر تھا وہ عمیق

یم معانیٔ باریک کے شناور تھے — خدائے پاک کرے بحر مغفرت میں غریق

پس وفات دعا یہ کرد رقم سرشار — وصال ہجر ہو حوروں سے ای خدائے عتیق

سرشار۔ جناب مدن موہن لال صاحب۔ آپ خیرآباد کے ساکن تھے۔ فن شعر میں مولوی غلام حسین قدر بلگرامی سے اصلاح لیتے تھے۔ فکر کی رفعت ان اشعار سے ظاہر ہوتی ہے ؎

عاشق وہی ہیں مال نہ سمجھیں جو جان کو
کھٹکے ہیں جان رہتی ہے گردش نصیب کی
احوال مہر و مہ دل روشن پہ کھل گئے
اسکا زمانہ آج تو کل اسکا دور ہے
سرشار بادہ خوار یہ مست ہیں مدام

منہ رن سے پھیرتے نہیں جو مرد رن کے ہیں
دن رات مہر و ماہ کو خطرے گہن کے ہیں
روشن چراغ دونوں تری انجمن کے ہیں
یہ ہتکھنڈے قدیم سے چرخ کہن کے ہیں
ممنون لطف ساقی توبہ شکن کے ہیں

سرور۔ نواب اعظم الدولہ میر محمد خاں خلف نواب ابوالقاسم خاں صاحب۔ شاہجہاں آباد کے نامی گرامی امراء سے تھے۔ آپ مادھاجی سیندھیا کے مشہور مختار و معتمد شاہجی کے پوتے اور دربار شاہی میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ اکبرشاہ ثانی اور بہادر شاہ کے عہد تک آپ کی تاریخی عظمت برقرار رہی اور شاہجہاں آباد کی امیرانہ مجالس میں آپ کا طوطی بولتا رہا۔ پھر زمانہ کے ہاتھوں نے تاریخ کا ورق الٹ دیا۔ مؤلف تذکرہ ریختہ گویان ہند" رقم طراز ہیں کہ آپ ظریف۔ خوش طبع۔ نیکو صحبت۔ دوست پرست۔ مردم شناس۔ بزرگ تھے اور آپ کی طبیعت فن شعر کے مناسب تھی۔ ۱۲۵۰ھ میں انتقال کیا۔

آپ سید محمد ذکریا خاں زکی ارشد تلامذہ حضرت غالب دہلوی کے جد امجد تھے۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ آپنے بڑی محنت سے شعرائے ہند کا ایک ضخیم تذکرہ مرتب کیا تھا۔ جو غدر سے پہلے بہت مشہور تھا۔ شرف الدین میرٹھی مولف تذکرہ شعرائے ہند نے اپنی عدم واقفیت سے آپ کو میرزا محمد بیگ "سامی" کا شاگرد لکھا ہے۔ حالانکہ آپ اپنے والد کے شاگرد تھے جن کا تخلص "صامی" تھا۔ آپنے تذکرہ کی تالیف کے علاوہ دیوان ریختہ بھی تصنیف کیا تھا جو اب ناپید ہے۔ کلام لطف زبان اور حسن بیان میں عدیم المثال

ہے۔ غم واندوہ۔ یاس وحرماں۔ مسرت وشادمانی کے مضامین کو موثر پیرایہ میں ادا کرتے تھے۔ نواب بڈہن صاحب فقیر آپ کی اولاد میں سے تھے۔ اور بعد غدر بھرتپور جا رہے تھے اشعار کا انتخاب نذر ناظرین ہے ؎

بسکہ شب گرمِ تپیدن یہ دلِ بیتاب تھا　　دل نہ تھا میری بغل میں پارۂ سیماب تھا

شراب پیکے جو وہ ماہ بے حجاب ہوا　　کباب آتشِ غیرت سے آفتاب ہوا

نامہ کس سوختہ جاں کا یہ لئے جاتا ہے　　بازوؤں سے جو ہلاتا ہے کبوتر ہینکا

مرگ بہتر ہے گر نہ ہو تو پاس　　ہے مزا تجھ سے زندگانی کا

کبھو نہ آ گئے وہ مانند نقش پا سر کا　　ہوا ہے جو ابھی پامال تیری ٹھوکر کا

یہ ٹھہر چکی تھی کہ کبھی اُس سے نہ ملئے　　اس بات پہ لیکن دلِ بیتاب نہ ٹھہرا

دھڑ دھڑ یہ اگر ہووے خریدار کوئی شخص　　دل بیچ رہا ہے سر بازار کوئی شخص

میں نے سرور کی خبر جاکے جو پوچھی دمِ نزع　　اُس نے کچھ بات نہ کی لیک بھر آئیں آنکھیں

مفارقت سے کوئی کس طرح گذارے دن　　سفر سے یار پھرے تو پھریں ہمارے دن

پھرتی ہے مضطرب سی بادِ صبا چمن میں　　بلبل بتا مجھے بھی کیا گل کھلا چمن میں

دیوانے ہم نہیں ہیں کہ فصلِ بہار میں　　تھکنے سے ناصحوں کے گریباں رفو کریں

الم ہو رنج ہو بے طاقتی ہو درد ہو غم ہو　　یہ سب کچھ ہو یارب ولیکن وہ نہ محرم ہو

ہم دیکھتے ہی یار کو بے ہوش ہو گئے　　شکوے جو ہم کو تھے وہ فراموش ہو گئے

سرور اُس شوخ کو کیوں نیند سے بیدار کیا　　کس لئے فتنۂ خوابیدہ جگایا تو نے

غیر لایا اُسے یاں بھر تماشا دمِ نزع　　دوستوں سے نہ ہوا وہ جو ہوا دشمن سے

دیدۂ تر سے لگا خط کو نہ اُس کے سرور　　یار کے ہاتھ کا لکھا ہے مبادا مٹ جائے

سرور۔ حکیم سید سرور علی صاحب۔ آپ قصبہ موہونہ کے باشندے ہیں۔ جو خیرآباد کے قریب واقع ہے بسنہ سی آپ نے شعر کہنا شروع کیا اور حضرت قدر بلگرامی کے شاگرد ہوئے۔ ۵ برس

کی مشق سخن سے کلام میں پختگی آگئی۔ آپ بلیغ مضامین فصاحت کے قالب میں اس طرح ڈھالتے ہیں کہ مۓ دو آتشہ کا لطف آتا ہے۔ مذاق سخن کا نمونہ یہ ہے

کمالِ غم سے میں لے کاش ایسا زار ہو جاتا
کہ گھٹتے گھٹتے جسم اپنا نظر کا تار ہو جاتا

تمہیں سب بے دہن کہتے ہیں تم تو منہ سے کچھ کہتے
کبھی تو حل معمایہ دمِ گفتار ہو جاتا

جب آپ مسکرائے مرے حالِ زار پر
بجلی گری چمک کے دلِ بے قرار پر

تارِ نظر سے آنکھوں میں آنکھوں سے دل میں آؤ
یوں آؤ جس طرح خبر آتی ہے تار پر

کچھ دار و گیر حشر کا ہم کو خطر نہیں
اپنی نظر ہے رحمتِ پروردگار پر

کیا ہے ذبح بیرحمی سے کیا صیاد ظالم نے
ہلانے بھی نہ پایا آہ مرغ نیم بسمل پر

وہ مہکش ہوں جگر ٹکڑے ہوا ساغر اگر ٹوٹا
کوئی شیشہ جو ٹوٹا لگ گئی ٹھیس اک مرے دل پر

لئے جاتا ہے پھر یہ جذبۂ شوق اسطرف مجھکو
نہیں کچھ زور چلتا ضبط کا بیتابی دل پر

کرم تیرا اگر ہو دم میں بیڑا پار ہو جائے
یہ کشتی گنہ پہونچے ابھی رحمت کے ساحل پر

نہ پائیگی نہ وہ طرزِ بے قراری کو
عبث برق اتنی مضطر ہے مرے بیتابی دل پر

"جواب جاہلاں باشد خموشی" قول سعدی ہے
ہمیشہ ضبط سرورؔ چاہیئے گفتار جاہل پر

نہ تھی جو رحمت بیحد حساب کے قابل
گناہ گار نہ ٹھہرا عتاب کے قابل

واہ کیا خوب ذرا کیجیئے دل میں انصاف
جان دے کوئی مگر آپ پہ احساں ہی نہو

پھر ہے کیا آبلہ پائی کا مزا اے سرورؔ
تلووں میں جب خلش خارِ مغیلاں ہی نہو

میکدہ کھولدے ساقی ہے بہار آنے کو
مۓ گلرنگ سے بھر دے مرے پیمانے کو

سوچ بیرحم کو ہے رحم نہ آجائے کہیں
کان رکھکر نہیں سنتا مرے افسانے کو

ہم نے پھبتی یہ کہی چاند گہنا دلی میں
آئے رخسار پہ جب آپکے اُڑ کر گیسو

درد افزا اک عجب یہ عشق کا افسانہ ہے
نالہ بن جائے یہاں شورِ مبارکباد بھی

وہ ستم گر ہیں جفا جو ہیں نہیں اسکی خبر
اُن کے کوچہ میں تڑپتا ہے کوئی ناشاد بھی

ہم تو کیا اس عشق سے خالی نہیں کوئی بشر	مرتے ہیں جنت میں حوروں کیلئے زہاد بھی
سمجھے ہو تم ظلم کا فریاد رس کوئی نہیں	وا ور محشر جو کوئی ہے۔ تو دے گا داد بھی
ہم کو اے سرور نہ کیوں ہو اپنے ہمعصروں پہ فخر	آج تک ہم نے نہ دیکھا قدرسا استاد بھی

سرور

سُرور ۔ خواجہ ولایت علیخاں صاحب لکھنوی۔ آپ کے والد حکیم محمد جعفر مخمور مصحفی کے تلامذہ میں تھے۔ جناب سُرور حضرت اسیر کے ہم مشق۔ اور نازک خیال شاعر تھے۔ فن سخن گوئی میں حضرت آتش سے تلمذ تھا۔ واجد علیشاہ کے قیام کلکتہ میں ٹیا برج کے مشاعرے اور ارباب سخن کی ہنگامہ آرائیوں کا مشاہدہ کیا۔ آفتاب الدولہ قلق سے شاعرانہ صحبتیں گرم رہیں اور آخر کار لکھنؤ کو خیرباد کہکر کلکتہ کو اپنا مسکن بنالیا۔ الفاظ کی رنگینی۔ مضامین کی دل آرائی۔ معانی کی عطر بیزی کے سوا بعض اشعار سے درد کی بو آتی ہے۔ چوٹ کھایا ہوا دل تشبیہ و استعارہ کے پردہ میں بھی آتش کا رنگِ تغزل دکھا دیتا ہے۔ بنیائے سخن کی تراوش ملاحظہ ہو۔

بزم میں ہر دم فروغ حسن جانانہ رہا	شمع رخ پر دل زمانہ بھر کا پروانہ رہا
برق نے گر کر جلایا ہوں میں ایسا بدنصیب	میری قسمت کا نہ خرمن میں کوئی دانہ رہا
پسِ فنا بھی رہا اضطراب دل برسوں	قرار نعش کو میری تہِ مزار نہ تھا
رہِ عدم میں نہیں دغدغہ ہے دشمن کا	نہ ڈر ٹھگوں کا ہے اسمیں نہ خوف رہزن کا
اس درجہ اسے دامنِ صیاد کا تھا پاس	آیا نہ لہو گردنِ نخچیر سے باہر
کھا کے پھل تیغ کے جبدم ہوا بسمل خاموش	دہنِ زخم ہنسے رہ گیا قاتل خاموش
دوستی کس سے یہ کرتا ہے بڑا دیوانہ ہے	ہے ازل سے۔ جان کا پروانہ کی دشمن چراغ
دو ہی دن میں بھول جاتے ہیں عزیز و اقربا	بعد مردن کون لاتا ہے سر مدفن چراغ
اتنی کدورتیں ہوئیں آ آکے اسمیں جمع	سینہ میں بن گیا مرے آخر مزار دل
کھتے ہیں چھوٹی سی نہ باتیں بنائے	بھر خدا نہ کیجے مجھیر نثار دل
صیاد چھوڑ دے یہی کہتی ہے عندلیب	امید زندگی مجھے اسکے برس نہیں

بہار آتی ہے اے صیاد تجکو رحم لازم ہے
قفس میں سب اسیران قفس فریاد کرتے ہیں

تم نہ آؤ گے نہ آؤ گے مجھے معلوم ہے
جھوٹی سچی میرے سر کی تم قسم کھاتے ہو کیوں

کلکتہ اُس کے بٹنے سے آباد ہو گیا
کیا پوچھتے ہو لکھنؤ کے انقلاب کو

ہمارے خون کے پیاسے زمانے کے قاتل
وہ دیکھو بزم میں بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے

اے پری سمجھا بھی دنیا میں کوئی دیوانہ ہے
گھر کے اندر میں ہوں اور باہر مرا افسانہ ہے

دل مرا بکتا ہے جو معشوق چاہے مول لے
قیمت اسکی وصل ہے اور اک نظر بیعانہ ہے

داخل وہ شئے ہے کہ کر دیتا ہی مالک چیز کا
میرے دل میں جلوہ گر جب سے وہ صاحب خانہ ہے

لبریز ہے ساغر و مینا کرے
سامان برائے یار مہیا کرے کوئی

کیوں شام بنارس کی نہ مشہور جہاں ہو
میلے کہیں دیکھے ہیں یہ دریا کے کسی نے

آرام عجب طرح کا ملتا ہے عدم میں
ہستی کا ارادہ نہ کیا جا کے کسی نے

عشق نے تیرے کیا ہے مجھے لاغر ایسا
میں تو سایہ سے بھی گرتا ہوں زمیں پر پہلے

سرور

سرور - آپ درنگ طلسم بیان - جادو مقال سحر زبان - ناظم نظم دلپذیر - ناثر عدیم النظیر سخنور مشہور و معروف نزدیک و دور میرزا رجب علی بیگ سرور خلف میرزا اصغر علی - آپ فسانۂ عجائب کے مصنف اور آغا نوازش حسین خاں نوازش کے شاگرد رشید تھے نفاست پسند خوش مزاج - باسلیقہ انسان تھے - ہمیشہ رؤسا نوابوں کی مصاحبت میں رہے - انکو فسانہ نگاری نے پروان چڑھایا - یاران انجمن کی محفل سے واجد علیشاہ کے دربار تک پہونچایا شہرت اور ناموری میں چار چاند لگتے ہی - راجہ بنارس اور مہاراجہ الور کی مصاحبت میں داخل ہوئے - مگر بمقتضائے "حب الوطن از ملک سلیماں خوشتر" لکھنؤ کے لئے ہمیشہ تڑپتے رہے چنانچہ بعض موقعہ پر بے چین ہو کر لکھتے ہیں ع

یا تو ہم پھرتے تھے انمیں یا ہوا یہ انقلاب
پھرتے ہیں آنکھوں میں اکثر کوچہ ہائے لکھنؤ

الٰہی لکھنؤ بستا رہے روز قیامت تک
سرورِ دشت پیما کا کبھی یہ شہر مسکن تھا

کلکتہ۔ لکھنؤ۔ میرٹھ۔ دہلی۔ راجپوتانہ وغیرہ کی سیر و سیاحت بھی کی تھی۔ بڑے یار باش اور زندہ دل تھے۔ شرف الدین میرٹھی شعرائے ہند کے یاران صادق میں تھے۔ ابتدا میں مرثیہ خوانی کا شوق ہوا۔ مگر جب اس گروہ میں رنگ نہ جما تو خوشنویسی کی جانب متوجہ ہوئے گو اعلےٰ درجہ کے خوشنویس ہو گئے مگر کاملان فن میں انکا نام نہ نکلا۔ فن موسیقی میں دستگاہ حاصل تھی لیکن نثاری۔ مقفیٰ اور مسجع سحر نگاری میں اپنے معاصرین سے بازی لیگئے اور کوئی انکا مقابلہ نکر سکا۔ آپ طرح دار۔ خوش وضع۔ جوان تھے۔ جامہ زیبی میں یگانۂ وقت نک سک سے درست اپنے زمانہ کے زبردست منشی اور قابل مصنف تھے۔ سرور سلطانی۔ شگوفۂ محبت۔ گلزار سرور۔ انشائے سرور۔ شبستان سرور وغیرہ کئی کتابیں انکی تصنیف سے ہیں۔ مگر سچ یہ ہے کہ فسانۂ عجائب نور دیدۂ ادب ہے جسکا ہر فقرہ رنگینی میں غازۂ جمال خوباں اور دلفریبی میں تابش عارض محبوباں ہے۔ عروسان مضامین کو آراستہ کرنے میں نہایت عرق ریزی اور جاں فشانی سے کام لیا ہے۔ ہر بیان میں لکھنؤ کے پری وشاں ماہ رخ کا جلوہ دکھا دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت میرزا غالب جیسے دبیر روزگار نے فسانۂ مذکورہ کی تقریظ لکھتے ہوئے اردو میں سرور کو سرخیل نثاراں مانا ہے۔ متعدد لوگوں نے اسکا جواب لکھنے پر قلم اٹھایا مگر اس میدان میں کچھ نہ پایا۔ جسطرح اردو مثنویوں میں گلزار نسیم اور بدر منیر لاجواب ہیں۔ اسی طرح فسانوں میں فسانہ عجائب انتخاب ہے۔ میرزا سرور ۱۲۸۵ھ میں اس دار فنا سے راہیِ عالم بقا ہوئے۔ آپ کی نظم نثر کے مقابلہ میں کوئی وقعت نہیں رکھتی ہے۔ کلام یہ ہے ؎

هزار صدموں پہ دل نے ہمارے اف بھی نکی
ہم نے یاں طرفہ ماجرا دیکھا
نسیم بسمل سا لوٹتا ہے دل
رات کس جا رہا سرور بھلا

جو اک رفیق ملا وہ بھی بے زبان ملا
ایک پر ایک مبتلا دیکھا
اسنے کیا جانے یاں ہے کیا دیکھا
آپ کا یہ بھی افترا دیکھا

آہ پہلو سے رقیب اسکے جو کل مل بیٹھا ۔ پیچ کھایا ہی کیا دلمیں مرا دل بیٹھا

رہ روِ ملک عدم لے تو کیا کوچ سُرورؔ ۔ بار ہستی لئے تو کیوں ہے بہ منزل بیٹھا

گرفتاری کے دن اپنے مجھے کیا یاد آتے ہیں ۔ مرے جب کان میں پڑ جاتے ہیں غُل عندلیبوں کا

نفرت بدل ہو سُنتے ہی مجھکو یقیں ہے ۔ شمہ بھی گر کسی سے کہوں ماجرائے عشق

دل ہی میں رہ نجائے کہیں اب بیان دل ۔ ٹک سن لے دل لگا کے تو اب داستانِ دل

ایسی ہی بیکلی جو رہی رات بھر کہیں ۔ تو صبح کو نہ پائے گا ہرگز نشانِ دل

ہر چند خاک چھانی نہ پایا کہیں سُراغ ۔ مجھکو عبث تھا سینہ میں اپنے گمان دل

کب لگاتا ہے کوئی اس دلِ بے حال کا مول ۔ سب گھٹا دیتے ہیں مفلس کے غرض مال کا مول

توڑ کر خم اور پٹک کر آج پیمانے کو ہم ۔ سوئے مسجد جاتے ہیں زاہد کے بہکانے کو ہم

تعلق ہو دور چھٹے دل سے اضطراب کہیں ۔ الٰہی دورِ فلک کو ہو انقلاب کہیں

کیا غضب ہے کہ چار آنکھوں میں ۔ دل چُراتا ہے یار آنکھوں میں

چشم کیفی کے سُرخ ڈوروں سے ۔ چھا رہی ہے بہار آنکھوں میں

گر پڑا طفل اشک یہ مچلا تو ۔ میں نے روکا ہزار آنکھوں میں

جب سے اپنا لقب ہوا ہے سُرورؔ ۔ روز و شب ہے خمار آنکھوں میں

نسیم صبح ہوں یا بوئے گُل یا شمع سوزاں ہو ۔ میں ہوں جس رنگ میں پیارے غرض دم بھر کا مہماں ہوں

تنی رہتی ہے اکثر چادرِ مہتاب تربت پر ۔ کہ تا معلوم ہو سب کو قتیلِ مہ جبیناں ہوں

مریض ہجر کو صحت سے اتنا کام نہیں ۔ اگرچہ صبح کو یہ بچ گیا تو شام نہیں

جو تو وہ گُل ہے کہ عالم کے دلمیں ہے تری جا ۔ تو اسکی آنکھ میں کھٹکا کیا وہ خار ہوں میں

کسی کروٹ کسی پہلو نہیں اب چین ملتا ہی ۔ ہوا ہے غم ترا جس روز سے پہلو نشیں دلمیں

بے طرح کچھ ان دنوں وہ ہم کو ستاتے ہیں ۔ جو خواب میں بھی آ کے صورت کو چھپاتے ہیں

دشمن کے بھی دشمن کو اللہ نہ دکھلائے ۔ جو دن ہمیں فرقت میں اب آپ دکھاتے ہیں

ہے شوق سرور ایسا غالب کہ جو قاصد سے
کو سوں ہی تلک حالت لکھتے چلے جاتے ہیں

لازم ہے سوزِ عشق کا شعلہ عیاں نہ ہو
عقل سمجھے اس طرح سے کہ مطلق دھواں نہ ہو

کریں اب ترک اسبابِ جہاں جی میں ٹھانی ہے
نہ ساقی ہے نہ ساغر ہے نہ وہ عہدِ جوانی ہے

نہیں طاقت ہی اتنی جو ٹھنڈی سانس بھی لیوے
کچھ ایسی ان دنوں میں ہمپہ چھائی ناتوانی ہے

تہ تیغِ ستم گردن جھکا دے جو کوئی ناصح
وہی جانے جو گذری ہے بھلا جلاد کیا جانے

درد ہو تپ ہو ضعف ہو اسکی کوئی دوا کرے
جو کہ مریضِ عشق ہو سچ تو یہ ہے وہ کیا کرے

جب مسیحا کی ہو مرضی کج ادائی کیجیے
اس جگہ کیا دردِ دل کی پھر دوائی کیجیے

اُس سحر کھینچ رہتا ہوں جب میں یوں ہی مجھ سے دل
عاشقی یا کیجیے یا میرزائی کیجیے

دوری سے تیری اے صنم سینہ میں دل کباب ہے
عیش کا ذکر کیا مجھے زندگی بھی عذاب ہے

چھوڑ تڑپتا مت میاں کاٹ کے سر کو او جواں
جان کنی سے چھٹینگے ہم تجکو بڑا ثواب ہے

اس طرح آہ کل ہم اس انجمن سے نکلے
فصلِ بہار میں جوں بلبل چمن سے نکلے

تجکو نہ ایک پہ بھی رحم آہ شب کو آیا
کیا کیا ہی آہ نالے اپنے دہن سے نکلے

اب ہے دعا یہ اپنی ہر شام ہر سحر کو
یا وہ بدن سے لپٹے یا جان تن سے نکلے

ہم گرچہ نقشِ پا تھے یارانِ رفتگاں سے
خاطر میں اس فلک کی تس پر بھی ہم گراں تھے

کیا دیکھکر تاسف سب نے کیا عزیزو
وہ نکلے بس کفن سے جب چند استخواں تھے

صحرا اے رخضر راہیں پوچھو نہ ہم کو کیا تھے
آواز تھے جرس کی یا گردِ کارواں تھے

زیر زمیں نہ آیا بس چین خستگاں کو
بیچین میرے ایسے یہ نالہ و فغاں تھے

اتم نے نہ ہماری کچھ خبر لی
چھاتی پتھر کی کیوں جی کر لی

بدل دے اور دل اس دل کے بدلے
الٰہی تو تو رب العالمیں ہے

بھونے تپش سے دل کی یہ سب آبلے مرے
منت کشی نہ کرنی پڑی نوکِ خار کی

کسکی خوشی کہاں کی ہنسی کیسا اختلاط
ہم کو نہ چھیڑو تم کہ وہ اب ہم نہیں رہے

سرور

سرور ۔ سید ابوالقاسم صاحب منشی فاضل خلف جناب سید احمد حسن صاحب سپہر تم ضیار رامپوری ۔ فارسی و عربی کی اچھی قابلیت ہے ۔ دار التراجم حیدر آباد میں مصحح ہیں فن سخن میں اپنے والد سے تلمذ رکھتے ہیں ۔ جوان آدمی ہیں ۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

تیرا بیمار کوئی چند نفس مہمان ہے ؎
کوئی جھگڑا نہیں باہم ہے فقط فرقِ مذاق
رات کو ۔ دن کو ۔ کوئی دیکھنے والا دیکھے
جو کرے کام بشر قوتِ بازو پہ کرے ؎
صبر کو درد کی جو لوگ دوا کہتے ہیں
گالیاں دے چکے جی بھر کے مجھے کوس چکے
جگر میں درد اٹھے دل کے ٹکڑے ہوں کہ دم نکلے
اگر غایت وجود و لا وجود شے کی ہم دیکھیں
صنم خانہ میں جو دیکھا وہی جلوہ تھا کعبہ میں

لب تک ارک آہ بھی آتی نہیں نالہ کیسا
ایک ہیں سب حرم و دیر کلیسا کیسا
ہو رہا ہے انہیں پردوں میں تماشا کیسا
عیب کی بات ہے اوروں کا سہارا کیسا
کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کیا کہتے ہیں
دیکھنا یہ ہے کہ اب دیکھئے کیا کہتے ہیں
یہ کھنے کو نہ رہ جائے ترے کوچہ سے ہم نکلے
نظر میں ہر عدم ہستی تو ہر ہستی عدم نکلے
تلاشِ یار میں کچھ ایک سے دیر و حرم نکلے

سرور

سرور ۔ میر ٹھو دہلوی ۔ قدرت اللہ شوق اور مصحفی کے ہمعصر تھے ۔ دہلی چھوڑ کر رامپور جا رہے تھے مولوی غلام جیلانی رفعت سے تلمذ تھا ۔ موزوں طبع اور سادہ گو تھے ۔ کلام ۔ رنگینی ۔ جدت سے خالی ہے ۔ انتخاب یہ ہے ؎

کیا زلف نے اسکی برباد عالم
یاد میں اسکے لبِ لعل مصفا کے سرور
سبو ہو بادہ ہو ساغر ہو ساقی ہو لب جو ہو
بیرحم مرا نزع کی حالت میں مجھے دیکھ
کیا خاک سرور اس دلِ محزوں کو مرے ہو

بیچے کیا کوئی ایسی کالی بلا سے
رنگ کیا دیدۂ خونبار دکھا دیتا ہے
اگر اوقات کچھ اپنی بسر یوں ہو تو بہتر ہے
کس ناز سے بولا کہ ابھی اس میں دم ہے
جسکے تئیں ہر روز نیا درد و الم ہے

سرور

سرور ۔ منشی عبد الصمد قادری عثمانی بدایونی ۔ مولانا عبد الماجد کے برادر حقیقی ہیں قدیم شرفائے

بدایوں سے ہیں۔ اور آپ کا خاندان علم و فضل کے اعتبار سے مشہور ہے ہونہار نوجوان اور شوخ طبع شاعر ہیں۔ حضرت کیف سے تلمذ ہے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

تو وہ کہ تجکو عفو معاصی کا شوق ہے	ہیں وہ کہ مجھکو رہتی ہے رغبت گناہ سے
حور و قصور حاصلِ طاعت اگر ہیں شیخ	تیرا ثواب ہیچ ہے میرے گناہ سے
ساقی کے فیض عام سے ہے صوفیوں کو خوف	لڑ جائے میکدہ نہ کہیں خانقاہ سے

سرور

سرور۔ میرزا عزیز الدین گورگانی۔ ابن میرزا معظم بخت نبیرۂ شاہ عالم۔ آپ علم و ہنر سے بہرہ ور تھے۔ بہادر شاہ کی سب سے عزیز اور لائق بیٹی آغا بیگم صاحبہ کے شوہر تھے۔ اکثر فنون میں دخل رکھتے تھے۔ ہنگامۂ غدر میں موضع بہادر گڈھ سے دہلی میں گرفتار ہو کر آئے اور ساٹھ برس کی عمر میں پھانسی پائی۔ دنیا سے ناشاد نامراد گئے۔ کلام یہ ہے ؎

شمع رو تو نہ ہو بے پردہ کہ پروانہ صفت	دیکھ محفل میں ابھی رشک سے جل جاؤنگا
ہوتے ہیں آپ چیں بہ جبیں بات بات پر	یہ ڈھنگ ہے تو ہو چکی صورت نباہ کی
یہ بھی سرور ترک کیا چاہتے ہیں دو	صحبت جو ہم سے اُن سے ہے بیگاہ گاہ کی

سرور

سرور۔ حکیم حافظ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب خلف حافظ عبداللہ دہلوی۔ آپ خوش گو اور شیریں زبان شاعر ہیں۔ فن سخن میں مولوی سید نذیر حسن صاحب فتنہ عباسی سندیلوی کے شاگرد ہیں اوائل عمر سے شعر گوئی کیطرف رجحان تھا لیکن ۱۳۲۳ھ میں مدرسۂ طبیہ دہلی سے سند تکمیل حاصل کر کے فن سخن کی جانب متوجہ ہوئے۔ اب تخمیناً چالیس سال کی عمر ہے۔ زبان شستہ بندش چست ہوتی ہے۔ آپ ریاست لوہارو میں بصیغہ طبابت ملازم رہ چکے ہیں۔ اب ریاست نرسنگھ گڈھ میں طبیب خاص کے عہدہ پر ممتاز ہیں خلیق متواضع۔ ملنسار ہیں۔ کلام کا نمونہ یہ ہے ؎

دیکھا مجھے لیکن غم نہاں نہیں دیکھا	دل چیر کے تم نے مرا ارماں نہیں دیکھا
اُترا نہ کبھی پیرہنِ حسن بدن سے	جامہ نے بھی تیرا تن عریاں نہیں دیکھا

تو گھر میں رہا بھی تو رہا سب کی نظر میں	پردہ میں بھی ظالم تجھے پنہاں نہیں دیکھا
اللہ رے جوشِ دید دلِ دادخواہ میں	دل سے نکل کے آگئی حسرت نگاہ میں
اک میں کہ آپ اپنی نگاہوں میں ہیچ ہوں	اک تو کہ خلق رکھتی ہے تجکو نگاہ میں
جن سے تھا لطف زندگی نہ رہے	وہ زمانہ وہ آدمی نہ رہے
ظلم کی کچھ تو حد تھا ظالم	کیا زمانہ میں اب کوئی نہ رہے
اے سرور اب یہی ہے عشق کا قول	غم رہے دل میں اور خوشی نہ رہے

سرور

سرور۔ میر سرور حسین۔ آپ خوشگویانِ لکھنؤ سے ہیں تخئیل قابل داد۔ انداز بیان پاکیزہ ہے۔ صرف ایک شعر دستیاب ہوا جو درج کیا جاتا ہے ؎

نشانِ قیس یوں پایا ملا جب نجد میں ہم کو	کسی جھاڑ پر دامن کا کہیں ٹکڑا گریباں کا

سرورؔ

سرور۔ سخنور سراپا کمال۔ شاعر نازک خیال۔ مقبول ا باب جمہور منشی درگا سہائے سرور آپ سمت ۱۹۲۹ مطابق ۱۸۷۳ء کو قصبہ جہاں آباد ضلع پیلی بھیت میں ایک سکسینہ کایستھ خاندان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی درس و تدریس سے فارغ ہونیکے بعد اوائل مشق میں مولوی سید کرامت حسین بہار سے مشورۂ سخن کرتے تھے۔ پھر حضرت بیان یزدانی میرٹھی کے انداز کلام پر فریفتہ ہوکر اپنے آپ کو انکا شاگرد معنوی تصور کرنے لگے۔

آپ دور موجودہ کے اُن بلند پایہ اور گراں مایہ شعرائے منتخب میں سے تھے جنکی جدت طرازی اور سحر بیانی نے اُردو شاعری کے مردہ قالب میں ایک نئی روح پھونکنے میں بیش قرار حصہ لیا۔ جذبات اور فطرت کی مصوری میں اُردو علم ادب کو قابل فخر بنایا گو نیچرل شاعری کے موجد ہونے کا سہرا پروفیسر آزاد اور شمس العلما مولانا حالی کے سر رہا لیکن آپ نے نیچرل اور انسانی رنگ کو ایسی دلفریب ترکیب سے شیروشکر کیا کہ انہیں پھیکے پن کے بجائے انتہا درجہ کی حلاوت اور شیرینی پیدا ہوگئی۔ مناظر قدرت اور واقعیت کی نقاشی میں انہیں ید طولیٰ حاصل تھا۔ مبداء فیاض سے آپ کو ایک دردمند دل عطا ہوا تھا اور

طبیعت میں سوز و گداز کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا اسلئے جو شعر منہ سے نکلتا تھا۔ دلوں پر نشتر کا کام کرجاتا تھا۔ حب وطن کا جوش اور قومیت کے خیالات انکے کلام کی روح رواں ہیں۔ مگر پھر بھی مغربی استعاروں سے دور بھاگتے۔ اور انہیں ہندوستان کی نیچرل شاعری کے معائب میں داخل کرتے ہیں۔ اسی طرح تغزل کے عامیانہ رنگ سہل پسندی سے انکی طبیعت کو اُنس نہ تھا۔ مخرب اخلاق مضامین۔ دور از کار تشبیہات۔ گل و بلبل۔ زلف و کاکل کی بوسیدہ حکایت سے انکو نفرت رہی۔ صاف سلجھی ہوئی بندشوں نفیس ترکیبوں سے اپنے کلام کو زینت دینے کا خیال رکھتے تھے۔ انوکھی تخئیل کی پرواز اور معنی خیز مضمون آفرینی انکی طبع عرش پیما کا جوہر ہے۔ آپکی اکثر دل آویز نظمیں اردو کے مشہور رسائل میں شائع ہوتی رہی ہیں جو قادر الکلامی و رنگین بیانی پر دال ہیں اور وہ زمانہ۔ ادیب۔ مخزن کے اوراق کی زینت دو بالا کرچکی ہیں۔ غزل گوئی کیطرف آپنے زیادہ توجہ نہیں کی مگر اصل یہ ہے کہ آپکی کوئی نظم شان تغزل سے خالی نہیں جسطرح نظامی گنجہ اور فردوسی طوس کا رہنے والا تھا اسی طرح آپکی ولادت بھی ایک قصبہ میں ہوئی تھی۔ مگر زبان پر کما حقہٗ قدرت حاصل تھی اور خداداد حسن قبول نے آپکی شہرت کو عالمگیر کردیا تھا۔ ایک بڑا وصف یہ تھا کہ یہ اپنی شاعرانہ فطرت سے تخئیل کی معراج کمال تک پہونچ گئے اور انہوں نے کسی سے اصلاح نہیں لی۔ ممتاز ادیب ونقاد مولانا حسرت موہانی آپ کی بابت یہ تحریر فرماتے ہیں کہ "سرور جہان آبادی اردو زبان کے ایک ایسے بلند پایہ شاعر تھے جن کی لاجواب نظمیں اردو رسالوں کی زیبایش ہوا کرتی تھیں۔ ہماری نظر سے انکی کوئی ایسی نظم نہیں گذری جسکے پڑھنے کے بعد دل سے بے اختیار تحسین و آفریں کی صدا بلند نہ ہوئی ہو۔ نسیم لکھنوی کی مرگ بے ہنگام کے بعد یہ دوسرا سانحہ ہے جسکا ماتم دنیائے ادب کے ہر گوشہ میں ہوگا۔ اگر سرور کی زندگی وفا کرتی تو خدا جانے انکی شاعری کا مرتبہ کہاں سے کہاں تک پہنچ جاتا۔ اس قلیل مدت میں جو کچھ وہ کر گئے وہ بقائے دوام کی سند حاصل کرنیکو کافی ہے"

کچھ عرصہ تک آپ ایک رئیس زادہ کے اتالیق رہے۔ پھر دو تین سال تک رسالہ زمانہ کے دفتر میں مامور رہے۔ شاعری کے سوا فن طب میں بھی دخل تھا۔ مگر بدقسمتی سے ہمیشہ پریشان روزگار رہے اور سب سے زیادہ افسوسناک امر یہ ہے کہ انہوں نے اپنے بیش بہا کلام کو کوڑیوں کے مول فروخت کیا۔ اور ہندوستان کے جادو مقال شاعر کالی داس کی نظموں کو اردو لباس پہنا کر ایسے لوگوں کے نام سے منسوب کیا جو اسکی باریک بینی۔ نازک خیالی و لطافت سمجھنے سے بھی قاصر تھے۔

آپ نہایت راست باز منکسر المزاج حلیم الطبع۔ متواضع شخص تھے۔ عین عالم شباب میں اپنی بیوی اور اکلوتی جگر گوشہ کی حسرتناک وفات کا پے در پے صدمہ پہنچا جو تا دم مرگ کلیجہ کا داغ بنکر رہا۔ اسی زمانہ میں کچھ اقتضائے طبیعت سے اور کچھ تخلص کی مناسبت سے شراب ناب سے غم غلط کرنے لگے جو بڑھتے بڑھتے قبل از وقت موت کا باعث ہوئی۔ دوران مرض میں شراب کی سخت احتیاط کیجاتی تھی جب ایک روز خدمتگار نے بجائے شراب کے مرحوم کو پانی کا گلاس دیا تو ہنسے اور یہ فرمایا ؎

بجائے مے دیا پانی کا اک گلاس مجھے	سمجھ لیا مرے ساقی نے بد حواس مجھے

افسوس صد افسوس کہ ۳؍ ماہ دسمبر ۱۹۱۰ء میں اردو کا سرمایۂ ناز شاعر اس دار فانی کو خیرباد لکھکر دار السرور خلد کو روانہ ہوا۔ حضرت شوکت بلگرامی نے اس مصرعہ سے تاریخ وفات نکالی ع۔ گفت شوکت سرور رحلت کرد۔

آپکا کلام موسوم بہ "جام سرور" وفات حسرت آیات کے چند ہی روز بعد رسالہ ادیب الہ آباد کے پریس میں طبع ہو کر شائقین کے ہاتھوں تک پہنچا۔ مرحوم کو اپنے کلام کی اشاعت کا بیحد ارمان تھا۔ پروف صحیح کرنیکے لئے الہ آباد کو جانیوالے تھے کہ پیام اجل آ گیا۔ آپ کی نظمیں زندۂ جاوید یادگار ہیں ؎ برق

نقش باطل ہو نہیں سکتا کبھی نام سرور	دہر میں جب تک رہیگی گردش جام سرور

محشر نے تاریخ کہی ؎

ختم کر محشر بس اتنا لکھ کے نظم تعزیت | | اب ملیگی مشکلوں سے مرثیے کی مثال

آپ نے ۲۷ برس کی عمر پائی۔ میکدۂ معانی کے دو دریہ ہیں ؎

کسی مست خواب کا ہی عبث انتظار سو جا | | کہ گذر گئی شب آدھی دل بیقرار سو جا
یہ تری صدا لے نالہ مجھے متہم نہ کر دے | | مرے پردہ دار سو جا مرے رازدار سو جا
ابھی داہان پان ہی تو نہیں عاشقی کے قابل | | یہ تپش کا آہ شیوا نکر اختیار سو جا
تجھے جسکا ہی تصور اے مست جام الفت | | انہیں انکھڑیوں کے صدقے مرے بادہ خوار سو جا
تجھے پہلا سابقہ ہے شب غم بری بلا ہے | | کہیں مر مٹے نہ ظالم دل بیقرار سو جا

رباعیات
شیشوں میں جھلکتی ہے مے ناب نظر | ہوں آکے شریک بزم احباب نظر
ہے نور نگاہ دیدۂ شوق "ادیب" | آنکھوں سے لگائیں کیوں نہ ارباب نظر

دیگر
اتری ہے فصاحت کی پری شیشوں میں | یا نطق کی ہے جلوہ گری شیشوں میں
اوراق ادیب میں ہیں اشعار سرور | یا ہے مے لالہ گوں بھری شیشوں میں

دیگر
اے محو نشاط سونے والو اٹھو | سرمایۂ عمر کھونے والو اٹھو
آتی ہے وہ قافلہ سے آواز جرس | نکلا خورشید سونے والو اٹھو

رباعیات
حسرت کش تکلم ہے آہ اک زمانہ | ہے شیخ و برہمن کے لب پر ترا فسانہ
وحدت کا آہ تیری میں بھی سنوں ترانہ | کچھ سوز عاشقانہ کچھ ساز مطربانہ

پردے میں بانسری کے مجھکو صدا سنا دے
بنسی بجانیوالے وحدت کا گیت گا دے

خاک وطن
آہ اے خاک وطن اے سرمۂ نور نظر | آہ اے سرمایۂ آسائش جان و جگر
تیرے دامن میں شگفتہ تھی کبھی قدرت کے پھول | گندہ رہتے تھے تری چوٹی میں کبھی وحدت کے پھول
جب تمدن کا بندھا عالم میں شیرازہ نہ تھا | شاہد قدرت نے جب رخ پہ ملا غازہ نہ تھا

بادۂ تہذیب سے خالی تھا جب یورپ کا خم
ایشیا کا آہ جب پڑا تھا تاریکی میں گم

جب نہ تھی یونان میں علم و ہنر کی روشنی
جلوہ افروزِ خرد تھی تیرے گھر کی روشنی

آہ اے خاکِ وطن اے جوہرِ کانِ علوم
آہ اے شمعِ ادب اے ابرِ نیسانِ علوم

اُڑ رہا تھا پرچمِ شوکت ترا افلاک پر
سرنگوں ہے تیری عظمت کا نشاں اب خاک پر

جھلملا کر بجھ گئے سب تیرے ایوان کے چراغ
ہیں جگر کے داغ اب تیرے شبستاں کے چراغ

پھر بھی اے خاکِ وطن اُف ری وفاداری تری
چار سو ہے دہر میں نہرِ کرم جاری تری

تیرے جنگل اب بھی ہیں خاکِ وطن مہماں نواز
تیرے پتلے ہیں یہ قدرت کی ادائے جاں نواز

گنگا

اے آبِ رودِ گنگا اُف ری تری صفائی
یہ تیرا حسنِ دلکش یہ طرزِ دلربائی

تیری تجلیاں ہیں جلوہ فروشِ معنیٰ
تنویر میں ہے تیری اک شانِ کبریائی

جمنا تری سہیلی گو ساتھ کی ہے کھیلی
اس میں مگر کہاں ہے تیری سی جاں فزائی

اے نازشِ زمانہ اے نقشِ نازِ قسمت
بھارت کی پاک دیوی تو ہے ہماری مائی

او پاک نازنیں اور پھولوں کی گُندھنے والی
سرسبز وادیوں کے دامن میں بہنے والی

حسنِ غیور تیرا ہے بے نیاز ہستی
تو بحرِ معرفت ہے اور پاکباز ہستی

ہندوستان ہی اک وادیٔ حسنِ جنت
اور اس میں پنکھڑی ہے تو خوش نما کنول کی

نکلی ہمالیہ سے محوِ خروش ہو کر
تو آہ تشنہ لب تھی وہ جلوۂ ازل کی

کرتی ہوئی زمیں پر موتی نثار آئی
درشن کو آہ بھر کے تو ہردوار آئی

جمنا

وہ نگاہِ شرمگیں وہ عرضِ منت کے مزے
وہ سکوت افزا تبسم وہ محبت کے مزے

شوخیِ حسنِ جنوں زا ہائے زنجیرِ شوق
نیچی گردن میں حمائل دستِ دامن گیرِ شوق

رازِ الفت کے وہ پیغامِ نہانی ہائے ہائے
سرگذشتِ دیدہ و دل کی کہانی ہائے ہائے

آہ جمنا اب کہاں وہ داستانِ حسن و عشق
نقشِ عبرت اب ہیں فرسودہ نشانِ حسن و عشق

آہ اے میری کتابو میرے بچپن کی رفیق
عالمِ طفلی سے ہو تم میری غمخوار و شفیق

نطق کے پھولوں پہ یہ انداز رعنائی کہاں ۔ یہ سکوتِ روح پرور یہ مسیحائی کہاں
تم غذائے روح ہو تم صیقلِ اخلاق ہو ۔ صفحۂ دانش پہ گویا جدولِ اخلاق ہو

اے شمع اے حدیثِ سوزِ غمِ نہانی ۔ بھاتی ہے دل کو تیری حسرت بھری کہانی
تیری طرح ہوں میں بھی سرگرمِ نوحہ خوانی ۔ میرے نصیب میں بھی ہے سوزِ جاودانی

پروانگی تجھے دی قدرت نے سوزِ جاں کی
سینہ میں آگ رکھ دی میرے غمِ نہاں کی

راتوں کو جسطرح تو جلتی ہے انجمن میں ۔ جلتا ہوں میں بھی یوں ہی سوزِ غمِ وطن میں
لپٹے ہوئے ہیں شعلے دونوں کے پیرہن میں ۔ آتش بجاں ہیں دونوں اس محفلِ کہن میں

یعنی گدازِ الفت دونوں کے ہی دلوں میں
دونوں کی روشنی ہے دنیا کی محفلوں میں

اک کھیل امتحاں تھا سوزِ غمِ فنا کا ۔ دونوں کو رفتہ رفتہ برقِ ازل نے تاکا
درماں نہ پا کے آخر اس دردِ لا دوا کا ۔ دی تجھکو آگ غم کی شعلہ مجھے وفا کا

تصویر کھینچ دیں دو سوزِ غمِ وطن کی
اک سوزِ انجمن کی اک سوزشِ وطن کی

سکوتِ شام میں ہے جلوۂ بہارِ شفق ۔ کنول کے پھول ہیں یا زینتِ کنارِ شفق
خوشا وہ عالمِ طفلی خوشا وہ موسمِ گل ۔ خوشا وہ دن کہ میں تھا محوِ انتظارِ شفق
کہاں وہ ذوقِ تماشا کہاں وہ ابرِ بہار ۔ لہو کی بوند ہے اب دل میں یادگارِ شفق
کدھر گئی وہ گل افشانئ عروسِ فلک ۔ بہت دنوں سے ہوں حسرت کشِ بہارِ شفق
شباب بن کے میں طفلی کی نیند سو جاؤں ۔ نسیم دے مجھے لوری لبِ کنارِ شفق

آہ او ننھے سے کیڑے نازشِ صحرا ہی تو ۔ شعلۂ زارِ حسن کی چھوٹی سی اک دنیا ہی تو
کچھ عجب عالم ہی تیرے حسن کے انداز کا ۔ سرخ ڈورا ہے کسی چشمِ فسوں پرداز کا

گل بداماں ہے شفق میں شعلۂ تنویرِ حسن
جلوۂ گل ہے فضائے وادیِ پُرخار میں
محشرِ خونِ شہیداں ہے تر داماں سُرخ
سبزۂ کہسار نے یا لعل ہے اُگلا کوئی

خونِ عاشق یا زمیں پر ہے گریباں گیرِ حسن
سُرخ تکمہ ہے قبائے سبزۂ کہسار میں
یا ہے خونِ کشتگانِ عشق کا عنوان سرخ
چن رہی ہے پھول یا دوشیزۂ رعنا کوئی

برف

زمیں پر برفِ زمستاں ہے تا بزانو آہ
کہو کہ چرخ کا گھنٹہ ذرا سنبھل کے بجے
تمام سالِ گذشتہ ہوا دریغ دریغ

لبِ نسیم پہ ہیں نالہائے دلجو آہ
صدا ہو دھیمی کہ یہ مسل مسل کے بجے
رفیق مجھ سے ہوا اک جدا دریغ دریغ

دل

پھولوں میں اے دل تجھکو چھپا کر
دن بھر تیری کی رکھوالی
شام سے کیوں ہے مضطر سوجا
حسرت اے عنفوانِ برنائی
اے وہ سودائے خطِ و خال کہاں
گلِ رخساریوں ہے پژمردہ
رحم اے موجِ رعشۂ پیری
روٹھکر چل دیا جو ہم سے شباب
حیف تیری نہ قدر کی ہم نے
یہ آخری گلاب کا ہے یادگار پھول
بیکس غریب فرقتِ احباب میں ملول

سورج کی کرنوں سے بچا کر
تجھپہ کسی نے آنکھ نہ ڈالی
پھولوں کے بستر پر سو جا
رخصت اے کاروانِ رعنائی
نہ وہ ہم ہیں نہ وہ خود آرائی
جیسے کلیاں چمن میں مرجھائی
اپنی کشتی بھنور میں چکرائی
اُف یہ کس کی ادا تجھے بھائی
کھو کے آئی سمجھ تو کیا آئی
اور شاخ پر کھلا ہوا تنہا چمن یہ ہے
دھندلا سا اک چراغ سرِ انجمن یہ ہے

نوحہ سوامی رام تیرتھ

کون سا موتی ہے گنگا تیرے دامن میں نہاں
حلقۂ گرداب ہی کیوں آہ چشمِ خونفشاں

قطع ہے قامت پہ کسکے چادرِ آبِ رواں
کسکے ماتم میں لبِ ساحل ہیں سرگرمِ فغاں

تیری موجوں نے یہ کسکو لے لیا آغوش میں
جوشش گریہ کا عالم ہے ترے سر جوش میں

منزل خورہیں ہے ذرہ خلوت آرا کون سا
آشنا بحر حقیقت کا ہے ایسا کون سا
دوش بر دوش صدف ہے دُر یکتا کون سا
ہو گیا دریا میں دریا مل کے قطرا کون سا

صف الٹ کر کون یہ بزم جہاں سے اٹھ گیا
شمع و پروانہ کا جھگڑا درمیاں سے اٹھ گیا

خلد سے ہے کسکے لینے کو قضا آئی ہوئی
ڈوبتی ہے کسکی کشتی آج چکرائی ہوئی
ساحل گنگا پہ ہے غم کی گھٹا چھائی ہوئی
موج قسمت کیطرح اک اک ہے بل کھائی ہوئی

آشنا دریا سے قطرہ کون سا ہونیکو ہے
اشتیاق مہر میں شبنم فنا ہونے کو ہے

جان نثار قوم ایسا غرق طوفاں آہ ہو
ایسا مجموعہ تصوف کا پریشاں آہ ہو
ایسا جانباز وطن آنکھوں سے پنہاں آہ ہو
بے چراغ اے قوم یوں تیرا شبستاں آہ ہو

داغ ہے تیرے جگر کا تیری منزل کا چراغ
بجھ کے ہو پانی میں ٹھنڈا تیری محفل کا چراغ

آہ اک تشنہ لب ذوق تمنا ہائے ہائے
کھا کے طوفان حوادث کا تھپیڑا ہائے ہائے
ہو غریق رحمت حق۔ رام گنگا ہائے ہائے
تیری موجوں میں ہو گم اک دُر یکتا ہائے ہائے

ہائے اب کیا کہہ کے سمجھائیں دل ناکام کو
رم رہا ہے رام میں لائیں کہاں سے رام کو

سیتا جی کی گریہ و زاری

ہمراہ اپنے بن کو مجھے ناتھ لے چلو
ریکھا تمہارے چرنوں کی ہوں ساتھ لے چلو
نازک ہے میرا شیشۂ دل ٹوٹ جائیگا
چھوٹا تمہارا ساتھ تو جی چھوٹ جائیگا
قسمت نے جب سے باپ کے گھر سے کیا جدا
سوامی مجھے نہ تم نے نظر سے کیا جدا

پتلی کی طرح آنکھوں میں شام و سحر رہی
ہمراہ بن کو نہ مری روح جائیگی
گھر میں جو چھوڑ جاؤ گے سیتا غریب کو
شوہر بغیر قالب بیجان ہے آہ زن
یوں ہی تمہارے ساتھ پھرونگی میں بن میں خوش
پیتامبر سمجھ کے درختوں کی چھال کو
سبزہ بنا کے لائیگا بستر مرے لئے
پلکوں سے راہ دشت کو جھاڑا کرونگی میں
نہ ہم قفس ہے نہ ہے کوئی غم گسار وطن
وطن سے لیکے صبا کچھ پیام آئی ہے
زمیں پہ گر نہ پڑوں میں غریب غش کھا کر
پھولوں کا کنج دلکش بھارت میں اک بنائیں
خون جگر سے سینچیں ہر نخل آرزو کو

پہلو میں بن کے صبر و شکیب جگر رہے
سایہ کی طرح ساتھ مری روح جائیگی
پاؤ گے بن سے آکے نہ جیتا غریب کو
شمع خموش خانۂ ویران ہے آہ زن
بھونرا کلی کلی پہ ہو جیسے چمن میں خوش
آراستہ کروں گی قد نونہال کو
جھولا جھلانے آئیگی صرصر مرے لئے
داسی ہوں لیچلو مجھے سیوا کروں گی میں
وطن کی یاد ہے غربت میں یادگار وطن
کہ آرہی ہے اڑائے ہوئے غبار وطن
سنبھال اٹھ کے مجھے دردِ انتظار وطن
حب وطن کے پودے اسمیں نئے لگائیں
اشکوں سے بیل بوٹوں کی آبرو بڑھائیں

مل مل کے ہم ترانے حب وطن کے گائیں
بلبل ہیں جس چمن کے گیت اس چمن کے گائیں

سرور

سرور۔ سید کاظم حسین رضوی خلف سید ظفر علی حسن۔ آپ مہدی حسین خاں آباد لکھنوی کے تلامذہ میں سے تھے ۱۸۷۴ء میں زندہ و سلامت موجود تھے۔ فکر صائب اور ذہن عالی رکھتے تھے ایک دیوان اور رسالہ علم قرأت انکی تصنیف سے ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

مر گیا دیکھ کے میں چاند سے رخ پر گیسو
مشک نافہ بنا ہر ایک حباب دریا
ہم بھی مشتاق ہیں موسیٰ کی طرح جلوہ کے

منزل ملک عدم کے ہوے رہبر گیسو
ہاتھ سے اسنے نچوڑے جو نہا کر گیسو
رخ پر نور دکھاؤ تو اٹھا کر گیسو

ہو گیا طائر دل اپنا گرفتار سرور	دام کیطرح نظر آئے جو رُخ پر گیسو

سرور

سرور ۔ نواب محبوب علیخاں صاحب ۔ آپ حیدر آباد کے رؤسائے عظام سے ہیں فن شعر میں مہاراجہ سرکشن پرشاد کے شاگرد ہیں ۔ گو ابھی مشق سخن کم ہے مگر آغاز شاعری میں اچھے اچھے شعر نکالتے ہیں ۔ طبیعت میں رسائی ذہن میں ذکاوت ہے ۔ کلام یہ ہے ؎

دوست بدظن کہ عدو بر سرپیکار نہ تھا	کب مری چشم تمنا میں نہاں خار نہ تھا
سنبھالے تیغ وہ آتا ہے قاتل	نکل جائیگا تیرا حوصلہ دل
گالیوں سے بھی بدمزہ نہ ہوا	کیسی میٹھی ہیں یار کی باتیں
ہمیں پر زور چلتے ہیں یہ زاہد	ذرا مسجد سے کھئے قبلہ رو ہو
وہ پہلو سے اٹھکر مرے کیا گیا ہے	کلیجا سا بیٹھا کوئی جل رہا ہے
ضبط نے میری شرم رکھلی آج	دل کی بیتابی پردہ در نہ ہوئی
روز و شب عشق میں اسطرح گذاری ہم نے	دن کو تنکے چنے شب کو گنے پیارے تارے

سروش

سروش ۔ شیخ مراد علی مرحوم ۔ آپ حضرت ناسخ کے زمرۂ تلامذہ سے تھے کلام میں پختگی ہے ۔ بندش اور صفائی زبان کے اعتبار سے متوسط درجہ کے شعرا میں تھے ایک غزل کے چند شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

بچ گئے ابکے اگر عشق کے آزار سے ہم	دل لگا مینگے نہ پھر ایسے ستمگار سے ہم
تیر کیوں مارتا ہے تیغ سے کر قتل ہمیں	عشق رکھتے ہیں فقط ابروئے خمدار سے ہم
ٹھنڈی سانسیں نہ بھریں گھڑی کیونکر اے دل	سخت جلتے ہیں تری گرمی بازار سے ہم
دل دیا جسکو سروش اپنا وہی دشمن ہے	رکھیں امید وفا کیا کسی دلدار سے ہم

سروش

سروش ۔ صاحبزادہ عبدالوہاب خاں نبیرۂ غلام محمد خاں والئی رامپور ۔ معاملہ اور زبان لکھتے تھے ۔ آپ فن سخن میں غالب و مومن کے شاگرد تھے ۔ خلیق ۔ با مروت ۔ ذی وجاہت امرا میں آپکا شمار تھا سنہ ۱۸۵۸ء میں ۵۵ برس کی عمر تھی ۔ شعر خوب کہتے تھے طبیعت نرالی اور فکر عالی تھی

نمونہ کلام یہ ہے ؎

شکلِ آئینہ جو خالق مجھے پیدا کرتا | وہ مجھے دیکھتے اور میں انہیں دیکھا کرتا
تھا متا دل کو کہ آنکھوں کو نہ رونے دیتا | ایک میں جھگڑے ہزاروں کہو کیا کیا کرتا
قتلِ عالم کو کیا ایک نظر میں تو نے | کون باقی ہے ستمگار جو پرساں ہوتا
ہیہات بیکلی سے وہ اب ہاتھ دلیہ ہے | رہتی تھی جسمیں اُنکی کلائی تمام رات
سر کا دو سرا اپنا مرے زانو پہ نہ رکھو | سو بھی رہو جا کر وہیں جاگے ہو جہاں رات

سریر

سریر۔ سید محمد عباس صاحب کا تاریخی نام منظور علی ہے۔ آپ میر رستم علی مرحوم کے فرزند ہیں اور سنہ ۱۳۱۳ھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائے سن شعور سے شعر گوئی کا ذوق تھا۔ آپکے والد بھی قدیم روش کے شاعر تھے۔ آغازِ سخن گوئی میں اپنا کلام حضرت شمشاد لکھنوی اور حضرت جلیل کو دکھاتے رہے۔ پھر حضرت شفق عماد پوری سے اصلاح لینے لگے آپکا دیوان مسمیٰ بہ نظم "دل نگار" مرتب ہو چکا ہے۔ زبان صاف اور بندش چست ہوتی ہے۔ تخیل پاکیزہ۔ اور طرز بیان دلکش ہے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

یوں تو ہونیکو کیا نہیں ہوتا | بے وفا باوفا نہیں ہوتا
حشر میں بھی وفا ترا وعدہ | دیکھیں ہوتا ہے یا نہیں ہوتا
جس کو چاہا وہی ہوا دشمن | آشنا آشنا نہیں ہوتا

اے خضر حیات آپکی ہے موت سے بدتر | وہ بھی کوئی جینا ہے کہ مرنا نہیں ہوتا
دل دیکے پری زادوں سے مانگا نہیں جاتا | یہ قرض وہ ہے جسکا تقاضا نہیں ہوتا
ہے ہوائے دید سر میں انتظار آنکھوں میں ہے | دل تڑپتا ہے نظر بھی بیقرار آنکھوں میں ہے
ابر سر پہ۔ ہاتھ میں ساغر خمار آنکھوں میں ہے | چشم بد دور آج اے ساقی بہار آنکھوں میں ہے
سارے عالم کی نگاہوں میں پھرا کرتا ہے تو | ایک ہی صورت ہے تیری جو ہزار آنکھوں میں ہے
نشۂ عرفاں کی مستی کو تو اے زاہد نہ پوچھ | پی تھی وہ مے آج تک جسکا خمار آنکھوں میں ہے

نیند آئے تو جگہ پائے کہاں فرقت کی رات
پاؤں پھیلائے کسی کا انتظار آنکھوں میں ہے

عوض حوروں کے یارب وہ حسیں مجھکو عنایت ہو
نبھے گی خلد میں اچھی طرح انساں سے انساں کی

وہ بیکس ہوں مجھے صبحِ وطن کا لطف دیتی ہے
سیاہی شامِ غربت کی اداسی دشتِ غربا کی

حیا ہے پردہ والی آبرو اسکی خدا رکھے
چھپی بیٹھی ہے چلمن میں وہ آکر آنکھوں میں غزالاں کی

سریہ اک چشم جادو میں ہیں چاروں جمع بیاں دیکھیں
غضب چتون بلا غمزہ نگہ ترچھی ادا بانکی

سماں گورِ غریباں کا اداسی شمع تربت کی
ہوں آنکھیں جسکی آکر دیکھ لے تصویر عبرت کی

مقدر ساتھ ساتھ اپنے مجھے رکھتا ہے چکر میں
مرے پاؤں کو بھی گردش ملی ہے میری قسمت کی

ہم ہٹا سکتے نہیں زخمِ جگر سے پھاہا
اے ستمگر تری بیداد کا پردا ہے یہی

خاک میں دل کو ملا کر وہ کسی کا کھٹ
ہم نہ کہتے تھے محبت کا نتیجہ ہے یہی

میں جو روتا ہوں تو ہنستے ہیں کہ وہ ٹھٹھے ہیں سریہ
وہ سزاوار تجھے ہے تجھے زیبا ہے یہی

سریہ

سریہ کاکبری گیاوی۔ صوبہ بہار کے نازک خیال شعرا میں سے ہیں۔ تلمیذ امداد امام اثر عظیم آبادی۔ رضا علی وحشت۔ شفق رضوی عماد پوری نے انکو بلبل بہار کا لقب عطا کیا ہے نمونہ کلام یہ ہے

برستے ہی رہے اشکوں کے باراں دیدۂ تر سے
ابلتے ہی رہے طوفاں یہ طوفاں اس سمندر سے

یہ فرطِ ناتوانی سے تنِ لاغر کا عالم ہے
شکن بستر کی ہو لپٹی ہوئی جسطرح بستر سے

چمن سے خانۂ صیاد میں تقدیر لائی ہے
خدا جانے کہاں لیجائیگی صیاد کے گھر سے

مزے آٹھوں پہر لیتا ہوں میں بیتابی دل کے
کوئی رہ رہ کے گویا چھیڑتا ہے دلکو نشتر سے

کئے ہیں جرم بیحد ہو نہیں سکتا حساب انکا
کیا بیخوف مجھکو کثرتِ عصیاں نے محشر سے

غضب کی سادگی ہے اک کمیں ہے کس قیامت کا
ادا کچھ اور ہی نکلی تری پھولوں کے زیور سے

یہ مطلب ہے کہ اب آنے نہ پائے نامہ بر کوئی
سریہ اسنے لکھا ہے مجھکو خطِ خونِ کبوتر سے

سریہ

سریہ منشی رحمت اللہ صاحب۔ باشندہ بنارس۔ جناب رحمت بنارسی سے تلمذ ہے

پندرہ بیس برس سے شاعری کا شوق ہے۔ کلام میں آب و تاب اور ہر شعر نمونۂ شباب ہے
زبان کی سادگی طبیعت کی جدت اور اختراع قابل تحسین ہے۔ انتخاب کلام یہ ہے ؎

فاش ہو جائے نہ کیوں رازِ نہانِ اہلِ درد
ٹھوکروں سے کیوں مٹاتا ہے ستم گر بانِ آ
تحمل چاہیے عشق صنم میں
ترا کوسنا یا رجاں بخش لب سے
یہ ابتدائے محبت یہ نالہ و فریاد

بن گیا غماز خود شور و فغانِ اہلِ درد
اب بجز تربت نہیں کچھ بھی نشانِ اہلِ درد
سریر اس درجہ گھبرانا ستم ہے
مجھے زندگی کی دعا ہو رہا ہے
سریر تم سے اسی منہ سے عاشقی ہوگی

سطوت ۔ عالیجناب نواب محمد تقی علیخاں بہادر المخاطب نواب مجید الدولہ بہادر۔ آپ حضرت محمد علیشاہ بادشاہ اودھ کے پوتے اور لکھنؤ کے وثیقہ دار امرا میں تھے۔ پہلے حضرت لطافت خلف امانت مرحوم سے اصلاح لیتے رہے۔ انکے انتقال کے بعد جناب فصاحت سے مشورہ سخن فرمانے لگے۔ ذی علم اور صاحب استعداد شخص تھے۔ آپکے کلام میں جہاں تشبیہات کی زیبائش اور تکلف استعارات کی آرایش ہے۔ وہاں بیساختہ پن اور سادگی بھی ہے معاملہ بندی اور حسن و عشق کے چوچلے نادر مضامین اور چست بندشیں حسن کلام کا زیور ہیں۔ دیوان چھپ گیا ہے اور اسکا انتخاب ہدیۂ ناظرین ہے ؎

جواب خط نہ لایا نامہ بر تو کچھ نہیں شکوہ
جو اے دل آنکھ سے آنسو نکل جاتا تو کیا ہوتا
وہ آئے تھے عیادت کو کچھ اُن سے بات کر لیتا
وہ مجھکو قتل کرکے زباں سے نہ کچھ کہیں
نہ کسی میں بھی رہی مہر و وفا میرے بعد
ہیں وہ بلبل ہوں کہ گل چاک گریباں رہے
نہ رہا عاشق و معشوق میں الفت کا مزا

نکلنا ہی سلامت کوچۂ جاناں سے مشکل تھا
یہ ساغر آب کوثر سے چھلک جاتا تو کیا ہوتا
ذرا تو اے دلِ مضطر سنبھل جاتا تو کیا ہوتا
پردل میں کہتے ہوں گے کہ یہ بے قصور تھا
سلسلہ قطع محبت کا ہوا میرے بعد
خاک اُڑاتی پھری گلشن میں صبا میرے بعد
اور ہی ہوگئی دنیا کی ہوا میرے بعد

شب کو پہلو سے اُٹھا جبکہ خفا تو ہو کر
لطف حاصل یہ ہوا عاشقِ گیسو ہو کر

یہ نزاکت ہی جو آئے مجھے بوسہ کا خیال

بس بس اے جوشِ گریہ ٹھہرا سد رہ نہ بڑھ

پاؤں کہتے ہیں کہ چل کوچۂ جاناں کیطرف

ہمارے ہاتھ پہونچنے لگے گریباں تک

ہجومِ غم نے مرے ملکِ دلیں آکے کہا

ضد ہے ہم سی ہوا کے جھونکوں کو

ساتھ چھوڑا دوستوں نے میں چلا سوئے عدم

صدا دیتے یہ ہم بازارِ الفت میں نکلتے ہیں

غبار اُڑ اُڑ کے میرا اُنکے دامن سی لپٹتا ہے

کسی نے گر مجھے پوچھا تو بولا ہنسکے وہ قاتل

دہن کو اور زباں کو تیری اے دلبر سمجھتے ہیں

دستِ گستاخ مرے وصل میں ہٹتے جائیں

کاندھا دینا اگر اے یار نہیں ہے منظور
قتل کرتے ہو اگر منہ نہ پھراؤ صاحب

ہماری جان نکلتی ہے یوں جوانی میں

خضر بھی انکے خطِ سبز پہ شیدا ہوتے

تو جو آیا ہے مرے ساتھ پئے سیرِ چمن

ہاتھ اک لگا دے اور کہ قصہ تمام ہو

مٹا کے خاک کیا خاک کو کیا برباد

حسرتیں دل کی ٹپکنے لگیں آنسو ہو کر
زخمِ دل میرے مہکنے لگے خوشبو ہو کر
رنگ اُسکے گلِ عارض کا اُڑے بو ہو کر
دل مرا آنکھ سے بہ جائے نہ آنسو ہو کر
وحشتِ دل لئے جاتی ہے بیاباں کیطرف
جنوں دن آگئے فصلِ بہار کے نزدیک
خوشی نہ آئیگی اب اس دیار کے نزدیک
گل جو شمع مزار کرتے ہیں
راہ ایسی ہے کوئی ہمراہ چلتا ہی نہیں
کوئی معشوق لے بوسہ سی اپنا دل بدلتے ہیں
جو وہ گورِ غریباں کی طرف ہو کر نکلتے ہیں
لحد میں پاؤں پھیلائے ہوئے آرام کرتی ہے
اسے کوثر تو اسکو ماہئ کوثر سمجھتے ہیں
ہے مزا گالیاں تم مجھکو سناتے جاؤ
ایک ٹھوکر ہی جنازے کو لگاتے جاؤ
اپنی صورت بھی تو عاشق کو دکھاتے جاؤ
بہار میں گلِ تازہ کی جیسے بو نکلے
لبِ جاں بخش پہ مرتے جو مسیحا ہوتے
دیکھ اشارے گل و بلبل میں ہیں کیا کیا ہوتے
قاتل چلا ہے چھوڑ کے کیوں نیم جاں مجھے
فلک کو مجھسے ابھی تک غبار باقی ہے

نکالے خوب وقتِ ذبح میں نے حوصلے دل کے — دہانِ زخم سے بوسے لئے شمشیرِ قاتل کے

دلِ سوزاں سے دمِ گریہ نہ کیوں نکلے آہ — آگ پانی سے جو بجھتی ہے دھواں ہوتا ہے

خوش نما اُس مصحفِ عارض پہ ہے خطِ سیاہ — آبنوسی رحل کیا زیبا ہے قرآں کے لئے

شمع کہتی ہے کہیں غم ہو کہ شادی مجھکو کیا — ہر جگہ جاتی ہوں میں آنسو بہانیکے لئے

میں تو کوچہ میں تمہارے نالہ کش ہوں رات بھر — پاسباں رکھتے ہو ناحق غُل مچانیکے لئے

بند آنکھیں ہیں نہیں کچھ ہوش ہے ہنگامِ ذبح — آئے اچھے وقت وہ صورت دکھانیکے لئے

دورِ ساغر میں کوئی جام جو مجھکو نہ ملا — ہنس کے ساقی نے کہا گردشِ قسمت تیری

جلانے کو ہمارے غیر کے اشک — کسی نے پونچھے اپنی آستیں سے

سعد

سعد - منشی جوالاناتھ صاحب - آپ ریاست جیپور سے پنشن پاتے ہیں اور قانون گریان اجمیر کے منیب ہیں - باوجود پیرانہ سالی ہونیکے شوخ طبع اور ادا بند ہیں - زبان صاف شستہ ہے - کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

بھول کر بھی نہ گیا پھر وہ پئے دیدِ چمن — جس نے کوچہ ترا اے رشکِ گلستاں دیکھا

آدمی کیا کہ فرشتے کو بھی اے آئینہ رو — تیرے اِس حُسنِ خداداد کا حیراں دیکھا

وصل میں غم بڑھ گیا آنکی حیا کو دیکھکر — پڑ گئی دل میں گرہ بندِ قبا کو دیکھکر

تھام کر دل اپنا اپنا دنگ تھے سب اہلِ بزم — یار تیری دلربائی کی ادا کو دیکھکر

گرمِ صحبت دخترِ رز سے نہ کیوں ہو آج سعد — صبر کب ممکن ہے زاہد اِس گھٹا کو دیکھکر

حیا کا کام کیا کُھل کھیل اے شوخ — دمِ خلوت ہی تو ہے اور میں ہوں

جلے دشمن نہ کیونکر رشک سے سعد — مرے گھر شمع رو ہے اور میں ہوں

سعدی

سعدی - آپ احمد آباد گجرات کے رہنے والے اور شاہ پوران کے خاندان سے مشہور تھے - شیخ عبداللہ کرمانی کے بیٹے - شیخ غنایت اللہ سے تحصیل علم کی اور اُنہیں سے شعر و سخن میں استفادہ حاصل کیا - بعض تذکرہ نگار غلط فہمی سے نظم اردو کی تاریخ میں انکو پہلا ریختہ گو

بتاتے ہیں۔ آپ اپنے کلام کو شیخ سعدی شیرازی سے بہتر جانتے تھے اور اسی بناپر سعدی تخلص اختیار کیا تھا۔ مولنا نساخ اپنے تذکرہ میں انکو ولی دکنی کا ہم عصر قرار دیتے ہیں مگر تاریخ اور واقعات اسکی تائید کو تیار نہیں ہیں۔ خزینۂ علوم کا مصنف لکھتا ہے کہ انکی وفات کو چار سو برس کا زمانہ گذرا۔ شیخ قیام الدین قایم مخزنِ نکات میں تحریر فرماتے ہیں کہ سعدی شیرازی نے دکن کے سفر میں دکھنی زبان میں کچھ شعر کہے تھے۔ شاہ کمال الدین حسین اور میرزا رفیع سودا نے قایم کی رائے سے اتفاق کیا ہے۔ صاحب تذکرۂ شمیم سخن رقم طراز ہیں کہ سعدی دکھنی امیر خسرو کا ہم عہد تھا اگر اسے درست سمجھا جائے تو کیا عجب ہی کہ سعدی شیرازی یہی ہوں۔ مولانا حالی حیاتِ سعدی میں لکھتے ہیں کہ بعض اشخاص مشہور درسی کتاب "بوستاں" کو بھی سعدیٔ ہندی کیطرف منسوب کرتے ہیں "کریما" درسی کتاب جو مشرق میں تمام بچوں کو پڑہائی جاتی ہی اسکے متعلق فصحائے ایران کا خیال ہی کہ یہ شیخ جیسے باکمال کی نہیں ہوسکتی کسی دوسرے سعدی کی ہوگی بعض لوگ اسے سعدی دکھنی کا نتیجۂ فکر بتاتے ہیں۔ کیا عجب ہی کہ ایسا ہو کیونکہ آپ اُردو کم اور فارسی بیشتر لکھتے تھے۔ اسی شبہ میں ایرانی مطابع نے کلیات شیخ کے ساتھ "کریما" کو شامل نہیں کیا ہے۔ آپ نے سو برس سے زاید کی عمر پائی۔ کلام کی بہت جستجو کیگئی۔ قدیم تذکروں کی ورق گردانی کے بعد تذکرہ شوق سے دو شعر دستیاب ہوئے ہیں جو یہ ہیں ؎

ہمنا تمن کو دل دیا تم نے لیا اور دکھ دیا	تم یہ کیا ہم وہ کیا ایسی بھلی یہ ریت ہے
سعدی غزل انگیختہ شیر و شکر آمیختہ	در ریختہ دُر ریختہ ہم شعر ہے ہم گیت ہی

سعادت ۔ جناب شاہ سعادت مند خاں صاحب رئیس آنولہ ۔ اعتصام الدولہ کے شاگرد تھے ۔ یہ دو شعر انکے ہیں ؎

بادۂ عشق کا سرور ہے غم	اور اس مے کا ہے خمار افسوس
پاس ہاں بس قبر عاشق پر	نوحہ گر ہے بصد ہزار افسوس

سعادت ۔ منشی سعادت علی ۔ امروہہ ضلع مرادآباد کے باشندے تھے ۔ مگر اکبرآباد میں سکونت

اختیار کر لی تھی۔ سراج الدین علیخاں آرزو اور شاہ آبرو کے ہمعصروں میں تھے۔ آپ دورِ اول کے خوش گو شاعروں میں نامور تھے۔ کلام دل آویز تھا۔ دو شعر جو ملے ہیں۔ درج کئے جاتے ہیں ؎

کس سے پوچھوں دل ہوا ہی گم مرا زلفوں میں رات مثل آئینہ سادہ رویوں کی	اک وہاں مشاطہ تھی سنبل میں ڈالے تھی ہاتھ منہ ہی دیکھے کی آشنائی ہے

سعادت

سعادت ۔ شیخ سعادت علی۔ آپ معنی شناسانِ لکھنؤ سے ہیں حضرت حکیم خلف اسیر لکھنوی سے تلمذ ہے۔ طبیعت مضمون طراز۔ ذہن کی رسائی دور تک ہے۔ یہ کلام ہے۔

دوزخ میں جاتے جاتے سوئے خلد جا پڑے ابنائے روزگار پہ کیونکر ہو اعتماد	رحمت نے اسکی گھیر لیا آ کے راہ میں یوسف کو بھائیوں نے گرایا تھا چاہ میں

سعادت

سعادت ۔ راجہ سید سعادت علی خاں رئیس سنگھیر پور ضلع دربھنگہ۔ آپکے مورث اعلیٰ شیخ ابو سعید خاں۔ شاہجہاں کے وقت میں دلی سے بہار آئے تھے۔ اور ایک بڑی جاگیر بطور آل تمغہ بادشاہ سے خیرخواہیوں کے صلہ میں پائی۔ آپکے والد بابو اقبال علیخاں بنگالہ میں مشہور شیر افگن تھے اور چونکہ انکا علاقہ نیپال کی ترائی سے ملحق ہے اسلئے اُن کو اپنے شوق کی تکمیل کا اچھا موقعہ ملا ہے۔ جناب سعادت ایام نابالغی میں وارث ریاست ہوئے۔ اور آٹھ برس تک انگریزی۔ فارسی۔ اردو میں باقاعدہ تعلیم پائی۔ آپ وجیہ خلیق۔ خوشرو نوجوان ہیں۔ اور سرکار کے از بس دلدادہ ہیں۔ اور دیگر علوم فنون میں بھی آپکی معلومات قابل قدر ہیں۔ سید مہدی حسن خاں شاد رئیس رسولپور کی بڑی صاحبزادی انکے عقد میں ہیں۔ مولوی ابو الخیر صاحب خیر دربھنگوی تلمذ حضرت داغ دہلوی جو انکے یہاں اخبار پنچ کے اڈیٹر تھے۔ عرصہ تک آپکی مصاحبت میں رہ چکے ہیں۔ اور انہیں کی معرفت لکھنؤ میں آپکا دیوان شائع ہوا ہے۔ پہلے حضرت حفیظ جونپوری کو اپنا کلام دکھایا۔ پھر جناب داغ کے شاگرد ہوئے زمانہ شباب ۱۹۰۴ء میں جب آپکی عمر ۲۵ برس کی تھی۔ آپ لکھنؤ تشریف لیگئے تھے۔ اور وہاں کئی ماہ مقیم رہے۔ شب کو اہل کمال

وشعرا کا مجمع گرد رہتا تھا۔

آپکے کلام سے پختگی اور کہنہ مشقی کا اظہار ہوتا ہے۔ زبان صاف ستھری۔ خیالات عاشقانہ رنگ میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ آپنے اپنے اُستاد کے رنگ کو خوب سمجھا ہے۔ غزلیں تشبیہات۔ رعایات لفظی کے گورکھ دھندے سے پاک ہیں۔ فرسودہ مضامین بھی نئے لباس میں جلوہ گر ہیں طبع عشق آشنا رکھتے ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے

سوال وصل پہ کچھ غور کی ضرورت ہے — جواب آج نہیں کل ہی سوچکر کہنا
کبھی جو ضد ہمیں آئی تو پھر بُرا ہو گا — لپٹ پڑینگے نہ مانو گے تم اگر کہنا
کبھی شراب کبھی حور کا بیاں واعظ — یہ کیسی بات ہے انصاف سی مگر کہنا

چارہ گر عشق کو کہتا ہے جنوں — اس سے بڑھکر خفقاں کیا ہو گا
اب زمانہ میں سعادت اُستاد — داغ سا سحر بیاں کیا ہو گا

کھول دو تم زلف وہ اُٹھی گھٹا — سامنا ہو تو بھرے پانی گھٹا
کھول دو جوڑے کو وقت میکشی — خوب ایسے میں فزا دیگی گھٹا
بزم میں اُنکے نہ پائے دور جام — مے چلے جب تک رہے ساقی گھٹا

مل گئی جسدن کبھی اچھی شراب — توبہ توڑی اور فوراً پی شراب
ہو گیا نشہ جوانی کا ہرن — آگ تھی اب ہو گئی پانی شراب
زندگانی کا بھروسا ہو چکا — اب صراحی میں نہیں باقی شراب
پیتے ہیں زاہد بھی چھپ چھپکے اب — ہو گئی ہے اسلئے مہنگی شراب

قربان اُسکی شان کریمی کے جائیے — محشر میں ہو سزا جو کریں ہم قصور آج

اے دل تجھے نہ دینگے پہلو میں اب جگہ ہم — تجکو تو ہے بھروسا دشمن کی دوستی پر
اک دل ہزار صدمے یہ عشق وہ بلا ہے — اللہ کیا بنی ہے الفت میں اپنی جی پر

اور پھر کس سے ہو امید وفا داری کی — کہ پرایا ہوا دل بھی مرا اپنا ہو کر

یا خدا چشمِ کرم اپنے سعادت پہ رہے
خدا کو یاد کرا ے دل خدا کو

یہ شرم ہے کہ چُراتے ہیں آئینہ سے نگاہ
وہ مہربان تھے تو دنیا تھی مہرباں مجھ پر
جنابِ شیخ سے بڑھکر بھی پارسا ہے کوئی

یادگارِ زمانہ تھے جو لوگ
ہاں بھی کھدے ترے لبوں کے نثار

جذر و مدِ بحرِ محبت کا نہ پوچھ
رہ کے دنیا میں نہیں دنیا میں

کیا پوچھتے ہو اُس صنمِ دلربا کا نام
گھر آیا ابر ہوتے ہی سامانِ میکشی

ظرف کوتاہ ہیں جتنے وہ چھلک جاتے ہیں
کہیں حُسن والوں کو دل دے بھی ڈالو
پرتوِ حسن سے چمکا دے مری قسمت کو

دل کا آنا موت کا پیغام ہے
کہتے ہیں تم خواب میں آئے تھے رات

چھوڑو شبِ وصل ہاتھا پائی
چھوڑا نہ حجاب وصل کی شب
کچھ بھید ہے جب تو ان بتوں کا

ہم نے وفا کا نام لیا وہ خفا ہوئے
کتنا بڑھا دیا ہے مری چاہ نے انہیں

وہ کہاں جائے کدھر جائے تمہارا ہو کر
بتوں کی یاد بے ایمان کب تک

یہ سادگی کے پہنتے نہیں ہیں زیور تک
پھری جو انکی نگہ پھر گیا مقدر تک
کہ آپ پی نہیں سکتے شراب کوثر تک

قبر بھی اُن کی یادگار نہیں
ہو چکی ہے ہزار بار نہیں

ابھی قطرہ ابھی دریا ہوں میں ؂
کس قدر تارکِ دنیا ہوں میں

لیتے ہیں لوگ لاکھ طرح سے خدا کا نام
پہلے بھی آسماں پہ کہیں تھا گھٹا کا نام

تھوڑی پینے سے بھی کم ظرف بہک جاتے ہیں
بغل میں سعادت نہ یہ روگ پالو ؂
اک نظر دیکھ لے او چاندسی صورت والے

عشق کا آغاز ہی انجام ہے
یہ نئی تہمت نیا الزام ہے

دُہری ہو جائیگی کلائی
آنچل جو ہٹا تو لی دولائی
کلمہ پڑھنے لگی خدائی

سمجھے کہ یہ بھی ایک مرے مبتلا ہوئے
انسان سے وہ بُت ہوئے بت سے خدا ہوئے

قصۂ عیشِ گذشتہ کیا کہوں
اب نظر آتے نہیں وہ خواب بھی

کچھ پسیجا وہ ستم ایجاد بھی
موم نالوں سے ہوا فولاد بھی

لے رہی ہے دل جگر میں چٹکیاں
چھیڑتی رہتی ہے اسکی یاد بھی

بے اثر آہِ سحر ہو یہ غلط ہے لیکن
اسکی تاثیر ذرا دیر طلب ہوتی ہے

نہ کہیں مشورۂ غیر یہ بات ہے اور
ورنہ ہمکو خبر ان باتوں کی سب ہوتی ہے

چپادرِ گل چڑھا گیا کوئی
اب بحدِ پردہ بیکسی نہ رہی

اس طرف وہ ادھر اجل آئی
آج کیا کیا کشاکشی نہ رہی

زالِ دنیا کی کیا سعادت فکر
بیسوا ہے رہی رہی نہ رہی

غافل کل کی خبر ہے کسکو
کرنا ہے تو آج کر بھلائی

گھٹ رہا ہے نزع کی سختی سے دم
آپ آجائیں تو بیڑا پار ہے

کیا جانے روزِ محشر انجام کار کیا ہو
دنیا میں اس لئے اب حوروں کی جستجو ہے

دو دن کی زندگی میں اکتا گیا دم اپنا
اے خضر تمکو کیونکر جینے کی آرزو ہے

ذبح کرکے آپ جاتے ہیں کہاں
لوٹنے کا بھی تماشا دیکھئے

دل طلب کرتے ہیں یوں گویا ہے قرض
حسن والوں کا تقاضا دیکھئے

دل میں حسرتِ وصال کی نہ رہی
بند شیشہ میں یہ پری نہ رہی

مئے تسنیم کی تو ہے کیا بات
میکدہ کی بھی کچھ بری نہ رہی

گیا شباب خیالِ شباب باقی ہے
مٹا سرور خمارِ شراب باقی ہے

ہوس جدا ہو سیہ کاریوں کی شیخ سے کیا
ابھی تو ریش پہ رنگِ خضاب باقی ہے

گھٹا ہے ہوا ہے چلے دور ساقی
اب ایسے میں تقوے کا دعوی ہی کیا ہے

دنیا میں رہ کے زاہد کیا لطف اٹھائے تونے
اے مردہ دل جو تجکو جنت کی آرزو ہے

علاج اس دکھ کا کرتے ہیں مسیحا ہم نہ مانینگے
محبت کا مرض ہوتا ہی اچھا ہم نہ مانینگے

سعادت اسکو کیا کھئے ہمارا یہ عقیدہ ہے	امیر و داغ سے شاعر ہوا اچھا ہم نمانینگے

سعید

سعید۔ چودھری محمد سعید الدین رئیس اعظم کھیڑہ نواح بدایوں۔ ولد چودھری تفضل حسین مرحوم آپ بدایوں کے جاگیرداروں میں ممتاز اور وہاں کے رؤسا میں سرفراز تھے۔ ۲۰ ہزار سالانہ کے معافی دار تھے۔ دہلی کلکتہ مختلف مقامات کی سیر کی تھی۔ آپ کو فن زراعت سے خاص طور پر دلچسپی تھی۔ اور اپنے ضلع میں سالانہ زراعتی نمایش کی بنیاد ڈالی۔ فن شعر گوئی میں پہلے مولوی دلدار علی مذاق مغفور کے سامنے زانوئے تلمذتہ فرمایا پھر مولوی راشد علی ضیا مرحوم تلمیذ حضرت منیر کے شاگرد ہوئے۔ مسدس زراعت۔ دیوان نعتیہ اور چند کتابیں انکی تصنیف سے ہیں۔ ۵۰ برس کی عمر پاکر ۱۸۹۷ء میں وفات پائی۔ چودھری صلاح الدین صاحب جو انکے خلف اصغر ہیں انہوں نے ایک شاندار بزم مشاعرہ کا انعقاد کیا تھا جسمیں دہلی و لکھنؤ کے جید شعرا مدعو کئے گئے تھے۔ مرثیہ گوئی میں میر نفیس کے شاگرد تھے۔ زبان میں متانت اور سنجیدگی تھی۔ نہایت علم دوست اور شعرا کے قدردان تھے۔ کلام یہ ہے۔

مرے مزار پہ کیا کیا نہ بیکسی چھائی	ہوا نہ بعد مرے کوئی نوحہ خواں میرا
آغوش خالی کر گئے تم کیا غضب کیا	اب تک تو زخم بھی مرے دل کا بھرا نہ تھا
اک تغافل ہے ترا لاکھ جفا سے بہتر	فکر ایجاد ستم ہے ستم ایجاد عبث
اک خلق منتظر ہے تری جلوہ گاہ میں	تار نگاہ صرف ہوئے فرش راہ میں
ملنے کا انکے فکر نہ ملنے کا اسکے ذکر	کچھ مشغلہ فراق میں اس کے سوا نہیں
پیری میں چھپے ہیں جوانی کے واہ واہ	فصل خزاں میں نغمہ فصل بہار ہے

سعید

سعید۔ خواجہ محمد سعید۔ فارسی شعر گوئی میں اچھی استعداد تھی۔ قدرت اللہ شوق کے زمانہ میں زندہ تھے۔ انہیں کے تذکرہ سے یہ دو شعر درج کئے جاتے ہیں۔

گڑ گیا یار خجالت سے زمیں میں شمشاد	اس ادا سے جو تجھے باغ میں چلتے دیکھا
عشق آشوب جہاں آفت جاں ہے یارو	یہ بلا جسکو لگی پھر نہ سنبھلتے دیکھا

سعید

سعید۔ مداح آلِ مصطفیٰ۔ ذاکرِ شہید کربلا۔ میرزا جعفر حسین ابن میرزا کاظم علیخاں لکھنوی آپ حضرت نفیس کے شاگرد تھے۔ فارسی میں کامل استعداد تھی۔ سعید کے نانا میرزا جانصاحب اور دادا امداد علیخاں رسالدار شاہی رہ چکے ہیں۔ حضرت سعید کا ذریعۂ معاش کتابت تھا محنت اور جانفشانی سے چالیس پچاس روپیہ ماہوار پیدا کر لیتے تھے۔ معنی آفریں۔ تیز فکر عالی خیال شاعر تھے۔ عاشقانہ رنگ میں شعر کہنا معیوب سمجھتے تھے۔ جو کچھ اُنکا کلام موجود ہے۔ وہ سب منقبت میں ہی۔ مذہبًا شیعہ تھے۔ مراثی سلام۔ رباعیات۔ نوحہ جات وغیرہ سے دیوان مملو ہے۔ کلام میں شستگی اور صفائی کے سوا مرثیہ گوئی کے وہ رموز بھی ہیں جن پر خاندان انیس کو ناز ہے۔ قدرت کا مرقع کھینچنے۔ گھوڑے اور تلوار کی تعریف بیان کرنے میں اپنے اُستاد کے نقش قدم پر چلتے ہیں اور انہیں ٹکسالی محاورات کا استعمال کرتے ہیں جو بیان میں جوش اور معنی میں زور پیدا کر دیتے ہیں۔ سلام میں نئی نئی زمینیں نکالی ہیں۔ سنگلاخ زمینوں میں بہترین شعر کہے ہیں۔ راقم تذکرہ کے کتبخانہ میں انکا قلمی دیوان موجود ہے۔ جس کا انتخاب نذر ناظرین کیا جاتا ہے ؎

سلامی جب شہ بیکس کا میں نے نام لیا
تو دل مرا یدِ قدرت سے حق نے تھام لیا

جو قصد مدح سرِ زلفِ شاہِ دیں آیا
تو ہم نے ہر بُنِ مُو سے زباں کا کام لیا

جو چاہتے تو زمیں آسماں اُلٹ جاتے
کہاں حسین نے اصغر کا انتقام لیا

آیا جو حر سپاہ سعادت پناہ میں
ہو کر گروہِ شام سے با عز و شان جدا

حوریں تھیں اشتیاق ہر اول میں بیقرار
باغ جناں کی کھولے ہوئے کھڑکیاں جدا

اِک سو نزولِ رحمت باری کیواسطے
کھولے ملائکہ نے درِ آسماں جدا

لینے کو اس طرف سے امام امم بڑھے
جھپٹے ادھر صفوں سے حسینی جواں جدا

چومے الگ بندھے ہوئے ہاتھ اقربا نے واہ
انصار نے لئے قدم میہماں جدا

بچوں نے بارگاہِ خدا میں اٹھائے ہاتھ
صرف دعا تھے مرد جدا بیبیاں جدا

جس کو یہ مہماں کی خاطر عزیز تھی
اس کے وطن سے کر کے اسے الاماں جدا

کوفہ کی سرزمیں میں بلایا لعینوں نے
اس سے کئے عزیز جدا آب و نان جدا

آخر کو چڑھ کے سینۂ زخمی پہ ہائے ہائے
گردن سے کر دیا سرِ شاہِ زماں جدا

سر کٹ گیا تو لاش کو پامال کر دیا
مٹی جدا تھی تن پہ سُموں کے نشاں جدا

چھوڑا زمیں پہ لاش کو خود کوچ کر گئے
سچ ہے کہیں جہاں سے یہ مہمانیاں جدا

طرزِ سخن ہر اک کا نرالا ہے اے سعیدؔ
سچ ہے کہ ہر بشر کے ہے منہ میں زباں جدا

عکس سے جب سرِ پرچم کے بڑھی توقیرِ موج
خضر کے پائے نظر میں پڑ گئی زنجیرِ موج

پیاس میں آئی نظر جب گردشِ تقدیرِ موج
مجرئی عباس کے دلبر چلی شمشیرِ موج

غرقِ آبِ اشک غم میں شہ کے یوں سجاد تھے
جسم لاغر صاف تھا آئینۂ تصویرِ موج

سرخ روئی ہے غمِ شاہ میں حق جو ہو کر
مجرئی خونِ جگر بہتا ہے آنسو ہو کر

کیا صفا شاہ کے تلوار کی ہو مجھ سے بیاں
ڈھال کے پھولوں سے جاتی ہے نکل بو ہو کر

تیغِ شبیر کا "دم خم" تھا نیا اک غضب
منہ پہ چڑھتی تھی وہ دو داروں کے ابرو ہو کر

بولے عباس کہ پانی جو پیوں بے شہ کے
نکلے فوراً وہ گلے سے مرے اچھو ہو کر

زلف کے عشق میں ہے عارضِ اکبر کا خیال
ہو گئی صبح نمایاں شبِ گیسو ہو کر

کس گھڑی نکلے تھے گھر سے ہائے ہائے
پھر نہ آئے شہ مدینے کی طرف

غازہ کے باعث ہی یوں نورِ سحر رنگِ شفق
پرتوِ رو، عکسِ خوں، نورِ سحر رنگِ شفق

پیرِ گردوں روپ گر ہر دن بدلتا ہی نہیں
ہے سیاہ و سرخ کیوں نورِ سحر رنگِ شفق

سرخ لب روشن بیانی میں جو چمکے شاہ کے
شرم سے ہے سرنگوں نورِ سحر رنگِ شفق

جلوۂ رنگِ طبیعت خوب دکھلایا سعیدؔ
دیکھئے لکھتے ہیں یوں نورِ سحر رنگِ شفق

نہیں اشکوں سے ہیں تر گریبان آستین دامن
سلامی ہیں یہ پُرگوہر گریبان آستین دامن

علی کی تیغ جب رختِ حیاتِ اہلِ کیں کاٹے
تو ہر کافر کے ہوں سترِ گریبان آستین دامن

غمِ شہ میں مرا دل ٹکڑے ٹکڑے ہے جگر ٹکڑے — سلامت رہ سکیں کیونکر گریباں آستیں دامن

نمایاں چاند ہو جس دم محرم کے زمانہ میں — تو ہوں مثلِ کتاں گھر گھر گریباں آستیں دامن

خوفِ علمدار ہی چھپ گئے یوں سنگدل — جیسے کہ ہو تہ نشیں پڑتے ہی سنگ آب میں

مشکِ سکینہ سے جب پانی بہا ہے غضب — شرم سے تھیں مچھلیاں زیست سے تنگ آب میں

گر غضبِ بوتراب ہو سبب انقلاب — دشت میں جائیں نہنگ آئیں پلنگ آب میں

پانی میں ڈالا نہ منہ گھوڑے نے عباس کے — مردم آبی ہوئے دیکھ کے ڈھنگ آب میں

طرح غزل پر سلام ہے یہ سعید اپنا کلام — اور کا ہو لاکلام قافیہ تنگ آب میں

فیضِ آبِ دہنِ شاہِ رسل کے باعث — شور تھا ہو گیا اک بات میں میٹھا پانی

رنگ روئے شہِ دیں کا جو پڑا باغ میں عکس — مصحفِ گل پہ پھرا دم میں سنہرا پانی

آب تیغِ شہِ مرداں سے زمیں کے نیچے — منزلِ قبرِ عدو ہو گئی کالا پانی

رباعیات

دن جاگنے کو رات ہے سونے کے لئے — سر تکیے کو جسم ہے بچھونے کے لئے

صرفہ نہ کریں عزائے شہ میں مردم — آنکھیں دی ہیں خدا نے رونے کے لئے

عاشور ہے کل آج خبر ہے اسکی — کس کا آرام اور راحت کس کی

یہ شب وہی شب ہے اے محبانِ حسین — شمعِ ایماں بجھی سحر کو جس کی

ترکیب بند

اے جلوۂ معنی مہرِ تاباں کو خجل کر — اے صاحبِ بیاں مہرِ درخشاں کو خجل کر

اے ابرِ سخن بارشِ نیساں کو خجل کر — اے شمعِ زباں شمعِ شبستاں کو خجل کر

مشتاقِ لقا گرد ہی پھرتے نظر آئیں
پروانہ صفت جو ہیں وہ گرتے نظر آئیں

اے حسنِ بیاں اور ہی کچھ ڈھنگ دکھا دے — مانی متحیر ہو وہ ارژنگ دکھا دے

اے تیغِ زباں نظمِ صفِ جنگ دکھا دے — آئے جو مقابل اسے یوں رنگ دکھا دے

قبضہ میں ترے جوہرِ شمشیر زنی ہے

تو پنج تنی پنج تنی پنج تنی ہے

یاں برقِ شرر بار تڑپ کر نکل آئی
شمشیرِ علی میان سے باہر نکل آئی
بل کرتی ہوئی صورتِ اژدر نکل آئی
دکھلاتی ہوئی زہر کے جوہر نکل آئی
قایم تھے جو صف میں وہ پرے ہو گئے موذی
کچھ زہر سے کچھ ڈر سے ہرے ہو گئے موذی

اِس صف کو ڈبویا کبھی اُس صف کو جلایا
پانی تھا کہیں آگ کہیں تیغ کا سایا
پھل کثرتِ جوہر سے جو پھولا نہ سمایا
خوشبو کی طرح ڈھال کے پھولوں میں در آیا
تاثیرِ خزاں باغِ شجاعت میں عیاں تھی
سوفار کے غنچے نہ ہری شاخِ کماں تھی

مرثیہ حضرت قاسم علیہ السلام

عطرِ عروس بانی کی جا ہے دوات میں
رنگینیٔ نظم میں ہے کہ دولھا برات میں
شکر فشانیاں ہیں حروف و نکات میں
شاخیں قلم نکالتا ہے بات بات میں
شیرینیٔ زباں سے حلاوت ہے زیست کی
گویا کہ ہر صریر سے لذت ہے زیست کی

گوہر فشانِ مدحتِ لعلِ حسن ہوں میں
مصروفِ زیب و زینِ عروسِ سخن ہوں میں
اب تازگی سے ذاکرِ حالِ کہن ہوں میں
شمعِ زباں سے زینتِ بزمِ دہن ہوں میں
جلوہ ہے صاف صاف یہ فیضِ حضور کا
"باتوں کا جھاڑ" جھاڑ بنا ہے بلور کا

باندھا جو سہرا تارِ شعاعی کا مہر نے
شادی رچائی روئے زمیں پر سپہر نے
جلوے دکھائے شاہدِ فیروزہ چہر نے
کی ذرہ پروری دلِ گردوں کی مہر نے
کافور رنگ روئے شبِ تار ہو گیا

صفحۂ زمیں کا مطلع انوار ہوگیا

وہ بلبلوں کی زمزمہ پردازیاں کہیں
آپس میں چہچہے کہیں گل بازیاں کہیں
قمری و فاختہ کی خوش آوازیاں کہیں
شمشاد و سرو کی وہ سرافرازیاں کہیں
کیونکر نہ دل شگفتہ ہوں ہر پاکباز کے
باہم معاملات تھے راز و نیاز کے

ہتیار سج کے حضرتِ ابن حسن چلے
آتے مثال خسرِ خیبر شکن چلے
خیمے میں چھوڑی آپ نے تازہ دلہن چلے
کوثر کی تھی یہ چاہ کہ تشنہ دہن چلے
رخصت ملی کہ جلوۂ امید ہوگیا
چہرہ خوشی سے غیرت خورشید ہوگیا

دیکھا ہر اک شریر کو خیرالورا کی طرح
نیزہ سنبھالا غیظ میں خیبر کشا کی طرح
پڑھنے لگے رجز حسنِ مجتبیٰ کی طرح
غربت برس رہی تھی شہ کربلا کی طرح
تودہ جو ریگ کا تھا وہ ہم سنگِ طور تھا
چاروں خدا کے نور کا یک جا ظہور تھا

ب

لیکر کمانیں فوج سے مانندِ تیر آئے
دو پیش و پس تو راست و چپ دو شریر آئے
چاروں قریب قاسمِ گردوں سریر آئے
نامرد نزد ابن شہِ قلعہ گیر آئے
حیران ہوئے وہ خوش یہ ہژبر حسن ہوا
گویا کہ چار آئینہ زیب بدن ہوا

اے تیغ خامہ برق کے جوہر دکھا مجھے
اندازِ ضربِ حیدرِ صفدر دکھا مجھے
خوں ریزیاں چمک کے سراسر دکھا مجھے
دو ٹکڑے چار حد کو برابر دکھا مجھے
کیسی زبانیں تیز ہیں کیسی جری ہے
غل ہو کہ ذوالفقارِ جناب امیر ہے

اونچا کیا جو تیغ کو اُس دیں پناہ نے
حسرت سے ہاتھ مل لیے اُس روسیاہ نے
دیکھے کمند کے کئی حلقے سپاہ نے
حملہ کیا جھپٹ کے جگر بند شاہ نے
دامِ اجل میں آکے شقی گرد ہو گیا
تلوار کی جو آنچ لگی سرد ہو گیا

لشکر کے ہوش اڑ گئے ازرق کے سر کے ساتھ
روحِ علی و روحِ حسن تھی پسر کے ساتھ
ٹکڑے اُڑے لعین کے دل کے جگر کے ساتھ
شاباش کہتے تھے اُدھر اکبر دلیر کے ساتھ
عباس داد دینے کو بڑھ کر جو آتے تھے
تسلیم کر کے ابنِ حسن مسکراتے تھے

ازرق کے ساتھیوں پہ کئے پھر جھپٹ کے وار
کیونکر بچائے ایک ہزاروں کے غٹ کے وار
روکے بھی اور کھائے بھی غازی نے ڈٹ کے وار
نیزے کا کھایا ڈال پہ کیا ایک پلٹ کے وار
دولہا کی جان کیسی مصیبت میں پڑ گئی
ہے ہے بنی بنائی لڑائی بگڑ گئی

واللہ اے سعید یہ فیضِ نفیس ہے
کیا تیرے مرثیے کی عبارت سلیس ہے
تائیدِ روحِ پاک جنابِ انیس ہے
جو نقطہ ہے وہ ملکِ سخن کا رئیس ہے
ایک ایک سطر سلکِ جواہر سے کم نہیں
یہ وہ رقم ہے جس سے کچھ اعلیٰ رقم نہیں

ہیں حنا سے بنے قاسم کے جو احمر ناخن
کہتے ہیں دیکھ کے سب صاحبِ جوہر ناخن
رنگ دکھلاتے ہیں خوبی کے مقرر ناخن
لعل و یاقوت ہیں مہندی سے سراسر ناخن
پہلے تھا غیرتِ الماس و گہر ہر ناخن

دیکھ کر پنجۂ ضرغامِ علی کی صولت
ناخنِ شیر صفت نشترِ فصاد صفت
کاوشِ سکتہ سے فق شامیوں کی ہے رنگت
چھیلتے ہیں جگر زخمیِ اہلِ حسرت

آئینہ کہتے تو رکھتے ہیں یہ جوہر ناخن

ہائے کسکو تھی اس افتاد کی دنیا میں خبر
کہتے تھے طفلی میں سب دیکھکے قد سرور
گرگر پڑے نگے شہ دیں گھوڑے سے کٹ جائیگا سر
گردن گاوزمیں آ رہے گی زیر خنجر

گرگر پڑے نگے شہ دیں گھوڑے پر یہ ناخن

بولے اعدا سے یہ پرہم شہ والا ہو کر
دیکھو کیا ہو گئے شاہان جہاں کیا ہو کر
دین کو کھوتے ہو تم طالب دنیا ہو کر
نامور خاک میں پنہاں ہوئے پیدا ہو کر

مٹ گئے نقش درم نقش الف یا ہو کر

شب عاشورہ سکینہ نے یہ زینب سے کہا
شام سے کیا کہوں اے خواہر شاہ دوسرا
رات کو آنکھ نہ جھپکی ہے نہ آئے بابا
تا سحر اس رخ روشن کا تصور نہ گیا

شب کو خورشید رہا آنکھ کا تارا ہو کر

پوچھا عابد سے کسی شخص نے اے قبلۂ گل
زرد کے کہنے لگا غنچۂ دہن ختم رسل
ہجر میں اصغر و اکبر کے گئے آپ تو گھل
چل بسے طائر نکہت کی طرح غیرت گل

چمن دہر میں ہم رہ گئے کانٹا ہو کر

سعید۔ مولوی سید ابو القاسم لکھنوی۔ آپ خاندان اجتہاد سے ہیں۔ مولوی محمد مصطفی خورشید مرحوم لکھنوی کے شاگرد اور برادر عم زاد ہیں۔ علم عروض و معانی سے واقف ہیں۔ طبیعت سلجھی ہوئی ہے۔ خیالات متین۔ بندش میں صفائی ہے۔ انداز بیان تکلف سے بری ہے۔ کلام یہ ہے۔

بیکسوں پر ظلم کیوں کرتا ہے سوچ انجام کار
ایک دن تو بھی فنا اے آسماں ہو جائیگا

ناتوانی کوچۂ جاناں میں رہنے کی ہوس
پھر ہر اک جا کے جنت میں جواں ہو جائیگا

دل میں کہتے ہیں یہ حسرت سے اسیران کہن
اب نہ چھوٹینگے قفس ہی آشیاں ہو جائیگا

شب فراق کی حالت پہ ہر شکن ہے گواہ
تڑپ تڑپ کے گذاری ہے رات بستر پر

نہوگا کم کسی صورت سے درد عاشق کا
اب اس مریض کو بس چھوڑ دو مقدر پر

کریم بھیجدے جنت میں یا کہ دوزخ میں	گناہ ہوں مرے ظاہر نہ اہل محشر پر

سعید

سعید طالع - خان محمد سعید خاں - دلی میں رہتے تھے - جوانی کے عالم میں شاہزادہ داراشکوہ کے بھائی مراد بخش کی سرکار میں ملازم ہوے - جب شاہجہاں بیمار ہوئے اور عنان سلطنت داراشکوہ کے ہاتھ میں آئی تو اس موقعہ پر آپنے فارسی قصیدہ لکھکر فصاحت اور بلاغت کے دریا بہادیے جس کے صلہ میں دربار شاہی سے خطاب "خانی" و خلعت فاخرہ مرحمت ہوا - فارسی میں سعید اور اُردو میں سعید طالع تخلص کرتے تھے - یہ غزل اُسی زمانہ کی کہی ہوئی معلوم ہوتی ہے جب داراشکوہ کے ملازم تھے - شاید جامۂ دارائی" سے داراشکوہ کی ملازمت و خرقۂ اطاعت مراد ہے - ولی دکنی سے بہت پیشتر گذرے ہیں ؎

چھوڑ صیاد مجھے اب تو بہار آئی ہے	حسرت سیر چمن جی میں رہی جاتی ہے
مت تصور کرو مجھکو کہ یہ ہرجائی ہے	جلوۂ حسن پری رو کا تماشائی ہے
کوئی دنیا میں نہیں اور مقامِ عاشق	گوشۂ زلف ہے یا گوشۂ تنہائی ہے
گلر خاں کیوں نہ کہیں مجھکو سعید طالع	اس قدر بر میں مرے جامۂ دارائی ہے

سعید

سعید - جناب نوروز علی صاحب لکھنوی - خوشگو - نازک طبع شاعر ہیں - مگر متروکات کے پابند نہیں "ر" ولیکن" جیسے الفاظ کو جایز سمجھتے ہیں - پھر بھی زبان اور طریقہ بیان میں کسی قدر دل آویزی ہے - آپ حضرت رفیع لکھنوی کے شاگرد ہیں - فکر کی رنگینی یہ ہے ؎

بہار آئی شمیم گل سے ہر اک کیاری مہک رہی ہے	تمام شاخیں ہری بھری ہیں چمن میں بلبل چہک رہی ہے
کبھی ہے ابرو کی یاد میں جاں کبھی ہے دلکو خیال مژگاں	جگر پہ وہ تیغ چل رہی ہے سناں دل میں کھٹک رہی ہے
سعید وصلت پہ یم راضی کیا ہے میں نے انہیں ولیکن	نہیں نہ بھر کانے غیر انکو یہ بات دلمیں کھٹک رہی ہے

سعید

سعید - منشی محمد سعید صاحب بلگرامی - آپکو ابتدائے عمر سے شعر گوئی کا چسکا ہے - اب ۳۰ سال کی عمر ہے - اپنے خسر چودھری عبدالصمد صاحب تعلقہ دار گوپامئو کے دولت خانہ پر مشاعرہ کرتے ہیں اور وہیں رہتے ہیں - سیدھی سادی زبان میں صاف شعر کہتے ہیں - اپنے ہم زلف حضرت

فتنہ سندیلوی سے مشورۂ سخن رکھتے ہیں۔ کلام یہ ہے

ستم کرتا ہے دل جانِ حزیں پر
ہمارا صبر پڑتا ہے ہمیں پر

قفس ہی کو گلستاں جانتے ہیں
یہیں پیدا ہوئے نکلے یہیں پر

روح تو ہر جسم میں ہے بیوفائی کے لئے
کس خدائی سے وفا آئی خدائی کے لئے

میں رقیبوں کی بُرائی تم سے کیوں کرنے لگا
وہ کہیں مجھکو بُرا اپنی بھلائی کے لئے

تم رہے دشمن کے گھر فرقت ہمارے گھر رہی
وصل کے تم نے مزے ہمنے جدائی کے لئے

ہمسے اچھے ہوں تو ہم جانیں کہ ہاں اچھے ہیں وہ
پھر ہمیں کیا۔ گر وہ لیتے ہیں خدائی کے لئے

سعید۔ سید سعادت علی خلف سید مہر علی۔ آپ اکبرآباد کے باشندہ تھے۔ میرزا حاتم علی مہر سے تلمذ تھا۔ عہدہ قضا انکے خاندان میں عرصہ دراز سے چلا آتا ہے۔ آگرہ میں شاعری کی نشوونما ہوئی۔ مولف تذکرہ شعر و سخن کے مشاعروں میں شریک ہوتے رہے ہے سنہ ۱۲۸۶ھ میں انکی عمر ۴۲ سال کی تھی۔ اُردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ کسی زمانہ میں مدرسی کا شغل بھی تھا۔ فسانہ گلدستہ نثر گلزار سعادت۔ ذخیرۂ سعادت جیسی کتابیں اور کلیات سعید انکی یادگار ہے۔ آگرہ میں انکے شاگردوں کی کثرت تھی۔ شعر گوئی میں مشاق تھے طبیعت منجھی ہوئی اور زبان میں سلاست تھی۔ کلام یہ ہے۔

یارین آنکھوں میں لینے خار ہی گل باغ میں
ہے نمک پاشِ جراحت تو بلبل باغ میں

حضرتِ نوح سے کہدو کہ سنبھالیں کشتی
آج طوفان کی خبر دیدۂ تر دیتے ہیں

اک اشارہ پہ اُس ابرو کے کٹے مرتے ہیں
ایک شمشیر ہے اور سینکڑوں سر دیتے ہیں

سب کے نزدیک وہی جانِ جہاں رہتا ہے
دل میں موجود ہے آنکھوں میں نہاں رہتا ہے

قصہ و حور سب نکتہ نوازی سر صلا ٹھیرے
کبھی جو حمد میں اک نقطہ مقبولِ خدا ٹھیرے

پری وش غش اپنی دیوانہ کو در سے کیوں اٹھاتا ہے
کہ تیرے لئے زیر سایہ یہ بیچارا یاں کے آ ٹھیرے

تری دہلیز کو سلطان سریر سلطنت سمجھے
ترے دیوار کے سایہ تلے آ کر ہما ٹھیرے

چھپائے عارضِ تاباں کیا اندھیر زلفوں نے		غضب ہے نور کے چشمے پہ ظلمات جا ٹھہرے

سعید

سعید۔ شیخ محمد فدا حسین صاحب۔ آپ لکھنؤ کے ساکن ہیں۔ جناب حکیم لکھنوی کے حلقہ تلامذہ میں ۲۰ برس سے داخل ہیں۔ رنگِ کلام پختہ ہے۔ الفاظ کی بوقلمونی اور مضامین کی رنگارنگی سے سخن میں آب و رنگ اور تکلف پیدا کرتے ہیں۔ لکھنؤ کے قدیم رنگ میں خاصہ کہتے ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

جا کر سبب فلک پہ قدح آفتاب کا	ساغر جو اس نے پیکے اُچھالا شراب کا
ساقی پلا شراب ہے شب بھر کی چاندنی	بے آفتاب لطف نہیں ماہ تاب کا
کندہ ہو جس کے نگینِ دل میں تو اے نقشِ فقر	نام کو دیکھے نہ وہ مہر سلیماں کی طرف
حق نے ادنیٰ کو کیا محتاج اعلیٰ خلق میں	پھر گدا کیوں ہاتھ پھیلائے نہ سلطاں کی طرف
جھگڑے ہزاروں بیچ میں جان اور تن کے ہیں	کیا شعبدے ترے نگہ سحر فن کے ہیں
اک دن دکھادو اپنے رخ تازہ کی بہار	نازاں چمن میں پھول بہت نسترن کے ہیں
مطلب نہ کفر سے ہے نہ اسلام سے غرض	ہم دوست شیخ کے نہ عدو برہمن کے ہیں
گلدستہ بہشت نہ رضواں سے مول لو	پژمردہ چند پھول تمہارے چمن کے ہیں
ضد ایک دوسرے کی ہے گلزار دہر میں	خنداں ہیں پھول مرغ جو نالاں چمن کے ہیں
نازاں نہو بہار پہ گل کہتی ہے خزاں	دو چار روز اور یہ جلوے چمن کے ہیں
رائج ہیں نقد داغ ترے خوب ہی سعید	سکے دلوں پہ بیٹھے ہوئے اس چلن کے ہیں
مل کے مسی قدر رکھوئیں دانت کی	وہ بھلا ہیرے کو تسلیم کیا کریں

سعید

سعید۔ کلن صاحب لکھنوی۔ ۲۵ برس کا عرصہ ہوا میرزا سلیمان قدر لکھنوی کے ہاں ملازم تھے۔ انہیں کے مشاعرے کے کلام کا خلاصہ درج ہے ؎

بُری معلوم ہوتی ہے صدائے نغمۂ بلبل	مگر اب تک تری آواز کانوں سے نہیں نکلی
نہ آتے ہجر کی شب وہ اگر تو موت آجاتی	نہ ایسی کوئی صورت آکے دل اندوہ گیں نکلی

امید وصل پر اب تک مریض ہجر زندہ ہیں
ہمارے حلق پر کس لطف سے خنجر پھرایا ہے
کھلی رہ جائینگی آنکھیں لحد میں بعد مرنیکے
نہ جیتے جی ملی راحت نہ مر کر چین پاتے ہیں

غضب ہو جائیگا منہ سے تمہارے گر نہیں نکلی
رگ جاں سے بھی اے قاتل صدائے آفریں نکلی
کہ وقت نزع بھی دیدار کی حسرت نہیں نکلی
عدو جب تھا ہمارا چرخ اب دشمن زمیں نکلی

سعید۔ محمد کرامت علی ساکن ریاست جیپور۔ فارسی میں منشی عالم اور انگریزی میں میٹرک پاس ہیں۔ آجکل کیکڑی ضلع اجمیر میں اینگلو اسکول ہیڈ مولوی ہیں۔ پہلے ریاست کشن گڑھ میں ملازم تھے فن شعر میں حضرت قتیل بھرسری کے شاگرد ہیں عمر تقریباً ۴۴ سال ہے۔ کلام کا انتخاب حسب ذیل ہے۔

طالب خنجر جو کوئی سخت جاں ہو جائے گا
زور بازو کا تمہارے امتحاں ہو جائے گا
میں وہ غم کش ہوں ریاض دہر میں اے عندلیب
جو مرے نالے سنے گا نوحہ خواں ہو جائے گا
گر رہا قائم خیال اتحاد و اتفاق
تفرقوں سے پاک سب ہندوستاں ہو جائے گا
دل لگی کو خط کتابت یار نے کی تھی شروع
کیا خبر تھی اس قدر کا غذ گراں ہو جائے گا
ساز و برگ زندگی حضرت انساں سعید
کیا گراں ہو ہو کے بالکل بے نشاں ہو جائے گا

زلف کا فر نے بھلا رکھا ہے سب کچھ ہمکو
اک تری یاد ہے اللہ کرے یاد رہے
ہم تو محروم بھی رہ کر یہ دعا دیتے ہیں
کہ سدا میکدہ ساقی ترا آباد رہے

سعید۔ مولوی محمد سعید صاحب ۱۹۱۶ء میں مقام بلیا کے سب رجسٹرار تھے حضرت فائز بنارسی کے شاگرد ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے

پر ضیا عشق کے جلوے سے ہے مدفن کیسا
کام آیا ہے خیال رخ روشن کیسا
وہ یہ کہتے ہیں جو کہتا ہوں چلو گھر میرے
آپ ہی ہیں جو نہیں آپ تو مسکن کیسا
ہر تو گل سے ہوئی سرخ چمن میں قمری
رنگ لائی ہے پری بیٹھکے یہ جوگن کیسا
میں نے مانا کہ غلط ہے خبر قتل سعید
پھر ہے آلودہ خوں آپکا دامن کیسا

سعید۔ سید سعید احمد صاحب خیرآبادی حضرت ریاض کے برادر زادہ ہیں طبیعت چلبلی

اور شوخ ہے۔ کلام سے مستی اور ذوق شباب کا رنگ نمایاں ہے حضرت وسیم کے شاگرد ہیں۔ انتخاب یہ ہے ؎

چہرہ اُتر رہا ہے عروس بہار کا
ہے پیکے یادِ حق سے یہ غافل نہیں رہا
دامن سے اپنے پوچھ رہے ہیں وہ میرے اشک
ہو غسل کو گلاب کفن برگِ گل کا ہو
گریاں وہ مجھکو دیکھ کے کہتے ہیں اے سعید
ہائے دل جس کو لہو ہم نے پلا کر پالا

کیا ہو گیا وصال کسی بادہ خوار کا
عالی ہے ظرف شیخ تہجد گزار کا
ممنون ہوں میں گریۂ بے اختیار کا
سایہ میں برگِ گل کے ہو مرقد مزار کا
دہوکا ہے تیری آنکھ پر ابر بہار کا
اُسکو ہوتے ہوئے پیوند زمیں دیکھ لیا

سعید۔ منشی محمد سعید صاحب رئیس کیامئی۔ آپ نواح بمبئی کے طبیعت دار سخنوروں میں سے ہیں حضرت تجمل جلالپوری سے تلمذ ہے۔ زبان دل نشیں ہے سوچ سمجھکر شعر کہتے ہیں اور انداز بیاں میں سادگی ہوتی ہے۔ کلام یہ ہے ؎

وہ بت اس قدر خود نما ہو گیا
سمجھنے لگا میں خدا ہو گیا
جو مئے پیکے یاد آئی ساقی کی آنکھ
خمارِ محبت سوا ہو گیا

کس طرح ہوگی بتا اے شام ہجر یار صبح
صبح سے بیزار ہوں میں مجھسے ہی بیزار صبح
دل مرے بخت سیہ کا نہ گیا پر نہ گیا
تیرے گیسو تو سنورتے ہیں پریشاں ہوکر
تنگ آئے ہیں ہم گردش تقدیر سے لیکن
جائیں گے کہاں چرخ کے چکر سے نکل کر
باقی ہے وہی شرم و حیا آج بھی اُن کی
ہیں دور کھڑے مجمع محشر سے نکل کر
پاس عدو تو دیکھے مجھکو قریب دیکھکر
آنکھ بدل کے بیوفا کہنے لگا الگ الگ
یوں ہی خدا کرے کہ ہو غیر بھی تیری بزم سے
جیسے قبولیت سے ہے میری دعا الگ الگ
کچھ چھیڑ چھاڑ اور ہنسی دل لگی رہے
پتلے بنو نہ وصل میں شرم و حیا کے تم
بوسہ جو اُنکے گیسوئے مشکیں کا لے لیا
بولے وہ ناز سے کہ نڈر ہو بلا کے تم

سب کو عمرِ جاوداں درکار ہے
جستجوئے آبِ حیواں کیا کریں

سامنے داورِ محشر کے کسی کا کہنا
محفلِ عام میں رسوا نہ کرو تم مجھکو

نقد دل لیکے تعرض ہی یہ اچھا اُن کا
دلربا کہکے پکارا نہ کرو تم مجھکو

ہجر میں یار کے دشوار ہے جینا مجکو
ایک ایک پل ہوا ایک ایک مہینا مجکو

آج ہی سلمئے نہ اتنا غیر سے
کچھ تو رکھئے عید کے دن کے لئے

سمت دوزخ کی جو محشر میں گنہگار چلے
روک کر راہ کھڑی ہو گئی رحمت تیری

چھیڑ کر کہتے ہیں وہ ملتے ہیں جب
کیوں نظر آتے ہو تم بیمار سے

بچئے اے شیخ پیری میں ضرور
مے مفید از حد ہے اس سن کیلئے

ہوئے جب تنگ ہم سوزِ جگر سے
لگی دل کی بجھائی چشمِ تر سے

کیوں خرامِ نازِ جاناں کی وہ شیدائی ہوئی
بار ہا کی ہے۔ قیامت ٹھوکریں کھائی ہوئی

سعید۔ شمس العلما، مولانا محمد سعید قدس سرہٗ۔ آپ ۱۲۳۱ھ میں پیدا ہوئے ہیں ؎

روز شنبہ بود روز مولدم
سالِ میلادِ بداں صافی ضمیر

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے پائی۔ پھر تکمیل علوم کیلئے کانپور د لکھنؤ کا سفر اختیار کیا۔ مولانا شاہ سلامت اللہ کانپوری اور مولانا مفتی ظہور اللہ عطا فرنگی محلی کے درس سے فیض یاب ہوئے! اور وہیں دستار فضیلت بندھی ۱۲۶۲ھ میں حج کیلئے روانہ ہوئے اور حرمین شریفین کے مشہور علما محدثین سے سندِ اجازت علم حدیث حاصل کی۔ آپ عظیم آباد پٹنہ کے بڑے عالم اور باکمال رئیس نامور تھے۔ صاحب ثروت ہو کر بھی درویشانہ زندگی بسر کرتے تھے اکثر لوگ آپ سے مستفیض ہوئے ہیں۔ انتقال سے چند سال پیشتر گورنمنٹ عالیہ نے آپکو شمس العلما کا خطاب دیا تھا ۱۳۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ کا مزار محلہ مغلپورہ عظیم آباد میں ہے۔ اردو و فارسی دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے تھے۔ فارسی میں آپکا تخلص حسرت اور اردو میں سعید تھا "قسطاس البلاغت" اور تتمہ کلیات موسوم بہ مقصد بلاغت شایع ہو چکا ہے۔ غزلیات میں عالم عرفان کی واردات۔ دنیا کی

بے ثباتی تصوف اور معرفت کا ذائقہ ہے۔ چند اشعار بطور نمونہ درج ذیل ہیں ؎

رہا محروم میں بھی خوبی تقدیر سے ورنہ
لٹی دولت درِ دولت سرا سے بار کیا کیا

اُس تیر نگاہ کا ہدف ہو
کیا تیرا جگر سعید تو کیا

یہ دولت فقر کی کچھ کم نہیں ہے
اگر دنیا نہیں کچھ غم نہیں ہے

فرشتہ ہے جو عصیاں سے بری ہے
نہ ہو جس سے گنہ آدم نہیں ہے

ہیں ابر و برق کیوں خنداں و گریاں
غم و شادی اگر توام نہیں ہے

نہیں وہ دل نہ ہو جس میں غم عشق
نہیں وہ چشم جو پُرنم نہیں ہے

کعبہ کنشت مسجد و میخانہ صومعہ
دکھلائے شوق یار نے کیا کیا مکاں مجھے

سعید ۔ مولوی سعید الدین عثمانی خلف مولوی شرف عرف نیاز علی۔ آپ بنارس کے باشندے ہیں وہیں مختار عدالت ہیں۔ عربی۔ فارسی کی استعداد اچھی ہے۔ انگریزی بھی جانتے ہیں اوائل عمری سے شاعری کا مذاق جزو طبیعت ہو گیا ہے۔ آپ نے چودہ سال کی عمر میں ایک مسدس لکھا جو بنارس کی دنیائے شاعری میں مقبول ہوا۔ آپ ۱۲۷۵ھ میں پیدا ہوئے تھے۔

فارسی اُردو قصائد لکھنے میں مشاق ہیں۔ پیغمبر اسلام کی سوانح عمری بھی نظم کر چکے ہیں تصوف سے طبیعت کو لگاؤ ہے بعض شعر اتنا بلیغ اور بلند کہتے ہیں کہ معنی شکوہ الفاظ کی نقاب میں چھپ جاتے ہیں۔ یا دوسرے پیرایہ میں یوں کہئے کہ شعر کے معنی آپکے ذہن مبارک میں رہتے ہیں۔ بہر حال آپ خاندانی شاعر ہیں حضرت امیر مینائی مرحوم سے مل چکے ہیں اور اُن سے اپنے کلام کی داد پا چکے ہیں ترتیب تذکرہ کے ہنگام میں ایک طول طویل رسالہ حالات و کلام کا موصول ہوا جس کا انتخاب درج کیا جاتا ہے ؎

رباعی

نابود تھا جس نے ابتدا کو دیکھا
اور بود ہوا جو انتہا کو دیکھا
قائل ہمہ اوست کا جو ہے حسن خیال
سجدہ کیا بت میں جب خدا کو دیکھا

طلسم سبزۂ خط نور جاں ہے روئے روشن کا
فرِ فرغ بالِ طوطی آئینہ ہے مرغِ گلشن کا

فلک فانوس روشن ہے کسی شمع مدفن کا
خود طعنہ زنی کرتی ہے تدبیر بگڑ کر
جب سے بجز اکھوکے خودی انیہ فدا ہوں
سامان توکل ہے مجھے عظمت شاہی
آنسوؤں سے اس قدر آنکھوں نے سینچا نخل غم
سعید اک شمع کافوری دم سرد اپنا روشن ہے
کتنے پیوند زمیں ہوگئے عزت والے
ٹپکے جو آنسو کا قطرہ لعل لب کی یاد میں
دل ہمارا تو نے لے بت پارہ پارہ کردیا
اُن کے ملنے کی خبر پاکے بھی دھڑکا نہ گیا
بارہا آج ہے بیوجہ پس پشت نگاہ

صبا کافی نہ تھا شاید سہارا تیرے دامن کا
کیا بن پڑے ۔ رہ جائے جو تقدیر بگڑ کر
خود مجھکو یہ معلوم نہیں کون ہوں کیا ہوں
دریوزہ گر نقش حصیر فقرا ہوں
ساغر نرگس میں باقی بوند بھر پانی نہیں
جلایا آہ کے شعلہ سے تار رشتۂ جاں کو
بے نشاں ہیں جو کہے جاتے تھے نوبت والے
تا بداماں گوہر اشمر بنے اور ٹوٹ جائے
سخت حیرت ہے خدا کا گھر بنے ٹوٹ جائے
وعدۂ وصل تو ہے رات مگر چھوٹی ہے
آپ جھجکیں نہیں یہ سانپ نہیں چوٹی ہے

سفلی — عنایت خاں عرف کالیخاں ظریف ۔ بذلہ سنج ۔ لطیفہ گو شاعر تھے ۔ ہزل گویان ملک میں انکا نام نکلا ہوا ہے ۔ آگرہ کے باشندے تھے اور عرائض نویسی سے بسر اوقات کرتے تھے بڑے حاضر جواب تھے حُسن مذاق کا یہ عالم تھا کہ پھلجھڑی کی طرح منہ سے پھول جھڑتے تھے ۔ ظرافت اور حاضر جوابی نے انکو راجہ بلوان سنگھ کاشی کے دربار تک پہنچا دیا تھا ۔ مولوی نیاز علی پریشاں نے جو آگرہ میں ۱۲۸۶ھ میں مشاعرے کئے انمیں شریک تھے اور اسوقت انکی عمر ۴۰ برس کی تھی ۔ تنگدستی کے باوجود اپنی زندہ دلی کو قایم رکھا ۔ میرزا حاتم علی مہر اکبر آبادی سے تلمذ تھا ظریفانہ رنگ میں بات نکالتے تھے ۔ عرصہ تک انکا کلام اودھ پنچ ۔ آگرہ پنچ ۔ گلدستۂ دامن بہار میں شایع ہوتا رہا ہے ۔ ۱۹۰۵ء میں انتقال کیا ۔ ایک دیوان غیر مطبوعہ مرتب کیا تھا خدا جانے مرنیکے بعد اسکا کیا حشر ہوا ۔ کچھ اشعار جو ہاتھ آئے ہیں مندرجہ ذیل ہیں ۔

واہ وا رے ملک الموت تیری باریکی
گھس گیا ناک میں نمردھ کے مچھر بنکر

معشوق بچہ زادے سفلی خدا بچائے
کیا انتشار ہوتا ہے کل پل کو دیکھ کر

میں اپنی ناتوانی پہ روتا ہوں اس لئے
اب لوگ دیکھتے مجھے عینک لگا کے ہیں

بادہ پیوں کہاں سے میں فصل بہار میں
نقدی تھی جسقدر وہ گئی سب اُدھار میں

انگور تر میں ہے نہ وہ لذت انار میں
منعم جو ہے مزا مری میٹھی جوار میں

اے گل ترے فراق میں کانٹا سا ہو گیا
مجھ سے زیادہ بوجھ ہے پھولوں کے ہار میں

عروضی خردہ گیر شاعران باصفا ٹھہرے
دہانی جسطرح سے عیب جوبی اولیا ٹھہرے

کہا کرتے ہیں فاسق میکشوں کو حضرت زاہد
بڑی داڑھی بڑھا کر یہ بنے اک پارسا ٹھہرے

نکالو گھر سے ایسی چوٹی ماما کا کالا منہ
کہ چکلے پر نہ بیلن اور نہ چولھے پر توا ٹھہرے

کریں اشراف کیا فرمائے اس قحط سالی میں
نہیں لتّا بدن پر اور پاپند قبا ٹھہرے

چڑھا دو گل مرے مرقد پہ اے گل اندامو
یہ اپنے گل گلے لیجاؤ زین خاں کے لئے

تباہ مجھکو بھنگیڑو کدھر گئے میکش
بھٹکتا پھرتا ہوں میں اپنے کارواں کیلئے

آیا۔ صاحب کے بیم کے۔ مس کے
دل اٹھاؤں میں نازکس کس کے

سفیر — مولنا حافظ شاہ محمد سفیر الحق۔ آپ پھلواری ملک بنگال کے شرفائے نامی سے تھے۔ عالم فاضل قاری ہونیکے سوا تصوف اور معرفت میں یکتائے روزگار تھے۔ ارباب سلوک اور مریدان باصفا اکثر کشف و کرامات کو آپکی طرف منسوب کرتے ہیں۔ شاعری میں اپنے وقت کے طوطی بنگالہ تھے ہمیشہ انکے ارد گرد شاگردوں کا مجمع رہتا تھا۔

ابتدا میں امجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ کی سرکار میں کسی معزز عہدہ پر ممتاز ہوئے۔ شاہی فرمایش سے آپنے ایک مثنوی "نصیب نامہ" کے نام سے فارسی زبان میں کہی جو تقریباً ہزار شعر کی ہوگی علم حساب میں ید طولیٰ حاصل تھا اور رسالہ "تسہیل الحساب" آپ کی تالیف ہے۔ خواجہ وزیر برق آفتاب الدولہ قلق کے دوستوں میں تھے اور وہ انکے زہد علم و فضل کیوجہ سے بڑی عزت کرتے تھے۔ ۲۰ شعبان سنہ ۱۲۷۱ھ میں تلاوت قرآن مجید کرتے ہوئے آپکی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ ایک

دیوان فارسی کا اور ایک دیوان اردو کا انکی یادگار ہے۔ جو مولانا تمنا صاحب کے پاس ہے۔ فارسی کلام میں صوفیانہ جذبات خوب ادا کرتے تھے۔ اردو میں۔ سادگی۔ صفائی زبان۔ آئینہ بیان کا جوہر تھا۔ کلام یہ ہے ؂

جو سر ہے تو در ان سر بھی رہیگا
جگر ہے تو درد جگر بھی رہے گا

یہیں بیٹھا بیٹھا ہیں گذرو نگا جی سے
حضر بھی رہے گا سفر بھی رہے گا

وہ دل جسکو ہم کعبہ سمجھے ہوئے ہیں
کبھی ایک کافر کا گھر بھی رہے گا

ذرا حسرتو کچھ جگہ دیں چھوڑ دو
یہیں انکا تیر نظر بھی رہے گا

صبا مت سنا موسم گل کی باتیں
اری اُن دنوں بال و پر بھی رہے گا

جہاں تیرے کوچہ میں لاکھوں پڑے ہیں
سفیر ایسا شوریدہ سر بھی رہے گا

حوادث ملے عالم میں یہاں کون کب ہے
دکھاتی رہتی ہے تقدیر کیا کیا دیکھتے رہیے

یہی جی چاہتا ہے خیر باد اے عقل دیں کہکر
فقط بیٹھے ہوئے چہرا تمہارا دیکھتے رہیے

سفیر اس کے سوا اس دور میں چارہ نہیں کوئی
کہ چالیں کس طرح چلتی ہے دنیا دیکھتے رہیے

سفیر ۔ خواجہ بادشاہ سفیر خلف و شاگرد خواجہ وزیر مرحوم لکھنوی۔ قابل باپ کے بیٹے تھے۔ مگر فلک بے مہر کی کج ادائی نے نشو و نما کا موقعہ ندیا۔ زمانہ کے انقلاب سے ہمیشہ پریشان رہے لکھنؤ کی علمی ادبی صحبتیں درہم برہم ہوجانے سے انہوں نے گوشہ نشینی اختیار کرلی تھی۔ نہایت خاموشی سے زندگی گذارتے تھے۔ دوستوں کے اصرار سے مشاعروں میں کبھی کبھی شریک ہوتے تھے۔ مزاج میں تکبر و غرور چھو بھی نہ گیا تھا مگر خودداری میں اپنے باپ کے قدم بقدم چلتے تھے۔ لوگوں کے احسانات سے بچتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے شاعری کو اپنا ذریعہ معاش نہ بنایا اور دیگر اساتذہ کیطرح شاگردی کے سلسلہ میں تلامذہ سے کچھ وصول نہ کیا۔ رؤسائے ملیح آباد انکے قدردان تھے ناقدری ہائے زمانہ سے دل شکستہ ہوکر اپنا بہت سا کلام ضایع کردیا۔ اپنے چوٹی کے شعر بھی دوسروں کو دیدئے۔ اب جو کچھ گلدستوں میں یا تذکروں میں انکے نام سے اشعار نظر آتے ہیں وہ۔

"اُستاد زادہ" ہونیکے درجہ سے بہت کم ہیں اپنے کلام میں دنیا کے انقلاب کی تصویر خوب کھینچتے تھے۔ ایک مثنوی موسوم بہ "گلشن عشق" مطبوعہ موجود ہے سنہ ۱۲۹۰ھ میں زندہ تھے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

اے فلک غم کہاں تلک کھائیں ۔ بھر گیا بھر گیا ہمارا پیٹ
دیکھ لیںگی جو برگِ گل سی لب ۔ بلبلیں دینگی جاں ہونٹوں پر
کیا کوئی اُن لبوں کا لے بوسہ ۔ مستی ہے پاسبان ہونٹوں پر
آبِ خنجر سے ابتو پیاس بجھاؤ ۔ نکل آئی زبان ہونٹوں پر
ہم نے جب یاں خیالِ بو کیا ۔ پڑ گئے واں نشان ہونٹوں پر
بہار عارض گلرنگ ہو نصرفِ خزاں ۔ رہے یہ پھول ہمیشہ بہار کے قابل
سفیر کشتۂ تیغِ ہلال ابرو ہوں ۔ چراغِ ماہ ہی اپنے مزار کے قابل
داغ سینہ کا غیرتِ گل ہے ۔ نالۂ دل صفیرِ بلبل ہے
ساکنِ گوشۂ قناعت ہوں ۔ پاس سرمایۂ توکل ہے
ماہ کامل کو تجھسے کیا نسبت ۔ یاں ترقی ہے واں تنزل ہے
مدتوں میں اُٹھی سفیر کی لاش ۔ کشتۂ خنجرِ تغافل ہے

مرگیا میں عاشق دیدار بر آئی مراد ۔ خانۂ بت میں ہے طیاری خدائی رات کی
یُوں دیکھو، ساری شیخی کرکری ہو جائیگی ۔ تاب کب ہے اُس لب نازک کو آدھی بات کی
بجا ہے کھٹکے پھٹتی اے بت بے پیر پتھر کی ۔ خموشی نے بنایا ہے تجھے تصویر پتھر کی
خدا محفوظ رکھے یکماں ابرو قیامت ہیں ۔ حقیقت کیا سمجھتا ہے نگہ کا تیر پتھر کی
بتوں پر جان دینے کی مرے پر یہ نشانی ہو ۔ لگا دینا مری تربت پہ اک تصویر پتھر کی
چڑھا جس نے سر تجکو اسی کا تو نے سر کاٹا ۔ ادا رسم رقابت تو نے اے کلگیر پتھر کی
کڑی باتوں سے اِنکی شیشۂ دل چور ہوتا ہے ۔ بتانِ سنگدل کرتے ہیں کیا تقریر پتھر کی

یہ شمشیر ابرو سر جھکائے اور دم نہ مارے	کہاں سے لائے چھاتی عاشقِ دلگیر پتھر کی
نہ پائے سنگدل عزت متاعِ خاکساری سے	سراپا خاک ہو جل کر نہ ہو اکسیر پتھر کی
سفیر آنسو بہاؤں کیوں نہ اسکی تشنہ کامی پر	ہوئی بوچھار جب سر کربلا میں تیر پتھر کی

سفیر ۔ لفٹنٹ میر شایق حسین خاں ۔ حال ٹرانسپورٹ افسر اعلیٰ حضرت حضور بندگانِ عالی شاہِ دکن ۔ تشبیہات اور استعارات سے طبیعت کو لگاؤ ہے ۔ طرزِ بیان معقول ہے ۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

کوچۂ زلف میں افشاں کا چراغاں جو ہی آج	شام گیسوئے سحر رخ سے بھی نورانی ہے
ابتو موقعہ ہی نصیحت کا نہیں اے ناصح	کہہ چکا تجھسے کہ یہ سب مری نادانی ہے
وہ چلے آئینگے گھر یہ کسے تھی امید	کیوں میں گھر میں نہ رہا اسکی پشیمانی ہے
پچھلی باتوں کا شبِ وصل نہ ہو ذکر کہیں	صبح ہو جائیگی قصہ مرا طولانی ہے
دل مرا حضرتِ آصف پہ تصدق ہی سفیر	واہ کیا شان ہے کیا طرزِ جہانبانی ہے
دست و بازو کی ترے پھر میں کرونگا تعریف	دیکھ لوں کھینچ کے ناوک تو جگر سے پہلے
شرمِ رسوائی گریہ نے ڈبویا مجھکو	اتنا پانی تھا نہ اونچا مرے سر سے پہلے
قتل کرنیکو ہوئی انکی نزاکت مانع	پڑگئے بل مری قسمت میں کمر سے پہلے

سفیر ۔ منشی فخر الدین صاحب دورِ موجودہ کے خوشگو شاعر اور کاکوری کے رہنے والے ہیں ادیب جلد سنہ ۱۹۱۶ میں آپکی ایک نظم شایع ہوئی ہے جو مشہور شاعرہ مسز سروجنی نائڈو کی تصنیف سے اخذ کیگئی ہے ۔ اسکے چند بند اور کچھ شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

نارسائی سے تری بخت سیہ کیا ہو گا	مجھکو تجھسے نہ کبھی شکوۂ بیجا ہو گا
میں نہ ہوں گا کبھی امداد کا خواہاں تجھسے	تیرا اے بخت نہ احسان گوارا ہو گا
بن گیا ہے تو مری جان کا دشمن لیکن	سر جدا ہو نہ جدا سر سے یہ سودا ہو گا
ٹوٹ بھی جائیں اگر میری امید و نکے علم	کم نہ ہرگز یہ میرا ذوقِ تماشا ہو گا

مل گئی خاک میں گو سلطنتِ وہم و خیال
اس خرابے میں گراں مایہ خزانہ ہوگا

لاکھ تو لذتِ گفتار سے کر دے محروم
لب پہ لیکن نہ کبھی حرفِ تمنا ہوگا

گنگ ہو جائے اگر میری زبان گویا
دلِ نالاں صفتِ بلبلِ شیدا ہوگا

باغ میں نغمۂ پرشورِ عنادل ہوں ہزار
نالۂ دل کا مگر رنگ نرالا ہوگا

تضمین بر غزل اکبر الہ آبادی

مردمِ دیدۂ بسمل میں دمِ بیتابی
یا سیہ مستیِ چشمِ ستم آرا ہوں میں

کشتۂ تیغِ ادا طائرِ پربستہ ہوں
خرمنِ سوختۂ برقِ تجلی ہوں میں

گرمِ نظارۂ گلچینِ بہارِ گلشن
محوِ آئینۂ حسنِ رخِ زیبا ہوں میں

بالِ پروازِ پئے طائرِ فکرِ رنگیں
تازگیِ ثمرِ نخلِ تمنا ہوں میں

ہر گھڑی کام ہے اعجازِ مسیحائی سے
جلوۂ طور ہے مجھ میں یدِ بیضا ہوں میں

رازِ سربستۂ نیرنگِ جہاں میرا وجود
بزمِ امکاں میں عجب ایک معما ہوں میں

صیدِ لاغر ہوں گرفتارِ بلا ہوں لیکن
بستۂ دامنِ صیادِ دل آرا ہوں میں

دل دیوانہ ہوں گو آپ کے نزدیک سفیر
چشمِ بد دور کسی آنکھ کا تارا ہوں میں

اقتباس از [illegible]

ہمیشہ سے میں عہدِ سلطنت ہوں دار فانی میں
کئی صدیاں بسر کیں میں نے دورِ حکمرانی میں

ہزاروں سو رہا جو پرورِ آغوش تھی میرے
ہیں جنکے نام روشن آج بھارت کی کہانی میں

ستارہ اوج پر تھا میرا مغلوں کی حکومت میں
رواں تھا میرا اسکے دولتِ صاحب قرانی میں

گذشتہ شان و شوکت ہی در و دیوار سے پیدا
بسر کی روز و شب کس طرح عیش و کامرانی میں

رولائے حملۂ نادر نے لیکن خون کے آنسو
لہو جب بے گناہوں کا بہا جمنا کے پانی میں

مجھے یاد آتے ہیں خوابِ پریشاں اگلے وقتوں کے
مہابھارت نے ڈالا کس بلائے ناگہانی میں

غنیمت ہوں کہ اب تک یادگارِ عہدِ ماضی ہوں
نمونہ بن گئی عبرت کی میں دنیائے فانی میں

حیاتِ تازہ ہے لیکن ورودِ مرکبِ شاہی
مری تقدیر جاگی آج عہدِ شادمانی میں

مزے ملتے تھے کیا کیا تلخ کامی کے مجھے لیکن
حلاوت مل رہی ہے آتو شہ کی مہربانی میں

جنابِ قیصرِ ہندوستاں کا سایہ ہے سر پر
دوبارہ اوج پایا میں نے دورِ آسمانی ہیں

گرمیوں کی ہے یہ شدت اِک بلا میرے لئے
بھر کے ساقی ساغرِ برف آب لا میرے لئے

رات بھر منہ سے نکلتی ہے صدائے العطش
دورِ دن ہے روزِ محشر سے سوا میرے لئے

گرمیوں میں مارے پیاس کی شدت سے ہوں میں جاں بلب
قطرۂ برفاب ہے آبِ بقا میرے لئے

جانستاں ہے کسقدر یارب تموزِ آفتاب
ہر شعاعِ مہر ہے تیرِ قضا میرے لئے

پاؤں کے نیچے زمیں مانندِ گلخن گرم ہے
سر پہ ہے چرخِ ستم گر آسیا میرے لئے

تابشِ خورشید میں گھر سے نکلنا ہے محال
فصلِ گرما بن گئی زنجیرِ پا میرے لئے

دوپہر کو سایۂ اشجار جنت ہے مجھے
منظرِ آبِ رواں ہے جانفزا میرے لئے

جنت نظارہ ہے سیرِ لبِ جو آج کل
پنکھیا ہے سبزۂ خضرِ رہنما میرے لئے

بوئے سنبل مست کر دیتی ہے گرما میں مجھے
بن گئی یہ نکہتِ زلفِ رسا میرے لئے

یادِ روئے صندلی میں غش پہ غش آنے لگے
دردِ سر کی ہے یہ گرمی میں دوا میرے لئے

موسمِ گرما میں ہوں میں تشنہ کامِ آرزو
شربتِ دیدار ہے آبِ بقا میرے لئے

نازنینوں کیلئے پھولوں کا زیور چاہئے
بوئے گُل کی ہو فقط اک پنکھیا میرے لئے

شام کو نکلے ہوا کھانے بتانِ آزری
گرمیاں ہیں کسقدر راحت فزا میرے لئے

نالۂ جانسوز ہے گویا یہ مصرع اے سفیر
شمعِ کشتہ ہوں فنا میں ہے بقا میرے لئے

مجنوں جو دشت گرد گریباں دریدہ ہے
قمری میانِ سروِ چمن آرمیدہ ہے

نسرین و نسترن سے ہے آرائشِ بہار
سبزہ کنارِ موجِ صبا نو دمیدہ ہے

پیش از طلوعِ صبح شفق ہے جو لالہ زار
لیلائے شب اک آہوئے مشکیں رمیدہ ہے

کبک و تدرو محوِ فضا میں سبک خرام
شبنم بروئے گُل کوئی اشکِ چکیدہ ہے

پانی میں مچھلیاں ہیں کہ ہے آہ شعلہ ریز
تارِ شعاعِ مہر کہ رنگ پریدہ ہے

فصلِ بہار آج صلائے نشاط ہے
دل ہے شکستہ پر مگر آفت رسیدہ ہے

اوج ہلال عید ہے شکل وصال دید	دیکھیں کہ دیکھتا کہیں وہ شوخ دیدہ ہے

سفیر

سفیر۔ مولوی محمد صدیق حسن صاحب۔ آپ نگینہ ضلع بجنور کے باشندے ہیں۔ نومشق شعرا میں ہیں لیکن طبیعت شوخ پائی ہے۔ کلام میں چلبلاپن ہے۔ جوہر فکر یہ ہے۔

مجھے جو کہتے ہو ہر بار تم کہ تو کیوں ہے	تمہاری بزم میں اچھا تو پھر عدو کیوں ہے
یہ میکدہ نہیں گھر ہے خدا کا اے واعظ	یہاں یہ ذکر مے و جام اور سبو کیوں ہے
جنون جامہ دری کا یہ جو شغل ہی ٹھہرا	تو روز جیب و گریباں میں پھر رفو کیوں ہے
شراب تم نہیں پیتے یہ ہم نے مانا سفیر	مگر زمانہ میں بدنام چار سو کیوں ہے

سکندر

سکندر۔ خلیفہ محمد علی دہلوی تلمیذ ناجی۔ مرثیہ خوانی میں نامور تھے ۱۸۰۸ء میں وفات ہوئی ساٹھ برس کی عمر پائی۔ شاہ مردان دہلی میں دفن ہوئے فن شاعری سے ماہر۔ نکتہ طراز معنیٰ آفریں سخنور تھے۔ قدرت اللہ شوق کا قول ہے کہ پنجاب کے باشندوں میں نہایت خوش طبع ظریف مزاج تھے۔ شبانہ روز مخمور رہتے تھے۔ مرثیہ گوئی میں اچھی شہرت حاصل کی تھی۔ کلام یہ ہے ؎

قیس صحرا میں رہا کوہ میں فرہاد رہا	میں بگولے کی طرح دشت میں برباد رہا
گر رہی مانگ میں دل میرا آہ ڈھونڈوں کدہر	کہ آدھی رات اُدھر اور آدھی رات اِدھر
نہ دیکھا ہو جو کسی نے حباب دریا میں	وہ دیکھ لے مری چشم پر آب دریا میں
سحر گذرا چمن میں کون سا خورشید رو یارب	کہ شبنم گل کے منہ پر اب تلک پانی چھڑکتی ہے
کبھی فرقت میں شب کو آنکھ گر میری جھپکتی ہے	اُسی دم روح کوچہ میں ترے جا کر بھٹکتی ہے
مبادا آگ لگ جاوے مردکی ترے دلکو	گلے لگنے سے اس دل سوز کی چھاتی دھڑکتی ہے

سکندر

سکندر۔ منشی سکندر خاں دہلوی۔ حضرت مومن کے تلامذۂ خوش عقیدہ میں سے تھے۔

کس کا نام اسکی زباں پر ہے کہ اس نفرت پر	حرف ناصح سے دماغ اپنا پریشاں نہ ہوا

سکندر

سکندر۔ نواب سکندر میرزا خلف نواب میرزا ابوالحسن خانصاحب۔ آپ لکھنؤ کے

خاندان شاہی سے ہیں اور وثیقہ دار ہیں ۱۸۸۷ء میں سید امیر حسن صاحب فروغ کے مشاعروں میں شرکت فرمایا کرتے تھے قدیم استعاروں کے فدائی ہیں۔ پرانی تشبیہات سے بیان میں سجاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

جوشِ جنوں میں جامۂ دری سے تنگ ہوں
دامن اگر سیا تو گریبان نکل گیا

مار ڈالا نگہ یار نے جادو ہو کر
تیر کا کام کیا چشم نے آہو ہو کر

طاقِ ابرو میں عجب ہے خالِ سیاہ آزاد
کس طرح داخلِ کعبہ ہوا ہندو ہو کر

چاہ میں زہرہ جبیں کے ہیں فرشتے بھی اسیر
شانِ معبود ہے یہ حسن بشر رکھتے ہیں

داغِ سوزاں بھی ہے اور داغِ جگر بھی ہے یہیں
اے فلک سینہ میں ہم شمس و قمر رکھتے ہیں

میں جو زنداں میں گیا شوقِ اسیری دیکھا
بعد مرنے کے بنے گی یہیں تربت میری

زمانہ گذر گیا عدم کو نہ دیکھا دم بھر کبھی ارم کو
تلاش کوئے صنم ہے ہم کو تو روح اب تک بھٹک رہی ہے

سکوت۔ منشی ناظر الحق صاحب مرحوم خلف مولوی عبدالرحمن صاحب باقی۔ ساکن امروہہ فن شعر گوئی میں اپنے ماموں زاد بھائی حضرت ساکت مرحوم کے شاگرد تھے۔ دو تین برس کی مشق میں ایک دیوان مرتب کر لیا تھا مگر قضا و قدر کے ہاتھوں شاعری راس نہ آئی۔ اٹھتے ہوئے شباب میں جبکہ ۲۵ برس کی عمر تھی فن طب کی تکمیل کرتے کرتے عمر کی تکمیل کر لی۔ گو مرحوم نو مشق شاعر تھے مگر کلام سے پختگی اور جودت طبع ذہن رسا کا ثبوت ملتا ہے۔ بندش کو خوبصورت بنانے۔ الفاظ کو پلٹنے میں مہارت تھی۔ شعر میں دونوں برابر کے مصرعے مزا دیجاتے تھے انتخاب کلام یہ ہے ؎

ٹھہرا جو وقتِ ذبح ذرا ہاتھ یار کا
ارماں مچل گیا دلِ امیدوار کا

پردہ جو رخ سے بزم میں اُسنے اٹھا دیا
آنکھوں کو شمع طور کا جلوہ دکھا دیا

حسرت مری حسرت ہی کہ پوری نہیں ہوتی
مطلب مرا مطلب ہے کہ حاصل نہیں ہوتا

شبِ وصال کسی کے وہ ہائے نازک ہاتھ
پڑے رہے مری گردن میں ہار کی صورت

نہ کھلے بند قبائے بت بے پیر کے پیچ	سامنے آ گئے میرے مری تقدیر کے پیچ
آئینہ دیکھنے میں جو ناز و غرور ہے	تم بولتے نہیں تو مقابل کو کیا غرض
تم سے کروں شکایت جور و ستم فضول	تم سے کہوں حکایت رنج و الم غلط
یہ مشغلہ شراب کا ہے صرف اسلئے	ہوتا ہے دو گھڑی کیلئے اس سے غم غلط
چتون یہ کہہ رہی ہے کہ اب کھل ہی کھیلئے	آنکھیں یہ کہہ رہی ہیں کہ ہاں خوب کر لحاظ
ٹھہرو ٹھہرو ابھی افسانۂ غم باقی ہے	اور کہتا ہوں ذرا صبر تو آ لے دل کو
میرے دل سے جو نہ نکلے وہ ہی ارماں میرا	لگ کے دل سے جو نہ نکلے وہ ملال انکا ہے
جو میرے دل میں نہ آئے وہ برائی انکی	جو مرے دل سے نہ جائے وہ خیال انکا ہے
اے کفن تو ہی مرا وحشت میں پردہ ڈھانک لے	ننگ جسم زار ہر پوشاک عریانی ہوئی
بے حجابانہ وہ یوں دیتے ہیں اغیار کو جام	شرم آتی ہے صراحی کو بھی پیمانے سے

سلام

سلام - نجم الدین صاحب خلف الرشید شرف الدین علیخاں اکبر آبادی۔ صرف ایک شعر آپ کا دستیاب ہوا ہے جو درج ذیل ہے ؎

حدیث زلف چشم یار سے پوچھ	درازی رات کی بیمار سے پوچھ

سلام

سلام - سید خواجہ معین الدین چشتی۔ ولد خواجہ فخر الدین متخلص بہ فخر۔ آپکی ولادت شہر مدراس میں ہوئی ہے مگر حیدر آباد میں تعلیم و تربیت پائی۔ اب سکندر آباد کے ڈاکخانہ میں ملازم ہیں عربی و فارسی میں مختلف اساتذہ کے سر چشمۂ علوم سے فیض یاب ہوئے علم عروض میں سید محمد مصطفےٰ صاحب خورشید لکھنوی سے استفادہ کیا۔ ابتدائے مشق سخن میں حضرت بقا لکھنوی فرزند جناب میر وزیر علی صبا مرحوم و مولانا شمشاد لکھنوی سے اصلاح لیتے رہے۔ مگر کچھ عرصہ بعد سید کاظم علی صاحب جیب کنتوری یادگار خاندان شیخ ناسخ مرحوم کے سامنے زانوئے ادب تہ کیا۔ اور انکے فیض نے آپ کو نکات شاعری سے آگاہ کر دیا۔ اور سابقہ کلام بھی انہیں کی نگاہ سے گذرا۔ آپکے دو دیوان غیر مطبوعہ آپکے پاس موجود ہیں

آپ کی عمر ۵۰ سال کی ہوگی۔ شعر خوب کہتے ہیں۔ کلام میں لطافت ہے اور فکر بلند ہے آپ نے حضرت خواجہ معین الدین چشتی کی سوانح عمری بھی لکھی ہے۔ ذیل کے اشعار طبع کی جولانی کا حال بتاتے ہیں ؎

یہ خاموشی نہیں ہے پاسِ ناموسِ محبت ہے
اگر چاہوں تو نالوں سے مرے کیا ہو نہیں سکتا

ملٹ ای پاس ہیں لاکھوں تمنائیں ہیں دل پہ
چھپے ظلم تبتک نہ آتی نظر ستم ہو نہیں سکتا

نہ گئی وصل میں ناکامیٔ قسمت نہ گئی
داغِ حسرت ہی مرے کشت کا حاصل ٹھہرا

ہے ستم لطف کے پردہ میں خفا ہو جانا
دل دکھاتا ہے یہ باتوں میں خفا ہو جانا

الٰہی بزم میں یہ کون سا مستِ شباب آیا
پڑیں کس کی نگاہیں رقص میں جامِ شراب آیا

کہاں وہ سادگی بچپن کی دورِ انقلاب آیا
ہوئی مستِ مئے نخوت کہ اب عہدِ شباب آیا

ہے دل کیطرح دیدہ حیراں میں جائے دوست
یہ اونچے دو مکاں ہیں دولت سرائے دوست

دیکھ روتی ہیں لپٹ کر حسرتیں
رحم کر ظالم نہ دل سے تیر کھینچ

قتلِ عاشق سے پہلا قاتل کا داغِ آرزو
خون نے گل کاریاں کیں دامنِ شمشیر پر

جوشِ وحشت میں کھلاتی ہے پایانِ عروج
جب پھٹا اپنا گریباں آگیا دامن کی پاس

جائے عبرت ہے مزارِ عاشقِ حرماں نصیب
حسرتیں سر دھن رہی ہیں ہر طرف دامن کے پاس

تیرے جلوہ سے بڑھی تنویرِ پشتِ آئینہ
خوب چمکا اخترِ تقدیرِ پشتِ آئینہ

رحم کر اے موت چلاتی ہے میری بیکسی
پھر رہی ہیں حسرتیں ہر سمت گھبرائی ہوئی

قیدِ غم سے تو کسی طرح رہائی ہوئی
وہ نہ آیا نہ سہی موت ہی آئی ہوتی

ہوتی تلوار نہ گر میرے لہو کی پیاسی
یوں زباں اسکی نہ باہر نکل آئی ہوتی

دل مرا لیکے مجھی سے یہ ڈھٹائی تو یہ
میرے آگے تو ذرا آنکھ جھکائی ہوتی

سچ بتا دے تجھے دزدیدہ نگاہوں کی قسم
ہم سے کیوں دل کی طرح آنکھ چرا رکھی ہے

تیرے دیوانے کو ہے دشت میں لطفِ شاہی
مہر نے مسندِ زرتار بچھا رکھی ہے

بھر نذر نگہ ناز و ادا و انداز		سر جدا قلب جدا جان جدا رکھی ہے	

سلامت

سلامت - جناب سلامت علی مرحوم عظیم آباد کے قدیم شعرا میں سے تھے - یہ چند شعر شوق کے تذکرہ سے انتخاب کئے جاتے ہیں ؎

عاشق تو ہو چکے سب اب ایک ہم رہے ہیں		تلوار کھینچ کر کے کیوں آپ تھم رہے ہیں	
کٹتے ہیں رونے میں اب روز زندگانی کے		مرے یہ دیدۂ تر بلبلے ہیں پانی کے	
آہ اپنی ناتواں ہے پہلو کو تھام کر کے		آتی ہے دل سے باہر لاکھوں مقام کر کے	
کھتے ہو کیوں سلامت ہے عاشقی میں بودا		کیجئے نہ قتل آکر گر قصدِ امتحاں ہے	

سلامت

سلامت - جناب سلامت اللہ خاں صاحب - آپ شاہجہانپور کے ساکن ہیں حضرت نائب شاہجہانپوری کے شاگرد ہیں طبیعت معنی سنج ہے - دو شعر مندرجہ ذیل ہیں ؎

شہر ملکے آپ کے دُرِ دنداں کی آب سے		دریا سے قرض لینے کو پانی گہر گئے	
الفت میں ان بتوں کی سلامت قرار و صبر		دل سے نکل کے ہائے نجانے کدھر گئے	

سلطان

سلطان - مرزا بابر بخت - خاندان شاہی دہلی کے افراد سے معلوم ہوتے ہیں - اور سرکار دکن سے پنشن پاتے ہیں - کلام شاہانہ شوکت سے معمور ہے - شعر میں کبھی انقلاب دوراں کی شکایت بیان کرتے ہیں کبھی گذشتہ اقبال کی تمنائیں - شاید غدر کا پُر آشوب نظارہ انکی نگاہ سے گذر چکا ہے - ٹوٹے ہوئے دل کی ندا یہ ہے

مفلس ہوئے ہیں ملک بھی برباد ہو چکا		اب تو پناہ لینے دے اے آسماں کہیں	
یارب ظفر کے باغ کو آ یا دپھر دکھا		فصلِ بہار آئے یہ جائے خزاں کہیں	
حالت ہماری اسکے مطابق ہے من و عن		بلبل کہیں ہے باغ کہیں باغباں کہیں	
آصف تمہاری ملک میں اللہ کا شکر ہے		دلی کے پائے جاتے ہیں کچھ کچھ نشاں کہیں	

سلطان

سلطان - میرزا سلطان شاہ گورگانی خلف الرشید میرزا جمعیت شاہ ماہر دہلوی - زبان دل آرا - بیان پیارا - مضامین خوش اسلوب - غدر میں زندہ تھے - عروس طبع کی

زیبا ہیں یہ ہے ؎

عہدِ طفولیت بھی نہیں سلطنت سے کم	سلطان شاہ کیوں نہ کہے اک جہاں مجھے
بے جلائے دل و جگر جل جائے	کیا بُری آگ ہے محبت کی
آتے آتے وہ پھر گئے گھر کو	یہ بھی خوبی ہے اپنی قسمت کی

سلطان

سلطان ۔ راجہ خواجہ طالب علیخاں خلف خواجہ حسین علی بخاری ۔ دہلوی الاصل تھے مگر کلکتہ میں سکونت اختیار کر لی تھی کسی کے شاگرد نہ ہوئے ۔ زمانۂ قیام لکھنؤ میں بڑے دھوم کے مشاعرے کئے ۔ اپنے خسر کی وفات کے بعد انکو شہر گھاٹی کی مسند نشینی ملی ۔ آخرکار ۱۲۷۲ھ میں چالیس سال کی عمر پاکر دنیا سے رحلت کی انکی ننہیال کا سلسلہ خاندانِ خواجہ میر درد سے تھا ۔ شاعر خوش افکار ہیں ۔ دو تین دیوان انکی یادگار ہیں ۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

اک نئی طرح کا ہر حلقہ نے پھندا مارا	تو نے او زلف مسلسل مجھے الجھا مارا
دل کی جا سینے میں میری اسکا پیکاں رہ گیا	میزباں جاتا رہا اور گھر میں مہماں رہ گیا

کمر لچکی تو وہ گل ہنس کے بولا	بھرا ہے پھولوں سے دامن ہمارا
وار کیا معلوم ہو تیغ نگاہ یار کا	ساحلِ بحر فنا ہے گھاٹ اس تلوار کا

رندوں نے آج نشے میں کیا دھج نکالی ہے	مینا بغل میں سر پہ سبو جام دوش پر
روزِ قیامت اور شب ہجر ایک ہے	اسکی جو شب نہیں ہے تو اسکی سحر نہیں
دام بلائے عشق میں ہم بے سبب پڑے	کم بخت دل یہ ہائے خدا کا غضب پڑے

سلطان

سلطان ۔ رؤسائے قدیم لکھنؤ سے ۔ مؤلف تذکرہ سراپائے سخن کا خیال ہے کہ نواب معتمد الدولہ کی دختر کے بیٹے تھے ۔ شعر کہنے میں مشاق اور صاحب دیوان تھے ۔ کلام دور از کار استعارات ۔ رعایت لفظی کی وبائے عام سے پاک صاف تھا طبیعت چوٹ کھائی ہوئی تھی فکر جگر افگار یہ ہے ؎

کب تک تری یہ ہجر کے صدمے اُٹھائے دل	ڈر ہے یہی کہ جان سے اپنی نہ جائے دل

تھی وہ نگاہ یا کوئی ناوک کا تیر تھا
ملتے ہی آنکھ رہ گیا میں کھو کے ہائے دل

سینہ اگر ہے داغوں سے معمور کیا ہوا
خالی ہے تیرے واسطے عشرت سرائے دل

سلطان

سلطان۔ نواب محمد سجاد علیخاں المخاطب نواب اشرف الدولہ لکھنوی حضرت امجد علیشاہ کی بیٹی افسر بیگم صاحبہ چھوٹی شاہزادی کے متبنیٰ فرزند اور بڑے باوضع شاندار رئیس تھے نواب مرحوم ۱۲۶۸ھ میں پیدا ہوئے۔ ناز و نعمت کے گہوارہ میں تربیت و نشو و نما پائی۔ آپ واجد علیشاہ کے ہمشیرزادہ تھے اور آپکی بہن میرزا حامد علیخاں کوکب ولی عہد سے منسوب تھیں شعر میں ٹکسالی بیگماتی محاورات فصیح زبان برتتے تھے۔ بساط سخن پر قریب الفہم تشبیہ۔ استعارات کی جواہر پاشی فرماتے تھے صنایع بدایع کی خوبیوں سے کلام مرصع ہے فکر رنگیں یہ ہے ؎

مر گیا غم میں ترے پا جل کے خاکستر ہوا
جو ہوا اچھا ہوا جو کچھ ہوا بہتر ہوا

نالۂ زنجیر تھا یا صور اسرافیل تھا
جس طرف گذرا میں دیوانہ ادھر محشر ہوا

آپ ہی مارا ہے مجھکو آپ ہی کہتی ہیں وہ
حادثہ یہ کیا پڑا یہ واقعہ کیونکر ہوا

فتنے کیا کیا زلف و رخ یار نے برپا کئے
شام کو آئی قیامت صبح کو محشر ہوا

ہوں میں زخمی تیغ عشق ابروئے خمدار کا
زخم تن سینے کو ڈورا چاہئے تلوار کا

دیکھ لو عالم ہماری آنسوؤں کے تار کا
کیا رہا رتبہ تمہارے موتیوں کے ہار کا

آنکھ وہ ہی جو کرے نظارہ روئے یار کا
سر وہ ہی سودا ہو جسمیں گیسوئے خمدار کا

دیکھکر عارض کو تیرے گل بھی دیوانے ہوئے
پھاڑ کر ملبوس تن رستہ لیا بازار کا

جانتا ہوں تجکو در پردہ بتوں سے راہ ہے
رشتہ ہے زاہد تری تسبیح میں زنار کا

نظم کرتا ہوں میں سلطان بیت ابرو کی صفت
کیوں ہلالی بھی نہ قائل ہو مرے اشعار کا

بیچ میں سد سکندر سے حائل ہیں رقیب
انکی مجھکو نہ انہیں میری خبر کرتے ہیں

زلف کے وحشی کی یارب یوں رسا تقدیر ہو
ہاتھ میں ہو ہتکڑی اور پاؤں میں زنجیر ہو

مہر تاباں سے کہیں بڑھ کے اس رخ کی چمک
منفعل کیونکر نہ اس سے ماہ کی تنویر ہو

لامکاں سے دہن تنگ کا رتبہ نہیں کم
قدر میں ہے شب معراج سے گیسو

ٹھکراتے ہیں سر محفل وہ لیکے دل میرا
جہاں میں خاک کسی کا پھر اعتبار رہے

لگائے کوئی نہ اس شاہ حسن سے دلکو
ہر ایک ملک میں جاری یہ اشتہار رہے

نہ پوچھو حال شب غم کا ہم سے ای سلطاں
بغیر سحر تک ہم اشکبار رہے

سلطان

سلطان۔ نواب محمد نصر اللہ خاں خلف نواب عبد اللہ خاں عاصی والئی رامپور۔ آپ نواب آصف الدولہ کے حکم سے رحمت علیخاں کے سرپرست قرار دئے گئے۔ سولہ برس تک مختار رہ کر ۴۶ سال کی عمر میں سنہ ۱۲۲۵ھ کو راہی ملک بقا ہوئے۔ اُنکے شاہد سخن کی شوخی مشتاقان کلام کے دلوں کو فگار کرتی ہے۔ سلاست بیان لطف زبان پر جان نثار کرتی ہے۔ کلام یہ ہے ؎

ہجر میں مجھکو بھروسا نہیں اپنے دم کا
کل گیا۔ آج گیا۔ صبح گیا۔ شام گیا

ہاتھ وہ بھی نہ لگا اپنے کو جس کی خاطر
دین و دنیا کا مری ہاتھ سے سب کام گیا

باعث شہرہ ہوا عشق ہی تیرا پیارے
ورنہ خوباں میں تُو اتنا تو نمودار نہ تھا

جو کیا جور و جفا تم نے تباں سلطاں پر
اس قدر تو وہ ستم دیدہ گنہگار نہ تھا

اس لب سے کیا لعل کا جب رنگ برابر
دیکھا تو نہیں اُس کے یہ پاسنگ برابر

عارض پہ اُسکی زلف کو دیکھے وہ اک نظر
دیکھی نہووے جس نے بہم شام اور سحر

خوش ہے سلطاں جو اسقدر شاید
آج کچھ وصل یار کی ٹھیری

خنجر نہ ہو یوں پار کبھی دل سے کسی کے
جس لطف سے پیاری تری مژگاں کی انی ہے

سلطان

سلطان۔ سید محمد سلطان صاحب باشندہ مانگرول کاٹھیاوار۔ آپ منشی تجمل حسین صاحب تجمل مقیم بمبئی کے شاگردوں میں ہیں۔ ابھی شعر گوئی کا آغاز ہے۔ خیال میں کسی قدر پرواز ہے۔ یہ دو شعر انکے درج کئے جاتے ہیں ؎

ہے نئے ظلم کا طالب دلِ شیدا ہر دم
روز کیونکر کوئی تازہ ستم ایجاد کرے

ہم ہیں اور درس ہے اس گل کی رخ زیبا کا
کہدو بلبل سے گلستاں کا سبق یاد کرے

سلطان

سلطان ۔ سید محمد سلطان۔ آپ موزوں طبعان شاہجہانپور میں خوشگو ہیں۔ سید حسین احمد صاحب بیباک سے تلمذ ہے۔ طبیعت میں اختراع اور جدت کا ابھی گذر نہیں ہوا ہے۔ سیدھا سادہ سا شعر کہہ لیتے ہیں۔ لطفِ زبان اور مشق کی ضرورت ہے۔ رسالہ خدنگ نظر سے کچھ شعر نقل کئے جاتے ہیں ؎

منہ پر نہ آئے گا کبھی لب تک نہ آئے گا
افشا نہ ہوگا جو وہ مرے دل کا راز ہے

کسطرح اٹھ سکینگے فلک کے یہ جور و ظلم
دل ابتدا سے خوگرِ آغوشِ ناز ہے

کیونکر نہ مجھکو اپنے مقدّر پہ ناز ہو
اس بت سے ان دنوں مجھے حاصل نیاز ہے

کیوں ٹالتے ہیں آپ نہ باتیں بنائیے
آنکھیں بتا رہی ہیں جو پوشیدہ راز ہے

سلطان

سلطان ۔ محمد سلطان عرف قاضی فرزند احمد خلف قاضی احمد بخش مرحوم انکے نانا مولوی چراغ علی ٹکاری کے راج میں دیوان تھے۔ آبائی وطن دولت پور ضلع گیا میں ہے۔ مگر لڑکپن سے صاحب گنج گیا میں قیام پذیر ہیں۔ عربی بقدر ضرورت جانتے ہیں۔ فارسی میں دستگاہ کامل ہے۔ آغا کمال الدین سنجر طہرانی کو اپنے پاس رکھکر استفادہ حاصل کر چکے ہیں۔ انکی مثنوی نیرنگ روزگار طبع ہو چکی ہے آمدنی معقول ہے۔ آرام و آسایش سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اردو شاعری میں کسی کے شاگرد نہیں۔ خود ہی اپنے کلام کی نظر ثانی کرتے ہیں۔ انتخاب کلام یہ ہے ؎

رہا شوقِ شہادت بعد مردن بھی مری دلمیں
کہ میری روح جو ہر بنکے لپٹی تیغ قاتل میں

تری رفتارِ مستانہ ہے وہ بانکی ادا نکلی
کہ لاکھوں ٹھوکریں حسرت نے کھائیں خانۂ دلمیں

پنہائیں بیڑیاں وحشت نے مجھکو چشم فتاں کی
مثال دیدۂ آہو ہے ہر حلقہ سلاسل میں

سلطان

سلطان ۔ حکیم سلطان مرزا صاحب لکھنوی۔ آپ حکیم نواب مرزا صاحب شوق مصنف زہر عشق کی قابل یادگار ہیں۔ رنگین طبع۔ شوخ مزاج۔ زندہ دل شخص ہیں۔ لکھنؤ کے محاورات باندھنے میں طاق۔ معاملہ بندی انکی گھٹی میں پڑی ہے۔ الفاظ کی دھوم دھام یا رعایتوں سے کوسوں دور بھاگتے ہیں۔ غزل میں سوز و گداز۔ درد۔ عاشقانہ جذبات موجود ہیں۔ شعر کے تیور

خوب ہوتے ہیں۔ نمونہ کلام یہ ہے

اے شیخ برخلاف نہ حسنِ عمل کے چل
ہم میکشوں سے پوچھ کے راہیں سنبھل کے چل

اے دل کنویں جھکائیگا یوسف لقا کا عشق
اس راہ میں نشیب بہت ہیں سنبھل کے چل

حاجت نہ رکھ اگر تو کسی سے کبھی نہ جھک
پھر کیا ہے بادشاہ سے تیور بدل کے چل

اللہ نے سمجھ بھی عطا کی ہے آنکھ بھی
دنیا ہے چل چلاؤ کا رستہ سنبھل کے چل

بگڑے ہیں وہ کہ آہیں کیوں تا بہ عرش پہونچیں
خفگیاں تھیں مجھپر وہ آسمان پر ہیں

باتوں سے مار ڈالیں چاہیں جسے جلا دیں
اعجاز بھی فسوں بھی اُن کی زبان پر ہیں

ہم ہیں وہ رند کہ کعبہ میں اذاں دیں برسوں
مدتوں پھونکا ہے ناقوس صنم خانوں میں

ہائے کس ظلم کا گانا ہے کہ دل ٹکڑے ہوں
برچھیوں کا سا ہے انداز تری تانوں میں

احسان مجھ سا ہی دل شیدا کرے کوئی
سینہ سے محو نقش تمنا کرے کوئی

فرماتے ہیں یہ سُنکے مرے مرگ کی خبر
سُن تو لیا وہ مرگیا پھر کیا کرے کوئی

خالق کی یاد سہل نہ آساں بتوں کا عشق
دو دن کی زندگی میں کہو کیا کرے کوئی

اک دن کفن پہن کے سرِ خاک سوئیگا
اسبابِ عیش لاکھ مہیا کرے کوئی

سلطان سوا ملال کے انجام کچھ نہیں
دل کا کسی کے ہاتھ نہ سودا کرے کوئی

چین آگیا ہمیں دمِ رخصت جو مر گئے
احسان اُنکا ہی جو چھُری پھیر کر گئے

غش آگیا مجھے دمِ رخصت غضب ہوا
اب کیوں وہ آئینگے مری صورت سے ڈر گئے

کس درجہ بیقرار ہیں وہ کیسے شوخ ہیں
آنکھوں میں پھر گئے کبھی دل میں اُتر گئے

میرے لئے تھی خلق میں سب فتنہ جہاں
جو بچ رہے وہ اہل قیامت کے سر گئے

چھوڑا نہ ساتھ حاجتِ دنیا نے تا بہ حشر
محتاجِ فاتحہ وہ ہوئے جو گذر گئے

مرنا فراقِ دوست ہے جینا ہے اُسکا وصل
ہم آدمی نہیں یہ تصور اگر گئے

مانگا ہی جب خدا سے ملا ہی وہ بت ضرور
خالی کبھی نہ تیرِ دعائے سحر گئے

یارب یہ کیسی آگ ہی جلتی ہے جس سے خلق	کیا سات دوزخ ایک مری دل میں بھر گئے
عاشق کو اپنے کوس رہی تھی ہنسی سے وہ	مرنا سُنا تو قبر پہ باچشم تر گئے
وہ باغ میں پھریں ہیں تربت میں کیا خبر	جھونکے نسیم کے کدھر آئے کدھر گئے
اب انکو رشک سے دلِ بسمل ہلاک ہے	جو قطرہ ہائے خون تری دامن میں بھر گئے

سلطان

سلطان۔ اُستاذ نامی شاعر گرامی جناب میر سلطان علی صاحب بلگرامی تلمیذ و یادگار حضرت ذکی مرحوم۔ جناب ذکی بلگرامی کیواسطے سے آپ کا سلسلۂ شاعری میرزا سلامت علی دبیر لکھنوی تک پہنچتا ہے۔ آپکی عمر قریباً ساٹھ سال کی ہی۔ اکثر لکھنؤ اور سندیلہ کے معرکۃ الآرا مشاعروں میں شریک ہو چکے ہیں۔ شعرائے بلگرام میں اسوقت سب سے زیادہ ممتاز ہیں شاگردوں کی جماعت کثیر ہے طبیعت منجھی ہوئی ہے۔ کلام میں پاکیزہ خیالی۔ اخلاقی مضامین کا لحاظ رکھتے ہیں۔ زبان بھی سادہ ہے۔ کچھ کلام دستیاب ہوا۔ چند شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

خاطر رہے عزیز اک جاں نثار کی	سیکھو نہ چال گردشِ لیل و نہار کی
عزت فروتنی سے ہوئی خاکسار کی	گردوں سے مل گئی ہے بلندی غبار کی
شاخوں میں رگ رگ میں گل گل رنگیں تو	قدرت تو دیکھئے مرے پروردگار کی
دیکھا جہاں کو عرصۂ شطرنج کی طرح	کرتے ہیں بند راہ پیادے سوار کی
خنجر سے جب کٹا نہ گلا آپ کٹ گیا	پھیرا یہ منہ کہ آنکھ نہ قاتل نے چار کی

سلطان

سلطان۔ نواب مرزا محمد سعید علیخاں صاحب عرف نواب سلطان صاحب بہادر لکھنوی۔ آپ نواب میرزا محمد جعفر علیخاں صاحب بہادر نواب شیش محل کے فرزند دلبند ہیں انگریزی میں بی۔ اے پاس ہیں اور عربی فارسی میں بھی دخل رکھتے ہیں۔ عرصہ سے مذاق سخن طبیعت میں ہے۔ اکثر مشاعروں میں شریک ہو کر داد لیتے رہتے ہیں۔ کلام بامزہ ہے۔ بندشیں صاف اور سلجھی ہوئی ہوتی ہیں۔ انتخاب ملاحظہ ہو ؎

غضب ہی کر رہا ہے ذبح وہ مُنہ پھیر کر مجھکو	دمِ آخر بھی قاتل کا نظارہ ہو نہیں سکتا

شبِ وصلت ہی آخر ہیں وہ خائع عرض مطلب پر
یوں ترے حُسن کا نظارہ کیا کرتے ہیں
جسکے ابرو کا اشارہ ہی قضا کا پیغام
اسیرانِ قفس گلشن کو جبدم یاد کرتے ہیں
ساعی ہو کوئی اور بھی میرا شبِ وصال
وہ کیا کریں جو انکی تمنا کرے کوئی
قاصد سے سُنکے حال مرا وہ یہ کہتے ہیں

نگاہِ یاس تجھسے بھی تقاضا ہو نہیں سکتا
شمع بنکر تری محفل میں رہا کرتے ہیں
آج ہم پھر اُسی ظالم کو خفا کرتے ہیں
کلیجہ منہ کو آجاتا ہے جب فریاد کرتے ہیں
زلف انکی بڑھ کے پاؤں تک آئی خدا کرے
انکی بلا سے ہجر میں تڑپا کرے کوئی
یوں ہی ہزاروں مرتے ہیں پھر کیا کرے کوئی

سلطان - محمود خانصاحب - منشی کالج ریاست میسور۔ رنگین فکر شگفتہ مزاج سلیم الطبع سخنور ہیں میسور جیسے دُور افتادہ مقام پر جہاں اُردو سمجھنے والوں کے لالے پڑے تھے۔ وہاں کی سرزمین سے ایک فصیح بلیغ کا پیدا ہونا خدا کی دین ہے۔ منشی صاحب موصوف کا کلام حشو و زواید سے پاک ہے طبیعت میں آمد و روانی ہے۔ تھوڑے الفاظ میں وسیع مضامین ادا کرتے۔ تصوف اور اخلاقی خیالات کو جامۂ نظم سے آراستہ فرماتے ہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

لَن ترانی سُنا کے موسیٰ کو
دی محبت تو دل ہی چھین لیا
قاتل نے دمِ ذبح دی ابرو کو بھی جنبش
آگیا اشکِ ندامت جوش پر وہ اچھا ہوا
بزم سے رندوں کی شاید شیخ نکلا لے کے مئے

طور پر کیا دکھا دیا تو نے
کیا دیا اور کیا لیا تو نے
تلوار چلی خوب ہی تلوار کے نیچے
داغِ عصیاں دل دھونے کو یہ پانی چاہیے
لڑکھڑاتے ہیں قدم تو چال بھی مستانہ ہے

سلطان - میاں سلطان محمد خاں - آپ ریاست بھوپال کے جاگیردار ہیں طبیعت کو شعر و سخن سے ذوق نکتہ سنجی اور معنی پروری کا شوق ہے مگر کم مشقی کیوجہ سے کلام بہ رنگ اور کسی خاص معیار پر نہیں ہے۔ موزونی طبع کا نتیجہ اشعار ذیل ہیں ؎

ستم ڈھانا۔ ستانا۔ جی جلانا
پھر اسپر یہ غضب ہے روٹھ جانا

نہیں ہے سہل مراول تو دکھانا	بُرا تمکو کہیگا اِک زمانا
وہ چلئے چال جو سب کو خوش آئے	مریجاں ہے بہت نازک زمانا

سلیس — سید محب علی باشندۂ کانپور حضرت مونس لکھنوی کے شاگرد اور مرثیہ گوئی میں مشاق تھے۔ اپنے تخلص کی رعایت سے کلام میں سلاست کا خیال رکھتے تھے۔ اُستاد کی صحبت نے زبان اور خیالات میں پاکیزگی و شستگی پیدا کردی تھی۔ یہ قطعہ آپکی سادہ بیانی کا نتیجہ ہے۔

باہیں گلے میں ڈال کے اُس شوخ نے کہا	میں کامیاب وصل جو اکبار ہوگیا
مدت سے خفتہ بختی کا شکوہ تھا آپ کو	کھلئے نصیب آج تو بیدار ہوگیا

سلیم — میر سلیم اللہ شاہجہاں آبادی۔ خوش فکر۔ صائب الذہن۔ قدیم شعرا سے تھے صرف ایک شعر جو ہاتھ آیا ہے درج ہے ؎

سلیم تو نے جو قاتل کو دی مبارکباد	ہلالِ عید مگر تیغ کو خیال کیا

سلیم — صاحب عالم عالمیان۔ شاہزادہ میرزا سلیم بہادر فرزند سومی حضرت اکبر شاہ ثانی انکی والدہ ممتاز محل اکبر شاہ ثانی کی چہیتی بیگم اور ملکۂ دوران تھیں اس لئے انکو بادشاہ بہت چاہتے تھے میرزا جہانگیر کی وفات کے بعد آپکی ولیعہدی کیلئے کوشاں بھی ہوئے مگر کامیابی نہوئی۔ یہ خوش نہایت فیاض خلیق خوش خصائل تھے۔ میر محمدی صاحب سے بیعت تھی۔ اپنے پدر والاقدر کی حیات میں وفات پائی۔ میرزا سلیمان شاہ مرحوم اور میرزا ثریا جاہ صاحب بہادر جو بعد غدر سرپرست خاندان تیموریہ ہوئے آپکے نواسے تھے۔ انکے بیٹے میرزا فیروز شاہ عرصہ تک ولایت میں رہ چکے ہیں۔ احاطۂ درگاہ نظام الدین اولیا میں میرزا سلیم کا مزار ہے اور مندرجہ ذیل رباعی بہترین یادگار ہے ؎

جھگڑے سے جب دوئی کی فراغت ہوئی ہمیں	کثرت میں سیرِ عالمِ وحدت ہوئی ہمیں
ہی کوئی اپنا خانہ دل بھی عجب مکاں	جسمیں نصیب یار سے صحبت ہوئی ہمیں

سلیم — کوئی کہنہ مشق شاعر تھے میسحا لکھنوی شاگرد ناسخ سے تلمذ تھا۔ تخئیل میں پرانی لکیر کے

فقیر۔ زلف و خط کے دلدادہ تھے۔ فکر یہ ہے۔

جہاں سے جاتا ہوں اُس سرو قد کی فرقت میں
لحد بنے تہ شمشاد باغباں میری

مجھے ہلاک کیا ہے جو تلخ کامی نے
نہ کھائے گا سگ جاناں بھی ہڈیاں میری

شب وصال وہ منہ کو پھرا کے رونے لگا
سُنی جو یار نے پر درد داستاں میری

سلیم

سلیم۔ میر عباس لکھنوی خلف میر عالم علی داروغہ چھوٹی شاہزادی۔ خواجہ آتش کے عزیز اور ممتاز شاگردوں میں انکا شمار تھا بعض تذکرہ نویس کہتے ہیں کہ اسیر سے تلمذ تھا مگر یہ امر محتاج ثبوت ہی۔ زبان اور مضمون دونوں میں اپنے ہمعصروں میں گوئے سبقت لیگئے تھے لکھنؤ میں راقم تذکرہ نے لوگوں کی زبان سے آپکی شوخی زبان کی تعریف سُنی ہے غدر سے پیشتر عالم شباب میں انتقال کیا۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے ؎

دوست کی تمکو قسم اے دوستان کوئے دوست
دفن کرنا میرے لاشہ کو میان کوئے دوست

گوشِ جاناں نالۂ عشاق کے سامع نہیں
حاملانِ عرش سُنتے ہیں فغان کوئے دوست

روزنِ دیوار انجم ماہِ تاباں خشت ہے
چاندنی ہر وقت رہتی ہو میانِ کوئے دوست

یہ زمیں وہ ہے کہا آتش نے جبیں اے سلیم
اے خوشا طالع تمہارے ساکنانِ کوئے دوست

سامری ہیں تری اے ترک جفا کار آنکھیں
دل اُلٹ دیتی ہیں ہو جاتی ہیں جب چار آنکھیں

یار کا حاضر و غائب میں رہا ہم پہ عتاب
گالیاں منہ پہ کبھی دیں کبھی کوسا دل میں

دیر و کعبہ میں ہے شیخ و برہمن جو یا
ہم نے گھر بار ترا ڈھونڈ نکالا دل میں

گیسو کا تمہارے لقب اعجاز نما ہے
بل کھائے تو اژدر ہے نہ کھائے تو عصا ہے

سلیم

سلیم۔ جناب منشی گوری شنکر صاحب کالستھہ لکھنوی خلف تیج بھان عرف لالہ چین سکھ رائے صاحب۔ آپکے دادا لالہ سادھو رام صاحب محلہ اشرف آباد لکھنؤ کے قدیم شرفا میں تھے سلطان عالم واجد علیشاہ بادشاہ اودہ کے عہد میں آپ کو تصنیف و تالیف کا مذاق پیدا ہوا تھا۔ ۱۹ سال کی عمر میں سید احمد میرزا صاحب صابر سے خوشنویسی و علم عروض

میں دستگاہ حاصل کی۔ پھر محمد میرزا صاحب اُنس شاگرد رشید حضرت ناسخ کے زمرہ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ منشی صاحب سرکار انگریزی میں بھی مختلف عہدوں پر ممتاز رہ چکے ہیں۔ آخر وقت میں آپ ٹھاکر مہاراج سنگھ صاحب بہادر تعلقہ دار کے نائب ریاست تھے۔ گو آپکا کلام لکھنؤ کی قدیم شاعری کا نمونہ ہے۔ مگر مضمون آفرینی سے خالی نہیں۔ اپنے زمانہ کے رنگ کیموافق استعارہ اور تشبیہہ کے دلدادہ تھے گو ناسخ کی تحریر کے فریفتہ تھے تاہم بعض اشعار میں درد بھی ہے بعض بعض شعر ایسے کہتے ہیں کہ بیساختہ منہ سے داد نکلتی ہے معنی بندی میں کسیطرح اپنے ہمعصروں سے کم نہیں۔ نکتہ یاب ہیں معنی طراز ہیں۔ آپکا دیوان ۱۳۱۲ھ میں شایع ہو چکا ہے۔ جس کا انتخاب یہ ہے ؎

نہ ٹھہرے چشم ظاہر بیں ترے برقِ تجلی پر
ہے دشتِ جنوں میں جو مری خاک کو گردش

کیا پان کی سرخی ہی عیاں تیری گلے سے
رُخ روشن ترا چشم و چراغ جانِ عاشق ہے

کوچ کر جائیگی جاں خالی بدن رہ جائیگا
سادگی میں بھی عجب رنگ دکھایا اُس نے

فیضِ صحبت نہیں بے جوہر اتی ممکن
خود مصیبت میں پھنسا حیف ہیں کیا سمجھا

پیرہن ہے چاک ادھر گل کا ادھر گریاں ہے شمع
صاف باطن جو ہیں آتے ہیں برابر سب پیش

ہوں میں عشق سبزہ خط میں یہ کاہیدہ سلیم
پہونچا اک بار نہ اُس بام نشیں تک نالہ

دیکھتا ہوں جنوں گھر میں بہارِ صحرا

قضا نے پردہ ڈالا اسلئے پلکوں کی چلمن کا
گرداب کو دریا میں یہ چکر نہیں ہوتا

شیشے میں یہ لطف مئے احمر نہیں ہوتا
اُجالا ہے اندھیرے گھر کا جلوہ شمع قامت کا

ایک دن گم ہوگا یوسف پیرہن رہ جائیگا
حسن کا لطف بڑھا اور جو زیور نہ ہوا

قطرہ شبنم کا صدف میں کبھی گوہر نہ ہوا
عشق کا نام برا تھا جسے اچھا سمجھا

دیکھ یہ ادنیٰ اثر ہے عاشقوں کی آہ کا
عکس آئینہ میں یکساں ہے گدا و شاہ کا

جسم لاغر سے گماں ہوتا ہے برگِ کاہ کا
گرچہ سوم رتبہ ایوانِ فلک چھو آیا

ذرہ ذرہ ہے یہاں آئینہ دارِ صحرا

سبب ہے حسن بے پردہ ہجوم طائر دل کا
اڑا لایا ہے پروانوں کو جلوہ شمع محفل کا

کہاں جرّاح ٹانکے دے لگا کس جگہ مرہم
دلوں میں زخم ہو جاتا ہے تیغ ناز قاتل کا

ہوا ہے کس کا اشک گرم شامل آج دریا میں
کہ ہے ہر اک حباب آب چھالا دست ساحل کا

وقت آرایش مقابل ہو کے روئے صاف سے
آئینہ نے کیا مزاج یار کو برہم کیا

دل وہیں عشق میں ہوئے برباد
دیکھئے اب کرے زمانا کیا

دل چلا ہے جو کوئے قاتل کو
جان دینے کو سہل جانا کیا

وہ ناتواں ہوں میں کہ مجھے بحر عشق میں
ہر اک حباب کاسۂ فولاد ہو گیا

ایسا پڑا ہا ترے غم فرقت میں درد دل
ہاتھوں سے اپنے رشتۂ صبر و تواں گیا

نکلی چمن سے بلبل نالاں گلوں کیساتھ
ہمراہ کارواں جرس کارواں گیا

وائے بر بلبل کہ وقت دید گل
دیدۂ شبنم نگہباں ہو گیا

عشق غارت گرنے لوٹا نقد صبر
کاروان دل پریشاں ہو گیا

تم نے مریض عشق سے آنکھ ایسی پھیر لی
پوچھا کبھی نہ حال دل دردمند کا

بربادی قتیل محبت نہ پوچھئے
مشت غبار بھی مرا نذرِ صبا ہوا

جمال جاناں پہ ایک عالم کو ہو نہ کیونکر گماں حسن کا
دہن غنچہ کا زلف سنبل کی قد صنوبر کا رخ سمن کا

رکھا امانت کیطرح آغوش گور نے ہمکو تا قیامت
نہ بال بیکا ہوا ہمارا نہ تار میلا ہوا کفن کا

شب ہجراں زخم دل کا نالہ درد آمیز تھا
مشک افشاں کیا خیال زلف عنبر بیز تھا

جل کے خاکستر ہوا کیا سوز فرقت سے جگر
نالہ جو نکلا مرے منہ سے غبار آمیز تھا

لائی بالوں کی سفیدی جبکہ پیغام اجل
ہو گیا مجھکو یقیں یہ شیر زہر آمیز تھا

سخت جاں میں صورت سنگ فساں ہوتا گیا
میرے دم سے خنجر قاتل رواں ہوتا گیا

جس قدر وہ خسرو خوباں جواں ہوتا گیا
حسن عالمگیر آشوب جہاں ہوتا گیا

لیگیا راہ حقیقت پہ مجھے عشق مجاز
ہر بت رنگیں ادا سنگ نشاں ہوتا گیا

کیوں دلا غیر تلخ کامی ہجر
عشق میں تو نے کچھ مزا؟ دیکھا

کیا خبر سادہ رو کو باطن کی
آئینہ صورت آشنا دیکھا

لگی نہ آنکھ مری مثل دیدۂ انجم
سحر تک اُس مہ لقا کا انتظار رہا

اب نہ وہ سبزہ نہ وہ گلشن نہ وہ رنگ چمن
دفتر گل بادِ صرصر سے تمام ابتر ہوا

کہتے ہیں سب واہ کیا تھا عاشق صادق سلیم
بعد مردن بھی غبار کوچۂ دلبر ہوا

پڑ گیا جس وقت عکس زلف عنبر بوئے دوست
سنبلستاں ہو گیا آئینۂ زانوئے دوست

بہتے ہیں آب اشک میں یوں لخت ہائے دل
دریا میں جس طرح ہوں رواں کاروان موج

کشتیاں لیچل اٹھا کر ساقیا گلزار سے
مجھکو نخچیر لطمے ہے کنارِ جو پسند

کبھی پہلو سے آنکھوں میں کبھی آنکھوں سے پہلو میں
قیام دل ہے شوقِ دید میں کب ایک منزل پر

منہ نہ حوران بہشتی کا ملایک دیکھیں
آنکھ پڑ جائے جو دنیا کے طرحداروں پر

نہ اٹھا ناز کیا عشق بتاں ترک سلیم
بھاری آئے جو نظر چوم کے چھوڑے پتھر

جامہ زیبی کا سبب ہو گئے اسباب جنوں
طوق لپٹا مری گردن سے گریباں ہو کر

سیر کو تم نہ گئے تو ہوئی افسردہ بہار
اُڑ چلا رنگ چمن گرد بیاباں ہو کر

بوئے اُنس آتی ہے شاید مری تربت سے سلیم
روز جاتے ہیں سوئے گورِ غریباں ہو کر

مدت ہوئی بہار کا موسم گذر گیا
ہیں یاں کھلے ہوئے گل زخم جگر ہنوز

نارِ دوزخ کو بجھائیگا ہی پارۂ ابر
زاہد خشک نہیں دامن تر سے واقف

وحدت سے لایا عالم کثرت میں شوق یار
دریا کے آشنا ہوئے آب گہر سے ہم

دندان یار دیکھ کے گلشن میں شرم سے
شبنم کے قطرے ہو گئے دانے انار میں

زخمی تیغ محبت سے حلاوت پوچھو
آب آہن کا مزا خضر بھلا کیا جانیں

کوئی کچھ کہے تو کہا کرے تجھے بھولیں اے صنم ہم نہیں
ہمیں رنج و خواری عشق سے کبھی عار تیری قسم نہیں

مزا لے لیکے کٹوایا شہیدوں نے گلا قاتل
کہاں سے آ گئی ایسی حلاوت تیرے خنجر میں

ہے ہجومِ غمِ دلِ زار پر مگر آہ ضبط سے دلمیں ہے
وہ سپاہِ عشق چڑھ آئی ہے کوئی ساتھ جسکے علم نہیں

نہ نگاہ اٹھائی مری طرف نہ پھنسا کبھی مرے دام میں
وہ عجب غزالِ رمیدہ ہے کہ رقیب سے اُسے رم نہیں

کفِ پا سے کاوشِ خار میں جو ٹپک ٹپک کے گرا ہی خوں
گلِ تر پڑے ہیں دامنِ دشت میں ہمارے نقشِ قدم نہیں

مرے دلمیں ہی یہ ٹھنی ہوئی رہوں طعن کو جو پیار میں
مرا مدعا نہیں دیر سے مجھے آرزوئے حرم نہیں

غمِ ہجر میں ہو تڑپ تڑپ کے بسر نہ کیوں مری زندگی
جسے کھا کے مرتے ہیں آدمی مری جان بس وہ سم نہیں

مرا ضعفِ غم سے یہ حال ہی کہ سنبھلنا دلکا محال ہے
اب اٹھاؤں کوہِ فراق کیا کہ سلیم مجھ میں وہ دم نہیں

وقتِ گریہ کارِ قلزم دامنِ تر نے کیا
گر پڑیں بوندیں جو آنسو کی وہ گوہر ہو گئیں

داغ ہائے دل نے ثابت کردیا دعوائے عشق
صورتِ احوال پر مہریں برابر ہو گئیں

جب نظر آیا جمالِ یار غش آیا سلیم
وصل کی راتیں شبِ فرقت سے بدتر ہو گئیں

خاکساری ہے باعثِ آرام
گردشِ آسماں زمیں میں نہیں

کیا کیا ہوس تھی آہ دلِ بیقرار میں
کنجِ قفس ملا مجھے فصلِ بہار میں

بالا عجیب گریۂ غم نے دیا مجھے
لختِ جگر نہیں مرے اشکوں کے تار میں

مئے گلفام جو ساقی نے بھری شیشہ میں
رند سمجھے کہ اتر آئی پری شیشہ میں

آنکھوں کو خوں رلائے مژگاں کی یاد میں
نشتر سے چھیڑتے ہے رگِ ابرِ بہار کو

آیا ہوں اس کی تفرقہ پردازیوں سے تنگ
جاؤں اب اُس زمیں پہ جہاں آسماں نہ ہو

لیے چلا ہے طرف کوچۂ قاتل مجھکو
دشمنِ جاں نظر آتا ہے مرا دل مجھکو

مٹاؤں داغِ الم لیکے ہاتھ میں زلفیں
چراغِ ہجر بجھاؤں دکھا کے گالوں کو

عاشق وہ ہوں کہ بعد فنا بھی رہیگی روح
بو ہو کے تیری کاکلِ عنبر فشاں کے ساتھ

تمہارے تیر کا پیکاں جو ٹوٹ کر رہجائے
زباں بنے دہنِ زخم میں دعا کیلئے

ہوں وہ حیرت کدۂ دہر میں نخلِ تصوّر
جسکو صرصر سے زیاں ہے نہ ضررِ گلچیں سے

جوش پر خوب ہے گلزارِ جوانی کی بہار
آج کل رنگ ٹپکتا ہے رخِ گلگوں سے

کسطرح دل غم فرقت میں بہل جاتا ہے
یاں تو رہ رہ کے کلیجہ کوئی مل جاتا ہے

پردہ ہے گلرخوں کے جہاں میں کیا ظہور
حسن ازل کو تاب نہ آئی حجاب کی

دنیا پھرے نصیب پھرے آسماں پھرے
یارب مگر نہ مجھسے وہ آرام جاں پھرے

یوں پھر رہا ہوں غم سے میں نالاں شب فراق
جسطرح کوچہ کوچہ کوئی پاسباں پھرے

اقرار کر چکے - جو محبت کا - کر چکے
ممکن نہیں کہ قول سے اپنی زباں پھرے

دیکھو سلیم خنجر قاتل کے سامنے
جھپکے نہ آنکھ منہ نہ دم امتحاں پھرے

امید کب ہے فلک سے کہ پیرہن ملجائے
فنا کے بعد غنیمت ہے جو کفن مل جائے

وہ بدنصیب ہوں میں شاہ راہ ہستی میں
کروں تلاش خضر کی تو راہ زن مل جائے

سلیم بلبل و پروانہ لڑ مریں سر بزم
جو شمع کو کہیں غنچہ کا پیرہن مل جائے

کہوں کیا تجھسے حال درد فرقت
حکایت ہے زیادہ رات کم ہے

شب تار لحد میں ہوں وہ بیکس
کہ میرے سایہ کو بھی مجھسے رم ہے

فیض ساقی سے کیا عجب ہے کہ مے
قطرہ قطرہ سبو سبو ہو جائے

ہائے یہ انقلاب چرخ سلیمؔ
دوست اپنا جو ہو عدو ہو جائے

قالب خاکی میں جلوے جان کے
جائے صدقے خدا کی شان کے

جان جب تک جان میں ہے ہمکو جان
جانتے ہیں ہم برابر جان کے

ساقیا دے مے کہ برسات آگئی
ابر تر کا شامیانہ تان کے

مصحف رخ پر ترے گیسو نہیں
سلسلے ہیں عشق کے ایمان کے

باغباں دیکھوں میں کیا لالے کی سیر
ہجر میں لالے پڑے ہیں جان کے

عشق نے اٹھوائے ان سے کوہ غم
جن سے بوجھ اٹھتے نہ تھے احسان کے

بولے سعدی یہ غزل سنکر سلیم
شعر کیا تحفے ہیں ہندوستان کے

نالہ آئے نہ پیام آئے نہ جاناں آئے
کس طرح چین مجھے اے غم ہجراں آئے

غم نصیب ایسا ہوں دل وصل میں بھی شاد نہو	زلف کو دیکھ کے یادِ شبِ ہجراں آئے
ابر نیساں یہ برستا ہی کہ لائے غیرت گل	تیرے گیسو میں کوئی سلکِ گہر ٹوٹ گئی
اب لطفِ دید کیا ہے کہ آتے ہو شمع میں	پل مارنے کی جب مجھے مہلت نہیں رہی
دل کا غبار پردۂ خط میں ہوا عیاں	اب انکے صاف رہنے کی صورت نہیں رہی
یہ شعاعیں نہیں خورشید ترے چہرے سے	ہاتھ پھیلا کے طلبگارِ ضیا ہوتا ہے
سختیِ دل کیوں نہ پسِ نالہ لبوں آئیں	کارواں پیروِ آوازِ درا ہوتا ہے
کیا نور ہے تلوؤں میں ترے رنگِ حنا سے	خجلت یدِ بیضا کو ہے نقشِ کفِ پا سے

سلیم۔ شیخ سلیم الزماں۔ ملازم سرکار رامپور۔ شاہ مجید الزماں کے بیٹے تھے حضرت امیر مینائی سے تلمذ تھا ۱۲۵۸ھ میں پیدا ہوئے کلام یہ ہے ؎

جس پر پڑی نگاہ وہ تسخیر ہو گیا	جادو بھرا ہوا تھا تمہاری نگاہ میں
ہے آنکھ اپنی جلوۂ وحدت سے آشنا	اب دوسرا سما نہیں سکتا نگاہ میں

سلیم۔ نواب سید علی حسین خاں خلف اصغر نواب صدیق حسن خاں بہادر قنوجی و بھوپالی آپ ۱۲۸۳ھ میں پیدا ہوئے۔ شاہجہاں بیگم صاحبہ نے شفقت مادری سے مفتخر فرمایا اور اسقدر زر و جواہر عطا کیا کہ پشتوں کیلئے حصول دولت سے بے نیاز کر دیا۔ عربی میں فارغ التحصیل اور فارسی میں دستگاہ کامل ہے۔ شعر کا بہت شوق ہے۔ دس بارہ برس کی عمر تھی کہ انکے نام سے۔ اُردو۔ فارسی شعر اُن کے تذکرے بھوپال سے شایع ہوئے۔ سلطان جہاں بیگم صاحبہ کی مسند نشینی بھوپال سے چلے آنے کے بعد سے لکھنؤ میں رہتے ہیں۔ وہیں امیرانہ زندگی بسر کرتے ہیں بمبئی میں بھی جائداد ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں اُردو کلام کا مجموعہ شایع ہو چکا ہے راقم تذکرہ سے دسہرہ دون میں ملاقات ہوئی تھی خلیق اور ملنسار شخص ہیں۔ اب سُنا ہے کہ بیگم صاحبہ بھوپال سے سابقہ رنجش دور ہو کر صفائی ہو گئی اور بھوپال میں آمد و رفت کی اجازت مل گئی ہے۔ کچھ شعر نذر ناظرین ہیں ؎

عمر یوں کاٹی کسی کی یاد میں — شام نالے میں سحر فریاد میں
ہم اسیرانِ محبت کا ہے گھر — یا قفس میں یا کفِ صیاد میں
شوق نے اب اور مضطر کر دیا — چٹکیاں لیکر دلِ ناشاد میں
چھوڑ دو الفت بتوں کی اے سلیم — دل لگاؤ اب خدا کی یاد میں

سلیم

سلیم ۔ میاں ارجمند خاں خلف اکبر نواب یٰسین محمد خاں مرحوم ۱۲۹۳ھ میں بمقام بھوپال پیدا ہوئے ۔ تاریخی نام متقی محمد خاں ہے ۔ بانی ریاست بھوپال کی ساتویں پشت میں ہیں اسوقت ۴۴ سال کی عمر ہے منشی عبدالعزیز اعجاز رقم سہسوانی سے تلمذ ہے ۔ بہت سی کتابیں انکی تصنیف و تالیف سے طبع ہو چکی ہیں ۔ عربی ۔ فارسی بقدر ضرورت انگریزی جانتے ہیں ۔ شاعری کے شوقین ہیں ۔ انتخاب یہ ہے ؎

دیکھا جو طولِ زلف محبت کی آنکھ سے — پایا کمال خضر نے عمرِ دراز کا
جگر صد چاک دل صد پارہ جاں آوارہ گیسو — خرابی نے اڑایا بے طرح خاکا مرے گھر کا
کدورت جاتے جاتے جائیگی اے بت ترے دل سے — مٹا کرتا ہے مٹتے مٹتے آخر نقش پتھر کا
لیا دل اس نے لیکن یہ نہ جانا — قیامت ہے کسی کے دل کا آنا
کہیں جاگے نہ تھے شب کو یہ مانا — ذرا آنکھوں سے آنکھیں تو ملانا
گلہ کرنے نہیں دیتے جفا کا — بھلا اس ظلم کا ہے کیا ٹھکانا
وہ آئے تیغ بکف تو تمہیں مبارک ہو — سلیم وقت ہے تقدیر آزمانے کا
اے غم و اندوہ و حرماں چل دئے دل چھوڑ کر — واہ میرے مرتے ہی گھبرا گئے اس گھر سے آپ
تمنا ہے ترے خنجر کے جوہر — پڑیں میرے گلے میں ہار ہو کر
پھر کھلائیگا کوئی تازہ شگوفہ شاید — خطِ گلزار میں آیا ہے مجھے یار کا خط
الٰہی توبہ یہ توبہ بھی ہے آفت کی ہرجائی — کبھی ہے بادہ خواروں میں کبھی پرہیزگاروں میں
جگا لیتی ہیں کچھ کہہ کے وہ آنکھیں شہیدوں کو — وہ کچھ پڑھ پڑھ کے منتر پھونک دیتے ہیں اشاروں میں

آنکے ابرو کا طہارت سے ہی سجدہ منظور
چاہئے گرد تطہر بھر تیمم مجھکو

یاالٰہی شب فرقت ہی سہی
صبح ہو صبح قیامت ہی سہی

پاس اتنا تو ہے توبہ شکنی کا ساقی
مے جو پیتا ہوں تو ٹوٹے ہوئے پیمانے سے

منتظر تیری نگاہوں کا رہا دور زماں
رخ تری نظروں کا ساتوں آسمان دیکھا کئے

کر چکے طے منزل ہستی کو اپنی اور ہم
نقش پائے توسن عمر رواں دیکھا کئے

سلیم

سلیم - سید حسین صاحب لکھنوی۔ شاگرد محمد مصطفیٰ خورشید لکھنوی کلکتہ میں قیام ہے رنگ تغزل سے بخوبی آشنا ہیں۔ دلی واردات لکھتے ہیں۔ مزیدار شعر کہتے ہیں۔ زمانہ کی رفتار سے آگاہ ہیں۔ لفظی رعایتوں سے عار ہے ضلع جگت سے پرہیز۔ انتخاب یہ ہے ؎

حسن فطرت کے تماشے سے ہوا حیران وہ شوخ
آئینہ دیکھا تو خود آئینہ بنکر رہ گیا

خدا جانے وہ کیسی تھی محبت قیس و لیلیٰ میں
اسے صحرا پسند آیا اُسے محمل پسند آیا

اک حرف آرزو ایسا قیامت نہ ہوا
جسکو ہم اپنا سمجھتے تھے وہی بیگانہ تھا

نگاہِ بد سے گر ڈرتے ہو تم غیروں کی صحبت میں
ادھر آؤ چھپا لوں تمکو آغوشِ محبت میں

نہ ہو تم دل میں رہ کر ظاہری تعظیم کے طالب
تکلف برطرف ہے روز کی صاحب سلامت میں

حسینوں کی لگاوٹ دین و ایماں لے گئی اپنا
قدم رکھتے ہی ہم تو لٹ گئے کوئے محبت میں

نظر کر تو ذرا اس اتحادِ حسن و الفت پر
ہے میری ناتوانی جلوہ گر تیری نزاکت میں

مٹ گئے اہل محبت کھل گیا اسرار عشق
ہو ہوا اچھا ہوا اب آپ پچھتاتے ہیں کیوں

ہو چکا عالم جوانی کا تمام
چونک او غافل کہ پچھلی رات ہے

جسقدر لایق ہو اپنی شان کے
آدمی کو زیب اُتنی بات ہے

گو زمانہ ہو گیا تجھسے ہمیں چھوٹے ہوئے
اب بھی یاد آتے ہیں وہ اگلے مزے کوٹے ہوئے

وہ جو خود آکر ملے اک عمر کے چھوٹے ہوئے
سارے شکوے بے محل سارے گلے جھوٹے ہوئے

رہزنی کے فن میں ہے مشاق وہ نیچی نگاہ
بیٹھی ہے لاکھوں کے قافلے لوٹے ہوئے

اُسکی دو باتوں نے پھیرا داورِ محشر کا رُخ
تو قیامت ہو گئی یاں بھی ہیں چھوٹے ہوئے

عارضی دولت پہ تھا اے باغباں کیا گھمنڈ
اب بتا تیرے چمن کے کیا وہ گل بوٹے ہوئے

ایسی حالت میں امیدِ زندگی کیا ہو سلیم
لاکھ غم ہیں ایک جانِ زار پر ٹوٹے ہوئے

ایسا ہی اگر وصل سے انکار ہے تمکو
لکھا مری قسمت کا مٹا کیوں نہیں دیتے

بیمار کو جینے کی دوا کیوں نہیں دیتے
تم شربتِ دیدار پلا کیوں نہیں دیتے

عشق میں سکو نصیحت تھی بھی ہنگام جنوں
کیا کرے بیچارہ ناصح عقل سی معذور ہے

دیر سے کعبے گئے کعبہ سے آئے دیر میں
کیا کریں دونوں جگہ رہنا ہمیں منظور ہے

سب میں میرے ہی جو لگ کے بیٹھے
تیغ بھی بے پیئے لہو نہ گئی

ہجر میں سب نے ساتھ چھوڑ دیا
پر امیدِ وصال تو نہ گئی

گالیاں لاکھ دیں حسینوں نے
پر سلیم اپنی آبرو نہ گئی

اتنی سی بات پہ مجھے اُن کو لیے ناز ہے
جسکا نیاز مند ہوں وہ بے نیاز ہے

پڑھتا ہوں فرد مصحفِ رخ دیکھ کر درود
بے سجدے بے سلام میری نماز ہے

زاہد برائے سجدہ کوئی اور جا نہ تھی
مسجد تو قتل گاہ شہیدانِ ناز ہے

دیکھا ہے اور پھر نہیں دیکھا تمہارا حسن
عالم پہ کھل چکا ہے مگر پھر بھی راز ہے

الفت بھی ایسا جرم ہے جسکی سزا ہے قتل
انصاف شرط آپ کو بندہ نواز ہے

سلیم — سید منے صاحب۔ نبیرہ میر انیس مرحوم۔ آپ میر محمد علی صاحب عارف لکھنوی کے شاگرد بھی ہیں۔ برادر زادہ بھی۔ فصیح بول چال انکے ورثہ میں آئی ہے۔ غزل میں بھی وہی سادگی ہے۔ کلام یہ ہے ؎

بیخودی تو کچھ نہیں کرتی مداوا درد کا
ناتوانی تو دلِ مضطر کو سمجھاتی نہیں

جوششِ گریہ بتا! میں ہو گیا کیوں ناتواں
کیسے آنسو تھے کہ اب کروٹ بھی لیجاتی نہیں

ہجر میں مرتا سلیم امید ہے
کوئی بھی مرتا نہیں جب تک قضا آتی نہیں

سلیم

سلیم - منشی محمد سلیم - باشندۂ بٹرایچ سید محمد صاحب فرخ مچھلی شہری کے شاگردوں میں ہیں اب عرصہ سے انکا کلام گلدستوں میں نظر نہیں آتا - شوخ زبان ہیں طبیعت سخن آفریں اور معنی تراش ہے تخیل میں جولانی ہے - انتخاب یہ ہے ؎

کہتے ہیں وہ مرا دلِ مضطر لئے ہوئے
شب وعدہ الگ بیٹھے ہیں جل کے
برا کہتا ہے واعظ دختِ رز کو
سب کچھ تو کھا لیا سرِ محفل برا بھلا
اللہ ری شانِ عجز کہ جب خاک ہو گیا
مجھی سے کہتا ہے وہ شوخ لیکے دل میرا
کیا کیا بگڑ بگڑ کے وہ میدانِ حشر میں
تجھسا حسین ہاں بھی نہ کوئی نظر پڑا
غرورِ حسن سے وہ مجمعِ محشر میں کہتی ہیں
قیدیٔ الفت گیسو کی رہائی کیسی
لے مزے وردِ محبت کے کسی پر مر کے
لطفِ شادی سے زیادہ ہے کہیں غم کا مزا
کیا اور ہی حال ہوا نزع میں ہچکی سے سلیم

کیوں جی اسی کو پھرتے ہو در در لئے ہوئے
کہ بیچائے ہیں کوئی منا کے
غنیمت اور پھر گھر میں خدا کے
اب اور کیا کہو گے تم اسکے سوا مجھے
چلتی ہے اپنے دوش پہ لیکر صبا مجھے
جو مفت ہاتھ لگا ہو وہ مال کیسا ہے
دامن چھڑا رہے ہیں کسی داد خواہ سے
گذرا تمام مجمعِ محشر نگاہ سے
ہزاروں میں نظر جس پر پڑے صورت وہی اچھی
ہم کہیں چھوٹتے ہیں لاکھ وہ آزاد کرے
زندگی دے جو خدا مفت نہ برباد کرے
شاد آباد رہے جو ہمیں ناشاد کرے
اور مانگو گے دعا کوئی مجھے یاد کرے

سلیم

سلیم - مولوی سلیم اللہ ساکن بدایوں - مولوی احمد حسن وحشت بدایونی کے ارشد تلامذہ میں تھے فارسی زبان میں اچھی استعداد تھی معلمی کے ذریعہ سے بسر اوقات کرتے تھے غزل گوئی کی طرف کم توجہ تھی سلام - رباعیات کہنے کا شوق تھا - موج کوثر چشمۂ کوثر سلسبیل کوثر جنمیں نعت منقبت درج ہیں انکی یادگار ہیں ۱۳۴۲ھ میں وفات ہوئی ۶۴ برس کی عمر پائی -

اجباب سے اپنے منہ کو موڑا ہم نے	رباعی	دنیا سے جو اختلاط چھوڑا ہم نے

دیکھا جو شبیہ بے نیازی کو سلیم

دنیا کا نگار گرچہ لاثانی ہے
غرّہ ہے سلیم دن کے آئینہ کا عبث

خورشید جہاں تاب میں ضو تیری ہے
ہر دل میں بھڑکتی ہے تری آتشِ عشق

آتش میں جہاں سوزِ جگر سے پایا
فریاد و فغان و آہ و سینہ کوبی

میزان میں اعمال کو تُلتے دیکھا
آساں نہوئی وہ کون مشکل تھی سلیم

سرسبز نہالِ عیش ہونے نہ دیا
غوغائے قیامت نے کیا تنگ بہت

بادۂ کوثر کو پی کر میں شرابی ہو گیا
خوابِ غفلت سے نہ اٹھا ای دلِ خانہ خراب

عدم کو چلے ہائے ہم خالی ہاتھ
زمیں پر نہ آرام ہم کو ملا

دئے داغ گردوں نے ہم کو سلیم
برنگ غنچۂ پژمردہ ہو رہا ہے دل

ہمیشہ شاہدِ مضموں سے اختلاط رہا
ہر ایک رکھتا ہے تحتِ جگر کو آنکھوں میں

دیدۂ اسکی ہے ہم آغوشیِ عشرت کا سبب
تھرتھراتے ہیں قدم شاہوں کے رعبِ فقر سے

آئینۂ حرص و آز توڑا ہم نے

باقی نہ رہے گا نقش یہ فانی ہے
بے شبہ یہ جان ایک دن جانی ہے

رکھتا یہ تجلّی مہ تو تیری ہے
جس شمع کو دیکھتا ہوں ضو تیری ہے

شرمندہ گہرِ سرشک تر سے پایا
کیا کیا ہم نے الم کے گھر سے پایا

آنکھوں سے دُرِ اشک کو رُلتے دیکھا
ہر عقدۂ دشوار کو کھلتے دیکھا

تخمِ راحت سلیم بونے نہ دیا
مرقد میں مجھے چین سے سونے نہ دیا

بیخودی میں ہوش بھی نذرِ خرابی ہو گیا
صبحِ پیری آگئی عہدِ جوانی ہو گیا

لٹے راہ میں کارواں کی طرح
رہے "چرخ" میں آسماں کی طرح

کھلے تن پہ گل بوستاں کی طرح
سحابِ لطف کے طالب کریم ہم بھی ہیں

ہزار جیدانِ سخن اے سلیم ہم بھی ہیں
یہ طفلِ اشک مری چشمِ تر میں کیوں نہ ہے

عید کا دن ہے بیاضِ صبحِ پیشانی مجھے
بن گیا ہے بوریا تختِ سلیمانی مجھے

سلام

روز محشر کی درازی محو دل سے ہو گئی　　یاد جب آئی شب فرقت کی طولانی مجھے

نعم سجاد میں دل محو شیون ہو ہی جاتا ہے　　خدنگ آہ سے گردوں میں روزن ہو ہی جاتا ہے

رخ معنی پہ جوبن فکر سے ملتا ہوں میں غازہ　　دو چنداں شاہد مضموں کا جوبن ہو ہی جاتا ہے

خرام اشہب حضرت کی جب توصیف لکھتا ہوں　　ہر اک مصرع مرا شوخی میں توسن ہو ہی جاتا ہے

طمانچے مارتا ہے شمر ملعون جب سکینہ کے　　رخ رنگیں برنگ برگ سوسن ہو ہی جاتا ہے

کٹاتے ہیں جو سر راہ خدا میں شوق سے اپنا　　برنگ شمع انکا نام روشن ہو ہی جاتا ہے

یارب کھلے مرا چمن لالہ زار نظم　　بحر سخن سے آج بہے جوئبار نظم

سرسبز آب فکر سے ہو شاخسار نظم　　دکھلائے رنگ باغ جہاں میں بہار نظم

تحسین کا شور ہو دہن ہم صفیر سے
بلبل کے چہچہے ہوں قلم کے صریر سے

اے حسن بیاں شکل بلاغت کو دکھا دے　　لے خوبی تقریر فصاحت کو دکھا دے

اے تیغ زباں جوہر فطرت کو دکھا دے　　اے ذہن رسا زور طبیعت کو دکھا دے

اے خامۂ اعجاز رقم آج رواں ہو
اے غنچۂ مضموں گل بستان جناں ہو

صف باندھے ہوئے آئے مضامین کا لشکر　　ہو جائے فرس بندش پرکانہ اٹھے سر

مانیں مرے لوہے کو جو اس فن کے ہیں افسر　　رستم کیطرح معرکۂ نظم کروں سر

طبل و علم و تاج مرے سامنے لائیں
شاہان سخن باج مرے سامنے لائیں

بندش سے مری شوکت جمشید دکھا دے　　کاغذ سے بیاض سحر عید دکھا دے

لفظوں سے مرے جلوۂ ناہید دکھا دے　　ہر دائرہ حرف سے خورشید دکھا دے

عالم ہو منور مرے معنی کی ضیا سے

خورشید چھپے پردۂ مغرب میں چلا ہے

ہر گام پہ چلتا ہے دم جنگ نئی چال
خوگر ہے جو خوں ریزی دشمن کا مہ و سال
سبزہ کی طرح فوج عدو کرتا ہے پامال
ہمرنگ گل تر ہیں قدم خوں میں نہے لال

مجروح عدو نعل کے خنجر سے کٹے ہیں
مانند چمن رن میں گل زخم کھلے ہیں

گہ کاٹ کے بکتر کو عجب ڈھنگ سے نکلی
گہ مثل فغاں سینۂ سرہنگ سے نکلی
مانند شرر گاہ دل سنگ سے نکلی
گہ صورت رستم سپہ جنگ سے نکلی

سیفی کا نمونہ وہ حسام دو زباں تھی
اک ہاتھ میں رہوار کا سر تھا نہ عناں تھی

سلیم

سلیم۔ مولوی وحید الدین باشندۂ پانی پت۔ مولانا حالی کے قریبی عزیز ہیں۔ اور شاید فن سخن میں ان سے مستفیض ہوئے ہیں۔ عرصہ دراز تک علیگڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کے اڈیٹر رہے پھر لکھنؤ میں اخبار مسلم گزٹ کو آپ ہی کی ارادت میں فروغ حاصل ہوا تھا۔ آجکل اردو جامع عثمانیہ میں پروفیسر ہیں اور حیدرآباد دکن کی ادبی مجالس میں بڑے ذوق شوق سے حصہ لیتے ہیں۔ آپکی عمر قریبا پچاس برس کی ہوگی۔ دور موجودہ کے قابل اور مستعد اہل ادب میں آپ درجہ امتیاز رکھتے ہیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

سرو چمن کے رہ نہ جائے تو اے طائر چمن
گائینگے اک ترانۂ رنگیں چمن میں ہم

ہے جی میں ہو کے نعرہ زناں تیغ عشق میں
اک زلزلہ سا ڈالدیں چرخ کہن میں ہم

پہلو میں لائے ہیں دل افسردہ اپنے ساتھ
ہیں اک چراغ کشتہ تری انجمن میں ہم

ہیں دیکھتے ہنسی میں تری موج زندگی
پاتے ہیں موت تیری جبیں کی شکن میں ہم

اے شیخ جب نظر میں نہ تیری سما سکے
پیدا کرینگے راہ دل برہمن میں ہم

پرتو ہے تیرے حسن کی نیرنگیوں کا یہ
پاتے ہیں رنگ و بو جو گل و سمن میں ہم

دنیا میں ہوا ولولۂ دید کی ہے تیز
اے عالمِ فطرت ترے پردے نہ الٹ جائیں

افسردہ ارادے تری مٹھی میں ہیں اے دل
یہ تیر تو وہ ہیں جو نشانے سے اچٹ جائیں

اے عشق تری شوخیاں اب حد سے سوا ہیں
خطرہ ہے کہیں حسن کے تیور نہ پلٹ جائیں

تیری نظرِ لطف پہ بنیادِ جہاں ہے
برپا ہو قیامت ترے تیور جو پلٹ جائیں

اے کاش ہو وہ جلوہ بہ رنگ نمایاں
یہ رنگ کے بادل ہیں جو چھائے ہوئے پھٹ جائیں

یوں عقل پہ چھوٹے ہیں مرے نفس کے حملے
جسطرح کہ چیتے کسی آہو پہ جھپٹ جائیں

احسان نہ اٹھادل گا کبھی ابرِ کرم کا
گو باغِ تمنا میں جو پودے ہیں وہ چھٹ جائیں

کس کام کی اے دل وہ ترقی کی امنگیں
ہر دم صفِ انجم سے جو ٹکرا کے پلٹ جائیں

منزل ہے کٹھن راہِ فنا کہتے ہیں جس کو
حیرت نہیں گر خضر کے پاؤں بھی رپٹ جائیں

بلبل جو اڑاتی ہے دھواں سوزِ جگر سے
اندیشہ ہے پھولوں کے کہیں رنگ نہ کٹ جائیں

انگشت نما ہونے سے یوں جاتی ہے رونق
انگلی سے گلستاں کے ورق جیسے الٹ جائیں

تم اور قیامت کا نہ دکھلاؤ تماشا
فتنے نہ کہیں آن کے دامن سے لپٹ جائیں

رکھ نفس کے جذبوں سے سلیم آپ کو محفوظ
یہ سانپ ہیں وہ کاٹ کے جو جسم میں الٹ جائیں

جسکی خاطر سے چھٹا تھا دین و دنیا کو جواب
اُن تمناؤں کی اب کرنی ہے قربانی مجھے

سلیم (حاشیہ)

سلیم ۔ منشی سلیم اللہ خاں محرر۔ رونشنگ پور اٹاوہ۔ تلمیذ شوکت میرٹھی۔ آپ کا کلام سوز و گداز سے خالی درد و اثر سے بے نیاز ہے۔ آورد بہت ہے آمد کا نام نہیں اپنے استاد کی تقلید میں صید مضمون کے پیچھے شہبازِ خیال کو چھوڑ دیتے ہیں جو کچھ شکار ہاتھ لگتا ہے اُس پر قانع ہیں۔ فکر کی نمک ریزی یہ ہے ؎

دیر و کعبہ میں تیا غافل ہے کیا رکھا ہوا
شاہدِ مقصود ہے دل میں ترے بیٹھا ہوا

ہجومِ تشنگانِ آبِ خنجر قتل گہ میں ہے
کریں سیراب کس کسکو وہ خود گھبرائے جاتے ہیں

حنا جب غیر ملتے ہیں کفِ پائے ستمگر میں
تو بھر جاتا ہے خوں حسرت سے میرے دیدۂ تر میں

آغوشِ ضبط سے تجھے ڈالیگا خاک پر
اے طفلِ اشک پنجۂ مژگاں کے سر نہ ہو

سلیم غمزدہ کا حال ساقی پوچھتا ہے کیا
فلک کے ہاتھ سے گردش میں شکلِ جام پھرتا ہے

اسی غم سے میں روتا ہوں کہ اس غارت گرِ دل نے
کبھی ہنسکر نہ یہ پوچھا کہ تیرا مدعا کیا ہے

تارِ نفس پر آتی ہے ہر دم یہی خبر
گردن کا تیری رشتہ ملا لامکاں سے ہے

کر سیر تو وجود کی سب کچھ اسی میں ہے
وہ کعبہ و کنشت میں آیا کہاں سے ہے

یوں نغمہ زن ہے نے کہ ذرا ہوشیار ہو
واں کی بھی کچھ خبر ہے کہ تو آیا جہاں سے ہے

سلیم ۔ حکیم سید فیض الحسن سہسوانی۔ آپ حضرت امیر مینائی مرحوم کے شاگرد ہیں۔ آج کل بمبئی میں مقیم ہیں۔ سادہ گو اور سلاست پسند ہیں۔ کلام گرمی اور شوخی سے بیگانہ ہے انتخاب یہ ہے

وحشت کفن کو دیکھ کے کہتی ہے اسطرح
اچھا لباس ہے کہ کہیں آستیں نہیں

اے آسمان ظلم کی کچھ انتہا بھی ہے
دو گز مرے مزار کو پیدا زمیں نہیں

وحشت بڑھی ہوئی ہے دلِ بیقرار میں
دامن ادھر سیا تو اُدھر آستیں نہیں

میری ہے یہ بساط۔ کہ کچھ بھی نہیں قرار
میری ہے یہ مثال جہاں ہوں وہیں نہیں

سلیم ۔ سلیم الدین صاحب بہار کے ایک معزز خاندان سے ہیں ۱۹۱۴ء میں آپکی عمر ۱۹ سال کی تھی اور انٹرنس کلاس میں پڑھتے تھے سخن گوئی کا شوق لڑکپن سے ہے۔ نو مشق شاعر ہیں طبیعت میں آمد ہے۔ اکثر موقعوں پر برجستہ شعر کہتے ہیں۔ کلام یہ ہے

کوئے دلبر کی ہوا سر میں سمائی ہے سلیم
خاک خوش ہوں گے بھلا روضۂ رضواں لیکر

سوزِ دروں نے آہ ہمیں خاک کر دیا
رکھا تھا دل میں ہم نے کہاں کا غبارِ دل

رنگِ خودی مٹا دے دل سے دوئی اٹھا دے
اک جلوہ میں دکھا دے ہوں منتظر میں کب سے

پردۂ ساز میں در پردہ کوئی ہے معشوق
دل جو کھنچ جاتا ہے دلکش وہ صدا کون سی ہے

سجدہ کرتے ہیں برہمن جسے لے شام و سحر
ماہ و خورشید میں یارب یہ ضیا کون سی ہے

سلیم ۔ منشی سید قادر الدین حیدر آبادی ۱۹۰۱ء میں جب آغا شاعر دہلوی دکن میں راجہ انت(?)

کی سرکار میں ملازم تھے۔ اسوقت یہ انہیں سے مشورۂ سخن کرتے تھے۔ بندشیں صاف ستھری۔ خیالات پیچیدگی سے آزاد ہیں کیوں نہ ہو اُستاد کیسا ماہر زبان اور جادو طراز سخنور ہے اس زمانہ کا منتخب کلام یہ ہے ؎

عبث بتکلیف کی ذکرِ عدو کو چھیڑ کر تم نے بچایا مہربانی نے تری سر طرح سے ورنہ یہ دیکھنا ہے دیکھینگے وہ کسکو بزم میں دل ہو جگر ہو چھید گیا جو سامنے ہوا	جلا نیکے لئے کیا آتشِ رنگِ حنا کم تھی عدو کو خاک کر دینے کو میری آہ کیا کم تھی لاکھوں لڑی ہوئی ہیں نگاہیں نگاہ سے اللہ کی پناہ کسی کی نگاہ سے

سلیمان

سلیمان ۔ سلیمان خاں صاحب دہلوی ۔ مقیم عظیم آباد ۔ شعرائے قدیم سے تھے ۔ اشرف خاں فغاں دہلوی سے تلمذ تھا ۔ مضمون آفرینی کے دلدادہ تھے حسنِ خیال یہ ہے ؎

جُھکی جاتی ہیں آنکھیں آج نرگس کی گلستاں میں نظر آئی حنا بندی مجھے کس گل کے ہاتھوں کی دیا کس مست کے ہاتھوں میں تیسے شیشۂ دل کو	چمن میں ذکر تھا شاید تری مخمور آنکھوں کا کہ اشکِ سرخ سے کاسہ ہوا معمور آنکھوں کا سلیمان سا کوئی دیکھا نہیں معذور آنکھوں کا

سلیمان

سلیمان ۔ صاحب عالم و عالمیان ۔ میرزا سلیمان شکوہ بہادر خلف سوم خلد مکانی حضرت شاہ عالم ثانی ۔ تباہی سلطنت یعنی ہنگام غلام قادر کی بغاوت کے بعد قلعۂ معلیٰ کی سکونت ترک فرما کر اپنے برادر بزرگ میرزا جوان بخت بہادر ولی عہد کیطرح لکھنؤ میں اقامت گزیں ہوئے نواب آصف الدولہ بہادر نے بنام صرف خاصہ اخراجات سرکار شاہزادہ کیلئے چھ ہزار ماہوار مقرر کر دیئے ۔ نواب سعادت علیخاں اور غازی الدین حیدر ۱۸۱۸ء تک حسب دستور قدیم صاحب عالم کے سامنے وزیر اعظم کیطرح پیش آئے ۔ نذریں دیں خلعت پہنے جب غازی الدین حیدر نے تاج شاہی پہنکر تخت سلطنت پر جلوس کیا تو بدرجۂ مساوات ملاقات چاہی ۔ صاحب عالم کو یہ جدید حرکت ناگوار گذری لیکن باقتضائے مصلحت وقت میرزا نصیر الدین حیدر کیساتھ اپنی صاحبزادی کی شادی کر دی جو سلطان بہو کے خطاب سے مشہور ہوئیں ۔ مگر ہمیشہ شوہر سے ناموافقت

رہی۔ انہیں اسباب سے صاحب عالم سخت دل برداشتہ اور آزردہ خاطر رہے۔ آخر کار ۲۸ سال لکھنؤ میں قیام فرما کر گنج میں اپنے پرانے دوست کرنل گارڈنر کے پاس چند ماہ رہ کر اکبر آباد میں سکونت اختیار کر لی۔ اکبر شاہ ثانی کے زمانہ میں کئی بار دہلی آئے۔ اور اپنی متعدد لڑکے لڑکیوں کی شادیاں رچائیں۔ ۲۹ ذیقعد ۱۲۵۳ھ مطابق فروری ۱۸۳۸ء میں انتقال کیا ع۔ بگو گرد بر شاہ رحمت خدا۔ کتبہ لوح مزار ہے۔ صاحب عالم بادشاہ اکبر کے مقبرہ میں بمقام سکندرہ مدفون ہوئے۔

آپ کثیر العیال علماء و شعراء کے قدردان۔ بامروت نیک خو تھے۔ ابتدائے شوق میں شاہ حاتم کے شاگرد ہوئے انشاء اللہ خاں اور مصحفی کے زمانہ میں کہنہ مشق تھے۔ دہلی سے جو باکمال لکھنؤ جاتا تھا پہلے انکے ہاں حاضر ہوتا تھا اور یہ بھی الطاف امیرانہ سے پیش آتے تھے۔ لکھنؤ میں انکے دولتکدہ پر مشاعرے ہوتے تھے مصحفی قتیل۔ انشا۔ میر حسن سب اسی سرکار کے دعاگو تھے۔ اور انکے مطارحات اور مباحثے اکثر آپ ہی کے دربار میں رہے ہے کلام میں عالی دماغی کی بو آتی ہے۔ الفاظ سے شاہانہ شوکت پائی جاتی ہے۔ آپکا قلمی دیوان مولف تذکرہ کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ کلام رنگین کا انتخاب یہ ہے ؎

لبوں پہ آ کے جو نالہ نہ ہٹ گیا ہوتا
تو آسمان و زمیں سب الٹ گیا ہوتا

جنازہ تیرے دیوانہ کا اس تعجب سے اٹھا
کہ شور نالہ ہر اک خانۂ زنجیر سے اٹھا

کہاں ہے شیشۂ مے محتسب خدا سے ڈر
مری بغل میں چھلکتا ہے آبلہ دل کا

کرے یہ کاش فلک میر اسند سے جدا
یہ مجھ سے ہو نہ مرا شوخ خود پسند جدا

اے سلیمان عشق کی آتش سے میری کیسے بیچ
آگ کا شعلہ سا اک بھڑ کا بھڑک کر رہ گیا

وہاں جرات وہ غیروں سے ہم کنار رہا
ہمارے دل کو یہاں سخت اضطرار رہا

کسکے موتیوں کا ہار شب جو یاد آیا
تو تار اشک سحر تک گلے کا ہار رہا

کسکو تمیم طرۂ سنبل نے غش کیا
ہمکو تو تیری طرز تغافل نے غش کیا

کچھ تو اثر کیا ہے دل کی کشش نے تیری
ڈوبے اور اچھلے کیا کیا اس بحرِ عشق میں ہم

تاجِ شہی کا وارث تو کیوں نہ ہو سلیماں
جان دی راہِ محبت میں الٰہی صد شکر

جورِ بلبل پر نہ اتنا بھی اے صیاد کر

کس مست کا کرشمہ ہے آنکھوں کا اب جو یوں
ساقی نے اسکو دیکھتے ہی لا کے رکھ دیا
کچھ ضد ہے اسکو یہ کہ مٹاتا ہے پاؤں سے

وہ پری بولی کہ یاد آتی ہے مجھکو ہے ہے
مجھپہ غصہ ہو وہ سب موتیوں کے ہار کو توڑ

زخم کھا کر جو گرا میں تو وہ یوں کہنے لگا
ہٹ ہے گر دل ہی پہ اسکی تو سلیماں دے ڈال

منزلِ عشق ہے سخت اے دلِ رنجور دراز

دیکھکر زلفِ گرہ گیر تری اے کافر
نہ فقط نعرہ سے ہے اپنے زمیں کو جنبش

نکہت تری زلفوں کی سنگھا دیتی ہے "وہ ہیں"
کیوں آنکھیں جھپکی آویں نہ آتا ہے مجھے تو

تا تختِ ہوا دار کو لے تھام سلیماں

جو بوسہ لینے کی ہے تم میں اور ہم میں شرط
مجھے خطرہ ہے کہ بے طرح اٹھک بازی کی

بنیادِ شکیب و صبر دل سے

پڑھتا جو وہ سلیماں اشعار گھر سے نکلا
پایا نہ حیف اپنا اِک صورت آشنا سا

تیمور کا تو پوتا عباس کا نواسا
بات جو ہم نے کہی تھی وہ نباہی صد شکر

نو بہار آئی ہے اسکو چھوڑ دے آزاد کر

بکھرے پڑے ہیں گل بادام دوش پر
سب میکشی کا رات سرانجامِ دوش پر
لکھ لکھ کے ہر گھڑی وہ مرا نام دوش پر

چاندنی رات میں کرنی وہ سلیماں کی سیر
بوسے لے اتنے کہیں آنسوؤں کے تار کو توڑ

اچھا اچھا تو تڑپ کر مری تلوار کو توڑ
ایک دل کیلئے مت خاطرِ دلدار کو توڑ

تجھ میں طاقت نہیں مت کر سفرِ دور دراز

شانہ ہونے کی رکھے ہے دلِ صد چاک ہوس
بلکہ اس صدمہ سے ہے چرخِ بریں کو جنبش

پاتی ہے مجھے جبکہ نسیمِ سحری غش
یہ سیج تری دیکھ کے پھولوں کی بھری غش
یاں کہتے ہیں تجھپہ ہوئی ہے ایک پری غش

سو جیت لیتے ہیں اب تم سے کوئی دم میں شرط
بندھی ہے ابر میں اور میری چشمِ نم میں شرط

افسوس چلا اکھاڑ کر عشق

کیا لکھیا نہ جوانوں کی رہا آہ
صورت سج دھج بگاڑ کر عشق

بستا ہوا ملکِ دل ہمارا
بے طرح گیا اُجاڑ کر عشق

جس پہ سوجی سے ہے اپنا دلِ مضطر عاشق
ہائے وہ شخص ہے اور کسی پر عاشق

دردِ دل کی مرے تب قدر ہو اُسکو معلوم
آپ بھی جب ہو کسی پر وہ ستمگر عاشق

جیتے جی اب کوئی اٹھتے ہیں کہ آبیٹھے ہیں
آہ کی دھونی لگا کر ترے در پر عاشق

ہنس کے کہدینا ترا "کون ہے مجھپر عاشق"
مرتے ہیں ایسی ہی باتوں پہ تو اکثر عاشق

جب کہا تم نے کہ پتھر پڑیں اُسپر تو وہیں
رہ گیا مار کے بس چھاتی پہ پتھر عاشق

اُس نے غرفہ میں سے جھانکا تو بہانہ کر کے
گر پڑا کھاکے وہیں کوچہ میں ٹھوکر عاشق

تیری شب فراق میں میں کیا کہوں کہ آہ
تا صبح دم پلک سے رہی ہے جدا پلک

دیکھکر یار تری جلوہ گری کا عالم
صفِ عشاق میں ہے بے خبری کا عالم

اشک آتے ہیں لئے نعشِ دل اِس شور شرسے
کہ ہر اک قطرہ ہے اِک نوحہ گری کا عالم

کہاں طاقت کہ پہنچیں ساتھ باہم ہمرہاں درہم
تھکے ماندے چلے آتے ہیں گردِ کارواں رہ ہم

اُٹھایا بوجھ ہم نے سب یہ بسر عشق کی دولت
وگرنہ سو جیے جی میں تو یہ بارِ گراں اور ہم

تمنا ہو نہ دلمیں جسکو جنت کی سو کافر ہو
یہی ہے آرزو دلمیں کہ ہو کوئے بتاں اور ہم

ساقیا ہے یہ جام کا عالم
جیسے ماہِ تمام کا عالم

اب خدا پھر ہمیں نہ دکھلائے
شب ہجراں کی شام کا عالم

تجھ پہ ہی ان دنوں میں نامِ خدا
کچھ عجب دھوم دھام کا عالم

دے ہمیں تو وہ مئے گلفام ساقی ابر میں
جسکا ہو خورشید دُرد آشام ساقی ابر میں

زلف و رخ کا شیفتہ ہی جو کوئی تیرا آئے
کچھ نہیں معلوم صبح و شام ساقی ابر میں

کیونکر میں ہاتھ پکڑوں اُس گلبدن کے ہمدم
جسکی کہ شاخ گل سے نازک کلائیاں ہوں

تیرے قدم تک شب اگر ملے جو پیارے
چہرہ پہ چاند کے پھر ہرگز نہ چھائیاں ہوں

دوچار جام باہم ساقی جو بھر کے دیوے
تو ابر میں نشہ کی کیا کیا چڑھائیاں ہوں

دیکھے ہیں ہم نے لاکھوں دیندار سجدہ کرتے
کیونکر نہ اب بتوں کے گھر میں خدائیاں ہوں

ہم تو کب آپ تلک آپ سے آسکتے ہیں
آپ چاہیں تو ہمیں پل میں بلا سکتے ہیں

جبہ سائی کا نشاں جائے جبیں سے کیونکر
کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا سکتے ہیں

اٹھ کے وہ وقت سحر اپنے جو گھر جاتے ہیں
کچھ نشانی مرے تکیہ تلے دھر جاتے ہیں

تجھکو پروا نہیں ہے ایک بھی اور تجھ پر
سیکڑوں جان سے یاں اپنی گذر جاتے ہیں

اس اندھیرے میں دبے پاؤں اکیلے چپکے
یہ تو فرمائیے اب آپ کدھر جاتے ہیں

ہاتھ اب قبضۂ شمشیر پہ رکھتے ہو جو تم
اس ڈرانے سے بھلا ہم کوئی ڈر جاتے ہیں

کیا بری خو ہے بتوں میں یہ سلیماں واللہ
دل کو لیتے ہیں یہ اور لیکے مکر جاتے ہیں

گیا دن ہجر کا تو سو طرح سے آہ وزاری میں
شب فرقت کٹیگی کیونکہ یارب بیقراری میں

دوپٹہ بادلہ کا اوڑھ کر نکلا جو وہ گھر سے
نظر آنے لگی شب چاندنی سی اسکے پرتو میں

بجلی چمک رہی ہے بادل برس رہے ہیں
صہبا بغیر ساقی میکش ترس رہے ہیں

ہائے تھی ناتوانی صیاد کا گنہ کیا
قید قفس میں کیا ہم کچھ اپنے بس رہے ہیں

تارے کیوں بیٹھے گنا کیجئے بھلا راتوں کو
اپنے آجائے جو وہ زہرہ جبیں قابو میں

اسکو مرنے کی خبر پہنچی جو عاشق کی تو بس
ہنسکے بولا کہ میں کیا ہاتھ قضا کا پکڑوں

بوئے گل زور اڑا کر یہ لئے جاتی ہے کہ
دل میں ہے آج گریباں صبا کا پکڑوں

وہاں جب دست تنہائی کا اٹھا قیس کے دل میں
تو یاں چھاتی پکڑ لیلے ہوئی غش اپنے محمل میں

ٹھہر جا توڑنا دم کا تو اسکے دیکھ لے قاتل
رمق سی اور اک باقی ہے تیرے نیم بسمل میں

نہ دیکھی ہوگی موسی نے بھی کوہ طور پر ایسی
تجلی شب جو ساقی نے دکھائی اپنی محفل میں

دھوپ میں اسنے جو دیکھا مجھے پھرتا تو کہا
بیٹھ جا تجھکو مرے سر کی قسم سایہ میں

یہ تو کہدیجئے کیا دل میں ہے صاحب کے بھلا
آپ آکر جو بسے ہیں مرے ہمسایہ میں

معجز عیسیٰ نہ ظاہر ہو ترے ہونٹوں سے جو
بند کر آنکھیں ہوں یوں دیوانہ پن میں سرنگوں
دیکھکر تیرا فروغ حسن اسے مہ رشک کہا
اے باغباں تمامت ان بلبلوں کو ناحق
وہ گل بولے کہ لو قرآن پر ہم ہاتھ دہرتے ہیں
قسم دیکر نہ پوچھو ہم سے دیکھو رات کی باتیں
ولیکن اسواسطے ہم ہاتھ دہرے پھرتے ہیں
نہ مانوں گا میں کبھی وعدہ آپ کا صاحب
وہ میرے نالوں کو سنکر لگے یہ فرمانے
بھرا لنے ہے آنکھوں میں زہر ان بتوں کی یہ جس سے
ہمیں وہ یاد سلیماں ہے علم تسخیرات
جنہیں آتی نہیں سیدھی لکیریں کھینچنی مطلق
نہ جاگنے میں وہ لذت ہے اور نہ سونے میں
وہ چونک نیند سے اور دیکھ اپنی چوٹی کو
وہ میری چشم گہربار دیکھکر بولے
رات کو گھر سے نکل کر نہ ستایئے دیکھو
چوری چھلے کی لگا نہ مجھے بس جاؤ
آزمایش جو کریں وہ تو سلیماں کہدو
تڑپے ہے سینہ میں دل جان نہ ٹالو اسکو
وعدہ ملنے کا کر ہم سے جاتے ہو گھر غیروں سے
پیتے ہو جو رات شراب اور مست مدامی رہتے ہو

کیوں نہ پھر تیرے مریض غم کی نبضیں چھوٹ جائیں
جس طرح ہو غنچۂ نرگس چمن میں سرنگوں
شمع محفل گر پڑی ہوکر لگن میں سرنگوں
آگے بھی آشیانے انکے اُجڑ رہے ہیں
جو تم سچ ہمیشہ مرتے ہو تو ہم بھی تمید مرتے ہیں
کہینگے تو خفا ہو گے اجی ہم تم سے ڈرتے ہیں
کہ وہ جھنجلائے ہوئے ہم سے یہ پھرتے ہیں
ہمیشہ مجھسے یوں ہی صبح و شام کرتے ہیں
کہ آپ نیند ہماری حرام کرتے ہیں
نظر ملاتے ہیں اُسکو تمام کرتے ہیں
کہ ایک بات میں وحشی کو رام کرتے ہیں
زبردستی انہیں سب مانی و بہزاد کہتے ہیں
مزا جو پایا ہے پچھلے پہر کے رونے میں
پکارے سانپ تھا ہی مرے بچھونے میں
یہ خوب طاق ہیں سلک گہر پرونے میں
میرے اشکوں کی چمک آنکے بہارے دیکھو
اپنے سب کہول کے صندوق پٹارے دیکھو
جس طرح چاہو اجی دل کو ہمارے دیکھو
عید کا دن ہے گلے تک تو لگا لو اسکو
آگ بن اور بن تیل کڑاہی جلتوں کو جلواتے ہو
پوچھتے ہو عاشق کو ہنس ہنس کیا پیتے کیا کھاتے ہو

پھول عاشق کے وہاں ہو گئے کب کے صاحب + آپ پھولوں سے یہاں گو دہرے پھرتے ہیں

جاؤ کہیں تبلاؤ کہیں سر پاؤں تمہاری بات کا کیا

غیر کو دیکھ کے نہ شرماؤ

باہیں گلے میں ڈال کے ہیں جی میں آج رات

ایک مٹی کا سا تو وہ بن کے وہ بیٹھا تو کیا

رات کو اک بات میری مان وہ کہنے لگے

ہم صفیران چمن تم نہ گلستاں میں چلو

کھڑے ہیں دیکھنے کو ہم گلی میں آپکی کل سے

غیر کا نام جو تم پیار سے لیتے ہو تو بس

بیدادئ لشکر جنوں سے

میں روٹھ کر چلا تو سلیمان وہ بول اٹھے

اختلاط آپ سے اور مجھ سے کہاں کا ایسا

ہمیں جو اُسنے سونپی رات کو زنجیر سونیکی

چھاتی مری بھر آئے نہ کیوں ابر کی طرح

تقوی و زہد سے ہمیں کیا کام زاہد و

میرے پہلو سے نکلتے ہی لہو رونے لگا

کس کے مہماں ہوے تھے یہ کہو تو شب کو

عشق سے منع مت کر اے ناصح

ہاتھ سے ساقی کے لے کر نشہ میں رات کو

محتسب کے ظلم سے میں کیا کہوں اے میکشو

صبح ہوتے ہی جو اپنے گھر کو وہ جانے لگے

رو رو ہو کے جس طرح سے بنی رات کٹ گئی

کہتے کچھ ہو سنتے کچھ ہو بھڑکاتے ہو بہکاتے ہو

اے میں قربان ٹک ادھر دیکھو

ہائے کیطرح لیجئے در آغوش ماہ کو

گرمی صحبت بھی لازم ہے کچھ اک انسان کو

ہے یہ لازم یاد رکھے آدمی احسان کو

ہو جو دل کھول کے رونا تو بیاباں میں چلو

ٹک اک کوٹھے پہ اپنے تم یہاں ماہ آ جاؤ

اک برچھی ہے کہ پہلو میں چبھو دیتے ہو

بستی دل کی اُجڑ گئی ہے

آگے قدم رکھے تو ہمارا لہو پیئے

میرے زانو سے جو زانو کو وہ لگا کر بیٹھے

تو اٹھ سکے تھے یہ معنی یعنی کر تدبیر سونے کی

خالی پڑا یہ بزم میں جام شراب ہے

دنیا میں جو کہ ہے سو شراب و کباب ہے

دیکھ لے بیدرد کیا پُر درد تیرا تیر ہے

جو کسی طرح سے یاں آ کے مذکور ہوئے

کیا کریں عالم جوانی ہے

پی گیا میں ایک دو کر کر کے پیمانے کئی

خم پڑے ہیں ٹکڑے اور ویراں ہیں میخانے کئی

تو مجھے کس کس طرح سے ہائے سمجھانے لگے

کیا سرگذشت پوچھتے ہو مجھ غریب کی

کسی کا دل جو گرفتار ہو کسی کے ساتھ
تو اُس کے منہ سے بھلا کسطرح ہنسی نکلے

زیب دی تحریر بسر مہ کیوں نہ چشم یار کو
نیلگوں گنبد اٹھایا مردم بیمار کو

گالی نہ دیا کرو کسی کو
بس بس اپنی زباں سنبھالو

غرفہ میں سے جھانک پاس آئیے
غیروں کو ہنسی خوشی بلا لو

اور ہم سے نہ راحیف پیارے
منہ کو شرما کے یوں چھپا لو

ہے قافلہ عمر کا روانہ
رخت اپنا مسافروں سنبھالو

بت خانہ کی راہ کو سلیماں
چھوڑو تم اور رہ خدا لو

اودھ کی سلطنت ۱۸۵۶ء ضبط ہوئی

سیر گل تم کرو آئینہ میں ہم دیکھتے ہیں
زعفران زار کی سیر اپنے رخ زرد کیساتھ

ٹپکے ہے خوں ٹھہر ٹھہر سخت جگر کی قاش سے
چھیڑ دو اسکو صاحبو تیز قلم تراش سے

یار کے غم میں کچھ نہیں فکر ہمیں معاش سے
آمد خوں ہے دم بدم سینہ کے ہر خراش سے

جیسی ہے خوش تراش ”چھب“ نام خدا تری صنم
ایسی نہ شکل بن سکے آذر بت تراش سے

آج تم غیر سے چھینٹے جو لڑے پانی کے
پڑ گئے ہمپہ گویا لاکھ گھڑے پانی کے

وفور اشک سے کیونکر ہے اپنی چشم نم خالی
جو دریا جوش سے بہتا ہے ہوتا ہے کم خالی

بزنگ نئے دل پُر داغ میں سوراخ ہونے دو
صدائے درد سے بھر یک جہاں چھوڑیں ہم خالی

کپڑے کئے ہیں گیروے بہتوں نے ہو فقیر آج
کتنے ہیں لہو میں لال سرخ ترے لباس سے

ق

میرے سخن کی قدر کو جانے سلیماں وہ کوئی
جو اُسے دیکھے غور کر چشم گہر شناس سے

ہاتھ جب چھاتی پہ رکھکر اسکی میں نے یوں کہا
”بوجھ“ میرے ہاتھ میں یہ جفت ہے یا طاق ہے

تب کہا اس نے یہ سنکر راہ شوخی سے مجھے
ایک ہی اللہ اپنے کام میں تو طاق ہے

سلیمان

سلیمان - صاحب عالم - میرزا سلیمان قدر بہادر خلف عرش آرام گاہ حضرت امجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ - از بطن ملکہ گیتی خاندان اودھ کی آخری یادگار نازک طبع - رنگین خیال شاعر تھے ذہن میں بلند پروازی - بیان میں انوکھا پن تھا لکھنؤ کی زبان - فصیح بول چال کے مالک تھے ۱۹۱۵ء سنہ میں

انتقال ہوا۔ نواب میرزا جعفر علیخاں صاحب سالم لکھنوی رئیس شیش محل نے تاریخ وفات لکھی کہ "آج اودھ سے مٹ گیا نام و نشانِ سلطنت" ۔ راقم تذکرہ کو لکھنؤ میں آپکی خدمت میں حاضر ہوا۔ اشعار ذیل عنایت فرما کر ممنون کیا

آپ نے ظلم کئے ہوتے ستایا ہوتا
پر مجھے اپنی نظر سے نہ گرایا ہوتا

آئی ہے فصل بہار اٹھی ہے گھنگور گھٹا
ساقیا آج تو مستوں کو جھکایا ہوتا

قصہ خواں شوق کہانی کا ہے جب انکو
حالِ دل میرا کسی طرح سنایا ہوتا

ناخنِ غم کی رہا کرتی ہے ہر وقت خراش
ورنہ یہ زخم جگر کب کا بھر آیا ہوتا

ہمارا مرغِ دل صیدِ نگہ تھا
کماں سے تیر کیوں بیکار مارا

حیا سے ٹھوکروں سے تم نے مردے
ہزاروں کو دمِ رفتار مارا

اشارہ سرمگیں آنکھوں سے کرکے
مرے قاتل نے بے تلوار مارا

ہمیں ڈر کیا جب نہیں سر عزیز
جوانی وہاں باڑھ پر ہے تو کیا

نہ آئینگے میری عیادت کو وہ
ادھر کی جو دنیا ادھر ہے تو کیا

ترے درد کا کرے کچھ علاج
زمانہ کا وہ چارہ گر ہے تو کیا

سلیماں نہ دینگے کبھی انکو دل
وہ بلقیس ثانی اگر ہے تو کیا

آج جو غیر کی گردن میں ہیں اے آہ رسا
کل انہیں ہاتھوں سے ہمارا وہ گلے میں آئینگے

محبت ہر صنم کی مدتوں سے دل میں بستی ہے
خدا کی شان کعبے میں عجائب بت پرستی ہے

غرض شیخ و برہمن سے نہیں مذ شرب ہے انکو
عبادت خانہ میخانہ ہے مذہب بت پرستی ہے

نہایت خلیق اور بہت اخلاق سے پیش آئے۔ نہایت الطاف و کرم سے پیش آئے ۔ حال احوال دریافت فرمایا اور بہت شفقت فرمائی

سلیمان

سلیمان ۔ نواب والا قدر سید حسین علی میرزا عرف منجھلے حضور خلف اوسط نواب ناظم فریدان جاہ منصور علیخاں انکی والدہ نواب شاہ والنساء بیگم ۔ فریدوں جاہ کی بیویوں میں مقتدر اور ممتاز تھیں اور یہ انکے اکلوتے صاحبزادے تھے ۔ نواب شاہ والنساء بیگم نے جنوری ۱۸۹۲ء میں انتقال کیا ۔ جب سنہ ۱۸۸۰ء میں نواب ناظم اپنے آبائی حقوق نظامت سے دست بردار ہو تو سرکار نے انکی والدہ اور انکا ملا کر ۲۷ ہزار سالانہ وظیفہ مقرر کیا ۔ سنہ ۱۸۹۶ء میں اپنے برادر بزرگ نواب سر سید حسن علی

میرزا اور چھوٹے بھائی نواب ہمایوں قدر محمد علی میرزا معروف بہ امیر صاحب کے ہمراہ بغرض تعلیم ولایت گئے۔ کرنل ہربرٹ انکے اتالیق مقرر ہوئے۔ موجودہ نواب مرشد آباد انکے بھتیجے اور داماد ہیں مرشد آباد میں انکی نیک طبعی اور فیاضی مشہور و معروف ہی۔ طبیعت کو شاعری سے مناسبت تھی۔ طرز بیان و لطف فکر میں سنجیدگی۔ زبان میں شیرینی۔ نمونہ کلام یہ ہی ؎

تعلق جسم خاکی کا ہوا مانع حضوری کا
یہی پردہ ہمارے اور تیرے درمیاں نکلا

پس مردن کھلا ہم پر مآل کار دنیا
جسے سمجھے تھے بیداری وہ اک خواب گراں نکلا

گرمی مہر قیامت سے ضرر کیا ہوگا
جسکے سر پر تری دیوار کا سایا ہوگا

جان لیگی جو تمنائے وصال دلبر
دوش حسرت پہ واں اپنا جنازہ ہوگا

ہم نشیں کیا دیکھتے ہیں چہرۂ بیمار صبح
ہے شکست رنگ رخ آئینۂ آثار صبح

ہیں یہ دونوں بہر عاشق کاہش جان حزیں
آہ بے تاثیر شام و نالۂ بیکار صبح

جس قدر بھی گوہر انجم ترے کیسہ میں ہوں
آسماں کردے نثار جلوۂ رخسار صبح

بوئے باغ خلد لاتی ہے نسیم جانفزا
کھولتا ہے آسماں جس دم در گلزار صبح

وصل کی شب یہ خبر کیا تھی کہ لے دوڑیگا فلک
شام ہوتے ہی عیاں ہو جائینگے آثار صبح

سانپ کے منہ میں عقیق سرخ ہے کہتے ہیں لوگ
ہے عیاں یوں خون دل میرا زبان تیر پر

اہل محفل ہوں نہ کیوں خود رفتۂ حسن تپاں
نطق خود حیراں ہے تیری خوبی تقریر پر

فاتحہ پڑھنے بھی برسوں سے کوئی آتا نہیں
بیکسی روتی ہے قبر عاشق دلگیر پر

رہروان وادئ الفت پہ آفت ہی رہی
بے لٹے پہونچا نہ کوئی قافلہ منزل کے پاس

کی رسائی کس بلا کی تیر مژگاں نے ترے
یہ ستم گر توڑ کر سینہ کو پہونچا دل کے پاس

خانہ کعبے میں جس طرح ہے سنگ اسود
دل عشاق میں کرتے ہیں یوں ہی گھر گیسو

زندگی سے ترے دیوانے جو تنگ آئینگے
توڑ ڈالینگے رگ جاں بھی زنجیر کیساتھ

سادہ لوحوں کو نہ کیوں دام میں لائیں زاہد
سبحۂ مکر ہے سجادۂ تزویر کے ساتھ

وصل دشوار بھی آسان ہے مگر شرط یہ ہے
حسن تدبیر بھی ہے خوبی تقدیر کیساتھ

ضعف سے سر یہ جھکا تیرے اسیر غم کا
مل گیا طوق گلو حلقۂ زنجیر کے ساتھ

روز تا باب اثر جا کے پلٹ آتی ہے
لاگ ہے کچھ تو دعا کو مری تاثیر کیساتھ

تو ہو شمشیر بکف میں ہوں جھکائے گردن
تیری تصویر کھنچے یوں مری تصویر کیساتھ

عاشقوں کے واسطے خنجر سے یہ بھی کم نہیں
دل کے ٹکڑے ٹکڑے کرتی ہے جدائی آپکی

کیا کہوں ترچھی نگاہوں سے مجھے دیکھ لیا
اک چھری اور لگا بیٹھے ہیں جاتے جاتے

پڑ گئے سینۂ پر داغ میں اتنے چھالے
ٹھوکریں کھاتی ہے اب سانس بھی آتی جاتے

سانس اکھڑی ہوئی آنے سے تری یوں ٹھہری
جس طرح قافلے تھم جاتے ہیں آتے جاتے

عشق کا افسانۂ دلکش گل سراپا گوش ہے
کس لئے پھر بلبل آتش نوا خاموش ہے

ہے حباب بادہ کی صورت وجود کائنات
ساغر مے ہے زمیں چرخ کہن سرپوش ہے

رونقوں پر میکدے ہیں فصل گل کا جوش ہے
قلقل مینا سے پیدا بانگ نوشا نوش ہے

دیکھکر عاشق کی میت ناز سے بولا وہ شوخ
دم ابھی باقی ہے اسمیں ضعف سے بیہوش ہے

تیرے جاتے ہی ہوئی حالت یہ اہل غم کی
کوئی سسکتے میں پڑا ہے اور کوئی بیہوش ہے

خبر لیتا ہے اپنے قیدیوں کے دانہ پانی کی
قفس میں جب سے آئے ہیں دل صیاد میں گھر ہے

سما۔ میرزا محمد حسن صاحب خلف میرزا ثریا قدر شاہزادہ لکھنؤ ۱۳۱۴ھ کے مشاعرے میں شریک تھے۔ یہ دو شعر دستیاب ہوئے ہیں ؎

نہ دوزخ میں گذر انکا نہ جنت میں ٹھکانہ ہے
ترے عشاق کے رہنے کی جا اب تک نہیں نکلی

سحر سے شام تک کی منتیں وصلت کی یاں میں
مگر واللہ اس بت کی زباں سے ہاں نہیں نکلی

سما۔ محمد ذکریا صاحب تلمیذ میر ضیا دہلوی۔ نوجوان خوشگو تیز فکر شاعر ہیں۔ مندرجہ ذیل اشعار سے شوخی طبیعت پائی جاتی ہے ؎

بھڑکا یا اور آتش شوق وصال کو
انگڑائی لیکے ناز سے اس مست خواب نے

حسرت ہی لیکے اٹھ گئی شبنم تو باغ سے
دھویا گلوں کا منہ مری چشم پر آب نے

شوخی کے ساتھ غمزہ و ناز و ادا ملے
یہ چار چاند اور لگائے شباب نے

کعبہ کا کیا طواف کیا بُت بگڑ گئے
مجرم بنا دیا مجھے کارِ ثواب نے

اچھا ہوا جو مر گئے کچھ کھا کے اے سما
اُلفت کا روگ آج مٹایا خضاب نے

سمجھو

سمجھو ۔ منشی غلام محمد عرف میاں سمجھو ۔ سورت بندر کے ساکن ۔ میرزا جہاں شاہ خلف اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی کے ساتھ سفر حجاز کی واپسی پر دہلی میں وارد ہوئے ۔ بادشاہ کی تعریف میں چند قصیدے کہے کبھی مومن خاں کبھی ذوق سے اصلاح لیتے رہے ۔ چند سال کے بعد حیدرآباد جاکر راجہ چندولال کی سرکار میں بزمرۂ شعرا ملازم ہو گئے ۔ پھر اپنے وطن میں پہونچے ۔ نواب حسین ناور مومن خاں کیطرف سے سرکار انگلشیہ میں وکیل رہے ۔ اپنے وقت کے مشاہیر شعرائے دکن سے تھے ۔ ۱۲۷۳ھ میں انتقال کر گئے ۔ کلام کا رنگ اچھا ۔ شعر کا ڈھنگ بالکل نیا تھا مضمون آفرینی میں طاق ۔ خیال بندی میں شہرۂ آفاق تھے ۔ نتیجۂ فکر یہ ہے ؎

ویرانۂ عالم کی ذرا خاک جو چھانی
ہر گرد میں اک لیلیٰ کا محمل نظر آیا

ذرا ماہتابی پہ آیا تو ہوتا
وہ مہتاب سا منہ دکھایا تو ہوتا

بد دعا غیر کو بھی ہیں تو نہ دو دل کا سمجھو
قید گیسو سے کہیں اُس کے ہوا آزاد رقیب

ابرو سے دل بچا تو مژہ سے جگر چھدا
روکی ادھر کی چوٹ تو کھائی اُدھر کی چوٹ

لکھا ہے قصۂ سوز دروں میں ڈرتا ہوں
ہوائے بالِ کبوتر سے خط بھڑک نہ اُٹھے

از بس دہانِ دلبر انگریز تنگ ہے
کیا نکلے منہ سے بات کہ قید فرنگ ہے

میں بھی سمجھاؤں جو مانے بات تو پردہ نشیں
ہے بدلنا ہی اگر منظور اپنا گھر تجھے

جائے نظارہ بھی ہے گوشہ بھی ہے پردہ بھی ہے
آ مری آنکھوں میں رہ یہ عین بہتر ہے تجھے

سُندر

سُندر ۔ لالہ سندر لال صاحب باشندۂ بلند شہر ۔ شاعر خموش فکر ہیں ۔ زبان سلیس ہے یہ چند شعر درج ذیل ہیں ؎

جو بوسہ دے لیا انکا ہنسی میں	بگڑ بیٹھے وہ مجھ سے دل لگی میں
بناوٹ کا ہے یہ اظہار الفت	نہیں تیری محبت میرے جی میں
مرادوں کے ہیں دن لیلو دعائیں	رہی جاتی ہے میری جی کی جی میں

سودا

سودا شہسوار عرصۂ معانی۔ رشک انوری وخاقانی۔ طرۂ دستار فصاحت۔ غازۂ رخسار بلاغت ملک الشعرا میرزا محمد رفیع ابن میرزا محمد شفیع دہلوی ۱۱۲۵ھ میں اس مرد میدان سخن کی ولادت ہوئی۔ مورخین انہیں کابل نژاد کہتے ہیں مگر اصل یہ ہے کہ خاک شاہجہان آباد انکے خمیر میں شامل تھی۔ شاعر نامور شاہ حاتم کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا۔ میر سوز۔ میر درد۔ میر تقی سے معرکہ آرائیاں ہوتی رہیں جس مبارک فن نے انکے نام کو زندۂ جاوید کیا اسکی ابتدا اسی شہر سے ہوئی مگر افسوس یہاں کی آب و ہوا انکو راس نہ آئی۔ ابنائے زمانہ کی ناقدری سے عین زمانہ شباب میں لکھنؤ چلے گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ مغلیہ سلطنت کے درخت اقبال کی جڑیں دیمک لگ چکی تھی۔ صوبہ اودہ کا دماغ شاہانہ شمیم اقبال سے مہک رہا تھا لکھنؤ میں وزیر الممالک نواب آصف الدولہ بہادر کا دور دورہ تھا۔ ہندوستان کے ہر گوشہ سے پریشان حال اور تباہ روزگار مسلمان ادہر ہی کا رخ کرتے اور برا قسمت یا نصیب کہ لکھنؤ میں وارد و صادر ہوا کرتے تھے۔ میرزا سودا بھی دہلی سے روانہ ہوکر مختلف مقامات کی سیر کرتے ہوئے لکھنؤ پہونچے۔ قدردانوں اور ذی کمالوں نے انکو ہاتھوں ہاتھ لیا چندہی دنوں میں نواب وزیر تک رسائی ہوگئی آصف الدولہ تو ایسے ذی جوہر سپاہی منش شرفا کی تلاش ہی میں رہتے تھے انکی بڑی آؤ بھگت کی خصوصاً اس وجہ سے کہ نواب شجاع الدولہ نے خود انہیں بڑے شوق سے لکھنؤ بلایا تھا مگر اسوقت یہ نہیں آسکتے تھے یہ بھی دماغ ہفت ہزاری لائے تھے۔ عزت کے سامنے دولت کو پست خیال کرتے تھے ملک الشعرا کا خطاب شاہ عالم کے دربار سے حاصل ہوا تھا اب چھہ ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر بھی معاش کیلئے مرحمت ہوئی عیش و آرام کی زندگی بسر کرنے لگے۔ نواب وزیر کی تعریف میں نئے نئے رنگ کے قصیدے کہے۔ خوب خوب زور طبع دکھایا۔ میرزا سودا کی شاعرانہ معلومات

نقادی کا دائرہ وسیع تھا تحقیقات کے ابر میں ہجو کی بجلی چمک رہی تھی وہ غضب تھی یہ اپنے معاصرین کا مقابلہ کرنیکو ہر وقت کیل کانٹے سے لیس رہتے انکی علمی ادبی واقفیت کا حال۔ "تنبیہ الغافلین" دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے جسمیں میرزا فاخر مکین کی بُری طرح خبر لی ہے انکے دامن سخن کی دھجیاں اڑادی ہیں۔ نقادانِ سخن میر کے کلام کو آہ۔ سودا کے کلام کو واہ سے تعبیر کرتے ہیں یعنی درد۔ اثر۔ جذبات حقیقت۔ سوز و گداز میر کے کلام میں ہے۔ وہ دلی جذبات کے نقشے موثر اور دلکش پیرایہ میں کھینچتے ہیں۔ دردآمیز واقعات۔ رقت انگیز واردات کی سیدی سادہی زبانِ روزمرہ میں ادا کرتے ہیں۔ دل کی اندرونی کیفیت دکھاتے ہیں جسکی نظیر سودا کے ہاں معدوم ہے۔ شکوہ الفاظ۔ بلندیٔ مضامین۔ رفعت خیال۔ نادر استعارات۔ بے بدل تشبیہات جسقدر سودا کے دفتر میں ہیں۔ اس رنگا رنگی سے میر کا کلام محروم ہے۔ میرزا زبردست الفاظ کے سرمایہ دار ہیں جن کی مدد سے وہ مبتذل اور پیش پا مضامین کو بھی رنگینیٔ الفاظ سے مرصع بنادیتے ہیں۔ اور معمولی شعر میں بھی انتہا کا جوش پیدا کردیتے ہیں غرض میر کی سادگی۔ سودا کی معنی آرائی۔ دونوں کے ذہن رسا کی رسائی قابل داد ہے۔ ہر ایک اپنی اپنی جگہ مسلم الثبوت اُستاد ہے۔ گو میرزا سودا کو شاہ حاتم سے نسبت تلمذ ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ سودا کی شاگردی سے شاہ حاتم کا آفتاب شہرت آسمانِ سخن پر طلوع ہوا۔ ہونہار شاگرد نے اُستاد کے نام میں چار چاند لگادیئے۔ اردو میں قصیدہ گوئی کا موجد اگر کسی کو کہہ سکتے ہیں تو وہ صرف میرزا ہی کی ذات ہے جنکے زورِ قلم نے عالم سخن میں دھاک بٹھادی مقطوع الجواب قصائد سنکر مخالفین نے بھی انکا لوہا مان لیا ترکی۔ فارسی۔ عربی ہر علم میں دستگاہ تھی۔ دلی کے روڑے سے نہ بنے مگر اردو کے دھنی بنے رہے لکھنؤ میں رہ کر بھی شانِ میرزائی کو نہ چھوڑا محقق و کامل الفن تھے مختلف السنہ کی واقفکاری کا کمال قصائد سے ظاہر ہوتا ہے شیخ ناسخ نے انہیں کی آنکھیں دیکھکر تحقیقات کا دعویٰ کیا ورنہ لکھنؤ میں سودا اور ناسخ سے پیشتر۔ نہ متروکات کا لحاظ تھا۔ نہ زبان کی چھان بین کا شوق۔ نواب مصطفےٰ خان شیفتہ مؤلف گلشن بیخار سودا کے باب میں یہ تحریر کرتے ہیں کہ "میرزا از اقسام درشتنوی فکر معقول

نداشت وہاجی رکیکہ بسیار گفتہ وبان شیوہ داشتہ"۔ سخت حیرت ہے کہ جس شخص کو اصنافِ سخن پر ایسی قدرت حاصل ہو کہ تیری شبدیز قلم سے مہر کو سایہ سے بدتر کر دکھائے۔ جودت فکر سے سایۂ دیوار کو ظل ہما بنائے۔ اُس کو مثنوی پر قدرتِ تام نہ حاصل ہو۔ شاید حضرتِ شیفتہ نے تذکرہ نگاری کے زمانہ میں میرزا کے دیوان کو بالاستعیاب نہ دیکھا ورنہ جو مثنوی انکے کلیات میں موجود ہے اُسکو پڑھ کر ایسا جملہ کبھی نہیں لکھتے۔ ہجوئیں سودا کے کلام میں بیشک زیادہ ہیں مگر انمیں بھی زبان اور روزمرۂ فصحا کا پورا ذخیرہ موجود ہے۔ محاورات ہیں ضرب الامثال ہیں۔ اصطلاحات ہیں اور پھر شاعری کا لحاظ ہر موقعہ پر ہے۔ ہر صنف میں یہ عالم ہے کہ طبع رسا دریا کی طرح لہریں مارتی ہے کیسی ہی سنگلاخ زمین ہو مگر اُنکے سامنے پانی ہے۔ میرزا سودا کی زود گوئی اور فی البدیہہ شعر کہہ ڈالنے کے متعدد قصے زبان زد خلایق ہیں۔ انہیں کے زمانہ میں شیخ علی حزیں ایران سے آئے اور بحیثیت شاعر گرامی ہندوستان ان سے ملے سودا نے اُن سے دادِ سخن لی ہے۔ سودا عالم شباب سے پیری تک لکھنؤ میں رہے اور انکو لکھنؤ سے ایسی الفت ہو گئی کہ وہیں کی خاک میں آرام کر رہے ہیں کل ۷۰ برس گلشن عالم ہوا کھائی۔ اور ۱۱۹۵ھ میں عازم سیر جنت ہوئے۔ یہ قطعہ تاریخ انکے مزار پر کندہ ہے ؎

خلد کو جب حضرتِ سودا گئے — فکر میں تاریخ کی ماہر ہوا
بولے منصف ور کبریائے عباد — شاعرانِ ہند کا سرور گیا

انکے کلیات کے متعدد نسخے راقم کے کتبخانہ میں موجود ہیں جنمیں سے بعض انکی حیات کے مرتب شدہ ہیں اور اُن میں ایک خوشخط نسخہ میں ایک نہایت نفیس قلمی مرقع بھی موجود ہے۔ یہ اشعار انکے کلام کا انتخاب ہیں جو چشم انصاف بیں کی نظر میں سب گوہر نایاب ہیں ؎

شب کو مجلس بیچ وہ غارت گرِ ہر خانہ تھا — تھے جو باہم آشنا ایک ایک سے بیگانہ تھا

اِس گلشن ہستی میں عجب دید ہے لیکن — جب چشم کھلی گل کی تو موسم ہی خزاں کا
ہستی سے عدم تک نفسِ چند کی ہے راہ — دنیا سے گذرنا سفر ایسا ہے کہاں کا

نگاہِ مست نے ساقی کی عالم کو چھکا ڈالا
کہیں مدہوش ہے شیشہ کہیں ساغر ہے متوالا

دین و دل و قرار و صبر عشق میں تیرے کھو چکے
جیتے جو اب کے ہم بچے نام نہ لینگے چاہ کا

وصل بھی ہو تو دل مرا غم کو نہ چھوڑے ہجر کے
یہ تو ہمیشہ ہے رفیق وصل ہے گاہ گاہ کا

جو مذکور آس سے کرتا ہے کوئی غنچہ اور رونے کا
تو کہتا ہے کہ چپ رہ اسکو ہے آزار رونے کا

دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر
لیکن نہیں وہ مانع سوال و جواب کا

قطرہ گرا تھا جو کہ مرے اشک گرم سے
دریا میں ہے ہنوز پھپولا حباب کا

ہزار آب حیات چھڑکیں مسیح اور خضر کے لیکن
اٹھے نہ محشر تلک پیارے شہید تیرے لب و دہاں کا

پھیر مت باد بہاری کہ میں جوں نکہت گل
پھاڑ کر کپڑے ابھی گھر سے نکل جاؤں گا

ہو جسکی چشم کی گردش سے بیہوشی دو عالم کی
بھلا دیکھو تو پھر وہ ساقی گلفام کیا ہوگا

نہ کھینچ اے شانے ان زلفوں کو یاں سودا کا دل اٹکا
اسیر ناتواں ہے یہ نہ دے زنجیر کا جھٹکا

دورِ ساغر تھا ابھی یا ہے ابھی چشم پر آب
دیکھ سودا اگر دشِ افلاک سے کیا کیا ہوا

زخم کا دل کے تر و تازہ ہے انگور سدا
جاری رہتا ہے مری چشم سے ناسور سدا

طپش نے ان دونوں دل کی نئی صورت نکالی ہے
لپکتا ہے ہزاروں کو یوں تکتا ہی جوں پھوڑا

صبا سے ہر سحر مجھکو لہو کی باس آتی ہے
چمن میں آہ گلچیں نے یہ کس بلبل کا دل توڑا

جتنے ہیں خوبرویاں سب دلستاں ہیں لیکن
اللہ نے تجھی کو اک جانستاں بنایا

چھوٹا جو زلف سے تو پھنسا دامِ خط کے بیچ
یہ مرغِ دل ہمیشہ گرفتار ہی رہا

سودا کے زرد چہرہ کو شوخی کی راہ سے
کہتا ہے تیرا رنگ تو اب کچھ نکھر چلا

میں دشمنِ جاں ڈھونڈ کر اپنا جو نکالا
سو حضرتِ دل سلمہ اللہ تعالیٰ

دیکھئے واماندگی اب کیا دکھائے
قافلہ یاروں کا سفر کر گیا

وہم غلط کار نے دل خوش کیا
کیہ نہ جانے وہ نظر کر گیا

نہ تھی توفیق بوسے کی تو اتنا ہی کہہ دیتے
جو آیا ہے تو خالی مت پھرے دشنام لیتا جا

دامن صبا نہ چھو سکی جس شہ سوار کا — پہونچے کب اُس کو ہاتھ ہمارے غبار کا

ساقی چمن میں چھوڑ کے مجھ کو کدھر چلا — پیمانہ میری عمر کا افسوس بھر چلا

وہ ہم نہیں جو کریں سیر بوستاں تنہا — بہشت ہو تو نہ منہ کیجئے باغباں تنہا

سودا جو ترا حال ہے اتنا تو نہیں وہ — کیا جانئے تو نے اُسے کس آن میں دیکھا

سودا پھر آج تیری آنکھیں بھر آئیاں ہیں — عالم کے ڈوبنے میں کل کچھ تو رہ گیا تھا

زباں ہے شکر میں قاصر شکستہ بالی کے — کہ جن نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا

دکھاؤں گا تجھے زاہد اُس آفت دیں کو — خلل دماغ میں ہے تیرے پارسائی کا

قطعہ

سودا قمار عشق میں شیریں سے کوہ کن — بازی اگرچہ پا نہ سکا جان تو کھو سکا

کس منہ سے پھر تو آپ کو کہتا ہے عشق باز — اے روسیاہ تجھ سے تو یہ بھی نہ ہو سکا

آدم کا جسم جبکہ عناصر سے مل بنا — کچھ آگ بچ رہی تھی سو عاشق کا دل بنا

کعبہ اگرچہ ٹوٹا تو کیا جائے غم ہے شیخ — یہ قصر دل نہیں کہ بنایا نہ جائے گا

جو گذری مجھ پہ مت اُس سے کہو ہوا سو ہوا — بلاکشان محبت پہ جو ہوا سو ہوا

مبادا ہو کوئی ظالم ترا گریباں گیر — مرے لہو کو تو دامن سے دھو ہوا سو ہوا

کہے ہے سن کے مری سرگذشت وہ بے رحم — یہ کون ذکر ہے جانے دو جو ہوا سو ہوا

ڈرتے ڈرتے جو کہا میں کہ ترا عاشق ہوں — قہقہہ مار لگا کہنے وہ طناز درست

آتش ہی تری گرمی بازار محبت — سر بیچتے پھرتے ہیں خریدار محبت

ہر جرم کو ہے عفو ترے عہد میں ظالم — گردن زدنی ہے سو گنہگار محبت

ٹک سادہ دلی پر تو مری رحم کر اے یار — ہوں تجھ سے ستمگر سے طلبگار محبت

دل طوطی خط کو نہ دے اُس شوخ کی سودا — کھاوے گا اس آئینہ کو زنگار محبت

وفا نے گل میں نہ چشم مروت باغباں میں ہے — نکل بلبل کہ ہے اس باغ سے کنج قفس بہتر

جو ہے جوہر اُسے جانیں ہیں بیداد گو ہنر — عیب کو سمجھے ہیں اس وقت ہنر سے بہتر

مورد سنگ ہے وہ نخل جو ہو بار آور
پائی ہے بے ثمری ہم نے ثمر سے بہتر

کعبہ و دیر سے کیا کام ہے ہمکو اے دوست
ہے ہمیں کون سی جا گہ ترے در سے بہتر

سمندر کر دیا نام اسکا ناحق سب نے کہہ کہہ کر
ہوئے تھے جمع کچھ آنسو مری آنکھوں سے بہہ کر

ہمرہ صبا کے خاک بھی میری ہے دربدر
جاتی نہیں ہے مجھسے تری جستجو ہنوز

یا نالہ کو کر منع تو یا گریہ کو ناصح
دو چیز نہ عاشق سے ہوں اکبار فراموش

آشیانوں کو اجڑوا کے فریاد و فروش
باغباں ظالم ابھی سویا ہے اے بلبل خموش

اے لالے گو فلک نے دئے تجکو چار داغ
چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

دیکھوں ہوں میں اسی ستم ایجاد کی طرف
جوں صید وقت ذبح کے صیاد کی طرف

پتھر کی لیک تھا سخن اسکا ہزار حیف
بولی زبان تیشہ نہ فرہاد کی طرف

پہچانیں ہم نہ گل کو نہ ہم گل کے روشناس
منہ کر کے آنکھیں کھولیاں صیاد کی طرف

بس چلے تو دیکھنے ہرگز تجھے تجکو نہ دوں
آئینہ گھر میں ترے رہنے نہ دوں مقدور تک

عبث پابند ہوں میں لکھ لکھ شرح دل بال کبوتر سے
دلوں کے اڑ گئے پرزے نہ پہونچی کچھ خبر وا تک

ترے غم کا دل پر خوں سے استقبال کرنیکو
وہ قطرہ نارسا طالع ہے جو پہونچا نہ مژگاں تک

لالہ خود رو نہیں ہے خون سے فرہاد کے
جوش میں آکر لگا دی کوہ کے دامن میں آگ

ہے شرط دوریوں کہ بجز حکم عندلیب
کوئی کسی مزار پہ ہرگز نہ لائے گل

قاتل کے دل سے آہ نہ نکلی ہوس تمام
ذرہ بھی ہم تڑپنے نہ پائے کہ بس تمام

دل نالاں کو مرے کسی کے آرام سے کام
کوئی بے چین رہے اپنے لیے کام سے کام

بھلا گل تو تو ہنستا ہے ہماری بے ثباتی پر
بتا روتی ہے کسکی ہستی موہوم پہ شبنم

کیا مچائی ان نے سیر دل کے کاشانے میں دھوم
شور ہے جسکے لئے کعبہ میں بتخانے میں دھوم

گھر میں آنے سے کیا منع تو یہ بھی کہئے
راہ کوچہ میں ملاقات کروں یا نکروں

شیخ کہتا ہے مریدوں سے جو تم سی احمق
ہوں۔ تو اظہار کرامات کروں یا نکروں

ناصحا اُٹھ مرے بالیں سے کہ دم رکتا ہے
خوابِ شیریں میں ہے وہ دل ہمہ مائل شوق

ندیکھا جو کچھ جام میں جم نے اپنے
غرض کفر سے کچھ نہ دیں سے ہے مطلب
خدا دشمنوں کو نہ وہ کچھ دکھائے
مگر تجھسے رنجیدہ خاطر ہے سودا

مجھ جیسے جو خادم کی ہو خدمت سے تمہیں عار
لختِ جگر آنکھوں سے ہر آن نکلتے ہیں
تجھ تیر نگہ کے ہے کشتوں کا جہاں مدفن
سر خاک و گریباں چاک آغشتہ بخوں دامن

نے بلبلِ چمن نہ گلِ نو دمیدہ ہوں
گریاں بشکلِ شیشہ و خنداں بطرزِ جام
کوئی جو پوچھتا ہو کہ کس پر ہو وا خواہ
تیغِ نگاہِ چشم کا تیرے نہیں حریف

کہیں مہتاب نے دیکھا ہے اُس خورشید تاباں کو
"دوانہ" ہوگیا سودا تو آخر ریختہ پڑھ پڑھ

باتیں کدھر گئیں وہ تیری بھولی بھولیاں
حیرت نے اسکو بند کرنے دی پھر کبھو
کیا جانے تجھے سرِ انگشت پر حنا

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانہ میں
کیوں کر نہ چاک چاک گریبانِ دل کروں

نالے دل کھول کے دو چار کروں یا نکروں
جی دھڑکتا ہے کہ بیدار کروں یا نکروں

سو یک قطرۂ مے میں ہم دیکھتے ہیں
تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
جو کچھ دوست سے اپنے ہم دیکھتے ہیں
اُسے تیرے کوچہ میں کم دیکھتے ہیں

تو خوش رہو تم مجھکو بھی مخدوم بہت ہیں
یہ دل سے محبت کے ارمان نکلتے ہیں
سبزہ کی جگہ واں سے پیکان نکلتے ہیں
گیا گھر سے ترے عاشق باشان نکلتے ہیں

میں موسم بہار میں شاخِ بریدہ ہوں
اس میکدہ کے بیچ عبث آفریدہ ہوں
جوں گل ہزار جا سے گریباں دریدہ ہوں
ظالم میں قطرۂ مژہ خوں چکیدہ ہوں

پھرے ہے ڈھونڈتا ہر شب جہاں آباد کی گلیاں
نہیں کہتا تھا اے ظالم کہ یہ باتیں نہیں "بھلیاں"

دل لیکے بولتا ہے جواب تو یہ بولیاں
آنکھیں جب آرسی نے ترے مکھ پہ کھولیاں
جس نگینہ کے خوں میں جا ہیں ڈبولیاں

تڑپے ہے مرغِ قبلہ نما آشیانے میں
دیکھوں ہوں تیری زلف کو میں ست شانے میں

ہم سا تجھے تو ایک ہمیں تجھ سے ہیں کئی
جا دیکھ لے تو آپ کو آئینہ خانے میں

جی تک تو دیجے لوں کہ جو ہو کار گر کہیں
اے آہ کیا کروں نہیں بکتا اثر کہیں

ہوتی نہیں ہے صبح نہ آتی ہے مجھکو نیند
جس کو پکارتا ہوں سو کہتا ہے مر کہیں

ساقی ہے یک تبسم گل فرصت بہار
ظالم بھری ہی جام تو جلدی سے بھر کہیں

جادو بھرے ہیں چشم میں مت آئینہ کو دیکھ
دھڑکے ہے دل مرا کہ نہ پلٹے نظر کہیں

خونناب یوں کبھو نہ مری چشم سے بہا
اٹکا نہ جب تک آن کے لخت جگر کہیں

طائر رنگ حنا کی نمط اب اے صیاد
ہوں تو میں ہاتھ میں تیرے پہ اُڑا جاتا ہوں

ہوں میں وہ وحشیٔ رم خوردہ کہ تا دشت عدم
پات کھڑکے ہے تو مانند صدا جاتا ہوں

صفحۂ ہستی پہ اک حرف غلط ہوں سودا
جب مجھے دیکھ کے بیٹھو تو اُٹھا جاتا ہوں

جرم ہے اسکی جفا کہ وفا کی تقصیر
کوئی تو بولو میاں منہ میں زباں ہی کہ نہیں

کیفیت چشم اسکی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

جگر اُن کا ہے جو تجکو صنم کہ یاد کرتے ہیں
میاں ہم تو مسلماں ہیں خدا کہتے بھی ڈرتے ہیں

کسی کی مرگ پہ اے دل نہ کیجیے چشم تر ہرگز
بہت سا رو دیے اُن پر جو اُن پہ مرتے ہیں

سودا خدا کے واسطے کر قصہ مختصر
اپنی تو نیند اُڑ گئی تیرے فسانے میں

دل کے پرزوں کو بغل بیچ لئے پھرتا ہوں
کچھ علاج انکا بھی اے شیشہ گراں ہے کہ نہیں

بلبل چمن میں کس کی ہیں یہ بدشرابیاں
ٹوٹی پڑی ہیں غنچوں کی ساری گلابیاں

تو نے سودا کے تئیں قتل کیا کہتے ہیں
یہ اگر سچ ہے تو ظالم اسے کیا کہتے ہیں

کس کس طرح سے دیکھیں اس باغ میں فضائیں
کیدھر گئے وہ ساقی وہ ابر وہ ہوائیں

دل کو تو سو طرح سے دلاسا دیا کروں
آنکھیں جو مانتی نہیں اسکو میں کیا کروں

عاشق کی بھی کٹتی ہیں کیا خوب طرح راتیں
دو چار گھڑی رونا دو چار گھڑی باتیں

ساقی کو پھر نوید بہار آئی باغ میں
سودا نے پھر خلل سا کیا ہے دماغ میں

فراموش اِن دنوں ہم شہریوں کے دل سے ہیں سودا
خبر اُسکی جہاں آباد کے یاروں سے مت پوچھو

کیجئے نہ اسیری میں اگر ضبط نفس کو
دے آگ ابھی شعلۂ آواز قفس کو

دم مارنا پھبتا ہے کسے عشق میں تیرے
جس کا دم اول ہی دم بازپسیں ہو

مت دیر و حرم کے تو سمجھ سجدے میں کچھ فرق
تیرہی کا جب بوجھا آیا تو کہیں ہو

بس ہو تو رکھوں آنکھوں میں اُس آفت جاں کو
اور دیکھنے دوں میں نہ زمیں کو نہ زماں کو

لہو اُس چشم کا پونچھے سے اے ناصح نہ دیکھ کیونکر ہو
جو دل ٹوٹے کسی کے ہاتھ سے پیوند کیونکر ہو

کرے ٹک منفعل کوئی مرے بیدرد قاتل کو
دکھا دے خاک پروانہ یہ گریاں شمع محفل کو

آ پہنچ ظالم کہ پھر ایام کب آتے ہیں یہ
فصل گل کے کچھ گئے دن کچھ چلے جاتے ہیں یہ

غیرت و آبرو و حرمت و دین و ایماں
روؤں کس کس کو میں یاروں کہ گیا کیا کیا کچھ

مفلس ہمیں نہ بوجھ جو رکھتے نہیں ہیں کچھ
خالی ہمیشہ کیسۂ اہل کرم رہے

غنچے سے مسکرا کے اُسے زار کر چلے
نرگس کو آنکھ مار کے بیمار کر چلے

آئے جو بزم میں تو اُٹھا چہرہ سے نقاب
پروانہ ہی کو شمع سے بیزار کر چلے

گردش سے اُس نگاہ کی اے محتسب خبر
دنیا تمام بزم خرابات ہو گئی

اتنو میں چھوٹنے کا نہیں اسکو ناصحا
ہونی جو کچھ تھی قبلۂ حاجات ہو گئی

کیجو اثر قبول کہ تجھ تک ہماری آہ
سینے سے ارمغاں لئے لخت جگر گئی

مت پوچھ یہ کہ رات کٹی کیونکہ مجھ بغیر
اس گفتگو سے فائدہ پیارے گذر گئی

گل ہی پڑی سسکتی تھی بلبل چمن کے بیچ
ذرہ نہ اس کے حال پہ گل کی نظر گئی

پروانے رات شمع پہ اتنے جلے کہ صبح
خاکستران کے لیکے صبا دوش پر گئی

پروانہ کون ساتھ جلا شام کو کہ شمع
روتی ہوئی نہ بزم سے وقت سحر گئی

میرے لہو سے ہے مری دیوار گھر کی سرخ
میری ہی موج خوں سے مر بیرون در گئی

شکوہ تو کیوں کرے ہے مرا اشک سرخ کا
تیری کب آستیں مرے لوہو سے بھر گئی

ترا غرور مرا عجز تا کجا ظالم
سمجھ کے رکھیو قدم دشتِ خار پر مجنوں

ہمارے کفر کے پہلو سے دیں کی راہ یاد آئے
جو طبیب اپنا تھا دل اسکا کسی پر زار ہے

بھر نظر تجھکو نہ دیکھا کبھی ڈرتے ڈرتے
گر ہو شراب و خلوت و محبوب خوبرو

سودا جہاں میں آکے کوئی کچھ نہ لے گیا
جس روز کسی اور پہ بیداد کروگے

گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
سودا تری فریاد سے آنکھوں میں کٹی رات

فکرِ معاش عشقِ بتاں ۔ یادِ رفتگاں
لو خوش رہو گھر اپنے میں جس شکل سے ہو تم

ساونوں کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوئے
اے دل یہ کسکی بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک

ہے قسم تجھکو فلک ٹوٹے تو جہاں تک چاہے
کچھ دیکھ تو رستم سے سر تیغ تلے دھر دے

گویا دلِ عاشق بھی ہے اک فیل یہ مست
کیا ہو جو قفس تک مرے اب صحنِ چمن سے

سب کام نکلتے ہیں فلک تجھسے ولیکن
نامہ کا جواب آنا تو معلوم ہے پر کاش

دیتا ہے کوئی جنبشِ لب اس شوخ کو سودا

ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے
کہ اِس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

صنم رکھتے ہیں جسکو دیکھکر اللہ یاد آئے
مژدہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے

حسرتیں جی کی رہیں جی ہی میں مرتے مرتے
زاہد تجھے قسم ہے کہ تو ہو تو کیا کرے

جاتا ہوں اک میں دل پُر آرزو لئے
یہ یاد رہے ہمکو بہت یاد کروگے

او خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی
آئی ہے سحر ہونے کو ظالم کہیں مر بھی

اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے
دو چار نالے ہم پسِ دیوار کر چلے

یہ "نین" وہ ہیں جن سے کہ جنگل ہرے ہوئے
لختِ جگر کی نعش کو آگے دھرے ہوئے

جلوۂ حسن اسے حسرتِ دیدار مجھے
پیارے یہ ہمیں سے ہو سر کاٹ کے دھر دے

رکتا نہیں روکے سے کسو کے جدھر آوے
دو برگ لئے گل کے نسیم سحر آوے

میرے دلِ ناشاد کی امید بر آوے
قاصد کے بد و نیک کی مجھکو خبر آوے

کیا قہر کیا تو نے غضب تیرے پر آوے

قد کو تیرے جس جگہ مشقِ خرامِ ناز ہے
اس جگہ شورِ قیامت فرشِ پا انداز ہے

تصور میں ترے کہیو صبا اُس لاابالی سے
گلے لگ لگ میں رویا رات تصویرِ نہانی سے

بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے
اپنا ہی تو فریفتہ ہووے خدا کرے

سودا کے جو بالیں پہ اُٹھا شورِ قیامت
خدامِ ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے

کس شکار انداز کا یارب ہوا ترکش تہی
مرغ تک قبلہ نما کے بھی جگر میں تیر ہے

عجب بیداد حسرت پر مری صیاد کرتا ہے
دکھاتا ہے مجھے اُسکو جسے آزاد کرتا ہے

کسی کا دردِ دل پیارے تمہارا ناز کیا جانے
جو گذرے صید کے جی پر اُسے صیاد کیا جانے

نہ پڑھیو یہ غزل سودا تو ہرگز میر کے آگے
وہ ان طرزوں سے کیا واقف وہ یہ انداز کیا جانے

چمن میں کس کی مدارات تھی بتا تو نسیم
کہ صبح غنچوں کے سب عطردان کھول دئیے

مخمس میرزا سودا بر غزل تجلی

ہوا ہے اب کے سودا اور کیفیت کا دیوانا
قرار اُٹھتا ہے اس عالم میں جا کر اسکا مل جانا
لبوں پر مہرِ خاموشی زباں اوپر یہ افسانا
جو کوئی بات پوچھے ہے تو اشک آنکھوں میں بھر لانا
کبھی گھبرا کے رو دینا کبھی ہنس ہنس کے رہ جانا

بیاباں میں کیا کر دوں دوانگی اپنی کا افسانا
خوش آتا ہے مجھے گلیوں میں سنگِ کودکاں کھانا
نہ میرا گھر میں جی لگتا نہ بھاتا بن کا ویرانا
ارے ناصح عبث یہ ہے ترا بیہودہ سمجھانا
پری رو ہو جدا جس کا نہ ہو کیونکر وہ دیوانا

عبث مت بک نہیں میں مانتا تیرا کہا ناصح
میں اپنی جان سے بیزار ہوں تو مت ستا ناصح
مری آہ و فغاں کرنے سے تیرا تجھکو کیا ناصح
بھلا چاہے تو اپنی آبرو کو لیکے جا ناصح
مجھے بے طرح آتا ہے تری باتوں پہ جھنجھلانا

خدا جانے یہ مجھ پر کیا بلائے ناگہاں آئی
نہ مجھکو تاب و طاقت ہی نہ ہی صبر و شکیبائی
کہ اک باری ہوا میں چھوڑ عقل و ہوش سودائی
اگر چپ ہی رہوں تو مرتا ہوں گر بولوں تو رسوائی

نہیں معلوم کیا انجام رکھتا ہے یہ غم کھانا

طرح سیماب کے ہے بیقراری روز و شب مجھکو
ستاتا ہے غم اُس ظالم کا اکثر جب نہ تب مجھکو
نہیں معلوم فرصت ہوگی اُس دُوری سے کب مجھکو
پڑے ہیں اپنے جینے کے بھی لالے اب مجھکو
ہُوا ہوں ناتواں ایسا نہیں جاتا ہوں پہچانا

تڑپنے سے مرے سیماب بھی بیتاب ہوتا ہے
مرے شور و فغاں سے رات کو کم کوئی سوتا ہے
جلی چھاتی کو میری دیکھ غم سے ابر روتا ہے
مجھے جو دیکھتا ہے آپ اپنے ہوش کھوتا ہے
مری تدبیر میں عاجز ہیں سارے شہر کے دانا

کوئی کہتا ہے اسکے واسطے فصاد کو لاؤ
کوئی کہتا ہے سایہ ہے اسے سیانے کو دکھلاؤ
کوئی کہتا ہے اسکی فال جا ملّا سے کھلواؤ
کوئی کہتا ہے اسکو قید کر زنداں میں لیجاؤ
کوئی کہتا ہے لاحاصل ہے دیوانے کا غم کھانا

میری حیرت کی صورت دیکھ آئینہ ہوا حیراں
مری افسردگی کو دیکھکر کمہلا گئیں کلیاں
مری فریاد کو سنکر جرس بھی ہے سدا نالاں
مرے واسوخت کو سنکر کے ہو شب شمع بھی گریاں
مری بیتابیوں کو دیکھ جل جاتا ہے پروانا

کبھی آتا ہے جی میں یار کے کوچہ میں جا بیٹھوں
کبھی آتا ہے جی میں کوہ کن کیطرح سر چیروں
کبھی آتا ہے جی میں جا کے دشت اور کوہ میں رولوں
کبھی آتا ہے جی میں لٹتے ہی لوٹتے جی دوں
غرض اب سب طرف سے سوجھتا ہے جان کا جانا

کبھی گھبرا کے اُٹھ جاتا ہوں وحشت سے بیاباں میں
کبھی جلتا ہوں گلخن کی طرح تنکے گلستاں میں
کبھی پھرتا ہوں ننگے پاؤں میں خار مغیلاں میں
کبھی شور و فغاں کرتا ہوں جا جا عندلیباں میں
کبھی جا سیر گلشن میں ٹپک کر سر کو رو آنا

کبھی حالِ زلیخا پر میں عقل و ہوش کھوتا ہوں
کبھی ایوب کا سن صبر میں بیتاب ہوتا ہوں
کبھی یعقوب کی تربت کو اشک سے تر دہوتا ہوں
کبھی لگ کر گلے میں گور سے مجنوں کی روتا ہوں

کبھی سنگِ مزار کوہ کن سے سر ٹپک آنا

کبھو راتوں کو میں کرتا ہوں گھر میں نالہ و افغاں — کبھو پھرتا ہوں تنہا شہر میں وحشت سے سر عریاں
کبھو ہوتا ہے میرے ساتھ سودا مجمع طفلاں — تجلّی اسطرح سے دیکھکر اب جا ر و سرگرداں

کوئی کہتا ہے سودائی کوئی کہتا ہے دیوانا

قصیدہ

عجب ناداں ہیں وہ جنکو ہے عجب تاج سلطانی — فلک بالِ ہما کو پل میں سونپے ہے مگس رانی
نہیں معلوم اُن نے خاک میں کیا کیا ملا دیکھا — کہ چشم نقش پا سے تا عدم نکلی نہ حیرانی
مقرر جان ارباب ہنر کو ہے لباس میں — کہ ہو جو تیغ با جوہر اسے عزت ہے عریانی
ہماری آہ دل تیرا نہ تڑپا دے تو یا قسمت — وگرنہ دیکھ آئینہ کو تہ ہو گئے پانی
نہ کھوئی جگ میں رسم دوستی اندوہ روزی نے — مگر زانو سے اک باقی دلا ہے ربط پیشانی
موافق گر نکرتا عدل اُسکا آب و آتش کو — تو کوئی سنگ سے بنتی نہ شکلِ لعل رمانی
جسے یہ صورت و سیرت کرامت حق نے دی ہوگی — بجا ہے کہئے ایسے کے تئیں گر یوسفِ ثانی
معاذ اللہ یہ کیا حرف بے موقعہ ہوا سرزد — جو اسکو پھر کہوں تو ہوں میں مردودِ مسلمانی
غرض مشکل ہمیں پڑی کہ پیدا کرے ایسے کو — خدا گر یہ نہ فرماتا نہیں کوئی مرا ثانی
انگلیاں اُڑ جائیں دم پر اسکے دست وہم کی — آبداری اُسکی گر کھینچے قیاساً امتحاں
صورِ اسرافیل سے کچھ کم نہیں اُسکی نیام — نکلے وہ اسمیں سے تو شور قیامت ہو عیاں
جیتے جی جمعیتِ افلاک ہووے منتشر — تاب کیا باہم رہیں اجزائے ارضی تواماں
گاہ آجائے نظر گاہ نظر سے غائب — پھر ہوا پیچ وہ شب رنگ ہے جگنو کی دمک
روبرو سے اگر آئینہ کے اُس گلگوں کو — پھینک دے بڑھ کے جو تو شرق سے تا غرب تلک
اتنے عرصہ میں پھرا دے کہ اسے باد کر — عکس بھی آئینہ سے ہونے نہ پائے منفک

مجھی تو زور ہے ساقی کی یہ ادا بھائی — کہ پہلے جام سے مے خاک پر چھڑکائی
جو پوچھا میں تو کہا سن لی مجھ سے سودائی — چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی

بیا دارحسِ حریفانِ بادہ پیمارا

سوز

سوز۔ طوطی الشعرا سید محمد میر مرحوم۔ میر تقی میر اور سودا کے ہمعصر تھے۔ اپنے نام کے جزو ثانی کی مناسبت سے پہلے میرتخلص کرتے تھے۔ جب میر کا تخلص ان سے زیادہ مشہور ہوا تو بمقتضائے انصاف میر کو چھوڑ کر سوز تخلص اختیار کیا۔ انکے والد سید ضیاء الدین بہت بزرگ شخص تھے اور تیر اندازی میں صاحب کمال تھے۔ انکا سلسلۂ نسب حضرت قطب عالم گجراتی قدس اللہ سرہٗ تک پہونچتا ہے۔

میر سوز کے بزرگوں کا اصلی وطن بخارا تھا لیکن انکے والد پرانی دہلی کے محلہ قراول پورہ میں سکونت رکھتے تھے۔ جب شاہ عالم کے زمانہ میں دہلی بہت تباہ ہوئی اینٹ سے اینٹ بج گئی تو میر سوز لباس فقیرانہ اختیار کرکے لکھنؤ چلے گئے۔ تذکرہ گلزار ابراہیمی سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۱۹۶ھ میں میر موصوف لکھنؤ میں براجرہے تھے۔ مگر نوابی دربار تک رسائی حاصل نہ ہوئی تھی سنہ ۱۲۱۲ھ میں جب مرشد آباد سے دوبارہ لکھنؤ آئے تو قسمت نے یاوری کی اور نواب آصف الدولہ انکے شاگرد ہوگئے پورے دو برس کا عرصہ نہ گذرا تھا کہ ۷۰ برس کی عمر میں لکھنؤ میں اس دارفانی سے رحلت کی انکے اخلاق و عادات کی نسبت صاحب طبقات الشعرا کا قول ہے کہ "یہ شخص عالی طبیعت درویش خصلت ظریف الطبع خوش گفتار ہمیشہ امیروں کی صحبت میں رہتا تھا"۔

انہوں نے شاعری کے علاوہ شعر خوانی کا ایسا طریقہ ایجاد کیا تھا جس سے کلام کا لطف دوچند ہوجاتا۔ شعر کو اسطرح ادا کرتے کہ خود مضمون کی صورت بن جاتے اور شعر نہایت سوز و گداز سے پڑھتے۔ عرب میں فن شعر خوانی کو "انشاد" کہتے ہیں۔ ہندوستان کے اردو شعرا میں سب سے پہلے میر سوز نے طریقۂ انشاد کو رواج دیا مگر مرثیہ خوانوں نے اس کو بام ترقی پر پہنچا دیا۔ وہ میدان جنگ کا بیان اسطرح کرتے ہیں کہ آواز میں بادل کی گرج پیدا ہوجاتی ہے اور سامعین کے سامنے تلوار بجلی کیطرح کوندجاتی ہے۔ اس نئی روشنی کے زمانہ میں بھی انجمن معیار لکھنؤ کے اکثر اراکین اپنی خوش الحانی سے میر سوز دہلوی کی یاد کو تازہ کرتے رہتے ہیں۔ سوز کا کلام سلیس ہے سادہ ہے بے تکلف ہے۔ بیان میں بیساختہ پن اور آمد ہے مگر سادگی پھیکے پن اور بے لطفی کی حدتک پہونچ

جاتی ہے لیکن پھر بھی دیوان محاورات کے خزانہ سے بھرپور ہے۔

انکے ایک بیٹے تھے جنکا نام میر مہدی اور تخلص داغ تھا۔ یہ ۲۰ برس کی عمر میں ایک حسینہ پر عاشق ہوئے لیکن وصل کی تدبیر نہ پڑی ایک دن اُسکا خط آیا کہ میں تم سے کل آکر ملونگی انہوں نے یہ سمجھا "کل" سے مراد فردائے قیامت ہے اسی وقت تن سے روح پرواز کرگئی اور بجائے وصل کے وصال ہوگیا۔ مرتے دم یہ شعر اسکے خط پر لکھدیا ؎

از جان رمقے بود کہ مکتوب تو آمد	دیگر کہ نو یسم خبرم خوب گرفتے

انکے تلامذہ میں حکیم میرزا رضا علی آشفتہ۔ جان عالم خاں جان لکھنوی۔ لالہ موتی لال حیف لکھنوی لالہ صاحب رائے فریاد۔ میر شیر علی افسوس نارنولی۔ رستم الملک آغا محمد تقی خاں بہادر ترقی۔ نوازش حسین خاں نوازش جنکے شاگرد میاں داگیر اور میرزا رجب علی سرور صاحب فسانۂ عجائب اور شیخ مخدوم بخش ذکا بہت مشہور گذرے ہیں۔ حضرت سوز مرحوم کی شعلہ بیانی ملاحظہ ہو۔

دل کے ہاتھوں بہت خراب ہوا	جل گیا بل گیا کباب ہوا
یار اغیار ہوگئے ہیہات	کیا زمانہ کا انقلاب ہوا

دل تھا اب اط میں سو کوئی اُسکو لے گیا		اب کیا کروں گا اے مرے اللہ کیا ہوا
سنتے ہی سوز کی خبر مرگ خوش ہوا	ق	کہنے لگا کہ پنڈ تو چھوٹا بھلا ہوا
پھر اتنی بات سنتے ہی رو کر کہا کہ حیف		طوطا ہمارا اُڑ گیا کیا بولتا ہوا

یہ تیرا عشق کب کا آشنا تھا	کہاں کا جان کو میری دھرا تھا
وہ ساعت کونسی تھی یا الہی	کہ جس ساعت دوچار اُس سے ہوا تھا
رات کو نیند ہے نہ دن کو چین	ایسے جینے سے اے خدا گذرا
سوز کے قتل پر کمر مت باندھ	ایسا جانا ہے کیا گیا گذرا

کیوں طفل اشک تجکو آنکھوں میں دینے پالا	اسپر بھی میرے منہ پر تو گرم ہوکے آیا
قاصد سے تو پوچھا تھا کہ بھیجا تجھے کس نے	دہشت سے لگے یاد مرا نام نہ آیا

بہم اُس سے ہم سی بگڑ گئی تو خفا ہو مجھکو رولا دیا

ہے چال یا قیامت ہے حسن یا شرارا
پوچھے ہے مجھکو سنیو عاشق تو سچ ہے میرا
اتنی جراحتوں پر جیتا ہے سوز صاحب
جی ناک میں آیا بت گلفام نہ آیا

درد سے محفوظ ہوں ارماں سے مجھکو کام کیا

یار گر صاحب وفا ہوتا
ضبط سے میرے تھم رہا ہے سرشک
ہاں میاں جانتا تو میری قدر
جنکے نالے پہونچتے ہیں تجھ تک

دعویٰ کیا تھا گل نے اُس رخ سی رنگ و بو کا

اہل ایماں سوز کو کہتے ہیں کافر ہو گیا
سوز کیوں آیا عدم کو چھوڑ کر دنیا میں تو

ہوا دل کو میں کہتے کہتے دوانا
بہت چاہا کہ تو بھی مجھکو چاہے
شہرۂ حسن سی از بسکہ وہ محبوب ہوا
نازک ہی دل نہ ٹھیس لگانا اسی کہیں
کعبہ ہی کا اب قصد یہ گمراہ کریگا
سر دیوان پر اپنے جو بسم اللہ میں لکھا
جان کے کیا بیاں کروں احساں
بھلا اور تو اور یہ پوچھتا ہوں

رونے میں بھی کیا ہوں کہ رونے میں تیں بنایا منہ کہ ہنسا دیا

چلتا ہے کس ادا سے ٹک دیکھیو خدارا
کچھ جانتا نہیں ہے بھولا بہت بچارا
سینہ ہے یا کہ ترکش دل ہے کہ سنگ خارا
جیتا تو الٰہی مرے کچھ کام نہ آیا

بارِ خاطر تھا سو میرا یار شاطر ہو گیا

کیوں میاں جان کیا مزا ہوتا
ورنہ اب تک تو بہ گیا ہوتا
جو کہیں ترا دل لگا ہوتا
کاش میں اُن کا نامہ بر ہوتا

ماریں صبا نے دھولیں شبنم نے منہ پہ تھوکا

آہ یارب رازِ دل انپر بھی ظاہر ہو گیا
واں تجھے بھی تھی کیا کمی یاں تجھکو کیا درکار تھا

یاراں بے خبر نے کہا کچھ نہ مانا
مگر تو نے نہ چاہا پر نہ چاہا
اپنے مکھڑے سی جھگڑتا تھا کہ کیوں خط ہوا
غم سی بھرا ہے اے مرے غمخوار دیکھنا
جو تم سے بنتو ہو گا وہ اللہ کرے گا
بجائے مد بسم قد آہ میں لکھتا
یہ نہوتی تو مر گیا ہوتا
کبھی یاد کرتے تھے سو بھی بھلا یا

تھرتھراتا ہے اب تلک خورشید
سامنے تیرے آگیا ہوگا

دل کو یوں لیکے پانوں سے ملنا
ہائے ظالم خدا کا ڈر نہ کیا

اکھڑا نعش پر ہو کے بولا کہ ہے ہے
یہ کشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا

کھولی گرہ جو غنچہ کی تو نے تو کیا عجب
یہ دل کھلے جو تجھ سے تو ہو اے صبا عجب

اسلام چھوڑ کفر کیا میں نے اختیار
تو بھی وہ بت نہ رام ہوا اے خدا عجب

آنکھیں تو پتھرا گئیں تجھ سنگدل کے دھیان میں
یہ خرابی ان کی ہے آنکھوں کا ہو خانہ خراب

صبا جو طوفِ دلستاں کرو تو کچھ ملے
ورنہ کعبہ میں دھرا کیا ہے بغیر از سنگ و خشت

کی فرشتوں کی راہ ابر نے بند
جو گنہ کیجئے ثواب ہے آج

جگر سے ولیں دل سی آنکھ میں آنکھوں سے مژگاں پر
یہ طفلِ اشک لڑ بڑ گر پڑا قاتل کے داماں پر

قیامت کا بھی ڈھر کا سوز کے دل سے نکلجائے
خداوندا گذر قاتل کا ہو گورِ غریباں پر

ہجر میں مرتا ہوں ہیں پیغام سی تو شاد کر
تو جو کہتا تھا نہ بھولوں گا کبھی وہ یاد کر

کم نہیں ہوتا غبارِ خاطرِ جاناں ہنوز
خاک سی میری جھٹکتا ہے کھڑا داماں ہنوز

آج دل اپنے آپ سمجھ ہی اداس
کوئی مت آکے بیٹھو میرے پاس

سوز سمجھا اور اب یہ سوانگ نکال
شاعری تو نہ آئی تجھکو راس

مرضی جفائے چرخ کی بیداد کیطرف
مائل کیا دل اُس ستم ایجاد کیطرف

خونِ جگر تو آنکھوں سے جو تھا سو بہ گیا
آتا ہے سخت دل بھی چلا اب قفائے اشک

رونے سے باز ہم کوئی آتے ہیں شمع سان
لے سر سے پانوں تک نہ ہمیں تا گھلائے اشک

نظروں سے جو کسی کے گرے بول کیا سکے
کس نے سُنی ہے آنکھ سے گرتے صدائے اشک

بند میں اپنی گرہ دے کہ تجھے یاد رہے
میں یہ ڈرتا ہوں نہ ہو جاوے فراموش کہیں

آج میں سوز کو دیکھا تو اچنبھے میں رہا
سر کہیں پانوں کہیں ہوش کہیں گوش کہیں

دل ہے یا میں ہوں میں ہوں یا دل ہے
اور اب ہمکنارِ غم کا ہوں

قطعہ

بھلا رے عشق تیری شوکت و شان بھائی میرے تو اڑ گئے اوسان
ایک ڈر تھا کہ جی بچے نہ بچے دوسرے غم نے کھا لی میری جان
بس غم یار ایک دن۔ دو دن اس سے زیادہ نہ ہو جیو مہمان
بس جی کھاؤ نہ قسم جانتے ہیں جیسے تم ہو تمہیں ہم جانتے ہیں

قاتل پکارتا ہے۔ ہاں کون کشتنی ہے کیوں سوز چپ ہے بیٹھا کچھ بول اٹھ نہ ہاں ہوں
امید وصل جز طمع خام کچھ نہیں ہر صبح ہے قسم بہ قسم شام کچھ نہیں
سمجھاؤں لپٹے کفر کے کر رفو تسبیح کو بے اختیار رکھ اٹھے اسلام کچھ نہیں
آنکھوں کو اب سنبھالو یہ مارتی ہیں راہیں جتنے مسافروں کو دیتی تھیں نگاہیں
بے قراری نہ کر خدا سے ڈر سوز عاشق کا یہ شعار نہیں
اے سوز عاشقی میں ثابت قدم ہی رہنا فرقوں میں عاشقوں کے تا سب تجھے سراہیں
دل کو یہ آرزو ہے صبا کوئی پائیں ہمراہ تیرے پہونچے مل کر غبار ہیں
میں وہ درخت خشک ہوں اس باغ میں صبا جس کو کسو نے سبز نہ دیکھا بہار میں

ق

مقبروں میں دیکھتے ہیں اپنی ان آنکھوں سے روز یہ برادر یہ پدر یہ خویش یہ فرزند ہیں
تو بھی رعنائی سے ٹھوکر مار کر چلتے ہیں یار سوجھتا اتنا نہیں یہ خاک کے پیوند ہیں

ہاں اہل بزم آؤں میں بھی پر ایک سن لو تنہا نہیں ہوں بھائی با نالہ و فغاں ہوں
خواب ہی میں دیدے روتے ہیں زور خیمے میں خوب سوتے ہیں
کیا کروں دل کو کچھ قرار نہیں اسمیں کچھ میرا اختیار نہیں
برق طپیدہ یا شرر جہیدہ ہوں جس رنگ میں ہیں میں عرض اشک نو دمیدہ ہوں
اے آہ و نالہ مجھ سے نہ آگے بڑھو کہ میں بچھڑا ہوں کارواں سے مسافر جریدہ ہوں
اے اہل بزم میں بھی مرقع میں دہر کے تصویر ہوں و لے لب حسرت گزیدہ ہوں
خدا ہی کی قسم ناصح نہ مانوں گا کہا اب تو نہ چھوٹے گا ترے کہنے سے میرا دل لگا ابتو

لے پھرا ہیں کہاں کہاں دل کو
نہ لگا لے گیا جہاں دل کو

دل سا رفیق میرا تو نے جدا کیا ہے
لے عشق جی بھی لے چک تیرا اگر بھلا ہو

رسم و آئینِ اسیری کے مجھے یاد نہیں
نو گرفتار ہوں اے ہم نفسو سکھلا دو

سانس لینے دو چھری نیچے بیتابی کیا ہے
ذبح تو کرتے ہو ٹک صبر کرو جلاّ دو

کھیڑ لے باد صبا بچھڑے ہوئے یاروں کو
راہ ملتی ہی نہیں دشت کے آواروں کو

بال باندھے جنہیں کہتے ہیں یہی عاشق ہیں
کیا چھڑا دے کوئی زلفوں کے گرفتاروں کو

اب یہ دیوانہ کہے ہے کھول دو زنجیر کو
توڑ دو اے عاقلو سر رشتۂ تدبیر کو

منہ نہ موڑا تیغ سے جم جم اٹھائے زخم یار
آفریں ہے سوز صد رحمت ہی تیرے پیر کو

او جانے والے اس سے یہ کہیو کہ واہ واہ
کچھ بھی خبر ہے در پہ پکارے ہے داد خواہ

کل کس کے ہاں گیا تھا بھلا یہ بھی جھوٹ ہے
پھر تو کہیگا مجھ سے جھگڑتا ہے خواہ نخواہ

ناصح تو کسی شوخ سے دل جا کے لگا دیکھ
میرا تو کہا مان محبت کا مزا دیکھ

ہر چند میں لائق نہیں تیرے کرم کے
لیکن نگہ لطف سے ٹک آنکھ اٹھا دیکھ

کس لئے تلوار خریدی میاں
باندھنے کو بھی تو کمر چاہیے

راہ عدم کی بھی عجب سہل ہے
جس کو نہ کچھ زادِ سفر چاہیے

جس کو نہ ہو شکیب نہ تاب و فغاں رہے
تیری گلی میں وہ نہ رہے تو کہاں رہے

دونوں جہاں سے تو مجھے کام کچھ نہیں
ہاں یہ غرض ہے یار کہ تو مہرباں رہے

منہ دیکھو آئینہ کا تری تاب لا سکے
خورشید پہلے آنکھ تو تجھ سے ملا سکے

اشک خوں آنکھوں میں آ کر جم سے لئے
دور کے بھی دیکھنے سے سہم گئے

اک نے سوز سے پوچھا کہ صنم سے اپنے
اب بھی ملتے ہو بدستور کہ گاہی گاہے

دیکھکر منہ کو گھڑی ایک میں بھر کر دم سرد
یوں اشاروں سے بتایا سر راہے گاہے

سر زانو پہ ہو اسکے اور جان نکل جائے
مرنا تو مسلّم ہے ارمان نکل جائے

تم بن ہے عذاب زندگانی　　ہے میری خراب زندگانی
مت کیجیے خیال کل ملینگے　　ہے پل میں یہ خواب زندگانی
اتنا نہ چھپو کہ لے کفن کا　　گھبرا کے نقاب زندگانی

الٰہی دل میں کسی دوست کے صفا نہ رہی　　ہمارے عکس کے آئینہ میں بھی جا نہ رہی

ق
چلتر سن ہنسا عیار کا تو　　زبردستی سے مرا دل لیا ہے
چھپا مٹھی میں کہتا ہے کہ او میاں　　ہمارے ہاتھ میں بوجھو تو کیا ہے

شکن سے میرے استخواں میں درد کی آواز ہے　　کچھ نہیں معلوم یارب سوز ہے یا ساز ہے

مگر جانیکا قاتل نے نرالا ڈھب نکالا ہے　　سبھوں سے پوچھتا ہے اسکو کس نے مار ڈالا ہے

ق
دیا تھا بیوفا کو دل جو میں نے ایک بوسہ پر　　کئی دن تک تو مانگا پھر جو دیکھا روز ٹالا ہے
کہا اکتا کے دل ہی پھیر دو تو یوں لگا کہنے　　تقاضے نے ترے ہر دم کے مجھکو مار ڈالا ہے
پڑا ہوگا کسی کونے میں جا پہچان کر لے لے　　"مرا دل دو مرا دل دو" نیا جھگڑا نکالا ہے

لوگ کہتے ہیں مجھے یہ شخص عاشق ہے کہیں　　عاشقی معلوم لیکن دل تو بے آرام ہے

ق
کہوں کس سے شکایت آشنا کی　　سنو صاحب یہ باتیں ہیں خدا کی
عدم سے زندگی لائی تھی بھلا　　کہ دنیا جائے ہے اچھی فضا کی
جنازہ دیکھتے ہی ہنس ہوا دل　　کہ ہے ظالم دغا کی ارے دغا کی

رفیق کوئی مرے وقت کا نہیں واللہ　　فغان نیم شبی یا نالۂ سحری

نہ لئے مجھے مگر جی سے مہرباں رہئے　　خوشی سے رہئے میرے مہرباں جہاں رہئے

گالیاں دینے کو اچھے ہو بیچارے سوز کو　　یہ نہ آیا ایک بوسہ دیجئے یوں ہی سہی

سوز

سوز۔ شاعر جادو مقال۔ ناثر عدیم المثال۔ مولوی عبدالکریم سوز خلف اصغر و تلمیذ ارشد خسرو اقلیم سخن آرائے حضرت مولوی امام بخش صہبائی سلسلہ نسب پدری حضرت عمر فاروق تک اور نسب مادری حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی تک پہونچتا ہے۔ نقادی اور تحقیقات فن کی شہرت عالم

آشنا ہے۔ عربی فارسی میں صاحبِ تکمیل منطق حکمت اور دیگر علوم وفنون میں فارغ التحصیل۔ خدا داد طبیعت کو فنِ سخن سے وہ نسبت تھی جو بلبل کو چمن سے یا روح کو بدن سے۔ اس جواں مرگ کی عالی خیالی واہ۔ اور بلند پروازی مضمون آفرینی سبحان اللہ۔ ابتدائے سن شعور سے کسب کمال کا شوق۔ شوکت الفاظ کے ساتھ۔ اچھوتے مضامین پیدا کرنیکا ذوق اور کیوں نہ ہوتا طبیعت اچھی ذہن رسا۔ اسیر صہبائی کی شاگردی اور شفقت پدری سونے پر سہاگا۔ جوانی میں اپنے کمالات اور ستودہ اخلاق کے باعث یکتائے روزگار خلیق۔ بامروت۔ ملنسار۔ ہر وقت فکر سخن میں غرق۔ ذہن کی براقی مدعیٔ انا البرق اکثر زمینوں میں بیس بیس غزلیں کہکر اپنے شاگردوں سے پڑھواتے۔ داد لینے میں انجمن سے گوے سبقت لیجاتے۔ خاقانی ہند حضرت ذوق کی وفات پر ایک قطعہ تاریخ مسمّٰی بہ واقعہ تعجب خیز ایسا لاجواب لکھا ہے کہ دیگر صنایع بدایع سے قطع نظر اکثر مصرعوں سے سال وفات نکلتا ہے ۱۲۷۵ھ میں ۳۲ برس کی عمر پاکر بعالم شباب گوروں کے ہاتھ سے بے گناہ مارے گئے اور گنج شہیداں میں مدفون ہوئے۔ میدان بلاغت کے شہسوار معرکۂ سخن کے علم بردار تھے۔ مولا بخش قلق میرٹھی مرحوم جو حضرت صہبائی کی شاگردی سے پھر کر جناب مومن کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئے تھے اُن سے کارزارِ شاعری میں مقابلے ہوئے قلق کو زار و حزیں ہونا پڑا۔ ہنگامۂ سخن میں انکے آگے قدم نہ جمے۔ انکا ضخیم اور قلمی کلیات لالہ بنارسی داس غمگین کے پاس موجود تھا مگر افسوس کا مقام ہے کہ وہ انکی وفات کے بعد ورثا کی کم توجہی سے ضایع ہو گیا۔ بطور نمونہ تھوڑا سا کلام جو انتخاب کیا ہے زیب دیدہ ناظرین ہے ؎

میرے دل میں حسرتیں ہیں کاروانِ درد کا روانِ درد
چمن سے جاتی ہے اسطرح سے بہار اور ہائے

تو نہ مرجائے کہیں سوزِ غم میں مر کر ٹک کر
عالم کو چین دیتی نہیں شوخیاں تیری

میرے جنوں سے اور تیرے رنگ شوخ سے

گم نہ ہو جائے کہیں پیکاں تمہارے تیر کا
کسی طرح نہیں صیاد مہرباں ہوتا

ذرا تو حال کہا کر کسی سے یار اپنا
اور اضطراب میرے دل بیقرار کا

اب کچھ اور رنگ ہے ظالم بہار کا

تمہیں واں رات کو غیروں میں عشرت سے بسر کرنا
ہمیں یاں روتے روتے شمع ساں وقت سحر کرنا

ظالم ترے کشتوں کا گلو تر نہیں ہوتا
جب تک کہ رواں حلق پہ خنجر نہیں ہوتا

کچھ ترا شہرہ ہوا کچھ میری رسوائی ہوئی
رفتہ رفتہ یوں ہی ظاہر راز پنہاں ہو گیا

عشق میں ہو ہی چکے تھے ہم تو بے ساماں مگر
حسرتیں بڑھ بڑھ کے پھر کچھ جمع ساماں ہو گیا

نہ وہ تم ہو نہ وہ ہم ہیں نہ وہ باتیں پہلی
تفرقہ تھا جو مقدر میں نظر آ ہی گیا

ابھی دل میں ابھی آنکھوں میں ابھی دامن پر
اشک میں بھی تری شوخی کا اثر آ ہی گیا

سوز کو بیگانہ ہی پر بزم میں ہنسنے تو دے
رفتہ رفتہ یہ بھی ظالم آشنا ہو جائیگا

وائے قسمت کہ خزاں میں رہے گلزار کے پاس
اور بہار آئی تو صیاد جفاکار کے پاس

ہائے رے جذبۂ صیاد کہ بھاگے ہی جو صید
پھر پھر آن رہے ہے اسی خونخوار کے پاس

اللہ اللہ تری صیاد تغافل کیسی
کہ جو بھولے سے بھی آوے نہ گرفتار کے پاس

پاس آنے میں نہ کشتوں کے لگے دیر کہیں
لے لیا موت نے گھر ہی تری دیوار کے پاس

ناتواں گو ہیں یہ بیتابئ دل بد ہے تو کیا
ایک دن گھر ہی کریں گے تری دیوار کے پاس

اے سوز ابتدا ہی میں بگڑی ہوائے دل
آگے کو رنگ دیکھئے کیا کیا دکھائے دل

بدعہدیوں کی تیری کیا کیجے شکایت
جب آپ ہی جہاں میں ناپائدار ہیں ہم

یہ تو یقیں تم ہم میں ہی ہو پر یہ نہیں کھلتا کس جا ہو
دل میں تمنا سینہ میں ارماں جاں میں حسرت یا بھلا ہیں

ارماں ہی کونسا کہ سویدائے دل نہ ہو
امید کونسی ہے جو داغ جگر نہیں

یوں ہی آئی عمر اور یوں ہی گئی ؎
ہم خدا جانے رہے کس دھیان میں

سینکڑوں ہیں تری اس سادہ مزاجی کے نثار
اور قربان ہیں ظالم تری ہیبت کے لاکھوں

جان سینہ میں نظر آنکھوں پہ دم ہونٹوں پر
اک نہ آنے سے ترے کام ہیں اٹکے لاکھوں

ایک مژگاں کے تصور سے ترے او کافر
خار سے خار سے تھی سینہ میں کہ کھٹکے لاکھوں

رحم بھی آیا تو قاتل کب تجھے آیا کہ یاں ؎
حلق میں کٹ کر رگ تخچیر آدھی رہ گئی

ہم نے کچھ ہمت تو کی تھی پر کریں کیا الٹک
اللہ اللہ شوخیاں تیری کہ تیری نازکی
کھینچ گیا شاید تغافل کچھ تر امانی سے جو
تو ہی دے چاہے جس انداز سے آزار مجھے
جی نے چاہا تو گیا بیٹھ کسی کوچے میں
اور وہ کون سا عقدہ ہے کہ آساں ہوگا
اسکو ہے شوقِ ستم مجھکو ستم کی خواہش
سوز کچھ تو ہے تمنا کہ پڑے پھرتے ہو
ہیں تو چمن کے اندر پر جورِ باغباں سے
حیرت نے ہمکو غنچہ تصویر کا بنایا
صیاد پھینک دیوے یا برق پھونکدیوے
دیکھا عجب تماشا طرفہ کیا نظارہ
یعنی کہ ایک بلبل بیٹھی تھی شاخِ گل پر
جوں سوز سوز و دردِ دل اشعار میر برلب
اُس کے سخن میں ہمدم کیا کچھ بھری تھی گرمی
گہہ نالہ و فغاں سے عالم کو پھونک دینا
گہہ فصلِ گل سے شاداں کوتاہ بینیوں سے
اُسکو سمجھ کے اپنا ہمدرد ہم مصیبت
کیا حال ہے وہ تیرے اب زمزمے نہیں ہیں
کہنے لگی کہ جو جو میری حقیقتیں ہیں
لیکن نہیں مناسب بالکل ہی چپکے رہنا

آتے آتے آہ کی تاثیر آدھی رہ گئی
لوحِ دل پر جب بنی تصویر آدھی رہ گئی
کھنچتے کھنچتے یوں تری تصویر آدھی رہ گئی
میں کبھی دیکھوں کہ ترے ساتھ ہے کیا پیار مجھے
اور نہ چاہا تو ہے پھرنے سے سروکار مجھے
ایک ملنا تھا تمہارا سو ہے دشوار مجھے
میں ستمگار کو درکار ستمگار مجھے
کیوں یہ کہتے ہو نہیں اُس سے سروکار مجھے
آوارہ پھر رہے ہیں گم کردہ آشیاں سے
اسیر بھی ڈر رہے ہیں بیدادئی خزاں سے
اب ہاتھ اُٹھا لیا ہے ہم نے تو آشیاں سے

قطعہ

گذرا جو صبح گاہاں میں صحنِ گلستاں سے
رنگِ چمن دوبالا تھا اُسکی داستاں سے
گویا خبر وہ دیتی تھی سوزشِ نہاں سے
گویا کہ آتشِ دل تھی شعلہ زن زباں سے
گہہ دل ہی دل میں جلنا آہِ شرر فشاں سے
گہہ پیش بینیوں سے غمگیں تھی خزاں سے
پوچھا یہ میں نے اُس سے تو کہہ تو کچھ زباں سے
اندوہگینیاں ہیں ظاہر تیری فغاں سے
سو گفتنی نہیں ہیں کیا فائدہ بیاں سے
اب رازِ دل چھپاؤں اور تجھسے رازداں سے

میری یہ ہے حقیقت میرا یہ ماجرا ہے	یعنی کہ خستہ دل ہوں اور تنگ اپنی جاں ہے
نے بیٹھنے کی جا ہے نے رہنے کا ٹھکانا	آزردہ ہوں زمیں سے آشفتہ آسماں سے
انکھے تو جو رستے اک عمر ہوگئی ہے	صیاد کا گلہ ہے شکوہ نہ باغباں سے
اب تو اک اور تازہ آفت ہوئی ہے نازل	یعنی بقول میرِ دل خستہ آسماں سے
جب کوندتی ہے بجلی تب جانبِ گلستاں	رکھتی ہے چھیڑ میرے خاشاکِ آشیاں سے
لالہ اور اسطرح سے چھاتی پہ داغ رکھے	سب ڈھنگ اڑا لئے ہیں سوز خستہ جاں سے

سوز

سوز - منشی محمد عمر باونی مقیم جبلپور شاگرد حضرت جلال لکھنوی۔ خوش فکر موزوں طبع ہیں یہ کلام ہے

محتسب سے پوچھتا تھا میکدہ — نشۂ مے میں میں ایسا چور تھا
آنے والی تھی طبیعت آگئی — یہ خدا ہی کو تو منظور تھا

رباعی

مشرق کے ہوں لاکھ سال تو کچھ بھی نہیں — بے فائدہ بے کار گذرتے ہیں یونہیں
کچھ دین کا فائدہ نہ دنیا کا سوز — یورپ کے پچاس اس سے بہتر ہیں کہیں

واعظ نہ پھر بادہ کشی منع کرا نہیں — ضد سے تری پینگے یہ میخوار اور بھی
آدمی قسمت کا اچھا چاہئے — قسمت اچھی ہو تو پھر کیا چاہئے
دن تو ہے دنیا کے دھندوں کیلئے — شام ہوتے جام و مینا چاہئے

سوز

سوز - منشی محمد حسین علیخاں باشندۂ سہانپور طبیعت برق دم۔ ذہن مے دو آتشہ کیطرح تیز ہے۔ ایک پھڑکتا ہوا شعر ہاتھ آیا ہے ؎

بھاگے ہیں میکدہ سے تو حجرے میں شیخ جی — چلّہ کیا ہے شیخ نے اتری کمان پر

سوز

سوز - شیخ نذیر الدین حسن ولد شاہ غلام محی الدین۔ ساکن بریلی۔ صرف ایک شعر دستیاب ہوا ہے۔ جو ہدیۂ ناظرین ہے ؎

چین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا — دن گیا رات ہوئی۔ رات ہوئی دن آیا

سوزال

سوزال - میرزا احمد علیخاں شوکت جنگ خلف الصدق نواب میرزا علیخاں لکھنؤ میں امیر

شوکت سے رہتے وزیر الملک آصف الدولہ اور سعادت علیخاں کے زمانہ میں رہتے تھے۔ یہ دو تین شعر انکے درج تذکرہ کئے جاتے ہیں۔

مجنوں شکستہ پا ہے پیچھے
کہ دیجو سلام سارباں کو

مت دل لگا بتوں سے کہنے پہ جا کسی کے
ہرگز ہوئے نہ ہونگے یہ آشنا کسی کے

خوبی ہے کیا ستم گر اس بحثہ وحشی ہیں
اپنا کسی کو کیجے ہو رہیئے یا کسی کے

سوزاں

سوزاں - حکیم محمد تقی خاں مرحوم دہلوی طبیب حاذق شاعر باخبر تھے۔ انکا ایک مسدس دستیاب ہوا ہے جو فغان دہلی سے نقل ہو کر ہدیہ ناظرین ہے۔

مسدس

خدا نے عرش سے تا فرش جب پیدا کیا
زمیں پہ بہنے کا انساں کو جبکہ حکم ملا

جو انتخاب جہاں تھا سو ہند میں رکھا
رہے تھے مل کے یہیں دیکھو آدم و حوا

کسی کا نام رکھا روم اور کسیکا شام
ہے اس مقام کا ہندوستان جنت نام

یہ شہر وہ تھا کہ سب جام جم اسے کہتے
سمجھ تھی جن کو وہ رشک ارم اسے کہتے

یہ شہر وہ تھا کہ بحر کرم اسے کہتے
بجا تھا چشمۂ فردوس ہم اسے کہتے

اسی کے لینے کا شایق ہر ایک سرور تھا
یہ شہر وہ تھا کہ سرتاج ہفت کشور تھا

وفور حسن لطافت میں اسکا تھا شہرہ
یہ کان علم و ہنر میں تھا ایسا ہی یکتا

کسوٹی کہتے ہیں جسکو وہ شہر دہلی تھا
یہاں کے سنگ میں پارس کا تھا اثر پیدا

وطن کو چھوڑ ہر ایک سمت سے جو آتے تھے
اسی جگہ سے سب انسان بنکے جاتے تھے

جو ظلم آنکھ سے دیکھا کہا نہیں جاتا
سنا جو کانوں سے اسکو لکھا نہیں جاتا

نشان نقش ازل تو مٹا نہیں جاتا
کرے بیاں جو اسکا سنا نہیں جاتا

ہوا نہ جاتی تھی بے اذن جن کے گلشن میں
وہ خاک چھانتے پھرتے ہیں جنگل اور بن میں

تھے ایک روز فراہم جو شاہ کے فرزند
دعا قبول ہوئی آپ کی ملی یہ گزند

کی عرض شہ سے کہ اقبال آپ کا ہو بلند
خفہ گلو ہے ہمارا اجل ہو طوقِ کمند

ہمارے حق میں جو ارشاد تھا وہ پیش آیا
کہ اپنے سامنے سب کو عدم میں بھجوایا

صبا چمن میں اُڑائے ہے اپنے سر پہ خاک
ہر ایک گُل جو ہے پژمردہ با دلِ غمناک

جہاں تھے نرگس و لالہ نہیں خس و خاشاک
کیا ہے گلشن ہستی نے اب گریباں چاک

کریں ہیں نوحہ مچا شور بلبلانِ چمن
ملے ہیں خاک میں گلچیں و گلرخانِ چمن

جو نازک ایسے اٹھاتے نہ گُل کو جانِ کہ بار
رہا نہ عطر نہ پان اور نہ زلفِ عنبر بار

بجز نسیم گُل اُنکے گلے میں دیکھا نہ ہار
چلے ہیں سر پہ رکھے اپنے بار نصف نہار

وہ پا برہنہ ہیں کانٹے ہیں اور ہے رہ سنگ
پڑے ہیں چھالے جنہیں بار تھا حنا کا رنگ

وہ نازنیں کہ نزاکت بھی دیکھ گھبرائے
گمان میں جو نہ ہو کیا خیال میں آوے

کہ جسکی بستر گل پر سے نیند اُڑ جاوے
لکھا ازل کا جو تقدیر سامنے لاوے

پکڑ کے زلف کیا قتل انکو ننگے سر
صبا کے چھونے سے ہوتے تھے جو پریشان سر

سوزاں

سوزاں ۔ منشی حبیب الدین احمد مرحوم خلف خواجہ معین الدین انصاری سہارنپوری ۔ اوائل عمر سے حسن پرستی کی آگ دل میں بھڑکی ۔ شعلہ رویوں کا سودا سر میں سمایا ۔ ذوق سخن نے اور بھی گرمی طبع کو بڑھایا ۔ فارسی کی معقول استعداد حاصل کرنیکے بعد سہارنپور کو چھوڑ دیا ۔ دلّی میں رہنے سہنے

لگے حضرت غالب کی شاگردی اختیار فرمائی۔ عرصہ تک اُن سے استفادہ حاصل کرتے رہے اُنھیں دنوں میں اخبار الاخیار کے اڈیٹر ہوگئے۔ بہت سی رسالے انکی تصنیف و تالیف سی ہیں تاریخ عجیب و حالات حکمائے یونان۔ تریاق مسموم۔ تاثیر القلوب۔ گنج شایگاں قافیہ میں۔ اردو کا پہلا دیوان جو نہایت مختصر ہے۔ شایع ہوچکا ہے۔ دوسرا دیوان بھی تیار تھا مگر معاش کی کمی اور قبل از وقت موت نے چھپوانیکی مہلت ندی۔ انھوں نے میرزا غالب مرحوم کے بعد دہلی کو چھوڑ دیا تھا اور سہانپور چلے گئے تھے۔ میرزا عزیز بیگ عزیز مرحوم انکے قابل تلامذہ میں تھے سوزاں باوجود غربت کے قانع و صابر رہے۔ حتی الوسع کبھی تیوریر بل نہ آنے دیا۔ زندہ دلی میں فرد تھے ہنستے ہوئے زندگی کے دن تیر کئے ۱۸۹۵ء میں انکی شمع حیات خاموش ہوگئی ۶۵ برس کی عمر پائی۔ شعر کے تیور خوب ہوتے تھے۔ مزاج میں شوخی حد سے زیادہ تھی۔ اسلیے کبھی ابتذال کا رنگ کلام میں آجاتا تھا۔ آزادانہ رنگ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ بعض موقعہ پر رنگ غالب کی متانت کو فراموش کر دیتے۔ مگر اسمیں شک نہیں کہ ذہین۔ طباع۔ بلند پرداز۔ نازک خیال شاعر تھے کلام کا انتخاب یہ ہے

جاناں جب ہم نے اس کو تو کیا دیر کیا حرم
شہر میں سوزاں جو کوئی شخص تھا

غالب سے کام تھا سو وہ سوزاں گذر گئے
اے مے فروش اپنی غلامی میں رکھ مجھے

تیری نگاہ مست اثر دل میں کر گئی
جب تک رہا جہاں میں رہا مبتلائے نیچ

افسوس کہ دل خوش نہ ہوا ل سکے کسی سے
چادر ماہتاب کا ہو کفن

دھو سکے تو اپنے دل کا داغ دھو

کوئی جگہ جہاں میں نہ تھی وہ جہاں نہ تھا
آج کسی شخص پہ وہ مر گیا

دہلی میں اسب حبیب کا کیا کام رہ گیا
جو پاس تھا وہ صرف مے و جام ہوگیا

ساقی یہ جام لے کہ مرا کام ہوگیا
اے کنج قبر اب مجھے آرام ہوگیا

ماتم کدہ دہر میں جو تھا سو حزیں تھا
کشتہ ہوں ایک ماہ پیکر کا

شیخ منہ کو مر گھڑی دھوتا ہے کیا

زخم پر میرے چھڑکتا ہے نمک | اور وہ دکھ کی دوا کرتا ہے کیا

دیکھا جو مجھکو شوقِ شہادت میں بیقرار | کافر نے رکھ کے حلق پہ خنجر اُٹھا لیا

کیا ہی نورانی ہے اُس رشکِ قمر کی صورت | آگیا چاند نگر بنکے بشر کی صورت

علمِ حکمت وہ ہے آئینۂ روشن جسمیں | نظر آتی ہے ہر اک عیب و ہنر کی صورت

اثرِ درد نہ ہو نیچے دل نازک یہ کہیں | تم نہ دیکھا کرو مجھ خستہ جگر کی صورت

کیوں ہے برنگِ غنچۂ گل دل گرفتہ آج | اے نو بہارِ حسن ترا خوش تو ہے مزاج

نقدِ وفا سے کیسۂ دل ہے بھرا ہوا | پر کیجئے کیا نہوے جو اسکا یاں رواج

سوزاں کو دیکھا مست فقیروں کیطرح سے | کاسہ لئے کھڑے تھے درِ میکدہ پہ آج

اے چشمِ شوق مژدہ کہ جلتی ہے اب نقاب | روشن ہوئی ہے آتشِ رخسار بے طرح

مجھے حیرت آتی ہے شمعِ سحر پر | کہ ہنستی ہے اور مستعد ہے سفر پر

اس ملنے سے ہوتا ہے کہیں خوش دلِ محزوں | لینا ہے غمِ ہجر کا بدلا ابھی کچھ اور

توبہ کا ارادہ تو ہمارا بھی ہے اے شیخ | لیکن ذرا آجائے بڑھاپا ابھی کچھ اور

مجھے دام میں لاکے صیاد بولا | نہیں یہ اسیر آب و دانے کے قابل

راحت تو مجھکو بھی کبھی اے آفریدگار | کیا رنج ہی کے واسطے میں آفریدہ ہوں

جزاک اللہ وعظ اچھا کہا اب رخصت اے واعظ | کہ وقتِ میکشی آیا ہے ہم میخانہ جاتے ہیں

لطف کم کیجے کہ اِس بندہ کے حق میں آپکا | اب ستم اچھا ہے اور لطف و کرم اچھا نہیں

حق تعالیٰ غم کسی کو دے تو سوزاں عشق کا | ورنہ دنیا کا ہو یا دیں کا ہو غم اچھا نہیں

گر آرزو ہے دل میں تو یہ ہے کہ ایک روز | قدموں پہ تیرے جانِ گرامی فدا کریں

طینت میں ہے فریب بتانِ فرنگ کے | جس سے ملیں اُسی سے یہ کافر دغا کریں

سوزاں کو آپ سے کہئے فرشتہ خصال ہے | ہم تو یہی کہینگے کہ کچھ آدمی نہیں

عاشق اُس سایۂ دیوار سے رکھتے ہیں مراد | جس کو اربابِ خرد ظلِ ہما کہتے ہیں

مجھ سے بیمار کو تکلیفِ غزل دیتے ہیں | رحم سوزاں دلِ یارانِ سخنداں میں نہیں

کس میں ہے طاقتِ دیدارِ الٰہی توبہ | کیا غضب کرتے ہو یا حضرت موسیٰ دیکھو

کعبہ و دیر میں دھرا کیا ہے | غور دل میں ذرا کرے کوئی

نہ ہوئے جسکو علم و عقل کہلاتا ہے دیوانہ | یہاں دیوانہ علم و عقل نے مجھکو بنایا ہے

جاتے ہیں پر افسوس یہ ہمکو نہیں معلوم | جائیں گے کہاں اور ہم آئے ہیں کدھر سے

آتی ہے تجھے دیکھ کے کیا کیا مرے دل میں | پر کچھ نہیں سکتا ہوں ظالم ترے ڈر سے

پوچھا جو اُسنے مجھکو وہ خانہ خراب ہے | نکلا خوشی میں منہ سے مرے ہی جناب ہے

یہ چادرِ نورِ روئے روشن جسکی یہاں کعبہ میں تنی ہے | چراغِ دیر و کنشت میں بھی اُسی کے جلوہ کی روشنی ہے

جو اسکی حکمت کا ہے تقاضا وہی کہا اور وہی کریگا | کہ حکم اُسکا ہے ملک اُسکا کسیکو کیا جائے دم زنی ہے

اے چشم ٹھہر بار جہاں تک کہ نظر جائے | دامانِ زمیں آج ذرا اشک سے بھر جائے

الٰہی آنکھیں پھوٹیں ہاتھ ٹوٹیں جس نے دنیا میں | نہ چشمِ عشوہ زا دیکھی نہ ساقِ نازنیں پکڑی

خدا پرست مجھے لوگ کہتے ہیں اور میں | صنم پرست ہوں ایسا کہ برہمن کیا ہے

لگگئی تخلیہ میں حضرتِ یوسف کو مگر | اور کچھ قصدِ زلیخا ہے خدا خیر کرے

منہ سے کہتا تو ہوں توبہ مگر اے شیخ ہنوز | دل میں ذوقِ مے و مینا ہے خدا خیر کرے

سُنکے بیماریٔ سوزاں کی خبر از رہِ درد | لگے کہنے کہ بڑہاپا ہے خدا خیر کرے

سر و سامان نہیں ہم سے مہیا ہوتے | ورنہ فرعون تو کیا اُسکے بھی باوا ہوتے

کچھ نہ ہونے پہ یہ تو اللہ یہ انانیت ہے | کچھ اگر ہوتے تو کیا جانئے ہم کیا ہوتے

یار کے رنگ میں سوزاں کبھی ملجاتا تھا | وہ گلِ تر تھے تو ہم بلبلِ شیدا ہوتے

وہ بے فائدہ درپئے گفت و شنو ہے | یہ آخر وفا پیشگاں کا لہو ہے

بس اب عشقِ بتاں کر ترک سوزاں | خدا کا خوف کر بندے خدا کے

سوزش ۔ محمد احسان الحسن صاحب خلف اصغر حضرت نوازش مرحوم۔ آپکا وطن آبائی

سوزش

جونپوری ہے۔ فن شعر میں حضرت شاہ اکبر داناپوری سے اصلاح لیتے ہیں۔ کلام سے مترشح ہوتا ہے کہ ابھی مشق کی ضرورت ہے یہ دو شعر انکے ہیں۔ جن سے موزوں طبع ہونا ثابت ہوتا ہے۔

عشق کو اُس خالق عالم نے جب پیدا کیا — سب کے بدلے مجھکو اپنا والہ و شیدا کیا
ہجر میں اُس بیوفا کے یہ مری حالت ہوئی — اضطراب قلب سے میں رات بھر تڑپا کیا

سوگ

سوگ - منشی مہیش پرشاد صاحب۔ مدرس مدرسہ سرکاری قصبہ نازہ ضلع الہ آباد۔ ۱۵ برس سے حضرت نوح ناروی کے شاگرد ہیں۔ مشق کم ہے۔ زبان لکھنے کیطرف توجہ ہی طبیعت میں آمد ہی۔ انتخاب یہ ہے ؎

تو دیکھ اپنے حسن کو عاشق کی آنکھ سے — تیری نظر میں کیا ہی ہماری نظر میں کیا
بڑھ گیا کچھ اور بھی سودا بیاباں دیکھکر — تلوے کھجلانے لگے خار مغیلاں دیکھکر
حسن وہ شئے ہے کہ پتھر میں بھی کرتا ہی اثر — کھل گئی یہ بات آئینہ کو حیراں دیکھکر
خانۂ دل کی تباہی کا نہ پوچھو ہمسے حال — حسرتیں بھی اب نہیں آتی ہیں ویراں دیکھکر
مژدہ اے جوش جنوں پھیلائے پھر وحشت نے پاؤں — آبلے روتے ہیں پھر خار بیاباں دیکھکر
دست وحشت کو مبارکبادیاں دیتے ہیں ہم — چاک دامن دیکھکر چاک گریباں دیکھکر
چار آنسو گر پڑے برپا قیامت ہوگئی — ڈر رہے ہیں وہ مرے اشکوں کا طوفاں دیکھکر
کوئی بالیں پہ کھڑا ہی زلف بکھرائے ہوئے — آج ہم اٹھے ہیں یہ خواب پریشاں دیکھکر
تیر نگاہ ناز ٹھہرتے کہیں نہیں — یہ دلنواز تو ہیں مگر دل نشیں نہیں
اے سوگ ہی عبث تمہیں راحت کی جستجو — کیا ہاتھ آئے وہ جو جہاں میں کہیں نہیں
وہ خنجر لیکے سوتے ہیں شب وصل — نہیں معلوم کیا ٹھانی ہے جی میں
تری تیغ نگاہ ناز کچھ ایسی چلی دل پر — کہ میرے ایک دل کے سینکڑوں دل ہوتے جاتے ہیں
یہ کیا منصف مزاجی ہی تمہیں سوچو تمہیں سمجھو — اُسی پر ظلم کرتے ہو جو تم سے دل سے ملتا ہی
اس ادا اس ناز اس انداز پر — دل تو دل ہے جان بھی قربان ہے

ہجر کی شب موت بھی آتی نہیں	کس مصیبت میں ہماری جان ہے
ہو گیا ہوں خوگر غم رنج سہکر اور بھی	کیجئے مجھپر ستم اے بندہ پرور اور بھی
کیا زمانہ میں نہیں ہو اک اکیلے خوبرو	سیکڑوں ہیں تم سے اچھے اور بہتر اور بھی
آنکھیں اُدہر لڑیں کہ ادہر دل تڑپ گیا	کیا جانے کیا اثر تری ترچھی نظر میں ہے
دل پر کسی کے تیر پڑا اسم نے آہ کی	سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے
ہمارا یہ دل مضطر انوکھا ہے نرالا ہے	کبھی جی جی کے مرتا ہی کبھی مر مر کے جیتا ہے

سہا

سہا۔ حکیم میر رضا حسین۔ داماد میر وزیر علی صبا مرحوم۔ علمی استعداد کچھ زیادہ نہ تھی مگر دبیر۔ صبا خلیل جیسے اُستادوں کی صحبت کا فیض اٹھایا تھا۔ اسلئے زبان صاف ہو گئی تھی ۱۸۸۰ء تک لکھنؤ میں موجود تھے۔ انہیں دعویٰ تھا کہ خواجہ آتش کے رنگ میں ان سے بہتر کوئی نہ لکھ سکا۔ مگر بایں ہمہ انکے کلام پر بجائے توارد کے سرقہ کا گمان ہوتا ہے۔ اگست ۱۹۰۵ء کے گلچیں میں جو غزل انکے نام سے درج ہے اُسکے بعض اشعار نواب یوسف علیخاں ناظم شاگرد حضرت غالب مرحوم کے ہیں مثلاً ؎

خون ہوتے ہوئے دیکھا کبھی جلتے دیکھا	دل کو ہر بار نیا رنگ بدلتے دیکھا

اسی طرح دوسرا شعر بھی بہ تبدیل الفاظ انہیں کا ہے ؎

زاہد و شیخ و برہمن مرے ہم مشرب ہیں	در میخانہ سے کس کسکو نکلتے دیکھا

جناب ناظم کا مصرعہ یوں ہے۔ ع۔ زاہد و شیخ بھی خوب ہیں کیا بتلاؤں۔ اسی طرح حضرت ناظم کا یہ مشہور شعر ہے ؎

ہے یہ ساقی کی کرامت کہ نہیں جام بپاؤں	اور پھر بزم میں سب نے اُسے چلتے دیکھا

یہ بھی بے تکلف اپنی غزل میں داخل کیا ہے۔ آپکی شاعری کی کائنات یہ تھی اور پھر اُسپر اُستادی کا دعوے تھا جو کلام گلدستوں میں انکے نام سے شایع ہوا ہے۔ اُسکا انتخاب یہ ہے۔

فصل خزاں کے آتے کیسی ہوا چلی یہ	شمع مراد بلبل گل ہو گئی چمن میں

پہونچی یہاں تلک ہے اب لاغری ہماری
بنتی ہیں وہ قبائیں مجنوں کے پیرہن میں
آتش کی ہے زمیں یہ جل جائیگی زبانیں
آہو نہ چر سکینگے اس شیر نر کے بن میں

یہی آہیں رہیں تو سن لینا
اِک نہ اک دن یہ آسماں نہیں
تیرے عاشق کی سینتے ہیں کہ لاش آئی ہے
سیر کو تو بھی نکل خلق تماشائی ہے
اتنا کہے دیتے ہیں سنو یا نہ سنو تم
عاشق تو سبھی ہیں یہ سُہا اور ہی کچھ ہے
بہت کم سن ہیں وہ ڈر جائینگے انکو نہ آنے دو
بڑی مشکل سے عاشق کا سُنا ہے دم نکلتا ہے

سہا

سہا ۔ سید ممتاز حسین صاحب بلند شہری ۔ قد و قامت نہایت مختصر مگر طبیعت ذکی اور مشتاق ہنر ۔ علیگڑھ کالج سے بی ۔ اے پاس کر چکے ہیں ۔ فلسفیانہ دماغ کے انسان ہیں ۔ اس چھوٹے سے قد پر بھی وہ تقریر کرتے ہیں علم مجلس میں یگانہ ہیں ۔ دیوان غالب اُردو کی شرح میں حکمت و فلسفہ کے مسائل انکی جدت طرازی کا ثبوت ہیں قابل آدمی ہیں ۔ دل خوش کرنیکو کبھی کبھی شعر کہہ لیتے ہیں ماہواری رسالوں میں غزلیات شایع ہوتی رہتی ہیں ۔ آجکل بھوپال میں ملازم ہیں کلام یہ ہے ؎

جذبۂ سرورِ جاں اضطراب ہوگیا
آرزو کے کھیل میں دل خراب ہوگیا
یوں ندامتِ ستم کچھ ستم سی کم نہیں
خامشی سے اور وہ لاجواب ہوگیا
سرِ نظر کی ندر ہے عہد ترکِ عاشقی
رندِ مے پرست کا اجتناب ہوگیا
انکی مہربانیاں شب کا خواب ہوگئیں
روز رات کاٹنا اک عذاب ہوگیا
اپنے جوشِ شوق میں ہم ہی ہوش میں نہ تھے
ورنہ لاکھ بار وہ بے حجاب ہوگیا
پھر ترے غرور کا اور کیا دماغ ہے
اب سہا کا ذکر بھی ناصواب ہوگیا

سہراب

سہراب ۔ میرزا سہراب بیگ دہلوی ۔ شاگرد شاہ نصیر ۔ صرف ایک شعر دستیاب ہوا ہے جو یہ ہے ؎

دریا ہے موجزن مری چشمِ پُر آب میں
بحرِ محیط بند ہوا ہے حباب میں

سہیل

سہیل - منشی درگاپرشاد شاہجہان آبادی تلمیذ جناب خنداں شعر خوب کہتے ہیں۔ انداز بیان نہایت پیارا اور دلفریب ہے۔ لطف زبان کیساتھ مضمون کی طرف بھی توجہ ہے یہ کلام ہے

سُنیں جو یاس بھری شرحِ آرزو میری
گلے لگا ہی لیا سنکے گفتگو میری

وہ آنسوؤں کو مرے پوچھتے ہیں دامن سے
بڑھائی ہے مرے اشکوں نے آبرو میری

رحم آگیا بتوں کو جو رویا میں پھوٹ کر
پتھر پگھل گئے مرے نالوں کے سامنے

رہنے دو طاقِ طور پہ سب لن ترانیاں
آجاؤ ہم سے چاہنے والوں کے سامنے

کیا لطف ہیں آئینہ اُلٹی نقاب اگر
ہو بے حجاب دیکھنے والوں کے سامنے

سہیل

سہیل - سید حیدر علی دہلوی حضرت ظہیر انور کے عزیز تھے لکھنؤ بھی عرصہ تک بعد غدر رہے اور ہمیشہ زمانہ کے ہاتھوں شاکی اور نالاں بسر کی۔ استعداد علمی بہت معمولی تھی مگر نظم و نثر لکھنے کا ہمیشہ شوق رہا۔ اپنے ہمعصر لوگوں کے اکثر حالات لکھے ہیں جنکا مجموعہ راقم کے کتبخانہ میں موجود ہے۔ کلام میں رنگینی اور تخیل دونوں کی جھلک نظر آتی ہے۔ طرز بیان بھی پسندیدہ ہے ۔

داغ بیٹے کا اٹھایا جب سے میں نے اے سہیل
دل اُسی دن سے مرا محزون و غمگیں ہو گیا

سوزِ دروں کا حال نہ پوچھو کہ شامِ ہجر
مانندِ شمع روتے ہی روتے پگھل گیا

بزمِ سرور و سیرِ تماشہ سے کیا غرض
رونے کو کنجِ غم میں ہیں گوشہ نشیں ہوا

جز داغِ غم کے اس دلِ غمگیں میں کچھ نہیں
پیدا جہاں میں اسلئے میں دل حزیں ہوا

اس رہ گذر میں آنیکی کچھ آرزو نہ تھی
خوابِ عدم سے آہ میں بیدار کیوں ہوا

گردش ہی آسماں کی فقط میرے واسطے
حیرت ہے مجھکو اوروں سے ہموار کیوں ہوا

زخموں پہ زخم پڑتے ہیں تیغِ نگاہ کے
مقتل میں اسطرح کوئی بسمل نہیں ہوا

پائی اماں کسی نے نہ گلچیں کے ہاتھ سے
کسدن چمن میں شورِ عنادل نہیں ہوا

اے اجل آتا ہے اک روز ضروری تجکو
گر شبِ ہجر میں آجائے تو احساں تیرا

خوش آغاز و مسرت خیز ہی موسم جوانی کا
غنیمت جان لے انسان عالم زندگانی کا

رخِ روشن سے ہوئی دور نقابِ مشکیں
آئینہ دیکھ کے حیرت ہوئی نظاری
زندگانی کو سہیل اپنی غنیمت سمجھو

وحشت کا اپنی وہ سر و ساماں نہیں رہا
افسوس ہے کہاں سے میں لیجاؤں آشیاں

گذرا جو عہد گردشِ لیل و نہار کا
ہر نخل کو نشاط ترنم سے وجد ہے
نام سہیل کافی ہے پڑھنے کو فاتحہ

پردۂ شب سے ہوا مہر منور پیدا
رشک اسکا ہی ہوا دوسرا کیونکر پیدا
آدمی کوئی نہیں ہوتا ہی مرکر پیدا

وہ زور شور نالہ و افغاں نہیں رہا
گلشن میں ایک بھی گلِ خنداں نہیں رہا

اُردی بہشت لائی ہے مژدہ بہار کا
جھونکا جو آرہا ہے نسیم بہار کا
ملتا نہیں نشاں جو اُسکے مزار کا

اہلِ دنیا سے کبھی کوئی نہ مطلب نکلا
عاشقو خوش ہو کہ ارمانِ دلی اب نکلا

کہتا ہے یہ دل رنج اٹھائے گا سوا اور
اب کیا ہے سہیل آنے لگے خون کے قطرے

غازۂ حسن سے ایسے ہوئے خوش رو عارض
سرمہ سے یوں ہی چشم ستمگار کو فروغ

وقت سختی میں مددگار ہو یارب نکلا
گالیاں دینے کو گھر سے وہ شکر لب نکلا

جینے کی ہوس گر ہے تو چکھ اسکا مزا اور
رونا ہے پسند یہ تو ہاں اشک بہا اور

مثل آئینہ چمک جاتے ہیں ہر سو عارض
خون چاٹنے سے جیسے ہو تلوار کو فروغ

سارا زمانہ ہوگیا دلدار کی طرف

ازل سے روتی ہے کیا اُسکو صدمہ پہنچا ہے
خدا کے حکم سے اسواسطے ہوئی مخلوق
مثال شمع کے یہ بھی لحد پہ روئیگی

کوئی نہیں ہمارے دلِ زار کی طرف

کسی سے کہتی نہیں دل کا مدعا شبنم
ہر ایک غنچہ کو رو رو کے ڈھونڈھتا شبنم
ہمارے دیدۂ تر کی ہے آشنا شبنم

ہر لحظہ دل سے آہ کے شعلے بلند ہیں

دل کو مرغوب حسینوں کی ہیں رنگیں باتیں
مذہبِ عشق میں شکوہ کا نہیں ہے مذکور

ہر ایک فصل میں ہیں یہی برگ و بارِ غم

قند مصری سے زیادہ ہیں یہ شیریں باتیں
کیا سہیل ایک تمہیں ہو جو اٹھائیں باتیں

ہستی میں جو ہے سب اسے کہتے ہیں ممکنات　　جز ذاتِ حق کے اور کوئی لا مکاں نہیں
مانندِ نقشِ پا کیا پامال دہر نے　　وہ خار ہوں کسیکو جو ایذا رساں نہیں

گردش میں جو آگئی ہے قسمت　　کل عمر بسر ہوئی سفر میں
پرواز کرے وہ کس طرح سے　　طاقت نہو جسکے بال و پر میں
دل کو مرے غم نے یوں نچوڑا　　ہے آمدِ خوں پہ چشمِ تر میں
امید اسے ہو زیست کی کیا　　لائی ہو قضا جسے بھنور میں
یاد آئی سہیل کو جوانی　　نشتر سا لگا دیا جگر میں

یارانِ رفتگاں کا پتہ کس سے پوچھیں ہم　　ایسے گئے زمیں پہ کہیں نقشِ پا نہیں
مجھ پہ کیوں کھینچتے ہو تیغ دو دم جانے دو　　عاشقِ زار تمہارا ہوں صنم جانے دو
خارِ صحرا سے یہ کہتا ہوں کہ چھوڑو دامن　　ناتواں ہیں مجھے ایک ایک قدم جانے دو

صد ہا صفیں گرائی ہیں اپنے چشم سے　　سمجھو نہ یہ کہ ناوک قاتل نہیں ہے کچھ
تھا مغتنم سہیل کا دم اہلِ درد میں　　اک وہ نہیں تو رونقِ محفل نہیں ہے کچھ

آمادہ قتل پر تھے مگر دل میں سوچ کر　　اٹھے کمر میں باندھ کے تلوار رہ گئے
آزاد ہو گئے وحشت میں زنجیر توڑ کر　　تھے جنکے سر پہ بارِ گراں بار رہ گئے

وعدہ کو اڑایا دل لگی میں　　ہر بات مری ہنسی میں ٹالی
رونے سے نہ آئیگی جوانی　　بارش کی ہے یہ رات کالی

کس گل بدن کی بو ہے معطر دماغ ہے　　غنچے بھی ہنس رہے ہیں چمن باغ باغ ہے
آکر چمن میں بادِ بہاری گذر گئی　　خوبی جو تھی شباب کی ساری گذر گئی

ٹرا زور شور آہ و نالہ کا تھا　　جو بادل گرجتے تھے شرما گئے
بڑے رونے والوں میں تم ہو سہیل　　جھڑی چشمِ گریاں کی برسا گئے

ابروئے خمیدہ ہیں ستم کے　　شمشیر کھنچی ہے یہ ہلالی

ماضی کا قصہ زخمِ کہنہ
شکوہ نہ کیا تھا ہم نے کچھ بھی
روداد ہے دلخراش حالی
کیوں رنج کی گفتگو نکالی

نہ پوچھو کہ غم دل پہ کیا کیا ہوا
نہ اک طرح کا غم نہ صدما ہوا
جنوں زا مرے سر میں سودا ہوا
ہجوم غم و درد ایسا ہوا
کہ جینے سے ہم اپنے اکتا گئے

جو برگشتہ ہم سے مقدر ہوا
مددگار کوئی نہ یاور ہوا
جو تھا صاف دل وہ مکدر ہوا
یہاں تک کہ دشمن برادر ہوا
سبھی خون دل ہمکو رلوا گئے

جو پہونچے ہیں صدمے مجھے بیشتر
سوا اسکے کوئی نہیں چارہ گر
نہ تھا مقتضائے قضا و قدر
جو رونا ہے تو رو لے اے چشم تر
کہ بادل غم و درد کے چھا گئے

فلک پر نہیں جو قیام سہیل
نہ بھولے سے لے کوئی نام سہیل
تو کیا بزم زہرہ میں کام سہیل
فسانہ ہے غم کا کلام سہیل
غزل میں نئی طرز دکھلا گئے

کلک تقدیر نے ہستی کا جو نقشہ کھینچا
آفرینش میں بھی عالم امکاں نکلا
جو مشیت میں تھا مکنوں ہوا اسکا اعلان
خلقت آدم خاکی کا یہ عنواں نکلا
نوع انساں میں ہر اک قسم کی دیکھی مخلوق
کوئی عالم تو کوئی جاہل و ناداں نکلا
علم و حکمت کی طرف ہو گیا کوئی راغب
کوئی عاقل کوئی علامۂ دوراں نکلا
کوئی شہ زور ہوا کشتی کے سیکھے جو فنون
پیچ کرنیکو ہر اک سے سر میداں نکلا
نشۂ عہد جوانی ہوا جس پر طاری
چوک میں سیر کو وہ سرو خراماں نکلا
باغ و ایواں میں کسی کا ہوا ماویٰ و مسکن
کوئی گھر چھوڑ کے با دیدۂ گریاں نکلا

عطر بالوں میں تو آنکھوں میں لگا کاجل	مست و سرشار پئے سیر حسیناں نکلا
مسند صدر پہ بیٹھا جسے تھا علم و شعور	مکتب عقل میں وہ صاحب ایماں نکلا
بد نصیبی سے کوئی رہ گیا بالکل ناقص	کوئی سنجیدہ و فہمیدہ ہمہ داں نکلا
مسلک و ملت و آئین میں پڑی جب تفریق	فرقہ فرقہ کا نیا مذہب و عنواں نکلا

سہیل

سہیل - منشی محمد رشید باشندۂ مچھلی شہر ضلع جونپور۔ آپ منشی محمد مبین جلیس کے بھائی ہیں۔ عرصہ تک گورکھپور میں رہ چکے ہیں۔ مرحوم انکے بھائی گلدستہ بہار سخن نکالتے تھے ۱۸۹۰ء میں حضرت احسان شاہجہانپوری سے تلمذ اختیار کیا۔ زبان صاف ہے مضمون آفرینی کی طرف راغب ہیں انتخاب یہ ہے سہ۔

مر رہا ہے مریض عشق ترا	اُسکے دکھ کی کوئی دوا بھی ہے
آئینہ میں تو دیکھئے صاحب	آپ سا کوئی دوسرا بھی ہے
روئے روشن کا تصور ہوا اندھیری گور میں	شمع ہو اک منزل راہ عدم کے واسطے
باں دنیا سے غرض کیا ہم فقیروں کو سہیل	غم اُٹھائے کون فکر بیش و کم کے واسطے

سہیل

سہیل - مولوی سید عبد الحسیب صاحب چشتی۔ ساکن غازی پور۔ فارسی عربی کی استعداد ہے علم عروض معانی۔ بیان سے واقف ہیں۔ مزے دار شعر کہتے ہیں سہ

پیسا ہوا ہوں شوخی رفتار یار کا	صبح نشور نام ہے میرے مزار کا
چھپنا ہی تھا تو جلوہ نمائی فضول تھی	کھویا تمام لطف غم انتظار کا
وارفتگی شوق کا اللہ رے کمال	احسان بھی نہیں ہے ستمہائے یار کا
برسے تو میرے دیدۂ گریاں کے روبرو	میں بھی تو دیکھوں حوصلہ فصل بہار کا

سہیم

سہیم - شیخ محبوب اللہ۔ باشندۂ گورکھپور حضرت فہیم گورکھپوری کے شاگرد ہیں ابھی نو مشق ہیں طبیعت موزوں واقع ہوئی ہے۔ یہ کلام ہے سہ

اب پوچھتے ہو کس کو کہاں ہے سہیم زار	مدت ہوئی وہ راہی ملک عدم ہوا

رنگ و بوئے گل ہوں میں بلبل نہ تو مجھکو سمجھ
میں جو اڑ جاؤں خبر تجھکو نہ اے صیاد ہو

کچھ سنا بھی یہ ابھی کیا کہہ گیا ہے نامہ بر
آج وہ آتے ہیں اے شاد آ دلِ ناشاد ہو

تم وہ کہتے ہو جو عاشق سے کبھی ممکن نہیں
ہجر میں کس طرح ضبطِ نالہ فریاد ہو

سہینی

سہینی ۔ جناب بابو پنڈت رام صاحب ۔ ریواڑی کے رئیس ہیں ابھی شاعری کا آغاز ہی ۔ مگر ہونہار معلوم ہوتے ہیں ۔ زبان اور مضمون کیطرف رجحان ہی ۔ بیان سادہ طبیعت کو شاعری سے لگاؤ ہے ۔ رسالہ حسن اَدب لکھنؤ میں کلام شایع ہوتا رہتا ہی ۔ انتخاب یہ ہے ۔

کہا گر اُن سے ملنے کو تو کہتے ہیں قیامت میں
جو مر کر بھی نہ ہو آساں ہم اُس مشکل میں رہتے ہیں

مجھے ہر دم خیال اُنکا انھیں ہر دم خیال اُسکا
ستم ہے غیر کو لیکر وہ مرے دل میں رہتے ہیں

ٹرہا عشاق کو کیا آجکل شوقِ شہادت ہی
کفن سر سے لپیٹے کوچۂ قاتل میں رہتے ہیں

سہینی پردہ یونہی کیلئے میدانِ محشر میں
یہ کیا کم ہے کہ اک پردہ نشیں کے دل میں رہتے ہیں

سیاح

سیاح ۔ شاعر عرش ذکر و عالی طبیعت منشی میاں داد خاں اورنگ آبادی مقیم سورت آپکے والد ماجد منشی عبداللہ خاں اورنگ آباد کے نامی رئیس تھے یہ پیدا ہوئے تو گھر دولت سے بھرا پڑا تھا ۔ آپنے نازو نعم کے گہوارہ میں پرورش پائی ۔ مگر لڑکپن کی حد سے باہر قدم نکالا تو گھر کا اقبال رخصت ہو چکا تھا لیکن زندہ دلی فطرت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی ۔ شوخی ظرافت بذلہ سنجی اپنے ساتھ لائے تھے ۔ ذہین طباع انسان تھے ۔ آخر کار نواب میر غلام بابا خاں ۔ کے سی ایس ۔ آئی ۔ رئیس اعظم سورت بندر کے مصاحب و رفیق ہو گئے ۔ اوائل مشق سخن میں عشاق تخلص تھا سنہ ۱۲۷۶ھ میں میرزا نوشہ غالب دہلوی کی خدمت میں دہلی حاضر ہو کر غزل بہ نظر اصلاح پیش کی ۔ میرزا صاحب نے سیاح تخلص اور سیف الحق لقب عنایت فرمایا ۔ اور یہ عالم سخن میں بادیہ پیما ہوئے ۔ مرزا غالب کو اُنسے دلی اُنس تھا ۔

سیاح تخلص رکھنے کی وجہ یہ ہی کہ آپنے اطراف ہندوستان پنجاب ۔ بنگال کشمیر کے سوا عرب اور عجم کے نظارے بھی آنکھ سے دیکھے تھے ۔ فارسی زبان خوب بولتے تھے طبیعت

چلتی ہوئی تھی عقل و دانش خمیر میں داخل تھی اسلئے بعض لوگ ان پر سرکار کے جاسوس ہونے کا شبہ کرتے تھے۔ افسوس ہے کہ ذہانت اور طباعی حد اعتدال سے تجاوز کر دائرہ قانون سے باہر ہو گئی۔ حتی کہ ۱۸۸۰ء میں ان پر مقدمہ قلب سازی قایم ہوا اور گرفتار ہو کر سزایاب ہوئے۔

منشی نول کشور مرحوم سے انکا بڑا یارانہ تھا اور وہ علم دوست ہونیکے باعث انکی قدر کرتے لکھنؤ۔ دہلی۔ کانپور وغیرہ میں جب کبھی جاتے تو خود مصرعہ طرح دیکر مشاعرے کرتے۔ کسب کمال کا ذوق قدرت سے انکی طبیعت میں ودیعت تھا اور اسی بنا پر میرزا غالب کو ان سے خاص انس تھا۔ عود ہندی میں جو رقعات انکے نام ہیں۔ انمیں فقرہ فقرہ سے محبت کا اظہار ہوتا ہے اول تو آپ سورت دکن کی پیدائش پھر اُس زمانہ میں ریلوے کا سلسلہ رسل و رسائل بھی نہ تھا مگر اس شوق کی داد دیجئے کہ آپ کئی بار میرزا کے فیض صحبت سے مستفیض ہونیکو دہلی آئے اور اُن سے نکات شاعری حاصل کئے۔ نکتہ سنجی معنی یابی انکی بات بات میں تھی۔ پڑھنے کا انداز نہایت دلفریب تھا جس مشاعرہ میں جاتے اپنا رنگ جما لیتے۔ زبان صاف تھی۔ برجستگی سے محاوروں کو نظم کرتے میرزا غالب کے خرمن فیض کی خوشہ چینی سے شاعر کامل بن گئے تھے۔ مضمون آفرینی میں حاذق جو بندا و اسلوب بیان دل پسند تھا۔ ۱۹۰۶ء میں ۷۰ برس کی عمر پاکر بمبئی میں منزل حیات کو قطع کیا۔ سیر سیاح۔ لطایف غیبی انکی تصنیف ہے۔ آخر الذکر کتاب کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ وہ میرزا کے قلم سے نکلی ہے مگر انکے نام سے شایع کر دی گئی ایک دیوان ریختہ بھی ان سے یادگار ہے۔ انکی بقائے دوام قایم رکھنے کو وہ خطوط ہیں۔ جو اُردوئے معلی میں میرزا صاحب نے انکے نام لکھے ہیں۔ افسوس ہے کہ میرزا صاحب کا ایک عزیز شاگرد ۱۹۰۶ء تک زندہ رہا مگر اُس پر گمنامی کی نقاب پڑی رہی۔ نہ اُردو کی انجمنوں اور کانفرنسوں میں انکی آواز سنائی دی نہ رسائل و اخبارات اس کو ملک کے سامنے لائے نہ اُسکا دیوان ارباب سخن تک پہنچا۔ صرف راقم تذکرہ کو یہ خیال پیدا ہوا کہ انکی ٹوہ لگائیے۔ اسے انجمن سخن میں نمایاں کرے۔ کمال جستجو و جانفشانی سے حالات و کلام فراہم کیا نتیجہ فکر یہ ہے ؎

کرتے ہیں وہ باتیں کہ مری جان پہ بن جائے | بگڑے ہوئے کچھ آئے ہیں بھکائے ہوئے ہیں
آئے ہیں عیادت کے لئے غیر کے ہمراہ | ساتھ اپنے مری موت کو بھی لائے ہوئے ہیں
غصہ میں ترے چہرۂ زیبا سے عیاں ہیں | وہ شعلے جو اغیار کے بھڑکائے ہوئے ہیں

جس شخص کے پہلو میں نہ دل ہو نہ جگر ہو | پھر کیا اُسے تیرِ نگہ یار سے ڈر ہو
دل کو تو لئے بیٹھے ہو اب چاہتے کیا ہو | لو جان بھی حاضر ہے اگر مدِ نظر ہو
کیا لیتے ہو دل یہ تو ہزار دفعہ دیا ہے | وہ کیجئے طلب ہم سے نہ جو حد بشر ہو
آتش ہی جہاں سوز یہ رہ جائے ٹھٹھر کر | اِس سینۂ سوزاں کے مقابل میں اگر ہو
آیا ہے عجب طور کا یہ دورِ زمانہ | جو عیب ہے دنیا میں وہ مشہور ہنر ہو

قمریوں پہ نہ دمِ سیر بلا نازل ہو | باغ میں کھولو نہ تم زیرِ صنوبر گیسو
بس اسی شغل میں کٹتی ہیں مری لیل و نہار | چہرۂ دن بھر ہے تصور میں تو شب بھر گیسو
بوسہ اُس رخ کا ملے وصل میں کیا اے صبح | چھا گئے ایسے کہ ہیں سدِ سکندر گیسو

کہدو سنبھل کے میکدہ میں آئے محتسب | ٹوٹینگے خم ضرور مگر اُسکے سر کے ساتھ

ہوتے ضرور تیرے ثنا گر یہ کیا کہیں | قاتل دہانِ زخم کے گویا زباں نہ تھی

مشتعل ہے بزم میں شعلہ جو اُس کے حسن کا | شمع پروانوں سے جو بائے پر پرواز ہے

سیاح کیوں نہ کیجئے نظارۂ بتاں | لایا ہے شوق جانبِ ہندوستاں مجھے

منور گھر ہے اپنا شمع رو سے آج خلوت ہی | جلے کیونکر نہ پروانہ یہ اپنی اپنی قسمت ہے

پڑ گیا ہے اُسکو چسکا چاٹ کر کس کا لہو | اُگلی ہی پڑتی ہے جو تلوار اُس خونخوار کی

دلِ وحشی کا کیا ہے کارخانہ لا اُبالی ہے | زرِ داغِ جنوں کا خرچ ہے سرکار عالی ہے
نہ رکھتے سرکشی سے تھے زمیں پر جو قدم اپنا | نصیب اُنکو بسانِ نقشِ قالیں پائمالی ہے
پھرا کرتا ہوں گرد اُسکے نہیں تاب ہم آغوشی | میں ہوں تصویر اور وہ شمعِ فانوسِ خیالی ہے
جو ہیں فرزدانِ مضموں مثلِ مضموں باندھ جائینگے | کہ اب سیاح کو شہرِ سخن کی کوتوالی ہے

کوئی صیاد ادہر بہر شکار آتا ہے
ہجر میں موت بھی آئی نہ مجھے سچ ہے مثل
مژدہ اے دل کہ مسیحا نے دیا صاف جواب
سخت پچھتائے ہیں ہم دیکے دل انکو سیاح

طائر دل قفس تن میں جو گھبراتا ہے
"وقت پر کون کسیکے کوئی کام آتا ہے
اب کوئی دم میں لبوں تک مرا دم آتا ہے
اپنی افسوس جوانی پہ ہمیں آتا ہے

قفس میں سیر گلشن کی اگر مانگے دعا دل سے
دعا اب یہ نکلتی ہے وہاں زخم بسمل سے
لگی ہے آگ تنخے گو رکے ہیں پھنک رہی سارے
یہ خنجر کلا رکھا ہے خود شوق شہادت میں
بجائے گرد آتا ہے نظر اک نور کا تکا
قدم سیاح رکھے جوش وحشت میں جو صحرا میں

صدائے خندۂ گل آئے فریاد عنادل سے
نہ چھوٹے داغ خوں تا حشر یارب تیغ قاتل سے
کفن جل جل کے خاکستر ہوا ہے سوزش دل سے
بھلا کس منہ سے مانگیں خوں بہا ہم اپنے قاتل سے
گھٹا توپ اٹھ گیا ہے آج کس لیلیٰ کے محمل سے
وحوش و طیر آئیں رقص میں شور سلاسل سے

سیاح

سیاح ۔ حافظ نور محمد ولد مولوی عبدالرحمن صاحب ساکن ڈیرہ اسمٰعیل خاں حال مقیم بمبئی مدرسہ اسلامیہ میں مدرس ہیں سیر و سیاحت کا شوق رہا ہے منشی قاسم علی خلوتی دہلوی سے تلمذ ہے طبیعت کا رنگ ذیل کے اشعار سے ملاحظہ ہو ۔

دھوپ میں دم توڑتے دیکھا مجھے تو اُف ری ضد
کون سا ہے درد دنیا میں نہیں جس کا علاج
ہے یہ بیمار محبت کچھ مرض اس کو نہیں
حشر میں داد طلب پائیں بھلا کس سے دوا

اور اونچا ہو گیا سایہ تری دیوار کا
پر دل بیمار کا کوئی نہیں دیکھا علاج
اے طبیبو خیر ہے کس کی دوا کیسا علاج
ہے غضب یہ کہ وہاں بھی ہے خدائی تیری

سیاح

سیاح ۔ سید فضل الرحمن کانپوری ۔ ۲۰ ۔ ۲۱ برس کی عمر ہے انگریزی زبان کی تحصیل میں مشغول ہیں ۔ نو مشق شاعر ہیں ۔ کلام یہ ہے ۔

چٹکیاں لیتی ہے دل میں کسی گل چہرہ کی یاد
ہائے وہ آہ کہ جو آہ نہ پہونچے اُن تک

کس طرح چپ رہوں میں بلبل تصویر نہیں
حیف وہ نالہ کہ جس نالہ میں تاثیر نہیں

سیارہ

سیارہ - میرزا فخر الدین خلف متوسط میرزا معز الدین ثابت مرحوم - ابن شاہ عالم شاگرد حضرت احسان دہلوی - ستار خوب بجاتے تھے - میرزا صابر صاحب گلستاں کے دوستوں میں تھے - اور بڑے زندہ دل شگفتہ خاطر، سیار باش - عالی حوصلہ تھے - صاحب فکر بلند اور طبع ارجمند تھی - شاید میرزا صابر ہی سے مشورۂ سخن بھی کرتے تھے - کلام یہ ہے ؎

شوق پابوس بھی ہے تو ہے بس قتل دلا	لوٹتا پاؤں پہ قاتل کے مرا سر ہو گا
لگائے آنکھوں سے میں نے جو اضطراب میں پاؤں	یہ ضد تو دیکھو کہ پھر دل ہی ہوئے آب میں پاؤں
خدا کے واسطے جا کر کہو اس آفت جاں سے	کہ وقت نزع ہے رخصت تو ہو بیمار ہجراں سے

سید

سید - امیر الفصحا سید الشعرا مہ غالب علیخاں میر منشی دفتر شاہی مقرب بارگاہ حضرت شاہ عالم و اکبر شاہ ثانی - شاہی مصاحبین میں سرفراز اور خطاب سید الشعرا سے ممتاز تھے - شرف الدین صاحب میرٹھی اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ انکے والد اور دادا میرٹھ میں شاہی فوجدار تھے - یہیں پیدا ہوئے مگر تعلیم و تربیت دہلی میں پائی جن دنوں میں حضرت شاہ عالم ثانی الہ آباد میں رونق افروز تھے تو یہ بھی انکے ہمراہ تھے - جب بادشاہ نے انہیں اپنا کلام دکھایا تو یہ بھی انکے معتقد ہو گئے - پہلے رنگیں تخلص تھا - شاہی حکم سے شائق بن گئے - آخر عمر میں سید تخلص اختیار کیا - فارسی میں میرزا فاخر مکین کے شاگرد تھے - چنانچہ تذکرہ انیس الاحبا میں انکا فارسی کلام موجود ہے - شیریں مقالی میں انتخاب تاریخ گوئی میں لاجواب تھے - نقیب بادشاہی مردے اکرام کی ہمراہی کی تاریخ ایسی بے مثل کہی کہ مدتوں خاص و عام میں مشہور رہی یعنی - ع امشب کرمے کن بسرائے اکرام - کیسی نادر تاریخ ہے جس سے آج تک انکا نام روشن ہے - اسکے علاوہ قلعۂ دہلی کا مثمن برج انہیں کی بے مثال تاریخ سے مزین ہے - پھر وفات اکرام کی تاریخ یعنی "اکرام بیاسود بپائے خسرو" اسی مورخ لاثانی کی فکر عالی کا نتیجہ ہے جو پایان مزار حضرت امیر خسرو و اکرام کے لوح تربت پر کندہ کیگئی ہے - سید مرحوم نے ۱۲۲۸ھ میں انتقال کیا ناسخ ذ ۱۲۱۸ھ میں جو وفات لکھی ہے وہ غلط ہے - کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

نے غازہ نہ گلگونہ نہ سیر رنگ حنا تو	اے خوں شدہ دل تو تو کسی کام نہ آیا

سبب کیا پوچھتے ہو مجھ سے میر یار رونے کا / کسیکو کچھ غرض ہے مجھکو ہے آزار رونے کا

سید سے یہ عداوت اللہ رے کفر ای بت / اٹھتے جنازہ اُسکا سب آئے تو نہ آیا

روکش اندوہِ ہجراں شب دلِ بیتاب تھا / تاب کا پانی جگر طاقت کا زہرہ آب تھا

تجھ میں اے کانِ ملاحت صبح تک پاشندہ رات / زخم پر چھڑکے نمکسا نورِ شب مہتاب تھا

شکل کے زلف سے اپنی خطِ مشکبار میں جا / سوادِ شام سے دل پہنچا زنگبار میں جا

کب کہا میں نے تری تیغ جفا کی چاہا / اے میاں قتل مرا میری وفا نے چاہا

میں انہیں کون سی صورت سے نہ چاہا پر آہ / مجھکو چاہا نہ بتاں نے نہ خدا نے چاہا

کان کا موتی ترے بتا جو اے مہ پارہ تھا / مشتری اُسکا تھا لک یا سبعہ سیارہ تھا

جو دیکھے گا وہ ترا رنگ مسکرائے گا / تو غنچہ منہ تجھے گل وہ نہیں دکھائے گا

بہاتا ہے مجھکو یار کا دزدیدہ دیکھنا / اغیار کی نگاہ سے پوشیدہ دیکھنا

ساتھ آہ کے ہر ایک قطرہ اشک بھر آیا / زور ابر دھواں دھار برستا نظر آیا

جوں نقشِ قدم جو سرِ رہِ یار کے بیٹھا / وہ خانہ خراب اٹھکے نہ پھر اپنے گھر آیا

تھی بیکلی یہ مجھکو آرام نہ آیا / جب تک مرے بر میں وہ گل اندام نہ آیا

نہیں گردوں نہ شکل آسیا ہم / وے لیے رہتے ہیں گردش میں سدا ہم

میں اور ترکِ عشق یہ امکاں ہی نہیں / ناصح کے پند سننے کو یاں کان ہی نہیں

جو آنکھ اور سے وہ لڑا جاتے ہیں / تو ہم بھی کہیں دل لگا جاتے ہیں

یارو مرے بالیں سے نہ اٹھو نہ جدا ہو / حالت مری اچھی نہیں کیا جانئے کیا ہو

تیغِ قاتل کی مرے تن ہی نے لذت جانی / کہ بھر آئے ہے ہر زخم کے منہ میں پانی

ابرو کے اشارے تری کرتے ہیں سبھی سے / تلوار ابھی بزم میں چلتی ہے کسی سے

بنائے کفر و دیں اک تار سے ہے / کہ سبحہ منعقد زنار سے ہے

سید - میر کرم علی خلف الصدق سید محمد غوث صاحب - نواب صدر جہاں صاحب

کی اولاد سے تھے قصبہ بھالی کے متوطن ور اٹھارہویں صدی میں رام پور قیام پذیر تھے۔ قدرت اللہ
شوق کے تذکرہ میں انکا ذکر آیا ہے۔ جوان قابل خوش عنوان۔ حافظ قرآن۔ خوش صوت پاکیزہ
سیرت تھے طبیعت وقت پسند اور مضامین بلند کی جویا رہتی تھی۔ کلام یہ ہے ؎

کیا ہوا زلف جواب سر پہ پڑی ہی تو اسکے
مجھکو ہے یاد وہ بت پاؤں پہ پڑنا تیرا

دیکھ آئینہ ترے رخ کی صفا اور آب و تاب
پانی ہو ہو کے منہ پر خاک مل کر رہ گیا

اب آ بیٹھے ہیں ترے در پہ جو چاہے سو کر ظالم
اٹھا کر اپنے دل سے نام کا اور ننگ کا نقشہ

برہمن بت کو چھوڑ آئینگی میرے صنم کی کر
اسے پوجے ہی کیا پتھر وہ ہے اک سنگ کا نقشہ

بوسہ کی طلب میں مجھے بھاتی ہے وہی آن
غصہ سے خفا ہو کے تری تیوری چڑھانی

کاکل تری پیچھے ہی پڑی رہتی ہے پیارے
ہوتی ہے بری کالی بلا پیچھے لگانی

سن حال وہ سید لگا کہنے غضب ہے
آتی ہیں بہت اسکے تئیں باتیں بنانی

دل الجھا تھا مرا شب زلف سے بولی وہ بل کھاکر
میں ہوں کالی بلا سنتا ہے لے سایہ سے ڈر میرے

مرا لیگیا دل وہ کس کس ادا سے
ستم سے کرم سے خفا سے وفا سے

تری زلف کس کس سے کیجے مشابہ
شب ہجر سے دام سے اژدہا سے

مرے بر میں زنار وہ دیکھ بولا
برہمن یہ آیا ہے شاید گیا[۱] سے

ترے غم میں دن رات مرتا ہے سید
لگا کہنے وہ "مرنے دو میری بلا سے"

بل ترے منہ پہ زلف کھاتی ہے
ہم کو اپنا یہ بل دکھاتی ہے

مد موتر چمن میں ہوئی نرگس جو کھڑی ہے
شاید کسی متوالے سے آنکھ اسکی لڑی ہے

سید

سید - میر علی تقی برادر خورد میر ابو القاسم محب دہلوی میر نظام الدین ممنون کے شاگرد
اور برادر زادہ۔ علم ضروری سے ماہر۔ فن سخن میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ اور زبان میں غضب کا چلبلا
پن تھا۔ ایام غدر ۱۲۷۳ھ میں گوروں کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ کلام یہ ہے ؎

قربان سادگی کے لگا کہنے غیر سے
کیا جانے آج کیا تھا کہ سید خفا ہوا

[۱] ہندؤں کا مشہور تیرتھ جو بہار میں ہے۔

کھلے بالوں شاید کوئی خوبرو ہے
صبا کی لپٹ میں جو پھولوں کی بو ہے

نہ چاہوں بھلا کیونکہ ایسے کو سید
ہر اک بات میں جسکے شوخی کی خو ہے

عجب انداز ہی کچھ ان دنوں میلے کچیلے ہو
غضب دلکش ادا ہی دشمنوں کے سوگوار فتگی

سید۔ مولوی محمد بخش۔ آپکا کلام ایک قدیم بیاض میں نظر سے گذرا۔ اشعار سے پایا جاتا ہے کہ مزاج میں تمسخر اور مذاق فحش کے درجہ تک پہنچ گیا تھا۔ چند شعر بطور نمونہ درج ہیں۔

قطعہ

شاہ صاحب تم دغابازوں سے ہم ڈرتے نہیں
دیکھکر حیران جبہ اور جھولی آپ کی

ہم فریب ذات والا سے بہت آگاہ ہیں
کیا ہوا اٹھانہ ہے صورت بھولی بھالی آپکی

کام کرنیکے نہ تھے جو کچھ ہمارے سو کئے
بھنگ چھانی رات دن افیون گھولی آپکی

خاص آزادوں کے ہم حلقہ میں داخل ہیں میاں
سیکھ لی ہیں ساری باتیں اور بولی آپکی

پھر کرم فرمائیے ہاں اے شیخ جی مت ہو جبیں
کل نصیحت سخت اس محفل میں ہو لی آپکی

سید۔ منشی سید احمد دہلوی مرحوم۔ مولف فرہنگ آصفیہ۔ انکے والد سید عبد الرحمن مقام عرب سرائے نواح دہلی کے باشندے اور جد اعلی حسب طلب شاہان مغلیہ عرب سے آکر دہلی میں آباد ہوگئے تھے۔ نثر گوہر سحاب قلم تھی۔ نظم کیطرف توجہ کم۔ ابتدا میں جو چند غزلیں تحریر فرمائی تھیں وہ حافظ قطب الدین مشیر مرحوم خلیفہ شاہ نصیر کی نظر سے گذریں۔ اکثر قصائد و قطعات حضرت غنی مرحوم شاگرد میرزا غالب کو بہ نظر اصلاح دکھائے۔ سنہ ۱۸۸۴ء میں آپنے اخبار النسا نکالا جس نے مستورات میں تعلیم کا شوق پیدا کیا۔ یہ پرچہ دو برس تک دلی میں جاری رہا۔ پھر شملہ جاکر اسکی اشاعت کا انتظام ہو سکا عرصہ تک سررشتہ تعلیم کے دفتر لاہور میں ملازم رہے۔ پھر سالہا سال دہلی اور شملہ کے مدارس میں مدرس فارسی رہے۔ ڈاکٹر فیلن صاحب مولف اردو انگریزی ڈکشنری کو تحقیق الفاظ و معانی کے متعلق تین سال تک پٹنہ میں مدد دیتے رہے۔ سررشتہ تعلیم کی ملازمت کے بعد دولت آصفیہ سے پچاس روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر ہوگیا۔ جو آخر عمر میں المضاعف یعنی سو روپیہ ماہوار ہوگیا۔ علاوہ ازیں لڑکے کی تعلیم کیلئے پچاس روپیہ ماہوار کا وظیفہ الگ سرکار نظام سے مقرر ہے۔ مشاہیر امرائے دکن مثل نواب

سر آسمان جاہ نواب محسن الملک۔ نواب سید حسین بلگرامی اور آپکے بھائی سید علی بلگرامی آپکے بڑے قدر دان تھے۔ اور انہیں کی بدولت حیدر آباد میں انکا خاص رسوخ ہو گیا تھا جب کبھی جاتے علاوہ امداد لغت ہزار بارہ سو روپیہ سفر خرچ کے نام سے علیحدہ ملجاتا تھا۔

کامل ۳۲ برس کی شبانہ روز محنت سے لغات زبان اردو کی ایک ضخیم کتاب تیار کی ۱۸۶۸ء میں یہ کام شروع کر کے ۱۸۹۸ء میں اسکو انجام پر پہنچایا ۱۹۰۸ء میں اسکی اشاعت ہوئی۔ یہ لغت فرہنگ آصفیہ کے نام سے شائع ہوئی جسکے صلہ میں سرکار نظام سے بطور انعام پانچہزار روپیہ ملا اور چار سو جلدوں کی خریداری منظور کیگئی۔ مختلف اوقات میں بیس ہزار روپیہ اسکی چھپائی کیلئے مرحمت ہوے۔ فرہنگ آصفیہ سے پیشتر اردو زبان میں کوئی جامع لغات نہ تھی۔ ملک نے اسکو ہاتھوں ہاتھ لیا علم دوستوں نے اسکو سر آنکھوں پر جگہ دی ابھی اس کتاب کی تمام جلدیں مرتب ہونے پائی تھیں کہ اہل لکھنؤ نے اسکی ناموری اور شہرت کے مقابلہ میں امیر اللغات کو پیش کیا جسکا نتیجہ نکلا کہ دہلی اور لکھنؤ کے اخبارات میں دو تین سال تک بحث مباحثہ کا سلسلہ جاری رہا۔ تلامذہ امیر نے اس موقعہ پر حق شاگردی ادا کیا اور فرہنگ آصفیہ کے خلاف لمبے چوڑے مضامین نکلے۔ مگر صاحب کے جانب دار اور نیز جوابات دینے میں کوئی بات اٹھا نہ رکھی۔ دہلی لکھنؤ کی رقابت نے سر سے گویا نمود اڑائی تھی۔ اسی سلسلہ میں فصیح الملک میرزا داغ کی شاعری پر بھی حملے کئے گئے تھے اور حضرت امیر مینائی کو بہترین غزل گو ثابت کرنیکے لئے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگایا گیا تھا سید صاحب کی لغت پر اس مخالفت کا ذرا بھی اثر نہ ہوا آخر کار امیر اللغات غیر مکمل رہ گئی اور بقیہ حصہ شایع ہونیکی نوبت نہ آئی۔ اور فرہنگ آصفیہ کی جلدیں تیار ہو کر تمام اردو کتبخانوں میں پہنچ گئیں۔ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ ۱۹۲۲ء میں خانگی آتش زدگی کے باعث مع دیگر اسباب فرہنگ آصفیہ کے حصے بھی جل کر خاکستر ہو گئے۔ دوبارہ چھپوانے کا انتظام کیا جا رہا تھا کہ تھوڑے دنوں کے بعد سید صاحب کا انتقال ہو گیا مرحوم نے لغات کے علاوہ رسوم دہلی۔ مناظرۂ تقدیر و تدبیر۔ علم طبعیات۔ ہادی النساء وغیرہ کئی کتابیں تصنیف و تالیف کی تھیں۔ دیوان سر رام صاحب وزیر الور کی تحریک سے مہاراجہ منگل سنگھ

والئی الور کا سفرنامہ پنجاب مرتب کیا اور انعام پایا۔ آپ کی نثر اخباری اردو سے بالکل الگ تھلگ ہوتی اور اسمیں بے تکلفانہ محاورات برجستگی۔ روانی۔ آمد تھی۔ اردو زبان کے مستند ادیب تھے اور تحقیق کا پایہ بلند تھا۔ سید صاحب کے مزاج میں ثابت قدمی اور استقلال غضب کا تھا سخت سے سخت تکلیف و مصیبت کے زمانہ میں بھی اُنکے عزم اور ارادوں میں کمزوری پیدا نہیں ہوتی تھی وضع کے بڑے سچے تھے۔ لغت کی تیاری اور تکمیل کو اپنی زندگی کا پہلا اور آخری کام بنا رکھا تھا۔ اور ہر وقت اسی میں منہمک رہتے تھے۔ اردو زبان کے محسن اور فدائی حضرات کے زمرہ میں انکا نام عزت سے لئے جانیکا مستحق ہے۔ راقم تذکرہ کے عم نامدار رائے بہادر ماسٹر پیارے لال صاحب نے پہلے پہل انہیں رشتہ تعلیم میں ملازم کرایا تھا۔ شرافت اور پاس وضع دیکھئے کہ سالہا سال گذر جانے پر بھی ہمیشہ انہیں اپنا مربی و محسن سمجھتے رہے۔ والد مرحوم رائے بہادر لالہ مدن گوپال ہر سال تین چار ماہ شملہ میں گذارتے تھے۔ یہ روزانہ حاضر باش رہتے اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ لطائف و ظرائف سے ان کی طبیعت کو محظوظ رکھا کرتے تھے۔ راقم تذکرہ نے سنہ ۱۸۹۵ء کے قریب جب تذکرہ لکھنا شروع کیا ہے اُسوقت نہایت شفقت سے ہر طرح کی امداد کرتے اور دل بڑھاتے رہے چنانچہ جب مسودہ لیکر میں مولانا حالی کی خدمت میں پانی پت حاضر ہوا تب آپ بھی میرے ساتھ گئے۔ کلام یہ ہے ؎

رگ رگ میں دوڑ جاتا ہے جلوہ خدائی کا ۔۔۔ اُس بت کے سامنے ہے مزا جبہ سائی کا
یارب دعا ہے اپنی کہ صدقہ خدائی کا ۔۔۔ دشمن کو بھی نصیب نہ ہو دن جدائی کا

کیا کیا مجھ پہ وار کیا کہنا ۔۔۔ واہ رے میرے یار کیا کہنا
سر بھی کٹ کر گرا تو قدموں پہ ۔۔۔ دل چلے ہوشیار کیا کہنا

قاصد بنا رقیب وہاں جاکے کیا ہوا ۔۔۔ اپنا جو حال تھا وہی اُسکا سنا ہوا
خود ہی تصویر ہو چھوڑاتے ہو اسیر تصویر ۔۔۔ دیکھئے کسکو مٹاتی ہے یہ آئی تصویر

خود تیر نگہ سے لڑتے ہیں اور نام ہمارا کرتے ہیں ۔۔۔ ان کی ترچھی نظروں سے وہ کام ہمارا کرتے ہیں
کیا ناز و ادا کا عالم ہے بے خوف اُچھلتے پھرتے ہیں ۔۔۔ لو ننگے ننگے پیروں وہ لاش کھندتے پھرتے ہیں

پڑی ہے کیا ضد کو اُٹھو لو گیا وہ سیّد جان سے لو

قاصد خوش خوش اگر آیا تو عید ہے
حور و پری ہو یا کہ مہ و آفتاب ہو

وقت وضو جو دھوتا ہے ہاتھوں کو بار بار

غنیمت جان لو صحبت کو اس کی
رہو گے دل میں آنکھوں سے نہاں ہو

کیوں خاک میں ملاتے ہو آلودہ تن کیساتھ
کھلتی نہیں کلی مرے دل کی بند ہی ہوئی
بچیگا کیونکر یہ دل الم سے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے
نہ کی ہو بات تک عاشق سے جس نے عمر بھر سیدھی
نہ چونکا خواب عدم سے تو کہتے ہیں ہمدم
چلو بس حضرت عیسیٰ تم اپنا کام کرو

جب فرو تم ہوئے مری چشم پر آب ہے
جی بھی اُٹھو کہ یار آتا ہے
مجنون قائل ہیں جذبۂ دل کے
رنگ لائی ہماری مظلومی

ذرا تو چل کر شریک ہو تو سنا ہے ماتم اُٹھا چکی ہیں

ورنہ ہماری عید محرم سے کم نہیں
جو کچھ کہ ہو سو ہو غرض اپنی حساب ہو

زاہد خدا کے پیچھے پڑا ہاتھ دھو کے تو

خدا جانے یہ سیّد پھر کہاں ہو
بھلا بچ کے رہو جاتے کہاں ہو

کچھ تو لحاظ چاہیئے اُجلے کفن کے ساتھ
دل لگی جو ہے کسی غنچہ دہن کے ساتھ
بنیگی کس ڈھب بھلا صنم سے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے
عبث ہی اس سے یہ کہنا کہ رکھے مجھسے نظر سیدھی
یہ کس کے پاؤں کی آئی صدا سنو تو سہی
مریض عشق کو ہو گی شفا سنو تو سہی

لاکھوں برس گذر گئے اپنے حساب سے
دم یہ خاصہ دیا مسیحا نے
پر دے اُلٹے صبا نے محل سے
ہاتھ باندھے حنا نے قاتل کے

سید

سیّد۔ سخنور معجز بیان و شاعر شیریں زبان منشی سید اکبر میرزا خلف معین الدولہ نواب ناظر حسین میرزا ابن نواب حسام الدین حیدر خان نامی قرابت دار شاہِ اودھ۔ آپ نے میر مہدی حسن مجروح سے بھی استفادہ حاصل کیا۔ میرزا قربان علی بیگ سالک کے بھی شاگرد رہے۔ مولانا حالی سے بھی نسبت تلمذ حاصل تھا۔ نہایت معزز اور ممتاز خاندان کی یادگار تھے۔ برہان الملک میر محمد امین نیشاپوری انکے اجداد پدری میں تھے۔ اور اجداد مادری میں بخشی الملک نواب میرزا نجف خان

بہادر کا نام روشن ہے۔ دہلی۔ لکھنؤ۔ فیض آباد ہمیشہ اس خاندان کا مولد و مسکن رہا ہے۔ غدر سے پیشتر دلّی میں انکے وسیع مکانات تھے اور یہ لوگ محلہ بلیماران کی جس حویلی میں رہتے تھے اسکا رقبہ ایک چھوٹے گاؤں کی برابر تھا۔ اتبک یہ حویلی انکے دادا حسام الدین حیدر کے نام سے مشہور ہے۔ مگر اب وہاں انقلاب گذشتہ عظمت کی تاریخ یاد دلا رہا ہے۔ پنجابی سوداگر صاحبان نے ایک پوری بستی بسا رکھی ہے۔

جس طرح آپ ایک نامی گرامی خاندان کے افراد سے تھے۔ ایسے ہی خلق و انکسار میں انتخاب روزگار تھے۔ آپ کی گفتگو نہایت سلیس و شستہ ہوتی۔ باوجود پیرانہ سالی کبھی کبھی شوخی اور بذلہ سنجی کی جھلک بھی کلام میں نمایاں ہوجاتی۔ مشاعروں میں اکثر شریک ہوتے۔ اور اس قحط الرجال کے زمانہ میں آپکا دم غنیمت تھا۔ آپکے خاندان میں کئی پشت سے شاعری کا فن چلا آتا ہے آپکے پردادا نواب سراج الدولہ غیاث الدین محمد خاں قیامت تخلص کرتے تھے اور فارسی میں شعر کہتے۔ آپ کے دادا نواب مبارز الدولہ سید حسام الدین خاں نامی میر تقی میر کے شاگرد تھے اور انکے دادا کے بھائی سید محمد خاں رند جو تھے خواجہ آتش لکھنوی سے تلمذ رکھتے تھے۔ ذوق سلیم رکھنے والے خوب سمجھتے ہیں کہ شعرائے لکھنؤ کے برعکس۔ رند کے کلام میں جو سادگی۔ سوز وگداز۔ درد ہے وہ اس خاندان کے فیض صحبت کا اثر ہے آپکے والد گو شاعر نہ تھے مگر سخن فہمی میں مشہور تھے اور میرزا غالب کی صحبت میں عالم طفلی سے پیرانہ سالی تک بسر کی اور میرزا کا فارسی کلام خود انہوں نے پڑھکر مرتب کیا۔ سید اکبر میرزا صاحب کی سلاست۔ سادہ بیانی خداداد تھی۔ کلام میں تکلف چھو بھی نہیں گیا تھا۔ سیدھا سادہ روزمرہ لکھتے فصیح محاورات باندھتے۔ جو کچھ کہتے خوب کہتے ہنگام ترتیب تذکرہ میں انتقال کیا۔ ۷۰ برس سے زائد عمر پائی۔ مشتاق رشادان مضطر۔ راسخ۔ ارشد کے ہمعصر تھے۔ نواب سجاد میرزا سجاد جن کا ذکر خیر پہلے آچکا ہے آپکے بڑے بھائی تھے۔

درد و سوز جو شاعری کی جان ہیں کلام میں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

ہمارے دل کو ناصح آپنے اپنا سا دل جانا	نہ گھائل تیر مژگاں کا نہ قیدی زلف پیچاں کا

زمیں تیری زماں تیرا مکیں تیرے مکاں تیرا — عجب ناداں ہیں وہ جنکو نہیں ملتا نشاں تیرا

عیاں ہر شے سے ہے قدرت نہیں جلوہ کہاں تیرا — ترا مداح ہے عالم ثنا خواں ہی جہاں تیرا

تعشق سے کہیں بڑھ کر ہے تیرے عشق کا جوہر — یہاں تک محو ہوں اپنے یہ ہوتا ہی گماں تیرا

نہ سیرت سے تری واقف نہ صورت آشنا کوئی — تماشا ہے کہ دم بھرتا ہے ہر پیر و جواں تیرا

جدائی شاق تھی دم بھر وہ دن بھی یاد ہیں تجکو — نگہباں میرا تو رہتا تھا میں تھا رازداں تیرا

خبر ہے تجکو اے یوسف کہ چھوڑں پہ کیا گذری — گیا کنعاں سے سوئے مصر جسدم کارواں تیرا

کیا عجب ہے جو ہماری شب تارِ ہجراں — صبح محشر کو بھی دیکھے نہ سحر کی صورت

مفت احسان جتانے کو ادھر آن ملے — اب بگڑتے ہوئے دیکھی جو ادھر کی صورت

ہے صحت کبھی ہو جائے وہ آزار نہیں — موت سے پہلے جو اچھا ہو وہ بیمار نہیں

اُس وفا پیشہ پہ عاشق ہوں کہ جسکی نزدیک — جو گنہگار رہے وہ بھی تو گنہگار نہیں

یہ محبت یہ لگاوٹ بھی کہیں دیکھی ہے — دوست تو دوست وہ دشمن سے بھی بیزار نہیں

وصل عشاق سے نزدیک ہے گو خواب خیال — ہمکو مشکل ہے مگر آپ کو دشوار نہیں

ہے کوئی صید جو عالم میں بچا ہو تم سے — تیر ترکش میں نہیں ہاتھ میں تلوار نہیں

سادہ لوحوں کے دلوں کی ہے کمند تسخیر — شیخ صاحب کے سر پاک پہ دستار نہیں

سید ان شعروں میں کیا لطف ملیگا اُن کو — جن کا دل رازِ حقیقت سے خبردار نہیں

الفت کا یہ مزا ہے کہ رسوائے خلق ہو — وہ راز یہ نہیں جو کسی پر عیاں نہ ہو

یارب جہاں میں مجھسا کوئی بے زباں نہ ہو — اپنی مصیبت آپ ہی جس سے بیاں نہ ہو

کیا تیرے ہاتھ آئیگا اے برقِ شعلہ ریز — گلشن میں اک غریب کا گر آشیاں نہ ہو

میں نے کہا سنو تو سنائیں کچھ حالِ دل — ہنسکر عجب ادا سے کہا داستاں نہ ہو

واعظ تمہیں کہو کہ رہا کیا بہشت میں — گر واں قصور و حور و مے ارغواں نہ ہو

معمور گر نہ ہو یہ بت و بت پرست سے — ہندوستاں کا نام ہی جنت نشاں نہ ہو

اُس دل پہ حیف عشق کا جس میں نشاں نہ ہو
اُس زندگی پہ خاک جو صرفِ فغاں نہ ہو

تمکو نہ انفعال ہوا اِس واسطے فقط
میں خود یہ چاہتا ہوں مرا امتحاں نہ ہو

آمد میں جو مزا ہے وہ آورد میں نہیں
پھر شعر ہی نہیں ہے جو لطفِ زباں نہ ہو

وہ خشتِ خم پہ منہ ملنا وہ پائے خم پہ سر رکھنا
ہمیں یاد آتی ہے وہ عزت و توقیر میخانہ

جناب شیخ صاحب کیا مزے کی بات ہے سنئے
کہ اک مشتِ نمک سے ہوگئی تطہیر میخانہ

بگڑ کر جب مجھسے کہتے ہیں تمہاری سب وفاداری
دکھا دیں شہر میں ہمسا جو کوئی دوسرا نکلے

میری تربت پہ وہ دو پھول چڑھانے آئے
بعد مرنے کے نکالی گئی حسرت میری

ہم نے آج ایک عجب آفتِ جاں دیکھا ہے
اِتنا کہنا تھا کہ بس آگئی شامت میری

کوئی چیز یاں دل سے ارزاں نہیں ہے
مگر اسپہ بھی کوئی خواہاں نہیں ہے

دمِ سرد بھر کر کوئی رو رہا ہے
یہ ٹھنڈی ہوا اور یاراں نہیں ہے

بجز مہرِ تاباں و ماہِ درخشاں
چراغِ مزارِ غریباں نہیں ہے

بنے بت پرست آکے ہندوستاں میں
کوئی ہم سے سید سا مسلماں نہیں ہے

قطعہ

کہا میں نے کسی پہ جو کوئی مرے
اُسے چاہیے اُسپہ جفا نہ کرے

کہا چھیڑ سے ہمکو تعجب ہو یقیں
جو کسی پہ مرے وہ جیا نہ کرے

بھلا سید خستہ کی تو یہ ہے کیا
جو خدا اُسے دے تو وہ کیا نہ کرے

کہا میں نے نہیں میں کسی پہ فدا
کس ادا سے وہ بولے خدا نہ کرے

مری ساری کہانی کو سن کے کہا
کوئی ایسوں کی بات سنا نہ کرے

مجھے غیر کے آگے سنانے لگے
کوئی تم سے بھی حال کہا نہ کرے

سید ۔ سید حسن صاحب متوطن قصبہ ٹھور۔ شاگرد حضرت ظہیر دہلوی۔ خوشگو طبیعت دار جید فکر ہیں۔ ریاست بھوپال میں متصدی مال ہیں۔ انداز بیان بہت پیارا ہے۔ ذہن میں جودت خیالات میں جولانی ہے۔ بھوپال کے مشاعروں میں چوٹی کی غزلیں پڑھتے ہیں۔ یہاں کے شعرا

سید

میں نامور ہیں۔ زبان صاف اور شستہ۔ بندشیں سیدھی سادی۔ معاملہ بندی کیطرف میلان ہے اُستاد ظہیر نے انکی کئی غزلیں خود اپنے کلام کے ہمراہ مؤلف تذکرہ کو ارسال کی تھیں جس سے آنکی خاص توجہ ظاہر ہے۔ نتیجۂ فکر یہ ہے ؎

انہیں غرض جو کوئی شب کو بیقرار رہا
بلا سے آنکھ کسی کو جو انتظار رہا

وہ تم کہ کرتے رہے وعدے عمر بھر جھوٹے
وہ ہم کہ پھر بھی ہمیں تم پہ اعتبار رہا

ہوش آنے نہیں دیتا کسی میخوار کے یاس
گردش میں دیتا ہی سید حسن جام شراب

جو دن کو رونا دھونا ہے تو شب کو لب پہ نالے ہیں
فلک کس دن کے بدلے تو نے گن گن کے نکالے ہیں

یہاں کیا ہم تو محشر میں خدا کے آگے کہدینگے
تمہارے چاہنے والے ہیں تم پر مرنیوالے ہیں

جہاں کی خاک چھانی ہی ملی ہی جب جگہ ایسی
ترے کوچہ میں آبیٹھے ہیں اب کیا اُٹھنے والے ہیں

تمہارے جنبشِ لب نے یہ اچھی کی مسیحائی
ہزاروں مر گئے تم پر ہزاروں مرنیوالے ہیں

جناب شیخ نے رندوں میں آکر قہر ڈھایا ہے
انہیں تو ہم یہ سمجھے تھے بڑے ہی بھولے بھالے ہیں

کیا ہی عیار حسینانِ جہاں ہوتے ہیں
دل کا دل لیتے ہیں پھر دشمنِ جاں ہوتے ہیں

پوچھتا پھرتا ہوں محشر میں یہ ہر ایک سے میں
فیصلے مجرمِ الفت کے کہاں ہوتے ہیں

شکوۂ جور پہ دیتے ہیں مگر کیا یہ جواب
ہاں ستم ہوتے ہیں فرمائیے! ہاں ہوتے ہیں

باتوں باتوں میں ستم مجھپہ کئے جاتے ہیں
چٹکیاں دل میں وہ رہ رہ کے لئے جاتے ہیں

یاد ہے غیر کی یا دل ہے کسی بیکس کا
آپ کیا گوشۂ دامن میں لئے جاتے ہیں

تم بھی کیا یاد کروگے کہ ملا تھا کوئی
دل سی شئے لو تمہیں ہم مفت دئے جاتے ہیں

ڈر ہے مجھکو کہ جگر چاک نہ ہو جائے کہیں
بخیہ گر کیوں مرے دامن کو سئے جاتے ہیں

ضبط کس طرح کرے شکوۂ اغیار کوئی
زہر کے گھونٹ کسی سے بھی پیئے جاتے ہیں

روز چھپ چھپ کے سرِ شام کہاں جاتے ہو
روز کیوں چاک گریباں کے سئے جاتے ہیں

ہوش آتا دمِ نظارہ نہیں ہے کہ کہوں
دوڑنا کوئی مرا دل وہ لئے جاتے ہیں

قتل کر کے مجھے اس طرح چلے مقتل سے
نامہ بر کہتا ہے کیا لاکے دکھاؤں میں جواب
ناتوانی کا یہ عالم ہے کہ اُٹھنا دشوار
کوئے قاتل میں ذرا سوچ کے جانا سیدؔ
دل کشی بولتی ہے شوخیٔ تحریر کیسا تھ
خلشِ زخم کا ہو جائے ہمیشہ کو علاج
تم یہ کیا حصر ہی کس کس کا گلہ تم سے کروں

کوئی جانے کہ بڑا کام کئے جاتے ہیں
خط تو چوٹھے میں وہاں جھونک دئے جاتے ہیں
اور ہمت ہے یہ اپنی کہ جئے جاتے ہیں
روز دو چار وہاں قتل کئے جاتے ہیں
کھینچنے والے کی ادا کھنچ گئی تصویر کیسا تھ
چارہ گر کھینچ لے تو سینہ سے دل تیر کیسا تھ
پھر گیا مجھسے زمانہ مری تقدیر کیسا تھ

سیدؔ ۔ حسین میاں صاحب ناگر دل بندر کاٹھیاوار کے رئیس ہیں۔ مدتوں نواب شیخ حسین میاں صاحب کے مصاحب رہے ہیں۔ اُسی زمانہ میں جلالؔ ۔ داغؔ تسلیمؔ کو دیکھا ہے اور حضرت شمشاد لکھنوی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ علم عروض و قوافی میں دستگاہ ہے۔ تاریخ گوئی میں دسترس۔ دو مکمل دیوان تیار ہیں جو غیر مطبوعہ ہیں۔ آپکا بیان ہے کہ نواب محمد رسول خاں صاحب جو ناگڑہ کی سرکار میں ایک مثنوی بطور نذر پیش کی تھی۔ اسکے صلہ میں "فصیح الشعرا" خطاب پایا۔ اور وہاں ملازم ہو گئے۔ آج کل پھر ریاست منگرول میں شاعری اور میر منشی کے عہدہ پر ممتاز ہیں۔ مضمون آفرینی کیطرف مائل ہیں مگر زبان کی شستگی اور صفائی کو زیر نگاہ رکھتے ہیں چھ سات برس ہوئے اپنا کلام انتخاب کر کے بھیجا تھا اُسکا انتخاب یہ ہے

الٰہی معمور ہو جائے زمانہ یاس و حسرت سے
زمینِ گور بھی آغوش میں اپنے نہیں رکھتی
کہاں ہیں اور اسکی درگہ عالی کہاں سیدؔ
عاشق سے چھپ سکا کب پردے میں راز تیرا
کافی ہے اسکی رحمت ہم رند مشربوں کو
گھٹا چھائی ہے دل بہلاؤ چلکے صحن گلشن میں

لٹا دوں میں اگر اسباب اپنی بینوائی کا
خدا حافظ ہے اپنے کشتۂ بے اعتنائی کا
قلق شام و سحر ناحق ہے اپنی نارسائی کا
آوازِ لن ترانی دیتا ہے ساز تیرا
زاہد تجھے مبارک روزہ نماز تیرا
پیو مے خوب سی دیکھو تماشہ برق و باراں کا

اشارہ فصل گل کا ہے گریباں چاک کر ڈالو
تقاضا جوش وحشت کا ہے رستہ لو بیاباں کا

یہ رہزن دل جاتے ہیں جن راہ سے چھپکر
انداز دل دیتے ہیں نقش کف پا کا

بہار چھوٹ کے آئی جو کاکل مشکیں
لپٹ کے سنبل گلزار نے بلائیں لیں

برنگ باغ شگفتہ ہے اندنوں منگر دل
خوشی میں گاتی ہے بلبل چمن چمن ہنڈ دل

یہ کس نے منہ سے نام بوسہ ابرو نکالا ہے
نگر نے پر تلے بیٹھے ہو خنجر کیوں نکالا ہے

مری جان حاضر یہ دل ہی جگر ہے
تمہیں کون سی چیز مد نظر ہے

مجھے پھر اُن آنکھوں کا جادو دکھا دو
نگاہوں میں جادو کا جن کی اثر ہے

یہ گرہ کیسی ہے آنچل میں یہ باندھا کیا ہے
دل ہمارا جو نہیں ہے تو پھر اچھا کیا ہے

غضب اُنکی تیغ نگہ ڈھا گئی
جگر پر پڑی دل کو تڑپا گئی

شباب آتے ہی حسن دونا ہوا
ادا آگئی ناز کی آگئی

مرے دل کو شوخی سے مل کر گیا
یہ کیسی کلی تھی جو مرجھا گئی

خدا نواب سورٹھ کو رکھے آباد اے سید
اُڑا دی جس نے سب کی ٹھنڈ ہو غوں سے دو شالوں

سید - میر سید احمد دہلوی - آپنے ایف اے تک تعلیم پائی ہے - اُردو - فارسی کی قابلیت اچھی ہے نظم و نثر میں مشاق ہیں - ملا واحدی صاحب اڈیٹر خطیب دہلی کے برادر نسبتی ہیں ایک آزادہ رو صوفی منش آدمی ہیں - ۴۰-۴۵ سال کے قریب عمر ہے - آپکے بزرگ عرصہ دراز سے ریاست جے پور میں رہتے ہیں - یہ خود آجکل پولیس اجمیر میں انسپکٹر ہیں - فن شاعری میں حضرت قتیل پھسری کے شاگرد ہیں - کلام کا انتخاب ہدیہ ناظرین ہے ۵

پھر عشاق جہاں میں سبق آموزی کو
میں رہوں یا نہ رہوں پر مری رُوداد رہے

اور تو دل میں نہیں کچھ دم آخر لیکن
اک تری یاد ہے اللہ کرے یاد رہے

وعدہ وصل کیا تو ہے مری جان تم نے
پر ذرا یاد رہے! یاد رہے!! یاد رہے!!!

دام الفت میں کچھ اس طرح پھنساؤں اسکو
ہاتھ ملتا ہی ہو وہ ستم ایجاد رہے

شاعری شغل تو اچھا ہے جناب سید	فکر دنیا سے اگر آدمی آزاد رہے

سید

سید۔ منشی سید علی خلف مولا بخش صاحب سندیلوی۔ سید نذیر حسن صاحب فتنہ کے شاگرد ہیں۔ نومشق شاعر ہیں طبع میں زور۔ ذہن میں رسائی ہے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

ہوا یہ حال اپنا سوزِ غم سے ہجرِ دلبر میں	جدھر کروٹ بدلتے آگ لگ جاتی ہے بستر میں
بوسۂ عارضِ گل سامنے گلچیں کے نہ لے	کہہ دو گستاخ بہت بلبلِ ناشاد نہ ہو
ملی جب قتلگہ میں آکے حلقِ نیم بسمل سے	تو یا مشکل کشا نکلا زبانِ تیغِ قاتل سے
الٰہی اس نے بھی سیکھا ہے کیا اندازِ معشوقی	کہ اُس کا تیر دل میں آکے غائب ہو گیا دل سے
عجب انداز سے قاتل نے کی آرایشِ مقتل	کہ ارماں کی طرح لپٹا ہوا بسمل تھا بسمل سے
کمالِ شاعری سے کیوں نہ ہوں میں مشہور سید	کہ سیکھا ہے یہ فن میں نے بڑے اُستاد کامل سے

سیر

سیر۔ میر عباس عرف چھوٹے میرزا شاگرد آغا حسین میرزا صاحب عشق۔ خوش فکر صاحب استعداد شاعر تھے۔ تشبیہات کے شیفتہ۔ استعارات کے فریفتہ۔ معنی سنج۔ ناسخ کے انداز میں بہترین کہنے والے تھے۔ کلام بلاغت نظام یہ ہے ؎

شعر جو ہے وہ سراپا وصف میں تحریر ہے	ہر غزل دیوان میں میرے۔ تری تصویر ہے
سیرِ گلشن کیلئے اب اُٹھ کے جا سکتے نہیں	جادۂ صحرا ہمارے پاؤں کی زنجیر ہے
چوم لیتا گر میں پاتا دستِ نقاشِ ازل	صفحۂ عالم یہ کس رنگ کی تصویر ہے
ہے تقاضائے محبت کوچۂ جاناں میں چل	پاؤں اُٹھ سکتے نہیں یہ ضعف دامنگیر ہے
دل مرا کیا اُٹھاتا ہے مزے ہنگامِ ذبح	سوئے قاتل آنکھ ہے اور حلق پر شمشیر ہے
اہل دولت کی ثنا سے اسکو کچھ مطلب نہیں	سیر۔ مداحِ جنابِ حضرت شبیر ہے
نرگسی آنکھیں پھول سا رخ غنچہ دہن شمشاد قد	باغ ہے یا اُس بہارِ حسن کی تصویر ہے
اپنا طریقِ عشق بھی سب سے عجیب ہے	سایہ پہ اُس پری کے گمانِ رقیب ہے
ممکن نہیں وہاں کوئی زندہ پہنچ سکے	کہتے ہیں جس کو خلد وہ کوئے حبیب ہے

رہتا ہے اب حضور کی خلوت میں آئینہ
"سچ پوچھو" تو ہم سے وہی خوش نصیب ہے

بس فنا مری تربت "پہ فاتحہ نہ پڑھا"
ہزار حیف نہ اتنا بھی ہو سکا تم سے

جواب تلخ سنائے بگڑ بگڑ کے مجھے
جو بوسۂ لب شیریں طلب کیا تم سے

نہیں حسینوں میں بے رحم سنگدل ایسا
جسے نہ آئی ہو وہ سیکھ لے جفا تم سے

ذرا بتاؤ تو اے سیر ماجرا کیا ہے
الگ بیٹھے ہیں وہ کیوں خفا خفا تم سے

پھنکوا کے اپنے کوچہ سے ای جان آپ نے
مٹی خراب کی ہے منت غبار کی

بعد فنا جو سیر ہوا خلد میں گذر
یاد آ گئی فضا مجھے کوئے یار کی

کرے گا دعوئے الفت رقیب کیا تم سے
ہمیں نے عشق نباہا برا بھلا تم سے

سیر۔ منشی محمد حنیف صاحب۔ پوسٹ ماسٹر۔ شاگرد حضرت داغ۔ حالات باوجود تلاش میسر نہ آئے ناچار چند اشعار کے انتخاب پر اکتفا کیا۔

بے سبب مجھ سے خفا رہتا ہے کیوں تو دل میں
کیا سمائی ہے ترے او بت بدخو دل میں

یاد آیا مجھے پہلو سے جو اٹھنا اس کا
درد اٹھ اٹھ کے بدلنے لگا پہلو دل میں

مرض عشق جسے کہتے ہیں
بس یہی موت کی بیماری ہے

ابر چھایا ہی اڑاتے ہیں مزے
میکشوں پر کرم باری ہے

میری راحت کا یہ پہلو سوجھا
روز انہیں فکر دل آزاری ہے

سیف۔ میرزا محمد حسن مرحوم نبیرہ محمد فاخر مکین دہلوی مقیم لکھنؤ۔ آپکے والد میرزا علیجان بھی فارسی میں شعر کہتے تھے۔ آپ مدتوں لکھنؤ رہے۔ ناسخ آتش کے معرکے دیکھے۔ ان کے مشاعروں میں بطور معاصر شریک رہے۔ شاعر فصیح اللسان۔ صاحب دیوان تھے۔ عروض سے آگاہ۔ معانی بیان سے باخبر تھے۔ لکھنؤ کے قیام میں بھی اپنی شاعری کو رعایت لفظی کی قید سے آزاد رکھا۔ خوبیٔ بندش پر نظر رہی۔ صفائی زبان کا خیال تھا۔ مگر تحقیقات کے غلبہ سے کلام میں نمک اور مزہ نہ پیدا ہوا۔ یہ غدر سے پیشتر کا ذکر ہے۔ کلام ملاحظہ ہو۔

اسقدر سوزش ہوئی دل کو تپ فرقت سے آہ | اشکِ گرم اپنا زمیں پہ گر کے چھالا ہوگیا

وہ دن رہے نہ وہ سن اور نہ وہ شباب رہا | دلِ خراب یہ اب تک مگر خراب رہا

کافرِ عشق ہیں اسلام سے کچھ کام نہیں | ہے زیادہ ہمیں تسبیح سے زنار پسند

قصدِ مے جب کیا ساقی نے مری جانب کو | بند شیشہ کا گلو ہوگیا اچھو ہو کر

جھڑکی ہے لاکھ بار تو گالی ہزار بار | بدلا ہے صاف یار کی گفتار کا طریق

پہلے ہیں لطف بعد بہت ہیں خرابیاں | یہ ابتدائے عشق ہے وہ انتہائے عشق

اے پاؤ وقتِ طاقت و امداد ہے یہی | بھاگیں ہم اس طرح کہ نہ پھر ہمکو پائے عشق

سیف

سیف۔ نواب سید اکبر حسین خاں خلف نواب دولہا بہادر سنہ ۱۲۵۵ھ میں پیدا ہوئے سنہ ۱۳۱۰ھ میں وفات پائی۔ دنیا کی رزم گاہ میں ۵۵ سال تک زور آزما رہے۔ قدیم امیر زادوں کی طرح فنونِ سپہگری کے شائق تھے علم طب سے آگاہ تھے۔ اس موضوع پر بہت سی کتابیں تالیف کیں مگر وہ حلیۂ طبع سے آراستہ نہوئیں اپنے والد مرحوم نواب دولہا متخلص بہ تمنا سے فن شعر میں تلمذ تھا جو حضرت ناسخ لکھنوی کے شاگرد تھے۔ آپ نواب معتمد الدولہ وزیر غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ کے نواسے تھے اور سرکار انگریزی سے ہزار روپیہ سے زیادہ انکو وظیفہ ملتا تھا۔ وقت انتقال ورثا میں انکے بھائی نواب مظفر حسین خاں بھتیجے نواب نیاز حسین خاں اور انکی بیوی جو نواب معتمد الدولہ کی پوتی تھیں باقی رہے۔ کانپور میں اب تک انکی فیاضی اور سیر چشمی کے افسانے مشہور ہیں۔ مرض ضیق کی وجہ سے زیادہ عمر نہ پائی از حد کمزور ہو گئے تھے۔ کلام یہ ہے۔

کیا لطف گرچہ جام مے تلخ پی لیا | ساقی علی سا ہو تو مزا ہے شراب کا

سر تا قدم ہوں داغ کروں کیا بیانِ داغ | سب مل کے ایک ہوگئے گویا نشانِ داغ

گذری باتوں کو یاد کرتے ہیں | دلِ غمگیں کو شاد کرتے ہیں

عنانِ توسنِ عمرِ رواں کو کس طرح روکوں | تری تلوار نے تسمہ نہ رکھا میری گردن میں

وصلِ جاناں کی دمِ مرگ ہوس باقی ہے | یہ عذاب اور ابھی چند نفس باقی ہے

وہ ناز کی ہے اگر چاندنی میں تو پ لیٹے	تو تارِ جادرِ مہتاب ابھی کمر میں چُبھے

سیف

سیف ۔ مولوی عبدالحکیم خلف سید عبدالرحیم ۔ آپ شاہجہانپور روہیلکھنڈ کے باشندے ہیں مولوی مدن صاحب مشہور مقدس و تبحر عالم کی اولاد میں ہیں جو نواب سعادت علیخاں اودھ کے اتالیق تھے اور جنکی تعریف میں سید انشا اللہ خاں نے مزاحًا یہ فرمایا تھا ؎

ہزار شیخ نے ڈاڑھی بڑھائی سن کی سی	مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی

حضرت سیف کی عربی استعداد معمولی فارسی بہت اچھی ہے ۔ ۱۶ برس کے سن میں سخنورِ باکمال حکیم ضامن علی جلال کے شاگرد ہوئے تکمیلِ فنِ سخن اور تحقیقِ زبان میں عمر کا بڑا حصہ صرف کیا ۔ برسوں لکھنؤ میں رہے ۔ اُستاد کی خدمت کرتے علمی ۔ ادبی نکات کو نقشِ دل بناتے ۔ چندہی روز میں بے مزہ تشبیہوں سے کنارہ کش خشک ۔ بے نمک استعاروں سے دامنِ سخن کو بچانے لگے ۔ بے تکی بلند پروازی حشو و زوائد سے کلام پاک ہو گیا ۔ آپ رنگِ تغزل کو خوب پہچانتے ہیں ساری غزل پڑھ جائیے معشوق کی توہین کا پہلو کہیں نہیں نکلتا شعر میں رقیب روسیہ کا ذکر غیرتِ عشق کے خلاف جانتے ہیں جمہور شعرا ایسی احتیاط کو نہیں برتتے ۔ آپکا قول ہے کہ "بازاری حسن فروش معشوقوں کے ذکر سے میرا کلام خالی ہے ۔ میں اکثر انہیں باتوں کا ذکر کرتا ہوں جو مجھ پر گذر چکی ہیں" ۲۸ مئی ۱۹۰۹ء کو جناب جلال مرحوم نے آپ کو اپنے ارشد تلامذہ اور افضل شاگردوں میں شمار کرنے کا اعلان کیا تھا اور سند مرحمت فرمائی تھی ۔ واقعی آپ اکثر اشعار ایسے کہ جاتے ہیں جنمیں محاورہ کی برجستگی ۔ زبان کا لطف و بیساختہ پن ہوتا ہے ۔ اور آپکے کلام دلفریب میں وہ تمام خوبیاں ہیں جو شاعری کی جان ہیں ۔ آپ کثیر التعداد تلامذہ کے اُستاد ہیں اور کلام طلب کئے جانے پر جو حالات آپکے مشہور شاگرد حسن جہاں نے راقم تذکرہ کو بھیجے ہیں انمیں یہ بھی درج ہے کہ جلال کے بہت سے شاگرد آپ کو اپنا کلام دکھاتے ہیں ۔ سیف زبان کا جوہر ملاحظہ ہو ؎

اِدھر بالیں سے اٹھکر وہ کسی کا اپنے گھر جانا	اُدھر بیمارِ غم کا کھینچ کر اک آہ مر جانا
دل مرا اُس رشکِ یوسف کیلیے دیوانہ تھا	دو جہاں جسکی خریداری کا اک بیعانہ تھا

عشق کا کعبہ سمجھتے تھے مرے دل کو حسیں
بت بھی جس پر لوٹ مٹتے تھے یہ وہ بت خانہ تھا

میرے مٹتے طور کو یوں تو نے پھونکا ہے غضب
تجکو لازم یہ ستم اے جلوۂ جاناں نہ تھا

اُن کے آنچل کی ہوا نے یہ کیا طرفہ اثر
ناتوانِ عشق کو اب روز غش آنے لگا

ہائے پھر دل میں کسی کی یاد نے لیں چٹکیاں
پھر خیال آکر کسیکا مجکو تڑپانے لگا

کیا قیامت ہی کہ اک پردہ نشیں نے روزِ حشر
طالبِ دیدار سے پھر وعدۂ فردا کیا

کچھ تو دل میں سوچئے انصاف کچھ تو کیجئے
آپ نے مجھکو کہ میں نے آپ کو رسوا کیا

خوب تم نے اس دلِ بیتاب کو تسکین دی
خوب تم نے اس دلِ بیمار کو اچھا کیا

کیا اُسے میری شبِ غم کی مصیبت کا خیال
دن چڑھے تک جو دولائی تانکر سویا کیا

ہم کو جلایا رات دن سوزِ جگر نے کیا کیا
اس سے لگی نہ بجھ سکی دیدۂ تر نے کیا کیا

شب کو جو سوئیں چین سے اُنکو ہوا کی کیا خبر
ہجر کے مبتلا کے ساتھ دردِ جگر نے کیا کیا

ہجر کی سختیاں تو کچھ میرے ہی دل سے پوچھئے
شامِ الم نے کیا کیا غم کی سحر نے کیا کیا

شمع لحد ہوئی جو گل بلبلوں کا ہوا ہجوم
سیف نیا یہ گل کھلا بادِ سحر نے کیا کیا

رنگ ہو کر پھوٹ نکلا رُوئے گل سے اے نسیم
بلبلِ خونیں جگر کا گریۂ خونبار صبح

ہائے وہ کہنا کسی کا لو ہمیں رخصت کرو
کچھ نمایاں ہو چلے ہیں سیف اب آثارِ صبح

ابھی تو سادگی دیتی ہے جان اُنکے لڑکپن پر
خدا رکھے قیامت ہوں گے جب آئینگے جوبن پر

دکھائی خوب قاتل نے کرامت دست و بازو کی
چلی بے پاؤں کے تیغِ جفا بسمل کی گردن پر

بھلا کیوں ابرِ رحمت نے اٹھائی اسقدر زحمت
برسنے کیلئے کافی تھی حسرت میرے مدفن پر

میرے پہلو میں کہاں اب وہ ستم ایجاد دل
ہو چکا تیری ہوائے وصل میں برباد دل

کیا ترا اس میں بگڑتا تھا بتا تو اے فلک
دو گھڑی کو شاد ہو جاتا جو اک ناشاد دل

اس بتِ کافر کو بھی دوبھر مجھے بھی ناپسند
کس کا اب ہو کر رہے یارب مرا ناشاد دل

شق ہوا جاتا ہے سینہ بس ہٹاؤ اپنا ہاتھ
اب تسلی تم اگر دوگے تو مر جائینگے ہم

آرہے ہیں میری تربت پہ وہ یہ کہتے ہوئے
آج چل کر اپنے روٹھے کو منا لائینگے ہم

کون ایسی ناز برداری کرے گا آپ کی
کیجئے گا یاد جب دنیا سے اُٹھ جائینگے ہم

اُنکے سینہ تک جو پہونچا ہی ہمارا دستِ شوق
حشر میں کہتی ہیں ابتو پاؤں پھیلائینگے ہم

طُور پر جلنے کی تم نے اے کلیم اچھی کہی
کچھ تم آئے دیکھکر کچھ جا کے دیکھ آئینگے ہم

دشمن کا حال غیر اگر ہے تو کیا کریں
کس کس کے واسطے ترے دشمن دعا کریں

لیلیٰ کے دم کے ساتھ ہے محمل کی قدر بھی
جب تم ہو دل سے دور تو ہم دل کو کیا کریں

تم کو جو ناپسند ہے دل پھینک دو کہیں
جو چیز دے کے چھُٹے اُسے ہم لیکے کیا کریں

تڑپانے سے بھلا کسی بیدل کے فائدہ
بس آپ دلدہی نہ ہماری کیا کریں

وہ کہتے ہیں ملینگے عدو سے تو ہم ضرور
اب اس میں جلنے والے جلیں تو جلا کریں

بولے عدو سے دیکھ کے وہ میرا حالِ زار
یہ اب کسی طبیب کی جا کر دوا کریں

کچھ حد ہے اضطراب کی اے دل بس اب ٹھہر
کب تک وہ بیٹھے بیٹھے تسلی دیا کریں

دُونا بندے گا سیف ہماری وفا کا رنگ
دل کھولکر وہ شوق سے مشقِ جفا کریں

روز یوں مر مر کے جینا خود ہی دو بھر تھا ہمیں
تو نے کیوں او بُتِ لبِ جاں بخش سے کوسا ہمیں

خواہ وہ مُنہ سے نہ بولیں چاہے وہ پوچھیں نہ بات
روز دل کا حال جا کے اُن سے کہہ آنا ہمیں

مل گیا جب دل تو اے پردہ نشیں کیسا حجاب
اب بہت بے چین کرتا ہے تیرا پردا ہمیں

بس اب آنسو پونچھ ڈالو کوئی روتا ہے بھلا
وقتِ رخصت چاہئے ہے تمکو سمجھانا ہمیں

کبھی دو پھول چڑھانے نہ گئے تربت پر
یہی الفت تھی تمہیں عاشقِ دلگیر کے ساتھ

وہ مرے گھر کی بھی رونق لیگئے ہمراہِ دل
اک اُداسی ہے در و دیوار پہ چھائی ہوئی

خنجرِ قاتل سے جب ہر دم کی ٹھہری چھیڑ چھاڑ
رو کئے پھر زخمِ دل کب تک ہنسی آئی ہوئی

باغبانِ گلشنِ عالم سے ہے اتنا گلہ
مجھکو اک دل کی کلی دی وہ بھی مرجھائی ہوئی

داورِ محشر کو آخر درگذر کرنا پڑا
کیا قیامت کر گئی وہ آنکھ شرمائی ہوئی

تجھ چلا ہے شام ہی سے دل عزا و عہد کی شب
آج اداسی سب طرح ہے شمع پر چھائی ہوئی
درو بدلوا تا ہے کروٹ اٹھکر جن بیماروں کو
ایسے میں وہ کیونکر دنیا سے اٹھ جائینگے

سیف

سیف - مولانا محمد احکم صاحب ساکن انبہٹہ ضلع سہارنپور، صدر مدرس عربی مدرسۂ اسلامیہ باڑہ ہندو راؤ دہلی - آپ عربی میں کامل استعداد رکھتے ہیں۔ عرصۂ دراز سے درس و تدریس میں مشغول ہیں عمر تخمیناً ۶۰ سال کی ہے۔ ۷-۸ سال سے شاعری کا شوق ہے حضرت فتنہ سندیلوی عربی میں آپکے شاگرد ہیں لیکن فن سخن میں آپ اُن سے اصلاح لیتے ہیں۔ دہلی میں فوارہ پر جو مشاعرہ ہوا تھا جسمیں یہ طرح تھی - ع - گر ہی جو بند ساغر سے بنی تصویر میخانہ - مولانا نے بھی اس میں طبع آزمائی فرمائی تھی - کلام یہ ہے ؎

لطف کیا آئے آشنائی کا
یہ زمانہ ہے بیوفائی کا
نزع میں روح نے کہا تن سے
وقت اب آگیا خدائی کا
رہکے کعبہ میں بت ہوئے مغرور
کیوں نہ دعوے کریں خدائی کا
ہائے وہ آہ و نالہ و زاری
اُف وہ عالم شب جدائی کا
سیف بہتر ہے اس سے مرجاؤ
کیوں اٹھاتے ہو غم جدائی کا

نظر بھر کر جمال دختِ رز کو جب سے دیکھا ہے
مجسم بن گیا ہے شیخ بھی تصویر میخانہ
ہمیشہ وہ سرِ منبر ادب سے نام لیتے ہیں
جناب شیخ کے دل میں بھی ہے توقیر میخانہ
جہاں پر پاؤں رکھا تھا وہاں سر رکھدیا احکم
کہیں کعبہ سے بڑھ کر ہم نے کی توقیر میخانہ

سیف

سیف - میر لیاقت علی عرف آغا میاں - حیدرآباد دکن میں قیام پذیر ہیں۔ شیفتہ کنتوری سے تلمذ ہے - تیز طبع بلیغ فکر ہیں - سمجھ بوجھ کے شعر کہتے ہیں۔ نمونہ کلام یہ ہے ؎

میان سے جلاد کا خنجر نکل کر رہ گیا
آرزوِ مندِ شہادت ہاتھ مل کر رہ گیا
ناتوانی کا برا ہو ناقۂ لیلیٰ کے ساتھ
نجد میں قیس حزیں دو گام چل کر رہ گیا
آنکھ لڑتے ہی جگر میں درد پیدا ہو گیا
یار کے تیرِ نظر کا دل نشانہ ہو گیا

وصل کی شب آبرو کھلی اہل نشگی ہو
عشق خالِ یار کی نیرنگیاں دیکھی کوئی
کیا ہو رہا اب کسی پر کوئی دنیا میں گرہ

یار کے جانے سے پہلے میں روانہ ہو گیا
آنکھ کی پتلی بنا دل کا سویدا ہو گیا
آنکھ لڑتے ہی کسی سے دل پرایا ہو گیا

سیف

سیف ۔ شیخ صادق حسین متوطن سنبھل ضلع مراد آباد شاگرد منشی حیات بخش رسا مرحوم۔ معمولی فکر ہے۔ یہ انتخاب ہے ؎

تمہارے ہی تو ساماں تھے رقیبوں سے ملنے کے
موت آتی ہے الٰہی کہ عذاب آتا ہے
دیکھ اے زاہد صد سالہ مری زندہ دلی
تم لاکھ کئے جاؤ ستم لاکھ جفائیں

تمہارے ہی تو دھوکے تھے جو باطل ہوتے جاتے ہیں
جان لینے کو مری انکا شباب آتا ہے
اب بھی پیری میں وہی لطفِ شباب آتا ہے
منہ موڑیں وفا سے یہ نہ ہوگا کبھی ہم سے

سیفی

سیفی ۔ سید نادر علیشاہ۔ پہلے ضلع اسکول ہوشیارپور میں مدرس رہے۔ پھر پٹیالہ اخبار سے تعلق ہو گیا۔ پنجاب کی ابتدائی اخبار نویسی میں مشہور اہل قلم۔ عمدہ مضمون نگار تھے۔ عربی فارسی میں اچھی لیاقت تھی۔ موزوں طبع معمولی شاعر تھے۔ تین شعر دستیاب ہوئے ہیں درج ذیل ہیں

اثر تو اتنا ہو تیری نگاہ مست میں شوخ
ازل سے صاحبِ اقبال ہیں ہوئے اے سیفی
مستیٔ شوق میں ہر سرو کو جانا ساقی

کہ میرے اشک سے ہو داد آہ آتشیں پیدا
ہزار یہ عین ہیں بفیضِ خطِ جبیں پیدا
سایۂ ابر میں ہر پھول کو مینا سمجھے

سیفی

سیفی ۔ مسٹر ایم اے سیفی خلف مولوی محمد اسمٰعیل مدرس نارمل اسکول آگرہ۔ متوطن میرٹھ۔ اوائل مشق کا کلام ہے۔ مگر پایا جاتا ہے کہ شاعری ورثہ پدری میں ملی۔ صاف ستھرے شعر کہتے ہیں۔ نمونۂ فکر یہ ہے ؎

اک نشانی ہے تری درد سوا جانِ جہاں
مل گئے حضرتِ مجنوں تو یہ ہم پوچھینگے
دیکھتے ہی وہ مجھے بزم سے اُٹھ جاتے ہیں

سینہ میں اپنے اُسے ہم نے چھپا رکھا ہے
منزلِ عشق میں جز یاس کے کیا رکھا ہے
رنگ اسد رجہ حریفوں نے جما رکھا ہے

سوزِ الفت کا کروں تجھ سے بیاں کیا ہمدم	آگ سے سینہ میں ایسی کہ جلا رکھا ہے

سیفی

سیفی - غلام احمد زمان خانصاحب تلمیذ افسر اورنگ آبادی - روزمرہ صاف تیغ زبان آئینہ کیطرح شفاف ہی - روانی طبع یہ ہے۔

صیاد کر رہا ہے گلوں کی حکایتیں	کنج قفس میں ہائے عنادل کے سامنے
بیٹھے ہیں ایسے خدمت پیر مغاں میں ہم	جیسے مرید مرشد کامل کے سامنے
وہ ہی تمہارے ناوک مژگاں سے ٹوٹتی	پتھر کی سل بھی ہوتی اگر دل کے سامنے

سیفی

سیفی - ابو محمد سید حسین صاحب ساکن بیدر علاقہ نظام دکن شاگرد جناب بیدل طبیعت آشنائے ہنر نقش فکر با اثر ہے۔ محاوروں کو مسخر پری وشان معنی کو اپنے قبضہ میں کرتے ہیں نگارش سخن یہ ہے ؎

دن میں ہزاروں خط انہیں لکھے جاتے ہیں	کاغذ کے گھوڑے سیکڑوں دوڑائے جاتے ہیں
حوروں کے گھورنے کا زمانہ نہیں رہا	پائے نگاہ ضعف سے تھرائے جاتے ہیں
ظاہر میں کوئی اُن سے تعلق نہیں مگر	جب آنکھیں چار ہوتی ہیں شرمائے جاتے ہیں
کس درجہ اپنے حسن کی پرداخت ہے انہیں	دو تین روز صدقے اتروائے جاتے ہیں
ناگوار اپنی کسی کو زندگی ہوتی نہیں	ایک میں ہی ہوں کہ جینے کی خوشی ہوتی نہیں
اُس پری کی فتنہ پردازی کے دیوانے ہیں ہم	بند شیشے میں کسی سے جو کبھی ہوتی نہیں

سیماب

سیماب - حکیم مولوی سید احمد علی خلف الصدق مولوی سید محمد علی مرحوم - سادات بخارا سے ہیں انکے جد امجد مولوی سید عنایت علی مرحوم فتنۂ نادرشاہی میں دلی سے رام پور چلے گئے - یہ ۱۲۲۲ھ میں پیدا ہوئے - علوم ظاہری و باطنی اپنے عم مولوی سید حیدر علی مرحوم مفتی صدر الدین خاں آزردہ دہلوی حضرت شاہ عبد الغنی مجددی رح حکیم امام الدین خاں دہلوی سے حاصل کئے - فن شعر میں ناطق مکرانی اور مفتی صاحب موصوف سے تلمذ تھا - پچاس برس تک ریاست ٹونک میں ملازم رہے ۱۳۰۸ھ میں وفات پائی - سیر حامدی - روض الریاحین حیوۃ الحیوان

توزک جہانگیری کا ترجمہ کیا تھا۔ فارسی نظم و نثر کا مجموعہ بھی موجود ہے۔ دو مجموعے قصائد کے طبع ہو چکے ہیں۔ اردو کم کہتے تھے۔ نتیجۂ فکر یہ ہے ؎

عقدۂ رشتۂ امید ہمارا یارب	چین پیشانیٔ خوباں ستمگر ٹھہرا
کل تلک نام سے سیماب کے نفرت تھی انہیں	وعدۂ وصل کہو آج یہ کیونکر ٹھہرا
انکو عزمِ کرم اُسوقت ہوا مجھپہ کہ ہیں	لذتِ چاشنیٔ لطف کے شایاں نہ رہا
آتشِ غم سے نہ یوں دل کو جلاتے جاؤ	تشنہ ہوں شربتِ دیدار پلاتے جاؤ
بدمزہ ہوگئے نہ یوں بزم سے اُٹھو خفا ہوکر	پھر وہ کہنا ہوا بھی مجھکو سناتے جاؤ
مجھسے ملنے کی اگر تم نے قسم کھائی ہے	نقشِ الفت تو مرے دل سے مٹاتے جاؤ

سیماب

سیماب۔ شیخ عبدالواحد صاحب موضع ٹیڑی سلطان پور صوبہ اودھ کے رہنے والے تھے آغاز شباب میں تحصیل علم کے لئے لکھنؤ آئے۔ باکمال اساتذۂ لکھنؤ کی تعلیم سے بہرہ ور ہوئے۔ منشی احسان اللہ ممتاز، قاضی صادق احمد خاں اختر، اور ناطق مکرانی کی فیض صحبت سے پہلے فارسی میں پھر اُردو میں طبع آزمائی کرنے لگے۔ میرزا وزیر علی صاحب صبا سے بھی استفادہ حاصل کیا۔ ہنگامۂ غدر نے لکھنؤ کی صحبتیں درہم برہم کر دیں۔ یہ بھی جان بچاکر وہاں سے بھاگے عظیم آباد پٹنہ میں مولوی مولا بخش خاں بہادر سی ایس آئی کے سایہ میں پناہ لی۔ پھر گورنمنٹ کی جانب سے امین مقرر ہوئے۔

آپ نے صاف اور سلیس زبان میں اپنے پیران طریقت کا ایک شجرہ نظم کیا ہے۔ جو منظوم شجروں میں بہترین ہے۔ ایک مثنوی سکندرنامہ کے وزن کی فارسی میں لکھی ہے جب گنج مرادآباد میں مولانا شاہ فضل الرحمن صاحب سے بیعت کی تو شاعری سے توبہ کر لی۔ کلام کو دریا برد کیا۔ مزاج میں سادگی اور دنیا سے بیزاری پیدا ہوگئی تھی۔ توکل صبر شکر رضا میں بسر کرتے تھے ۱۳۱۲ھ میں حج کے ارادہ سے بمبئی گئے۔ مکہ معظمہ پہنچکر قبل از حج انتقال کیا اور وہیں کی خاک کے پیوند ہوگئے۔ کلام جو دستیاب ہوسکا درج کیا جاتا ہے ؎

کیا دعاؤں میں مری تاثیر آدھی رہ گئی	کیوں تو جب اے بت بے پیر آدھی رہ گئی

ایک شب افسانۂ فرقت جو میں کہنے لگا — نیند اُن کو آگئی تقریر آدھی رہ گئی

چہرۂ تاباں سے اُلٹی جس گھڑی اُس نے نقاب — آسماں پر مہر کی تنویر آدھی رہ گئی

نقشۂ جاناں جو کھچوایا تو یہ نقشہ ہُوا — آگیا مانی کو غش تصویر آدھی رہ گئی

ہو کے بیتاب ایک دن شکوہ کیا سیماب نے — بس اسی تقصیر پر توقیر آدھی رہ گئی

چھڑائی جو شکر مستی لب جاں بخش جاناں سے — نشانِ تیرگی میں نے مٹایا آبِ حیواں سے

ہم صبر کریں گے جو وہ بیداد کرینگے — اُنپر کوئی حاکم ہے کہ فریاد کرینگے

اک دن بھی نہ ہم شاد ہوئے وصل بتاں سے — کیا خاک جوانی کے مزے یاد کرینگے

قطعہ

حسن کی کل غفلت پر ڈگری ہوئی — اسلئے یہ آج حکم عام ہے

کوچۂ خوباں میں کردو مشتہر — کل دلِ سیماب کا نیلام ہے

سیماب

سیماب ۔ خلیفہ معصوم علی متوطن امروہہ ضلع مراد آباد۔ عمر تخمیناً ۶۰-۶۵ سال کی ہے۔ مشاق شاعر ہیں۔ جملہ اصناف سخن پر قادر ہیں۔ تاریخ اور سجع بھی کہتے ہیں مگر افسوس ہے آپکا کلام بھی آپکی لاپرواہی کی نذر ہے۔ ہر چند لکھا اپنا کچھ کلام بھیجدیجئے مگر یہی جواب آیا کہ "میاں ہم کیا اور ہمارا کلام کیا اور بھلا میں اس قابل کہاں"۔ ایک زمانہ میں آپ راجہ شیام سنگھ صاحب بہادر اور کنور شیو ناتھ سنگھ رئیس قصبہ تاج پور کے ملازم رہ چکے ہیں۔ عرصہ ہوا کہ وہاں سے قطع تعلق ہو گیا۔ آپنے کنور صاحب کی فرمایش سے ایک مثنوی "جادوئے رواں" بھی لکھی تھی۔ جو گلزار نسیم کی بحر میں ہے۔ اچھی مثنوی ہے اور طبع ہو چکی۔ چند اشعار جو دستیاب ہوئے درج ذیل ہیں۔

قطعہ

کہا یہ خواب سے میں نے کہ اے رفیق ندیم — بتا تو کیوں نہیں آتی ہے مجھ غریب کے پاس

دیا جواب یہ اُسنے مجھے کہ اے کم بخت — میں تیرے پاس رہوں یا ترے نصیب کے پاس

کریں سجدہ بتوں کو ہم یہ ہے توقیر پتھر کی — خدائی کرتی ہے شانِ خدا تصویر پتھر کی

درِ کعبہ پہ بوسہ دیتے ہیں سب سنگِ اسود پر — کہاں جا کر لڑی ہے دیکھئے تقدیر پتھر کی

راہ تکتے ہیں تری ہم چشمِ تر کھولے ہوئے — مردم آبی ہیں آغوشِ نظر کھولے ہوئے

مثنوی

مہ نو سے صفت میں ابرووں کی — مہینہ بھر میں ایک مصرعہ ہوا ہے
یارب مجھے خامۂ رواں دے — فکر سخن شرر فشاں دے
اعجاز کی سربسر ہو تقریر — جادو سے کرے دلوں کو تسخیر
نیرنگ سخن مری زباں ہے — افسون طلسم داستاں ہے
جو لفظ ہو صورت پری ہو — جو نکتہ ہو سحر سامری ہو
خسرو نے زبان فارسی میں — دی داد سخن سخنوری میں
اردو میں لکھوں میں فارسی سے — آئینہ بناؤں آرسی سے
ہو رنگ سخن میں دلبری کا — نقشہ کھینچے خواب میں پری کا
بارے بہزار عجز و زاری — شامل ہوا اسکا فضل باری
خوشۂ گل ناروں میں پھولا — خندۂ لب نسترن میں پھولا
مہ پارہ شب خسف سے نکلا — دُر دانہ کف صدف سے نکلا
دولت کا نیا ستارہ چمکا — اقبال شہی دوبارہ چمکا

(از گلزار نسیم)

سیماب

سیماب ۔ ادیب الشعرا ابو الفخر جناب مولنا مولوی شیخ عاشق حسین صاحب صدیقی وارثی آگرہ آپکا مولد اور آپکے آباؤ اجداد کا قدیمی مسکن ہے آپکے والد مولنا محمد حسین مرحوم بڑے پایہ کے بزرگ اور صاحب تصنیف تھے۔ آپ ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے اس حساب سے آپکی عمر اسوقت ۴۲ برس کی ہے آپنے اجمیر شریف میں عربی فارسی انگریزی میں تعلیم حاصل کی۔ پھر حضرت حاجی وارث علیشاہ صاحب ساکن دیوہ کے مرید ہوئے۔ پہلے منشی فسوں شاگرد داغ سے مشورہ کرتے تھے پھر ۱۹۰۱ء میں فصیح الملک میرزا داغ دہلوی سے زانوے تلمذ تہ کیا اور انکی وفات کے بعد پھر کسی کے سامنے اپنا کلام بغرض اصلاح پیش نہ کیا۔ اب آگرہ کے استادان فن میں شمار ہے۔ آپ اردو کے مشہور انشاپرداز ہیں اکثر رسائل آپکے مضامین و کلام سے لبریز نظر آتے ہیں۔ ہر قسم کی نظم و نثر لکھنے پر قادر ہیں۔ کئی ڈرامے خوبصورت بلا۔ فریب وفا آپ کی تصنیف سے ہیں۔ جو شایع ہو چکے ہیں اور مشہور کمپنیوں میں

کھیلے جاتے ہیں۔

اسوقت تک مختلف مضامین کی ۵۰ کتابیں آپکی تصنیف و تالیف سے شایع ہو چکی ہیں جو ہندوستان کے مختلف مطابع میں چھپی ہیں۔ اجمیر شریف میں رسالہ "فانوس خیال" آپکی ارادت میں شایع ہوتا تھا اور اب کئی سال سے آگرہ اخبار کے ایڈیٹر ہیں۔ اطراف ملک میں آپ کے قریباً ۸۰ شاگرد ہیں اور سلسلۂ تلامذہ روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔

سید محمد صادق صاحب راز چاندپوری شاگرد حضرت سیماب موصوف نے جو حالات راقم تذکرہ کے پاس بھیجے ہیں انمیں یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ اکثر مشہور شعرا پوشیدہ طور سے آپ سے اصلاح لیتے ہیں۔ آپ نہایت منکسر المزاج۔ سادہ وضع۔ با اخلاق ہیں اور شہرت و قبولیت کے ہوتے ہوئے بھی جانشینیٔ حضرت داغ کے مدعی نہیں۔ عمر کا زیادہ حصہ انگریزی دفاتر کی ملازمت میں صرف کیا ہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں ؎

فطرتاً عاجز طبیعت بن گیا رنگِ حیات	عمر بھر سیماب پابند اطاعت ہی رہا

آپکو فن تاریخ میں ید طولیٰ حاصل ہے۔ انجمن اصلاح سخن اور اردو کانفرنس کے سکرٹری رہ چکے ہیں۔ دو دیوان آپ کے پاس غیر مطبوعہ تیار ہیں اور مختلف نظموں کے چار مجموعے مرتب کرے ہیں۔ کلام میں درد۔ سوز و گداز ہے۔ مگر بندش اور تخیل میں اپنے استاد سے الگ ہو جاتے ہیں اور طرز حالی و رنگ اقبال کے درمیان ایک نئی راہ نکالنے میں کوشاں ہیں۔ تغزل میں متانت کو مدنظر رکھتے ہیں۔ بعض بعض شعر نہایت بلند کہہ جاتے ہیں۔ ترکیبوں کے برتنے میں آپ ایک ممتاز ادیب اور سخنور کا پایہ رکھتے ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

رات کا جانا و داغِ شیشہ و پیمانہ تھا	صبح کا ترانہ تھا قفل درِ میخانہ تھا
حسن تنگ آ کر بھڑک اٹھا فضائے طور سے	طالبِ دیدار کا ارمان گستاخانہ تھا
ڈھونڈتا پھرتا تھا چشم آرزو کی روشنی	میں شبِ فرقت اندھیری رات کا پروانہ تھا
میری خاکستر سے پیدا تھا جہانِ آرزو	جو تپنگا دل کے شعلوں سے اڑا پروانہ تھا

کیف اے ساقی ہوا مجھکو نہ ہونے کیطرح
کچھ مرے انداز سے چھوٹا ترا پیمانہ تھا

اب تو یہ حال ہے نظر سوگوار کا
کیف جمال ہے نہ مزا انتظار کا

گرتی رہی ہیں چشم تماشا پہ بجلیاں
ہوتا رہا ہے حسن پہ دھوکا شرار کا

کہتے ہیں جسکو نزع کا عالم جہان میں
پچھلا پہر ہے میری شب انتظار کا

دل سرگران حسرت دیدار رہ گیا
آنکھوں نے لطف لوٹ لیا انتظار کا

یارب بنا دے شمع چمن میری روح کو
جگنو بنا کے بھیجدے شام بہار کا

منہ زرد خون یاس میں پلکیں بھری ہوئی
عالم تو دیکھئے سحر انتظار کا

یہ ناز منفعل یہ ادائیں حجاب کی
منہ ہو تو چوم لوں نگہ شرمسار کا

سیماب کیا سناؤں میں اپنا کسیکو حال
زندہ ہوں اور شکر ہے پروردگار کا

نامہ گیا کوئی نہ کوئی نامہ بر گیا
تیری خبر نہ آئی زمانہ گذر گیا

ہنستا ہوں یوں کہ ہجر کی راتیں گذر گئیں
روتا ہوں یوں کہ لطف دعا سحر گیا

اب مجھکو ہے قرار تو سب کو قرار ہے
دل کیا ٹھہر گیا کہ زمانہ ٹھہر گیا

یارب نہیں ہیں واقف روداد زندگی
اتنا ہی یاد ہے کہ جیا اور مر گیا

پہنچا دے لاش جذب جنوں کوئے یار میں
سب ڈھونڈتے پھریں کہ جنازہ کدھر گیا

جان کی جان لی ایمان کا ایمان لیا
مرحبا اے بت سفاک ترا کیا کہنا

یونہیں کہتا کہ دکھا دی ایک جھلک تیری بہت
بھید کی بات نہ اے حضرت موسیٰ کہنا

اپنی تعریف سے وہ اور برا مان گئے
اچھی صورت کو بھی اچھا نہیں اچھا کہنا

سچی نہ رہی انکی زباں غیر سے مل کر
جس بات پہ مرتے تھے وہی بات نہیں اب

ہر شوخ کو دعویٰ ہے کہ ہوں رشک مسیحا
عیسیٰ نفسی کوئی کرامت نہیں اب

چھپی برق تجلی کوند کر موسیٰ تو شکوہ کیا
تماشا تھا یا نداز تمنا رہ گیا ہو کر

یوں ہی ہم تم گھڑی بھر کو ملا کرتے تو اچھا تھا
یہ دونوں وقت جیسے روز ملتے ہیں جدا ہو کر

یقینی حشر میں سیماب انکی دید ہے لیکن
قیس بنکر پھر نہ اٹھا کوئی خاکِ نجد سے

جتنے ستم کئے تھے کسی ذی عتاب میں
حسرت کو گھر کہیں نہ ملا اضطراب میں
اٹھا ہے ابرِ میکدہ دستِ دعا کے ساتھ
آ اے گلِ فسردہ لگا لوں تجھے گلے
ہر چیز پر بہار ہر اک شئے پہ حسن تھا
رنگ الفت کا حسینوں میں جما دیتے ہیں
خوش رہیں کوچۂ جاناں میں ہوا کے جھونکے

جنوں پہنچا بیاباں میں بہار آئی گلستاں میں
یہ کس کافر نے لیں انگڑائیاں صحنِ گلستاں میں
دل نگیں مداراتِ ستم کی بات رہ جائے
ذرا کھل کر پکار اے صورِ مجذوبانِ الفت کو
نگاہیں مست ہو ہو کر پڑیں اللہ کے گھر میں
یہ آنکھیں ساغرِ مے یہ جوانی نشہ صہبا
کیا ڈھونڈتے ہو مدفنِ بربادگانِ عشق
گو ہوں ضعیف پھر بھی ترا جاں نثار ہوں
اب دل کا حال کچھ نظر آتا ہے اور ہی

کل جہاں چھاؤنی تھی عشرت کی
اُنکے دل میں تو ہے خدا رکھے
جہاں بیٹھکر میں نے آنسو بہائے

او پردہ دار اب تو نکل آ کہ حشر ہے - دنیا کھڑی ہوئی ہے ترے انتظار میں

وہ پھر پردے میں جا بیٹھے اگر جلوہ نما ہو کر
عاشقی دشوار ہے لیلیٰ وشی مشکل نہیں

وہ بھی ملا لئے کرم بے حساب میں
لٹنے کو آ گئی دلِ خانہ خراب میں
اتنی برس پڑے کہ نہا لوں شراب میں
تو بھی تو میری طرح لٹا ہے شباب میں
دنیا جوان تھی مرے عہدِ شباب میں
آنکھ ملتی ہے تو ہم دل بھی ملا دیتے ہیں
دل کے ٹکڑے تو مجھے ڈھونڈ لا دیتے ہیں

یہ دونوں کیوں نہ آ بیٹھے مرے چاکِ گریباں میں
قیامت جھیلتی پھرتی ہے گلوں کے چاکِ داماں میں
لہو کی بوند بنکر جذب ہو جا نوکِ پیکاں میں
یہ دیوانے کہیں بیٹھے نہ رہ جائیں بیاباں میں
درِ کعبہ یہ کس نے کھینچ دی تصویرِ میخانہ
خدا رکھے تجھے تو بھی تو ہے تصویرِ میخانہ
مٹی کے چند ڈھیر ہیں وہ بھی تباہ سے
سایہ کہیں گرے تو اٹھا لوں نگاہ سے
کیا جانے تم نے دیکھ لیا کس نگاہ سے

اب وہاں حسرتوں کا ڈیرا ہے
مجھ سے بہتر خیال میرا ہے
وہاں موتیوں کی لڑی رہ گئی

روش دیکھ کر تری رفتار کی — قیامت کھڑی کی کھڑی رہ گئی
نہ نکلی مرے دل سے تصویرِ یار — یہ مورت حرم میں جڑی رہ گئی

حیرتِ جلوہ گری مُہرِ لبِ خاموش ہے — آنکھ محوِ دید تھی اتنا مجھے بھی ہوش ہے
آہ دنیا دل سمجھتی ہے جسے وہ دل نہیں — پہلوئے ہستی میں اک ہنگامۂ خاموش ہے
پوچھتا کیا ہے حقیقت لذتِ دیدار کی — کھو گئے خود ہی ترے جلوؤں کا کسکو ہوش ہے
قصرِ کسریٰ ۔ چترِ دارا ۔ تختِ نادر ۔ بزمِ جم — ہائے وہ عالم جو زیرِ زمیں روپوش ہے
تیری زلفیں بھی نہ نکلی تھیں سوادِ حسن سے — حسرتِ آوارہ جب سے خانماں بردوش ہے
جوش پر ہے جلوہ مستانہ عہدِ شباب — او نشیلی آنکھ والے کچھ تجھے بھی ہوش ہے

کششِ دل انہیں چلمن میں تو لے آئی ہے — آگے اب حوصلۂ چشمِ تماشائی ہے
دیکھئے خلد میں سیماب کی راحت طلبی — زانوئے حور پہ کیا چین سے نیند آئی ہے

نوائے دردِ شامِ غم نہ کیوں اندوہ گیں ہوتی — یہی ہوتی ہے دیپک راگ جسمیں لے نہیں ہوتی
گواہی خون کے چھینٹوں سے محشر میں نہ دلوائی — خدا کے سامنے کیا ہاتھ بھر کی آستیں ہوتی

میں گنتے گنتے بھول گیا اپنے سب گناہ — یاد آگئی ترے کرمِ بے حساب کی
تنہائیوں میں تھی تری ہمراہی خیال — وہ جنگلوں میں سیرِ شبِ ماہتاب کی
کچھ ناز سے خراب کیا کچھ نیاز نے — دنیا میں لوٹ ہو گئی اُنکے شباب کی

یہ کس نے شاخِ گل لا کر قریبِ آشیاں رکھدی — کہ میں نے شوقِ گل بوسی میں کانٹوں پہ زباں رکھدی
تجلی رخِ روشن مرے دل میں نہاں رکھدی — اندھیری کوٹھری میں تم نے یہ بجلی کہاں رکھدی
خلوصِ دل سے سجدہ ہو تو اُس سجدہ کے کیا کہنے — وہیں کعبہ سرک آیا جبیں ہم نے جہاں رکھدی

ڈھونڈ لے فطرت کسیکو دلربائی کیلئے — جی ترستا ہے مذاقِ آشنائی کیلئے
بھیک کے ٹکڑوں میں شاید دل کے ٹکڑے بھی ملیں — روز اُنکے در پہ جاتا ہوں گدائی کیلئے

کہانی کہنے والے ہائے کیوں ذکرِ جوانی ہے — جوانی کی کہانی کیا جوانی خود کہانی ہے

مریضِ غم سے وعدہ کر گئے وہ پانچویں دن کا
کسی سے سُن لیا تھا چار دن کی زندگانی ہے

سرِ مدفن وہ پھر آئے ہیں منانے مجھکو
جمع کر دے مرے اجزائے پریشاں کوئی

باغباں تختۂ گل جا نیچ لے کلیاں گن لے
وہ گیا پھاند کے دیوارِ گلستاں کوئی

موجزن کیا آفتابِ صبح پیمانے میں ہے
آج کچھ بھیگی ہوئی سی دھوپ میخانے میں ہے

اک بلا ہو جائیگی اُڑتے ہی شیشہ کی پری
یہ سنہری رنگ پیمانے ہی پیمانے میں ہے

مجھ سے پوچھ اے قیس اب کیفیتِ جوشِ جنوں
تیرے ویرانے میں تھا اور میرے ویرانے میں ہے

سیر ہو نیت تو دیتا ہے خدا بھی برکتیں
جتنی پی لی ہے ابھی اتنی ہی پیمانے میں ہے

کب تک دلِ مایوس کو برباد کرینگے
اب ہم تری امید سے فریاد کرینگے

صیاد قفس لیکے نہ جا صحنِ چمن میں
مرغانِ چمن دیکھ کے فریاد کرینگے

کعبہ ہی پہ موقوف نہیں ضد ہے بتوں کو
جس گھر میں رہینگے اُسے برباد کرینگے

فریاد کی محشر میں نہ رکھ ہم سے توقع
جلوے ترے لوٹینگے کہ فریاد کرینگے

اے خدائے عشق دے ناز و نیاز ایسا مجھے
میں تجھے سجدہ کروں اور بُت کریں سجدہ مجھے

طور پر چڑھنے کا کیا دے گا یدِ بیضا ثبوت
حضرت موسیٰ دکھائیں پاؤں کا چھالا اب مجھے

صبح تک کیا کیا تری امید نے طعنے دئے
آگیا تھا شامِ غم اک نیند کا جھونکا اب مجھے

ہوگیا میں ہم کنار اُن سے ہجومِ حشر میں
لوگ کہتے ہی رہے ایسا مجھے ویسا مجھے

دیکھتے ہی دیکھتے دنیا سے میں اُٹھ جاؤنگا
دیکھتی کی دیکھتی رہ جائیگی دنیا مجھے

وہ انقلاب جو دنیا کو لوٹ سکتا ہے
ترے اشارۂ برہم کی راہ تکتا ہے

تصورات کی خلوت میں کر تلاش اُسکو
تحیرات کی دنیا میں کیوں بھٹکتا ہے

تجھے نہ دیکھ سکوں میں تو کچھ ملال نہیں
یہی بہت ہے کہ تو مجھکو دیکھ سکتا ہے

دینا مجھے فریبِ نویدِ حیات تم
جب لوگ جائیں میرا جنازہ لئے ہوئے

سیماب ۔ عبدالعزیز خان صاحب شاگرد حضرت جوہر شاہجہانپوری - آپ رنگین فکر ہیں چلبلی طبیعت

سیماب

یائی سے ہے ۔ یہ کلام ہے سے ؎

کسی کا ناوکِ مژگاں سوئے جگر آیا	مریضِ غم کی خبر لینے چارہ گر آیا
اجل جو آئی شبِ ہجر میری بالیں پر	یہ محوِ شوق تھا سمجھا وہ فتنہ گر آیا
وہ لا علاج مرض ہوں مجھے کہ بالیں پر	اجل کے بھیس میں آیا جو چارہ گر آیا
کچھ آج ہی نہیں سودا تمہاری زلفوں کا	ازل سے لیکے مرا سر یہ دردِ سر آیا
عدو کا دل نہ ہو سیماب کس لئے بیتاب	کہ آج شام سے مہماں وہ میرے گھر آیا
سب دخترِ رز کے طالب دیدار جمع ہیں	میلا لگا ہے پیرِ مغاں کی دکان پر
بوسوں کے نیل میری ہی رخ پر تو ہیں حضور	میں ہی گیا تھا رات عدو کے مکان پر

ش

شاد

شاد - منشی للتا پرشاد صاحب درامیرٹھی - آپ اخبار ناظم الہند کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں - اُردو زبان اور علم ادب کی خدمت کا شوق ہے - انکے تحقیق الفاظ کی تحقیقات - محاورات کی چھان بین پر اکثر مضامین نکل چکے ہیں - انہوں نے زبان کی اصلاح کیلئے اجمیر میں ایک انجمن بھی قایم کی تھی - مگر شعرا انشا پردازوں کی بے توجہی سے اسکا عدم وجود برابر ہوگیا - ذہین ہیں چلتی ہوئی طبیعت کے انسان ہیں - ذوق سلیم رکھتے ہیں - غزل گوئی کو ہوس پرستی کے خیالات سے بچاتے ہیں - آج سے چار برس پہلے اجمیر کے مشاعرے انکے دم قدم سے رونق پر تھے - کلام یہ ہے ؎

ہم نہ مجنوں ہیں نہ وحشی ہیں نہ سودائی ہیں
پھر ہمارے لئے زنجیر مصیبت کیا ہے

کیوں ہوا ہائے مکدر دل صافی تیرا
خاکساران جہاں سے یہ کدورت کیا ہے

زلف چوٹی کا تصور ہے بتوں کا ہے خیال
گر یہی یاد خدا کی ہے تو وحدت کیا ہے

اے زمانہ تری آنکھوں یہ ہے پردا کس کا
دیکھ اوروں کی ترقی کو یہ غفلت کیا ہے

کیسی آفت ہے کہ بن آئی مرے جاتے ہیں
موت کیوں آئی نہیں اسکی ضرورت کیا ہے

چشم امید ہے اب تیرے کرم کی نگراں
اپنے اعمال پہ ہم روئیں تو رحمت کیا ہے

صبر کر شاد ذرا دیکھ تو کیا ہوتا ہے
یہ زمانہ ہی بدل جائے گا عجلت کیا ہے

شاد

شاد - منشی کالکا پرشاد ولد منشی گلزاری لال خلف قوم کایستھ سکنہ رام نگر ضلع بریلی کے قدیم ساکن ہیں ہنرمندی اور علم پرستی اپنے بزرگوں سے ورثہ میں پائی ہے سنہ ۱۸۶۰ء کو پیدا ہوئے سنہ ۱۸۸۰ء میں انگریزی تعلیم پر توجہ فرمائی - ۱۹ سال کی عمر میں سید ببر علی اختر سے فارسی تعلیم کی تکمیل کی اسکے بعد ریاست کوٹہ میں سب سے پہلے محکمۂ بندوبست کے ملازم ہوئے سنہ ۱۹۱۲ء میں پولٹیکل ایجنٹی ہاروتی کوٹہ میں محافظ دفتر تھے منشی افضل حسین ثابت نے جو آپکے دوست ہیں چند غزلیں بھیجی تھیں انکا انتخاب پیش کش ناظرین ہے ؎

گمان ہے عارضِ پرُنور پر جو زلفِ پیچاں کا — یہ ہو گا دودِ آہ دل کسی خاطر پریشاں کا
فسردہ دل ہُوا اپنا کہاں اب جوش وہ باقی — ملے وہ خاک میں آنسو گماں تھا جن پہ طوفاں کا
کہاں اظہار کیجئے شاد اپنے دل کی وحشت کو — خیال آتے ہی ویراں ہو گیا گھر بھی بیاباں کا

الفتِ کاکل نے پابندِ مصیبت کر دیا — کس خوشی سے میں پھنسا ہوں خانۂ زنجیر میں
نے گلہ گردوں کا ہے نہ شکوۂ صیاد ہے — تھا مگر کنجِ قفس لکھا مری تقدیر میں

شکوۂ جور و ستم پر ہے جواب انکا شاد — سبھی کچھ ہو گا اگر آپ کو چاہت ہو گی

ویرانۂ دل کو کبھی آباد کرینگے — یا خاک کو میری یوں ہی برباد کرینگے
ہے شکوۂ بیداد عبث اے دلِ مضطر — کیا کیا نہ ابھی یہ ستم ایجاد کرینگے
ہے عار مرے نام سے مذکور سے نفرت — مرنے پہ بھلا خاک ہمیں یاد کرینگے

نہ کھولے مرنے پر صیاد نے پر — مری جانب سے اتنا بدگماں ہے

تحریرِ مقدر کی مٹائی نہیں جاتی — بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی

نہ گھبرا آبلہ پائی سے اے دل — رہِ مقصود کی منزل کڑی ہے

الجھن ہے۔ انتظار ہے۔ دل بیقرار ہے — آتا ہے کون کس کا تجھے انتظار ہے
دشمن جاں نہ بنے یہ ہی غنیمت سمجھو — دوست دنیا میں بھلا شاد کہاں ہوتا ہے
شرمندہ برق ہے ترے دنداں کے سامنے — گوہر بھی گوشہ گیرِ صدف ہے حجاب سے

شاد۔ لالہ کالی پرشاد صاحب سندیلوی شاگرد منصب علی مرحوم طبیعت رسا فکر صائب ہے عرصہ سے شعر کہتے ہیں تقریباً پچاس سال کی عمر ہو گی کلام میں متانت ہے طبیعت معنی یاب نتیجۂ فکر یہ ہے ؎

عید میں عید ہوئی عیش کا ساماں دیکھا — دیکھکر چاند جو منہ آپ کا اے جاں دیکھا

دمِ اخیر ہے دکھلا کے شکل جلد ہٹو — مریضِ عشق کا اب غیر حال ہوتا ہے
زباں سے کیا کہوں صورت سوال ہی میری — سکوت ہی سے کچھ اظہار حال ہوتا ہے
بگاڑتا ہے بناتا ہے بار بار فلک — نہ بدر چہرہ نہ ابرو ہلال ہوتا ہے

شاد

شاد ۔ ہز اکسلنسی راجہ راجایان مہاراجہ بہادر سرکشن پرشاد صاحب یمین السلطنت
کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای۔ پیشکار سابق مدار المہام سرکار عالی نظام دکن
تلمیذ حضرت آصف غفران مکان۔ آپ کی ولادت ۲۸ جنوری ۱۸۶۴ء میں ہوئی۔ آپ
دکن کے ایک معزز ہری کھتری نامی خاندان کے سرپرست و رکن اعلیٰ ہیں۔ رائے مولچند جو
آصف جاہ اولیٰ کے ہمرکاب دکن گئے تھے اس خاندان کے بانی ہیں وہ کمشنر کروڑگیری
کے عہدہ پر ممتاز کئے گئے تھے۔ مہاراجہ چندولال بہادر بھی آپکے خاندان کے ایک
مشہور و معروف رکن تھے۔ جن کے زمانہ میں پیشکاری کا عہدہ موروثی قرار دیا گیا۔ نواب
سکندر جاہ نظام الملک کے زمانہ میں ۱۸۰۶ء سے ۱۸۲۵ء تک جمیع مہام سلطنت کو پیشکاری
کے عہدہ پر ممتاز رہ کر انجام دیتے رہے۔ پھر مہاراجہ متوفی کے بعد انکے پوتے راجہ نارائن
پرشاد ملقب بہ مہاراجہ نرندر بہادر ۱۸۶۸ء میں بعد انتقال سرسالار جنگ منصرم مدار المہام رہے
مہاراجہ موصوف کے بعد مہاراجہ کشن پرشاد بمنظوری حضرت آصف جاہ سادس غفران
مکان انکے جائز جانشین قرار دئے گئے اور اپنے نانا مہاراجہ نرندر بہادر کیطرح مرتبہ اولے
خدمت موروثی پیشکاری دولت آصفیہ سے ممتاز ہوئے ۱۸۹۳ء سے ۱۹۰۱ء تک وزیر
نواج کی خدمت کو انجام دیا اور یہی حسن خدمت اس ترقی کا باعث ہوا کہ ۱۹۰۱ء میں
حضرت آصف غفران مآب نے مستقل خلعت مدار المہامی اور خطاب یمین السلطنت سے سرفراز
فرمایا ۱۹۰۳ء میں گورنمنٹ آف انڈیا کیطرف سے دربار دہلی کے موقع پر کے۔ سی۔ آئی۔ ای
کا خطاب عطا ہوا اور ۱۹۱۰ء میں بزمانہ لارڈ منٹو۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای کا خطاب مرحمت ہوا
مہاراجہ کشن پرشاد صاحب نے علاوہ خانگی تعلیم کے نظام کالج حیدرآباد میں تعلیم پائی
انگریزی۔ اردو۔ فارسی۔ عربی۔ گورکھی۔ ہندی۔ سنسکرت میں نوشت و خواند کر سکتے ہیں۔
مرہٹی۔ تلنگی اتنی جانتے ہیں کہ بات چیت سے مفہوم کو سمجھ لیتے ہیں مختلف علوم و فنون
میں تقریباً ۳۲ کتابیں تصنیف و تالیف کر چکے ہیں اور یہ سب شایع ہو کر شائقین سے

سند قبولیت حاصل کر چکی ہیں آپ نے اپنی مجمع الصفات ذات سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ امراء کے واسطے صرف ظاہری شان و شوکت ہی کافی نہیں ہے بلکہ جامع العلوم اور کامل الفنون ہونا بھی انکی شایان مرتبت ہی علمی ذوق و شوق تو آپکی فطرت میں پیشتر ہی سے تھا مگر کاروبار سلطنت سے سبکدوش ہونے پر آپ اپنا عزیز وقت مشاغل علوم و فنون ہی میں صرف فرماتے ہیں۔ طب یونانی۔ موسیقی۔ نجوم و رمل۔ خوشنویسی۔ مصوری۔ نقاشی میں بھی کامل دستگاہ حاصل ہے۔ فن سپہگری میں بھی مہارت رکھتے ہیں۔ گو قوم کے کھتری ہیں لیکن مذہب صوفیانہ مسلک صلح کل ہے بغض و تعصب کے ناپاک گرد و غبار سے آپ کا دامن بالکل مبرا اور آپ غیبت و بدگوئی سے مبرّا ہیں۔ ہر مذہب و ملت کے علماء و فقراء سے محبت رکھتے ہیں۔ نکات طریقت رموز معرفت سے ذوق آشنا ہیں۔ سادگی پسند فقیر دوست درویش پسند ہیں راجہ ٹوڈرمل ٹنڈن وزیر اکبر اعظم سے آپکے بزرگوں کی کچھ قرابت بھی تھی۔

آپکے صاحبزادے راجہ ارجن کنور عرف راجہ خواجہ پرشاد سلمہٗ آپکے ولیعہد ہیں۔ آپ نے تمام اطراف و اکناف ہندوستان کی اچھی طرح سیر کی ہے۔ ارباب کمال مثل ظہیر دہلوی سرشار لکھنوی اور جلیل آپ کے دامن دولت سے وابستہ رہے ہیں۔ راقم تذکرہ سے آپکے تعلقات نہایت شگفتہ ہیں۔ اکثر نوازش ناموں سے بہیں مہر و اخلاق کے دفتر کھنا زیبا ہی ممتاز فرماتے رہے ہیں۔ دکن میں ہنگام قیام مولف تذکرہ مہاراجہ بہادر نے مسافر نوازی کے مراسم اس برادرانہ انس اور وضعداری سے برتے کہ مولف انھیں تا دم زیست فراموش نہیں کر سکتا۔ فن شاعری میں محاسب دفتر سخن مہندس خیالات نو کہن ہیں۔ کہیں جذبات فطرت کہیں گل و بلبل کا ذکر کرتے ہیں فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں فکر کرتے ہیں۔ ذہن رسا گردوں پیما ہے طبع بلیغ بحر آسا ہے۔ نغمۂ معنی اطرناک ہی شعر حشو و زواید مغلق ترکیبوں۔ ناگوار تعقیدوں سے پاک ہی۔ نہ غلط محاورات ہیں نہ بے جوڑ تشبیہات۔ متانت شوخی کلام کی جان ہی حسن فصاحت اور پاکیزگی سو جان سے قربان ہیں۔ شعر میں تصوف کے مسائل بیان کرتے ہیں گلگونۂ الفاظ

سے مضامین کے چہرے نکھرتے ہیں۔ رنگینیٔ سخن میں جادو کی تاثیر ہے ہر شعر سامری کی تصویر۔ نظام مرحوم سے جو خصوصیت و محبت آپ کو تھی اسکی ادنٰے مثال یہ ہے کہ حضور محبوب علیخاں نے آپکو تلمیذ شاہی کا شرف بخشا۔ حق الامر یہ ہے کہ وہ ان سے بالکل عزیزداری کا برتاؤ کرتے تھے سلاطین کی شاگردی کا فخر بھی بڑی مشکل اور قسمت سے ہاتھ آتا ہے۔ الغرض مہاراجہ صاحب موصوف کو خدائے برتر نے ہر طرح نوازا ہے۔ امارت کے اعتبار سے بھی آپ منفرد رئیس اور فن کے خیال سے بھی زبردست اور جید شاعر ہیں۔ انتخاب کلام نذر ناظرین ہے۔

دادخواہانِ ستم کا وہیں جی چھوٹ گیا　　جب طرفدار ترا داورِ محشر نکلا

درِ محبوب پہ حاصل ہیں گدائی کے مزے　　شاد منت کشِ ارباب دول کیا ہوگا

ناامیدی کے قدم پیچھے ہٹے جاتے ہیں　　ہاں مگر اسکا تقاضہ ہے کہ چل کیا ہوگا

آصف کی مہر سے مری رتی بلند ہے　　ذرہ سے آفتاب خدا نے بنا دیا

قطرہ قطرہ دل کے اک ذخّار دریا ہوگیا　　اسقدر آنسو بہے طوفان برپا ہوگیا

زندگی بھر لاکھ سوئے فرشِ قاقم پر کوئی　　قبر میں جاتے ہی مٹی کا بچھونا ہوگیا

چشمِ مستِ یار دیکھی ہوگئی حالت خراب　　بے پئے بھی مفت میرا نام رسوا ہوگیا

شانہ زادِ شاہ تھا اور ہوگیا شاگرد بھی　　شاد شادان۱؎ سے فزوں تیرا نصیبا ہوگیا

آتا نہ تھا خیال بھی وحدت میں غیر کا　　کثرت میں آکے طالب دیر و حرم ہوا

کس زمانہ میں مجھے غم سے سروکار نہ تھا　　کون سے روز مجھے رنج کا آزار نہ تھا

اے فلک تونے ستم ڈھائے ہیں لاکھوں مجھ پر　　اس سزا کا تو کسی طرح سزاوار نہ تھا

مجھے اس گلشنِ عالم میں ملا کب آرام　　پھول اس باغ کا کب حق میں مرے خار نہ تھا

یہ ستم ڈھائے گئے کس لئے مجھ پر اے چرخ　　کیا کوئی اور محبت کا گرفتار نہ تھا

ہائے وہ غنچہ ہوا بادِ خزاں سے پامال　　جو نسیم سحری سے بھی خبردار نہ تھا

۱؎ مورث اعلیٰ مہاراجہ چندولال شاداں تخلص کیطرف اشارہ ہے۔

باعث جاہ و حشم شاد کے ہیں آصف جاہ
ورنہ دنیا سے اُسے کوئی سروکار نہ تھا

دل پھنسا تیرے دامِ گیسو میں
کوئی رستہ نہیں رہائی کا

بڑھتا جاتا ہے واں غبارِ دل
خاک موقع رہا صفائی کا

تم رشک مہ و مہر اگر ہو تو کریں کیا
روشن تو کرو آکے سیہ خانہ کسی کا

غیرت کا تقاضا ہے جواں مردوں سے ای شاد
احسان نہ لے ہمتِ مردانہ کسی کا

زیر نگیں ہو ہند مرے بادشاہ کا
پایہ بلند ہو شۂ گردوں پناہ کا

وہ قتل کرکے کہتے ہیں ہنس کر رقیب سے
کشتہ ہے یہ غریب کسی کی نگاہ کا

دنبالہ دار آنکھیں ہیں سرمہ لگا نہ تو
ظلمات کو بھی رشک ہے چشمِ سیاہ کا

رحمت بڑھی ہوئی ہے گنہ بخشے جائینگے
دریا میں کیا شمار بھلا برگِ کاہ کا

ساتواں باب [illegible]

رباعیات

اے عشق متاع صبر تو نے لوٹا
اور سنگِ الم سے دل کا شیشہ ٹوٹا
بدنام ہوئے کھو یا ننگ و ناموس
رسوا ہوئے گھر بار سب اپنا چھوٹا

تو مال کو کہتا ہے کہ یہ ہے میرا
تیرا نہیں کس وہم نے تجھکو گھیرا
جب سر پہ اجل آئیگی اُسدم اے شاد
رہ جاویگا سب یہیں یہ "میرا تیرا"

ایک روز جہان سے ہاتھ دھونا ہوگا
اس جانِ عزیز کو بھی کھونا ہوگا
کیا خاک لحد میں ہوگا اپنا بستر
مٹی کے فرش پہ بچھونا ہوگا

دیکھا جو جہاں میں وہ پایا ہمہ ہیچ
کیا ثروت و دولت پہ بہر وسنہ ہمہ ہیچ
دل بستگی اس سے تو نکرنا اے شاد
دنیا ہمہ ہیچ است و کارِ دنیا ہمہ ہیچ

اے شاد یہ آب و آتش خاک باد
ان چاروں سے اپنے جسم کی ہے بنیاد
آجائے مزاج میں جو فرق انکے کبھی
ہوجائے نہ کیوں وجودِ خاکی برباد

اے شیخ ہے یاں ترکِ خودی عین عبادت
عشاق کا مشرب ہے جدا آپکا دین اور
عیاں ہے چہار طرف میرے یار کا جلوہ
نماز پڑھتے ہو کیوں شیخ قبلہ رو ہو کر

نشانے پر ترا ہر تیر اے ناوک فگن آیا
رہا کوئی جگر میں کوئی دل میں میہماں ہوکر

مر گیا پر نہ گئی حسرت و یاس و اندوہ
کس ڈھٹائی سے ہیں دل میں مرے مہماں اب تک

اب جواں ہوکے بھی ہے وصل سے تجکو انکار
بھولی باتیں نہیں جاتیں تری ناداں اب تک

وہ دل لیکر یہ کہتے ہیں بصد ناز
خدا سے مانگ لو اک دوسرا دل

یہ ہیں معشوق یا قزاق یارب
ہمارا دن دہاڑے لٹ گیا دل

دوزخ جسے کہتے ہیں ہے وسواس کا نام
جنت سے مراد ہے سکون و آرام

آرام و سکون اسی کو حاصل ہو شاد
توحید کی مے کا جو کوئی پی لے جام

روز ہوتا ہے وعدۂ فردا
روز روزِ شمار کی باتیں

کوئی گریاں ہے کوئی ہے خنداں
یہی ہیں روزگار کی باتیں

مختصر زندگی ہماری ہے
کرو سب اختصار کی باتیں

ایسا نہ سمجھ تو کہ غرض مند ہیں سارے
جانبازِ محبت بھی مریجان محبت ہیں

خانۂ دل کعبہ ہے یہ کوئی بت خانہ نہیں
بے دھڑک آجاؤ اس میں کوئی بیگانہ نہیں

آنکھ سے اس نے ملائی آنکھ کیفیت ہوئی
یہ نشیلی آنکھ ہے پر مے سے پیمانہ نہیں

عین مستی میں بھی رہتا ہے اسے پاسِ ادب
ہاں بڑا ہشیار ہے کچھ شاد دیوانہ نہیں

بادۂ خم خانۂ توحید کا مے نوش ہوں
جو رہوں مستی میں ایسا بیخود و بیہوش ہوں

گر بھرنے دے مجھے ساقی یہ میرا فرض ہو
مثلِ ساغر دور میں ہوں بادہ سرجوش ہوں

سب کی سن لیتا ہوں لیکن جی کی کرتا ہوں مدام
گرچہ ہوں سامع مگر زیں نارسائے گوش ہوں

دردمندِ عشق ہوکر ضبط کا خوگر ہوں میں
صورتِ سیماب ہوکر پیکرِ خاموش ہوں

دیکھتا ہوں آپ اپنے میں تماشا میں ترا
پا گیا ہوں سرِ وحدت اور حقیقت کوش ہوں

کس کی فرقت وصل کسکا اور ہے معبود کون
شاد میں اس عالمِ تکویں سے ہم آغوش ہوں

منصور ہوں عاشقِ الٰہی ہوں میں
توحید کے راستہ کا راہی ہوں میں

روشن رہیگا ہمیشہ عرفاں کا چراغ
سمجھو نہ چراغِ صبح گاہی ہوں میں
مجنوں جسے کہتے ہیں وہ دیوانہ ہوں
شمعِ رخِ پرنور کا پروانہ ہوں
ہاں اک نظرِ لطف ادھر بھی ساقی
اس چشمِ سیہ مست کا مستانہ ہوں

وہ عیش کہاں اور وہ دلآرام کہاں
وہ بزم کہاں اور مے و جام کہاں
سب ٹھاٹ گیا یار کے جانیکے ساتھ
اب چین کہاں اور وہ آرام کہاں

تلاشِ یار میں ہے خاک اپنی سرگرداں
بھٹکتے پھرتے ہیں ہر دشت میں غبار سے ہم

نہ کیوں وہ دن مجھے ہو عید قرباں
ترا خنجر ہم آغوشِ گلو ہو

فنافی الذات میں ہو جاؤں یارب
جدھر دیکھوں ادھر بس تو ہی تو ہو

اُن کی تصویر کلیجہ سے لگا رکھتا ہوں
حرزِ جاں ہے یہ مرے دل کے بہلنے کیلئے

میں نے پوچھا کہ رقیبوں سے بڑھا کیوں ربط
ہنس کے بولے ترے رونے ترے جلنے کیلئے

کہتے ہیں جادو جسے وہ ہے حسینوں کی نگاہ
حسن کہتے ہیں جسے وہ نسخۂ اکسیر ہے

پھل سب کو ملا ترک تری تیغ کے قرباں
محروم رہوں کیوں میں کوئی وار ادھر بھی

پتھر سلی ٹھہری ہٹائے پار کیسی ہے
حیا پر در اگر ہے پھر غریب آزار کیسی ہے

خانہ زاد اور وزیر اور ہو شاگرد نظام
شاد سچ پوچھو تو تم ہو بڑی قسمت والے

نہیں مجھسے ممکن علاجِ محبت
مسیحا مرا درد ہی لا دوا ہے
مگر کیا کرے آدمی تدبیر کیا ہو
کہ تقدیر سے زور کس کا چلا ہے

ہوں میں دربانِ شاہِ آصف جاہ کا
بادشاہی ہے یہ دربانی مری
میں شہِ آصف کا ہوں شاگرد شاد
شاعری کیا ہے یہ سلطانی مری

نزع میں بھی یار کا دل سے نہیں جاتا خیال
بیخودی میں یہ ہماری ہوشیاری دیکھئے

نغمہ سے بھاگتا ہے جو زاہد سبب یہ ہے
اسکو سنائی دیتی ہے آوازِ صور کی

باغِ فردوس تو میراث ہے ہم رندوں کی
شیخ جی نکلے بڑے آئے ہیں جنت والے

لاکھ امید دلائی ترے وعدوں نے مگر
مرنیوالے کو جو تھے جان کے لالے پڑ گئے

تیغِ ابرو کا ہے کیسا زخم کاری دیکھئے
یہ تڑپ دل کی یہ رنگِ بیقراری دیکھئے

ہم کیا بتائیں مرنے کو تیار کیوں ہوئے
فرمائیے تو آپ ستمگار کیوں بنے

سچ ہے مثل کہ جاننے والی کی موت ہے
شامت ہماری محرمِ اسرار کیوں بنے

مشکل نہیں ہے عشق تو پھر اے دلِ حزیں
آسان تھے جو کام وہ دشوار کیوں ہوئے

کہتے ہیں برملا سمجھے کافر جو مومنیں
کیا دوں جواب حجتِ باطل کے سامنے

جگر میں درد سوزش قلب میں خونبار آنکھیں ہیں
ہوا ہے ہمکو یہ حاصل بتوں کی آشنائی سے

اجازت باغ میں گر آشیانے کی نہیں دیتا
تو پھر کنجِ قفس صیاد بہتر ہے رہائی سے

شاخِ گل پر سو رہی ہے عندلیب
باغباں چلّا نہ تو آواز سے

مر گئے خاک ہوئے دل کے پھپھولے نہ گئے
خارِ حسرت وہ چبھے تھے کہ نکالے نہ گئے

داستانِ زندگانی انکی اب افسانہ ہے
بزمِ عالم حضرتِ آدم کا ماتم خانہ ہے

ہے تغیر ہر زماں لازم زمانے کے لئے
کل کے دن آباد جو تھا آج وہ ویرانہ ہے

کر نظر ہمت پہ اپنی ساقیا مجھکو نہ دیکھ
دل جو میرا ہے وہ اک ٹوٹا ہوا پیمانہ ہے

غیر کا اسمیں گذر ہو ہے بہت دشوار بات
شاد کا یہ دل نہیں ہے یار کا کاشانہ ہے

جیتے جی مرتے ہیں تجھپر ترے مرنے والے
یوں گذر جاتے ہیں ہستی سے گذرنیوالے

خود بخود آپ مرے دل میں اتر آئے ہیں
ایسے نقشے نہیں مانی سے اترنے والے

وعدہ کر کے بھی وہ انجان ہوئے جاتے ہیں
ایسے دیکھے ہی نہیں ہم نے مکرنے والے

رباعیات

ہر جائے عیاں نورِ احد پیدا ہے
ہر ذرہ میں قدرتِ صمد پیدا ہے

بحرِ وحدت ہے کیا محیط و ذخار
ہر موج سے اسکی جزر و مد پیدا ہے

گھر سے جو چلے جا کے لحد میں پہونچے
دریا سے نہیں شاد جدا کچھ یہ حباب
پیری میں ہے حسرتِ جوانی باقی
پھر آتی نہیں ہے عمرِ رفتہ اے شاد
چکر ہے زمیں کو آسماں پھرتا ہے
راستی نقشِ قدرِ انساں رہے

ہم ہو کے فنا دارِ ابد میں پہونچے
چلتے چلتے سب اپنی حد میں پہونچے
طاقت وہ کہاں ہے ناتوانی باقی
رہتی ہی نہیں حیاتِ فانی باقی
اے شاد تو دربدر کہاں پھرتا ہے
قسمت ہے ترے ساتھ جہاں پھرتا ہے

قطعات

شادی سے باغمی سے زمانہ میں ہو بسر
وہ ذوق اور شوقِ جوانی کی مستیاں
بارہا تجربہ اے شاد ہوا ہے اسکا
رات دن فکر میں رہتے ہیں جو ہیں دولتمند
تلوار میرے واسطے عزت ہے شان ہے
اے شاد کیوں نہ اسکو رکھوں جان سے عزیز
لاکھ دولت ہو لاکھ ہو حشمت
سچ جو دنیا میں پوچھو تم اے شاد
تھا محبوب زمانہ میں نہیں ہے آصف
جسنے آصف سے یہ پوچھا کہ کہو شاد ہے کون
مجھے تو کام ہے تجھسے جہاں رہے نہ رہے

انسان کے لیے یہ ازل سے ٹھہر گئی
وہ دن کی وہ بہار تھی آکر گذر گئی
مرتبہ جن کا سوا ہے انہیں راحت کم ہے
جو غنی تر ہیں انہیں غم سے فراغت کم ہے
میدانِ جنگ کا یہ علم ہے نشان ہے
میں ہوں سپاہی اور یہ سپاہی کی جان ہے
ہو جو آزار خاک راحت ہے
تندرستی ہزار نعمت ہے
سب کے تم پیارے ہو اور سب ہیں تمہارے پیارے
ہنسکے فرمایا کہ وہ تو ہیں ہمارے پیارے
زمیں رہے نہ رہے آسماں رہے نہ رہے

شاد۔ پنڈت پریم سکھ صاحب متوطن بلند شہر۔ آپ سکندر آباد میں سب انسپکٹر پولیس رہے ہیں۔ رنگین خیال ہیں۔ نکتہ پرداز ہیں۔ سلاست طبع سادگی سے ہویدا ہے۔ شعر کے

شور دل میں چھپ جاتے ہیں کس لطف کا شعر کہا ہے ؎

وہ دیکھتے ہیں لطف سے اغیار کی طرف	ہم دیکھتے ہیں چرخ ستمگار کی طرف

بظاہر سادہ شعر ہے مگر دونوں مصرعوں میں دیکھنے کا تقابل انتہائے بلاغت ہے۔ چرخ ستمگار کی طرف دیکھنے سے مایوسی اور ناکامی کا دردناک منظر سامنے آجاتا ہے۔ دونوں مصرعوں میں "دیکھنے" کے جداگانہ معنی ہیں۔ اظہار رشک شکوۂ چرخ تمام شعراء نے کیا ہے مگر شاد جی نے اس فرسودہ مضمون کو بھی ادا کرتے ہوئے ایک بات نکالی ہے۔ دیوان مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

جذبۂ دل روکنا وحشت سے جی گھبرا گیا　　پھر مجھے جوشِ جنوں سوئے بیاباں لے چلا

مئے محبت جو پی ہی میں نے شراب لیکر میں کیا کروں گا　　غم سے کھاتا ہوں یہ دل کباب لیکر میں کیا کرونگا

جوانی ساری یونہی گنوائی سفیدی پیری کی اب آئی　　گنہ کی منہ پہ اب سیاہی خضاب لیکر میں کیا کرونگا

کبھی کشتگانِ ابرو نہ ہمیں یوں نہاتے
نہ اڑاتی ناک میری پس مرگ اے صبا تو
ترا خنجر ستمگر جو نہ آبدار ہوتا
جو مری طرف سے دل میں ترے غبار ہوتا

ہو گیا حشر قیامت نے قدم چوم لیے
کس نے نقاب چہرہ سے اپنے اٹھا دیا
انداز سے جس دم وہ پری زاد چلا
ذرہ کو مہر مہر کو ذرہ بنا دیا

راہِ ناکامی میں مثلِ گرد رہ جائیں گے ہم　　قافلہ روحِ رواں کا جب رواں ہو جائیگا

داغ دل تازہ ہوئے فصلِ گلستاں دیکھکر　　زخم میں سوزش ہوئی عیشِ نمکداں دیکھکر

کھو بیٹھے جھٹکے ہجر میں ہم جسم و جاں تلک　　الفت کا اپنی آن کو نہیں ہے گماں تلک

کہاں میں کہ مرتا ہوں تجھ پہ میاں لگا کہنے وہ منہ کے یہ جا جہاں　　تری زندگی بھاتی ہے کسکو یہاں کہ مزہ نہیں کا مجکو الم ہی یہاں

تبانِ فتنہ گر بچپن ہی سے چنچل نکلتے ہیں　　عجب قدرت خدا کی ہے کہ یہ کمسن چل نکلتے ہیں

نہاں سینہ میں اپنے مشرقستاں ہم بھی رکھتے ہیں　　کسی خورشید رو کا داغِ ہجراں ہم بھی رکھتے ہیں

بہارِ گل وہاں وہ دیکھتے پھرتے ہیں گلشن میں　　یہاں داغوں سے سینہ کو گلستاں ہم بھی رکھتے ہیں

طلب ہے مرہم زنگار کی پھر ۔ ہرے مدت میں زخم دل ہوئے ہیں

دیکھو تم ہمارے دیدۂ پرنم میں عکس آیا ۔ تماشا دیکھنے والو لگی ہے آگ پانی میں

رقیب دشمن جاں کی تو دیکھو فتنہ انگیزی ۔ ہے انکے رازداروں میں ہے میرے غمگسار و نہیں

عہد پورا کریں عادت ہی یہ خوباں میں نہیں ۔ انکے مذہب میں نہیں انکے یہ ایماں میں نہیں

خار کھا کھا کے مری جاتی ہے بلبل جن سے ۔ ہم نے وہ پھول چنے ہیں جو گلستاں میں نہیں

طرۂ کاکل شبرنگ دکھاتے کیوں ہو ۔ تم اندھیرے میں مری جان ڈراتے کیوں ہو

کیوں ذبح کر کے چھوڑا ہے کشتہ کو نیم جاں ۔ بسمل کے اپنے "اور نہ اک دو لگائے ہاتھ"

موئے مشکیں ہیں رخ یار پہ آتے جاتے ۔ کافر ایمان ہیں قرآن پہ لاتے جاتے

خط غیر سے لکھوا کے مجھے یار نے بھیجا ۔ آیا مری قسمت کا نوشتہ مرے آگے

کہا میں نے کہ بجھا دے آ کے جو یہ آگ دل میں لگائی جان ۔ لگا کہنے ہنسکے وہ بدگماں میرے بابو نہیں ہے خفا لگی

وہ قاتل کیا کسی کا خوں بہا دے ۔ جو ہنسکر عاشقوں کا خوں بہا دے

مثال آسیا گوشہ نشیں ہیں ۔ نہیں تو رزق گھر بیٹھے خدا دے

ادا سے مار ٹھوکر سے جلا دے ۔ قیامت قامت جاناں دکھا دے

شکایت انقلاب دہر کی کرتا ہے کیا غافل ۔ زمانہ آئیگا ایسے شاد اس سے بھی خراب آگے

شاد

شاد - لالہ بال مکند صاحب باشندۂ ضلع رہتک ظریف مزاج ہنس مکھ زندہ دل شخص ہیں آپکے ظریفانہ مضامین اودھ پنچ میں شائع ہوتے ہیں - مرزا مچھو بیگ عاشق لکھنوی سے فن سخن میں استفادہ کیا ہے - اُردو فارسی کے سوا سنسکرت زبان اور انگریزی جانتے ہیں - جدید انشا پردازی کے ماہرین میں انکا شمار ہے - ایک زمانہ میں اخبار بھارت متر کلکتہ کے ایڈیٹر تھے - سیاسی معاملات خوب لکھتے ہیں شعر کی طرف کم توجہ ہے - پچاس پچپن برس کی عمر ہے -

عہد رفتہ کا کلام یہ ہے ؎

ہجر میں بیکار کس دن عاشق مضطر رہا ۔ درد دل میں سر میں سودا پاؤں میں چکر رہا

یہ وہی ہے چاہنے والا ٹیرا رہاں بدنصیب
ایک مدت آپ کا زانو پہ جس کے سر رہا

ہم ہیں اُن غیرتِ یوسف کے خریداروں میں
اُنگلیاں چار طرف اُٹھتی ہیں بازاروں میں

مانعِ بوسہ ہے افسوس نزاکت اُسکی
ڈر ہے وہ بہانہ لگے چاند سے رخساروں میں

شاد

شاد۔ چوبے رگھناتھ ساکن شکوہ آباد۔ تلمیذ حضرت داغ دہلوی شاعر خوش خو محکمہ مال میں ملازم تھے عرصہ ہوا انتقال فرما گئے۔ منشی حیات بخش رسا۔ فدا۔ متین بدایونی کے ہم شاعر اور دوست تھے۔ شکوہ آباد میں بزم سخن انکے دم سے تازہ تھی۔ جو کچھ کلام فراہم ہو سکا اُسکا انتخاب حاضر ہے ؎

اگر کوئی او چھا ر ہا وار قاتل
ہنسینگے یہ زخمِ جگر دیکھ لینا

جس کو نہو صبر وہ پھر کیوں ہیں چاہے
یہ کہہ گئے وہ میری برابر سے نکل کر

محشر میں اُن سے شاد کچھ ایسا سوال ہو
کافرتوں کو بات بھی کرنی محال ہو

ابھی توبہ کی کیا جلدی ہے زاہد
قیامت کو تو اک مدت پڑی ہے

پھولو نہیں کیوں تو لوں تلوار تیری قاتل
یہ بھی گلے کا میرے اک ہار ہو گئی ہے

کافر تری نظر سے سب کو خدا بچائے
نرگس کو تو نے دیکھا بیمار ہو گئی ہے

توبہ توبہ کہیں منہ پھیرینگے میخانے سے
بہکتے ہم نہیں ناصح ترے بہکانے سے

ضبطِ دل آنکھوں میں آنے نہیں دیتا آنسو
اُلٹی پھر جاتی ہے مے شیشہ میں چھلکانے سے

شاد

شاد۔ منشی محمد عسکر خاں دھول پوری۔ جوان طبع رنگین فکر ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

چلا رُک رُک کے خنجر اے ستمگر
کہاں میں جاؤں گا گردن چھڑا کر

ترے کوچہ سے جاتا ہوں سوئے دشت
مقدر لیچلا گلشن چھڑا کر

نکالی ہے لحد سے کیوں مری لاش
کہاں لیجائے گا مدفن چھڑا کر

شاد

شاد۔ مستری قادر بخش۔ شاگرد حضرت شوکت میرٹھی۔ شملہ اور اضلاع پنجاب میں عمارت کا کام انجام دیتے رہے ہیں۔ اپنے اُستاد کے باعقیدت شاگرد ہیں۔ جس زمانہ میں شوکت

مرحوم نے مجدد سخن ہونیکا دعویٰ کیا تھا تو انکی تائید میں اکثر مضامین انہیں کے نام سے نکلے تھے
نتائج افکار کا خلاصہ یہ ہے ؎

برائی اے شیخ اسمیں کیا ہے مجاز عرفاں کا رہ نما ہے
مسیح کیوں دیر کرتے ہو لبوں پہ میری جانِ زار اب تو
خوشی تو عید کی جب تھی گلے ملتا وہ ماہ پارہ
باغباں دشمن۔ عدو صیاد۔ گلچیں ہے رقیب
پیری میں کیا یہ آپ کو سوجھی ہے شیخ جی
زاہد کو اپنی زہد و عبادت پہ ناز ہے
کیا کہیں اے شاد اپنا مذہب و مشرب ہے کیا

خدا کو پائیگا کس طرح تو جو پہلے عشق بتاں نہ ہوگا
اگر ہو آنا تو جلد آؤ وگرنہ یہ نیم جاں نہ ہوگا
نہیں تو عید کا بھی چاند ہے گویا محرم کا
کون ہے گلشن میں کہئے مہربانِ عندلیب
عشق خدا کو چھوڑ کے عشق بتاں ہے اب
مجھکو فقط ہے رحمتِ غفار کا گھمنڈ
شیخ سمجھا ہے مسلماں برہمن ہندو ہمیں

شاد — حکیم منشی منولال شاد دہلوی کایستھ ماتھر مقیم پٹیالہ حکیم ذوقی رام دہلوی کے فرزند اور ہوشیار طبیب تھے طبع جدت طراز تھی۔ زور فکر سے مضامین کو شستگی سے ادا کرتے۔ عرصہ تک ریاست پٹیالہ میں مطب کرتے رہے۔ پروفیسر رام چندر ریاضی داں انکے ہم زلف تھے ۱۸۹۲ء کے قریب انتقال ہوا تقریباً ۶۰ برس کی عمر پائی۔ کلام یہ ہے ؎

شاد رہنا چاہئے ہر حال اپنے دل میں شاد
کمر ستم پہ کسی گالیوں پہ منہ کھولا
لیویں کہاں سے قرض کہ تنخواہ قسط میں

نیک و بد جتنا ہے سب ہے مقتضا تقدیر کا
اور اس پہ آپ دہان و کمر نہیں رکھتے
ہے جنوری سے تا بہ دسمبر لگی ہوئی

شاد — منشی رام پرشاد صاحب کایستھ دہلوی شاہ نصیر کے تلامذہ سے تھے کچھ عرصہ آگرہ میں بھی رہے تھے۔ زبان اور مضمون کی آمیزش سے کلام دلفریب انداز بیان حسن فصاحت کی زیب تھا۔

ابرو کی جب صفت میں یہ ذہن رسا لڑا
آفتاب حشر یہ تو ہے جبینِ یار کا
منہ جو کھولے وہ شب تار میں دن ہو جائے

مصرعہ مہ ہلال کے مصرعہ سے جا لڑا
روز رستاخیز نیا یہ ہے قدِ دلدار کا
رات ہو جائے جو زلفیں وہ سنوارے دن کو

کیا شب تار سے تشبیہ ہمارے دن کو	تاب خورشید نہیں سر جو ابھارے دن کو

شاد

شاد۔ منشی عبداللطیف باشندہ بمبئی۔ شاگرد حضرت امیر مینائی مرحوم۔ طبع میں لطافت ہے صاف ستھرا شعر کہتے ہیں۔ انتخاب یہ ہے ؎

پڑ گیا ہے صبر شاید عاشق بیتاب کا	آپ کی شوخی میں بھی کچھ اضطراب آنکھوں ہے
کسکی تیغ ناز ہے خمیازہ کش مقتل میں آج	زخم کے انگور سے کھنچ کر شراب آنکھوں ہے
اسقدر بیباکیاں کی ہیں نگاہِ شوق نے	وصل میں انکی حیا کو بھی حجاب آنکھوں ہے

شاد

شاد۔ تاجر باوقار شیخ عبدالرزاق دہلوی خلف شیخ اللہ دیا صاحب۔ شیخ جیون بخش مرحوم تاجر کلکتہ کے متبنیٰ۔ انہیں کلکتہ اور دہلی کے تجارتی حلقوں میں بڑی قدر منزلت حاصل تھی۔ حکیم سید محمد سجاد اور حضرت داغ کے عقیدتمند شاگرد تھے۔ لاہور کے مشہور سوداگر شیخ رحیم بخش کی دختر ان سے منسوب تھیں کثیر العیال آدمی تھے۔ آخر وقت میں کام بگڑ گیا تھا۔ ماہ مارچ ۱۹۰۶ء میں بمقام دہلی انتقال ہوا۔ وفات کے بعد بہت سی جائداد قرضہ میں فروخت ہوگئی۔ فکر میں رسائی زبان میں صفائی تھی۔ کلام یہ ہے ؎

دیدہ و دل عشق کی سرکار میں دونوں چلے	لعل کوئی لے چلا اور کوئی گوہر لے چلا
میخانہ ہے لے حضرتِ واعظ	بس چپکے چلے جایئے توقیر سے باہر
آپنے کھائی قسم اور مجھکو باور ہوگیا	پھر قسم بھی وہ قسم سو بار بھی کی کھائی ہوئی
عشق میں غصہ بھی کھایا غم بھی کھایا روز و شب	پھر نہیں معلوم کیوں زائل ناتوانی ہوئی
رات ساری سر کے گندھوانے میں کی تم نے بسر	وصل کی شب سر بسر صرف خود آرائی ہوئی

شاد

شاد۔ شیخ محمد جان معروف بہ "پیر و میر" ولد شیخ وارث علی صدیقی۔ آپ لکھنؤ کے قدیم شیخ زادگان سے تھے۔ اجداد کا مذہب سنت جماعت تھا۔ لیکن عہد شاہی میں شیعہ مذہب اختیار کر لیا تھا آپ سنہ ۱۲۲۰ھ زمانہ نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ میں پیدا ہوئے۔ شیخ صاحب میر کلو عرش خلف میر تقی میر کے شاگرد تھے۔ انکا بیان تھا کہ میں نے ۱۰-۱۱ برس کے سن میں میر کو دیکھا تھا

وہ نہایت ضعیف دُبلے پتلے آدمی تھے۔ انہیں "پیرو میر" کا لقب اُستاد نے مرحمت کیا تھا۔ قانع۔ وضعدار۔ قدیم رسوم کے پابند تھے لکھنؤ سے باہر جانا انکو دو بھر اور بار خاطر تھا۔ سر راجہ امیر حسن خاں بہادر کے۔ سی۔ آئی مرحوم والئی ریاست محمود آباد کے ہاں سے تیس روپیہ ماہوار مقرر تھا۔ اسی میں اوقات بسر کرتے تھے۔ ناسخ اور آتش کی معرکہ آرائی کو اپنی آنکھ سے دیکھا تھا۔ عمر بھر مجرد رہے ہمیشہ معشوقانِ خیالی سے دل بہلایا۔ روز یکشنبہ ربیع الثانی کی چھٹی کو وفات ہوئی۔ ۹۰ برس کی عمر پائی۔ اخبار اودھ پنچ کے دفتر میں حضرت جگر و فضا بسوانی کو کلام سُنا رہے تھے کہ شعر پڑھتے پڑھتے روح جسم سے پرواز کرگئی۔ دو دیوان تیار کئے تھے جن میں سے ایک گم ہوگیا۔ اور ایک "سخن بہتیاں" کے نام سے شائع ہوا۔ مولوی سید محمد واثق۔ ننھے آغا صاحب ابد۔ سید عاشق حسین صاحب۔ خواجہ عبدالرؤف صاحب عشرت لکھنوی انکے تلامذہ سے ہیں۔ رنگ کلام کو لکھنؤ کی پُر تکلف رعایتوں اور انداز بیان سے کوئی نسبت نہیں غزل میں میر کا رنگ غالب تھا اور انہیں کے محاورات۔ اصطلاحات روز مرہ کے پابند تھے۔ دور حاضرہ نے جو لکھنؤ کی غزل گوئی میں انقلاب پیدا کیا ہے اور شعرا میر و غالب کی طرف کھنچتے ہوئے چلے جا رہے ہیں۔ اسکی تاریخ جب کبھی لکھی جائیگی تو اسمیں شاد پیرو میر کا نام سب سے اول ہوگا جنہوں نے قدیم تخیل پرانے محاورات کا تحفظ کیا۔ اور آیندہ نسلوں کیلئے رستہ نکالا۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

خبر یک عشق آکے یہ کہہ گیا
فروغِ جہاں بود نابود سے

وہ تیغ زباں جب لڑانے لگے
دم لیا دنیا سے جا کر خلد میں

حسن میں اُس روئے روشن کی حضور
شاد نالوں کے سنبھالے عشق میں

کھاتے کھاتے رنج و غم اکتا گیا

پھپولوں میں دل پھوٹ کر رہ گیا
شرر بجھتے بجھتے یہی کہہ گیا

ہر اک زخم منہ کھول کر رہ گیا
رم کیا اس جا سے اُس جا رم رہا

لاکھ چمکا آئینہ مدہم رہا
ہاں بھالے۔ برچھیاں۔ بلم رہا

بس مرے اللہ جی گھبرا گیا

خیال انجامِ گلشن کا جو آیا
بڑھا میں جب قدر اُتنی گھٹی عمر

کاوشِ مژگاں نے بیندھی اشکِ خونیں جس طرح
بھر گئے زخمِ جگر ناخن سلامت ہیں تو پھر

ہاتھ رکھ سر پہ جو لیتا وہ حسیں انگڑائی

شیخ مینا کا جو قُلقُل عرس میں کرتے تصوّف
میکشو نشہ میں کعبہ کی طرف گرنے کو

دن تو یادِ رخِ روشن میں گذر جاتا ہے

رہروِ ملکِ عدم کا نہیں کھلتا احوال
سُنا ہمکو آتے جو اندر سے باہر

وہ محروم دولت ہوں برگشتہ قسمت
بہار آتی ہے رنگ لانے کے قابل

کفن پوش دنیا سے ہم کیوں نہ جائیں
ذرا بھی لگی ٹھیس دل چور ہوگا

کبابِ سیخ ہیں کب کروٹیں لیکر سنبھلتے ہیں
غزالِ چشم کب شمشیرِ ابرو سے دہلتے ہیں
وہ دیتے گالیاں ہیں ہم گلِ عارض کو ملتے ہیں
ٹپکتے ہیں جو آنسو لختِ دل جمتے ہیں مژگاں پر
زمیں پر پاؤں رکھ دیکھ انقلابِ دہر عبرت کر
خدا ہی اس چپ کی داد دیگا کہ تربتیں روندے ڈالتی ہیں

مرنے پر باندھے ہے کمر سرگرم بازاروں میں ہوں

بسورے ہم جو غنچہ مسکرایا
بگڑتے ہی گئے جتنا بنایا

نشتروں دانۂ مرجان کو بڑھائینگے کیا
پھوٹ کر چھالے نہ دل میں گھاؤ پڑجائینگے کیا

گر وہ مہتاب جہاں تاب کے ہالا ہوتا
مے پرستوں میں شہ جم کا پیالا ہوتا
لڑکھڑاتے تھے قدم ہاتھ سنبھالا ہوتا

رات بھاری ہے مگر زلف کے بیماروں پر
کیا گذرتی ہے نہ جانے وطن آواروں پر

پھرے اُلٹے پیروں وہ باہر سے باہر
اُڑے خاک گھر میں جو ہُن برسے باہر

جنوں سنگِ طفلاں ہے کھانیکے قابل
یہ صورت نہیں منہ دکھانے کے قابل
یہ شیشہ نہیں چوٹ کھانے کے قابل

جل اُٹھا ہی جو یہ پہلو تو وہ پہلو بدلتے ہیں
یہ آہو وہ ہیں جو تلوار کے سایہ میں پلتے ہیں
زباں چلتی کسی کی ہے کسی کے ہاتھ چلتے ہیں
جو گل مرجھا کے گرتے ہیں ثمر شاخوں میں پھلتے ہیں
فقیروں کے قدم سر بادشاہوں کے کچلتے ہیں

اجل کے مارے ہوئے کسی سے نہ بولتے ہیں نہ چالتے ہیں

جان کا گاہک جو ہو اُسکے خریداروں میں ہوں

بیجرم رکھا تھا نہ خنجر ہی گلے کو
کچھ بات بری منہ سے نکلی تھی چلے کو

دکھا دو گر قدرہ مجھے نچلے کو
ابھی رکھ دوں نہ خنجر گلے کو

لہو روتے مجھے اتنی ہوئی دیر
تمہیں حقنی ہوئی مہندی ملے کو

ابھی ہمراز تری وردِ زباں تھی
کوئی دم بھر ہوا منہ کالا ڈھلے کو

قبر میں رکھ کے گئے لاش کے لانیوالے
کاندھیاں دے کے گئے تابوت اٹھانیوالے

یہ بلا کی ہے دھواں دھار لگائی مستی
دن دوپہرے ہیں وہ اندھیر مچانیوالے

مفت دل لیکے پڑے تم تو سیانے ٹھیرے
ہمیں فرمائیے نادان رہے یا نہ رہے

ہم تو صدقے کا بھی پتلا نہ بنے کیا جانیں
سینکڑوں آپ پہ قربان رہے یا نہ رہے

یہ کد ہے پردہ دری ہیں شکستہ جالوں کی
لئے جو ظرفِ گلی بھی کبھی سجا کے لئے

قدم جو پڑتے ہیں سرکش صدا یہ دیتے ہیں
فلک نے خوب عوض خاک میں ملا کے لئے

ہم نہ بگڑیں گے اگر چشم نمائی ہوگی
پر کہیں آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی

شبِ وصال یہ دشمن ہوا ہے گھڑیالی
ہوئی ہے شام بجا تا گجر ابھی سے ہے

وہاں ہے حشر میں دیدار حضرت موسیٰ
نحوستی یہاں مجھے آٹھوں پہر ابھی سے ہے

مر کے بھی جس کی رہیں آنکھیں کھلیں
حسرتِ دید اس کی دیکھا چاہئے

چشمِ گریاں کو وہی لو ہے لگی ابرو کی
آنچ تلوار کے پانی سے بجھائی نہ گئی

صدا یہ آتی ہے ہر دم مزارِ یوسف سے
غرورِ حسن دو روزہ ہے نازنینوں کے

سنبھل کے گورِ غریباں پہ پاؤں کو رکھیں
کہ ہم بھی تھے کبھی سرتاج مہ جبینوں کے

غرورِ حسن سے کیا کیا نہ مہ جبینوں کے
لفافے کھل گئے آتے ہی خط حسینوں کے

کھڑے ہیں بالیں پہ نہ آئیں ابھی باہر والے
رو رہے ہیں مری میت پہ مرے گھر والے

غور کر بام سے داغِ دلِ روشن کو مرے
چاند نکلا ہے ذرا دیکھ تو اوپر والے

دکھا دل بھی ٹکڑے جگر ہوتے ہوتے
ادھر بھی اٹھا درد ادھر ہوتے ہوتے

شبِ وصل گذری مجھے روتے روتے
سحر اُس نے کی ہاتھ منہ دھوتے دھوتے

ہوئی دل میں بھی خنجرِ نوکِ مژگاں
کلیجے میں نشتر چبھوتے چبھوتے

لو عشق کی وہ ہے کہ پتنگے کو جلا کر
سر میں جو لگی شمع کے تلوے میں بھی ہے

آنسو تھمے مژگاں پہ بچے سخت جگر بھی
پھولی ہوئی ٹہنی ہے کوئی شاخ پھلی ہے

سر کٹ گئے اک الفتِ کاکل میں ہزاروں
وہ رات کو گھمسان کی تلوار چلی ہے

حسنِ مہِ نو کم ہو ناخن کے بڑھے سے
جو بات بری بھی ہو حسینوں کی بھلی ہے

پھانسیاں زلف کی دینے میں وہ ٹھگ شیر تو ہے
لوٹ لے ڈال کے کملی مجھے اندھیر تو ہے

نہ پوچھو حسرتِ تشنہ دہانی
وہ مستسقی ہوں جو پانی کو ترسے

لگائے ٹھٹ ہے ہر سو نامرادی
تمنائے دلی نکلے کدھر سے

ملے گا خاک بتخانے میں جا کر
برہمن اور کچھ پوجیں گے گھر سے

دل کی جگر کی سینے کی پہلو کی جان کی
آنسو بجھائے آگ یہ کس کس مکان کی

پسِ فنا بھی یہ لپکا ہے دید بازی کا
کہ مر چکا ہوں پہ آنکھوں میں جان ہے اٹکی

کیا خارِ بیاباں کو غمِ تشنہ دہانی کا
جو آبلہ پا ہے پانی کی وہ چھاگل ہے

دل شکستوں کی نہ کیوں آنکھ سے آنسو ٹپکیں
قطرۂ آب نہ ٹوٹے ہوئے برتن میں رہے

ہوں وہ برگشتہ مقدر جسے پھرتے گذرے
میری مٹی کا جو دانہ کسی سمرن میں رہے

رو رہا ہوں میں چلے تم زلف بکھرا کر کہاں
مینہ برستا ہے گھٹا چھائی ہے کالی رات ہے

بجھ رہے ہیں داغِ دل تربت میں جانیکے لئے
روشنی گل ہو رہی ہے نیند آنیکے لئے

شمع روئے یار و شمعِ بزم میں اتنا ہے فرق
وہ تو جلنے کے لئے ہے یہ جلانیکے لئے

برق و باراں سے ہے خلقت عاشق و معشوق کی
وہ بنے ہنسنے کو ہم آنسو بہانے کے لئے

ہے چشمِ سیہ میں کودکِ اشک
بھونرے میں یہ طفل پل رہا ہے

کیوں موہ نہ لیں دلِ برہمن
آنکھوں میں بتوں کی موہنی ہے

فرقت میں درازیِ شب و روز
ہر موج گُہر ہے تیغِ قاتل

جنوں میں کھیل مچایا ہے سنگ ساری کا
کھِلا نہ آہِ سحر سے بھی غنچۂ خاطر

تیغِ اشک امنڈی ہی کیونکر بچ سکی جانِ حزیں
اٹھا سکے کوئی کیا سرگرانیِ فرہاد

وہ خالِ چشم ہوا اے شاد کیوں نہ مانعِ دید
بیں ہوا اٹھی تو ہم آغوش ہوگی کس سے تو

گرہ میں زر ہے مستوں کے گھٹا آئی ہی اُتر سے
وعدۂ دیدارِ فردا دل کنارِ گور ہے

یہ شکوۂ شبِ وصل کوئی گھڑی ہے
نشانِ قبر وہ ہم دل جلوں کے ہیں اے شاد

قایم ہے ترے ذکر سے میرا تنِ خاکی
کیا جانے کوئی نانِ جویں کا مری رتبہ

سخت جانوں پہ جو کی تیز چھری قاتل نے
شوقِ قتل سے جھکائے ہوئے سر ملیا ہے

جنگل میں مور ناچا "مجنوں تو کس نے دیکھا"
سرگرمِ آہ ہم ہوں مصروفِ نالہ تم ہو

ہستیِ عدم میں نفسِ چند شیر کے
اے شاد موج موج ہے تردامنی مری

دشتِ پیمائی میں مجنوں کا نہ دامن چھوٹے

دن دونی ہے رات چوگنی ہے
جو دم پہ حباب کے بنی ہے

"بھری پُری" رہے لڑکوں کی سنگ سے جھولی
نسیم نے بھی نہ دل کی مرے گرہ کھولی

گر پڑے اک دلیہ لاکھوں حسرت و غم ٹوٹ کے
پہاڑ سے بھی زیادہ یہ بار بوجھل ہے

کہ تل کے اوٹ مثل ہے پہاڑ اوجھل ہے
خاک میں مجھکو ملا کر اے سعد پچھتائیگی

خدا چاہے تو ساقی آج میخانہ میں مَن برسے
ہجر کی شب صبح کے ہونے تک اپنی بھور ہے

تو "رات تھوڑی کہانی بڑی ہے
کہ دودِ آہ ہے دُھونی جہاں رمائے ہوئے

کلمہ کے سہارے پہ یہ دیوار کھڑی ہے
"اللہ سے چھوٹی ہے پیمبر سے بڑی ہے

مڑ گئی باڑھ کہیں دھار کہیں بیٹھ گئی
یہ مثل سچ ہے وہ بڑے بول کا سر نیچا ہے

دیوانگی کا اپنی چرچا گلی گلی ہے
کام و لب و دہن میں یہ بھی کبھی بدی ہے

جھونکے ہیں ہوا کے نہ ادھر کے نہ ادھر کے
دریا بہاؤں گوشۂ دامن نچوڑ کے

بیستوں پر لیکے نام کوہ کن سر پھوڑتے

اس دلِ وحشی کے ہاتھوں وہ ہوں پامالِ جنوں
آبلے روتے ہیں جسکی بیکسی پر پھوٹ کے

ہر نفس اے چشمِ تر کیوں روئیے
کس لئے ہاتھ آبرو سے دھوئیے

جان زلفوں پر کہاں تک کھوئیے
شام کے مرے کو کب تک روئیے

خطِ پیشانی مٹایا چاہئے
اشک سے قسمت کا لکھا دھوئیے

کرتا ہے مثالِ خضر باتیں
طوطیِ خط اُسکا بولتا ہے

سرد مہری سے بتوں کی مر چلے
ٹھنڈے ٹھنڈے ہم خدا کے گھر چلے

دل وہ شیشہ ہے ہوا جو سنگسار
آنکھ کے ڈھیلوں سے بھی پتھر چلے

نیند اڑی یہ چشمِ روزن کی طرح
کر کے بند آنکھیں نہ اک پل سو سکے

دردِ دل اُس گل سے شبنم نے کہا
ہم نہ اُس ہنس مکھ سے دکھڑا رو سکے

ہاں کی کیا ہے آن جو کم ہے
دل لگانے میں جان جوکھم ہے

اُسے دل دیکے صدمہ مفت پائے
اٹھائے رنج و غم بیٹھے بٹھائے

دمِ گریہ یہی کہتے ہیں آنسو۔
بلایا جس نے ہم آنکھوں سے آئے

شاد

شاد۔ گنگا پرشاد صاحب کایستھ ساکن آگرہ شاگرد مرزا حاتم علی مہر اکبرآبادی۔ سنہ ۱۲۸۰ھ میں ۲۳ سال کی عمر تھی۔ اور عدالت ہائیکورٹ میں وکیل تھے۔ طبیعت نہایت رسا اور شوخ تھی۔ یہ کلام ہے ؎

پھرے گردن پہ جب خنجر تو قاتل سے لڑیں آنکھیں
بلا سے جان جائے دید بازی تو ذرا ٹھہرے

حسینوں کے بیاں سے جان تن بیجان میں آتی ہے
الٰہی حسن ہمارے واسطے گویا خدا ٹھہرے

نگاہِ شوق سے اُس بُت کو دیکھیں ہم تو کہتا ہے
تمہیں اک گھورنے والے مرے نام خدا ٹھہرے

تلمذ مہر سے ہے شاد کیونکر ہوں نہ خوش طالع
یقیں ہے طبع روشن اپنی جلوہ طور کا ٹھہرے

شاد

شاد۔ بابو جانکی پرشاد ماتھر قوم کایستھ۔ آپ لالہ درگا پرشاد کے منجھلے صاحبزادے ہیں۔ آپکے دادا لالہ ہردیو بخش خلف لالہ میگھراج اپنے خاندان کے معزز رکن تھے۔ اجداد کی قدیم سکونت جھنجھو فتح پور

متصل ریاست جیپور تھی مگر عالمگیر اورنگ زیب کے عہد میں کسی وجہ سے ترک وطن کرکے فتح پور سیکری
ضلع آگرہ میں اقامت پذیر ہو گئے۔ یہاں قسمت نے انکو شادمانی کا ہرا بھرا باغ دکھایا۔ جاہ و ثروت
کی کمی نہیں۔ زمانۂ موجودہ میں بھی آپکا خاندان پچاس ہزار روپیہ کا مالگذار ہے۔ اور آپکی ذاتی مالگذاری
دس ہزار روپیہ سے زیادہ ہے۔ آپ سمت ۱۹۴۴ بکرمی میں پیدا ہوئے اس حساب سے آپکی عمر ۳۹ سال
کی ہے۔ انگریزی زباں کی تحصیل صرف مڈل تک ہونے پائی تھی کہ سولہ برس کی عمر میں شفیق باپ کا سایہ
سر سے اٹھ گیا۔ آپنے لباس ماتمی اتارنیکے بعد ایک ناقابل برداشت بوجھ کو اٹھایا۔ خانگی انتظام میں
بھی سرگرمی سے حصہ لیا طبیعت میں قدرت نے انتظامی مادہ دیا تھا۔ اسلئے سارے کام خوش
اسلوبی سے سرانجام پائے گئے۔ گورنمنٹ نے بھی انکو باپ کے نقش قدم پر قایم دیکھکر ڈسٹرکٹ بورڈ
کا ممبر بنایا۔ آنریری مجسٹریٹی کے لئے نامزد کیا۔ آپکو نشانہ بازی میں مشاقی گھوڑے کی سواری میں
دستگاہ کامل علم موسیقی میں تھوڑا سا دخل ہے۔ انگریزی لٹریچر کے مطالعہ سے خاصی قابلیت حاصل
کرلی۔ انگریزوں سے ملاقات کرنے میں اچھی انگریزی بول لیتے ہیں۔ آپ جوانِ رعنا۔ جامہ زیب
لطیف طبع۔ خوش بیان شاعر ہیں۔ فصیح الملک داغ دہلوی کو مانتے ہیں اور انکے قابل فخر شاگرد
حضرت نسیم بھرت پوری مرحوم سے خاص ارادت تھی۔ علم عروض و قوافی سے بہرہ یاب ہیں حضرت
خواجہ معین الدین چشتی سنجری اجمیری سے خاص عقیدت ہے۔ ایک مرتبہ دس منٹ میں خواجہ صاحب
کی منقبت میں غزل کہکر درگاہ سے اٹھے۔ نہایت حاضر طبع اور زودگو ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے۔

ہوا ہوں جب سے میں مائل معین الدین چشتی کا
مرا دل ہو گیا ہے دل معین الدین چشتی کا

زبانِ شمع شب افروز یہ فرطِ محبت سے
ترانہ ہے سرِ محفل معین الدین چشتی کا

جو مانگا روضۂ پُر نور پر آکر وہی پایا
پھرا محروم کب سائل معین الدین چشتی کا

جگر ہے میرے قابو میں نہ دل ہی میرے کہنے میں
یہ ہے کشتہ وہ ہے بسمل معین الدین چشتی کا

گنہگارِ محبت ہیں نہ ہم بیمارِ الفت ہیں
مگر اچھوں کے بندے ہیں شہید حسن صورت ہیں

غبار آیا ہے کچھ میری طرف سے دامنِ دل پر
تری باتوں سے ظاہر صاف آثارِ کدورت ہیں

جناب شاد کی تعریف ہم سے ہو نہیں سکتی	سراپا خلق ہیں تفسیر لفظ آدمیت ہیں
غیر کے ملنے سے اور انکار رہنے دیجئے	مجھکو باور آگیا سرکار رہنے دیجئے
نالہ وزاری سے رغبت ہے اگر تھوڑی بہت	اک مرا بستر پس دیوار رہنے دیجئے

شاد - شیخ محمد عثمان خلف شیخ عبدالقادر صاحب پنشنر صوبہ دار میجر سب انسپکٹر پولیس پونہ ۱۸۸۸ء سن ولادت ہے اس حساب سے اب ۳۷ برس کی عمر ہے۔ ظہیر مرحوم دہلوی کی وفات سے دو برس پیشتر اُنسے تلمذ اختیار کیا تھا۔ ابتدا میں محمد عبدالرزاق بہار احمد آبادی سے بھی اصلاح لی تھی۔ اکثر شورزمینوں میں تخم ریزی کی ہے۔ جس سے طائر فکر کی قوت پرواز کا حال معلوم ہوتا ہے۔ الفاظ اور محاورات قدیم کا استعمال کلام میں بہت زیادہ ہے مگر بعض بعض اشعار خوب کہہ جاتے ہیں۔ تیر طلب کرتے ہیں۔ زنجیر طلب کرتے ہیں۔ اس زمین میں خوب شعر نکالے ہیں۔ ایسی سنگلاخ زمین میں کیسا صاف مقطع لکھدیا ہے ؎

ایک وہ دن تھا کہ تھی شاد سے نفرت اُن کو	ایک یہ دن ہے کہ تصویر طلب کرتے ہیں

گو اس شعر میں کوئی مضمون آفرینی نہیں کیگئی ہے۔ مگر فکر رسا کی رسائی دیکھئے کس خوش اسلوبی سے تصویر کے قافیہ کو سہل ممتنع بنا دیا ہے۔ ۱۹۰۸ء میں رسالہ آفتاب سخن پونہ سے نکالتے تھے جو بند ہو گیا۔ اب انجنیری کے محکمہ میں کلرک ہیں۔ پونہ میں راقم تذکرہ سے ۱۹۱۵ء میں ملے تھے مدتوں خط و کتابت کا سلسلہ رہا۔ جو کلام بھیجا اُسکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

بلبل ناشاد ہیں یہ سختیاں صیاد کی	کہہ رہا ہے ہونٹھ سیدوں گا اگر فریاد کی
غنیمت جانتا ہوں بیکسی میں دیدۂ تر کو	دم آخر مجھے قطرہ تو ل جائے گا پانی کا
تمہیں شک ہے تو مقتل میں دوبارہ امتحاں ٹھہرے	ہماری طرح دشمن کا کلیجہ ہو نہیں سکتا
تیری ہنسی کی بات مری دل لگی کی بات	آپس میں ہو نہ جائے کہیں دشمنی کی بات
تم قول دے کے قول سے اپنے مکر گئے	یہ آج ہی کا ذکر ہے یہ ہے ابھی کی بات
حضرت شاد وہ کہتے ہیں کہ امید نہیں	ایسے مجمع میں سُنے داور محشر فریاد

ذبح کرتے ہوئے کہتا ہے کہ فریاد نہ کر
ظلم اتنا تو مرے حال پہ جلاد نہ کر

ہر لب زخم جگر سے یہ صدا آتی ہے
کچھ رعایت مری اے خنجر بیداد نہ کر

ہم اونے پونے بیچ ہی ڈالینگے دل کبھی
لیکن نگاہ ناز خریدار دیکھکر

مٹا نہ بعدِ فنا دل سے داغ حسرت کا
یہی چراغ ہے میرے مزار کے قابل

لگی رہتی ہیں جبتک تاک میں صیاد کی آنکھیں
پھرا کرتی ہیں ہر سو بلبل ناشاد کی آنکھیں

مری آنکھوں پہ پٹی باندھکر مقتل میں لیجاؤ
نہ دیکھی جائیگی جانباز سے جلاد کی آنکھیں

جان لینے کے لئے تیر نظر کافی ہے
آپ کیوں قتل کو شمشیر طلب کرتے ہیں

پھر ذرا شوخ نگاہوں سے کہو کام کریں
پھر مرے قلب و جگر تیر طلب کرتے ہیں

آواز بھی چلمن سے سناتے نہیں اپنی
دنیا میں انوکھے وہی اک پردہ نشیں ہیں

جام الفت نے کر دیا بے خود
ہم نشیں ہم چلے سنبھال ہمیں

اٹھو مئے میکدے سے مستی ملیگی یارو
شیخ بازار میں دوکان لئے بیٹھے ہیں

کبھی تو بھول کر تم یاد کر لو اپنے عاشق کو
ترستی ہیں تمہارے دیکھنے کو شاد کی آنکھیں

قتل پر مرے اٹھاتے تو ہو تلوار مگر
دُہری تہری ہوی جاتی ہے کمر دیکھو تو

خس و خاشاک وہاں کے ہیں مجھے گل سے سوا
میری آنکھوں سے کوئی دیکھے وطن کا نقشہ

مدت کے بعد خواب میں آکر گلے ملے
دن پھر گئے ہیں آج شب انتظار کے

کچھ نہ کچھ مطلب ہی ہوگا ورنہ یہ ممکن نہیں
چھیڑ کر یوں آپ سے اغیار ہنستے بولتے

جناب شیخ کے ہمراہ مے جو پی ہوتی
تو اس گناہ کی پرسش نہ جیتے جی ہوتی

شاد

شاد - عالیجناب خان بہادر مولانا سید علی محمد صاحب شاد - سادات حسینی الحسنی اور امام زین العابدین سے اپنا سلسلہ نسب ملاتے ہیں - انکا بیان ہے کہ محمد شاہ کے بخشی نواب خاندوران خاں جو نادر شاہ سے لڑائی میں بمقام کرنال مارے گئے آپکے اجداد میں تھے - شاہ گردی میں آپکے بزرگ بھی دہلی چھوڑ کر پٹنہ جا بسے - آپ آجکل کے رؤسائے پٹنہ میں ہر طرح موقر ممتاز اور با رسوخ سمجھے جاتے

ہیں عرصہ دراز تک میونسپل کمشنر اور آنریری مجسٹریٹ رہے اور عوام و خواص کو اپنے طرزِ عمل سے
خوش رکھا۔ انگریزی حکام سے بہت میل جول رہا۔ قیصرِ ہند مرحومہ اور بادشاہ ایڈورڈ کی ہر تقریب
اور جشن میں بہ نظرِ خیر خواہی قصائد تہنیت لکھ کر پیش کرتے رہے اور اسی طرح لاٹ صاحب اور دیگر
جلیل القدر حکام جب کبھی پٹنہ آئے آپ نے اُنکے خیر مقدم میں نظم تہنیت پڑھ کر خاطر خواہ داد حاصل
کی جشن جوبلی شصت سالہ قیصرِ ہند کی تقریب پر آپ نے ایک قطعہ تاریخ تہنیت ۱۰ اشعار کا قرمزی
مخمل پر کارچوبی حروف میں زرکار اور سچے موتیوں کی بیل سے سجا کر بطور ارمغان حضور شاہی میں
گذرانا جسکے صلہ میں قیصرِ ہند کے سکرٹری نے شکریہ لکھکر بھیجا۔ اور بندگانِ شاہی کیطرف سے اظہار خوشنودی
کیا۔ اس ارمغان میں کئی ہزار روپیہ لاگت آئی۔ اسی طرح اعلیٰحضرت نظام مرحوم کی تعریف میں ایک
قصیدہ لکھکر تیار کیا۔ مگر بدقسمتی سے کچھ ایسے واقعات پیش آئے کہ باریابی کا موقعہ نہ ملا اور علالت نے
حیدرآباد جانے نہ دیا۔ آپکی حسن توجہ سے ۱۸۸۳ء میں رؤسا کی جانب سے ایک اخبار پٹنہ سے جاری
ہوا۔ اور آپ چار برس تک اُسکے آنریری اڈیٹر رہے۔ اس زمانہ میں ایک مدرسہ بھی جاری کیا۔ تصنیف
کا ہمیشہ سے شوق رہا۔ چنانچہ چھوٹی بڑی ۳۵ کتابیں اور رسالے ابتک چھپ چکے ہیں جنپر ہندوستان
کے مختلف مشاہیر اور اہلِ علم سے خاطر خواہ داد پائی۔ ان خطوط کو فریم کرا کے مولانا نے پورا ایک
کمرہ اپنے دولت خانہ میں سجا رکھا ہے زود نویسی اور شعر گوئی کا یہ عالم ہے کہ پوری ایک الماری نظم و
نثر کے مسودوں سے بھری ہوئی ہے۔ اُردو کے ضخیم کلیات میں صرف رباعیات دس جز میں آئے
ہیں۔ مراثی اور قصائد بھی لاتعداد رقم کئے ہیں۔ ایک خاص بات قابل ذکر یہ ہی کہ جس طرح آپ علوم
و فنون مشرقی کے زبردست ماہر ہیں علوم جدیدہ فلسفی طبعیات و الہامات وغیرہ کے دقیق مضامین
اور مسائل بھی بلا تکلف سلیس اور بامحاورہ زبان میں جابجا نظم فرماتے ہیں۔ مرثیہ گوئی میں روایات
کاذبہ سے اجتناب کرتے ہیں اور واقعات کی حقیقت اور اصلیت قائم رکھتے ہیں۔ میر نفیس مرحوم
نے جب لکھنؤ میں آپکے مرثیہ سنے تو بہت تعریف فرمائی اور اس امر پر تعجب کیا کہ باوجود مبالغہ اور
کاذبی روایات سے احتراز کرنے کے کلام میں پورا درد اور اثر نمایاں ہے اور مرثیہ کی علت

غائی لینے رقت پیدا کرنے کی صفت معدوم نہیں ہوئی اور اسی طرح قایم رہی۔

قطعات تاریخ کہنے میں بھی آپکو خاص ملکہ ہے۔ اور پر گوئی کا یہ عالم ہے کہ قطعات کی تعداد کا اندازہ دو ہزار کے قریب کیا جاتا ہے۔ پٹنہ کے اکثر عمائد کی قبروں اور مکانوں پر آپ ہی کی کہی ہوئی تاریخیں کندہ ہیں۔ اسیطرح مختلف تقاریب شادی وغیرہ پر نہایت کثرت سے رقعہ جات نظم ونثر آپ کی تصنیف سے مشتہر ہو چکے ہیں۔ آپکے کلام میں پختگی اور متانت بدرجۂ اعتدال موجود ہے۔ صفائی زبان اور بندش کا بھی خیال رکھتے ہیں۔ پرگوئی کے باعث البتہ بعض غزلوں میں یہ کیفیت قائم نہیں رہتی۔ اخلاق اور تصوف کی بھی جھلکیاں جا بجا اپنا رنگ دکھا جاتی ہیں۔ البتہ محاورات جا بجا غلط نظم کئے ہیں جس سے انکی زباں دانی پر حرف آتا ہے یہ شعر ملاحظہ ہو ؎

الٰہی خیر ہو دار انیارا ہے ہزاروں کا	زر گل مفت لٹتا ہے خزاں کی میہمانی ہیں

محاورے میں تصرف کرنے سے غرابت لفظی کا عیب پیدا ہو گیا ہے کیونکہ صحیح وارے نیارے ہیں۔ آج تک کسی نے اسکو مفرد استعمال نہیں کیا۔

تذکیر و تانیث کا فرق بھی ملحوظ نہیں رکھتے ہیں۔ جیسا کہ اس شعر سے واضح ہے

جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اُسی کا ہے	یہ بزم مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی

اساتذۂ زبان اُردو نے مینا کو مونث لکھا ہے۔ مذکر غیر فصیح سمجھا جاتا ہے۔ کلام یہ ہے

پیر مغاں کے مجرے دیکھے چلے ہو واعظ
تم نہ پیو جو مے تو خیر حکم تو دو جواز کا

بار سبو وہی اٹھائے جس پہ ہو فضل مے فروش
زاہد خشک یہ بھی کیا بوجھ ہے جا نماز کا

ہیں نگاہ شوق میں متحد ترا کوچہ ہو کہ ہو قتل گہ
تری جلوہ گاہ ہیں دونوں ہیں جو سنا ہی یہ تو وہ کربلا

ہمیں شاد جس کا بہت تھا ڈر وہی بیت آ گیا اخلا
تمہیں کہتے تھے کہ امید سے زیادہ نہ رکھو خلا ملا

وہ ذبح کر کے مری لاش پر یہ کہتے ہیں
تڑپ رہا ہے کہ منہ دیکھتا ہے تو میرا

ٹھہر ٹھہر کے پھرا اچھے مزا تو لینے دے
چھری کہاں تری قاتل کہاں گلو میرا

ستم ہے آدمی کے واسطے مجبور ہو جانا ۔ زمیں کا سخت ہو جانا فلک کا دود ہو جانا

شب وصل اپنی آنکھوں سے یہ سب باتیں دیکھی ہیں ۔ نقاب اُنکا اُلٹنا رات کا کافور ہو جانا

کچھ کہے جاتا تھا غرق اپنے ہی افسانے میں تھا ۔ مرتے مرتے ہوش باقی تیرے دیوانے میں تھا

دیر تک میں ٹکٹکی باندھے ہوئے دیکھا کیا ۔ چہرۂ ساقی نمایاں صاف پیمانے میں تھا

نگاہ شوق مجنوں فرش سے تا عرش جاتی ہے ۔ کہاں تک پردۂ محمل چھپائے روئے لیلا کو

زباں پہ مرتے ہوئے اُنکا نام آ ہی گیا ۔ وہ اک خلوص جو تھا دل میں کام آ ہی گیا

کہا تھا میں نے کہ واعظ بتوں کا ذکر نہ چھیڑ ۔ خدا کے باب میں آخر کلام آ ہی گیا

ق

کیا مقت کا زاہدوں نے الزام لیا ۔ تسبیح کے دانوں سے عبث کام لیا

یہ نام وہ تھا کہ جس کو بے گنتی لیں ۔ کیا لطف کہ گن گن کے ترا نام لیا

وہاں زخم ندیں کس طرح دعا قاتل ۔ تمام عمر تو کھایا کئے نمک تیرا

جہاں میں پھیلے ہیں جتنے مذہب ہر اک میں آخر کلام نکلا ۔ نہ کشف سے مدعا بر آیا نہ کچھ دلیلوں سے کام نکلا

جلو میں پیر مغاں سا رہبر بغل میں ساقی سا فیض گستر ۔ بڑے تکلف سے آیا ساغر بڑے تجمل سے جام نکلا

بڑا تعجب تو شاد یہ ہے وہ شاد سب جسکو جانتے ہیں ۔ اُسی کو سمجھے تھے لااُبالی وہ شیخ بیت الحرام نکلا

پوچھو نہ حال چشم دل آرزو دیدار کا ۔ کھولو نہ راز گردش لیل و نہار کا

پیغام آ رہے ہیں برابر وصال کے ۔ ہر ہر نفس فراق میں قاصد ہے یار کا

کٹ جاتی ہیں پہاڑ سی راتیں امید کی ۔ اللہ رے اگر تو مرض انتظار کا

اس کعبۂ مراد کے عارض پہ دی ہے جان ۔ شمع حرم چراغ ہے میرے مزار کا

اے باغ کیا رہیگی ہمیشہ یوں ہی خزاں ۔ کیا پھر کبھی نہ آئیگا موسم بہار کا

غزل سے کیا مراد اے شاد ہیں صاحب کمالوں کی ۔ کسی دن تصفیہ اسکا مرا دیوان کردیگا

صفائی دل کی لگا کے عینک کبھی جو کھولی کتاب ہمنے ۔ حرام جو تھا حلال نکلا۔ حلال جو تھا حرام نکلا

رہے دلبستگی غم سے بڑھے سوز و گداز اُس کا ۔ گرہ کھل جائیگی اُن کی تو کھل جائیگا راز اسکا

جفا و مہر میں بھی فرق کرنا سخت مشکل ہے

اب اس کا ذکر کیا قاصد جو گذری ہو وہ گذری

روپ پر حسن خداداد کو آنے دیجیے

بال سلجھاتے ہیں ہر وقت مگر میرے بعد

روح چھپتی ہے جو آتا ہے عدم کا مذکور

زاہد سے جب سنو تو زباں پر ہے ذکر حور

کبھی تو آپ کے حسرت زدہ سمجھ لینگے

اُف اُف وہ ہتھیلی سے انکا شرما کے چھپانا آنکھوں کو

ہم باغ میں ناحق آئے تھے یہ بلبل کی حکایت کیا کہیے

جب اہلِ ہوش کہتے ہیں افسانہ آپ کا

احوال جوانی پیری میں کیا عرض کرے دل اک قصہ ہے

وہ خود چاہیں تو ہو عاشق کو حاصل امتیاز اسکا

نہ کہنا اس خبر کو شاد سے دل ہے گداز اسکا

آئینہ ہاتھ میں ہوگا کبھی شانہ ہوگا

یوں ہی رکھا ہوا آئینہ پہ شانہ ہوگا

موت کہتی ہے مقرر تجھے جانا ہوگا

نیّت ہوئی خراب تو ایمان کب رہا

کبھی تو موقعِ اظہارِ آرزو ہوگا

برچھی کا ادا کی چل جانا اُس تیز نگہ کا رہ جانا

منقار کو رکھکر کلیوں پر کچھ اپنی زباں میں کہہ جانا

ہنستا ہے دیکھ دیکھ کے دیوانہ آپ کا

وہ طرز گئی وہ وضع گئی۔ انداز گیا اسلوب گیا

زیست ہے نام تیری فرقت کا

زندگی بھی لقب اسی کا ہے

مطیع عشق بنایا ہے ایک عالم کو

نہ اضطراب ہے باقی نہ بیقراری ہے

تو ہی بتا کہ رسائی ہو شاد کی کیونکر

زندگی تنگ فقط اے شاد عداوت کرلی

کچھ ٹھکانا ہے اِس مصیبت کا

نام مرنا بھی ہے محبت کا

کہاں کہاں جاری ہے حکم عام ترا

ہمیں تو موت نے پہنچا دیا پیام ترا

کمندِ آہ سے اونچا بہت ہی بام ترا

میرے مرجانے پہ مدّاح زمانہ ہوگا

ترے عاشقوں کی بھلی کہی یہ امنگ ہے ترے عشق میں

مرے قاصدوں کی خبر صبا جو سنا سکے تو یہ جا سنا

جو مرگئے تھے بیان میں وہ ہیں غرق اپنے ہی حال میں

یہی آرزو ہے ملیں اگر مجھے شاد مجلسِ وعظ میں

کہ وہ کام کرتے ہیں شیب میں کہ جو مقتضا ہے شباب کا

کوئی انتظار میں مرگیا کوئی منتظر ہے جواب کا

نہ کریں گے شکر ثواب کا نہ گلہ کریں گے عذاب کا

کہیں اُن سے کان میں جھک کے ہم کہ خیال کیا ہے جناب کا

سراپا یاس ہو تو ملتا سراپا درد ہو تو ملتا
غفلت میں ملی اوقات بسر اے عمر گریزاں کچھ نہ کیا

کچھ ضبط نے اپنے کام آیا بات آ گئی آخر کہنے میں
اے تنگیِ جہاں ای شاد حزیں کچھ شعر بھی اسکی نہیں گرتہ

پھر ضرر کیا تری یکتائی میں پیدا ہوتا
میں تو اک حسرت و اندوہ کا پتلا ٹھیرا

جہاں ہے مکتبِ الفت خموش ہو رہنا
بانٹے جنہوں نے خلعت تقسیم کی تھی دولت

کٹی تھی عمر صعوبت میں مرنے والوں کی
لقب کیونکر نہ ہو طبع رسا معجز رقم میرا

ترے رستہ میں ثابت پا کے اک حسرت سی آتی ہے
ہوس سو کی نہ دو سو کی اسی اک خم کا طالب ہوں

فقط شکر و شکایت کے لئے اک آڑ رکھی ہے
جانے بھی دے محل یہ نہیں کبر و ناز کا

صانع کو دیکھنا ہے تو عالم پہ کر نظر
اس عیش مستعار پہ ہوتے ویانہ خوش

اُن کی نگاہ ناز جو بیٹھی تو دیکھنا
ترکِ امید بھی مری آنکھوں میں ہے امید

تجھ میں پوشیدہ دلا نالۂ غماز بھی تھا
اب تو ہلنے کی بھی طاقت نہیں باقی صیاد

ہزار دل کا کام معطل ہیں ایک دل کے بغیر
جہاں تک بن پڑے لے جسم لاغر زرد ہو تا جا

جانے کا وہاں کے شوق ہی تھا جانیکا ساماں کچھ نہ کیا
سب ہم نے کیا جو ہم سے ہوا پر ہم نے مرے جان کچھ نہ کیا

اے جہلِ مرکب اے حیوان اے بیخبر انساں کچھ نہ کیا
تجھسا ہوتا جو کوئی وہ بھی تجھی سا ہوتا

بھول جاتا تجھے پر تو تو نہ بھولا ہوتا
بڑا گناہ یہاں ہے الف سے بے کہنا

مردہ بھی شاد اُن کا محتاج ہے کفن کا
سجدہ میں پاؤں عمر سیوں نے اب دراز کیا

عصا موسیٰ نبی کا تیغ حیدر کی قلم میرا
خود اپنے نقشِ پا کو پھر کے تکتا ہے قدم میرا

تری سرکار سے ساقی نہ روز ینہ ہو کم میرا
حقیقت میں جو سچ پوچھو کرم میرا ستم میرا

آخر ہے رات وقت ہے راز و نیاز کا
آئینہ آئینہ ہے خود آئینہ ساز کا

احسان مانتا ہوں غمِ دل نواز کا
منہ دیکھتی رہے گی حقیقت مجاز کا

اے یاس حوصلہ نہ رہا امتیاز کا
کیا سمجھتے تھے کہ اک خانہ برانداز بھی تھا

کبھی اس باغ میں میں لائق پرواز بھی تھا
چلا گیا ہے پرانے کے بس میں مال اپنا

کوئی تو روئے گا اے شاد اپنی محنت پر
بسی ہوئی ہے امیدوں کی اک نئی دنیا
مریضِ غم کو عبث پوچھتے ہیں مجھ سے آپ
محو ہیں اپنی جگہ آسودگانِ کوئے دوست
خط گلے میں پڑ گیا تھا خون دیتی تھیں رگیں
ہو گئے دنیا کے اندر کیسے کیسے انقلاب
تو بڑا عاقل ہے ناصح تو ہی سمجھا دے مجھے
کس خوشی سے تہنیت دے دے کے کہتا تھا پھر ول
شاد اہلِ شک یوں ہی شک میں پڑے رہ جائیں گے
نکلے آتے ہیں زمیں سے پھول کس کس رنگ کے
اپنی بربادی سے بھی نکلا نہ کوئی مدعا
لاشۂ عریانِ عاشق کا کوئی دیکھے وقار
ہے جو یاس سے محفوظ ڈھونڈ ایسی تمنا کو
نہ کھا ناصح برا ہم میکشوں کو تیری پیری ہے
چشمِ سیہ میں سرمہ ہے زلف سیاہ میں شانہ کر
تشنگی زبان عبث دل میں کھڑی ہیں خار و خس
بھر گئے راستے سے وہ گرد و غبار دیکھ کر
تنگ نہ کر خدا کو مان اے مری دل گرفتگی
شبنم اگر ہے چشمِ نم خندہ زناں ہی عندلیب
دل ہی میں لیجئے صیاد دل کی اس آرزو کو ہم
میں حیرت و حسرت کا مارا خاموش کھڑا ہوں ساحل پر

کوئی تو یاد کرے گا کبھی کمال اپنا
اسی کی شان ہی آنے سے دل کی وسعت کیا
گذر چکا ہو جو حالت سنی اسکی حالت کیا
آرزو دل میں ہے دل آنکھوں میں آنکھیں سوئے دوست
وائے قسمت کس جگہ آ کر تھکا بازوئے دوست
آسماں بدلے زمیں بدلی نہ بدلی خوئے دوست
کون سُنے رہ رہ کے دل کو کھینچتی ہے بوئے دوست
وصل کی شب ہے مبارک دوست کو پہلوئے دوست
ہم انہیں آنکھوں سے اک دن دیکھ لیں گے روئے دوست
شعبدے دکھلا رہی ہے نرگسِ جادوئے دوست
لے اڑی آخر بگولے بنکے خاکِ کوئے دوست
ڈھونکتی ہے اٹھ کے کس الفت سے خاکِ کوئے دوست
نہ ہو حسرت کا جسکو خوف وہ ارمان پیدا کر
خدا کو مان ظالم کچھ تو اب ایمان پیدا کر
قتلِ جہاں کے واسطے تازہ پھر اک بہانہ کر
چھوڑا ابھی برونِ در فکرِ درونِ خانہ کر
رہ گئی میری بیکسی سوئے مزار دیکھ کر
جائیں گے خود قفس میں ہم اب کی بہار دیکھ کر
دونوں پہ دو اثر ہوئے ایک بہار دیکھ کر
دے نہ سکے پیام کچھ طرۂ مشک بو کو ہم
دریائے محبت کہتا ہے آ کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم

حسرت

اے شوق پتہ کچھ تو ہی بتا اب تک یہ کرشمہ کچھ نہ کھلا
ہم میں ہے دلِ بیتاب نہاں یا آپ دلِ بیتاب ہیں ہم

مرغانِ قفس کو پھولوں نے اے شاد یہ کہلا بھیجا ہے
آ جاؤ جو تم کو آنا ہو ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم

میں شاد تنہا اک طرف دنیا کی دنیا اک طرف
سارا سمندر اک طرف آنسو کا قطرہ اک طرف

دیدارِ جاناں کا بھلا کیونکر تحمل ہو سکے
ترچھی نگاہیں ایک سو زلفِ چلیپا اک طرف

وہ تیغ ٹیکے کہتے ہیں دیکھیں تو حق پر کون ہے
ہم اک طرف شاد اک طرف سارا زمانا اک طرف

چاند سے منہ پہ خال دو ایک ذقن پہ رخ پہ ایک
اُس سے خرابی عرب اس سے تباہی عجم

عشوۂ دل گداز وہ ذبح کرے جو بے چھری
ناز وہ دشمنِ وفا رحم کی جسکو ہے قسم

نرگسِ پُرخمارِ یار کرتی ہے کام زہر کا
بادۂ خوشگوار میں گھول دیا کسی نے سم

جہاں چاہو میسر ہے نہ میلا ہو نہ بوسیدہ
خدا نے کیا شرف رکھا ہے مٹی کے بچھونے میں

ہونگی زیادہ اس سے بھی عشق میں جگ ہنسائیاں
دل نے تو آپ مول لیں اپنے لیے برائیاں

فصلِ خزاں ہے بد بلا اس سے خدا پناہ دے
منہ پہ صبا کے بھی لگو اُچھٹنے لگی ہوائیاں

ترچھی نظر سے لیکے کام پھیر کے منہ چلے گئے
ہائے رے کم نگاہیاں ہائے رے کج ادائیاں

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں
کھلونے دیکے بہلایا گیا ہوں

دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم
میں آپ آیا نہیں لایا گیا ہوں

لحد میں کیوں نہ جاؤں منہ چھپائے
بھری محفل سے اُٹھوایا گیا ہوں

دل گیا سینہ سے جب اپنے تو آزادی کہاں
جس کا مالک مر گیا اُس گھر میں پھر شادی کہاں

اُس گلی کی خاک جتنی چھاننی ہو چھان لیں
اے اجل پھر ہم کہاں اور دل کی بربادی کہاں

نہ مے فروش نہ بلبل نہ بادہ خواہ ہیں ہم
سبب ہے کچھ جو تماشائے بہار میں ہیں

بد عہد وہی بلکہ دل آزار رہی ہیں
سب کچھ ہیں مگر پھر مرے غمخوار رہی ہیں

نعمت ہیں حسرتیں جو دلا انتہا کی ہیں
آخر نشانیاں یہ کسی آشنا کی ہیں

اُنہیں دیکھو کہ اب تک غفلتوں سے کام لیتے ہیں
ہمیں دیکھو کہ لے دیکے انہیں کا نام لیتے ہیں

ہوا ناسور سینہ میں تو دل ہنس ہنس کے یوں بولا
نظر بھر کر کہاں ساقی کی آنکھیں دیکھنے پائے

ہمیں اور سیرِ لالہ و گل ہجرِ یار میں

اسیرِ دل کو صبا مژدہ بہار آنے کا دیتی ہے

دل ہے کدھر کھچا ہوا نظر ہے کس کا حسن

الفت بتوں کی حق ہے ہمارے یقیں میں

وہ حسرتیں لحد میں ہیں دنیا تھی جن سے تنگ

آب و ہوا ہمیں نہیں دنیا کی سازگار

عبث دریافت کرتے ہو سبب اس سخت جانی کا
دل یہ کہتا ہے نہیں کچھ کتابوں پہ نجا

فکر کر رکھتی ہے سرما کیلئے گرما میں

دشتِ امید کی جانب جو بڑھاتا ہوں قدم

فنا کے بعد لحد پر وہ آکے روتے ہیں

الفت میں تری پاک ہر الزام سے ہم ہیں

جس چیز کو کہتا تھا برا صبح سے واعظ

نگاہِ شوقِ مجنوں فرش سے تا عرش جاتی ہے
لباسِ اہلِ تقویٰ پر نہیں کچھ منحصر واعظ

ہے عطا تری ہے کرم ترا وہ ستم کہ جسمیں دوام ہو
کبھی دشتِ غم میں پھرا کریں کبھی انکے در پہ پڑے رہیں
یہ دو زندگیاں تو خلاف ہیں نہ بنے گی شاد سے ساقیا

جب میں کہتا ہوں گوارا مری ذلت نہ کرو

ادھر ہم کام کرتے ہیں ادھر انعام لیتے ہیں
یہ تہمت مفت کی زندانِ مے آشام لیتے ہیں

کیسی بہار آگ لگا دو بہار میں

جو اڑنے کی نہیں طاقت فقط پر تول لیتے ہیں

کیا کہوں اس کی وجہ کو ترکِ مے کی نماز کیوں
چھوڑیں جو اسکو تم تو خلل آئے دین میں

وسعت کہاں کی آ گئی دو گز زمین میں

اب جا رہیں گے اور کسی سرزمین میں

خدا معلوم ہم اے شاد کس مطلب سے جیتے ہیں

قدرتِ صانعِ مخلوق کے دفتر سے ہم ہیں
ایک چیونٹی سے بھی تدبیر میں کمتر ہم ہیں

موت آہستہ سے یہ کہتی ہے کہ سر پر ہم ہیں

کہاں کی چھیڑ نکالی ہے کہ دھو سوتے ہیں

دل پاس نہیں ہے تو کس آرام سے ہم ہیں

بوتل میں وہی چیز بھرے شام سے ہم ہیں

کہاں تک پردۂ محمل چھپائے روئے لیلا کو
کہیں کیا ہم نے کس کس بھیس میں دیکھا ہے دنیا کو

اگر اس میں کوئی کلام ہو تو بہشت مجھ پہ حرام ہو
ہمیں مثلِ اپنے بنا لیا کہ نہ کوچ ہو نہ مقام ہو
جو خمار ہو تو ہمیشہ ہو جو شراب ہو تو مدام ہو

سر جھکا لیتے ہیں یہ کہتے ہیں محبت نہ کرو

زیادہ ہم سے کہیں تم ہارا، امید کیوں تجھسے ہے چھا گیا
اجل سلا دیگی سب کو آخر کسی بہانے تھپک تھپک کر

یوں ہی راتوں کو تڑپینگے یوں ہی جاں اپنی کھوینگے
وفاداروں کا خوں اسوقت تک اپنا دکھائیگا

زندگی ہے دل کو بھاری موت عزت کو پسند
پلٹ کر پھر نہ پوچھا شاد جیتا ہے کہ مرتا ہے

گستاخ بلبلوں سے بھی بڑھکر صبا ہوئی
موتی تمہارے کان کے تھرا رہے ہیں کیوں

بس اب جواب ملیگا یہی رہی امید
پلٹ کے دیکھ تو لیتا دیا تھا گر نہ جواب
نہ خم نہ جام نہ میخوار بزم ہے سنسان

رہا کیا ہے دل ویران میں اک ارمان خالی ہے
احوال ہے برہم اعضا کا اس دل کی شہادت دیتے ہیں

جو رات کٹ گئی ہے کیا آئیگی نہ اب کے
لیٹی بلا کی صورت آخر شب جدائی

اے شاد دیکھتے ہو کچھ شمع بجھ چلی ہے
ہزاروں آرزوئیں ساتھ ہیں اسپر اکیلی ہے

ہم اور گل دونوں ہی باغ جہاں کے پھول ہیں لیکن
دل کو میل آتا ہے فرقت سے نہ ساز آتا ہے

بھلا منظور ہوا اپنا تو خدمت کر فقیروں کی
نہ دوست اور نہ کسیکا کوئی عدو نکلے

یہ زعم اپنا بہت غلط تھا کہ تو ہمیشہ جواں رہیگی
نہ ہم رہینگے نہ تم رہوگے نہ شاد یہ داستاں رہیگی

تری مرضی نہیں اے دردِ دل اچھا نہ ہوینگے
وہ مقتل میں خفا ہو ہو کے جب تلوار دھوینگے

بات نازک ہی بہت اے شاد تو مشکل میں ہے
وفادار عدم میں تم بھی جا کر بے وفا نکلے

کچھ جھک کے گوش گل میں کہا اور ہوا ہوئی
فریاد کس غریب کی گوش آشنا ہوئی

پکارتے رہے تجھکو پکارنے والے
حیا سے گڑ گئے تجھکو پکارنے والے
غرض سدھار گئے سب سدھارنے والے

جدہر کو دیکھئے کوسوں تلک میدان خالی ہے
لشکر میں تلاطم برپا ہے سردار کے مارے جانے سے

پھر شمع کیوں بحسرت منہ دیکھتی ہے سب کے
کچھ آج شام ہی سے آثار تھے غضب کے

دلسوز تھے پتنگے کیا جانیں اس کے کب کے
ہماری روح بے بوجھی ہوئی اب تک پہیلی ہے

وہاں مٹھی میں زر ہے اور یہاں خالی ہتھیلی ہے
اور نہ کمبخت ترے عشق سے باز آتا ہے

قضا کو روک دیتی ہے دعا روشن ضمیروں کی
اگر یہ نقش مٹا دیں تو تو ہی تو نکلے

عجب نہیں کوئی مے خوار راہ میں ملجائے
جو گھر سے نکلے تو انسان باوضو نکلے

بہ دلجمعی جیے جبتک جیے جینا اُسی کا ہے
پیئے جو سیر ہو کر رات دن پینا اُسی کا ہے

نگہ کی برچھیاں جو سہ سکے سینہ اُسی کا ہے
ہمارا آپ کا جینا نہیں جینا اُسی کا ہے

تصور اُس رخِ صافی کا رکھ مدنظر ناداں
لگائے منہ جو آئینے کو آئینہ اُسی کا ہے

قدم اپنا فرازِ ہمت عالی پہ رکھتا جا
جسے سب کہتے ہیں زاہد عرش زینہ اُسی کا ہے

بسر ہو میکدہ میں پنجشنبہ بیٹھکر جس کا
جو مینوشی میں کردے صبح آدینہ اُسی کا ہے

فضائے دہر میں یہ سیر گہ جس نے بنادی ہے
تماشائے جہاں میں دیدۂ بینا اُسی کا ہے

کدورت سے دل اپنا صاف رکھو شاد پیری ہے
کہ جس کو منہ دکھاتا ہے یہ آئینہ اُسی کا ہے

شاد — منشی اکرام احمد ولد مولوی اعجاز احمد صدیقی بدایونی۔ آپ شیخ عبدالرحمٰن متولی کی اولاد میں ہیں جو شیخ عبداللہ مکی کے فرزند اکبر تھے ۱۲۹۸ھ میں پیدا ہوئے۔ اردو و فارسی۔ انگریزی میں کافی استعداد ہے آج کل آپ محکمۂ پوسٹ آفس میں کلرک ہیں۔ اشعار میں حسن ترکیب بلندیٔ فکر و سادہ بیانی کا خیال رکھتے ہیں۔ فن سخن میں حضرت احسن مارہروی کے شاگرد ہیں کلام کا انتخاب یہ ہے

یہ حشر ہے کہ وہ نامہرباں نہیں ملتا
ملے گا حشر میں کیا جو یہاں نہیں ملتا

قفس سے چھٹ کے ہواؤں میں خانماں برباد
کہ شاخِ گل پہ مرا آشیاں نہیں ملتا

یہ کس کی موت پر اب رنج کا اظہار رہنے دیں
ملا کر خاک میں دل کو وہ جھوٹا پیار رہنے دیں

ہماری جان بخشیں دیکھے دل بس ہم نے بھر پایا
ہمیں بیمار رہنے دیں ہمیں بیمار رہنے دیں

میں سُنے جاؤں محبت میں برابر طعنے
تم کہے جاؤ بُرا ہاں سرِ محفل مجھکو

جانِ محزوں کے شب ہجر پڑے ہیں لالے
چین دیتا نہیں دم بھر کے لئے دل مجھکو

فلک سے کیا گلہ دردِ ہجر یارب مجھے
کہ اپنے دل پہ نہیں آپ اختیار مجھے

نہ صبر لے مری حسرت کا صبر اے صبر!! اجل
ٹھہر ٹھہر کہ ہے قاتل کا انتظار مجھے

گذر گیا کوئی جی سے تو اُن کو یاد آیا	جفا کے بعد وہ سمجھے وفا شعار مجھے
کسی کا ترکِ ستم بھی ستم میں داخل ہے	بنائے کیوں وہ کرم کا امیدوار مجھے

شاداب

شاداب - جناب سید مہدی حسن خانصاحب بہادر خلف جناب امیر حسن خاں بہادر مہین فرزند نجم الہند حاجی مولوی مولا بخش خاں بہادر سی۔ ایس۔ آئی تعلقہ دار رسول پور ضلع مظفر پور۔ آپکی ولادت سنہ ۱۲۷۰ھ میں ہوئی۔ آغازِ شاعری میں تعلی تخلص کرتے تھے اور اپنی خیال بندیوں کے ذریعہ سے اہل معنی کو طبیعت کی کرشمہ سازیاں دکھاتے رہے۔ پھر شاداب تخلص رکھکر ابرِ فصاحت کی آبیاری سے کشت سخن کو تر و تازہ کیا اور اپنے برادر بزرگ جناب مولوی حکیم محمد ہادی حسن خاں متخلص بہ نایاب کے شاگرد ہوگئے۔ انکے راہی عدم ہو جانے پر حضرت امیر مینائی لکھنوی کو اپنا کلام دکھانے لگے۔ آپ کی زود گوئی مشہور ہے کہ مشاعرہ میں جانے کیلئے فٹن پر سوار ہوئے اور اثنائی راہ میں دس پندرہ منٹ کے اندر طرح کی غزل تیار کرلی۔

حضرت امیر مینائی مرحوم سے آپ کو دلی محبت تھی اور اُن سے بے تکلفانہ ملتے تھے۔ شعر کمتر کہتے تھے۔ مگر جو کچھ کہتے وہ انکو دکھا دیتے۔ آپکا اخلاق نہایت وسیع تھا۔ افسوس ہے کہ ۱۳۲۷ھ روز یکشنبہ ماہ شعبان میں آپنے عالم فانی کو الوداع کہکر گلزار رضا کو سرسبز و شاداب فرمایا۔ انتقال سے کچھ دیر پہلے یہ رباعی کہی تھی ؎

موت آئیگی مر جائینگے ڈرنا کیا ہے	مرضی ہے یہی رب کی تو کرنا کیا ہے
دل کی الجھن تو دور ہو جائیگی	یہ راز تو کھل جائیگا مرنا کیا ہے

آپنے اپنا کلام کبھی جمع نہیں کیا۔ طرز کلام سادہ اور صاف تھی۔ معاملہ بندی اور مضمون کی طرف بھی طبیعت کا رجحان پایا جاتا تھا۔ کہیں کہیں استعارہ کے نمک سے شعر کو نہایت مزیدار بنا دیتے تھے۔ کلام ملاحظہ ہو ؎

ہے عکس رخ سے ترے ساغر شراب میں چاند	عجب یہ ہے نظر آتا ہے آفتاب میں چاند
عقبیٰ کا ذرا دھیان نہیں دارِ فنا میں	گھر بھول گئے چار گھڑی رہ کے سرا میں

اے آہ مری اشک کے پانی میں نہالے
کیوں شگفتہ نہ داغ ہوں دل کے
ہم پر آیا ہے پھوٹ نکلنے افسوں
ہے خموشی جواب واعظ کا
لطف رونے کا جب ہے اے غم یار

بے غسل کئے جاتی ہے درگاہِ خدا میں
پھول سب ہیں تمہاری محفل کے
سر پہ کیا جن چڑھا ہے عاقل کے
منہ لگے کون ایسے جاہل کے
آئے اشکوں میں خونِ دل کے

منفعل بابِ اجابت سے جو ہے آئی ہوئی
کون سی بات آ گئی یاد آنکھ اٹھتی ہی نہیں
چارہ گر ہیں نہیں جینے کا دوا رہنے دے
بے خبر ہوش میں آ فکرِ دوا کیسی
ملک الموت کو بھی موت کا ارماں ہو جائے
دل کے آئینہ میں رخ عکس فگن کسکا ہے
بے وہانی کا ہے دعویٰ تمہیں تقصیر معاف
دل میں دنیا کے خیالوں کو جگہ دوں کیونکر
آئے وہ گورِ غریباں میں تو حسرت سے کہا
کوئی روئے کوئی پیٹے تجھے کیا پروا ہے
کس کا گھر پھنکتا ہے یہ آگ کہاں لگتی ہے

ہم دعا سے اور دعا ہم سے ہے شرمائی ہوئی
اک ذرا دیکھو تو چتون کیوں ہے شرمائی ہوئی
ہو گی اب خاک شفا خاکِ شفا رہنے دے
چارہ گر وقت دعا کا ہے دوا رہنے دے
نزع میں سر جو وہ زانو پہ دھرا رہنے دے
دیکھئے شہرِ حلب میں یہ حسین کسکا ہے
بوسہ لیکر میں بتا دوں یہ دہن کسکا ہے
یہی ظالم ہیں تری یاد بھلانے والے
سوتے ہیں یہ مرے راتوں کو جگانیوالے
تو ہنسے جا مرے ہنس ہنس کے رلانیوالے
اک ذرا سوچ تو اے او دل جلانیوالے

یہ جو سینہ کے پار ہے کیا ہے
ہاتھ ماتھے پہ دونوں آنکھیں بند
کون سی شے چھپی ہے محرم میں
ایسے مرجھائے کیوں ہوئے شاداب

ثمرہ ہے یا کٹار ہے کیا ہے
نیند ہے یا خمار ہے کیا ہے
سیب ہے یا انار ہے کیا ہے
دردِ سر ہے بخار ہے کیا ہے

شاداب

شاداب ۔ شیخ احمد بخش ولد شرف الدین ساکن آگرہ شاگرد مولوی نیاز علی صاحب پریشاں

۱۲۸۶ھ میں ۴۲ سال کی عمر تھی اور اکبرآباد میں جمنا کے پل پر محرر رہتے تھے اپنے استاد کے جاں نثار شاگرد تھے۔ یہ کلام انکا انتخاب ہو کر درج تذکرہ ہوتا ہے ؎

خطا کی ہیں نے بیشک لفِ مشکیں کی چھو لی
زباں سے کیا نکالیں ہم سنیں کیا اُسکے شکووں کو
رہا شاداب برسوں ہمکو لیکا دید بازی کا

طبیعت میں جو کچھ آئے وہی میری سزا ٹھہرے
خدا جانے وہ کیا سمجھے ہمارے جی میں کیا ٹھہرے
حسینوں کا جھگڑا دیکھنے کو جابجا ٹھہرے

شاداں (حاشیہ)

شاداں۔ منشی شرف الدین شاداں۔ قدیم زمانہ کے شاعر معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ متروک شدہ ترکیبیں انکے کلام میں بہت پائی جاتی ہیں۔ اگرچہ فکر کی رسائی اچھی ہے مگر کلام اسقام شعری سے پاک نہیں زیادہ حال معلوم نہیں کہ کہاں کے تھے اور کس کے شاگرد تھے۔ ایک پرانی قلمی بیاض میں کچھ غزلیں نظر سے گذریں انکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

آج اُس خوش ادا نے کام کیا
باادب مجھکو جھک سلام کیا

حلقۂ زلف عنبریں ہیں سجن
واسطے بے دلاں کے دام کیا

شکر کر تو خدا کا اے شاداں
اُس صنمِ سنگدل کو رام کیا

ہے مجھے وردِ زباں تجھ نام کا
یہ وظیفہ ہر صبح و ہر شام کا

نگہ کے تیر سے ابرو کماں نے
اچانک آنکر زخمی کیا دل

ہاتھ آوے جو کہیں یہ رقیب اے شاداں
سر سے تا پانوں جدا کیجئے پوری پوری

رنگ پچکاری بھری شوخ نے چوری چوری
لے گلال آپ پکارا کھی ہوی ہوی

شاداں (حاشیہ)

شاداں۔ فخر قوم و افتخار الملک سخنور بیمثال ناظم ستودہ خصال راجہ راجگان مہاراجہ چندولال مورد افضال ذوالمنن وزیر اعظم و مدار المہام سرکار نظام۔ انکے والد رائے نرائن داس خلف رائے لچھی نرائن کھتری رائے بریلی کے عمائدین میں سے تھے۔ انکے چچا رائے نانک رام کشنر گرداوری دکن تھے انہوں نے انہیں کے ظل عاطفت میں پرورش پائی۔ اور نواب ارسطوجاہ کے وزارت میں ملازم ریاست ہو کر درجہ بدرجہ ترقی پاکر نواب سکندر جاہ کے عہد حکومت ۱۸۰۶ئہ میں عہدہ پیشکاری وزارت آصفیہ پر ممتاز

ہوئے بہت بڑے منتظم فیاض خوش نیکنام اور آپکی سیرچشمی اور دریا دلی کے متعلق آجتک صدہا حکایتیں زبانزد خاص و عام دکن ہیں جو اعلیٰ درجہ کی عزت و نیکنامی انہیں ملی آجتک کسی امیر وزیر کو نصیب نہیں ہوئی۔ مہاراجہ صاحب نے شاہ نصیر دہلوی سے استفادہ کیا تھا اور اپنا دیوان نواب الٰہی بخش خاں معروف کے پاس ہدیۃً بھیجا تھا۔ سحر البیان و شیریں زبان تھی۔ انتظام ریاست میں منہمک رہنے کے باوصف ارباب کمال کے عموماً اور شعرا کے خصوصاً قدردان تھے۔ اُستاد ذوق اور حضرت ناسخ کو آپنے دکن بلایا۔ بتیس برس تک منتظم ریاست دکن رہ کر بعمر ۷۶ سالہ راہی ملک بقا ہوئے اور اکثر اہل کمال کو لاوارث کر گئے جملہ ماہران علوم و فنون کے قدردان تھے۔ بالخصوص شاعری کا شوق اسقدر تھا کہ دوسو سے زیادہ شعرا وابستہ دامن دولت تھے۔ سخاوت کی بابت ایک روایت یہ بھی مشہور ہے کہ جبتک سو ہزار روپیہ خیرات نکر لیتے رسوئی نہ کھاتے تھے۔ اسمیں شک نہیں کہ اس روایت میں کسیقدر مبالغہ ضرور ہے۔ تاہم اسمیں کسی کو کلام نہیں ہو سکتا کہ بڑے سیرچشم اور عالی حوصلہ باذل امیر تھے۔ مہاراجہ صاحب مرحوم کے زمانہ سے عہدۂ پیشکاری اس خاندان میں موروثی ہے۔ موجودہ جانشین مہاراجہ کشن پرشاد بہادر کو سرکار نظام سے وزیر افواج اور مدار المہامی کی عزت ملی۔ مہاراجہ مرحوم فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے فارسی میں قتیل کے شاگرد اور معتقد تھے۔ مہاراجہ کشن پرشاد نے آپکا اُردو دیوان چھاپ کر شایع کر دیا ہے اور سوانح عمری شہرت کدۂ آفاق بھی چھپوا دی ہے۔ آپکا کلام تصوف اور معرفت کے رنگ سے پُر ہے اور اس زمانہ کی سیدھی سادی زبان کا مرقع ہے ؎

سب ہوئے محو اسے دیکھ جدھر سے نکلا
تھی تعجب میں کہ یہ چاند کدھر سے نکلا

کسی کے پی کے گلے دل کا ہار ہو رہنا
بنے تو پھول بنے ورنہ خار ہو رہنا

گئے وہ دن کہ وہ رہتا تھا صورت سیماب
ملا تھا رات کو شاداں بہت خموش رہا

جب غنچہ نے سر اپنا گریباں سے نکالا
بلبل نے قدم پھر نہ گلستاں سے نکالا

جئیں کسطرح سے ہو چھوڑ کے بھلا در اپنا
بھول جاتا ہے مسافر بھی گھر اپنا

صبح کو کچھ وہ کہتا تھا سراسر لاف تھا
کیوں نہ آیا رات کو گر دل میں ہم سے صاف تھا

پھول سے بھی تو ہے سبک بلکہ صبا سے نازک
میں چھپا لوں گا تجھے آ مرے داماں میں آ

اپنے معشوق سے ہم جوش میں آ
کب سے کہتے ہیں کہ آغوش میں آ

پردۂ چشم اٹھا، دیکھ ادھر
اتنا بیہوش نہ ہو، ہوش میں آ

جس نے تجھے جانا پھر اس نے ہی لیا جانا
بس وہی موحد ہے جو ایک خدا جانا

سوائے لطف کے اپنے بہار میں کیا تھا
بجز پیالۂ کف بادہ خوار میں کیا تھا

جلوۂ حسن تیرا کیا کہیے
جس نے دیکھا وہ بس نشانہ تھا

کیا عاشق کو تو نے یوں نظر بند
کہ جوں آنکھوں میں ہوتی ہے نظر بند

جدھر دیکھا مری نظروں میں تو تھا
مثال آئینہ خود روبرو تھا

نہ تھا کچھ ہوش محوِ بےخودی تھا
کبھی میرا یہ رنگِ عاشقی تھا

مکاں ایک ہی گرچہ راہیں ہیں دو
یہ دیر آپ کا وہ حرم آپ کا

جب سے دیکھا تجھے نہ ہوش رہا
ہو کے حیرت زدہ خموش رہا

[illegible]

دیکھا تو خواب میں بھی ترا ہی خیال تھا
اٹھا جو چونک کر وہی شوقِ وصال تھا

جس نے دیکھا اسے سو جان سے تماشائی تھا
طاقِ نسیاں پہ وہاں دفترِ دانائی تھا

گل میں جوں رنگ ہو پیوستہ نزاکت آمیز
پیرہن یار کا یا جامۂ زیبائی تھا

نقش دیوار ہوا دیکھ کے ہر ایک اس کو
مل کے غازہ کو وہ جب محوِ خود آرائی تھا

سختیاں عشقِ بتاں میں نہ اٹھا، شاداں
کون جوڑے گا اسے دل جو تمہارا ٹوٹا

اس طرف دھوم سے ساون کا مہینا آیا
اس طرف یار لئے ساغر و مینا آیا

بھلی لگے ہے کسے سیرِ بوستاں تنہا
نہ جاؤں باغ کو بے یار باغباں تنہا

جس طرح بحر میں حباب رہا
اپنا اس طرح سے شباب رہا

راہبر ہو تو تجھے تا سرِ منزل پہنچائے
راہ تو دور ہے اور بیچ میں روڑے پتھر

کام رستم کا کرے جو اسے کہئے رستم
وہ زبردست ہے جو ہاتھ سے توڑے پتھر

ہو تیرا اسہارا تو پہنچے کاہ سے آہن
پتھرا کے رہ گئی وہیں موسیٰ کی چشم شوق
بہار ایسی کبھی چھائی نہیں دیکھی گلستاں پر
ہوتا ہے کون عاشق ناشاد کی طرف
کیا رنگ رنگ کی ہیں طرحدار صورتیں
باقی نہ رہا حرف دوئی پیش رخ یار
وہ پوچھتے ہیں جو ہم کو شاداں
جنہوں کو کشف ہوتا ہی عیاں ہوتا ہی سب انپر
برنگ بوئے گل رہتے ہیں گل میں اور جدا اس سے
صنم وہ جس گھڑی کھولے ہی منہ پر اپنی بالوں کو
اپنے ہاتھوں سے پلاتا ہے پیا بھلے ساقی
آنکھ سے پردہ نکر پڑے کا گھر یہ بھی تو ہے
چھپکے اسکو دیکھنا چاہیں تو دیکھیں کس طرح
سنا نہ تم نے یہ گفت و شنید یوں ہی گئی
خدا کا شکر کہ شاداں امید بر آئی
بہار ابکے ہمارے ہی گھر میں آئی ہے
صفحۂ دل پر میں کھینچوں شکل جاناں تو سہی
یوں چاہتا ہوں سینہ سی سینہ لگا رہے
گر وہ نہیں ہے یار تو پھر یار کون ہے
زاہد کرے ہے زند گنہگار ہے خجل
تک لینی تھی مجنوں کی خبر وحشت جنوں میں

ہمراہ بگولے کے چڑھے ہے سنگ ہوا پر
نور اسکا جلوہ گر جو ہوا کوہسار پر
گماں ہوتا ہے جنت کا زمین کوئے جاناں پر
سارا جہاں ہے اس ستم ایجاد کی طرف
کچھ تو نگاہ کیجئے ایجاد کی طرف
آئینہ کو دیکھا تو نظر آئے ہمیں ہم
تم کہدو کہ جاں نثار ہیں ہم
دیوانے بھی کہیں دنیا میں دانشمند ہوئے ہیں
جو ہیں آزاد دنیا میں وہ کب پابند ہوئے ہیں
کھلاتا ہے دو طرفہ ہاتھ میں لے کے کالوں کو
آج توڑا اک ہی میٹھی ہوئی پیمانوں کی
تو تو دیکھے ہم نہ دیکھیں طرفہ تر یہ بھی تو ہے
دیکھتے دیکھے نہ کوئی ہم کو ڈر یہ بھی تو ہے
ملے نہ تم سے ہم اب کی بھی عید یوں ہی گئی
جو تھی رقیب کے دل میں امید یوں ہی گئی
گھٹا بھی عیش کی چاروں طرف سی چھائی ہے
اے مصور لکھ کے دکھلا دوں گلستاں تو سہی
انگشتری میں جیسے نگینہ لگا رہے
اس میں وفا نہیں تو وفادار کون ہے
دیکھیں کرم کا اس کے سزاوار کون ہے
افسوس یہاں صاحب محمل نے کمی کی

آنکھیں ہوں تو کوئی اُس کو دیکھے　　　آنکھوں ہی کے پردے میں نہاں ہے

اے پری وش تو نے پائی ہے وہ صورت دلفریب　　　آدمی کا ذکر کیا آئینہ بھی حیراں ہے

کر دیا دل تنگ غنچہ کو دہانِ یار نے　　　آگ پھولوں میں لگائی آتشِ رخسار نے

قطرہ دریا کی جدائی سے کرے جب اضطراب　　　ابرِ رحمت قطرہ کو اک آن میں دریا کرے

آنکھ سے نیند بھی راتوں کو اُچٹ جاتی ہے　　　دل میں کھٹکا جو ترا آٹھ پہر رہتا ہے

تیری الفت نے کیا پسیٹا ہے　　　شل موجِ گہر سمیٹا ہے

ہماری یار سے اچھی بنے گی　　　چھنیگی اُس سے اور گاڑھی چھنیگی

ہزاروں تجھ پہ شیدا ہیں قمر سے　　　کروروں تجھ پہ غلطاں ہیں گہر سے

شکل ہستی سراب کی سی ہے　　　بے ثباتی حباب کی سی ہے

جلوہ گر وہ جو بام پر ہے آج　　　چاندنی ماہتاب کی سی ہے

چھپا نہ رازِ محبت کا بوئے گل کی طرح　　　جو بات دل میں تھی وہ درمیاں نکل آئی

اُچٹ گئی مری آنکھوں سے نیند اے ہمدم　　　حدیثِ عشق کی جب داستاں نکل آئی

رباعی

سو طرح سے کر کے جبہ سائی دیکھی　　　ہر رنگ میں شانِ کبریائی دیکھی

کچھ اور تو آیا نہ نظر شاداں کو　　　جو کچھ دیکھا تری خدائی دیکھی

مخمس

اللہ رے اُس کی کبریائی　　　بندے کو نہیں وہاں رسائی

شاداں یہ خدا کی ہے خدائی　　　کرتا ہے وہ سب سے جو بھلائی

حمد اسکی نہ طاقتِ بشر ہے

شاداں

شاداں ۔ منشی بساون لعل شاداں قوم کاتھ میر منشی نواب امیر خاں بہادر والئی ریاست ٹونک یہ منشی صاحب بہت ذہین اور ذکی شخص تھے کتاب امیرنامہ یعنی سوانح عمری نواب موصوف کی انکی تصنیفات سے ہے اور ایک فارسی مثنوی بھی انہوں نے نواب ممدوح کے امیروں کی حالات میں لکھی تھی۔ ہندی کی شاعری میں بھی قاصر نہ تھے۔ ایک دن امیر خاں نذر باغ کی سیر کر رہے تھے

منشی جی بھی آئے نواب صاحب نے فرمایا کہ دیکھو گلاب کیسا پھول رہا ہے۔ عرض کیا کہ حضور کے قدموں کی برکت ہے اور فکر کر کے یہ رباعی فی البدیہ موزوں کی۔ نوابصاحب ٹہلتے ہوئے انکی طرف آئے تو کہا سنیے۔

گل گلاب نے خوبی عجب دکھائی ہے
بہار جامۂ گل گوں پہن کے آئی ہے
جو پوچھیے تو یہ ہے برکتِ قدومِ حضور
وگرنہ گل نے یہ خوبی کہاں سے پائی ہے

نشاداں

نشاداں ۔ عندلیب چمن زار شیریں مقالی۔ گلچین بوستان نازک خیالی۔ جناب منشی ٹھاکر پرشاد۔ متخلص بہ نشاداں لکھنوی آپکے والد لالہ منولال قوم کایستھ۔ رؤسا کے طبقہ میں ممتاز تھے۔ اسی خاندان میں لالہ لاچند محرر شاہی" نواب سعادت علیخاں کے زمانہ میں تھے۔ لالہ لاچند ابن لالہ سکھانند "سدبرتی" نے لکھنؤ محلہ مشک گنج میں طرحِ اقامت ڈالی۔ نواب کیطرف سے انہیں اخبار نویسی۔ کارخانہ جات طاہر خانہ کے خدمات سپرد کیے گئے۔ رائے نشتاب رائے نے اپنی ہمت ذاتی سے غازی الدین حیدر کے عہد میں آسمان سے باتیں کرنیوالی عمارتیں بنائیں۔ اپنے اقبال کی تاریخ کو دوبارہ دہرایا مگر ہنگامہ غدر میں انقلاب کے ظالم ہاتھوں نے انکو ڈھا دیا۔ منشی صاحب نے ان تمام حالات کو نظم کا لباس پہنایا۔ ارشاد فرماتے ہیں ؎

مکان ہائے مشک گنج کے ہوئے مسمار
یہ شاہ گردی سے پایا نتیجہ آخر کار

اب یہ خاندان محلہ حسین گنج میں آباد ہے۔ منشی صاحب کے پسر سوم بابو شنکر دیال صاحب ابھی حیات ہیں جو پرتاب گڑھ اودھ کی عدالت میں وکیل ہائیکورٹ ہیں۔ گو شاعر نہیں مگر شعرا کے قدردان ہیں۔ اور وہاں کے مشاعروں میں شرکت فرماتے ہوئے داد سخن دیتے ہیں۔ منشی نشاداں کا دیوان سنہ ۱۳۳۲ھ میں شایع ہوا ہے۔ جو خیالات عجیب مضامین غریب کا گلدستہ ہے۔ طبیعت قیود متروکات کی پابند نہیں۔ قدیم زبان بولتے ہیں۔ طبع کی روانی میں کبھی ایسے صاف اور عمدہ شعر کہہ جاتے کہ خود بھی احساس نہیں ہوتا ہم نے کیا کہا۔ باایں ہمہ آپ نیچرل شاعر ہیں مگر علم بیان و معانی کو ادائے بیان میں ملحوظ رکھتے ہیں۔ قدیم مشرقی ادب کے شیفتہ۔ صنایع بدایع کے فریفتہ۔ ناظرین آپکی قابلیت کا اندازہ ایک رقعہ سے کر سکتے ہیں جو طبابت سکے تلاذہ میں لپنے بھائی منشی سالک رام کو

لکھا ہے۔ اسکو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگلے بزرگ اُردو زبان کی انشاپردازی فارسی زبان سے کسقدر مشابہ بنانا چاہتے تھے۔ چند جملے یہ ہیں۔

نبض شناسِ درونِ سینہ ریشاں ۔ باعث تندرستیٔ خویشاں ۔ سامی نامہ سعادت آگیں کہ جس کے الفاظ خاصیت نوشدارو ۔ ہر حرف فواکہ میوۂ اتحاد سے ہم پلۂ ترازو سنبل الطیب انکے روبرو سرنگوں ۔ عبارت پرپیچ سے نافہ بطن آہوئیں آمادہ صحرائے جنوں نکتوں کو مصری کی ڈلی یا دانہ مسلسل انار شیریں یا بیدانہ طراوت آگیں سے مناسبت یا دانۂ عناب ولایتی سے مشابہت دیجئے۔ فقروں کو قاش سردۂ کابلی طرحدار یا خوشہ کیلہ خوشگوار کہئے۔ عین انتظار میں سایہ فگن ہوا۔

افسوس ہے کہ آپکا دیوان کاتبوں کی عنایت سے اکثر جگہ غلط چھپا۔ کلام کا انتخاب یہ ہے۔

جامِ جم جا تا رہا طشتِ زمیں باقی رہا
کاسۂ چرخِ کہن بھی ویسا کورا رہ گیا

رخ و زلفِ سیہ سی ہے شبانہ روز اک دہشت
شبِ ہجرت کٹی جیوں تیوں تو آیا روز شامت کا

طوطیٔ خوش مقال سے خالی قفس رہا
دل بستگی کو ہائے یہ تارِ نفس رہا

کبھی راتیں وہ تھیں حاصل کہ پینا ہی کا قلقل تھا
نشوں کی تھی چڑھائی اور سرورِ عیش بالکل تھا

بغل میں اک طرف ساقی تھا اور تھی چاندنی چھٹکی
سے الفت میں سرخوش تھا کہ سترِ تغافل تھا

فلک کو رشک یہ آیا کیا برباد سب جلسہ
کہے ہے یہ مغاں اُٹھ اُٹھ یہاں شیشہ وہاں قلقل تھا

باطن کے دانت اور ہیں ظاہر کے اور ہیں
سچ ہے مثل کہ ہاتھی کے ہیں دو رقم کی دانت

چشم بد دور کہ ہیں آپ قمر کی صورت
حوریں یا ئینگی کہاں ایسے بشر کی صورت

گھر میں آرام جو ہی وہ ہمیں غربت میں کہاں
ایک ہوتی ہے سفر اور سقر کی صورت

ملکِ ہستی میں کہاں دیکھوں گھر کی صورت
ہاں عدم سے کوئی مل جائے خبر کی صورت

زر سے شاداں نہیں کوئی شئہ زور
سب پہ بالا ہوئے ہیں زر کے پیچ

دہن میں اُسکے یوں سرخی نمایاں
شفق میں جس طرح ہو جھرا نور

ہے شبِ ہجراں میں رونے سے مرے بیزار شمع
سانپ کاٹے تو ہو دوا ممکن
یاد آئی اُس لبِ رنگیں کی سرخی یک بیک
اُس کے کوچہ میں جو چلتی ہے نسیم عطر بیز
وحشت اُس گلرو کو ہے اس درجہ میرے نام سے
قصر میں اور سقف در میں اسکے ہیں گلکاریاں
روشنیٔ یادِ حق دل میں ہوئی جب آشکار
تجھکو کہئے یا فرشتہ یا کہ غلمانِ بہشت
بے حجابانہ کریں وے بات غیروں سے یونہی
نُور اسکا ہے دہر میں چھایا
عیاں ہے میری یہ شور و شر سے فلک پہ بجلی زمیں پہ باراں
تم جو آؤ نعمتیں سب جمع ہوں محفل میں عجب
عکس آئینہ کی مانند ہیگا یہ کارِ جہاں
جو دیکھے چہرہ ترا گل تو بیکلی ہو جائے
داغ چیچک کے جو اُس مہ کے جبیں پہ ہیں عیاں
باغباں غافل نہ ہو بادِ خزاں کا خوف کر
سلائی سرمہ کی مرعوب چشمِ یار کو ہے
جو دیکھے مہر کو واں اسکی برتری ہو جائے

میری حالت دیکھکر گھٹتی رہی ہر بار شمع
زلف کاٹے تو کیا کرے تریاق
اشکِ سرخ آئے نکل روتا رہا میں دیر تک
کیا عجب ہوں شگفتہ اسکی سب "جا پہ دُر کے پھول"
قبر پر جاکر نہ ٹھہرا۔ واپس آیا دہر کے پھول
گلشنِ فرخار پر خنداں ہوں اسکے در کے پھول
دل منور ہوگیا اور طور آنکھیں ہوگئیں
نور کا سارا بدن اور حور آنکھیں ہوگئیں
ہم سے کہنے کیلئے رکھتے ہیں پردہ کان ہیں
ہے شجر میں حجر میں ہر شے میں
یہ آہ سوزاں و چشم تر سے فلک پہ بجلی زمیں پہ باراں
ابر و بادہ جام و ساقی شمع و سر آئینہ
گور میں کب لے گیا اپنی سکندر آئینہ
جو ذقن کو پری دیکھے باؤلی ہو جائے
دن کو معلوم یہ ہوتا ہے کہ اختر نکلے
ایک دن دیکھے گا تو پھولوں کو مرجھائے ہوئے
عصا ضرور ہو بیمارِ ناتواں کیلئے
پڑے جو سایہ زمیں پر تو وہ پری ہو جائے

شاداں

شاداں ۔ خان بہادر مولوی سید زین العابدین خاں پنشنر سبارڈنیٹ جج و رئیس علیگڑھ انکے والد مولوی محمد حسین مرحوم جونپور کے قدیمی عمائد میں تھے۔ مگر انہوں نے سر سید احمد خاں مرحوم سے یکجہتی و دلی اختصاص کے باعث علیگڑھ میں اقامت اختیار کی اور وہیں ۲۷ برسکی عمر میں انتقال کیا

مولانا نعمی کے گھر سے دوست تھے۔ غالباً فن سخن میں بھی انہیں سے مشورہ ہوگا۔ راقم تذکرہ کو بھی آپ سے نیاز حاصل تھا۔ اُنکے بیٹے ڈپٹی زین الدین مین پوری میں کلکٹر ہیں۔ یہ چند شعر تبرکاً درج ہیں۔

طلب عیش میں تن سے ہے طلب یار میں روح	کیا عجب تن سے جدا ہو اسی تکرار میں روح
جان ہے تن سے جدا اس سے نہ الفت چھوٹے	گور میں جسم ہے اور کوچۂ دلدار میں روح
خواب میں ڈہونڈنے کے واسطے اُس یوسف کو	گھر سے راتوں کو نکل جاتی ہے بازار میں روح
میں بھٹکا تھا تیری نصیحت سے واعظ	ملا اُس صنم سے خدا کرتے کرتے

شاداں

شاداں۔ مہر سپہر شاعر خورشید فلک سخنوری ناظم رطب اللسان۔ شاعر معجز بیان مرزا حسین علیخاں المتخلص بہ شاداں دہلوی خلف اصغر نواب زین العابدین خاں عارف نبیرۂ مرزا قاسم جان سہراب جنگ (جنکے نام سے ابتک قاسم جان کی گلی دہلی میں مشہور ہے) مرزا زین العابدین خاں عارف۔ نواب الٰہی بخش خاں معروف کے نواسے اور مرزا غالب کی حقیقی سالی کے لڑکے تھے اور بچپن سے اُنہیں کے زیر سایہ پرورش پائی۔ مرزا ہی کی تعلیم و تربیت کے زیر اثر رہ کر رموز و نکات شاعری حاصل کئے۔ فارسی کی استعداد نہایت عالمانہ تھی۔ اُردو میں بھی پُرگو اور قادر الکلام شاعر تھے۔ چنانچہ دو دیوان اُردو کے مولف ہذا کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں۔ گو عام طور پر اُنکی شہرت نہیں ہے۔ زین العابدین خاں عارف نے عنفوان شباب میں انتقال کیا۔ انکا مفصل ذکر ردیف (ع) کی جلد میں آئے گا۔ دو بچے۔ مرزا باقر علیخاں کامل اور مرزا حسین علیخاں شاداں اپنی یادگار چھوڑے۔ ان دونوں کو مرزا غالب نے نہایت ناز و نعم سے پالا اور دونوں کو اپنا متبنیٰ کر لیا۔ مرزا کی وفات کے بعد مرزا باقر علیخاں کامل نے ریاست الور میں بہ عہدۂ وکالت سلسلہ ملازمت اختیار کیا اور مرزا حسین علیخاں ریاست رامپور میں مرزا غالب کے تعلق قدیمانہ کی وجہ سے بزمرۂ شعرائے دربار ملازم ہوئے۔

مرزا شاداں کو زمانہ طفلی میں اکثر حضرت غالب کے تلامذہ چھیڑا کرتے تھے کہ تم کو جب شعر ہی کہنا نہیں آتا تو تم مرزا کی فرزندی کا کیا دعوے کرتے ہو یہ سنکر خاموش ہو جایا کرتے تھے۔ ایک دن کا

واقعہ ہی کہ مرزا شاداں پتنگ اُڑا رہے تھے طبیعت نے جوش جو مارا تو ایک شعر موزوں ہو گیا فوراً مرزا قربان علی بیگ سالک کے پاس آئے اور کہا کہ آج ہم نے ایک شعر کہا ہے آپ اُسے درست کر دیجئے۔ یہ کہکر یہ شعر پڑھا ؎

دل مضطرب کا ہے اپنے قصور	نشانہ جو انکا خطا ہو گیا

اسوقت مرزا شاداں کی عمر بارہ تیرہ سال کی تھی حضرت سالک اور تمام سامعین سُنکر حیران ہو گئے۔ اسی طرح فغان دہلی کی تحریر کے وقت بھی انکی عمر تیرہ چودہ برس کی ہو گی کہ متعدد شعرا کے شدید تقاضے سے عاجز آ کر کہ اُستاد کے بیٹے ہو کچھ تو کہو۔ انہوں نے دہلی کا مرثیہ کہا جس کا ایک شعر یہ ہے ؎

مٹ گیا خوب ہوا نام و نشان دہلی	میری پاپوش سے اب مرثیہ خوان دہلی

رامپور میں انکو پہلے تیس روپیہ ماہوار ملتے تھے مگر پھر ساٹھ روپیہ ملنے لگے۔ نواب کلب علی خاں خلد آشیاں کا دربار اسوقت مرجع اہل کمال ہو رہا تھا۔ امیر و داغ کی شاعری کا پورا پورا شباب تھا۔ یہ بھی اُسوقت انہیں کے ہم صحبت تھے مگر متواتر شعر کہنے کا اُس وقت تک اتفاق نہ ہوا تھا۔ مگر ایک مرتبہ نواب صاحب نے ان سے لہجہ طنز میں کہا کہ مرزا غالب کی تنخواہ تو لیتے ہو شعر بھی تو اُنکا سا کہا کرو۔ چنانچہ ایک مرتبہ مشاعرہ ہوا۔ ع۔ جلوے مری نگاہ میں کون و مکاں کے ہیں اسی بحر اور اسی قافیہ ردیف کی طرح تھی۔ مرزا شاداں نے بھی اس زمین پر گلکاری کی اور سچ تو یہ ہی کہ نہایت سیر غزل لکھی۔ شریک مشاعرہ ہو کر اور اپنی اس پہلی غزل سے سامعین کے دلوں کو ہلا دیا۔ آخر زمانہ میں انکو مالیخولیا ہو گیا تھا جسکی وجہ سے یہ خیال انکے ذہن نشین تھا کہ شاعر کے لئے دُبلا ہونا نہایت ضروری ہی۔ مرزا ارشد گورگانی جو انکے جگری دوست تھے اُن سے مرزا شاداں کہا کرتے تھے کہ داغ کو کبھی شعر کہنا نہ آئے گا کیونکہ شاعری اور فربہی سے بہت بُعد ہی۔ یہ ہوتے ہوتے یہ جنوں یہاں تک بڑھا کہ پانی بھی پینا بہت کم کر دیا۔ ایک چھوٹی سی سیپ کی ڈبیہ میں احتیاط کی وجہ سے پانی پیا کرتے تھے۔ حکیم غلام رضا خاں مرحوم نے انکو خمیرہ کا ایک نسخہ لکھدیا۔ اب غذا

بھی بالکل ترک ہوگئی تھی۔ یہ معمول کرلیا کہ دس بارہ آنے کے پیسے جیب میں ڈال کر بازار میں آکر کھڑے ہوگئے اور دو دو چار چار پیسوں کا خمیرہ لیکر کھانا شروع کیا جب سب پیسے ختم ہوگئے مکان پر آکر لیٹ رہے۔ اب نقاہت اس درجہ بڑھی جس نے جان ہی لیکر چھوڑا۔ آخر ۲۷ برس کی عمر میں مرض توہم میں مبتلا رہکر اس دارفنا سے عالم بقا کو رخصت ہوگئے۔ شاداں نے مرزا کی وفات کے بعد کمتر مولانا حالی سے اور بیشتر نواب مرزا قربان علی بیگ سالک سے مشورۂ سخن کیا۔ مرزا شاداں کی طبیعت میں بچپن سے شوخی و شرارت بھری تھی، ایک دن کا قصہ ہے، کوئی تیرہ چودہ سال کی عمر ہوگی کہ انہوں نے مرزا غالب سے کہا کہ نانا جان ہمیں پچاس روپیہ کی ضرورت ہے ابھی دیدو۔ مرزا نے کہا بیٹا میرے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے تمکو کہاں سے دوں، شاداں بضد ہوئے اور کہا ہم تو لیکر ہی ٹلینگے اسپر غالب نے جواب کہ روپیہ تو نہیں ہے میری بوٹیاں کاٹ لو یہ سنکر مرزا شاداں چھری لیکر کھڑے ہوگئے اور کہا نانا جان آپکی ایک ایک بوٹی بھی تو پچاس پچاس روپیہ کو بک جائیگی۔ مجھے جگہ بتادیجیے کہ کہاں سے کاٹوں۔

سبحان اللہ کسقدر پرلطف شوخی تھی۔ اور اسی شوخی کے باعث کلام بھی نہایت درجہ شوخ نظر آتا ہے۔ مجموعہ کلام انکی وفات کے بعد انکے اعزا و احباب کی غفلت سے تلف ہوگیا۔ اکمل الاخبار ان ایام میں جاری تھا۔ اسکے پرانے فائلوں اور بعض دہلی کے مشاعروں کی غزلیں بسعید کاوش و جستجو سے ملیں وہ درج ذیل ہیں۔ میرا خیال ہے کہ سجاد۔ میرزا ارشد۔ نواب احمد سعید خاں طالب۔ منشی بہاری لال مشتاق انکے ہم صحبت و ہم مشق تھے۔ جودت فکر اور نازکخیالی اور مضمون آفرینی کیطرف طبیعت کا رجحان زیادہ تھا۔ اپنے والد گرامی قدر کی طرز شاعری کے اسیر تھے۔ زندہ رہتے اور عمر وفا کرتی تو لوگوں کو ان سے امیدیں تھیں کہ انکا نام خوب روشن کرتے کلام ہدیہ ناظرین ہے ؎

ہے مژدہ وصل اب بھی پیغام قضا کا خلوت میں زلیخا سے چھٹا دامن یوسف	عادی ہوں غم و رنج کا خوگر ہوں جفا کا اوچھا جو ذرا ہاتھ پڑا الجنت رسا کا

چھوٹے نہ غم و رنج سے ہم بعد فنا بھی
نازک ہے وہ کتنا کہ تصور میں بھی میرے
یاں ضعف سے رنگ اُڑ نہ سکا اور وہ سمجھا
ہے فتح ہزیمت بھی بتوں کی کہ جہاں کو
وہ معنیٔ روشن کی تجلی ہے کہ شاداں
ناز کرنا تو ذرا اس پہ سمجھکر کرنا
آئینہ توڑ کے کہتا ہے وہ مغرور جمال
تری لافِ نازکی کا مجھے اعتبار ہوتا
تری ہر ادا پہ مرتا ترے ہر سخن پہ جیتا
انہیں سمجھا بیاں تھیں مری بیخودی کے باعث
مری خاک ہو تسلی ترے وعدۂ غلط پر
مدد اے بخت کہ سب کام بنے جاتے ہیں
مژدہ اے یاس کہ پھر آئی مصیبت دل پر
غیروں پہ ہیں وہ لطف کہ بڑھتے ہیں ہمیشہ
ذوقِ نظارہ سے نہیں باقی ادب کا نام
شاداں نے دل لگا کے بتوں سے بُرا کیا
آئینہ دیکھ کے کہتے ہیں یہ منہ پھیر کے وہ
پردہ اُٹھا ہوا ہے رُخِ پُر جمال کا
میری نگاہ شوق پھر آئی مگر کہیں
ایسا نہ کیجو ضعف کہ اُس در کی راہ میں
ہیں اہل بزم ہاتھ جگر پر دھرے ہوئے

سر مرا جبکہ تہ زانوئے قاتل آیا
اک مزا وصل کا مجھکو دمِ بسمل آیا
اُس کے کوچہ سے نہ نکلا کوئی بچکر ہرگز
کشتہ نکلا کوئی واں سے کوئی گھائل آیا

سہے تعزیتِ عشق تو ماتم ہے وفا کا
آنکھوں سے اٹھایا نہ گیا پردہ حیا کا
ہے رنگ کچھ اچھا ہدفِ تیرِ قضا کا
پھر ناصیفِ مژگاں کا ہے پیغام قضا کا
باطن ہے ہر اک شعر مرا اہل صفا کا
آپکی طبع سے نازک ہے سوا دل میرا
اور بھی کوئی جہاں میں ہے مقابل میرا
ترا تیر او ستمگر جو نہ دل کے پار ہوتا
مجھے موت زندگی پر اگر اختیار ہوتا
کبھی آپ میں نہ آتا جو میں ہوشیار ہوتا
تجھے گر ہنسی نہ آتی مجھے اعتبار ہوتا
گر یوں ہی کچھ اثر نالہ و فریاد رہا
حسرت اے دل کہ انہیں وعدہ نہ پھر یاد رہا
ہم پر یہ ستم ہے کہ سوا ہو نہیں سکتا
سر مجھسے زیرِ تیغ جھکایا نہ جائے گا
اُس سے یہ رازِ عشق چھپایا نہ جائے گا
کوئی کھینچے لئے جاتا ہے اُدھر دل میرا
اُڑتا ہے آج رنگ ہمارے خیال کا
نظارہ ساز غیر ہے اُسکے جمال کا
دم ٹوٹ جائے غیر کے گھر پر خیال کا
کچھ ذکر آگیا تھا وہاں میرے حال کا

ایک سکتہ کا سا عالم ہوا سب کو شاداں
آج محفل میں جو وہ حور شمائل آیا
کیا اسیر پڑ گئی کوئی اسکی نگاہ شوخ
بدلا ہوا جو طور ہے قاصد کی چال کا

خاموشی اک بیان ہے میری رازِ عشق کو
رنگِ شکستہ آئینہ ہے میرے حال کا

عالم نہ مجھ سے پوچھئے میرے خیال کا
آئینہ بن گیا ہوں کسی کے جمال کا

وہاں خامشی نے قفلِ دہن لگا دیا
یاں شوق سے ہجوم ہے لب پر سوال کا

بھڑکے اگر چراغ تو ہستی تمام ہو
ہر چیز کا کمال ہے باعث زوال کا

شاداں کو کچھ گرا ہوا سمجھو نہ اہلِ بزم
یہ شخص بھی جہاں میں ہے اب کمال کا

میرا ہی لاغری سے نہ پایا نشاں مگر
کیا کیا نہ تنگ میرے لئے پیرہن ہوا

نہ جاگا روزِ جزا میں بھی خوابِ شیریں سے
ہنوز طالعِ خفتہ ہے نوجواں میرا

محشر کو سنے گا نہ کوئی صور کی آواز
ہے شور جو یہی مری نالوں کی صدا کا

پایا نہ فروغ آ گئے شب ہجر کے ہرگز
چمکا نہ ستارہ سحرِ روزِ جزا کا

اُس گل کا تصور تھا جو آنکھوں میں دمِ نزع
گویا دمِ آخر مرا جھونکا تھا صبا کا

جس کے نقشِ پا پہ شاداں ہو رہے ہیں فتنے نثار
ہو کہاں سکتا ہے محشر اسکی ٹھوکر کا جواب

حشر تک ہوتا نہ دیدارِ رخِ جاناں نصیب
آئینہ ہوتا اگر میرے مقدر کا جواب

عکس سے اُس سنگدل کے صورتِ دل ٹوٹ جائے
آئینہ بنجائے گر سدِ سکندر کا جواب

بھول جاؤ گے سب خوشی شاداں
کسی غمگین سے جب ملینگے آپ

کس جا ہے ہوا میرے تصور کا گذر آج
آتی نہیں جو اپنی حقیقت بھی نظر آج

اس موت پر قربان کروں زندگی خضر
اُس کوچہ میں پہونچی مرے مرنیکی خبر آج

کل ہو کے دوچار اُس نگہ شوخ سے یارب
آنکھوں میں ٹھہرتی ہی نہیں میری نظر آج

وہ دیکھنے آتے ہیں مرے حالِ زبوں کو
اچھا ہے جو بڑھ جائے میرا دردِ جگر آج

برسوں میں نظر آئی ہے شامِ شبِ عشرت
یارب یہ ہے کچھ دور گماں سی بھی سحر آج

یاں جنبشِ لب کی بھی نہیں ضعف سے طاقت
مشتاق ہے گو میری دعاؤں کا اثر آج

دیکھا ہے مری بیخودیٔ شوق کو تو نے
قاصد نہ رہے گی تجھے اپنی بھی خبر آج

پڑ جائے اگر سروِ قدِ یار کا سایہ
آ جائے مری نخلِ تمنا میں ثمر آج

گو جاتے ہیں آہستہ نزاکت سے وہ لیکن
دوڑی ہوئی جاتی ہے خوشی غیر کے گھر آج

وہ خوگرِ غم ہوں کہ بھر آئے وہیں آنسو
مجھ پہ متبسم جو ہوا زخم جگر آج

کل تک بھی مجھے تاب تھی کچھ کہنے کی شاداں
آتے ہیں وہ سُننے کو مرا دردِ جگر آج

دل مضطرب بھی ہے پہلو میں قاتل
ذرا پانوں سینہ پہ رکھنا سنبھل کر

شبِ وعدہ اُسنے نہ پہچانا مجھکو
خوشی نے دیا رنج صورت بدل کر

یہ بھری ہوئی تھی شوخی کہ تمہارے گھر سے یہاں تک
کہیں نامہ بر کے منہ پر نہ رُکا جواب ہرگز

ہوئی دوچار اپنے عکس سے وہ پیش آئینہ کوئی صورت
کہ نکلتی تھی نگاہِ شوخ اُنکے حق میں اُنکی نقابِ عارض

شبِ ہجراں ہیں یہ تڑپا میں سحر ہونے تک
دل گیا خاک میں اُس بت کو خبر ہونے تک

رفتہ رفتہ رخِ تاباں سے اٹھا دو پردہ
چاہیے عرصہ مجھے تابِ نظر ہونے تک

تم تو آتے ہی رہے بہرِ عیادت اور ہم
مر گئے چارۂ آزارِ جگر ہونے تک

دیکھیں وہ اچھے ہیں یا شمع ہی اُنسے اچھی
رنگ کھلجائے گا اُس کا بھی سحر ہوتے تک

مژدۂ وصل ہی لاتا ہوا گر قاصد
کیا بچوں گا ترے آنے کی خبر ہوتے تک

وہ یہ کہتے ہیں جو کرتے ہو دعا بھی کر لو
ہم مزا تم کو دکھا دینگے اثر ہوتے تک

جلد شاداں کی خبر لے کہیں ظالم ورنہ
گذرے گا جان سے وہ تیرا گذر ہونے تک

حسن آرزو کا مقدر میں تھا نہ بر آنا
وہی ہوئی دلِ ناکامیاب میں داخل

پھرتی ہے کوئی چیز آنکھوں میں
یہ میرے بخت کا تو خواب نہیں

ہر لحظہ سد راہ جو میرے فغاں کے ہیں
سینہ میں یہ بھرے ہوئے ارماں کہاں کے ہیں

اے ضعف دیکھ بھال کے مجھکو گرائیو
نزدیک دشمنوں کے بھی گھر اُس مکاں کے ہیں

کس نازکی سے آتے ہیں میری خبر کو وہ
گویا قدم یہ مجھسے کسی ناتواں کے ہیں

میں ناتواں ہوا اور وہ نازک شبِ وصال
پڑے کبھی نہ اٹھیں گے جو درمیاں کے ہیں

جاگا ہے پاسباں درِ یار رات بھر　　اُلٹے اثر نصیب میں میرے فغاں کے ہیں
دیکھا ہے میں نے خوب مریدوں کو شیخ کے　　اچھے وہی ہیں یار جو پیرِ مغاں کے ہیں
روتے ہیں آ کے قبر پہ غیروں کے ساتھ وہ　　کیا کیا مٹانیوالے ہمارے نشاں کے ہیں
میں اپنی داستانِ محبت جو کہہ چکا　　وہ پوچھتے ہیں سب سے مجھے وہ نازک کہاں کے ہیں
پہلو میں میرے اور یہ پیدا ہوا رقیب　　آثارِ عشق رُخ پہ مرے رازداں کے ہیں
کیا اُن سے اٹھ سکیں گی یہ باتیں رقیب کی　　میں بھی تو دیکھوں ایسے وہ نازک کہاں کے ہیں
غم ایک میرے دل میں زمانہ کے بھر گئے　　دل ایک زلف میں تری سارے جہاں کے ہیں
بدنامی اسکی کیوں کی مری دردِ آہ نے　　پردے میں اب تو مجھ پہ ستم آسماں کے ہیں
گھر سے گئے ہیں یا کہیں باہر سے آئے ہیں　　کچھ ہوش آج بگڑے ہوئے پاسباں کے ہیں
شاداں چھپائے لاکھ یہ چھپتے بھی ہیں کہیں　　آثار اُس کے چہرہ پہ عشقِ بتاں کے ہیں

اے برق وہ جلائیگی کیا آہِ آتشیں ۔ تنکے بچے ہوئے جو مرے آشیاں کے ہیں

بیخودی کام آگئی آخر　　کہ انہیں مجھ سے کچھ حجاب نہیں
اُس نے پوچھا تو کہہ دیا بتاؤں گا　　حسرتوں کا مری حساب نہیں
خیر ہو آج بزم کی شاداں　　کہ وہ آتے ہیں اور نقاب نہیں

آفت کا توڑ ہے ترے تیرِ نگاہ میں　　پیدا اثر کہاں سے ہو عاشق کی آہ میں
تعزیر اپنے ہاتھ سے دیتے ہیں بار بار　　ملتی ہیں راحتیں مجھے کیسی گناہ میں
بیٹھے ہیں دور کرکے مری خاک کا گماں　　اُڑتی ہوئی جو دیکھتے ہیں گرد راہ میں
شرماتے ہو کہ نیند کا آنکھوں میں ہے خمار　　کل کی سی بات ہی نہیں طرزِ نگاہ میں
میں ان بتوں کے عشق میں یاں تک سبک ہوا　　اب غیر وہ نہیں سماتا ہوں اپنی نگاہ میں
دیکھی ہوئی ہے تیری درازی شبِ فراق　　کیوں آئے روزِ حشر ہماری نگاہ میں
آمد جفائے تازہ کی آتی ہے چرخ سے　　جاتا ہے میرا نالہ تو رکتا ہے راہ میں
یہ ناتواں ہوا ہوں کہ اب کوئی یار تک　　نالہ بھی میرا جائے تو سو جا راہ میں

کیا بھید ہے کہ روز وہ آکر یہ کہتے ہیں
ہے کس بھروسے پر تمہیں شاداں امیدِ وصل

کہتے ہیں عہد شکن سمجھے ہو کیا تم مجھکو
پوچھتے ہیں کہ تمنا تو بتا دو کیا ہے

ناتوانی نے کیا ہے یہ سبک نظروں میں
نالہ و آہ سے ہی رنجشِ جاناں منظور

کہتے ہیں دیکھتے ہیں آئینہ یونہی ہم بھی
اب تو حالت ہی پہونچی ہے کچھ ایسی شاداں

تم بھی آجاؤ یکایک تو خبردار نہوں
بیقراری مری یہ انکی ہی شوخی وہ کچھ

میں تو کہتا ہوں کوئی چارہ گر آئی یارب
ساقیا جام کے بدلے دے کوئی خم مجھکو

کوئی ہنگامہ ہی یا گھر سے وہ نکلے ہیں کہیں
ایک تو ہے کہ جو دل چاہے وہ کہتے ہیں مجھے

حسرتِ گریہ گئی ہی نہ کبھی جائیگی
ساقیا اس ترے میخانے میں کیا کیا ہے

کوئی سنتا نہو اسکی بھی ذرا فکر رہے
نزاکت سے زیادہ ہے تجلی

الٰہی نازکی بڑھ جائے اتنی

بتلا تو کچھ اثر بھی ہوا تیری آہ میں
ہے نالہ میں اثر نہ ہے تاثیر آہ میں

وعدہ کے ساتھ جو آتا ہے تبسم مجھکو
جانتے ہیں کہ نہیں تاب تکلم مجھکو

پتلیاں پھیرتے ہیں دیکھ کے ہر دم مجھکو
مار ڈالیگی غلط فہمی مردم مجھکو

جس طرح دیکھتے ہو آٹھ پہر تم مجھکو
خود وہ کہتے ہیں کہ آتا ہے ترحم مجھکو

بیخودی نے شبِ عشرت یہ کیا گم مجھکو
میں تمہیں دیکھ سکوں گا نہ کبھی تم مجھکو

زخم بھی دیکھ کے کرتے ہیں تبسم مجھکو
تا کہ اس بزم میں ہو تاب تکلم مجھکو

آج آتی ہے نظر کثرتِ مردم مجھکو
ایک میں ہوں کہ نہیں تابِ تکلم مجھکو

بخشدے رونے کو یارب کوئی قلزم مجھکو
خمِ گردوں کے برابر دے کوئی خم مجھکو

شکوۂ غیر سناتے ہو اگر تم مجھکو
وگرنہ تم تو نظروں سے نہاں ہو

کہ ان کو ناز کرنا بھی گراں ہو

کام کیا ہم کو تری رہ میں کسی رہبر کے ساتھ
لاگ اس ظالم کو ہے ہر عاشقِ مضطر کے ساتھ

جب تصور آگئے آگے ہو دلِ مضطر کے ساتھ
گردشیں گردونِ دوں کی ہیں ہمارے سر کے ساتھ

اُن سے نازک کو نکلنے دے نہ قابو سی مرے
اپنی مرگ و زیست پر ہوتا جو ہمکو اختیار
نقش پر منہ ڈھانکنے کا ہے بہانہ ورنہ میں
خدمت اُس بت نے بلاگردانیونکی دی مجھے
ہے وہ نازک خواب میں پہونچے نہ مجھ تک گر نہو
ہو چکی شیشے میں جو مجھ تک آیا دورِ جام
بتکدوں پر آگئی صورت پرستوں کو نظر
ظرف سے اپنی کہیں ساقی نکلجائے نہ مے
بیخودی نے ضعف میں مجبور ایسا کر دیا
اضطرابِ دل نے اس رہ میں بڑھایا وہ قدم
پہنچ نجائیں دلِ غیر میں کہیں یا رب
وہ خاک رحم کریں نازکی سے ہیں مجبور
کسی کی سُنکے کہیں کیا یہ ناتوانی ہے
یہ بار بار جو پیکاں کو دیکھتے ہو تم
اُٹھکر درِ جاں سے کہو کوئی کدھر جائے
ڈر ہے کہ وہ تکفین کو اُسکی نہ چلے جائیں
ساغر کش میخانۂ توحید ہوں ناصح
کیونکر نہ پڑے ہے لطف شبِ وصل عدو کا
دیدار میں وہ لطف جسے دیکھکے ہو زیست
رنجوریٔ الفت کا مری پوچھ نہ انجام
آرائش ہر دم سے نہو وے جسے فرصت

اے طبیعت ہاں اُلجھ اچھی طرح دلبر کیساتھ
ہر ادا پہ اُنکی مرتے جیتے ہر ٹھوکر کیساتھ
رنجشیں در پردہ وہ ہی عاشقِ مضطر کیساتھ
گردشِ تقدیر سے نکلا مگر چکر کیساتھ
جذبِ دل میرا خیالِ قامتِ دلبر کیساتھ
گردشِ قسمت تھی اپنی گردشِ ساغر کیساتھ
وہ جو اک نسبت دلِ شیریں کو تھی پتھر کیساتھ
گردنِ مینا جھکائے رکھ ذرا ساغر کیساتھ
آپ میں آتا ہوں یادِ شوخیٔ دلبر کیساتھ
نقشِ پا تک بھی نہیں میرا مرے رہبر کیساتھ
کہ میرے سینے میں ارمان سما نہیں سکتے
کہ ہاتھ میرے ستم سے اُٹھا نہیں سکتے
کہ بات کا بھی مزا ہم اُٹھا نہیں سکتے
نکل گئی کوئی کیا آرزو میرے دل کی
جی سے نہ گذر جائے تو دنیا سے گذر جائے
یارب نہ عدو میری شبِ وصل میں مر جائے
وہ نشہ نہیں مجھکو جو باتوں میں اُتر جائے
عارض پہ ترے زلفِ پریشان جو بکھر جائے
رفتار میں وہ قہر جو دیکھے وہ مر جائے
آغاز میں وہ درد ہے جو حد سے گذر جائے
شاداں کی پریشانی پہ کیوں اُسکی نظر جائے

مرجاؤں گا اک روز فغاں کرتی ہی کرتے
پورا نہ کہا جائے گا حالِ تپ ہجراں
محبت نے مجھے کھینچا کہاں سے
سنو پُر درد ہے حالِ دلِ زار
بس اب خاموش کیا کیا کھ چکے ہو
تم اپنا رنگ آئینہ میں دیکھو
بہت سی خاک چھانی تم نے شاداں
دل کسی شخص پہ آجائے تو کچھ حال کھلے
نشانہ دل ہے بسم اللہ کیجئے

حالِ دل بیتاب بیاں کرتی ہی کرتے
گذرے گی شبِ وصل بیاں کرتی ہی کرتے
کہیں آیا زمیں پر آسماں سے
مزا پاؤ گے تم اس داستاں سے
نکل جائے نہ کچھ میری زباں سے
نہیں کیا کام رنگِ عاشقاں سے
قدم باہر نہ رکھو اب مکاں سے
آپ کیا جانیں کہ عاشق کی طبیعت کیا ہے
اگر کچھ شوق ہے تیر و کماں سے

شاداں - مولانا مولوی سید اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی ابن مولوی سید تفضل حسین صاحب انکا بیان ہی کہ انکا نسب ۳۳ واسطہ سے امام علی نقی تک پہنچتا ہے۔ انکے اجداد میں سید جلال بخاری و سید نظام الدین اولیاء جہانیاں جہاں گشت ہیں۔ بعد غدر انکے دادا مولوی سید فدا حسین آرہ میں وکالت کرتے تھے اور انکے والد بھی وہیں رہتے تھے۔ اس وجہ سے آپکی ولادت وہیں یکم ربیع الثانی ۱۲۸۶ھ کو ہوئی تین برس کی عمر میں اپنے دادا کے ہمراہ بلگرام میں تشریف لائے اور وہیں کے قصباتی اسکول میں تعلیم پائی چودہ برس کی عمر تک ہاں فارسی پڑھتے رہے اسکے بعد لکھنؤ میں تحصیل علوم انگریزی و عربی میں مصروف ہوئے ۱۸۹۱ء میں انٹرنس تک انگریزی پڑھکر ترک تعلیم پر مجبور ہوئے اور قلت معاش نے نوکری پر مجبور کیا۔ سہارنپور محمود آباد وغیرہ میں مدرسی کرتے رہے۔ مگر آپنے زمانہ تدریس میں بھی طلبا کیساتھ پنجاب یونیورسٹی کا امتحان اسپیشل ٹسٹ انگریزی کیساتھ دیا اور اسمیں کامیاب ہوئے اور ۱۸۹۹ء میں آپنے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ اسی وقت درۂ نادرہ کی شرح لکھی۔ آپ ۱۹۰۱ء میں ریاست رامپور تشریف لائے اور جناب نواب سید النظیر احسن صاحب خلف ماہر لکھنوی کی سعی و کوشش سے مدرسہ عالیہ میں فارسی پڑھانیکے واسطے مقرر

ہوگئے۔ اس زمانہ قیام میں ریاست رامپور شعرا کا مرکز بنی ہوئی تھی۔ رسا۔ بزم۔ کمال۔ آغا مظہر۔ صمیم طپش وغیرہ کا شمار درباری شعرا میں تھا۔ اور اردو کا ایک ماہوار رسالہ نیرنگ کے نام سے جاری تھا شاداں صاحب نے رسالۂ مذکور میں فن تنقید کا سلسلہ شروع کیا۔ مثنوی میر حسن اور گلزار نسیم کے محکمہ میں زبردست حصہ لیا۔ شعر کے حسن و قبح پر گہری نظر ڈالنے اور اُسکے عیوب اور نقائص کو دکھانے میں آپکو بڑی مشاقی تھی مگر نقادان سخن میں بعض اعتراضات کو اسلئے وقعت حاصل نہوئی کہ آپنے جہاں عیوب شعری کو دکھایا وہاں مشہور اور مسلم الثبوت اساتذہ کی خوبیوں پر پردہ ڈالنے کو ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگایا تھا اسمیں کامیابی حاصل نہ ہوئی عدم توجہی سے بند ہوگیا آپنے ۱۸۹۱ء میں فن شعر میں جناب سید محمد مصطفیٰ صاحب رشید لکھنوی سے تلمذ حاصل کیا۔ آپ غزل گوئی میں لکھنؤ والوں کی شاعری کو ناپسند کرتے ہیں قدیم اساتذہ دہلی کے معتقد ہیں کلام غالب کے عاشق ہیں اور مرزا صاحب کے اشعار پڑھکر جھوم جھوم کر مزے لیتے ہیں جن اشعار میں درد ہوتا ہے وہ دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ پسند کرتے ہیں نیچرل شاعری کے شایق ہیں۔ آپکا انداز سخن بے رندانہ شوخی اور مستانہ مضامین سے مبرا ہے شرح درہ نادرہ۔ شرح معمائے حدایق البلاغت شرح معمائے جام۔ شرح نورتن ظہوری۔ آپکی قیمتی تالیف ہیں عرفی کے بعض اشعار کا خوب حل کیا ہے۔ انکو اپنے اس مطلع پر بڑا ناز ہے ؎

غلط ہے یہ مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں	یہ لوگ کیوں نہیں میری نظر کو دیکھتے ہیں

اسمیں شک نہیں کہ اس شعر میں ایک لطیف اور نازک خیال کو پیدا کیا گیا ہے اور دیدار محبوب کا عجیب و غریب حیلہ نکالا گیا ہے مگر اس مطلع کے دونوں مصرعوں میں یہ اور کیوں نہیں کی تعقید نے تمام معنوی خوبیوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ کاش اس شعر میں جیسے عمدہ معانی پیدا کئے گئے ہیں اسیطرح ادائے بیان میں بھی تعقید کا الجھاؤ نہ ہوتا تو اسکی خوبی دوبالا ہو جاتی دوسرا شعر یہ ہے

نگاہِ لطف تمہاری جدہر کو دیکھتے ہیں	تمہارے چاہنے والے اُدھر کو دیکھتے ہیں

جدہر اور اُدھر کا قافیہ ناجایز ہے تعجب ہے کہ ایسے محقق کے کلام میں ایسی کمزوری کیوں

موجود ہے۔ شاید یہ اوائل عمری اور نومشقی کے زمانہ کا کلام ہو۔ انتخاب کلام بہم رسیدہ یہ ہے

مرے ارمان نکل جائیں مرے دل سے فغاں ہو کر
اب اتنی بھی نہیں امید مجھکو ناتواں ہو کر

وہ بگڑنا کسی کا دم پر دم
بھاگئی ہمکو یہ ادائے ستم

گالیاں دینا کوسنا پیہم
سنتے ہیں انکو چھیڑ چھیڑ کر ہم

اکس مزے سے عتاب کی باتیں

میرا کیا بگڑا جو وہ زلفیں بناتے میں رہے
دوست کا جو دوست ہو دشمن اُسے کیونکر کہیں

مرگیا میں مشکلیں سب میری آساں ہوگئیں
الفتیں غیروں کی پھر کیوں آفت جاں ہوگئیں

امتحاں کے لئے سینہ پہ رکھا اس نے ہاتھ
یہ بتادے کہ نہ آنا شب فرقت کیا ہے

اب تڑپ کس لئے تجھ میں دل ناشاد نہیں
اے اجل انکی طرح تیری بھی عادت کیا ہے

یوں تو کہتا ہوں کروں گا میں شکایت ان سے
سامنا ہو تو ہو معلوم شکایت کیا ہے

آپکے ظلم کی اے جان بس اب ہوگئی حد
وقت آخر بھی نہ پوچھا تری حسرت کیا ہے

قید ہستی سے جو چھوٹیں تو رہائی پائیں
قیدیٔ کنج قفس کے لئے مدت کیا ہے

اک جگہ مجمع عشاق کا ہو جانا ہے
حشر کہتے ہیں کسے اور قیامت کیا ہے

شاداں　**شاداں**۔ لالہ درگا پرشاد صاحب ساکن پھلپی بھیت۔ شاگرد قاضی ممتاز حسین ممتاز مرحوم۔ مندرجہ ذیل اشعار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اختراع پسند طبیعت پائی ہے۔ بندش الفاظ بھی چست ہوتی ہے مگر قوت مشق کم معلوم ہوتی ہے ؎

زخم کھاتا ہوں مزے سے اور ہنستا ہے بھری بہار میں
آگیا کیا حسن قاتل کا نمک تلوار میں

میں تو ہوں غمخوار اور غم اسکا ہر دم خوار ہے
ہڈیاں غم نے نہ چھوڑیں میرے جسم زار میں

شاذ　**شاذ**۔ ملک محمد صادق خانصاحب خلف شیخ فضل الدین صاحب سگنے زی۔ آپ سجانپور ضلع گورداسپور پنجاب کے باشندے ہیں ۱۹۰۵ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے انٹرنس کے درجہ تک تعلیم پائی ہے۔ اب تعلقات سے دفتر وزارت میں کلرک ہیں۔ ابھی ابتدائے مشق ہے

مگر کلام سے ترقی کی جھلک نمایاں ہے۔ راقم تذکرہ کو جو کلام روانہ کیا ہے اسکا انتخاب مندرجہ ذیل ہے ؎

بتوں کی آرزو مدت سے ہے پر بت نہیں ملتے
خدا کی آرزو کرتے تو اب تک مل گیا ہوتا

سوز دل سے جو بھرے ہیں ترے نالے بلبل
برگ گل پر کہیں پڑ جائیں نہ چھالے بلبل

چلی جب تیغ رک رک کر تو قاتل نے بھویں تانیں
ہمارے قتل کرنے کو نئے خنجر نکالے ہیں

ارے منکر و نکیر پھر آنا کبھی کہ اب
ذوق خیال یار سے ہوں محو خواب میں

اب انحصار بس ہے خط کے جواب پر
یعنی ہماری جان کف نامہ بر میں ہے

ذرا تم شمع و پروانہ کو دیکھو کیا تماشہ ہے
کہ اک عاشق کا اک معشوق کے کاندھے پہ لاشہ ہے

ہم صفیروں کی زبانی یہ خبر پائی ہے
کہ چمن میں وہی پہلی سی بہار آئی ہے

اک فقط میں ہی ترا طالب دیدار نہیں
سارا عالم ترے جلوہ کا تمنائی ہے

شارق

شارق منشی محمد جعفر حسین۔ مولد ریاست بنگن پلی مدراس خلف منشی غلام رسول۔ انکے بزرگ بیجاپور کے مشاہیر سے تھے "تاریخ نوابط" کے پڑھنے سے انکے حالات کا پتہ چلتا ہے۔ آپ صاحب جائداد اور مشہور تاجر ہیں۔ انگریزی فارسی۔ اردو سے واقف ہیں۔ مولانا نمیاں سے فن شعر میں استفادہ کرتے ہیں تیز طبع ہونہار نوجوان ہیں عقیدۂ شاعری سے لگاؤ نہیں نعت میں خامہ فرسائی کرتے ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

زور پر گنبد پھر جوش جنوں ہونے لگا
پانوں کا ہر آبلہ ہم رنگ خوں ہونے لگا

ہجر روئے احمد مختار کی تاثیر ہے
میرا ہر آنسو ابھر کر لالہ گوں ہونے لگا

"قوسین او ادنیٰ" کا تصور ہے رات دن
سدرہ مرا مقام ہے شارق کہاں ہوں میں

طریق عشق سے جو آشنائے راز نہیں
کبھی قبول عبادت نہیں نماز نہیں

شاطر

شاطر۔ مولوی رضا احمد ابن مولوی حکیم نیاز احمد۔ صدیقی آپ بدایوں کے قدیم معزز شرفا سے تھے۔ عربی۔ فارسی میں اچھی استعداد تھی۔ اپنے والد سے فن خوشنویسی میں کمال حاصل کیا تھا

لطیفہ گو، نکتہ سنج شاعر تھے سلیس سادہ گو تھے اور شعر میں صفائی کو پسند کرتے تھے۔ بلند شہر سہسوان میں وکالت کرتے رہے پھر اپنے وطن بدایوں میں آکر وکالت شروع کی سنہ ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۹۰۱ء میں وفات پائی جو دو چار شعر دستیاب ہوئے ہیں درج کئے جاتے ہیں ؎

گیسوئے مشکبوں کا سودا ہو گیا	سامنا کالی بلا کا ہو گیا
ساقی تو بھر دے میرے پیالہ کو بھنگ سے	گھری چھنیگی آج کسی سبزہ رنگ سے
گو ضد سے لاکھ بار کرے بیوفائیاں	لیکن خدا قسم تری عادت وفا کی ہے
اے اہل بزم حضرت شاطر کو بھیجیو	کیسے چلے ہیں بغل میں نعلین داب کے

شاطر

شاطر منشی بیلی رام خلف لالہ متھرا داس ۔ از خاندان دیوان کرڑوری مل امرتسری حال ساکن راولپنڈی ۔ شاگرد حکیم کریم بخش نادر قنوجی و خواجہ عشرت لکھنوی ۔ ۲۱ جون سنہ ۹۰ء سال پیدائش ہے ۔ اکثر مشاعرہ بھی کیا کرتے ہیں ۔ آجکل نوشہرہ میں انسپکٹر آف ورکس کے عہدہ پر فائز ہیں طبیعت اچھی پائی ہے ۔ فارسی کی استعداد خاصی رکھتے ہیں شعر موزوں اور قریب قریب بے عیب کہتے ہیں ۔ انکے کلام کا انتخاب پیش ناظرین ہے ؎

طور پر حضرت موسیٰ کو کیا کیوں بیہوش	ٹالنا تھا تو کسی ڈھنگ سے ٹالا ہوتا
اُٹھ سکے عرش کے بھی نہ تری رہگذار سے	مست خمار بادۂ سر جوش نقش پا
پوچھا جو حال شوخیٔ رفتار یار کا	بت بنکے رہ گئے لب خاموش نقش پا
زندگی زلف کے سودے میں ہماری گذری	قصۂ عمر بھی اک خواب پریشاں نکلا
اُسکے وعدہ کا ہی کیا سہل وفا ہو جانا	جس کو ہر بات میں آتا ہے خفا ہو جانا
دنیا کے مزے اور تو مل جاتے ہیں قاتل	مرنے کا مگر لطف مکرر نہیں ملتا
صحرا میں پھریں کیوں ترے چاہنے والے	ان خانہ بدوشوں کو ترا گھر نہیں ملتا
صانع سے کہیں عمر ہی صنعت کی زیادہ	آئینہ تو ملتا ہے سکندر نہیں ملتا
نہ کھینچ دیکھ ستمگر عتاب میں تلوار	کہیں نہ ٹوٹ کے رہجائے داب میں تلوار

خیالِ ابروئے قاتل میں تھی جو آنکھ لگی / تمام رات نظر آئی خواب میں تلوار

پہلے نظر ملاتے تھے ہر فتنہ گر سے ہم / اب جھینپتے ہیں آپ ہی اپنی نظر سے ہم

خلشِ دل کا ہم اسطرح مزا لیتے ہیں / تیر آتا ہے تو پہلو میں بٹھا لیتے ہیں

دل کیا گیا کہ اٹھ گئی امیدِ زندگی / کشتی ہماری ڈوب گئی ناخدا کے ہاتھ

کہتے ہیں عاشقی میں ڈبنیے بہا ہی صبر / کیا چیز آگئی دلِ غم آشنا کے ہاتھ

بیخود کیا ہے جذبۂ شوقِ وصال نے / اب اپنی شرم ہے تری شرم و حیا کے ہاتھ

ملتی ہے بعد رنج کے راحت جہان میں / موسیٰ نے لیلیا یدِ بیضا جلا کے ہاتھ

نشۂ جوشِ جوانی نہیں دائم رہتا / یہ بھی دریا کی طرح چڑھ کے اُتر جاتا ہے

کئے اُسنے مری حسرت بھری تحریر کے ٹکڑے / اڑائے خوب ظالم نے خطِ تقدیر کے ٹکڑے

وہ عیادت کو آئے غیر کے ساتھ / مر مٹوں کونسی خوشی کے لئے

جی رہے ہیں امیدِ وصل پر ہم / مر رہے ہیں اسی خوشی کے لئے

مٹ گیا جھگڑا دلِ بیتاب کا / آنکھ لڑنے پر صفائی ہوگئی

مل کے درباں سے ہیں پہنچا یار تک / بخت یاور تھا رسائی ہوگئی

گیا بچپن جوانی آئی اُن کی / ستم میں کم سنی سے یہ بڑی ہے

مرنے کے بعد بھی نہ مٹی گردشِ نصیب / ہم دفن بھی ہوئے تو تہِ آسماں رہے

تم نے دنیا پہ جب نظر ڈالی / تہ و بالا زمین کر ڈالی

پتے پتے میں تو نظر آیا / ڈالی ڈالی پہ جب نظر ڈالی

اُٹھ گئے سب حجاب کے پردے / آنکھ والوں نے وہ نظر ڈالی

معجزہ ہے شبِ مصیبت بھی / شام سے ہم نے صبح کر ڈالی

وہ قتل کرتے ہیں تو موت ہنسکے کہتی ہے / کہ فکر آپ کو ہوگی ابھی کفن کے لئے

مجھے بھی رہنے دے حیرت زدہ برا کیا ہے / اک آئینہ ہی بہی تیری انجمن کے لئے

یقینِ کاملِ حُسنِ عقیدت اسکو کہتے ہیں	برہمن بھی بتوں میں بن گیا تصویر پتھر کی

شاطر

شاطر۔ منشی بلدیو پرشاد صاحب کایستھ سکسینہ وسری۔ تلمیذ حضرت مومن حسن صفی امروہوی بزرگوں کا قدیم وطن دہلی ہے۔ ایام غدر ۱۸۵۷ء میں لکھنؤ سے آپکے والد متھرا میں پہونچے ۱۹۰۸ء میں قصبۂ سعد آباد ضلع متھرا میں آپکا قیام تھا۔ اور اُسی زمانہ میں کچھ کلام بھیجا تھا۔ قصائد و تاریخ گوئی سے زیادہ دلچسپی ہے۔ اُردو غزلیات میں معرفت و تصوف کے جذبات بیان کرتے ہیں علم نجوم میں بھی دخل ہے۔ اُردو ہندی میں صاحب تصنیف ہیں۔ دہر و چترا اور بزم حقیقت شایع ہو چکی ہے کبھی کبھی فارسی بھی کہتے ہیں تاریخ کہنے میں مشاق ہیں۔ کلام مرسلہ ریختہ کا انتخاب یہ ہے

کیوں یہ سودائے تعصب شیخ تیرے سر میں ہے	ہے جو کعبہ میں وُہی بت خانہ کے پتھر میں ہے
چشم دل سے دیکھ گر ہے تجکو نظارہ کی تاب	نور کس کا شعلہ و مہر و مہ و اختر میں ہے
ہر جگہ ہے ایک ہی دلدار دلبر جلوہ گر	فتنہ مے میں آب گوہر میں شرر پتھر میں ہے
ہیں علیحدہ نام کو کعبہ کلیسا بت کدہ	ایک ہی ہے شمع جس کا نور تینوں گھر میں ہے
مجکو اُس سے عشق ہے اُسکو محبت مجھسے ہے	ہے صنم دل میں مگر شاطر دلِ دلبر میں ہے

شاطر

شاطر۔ مولوی عبدالرحمن صاحب رئیس مدراس۔ جائے حیرت ہے کہ جس مقام میں لکھنے والے تو کجا چند آدمی صاف اور شستہ زبان کے بولنے والے بھی نہوں وہاں ایسا باکمال زبان دان نشو و نما پائے جسے ماہران زبان اہل زبان کے ہم پلہ ہونے کا سرٹیفکٹ عطا کریں۔ عالی فکر خوش دماغ سخنور ہیں۔ قصائد کے لکھنے میں خاص ملکہ ہے۔ خواجہ الطاف حسین حالی۔ مولانا شبلی۔ لسان الملک حضرت اکبر جیسے بزرگ انکی شاعرانہ قابلیت کے مداح اور معترف رہے ہیں

ہائے کیوں مرتے ہی آنکھیں بند کر دیتے ہیں یار	اک تغافل کیش کا ہمکو ابھی ہے انتظار
جان حاضر ہے کرینگے تیرے قدموں پر نثار	جلد اے پیک قضا لانا پیام وصلِ یار
رازِ الفت کیا چھپے جب دل ہی قابو میں نہو	زور مجھسے کیا چلے اے گریۂ بے اختیار
بال و پر بلبل کے ہیں اے گل ہوا میں منتشر	مژدہ لاتی ہے سنائے کسکو اب فصلِ بہار

حسرتیں گن گن کے کٹتی تھیں عجب راتیں اب کہاں
کیا ہوا جادو جو تھا تم میں وہ اے شب ہائے تار

کس طرح آساں ہو تیغ و گلو کا مرحلہ
کیا کریں اے تشنہ کامی کُند ہی خنجر کی دھار

ناخدا کے ناز ہم کب تک اُٹھائیں یا خدا
ڈُوب جائیں گے یہیں اچھا نہ پیدا ہو کنار

ہم ہیں شاطر اور ہے طوفِ حریم میکدہ
رندِ عالم سوز را با مصلحت بینی چہ کار

شاعر

شاعر - ناصر پرست عرف میر کلو دہلوی حضرت خواجہ میر درد کے قریبی عزیز اور انہیں کے شاگرد تھے۔ صرف دو شعروں کا ایک قطعہ دستیاب ہوا ہے جس سے انکا ذوقِ طبع ظاہر ہوتا ہے ؎

تو نہ تھا افسوس ظالم کیا کہیں
حالِ شاعر ہجر میں کیسا رہا

بیقراری۔ جاں کنی۔ بے طاقتی
غم۔ الم۔ وحشت۔ جنوں۔ سودا رہا

شاعر

شاعر - خواجہ کمال الدین صاحب۔ یہ بھی حضرت مرزا جانجاناں مظہر کے مرید اور صاحب دیوان شاگرد تھے۔ زیادہ حال انکا متحقق نہیں ہوا اسلئے ہم مجبوراً انکے دیوان سے چند غزلوں کا انتخاب درج ذیل کرتے ہیں انکے شاعرانہ خیالات قدیم زبان اور پُرانے رنگ میں ہیں۔ کلام بہت بے تکلف ہے۔ موجودہ عہد کے متروکات پر انکی شاعری میں نظر نہ کرنی چاہئے۔ کیونکہ اُس زمانے میں یہی الفاظ فصیح سمجھے جاتے تھے ؎

کس شاہ بیحجر کا اس گھر میں ہوا گذرا
یوں بے چراغ کب تھا یہ ملکِ دل ہمارا

پھبتا ہے کیا یہ تجھکو اے یار مسکرانا
ٹک واسطے خدا کے اک بار مسکرانا

غنچوں کو اے ستمگر تیرے دہن کے آگے
ہنسنا تو اک طرف ہے دشوار مسکرانا

شاعر ہے پوچ گوئی اپنی پہ آپ قائل
یارو نہ اس کے سنکر اشعار مسکرانا

کس سے جا کر کروں تری فریاد
تو ہی دے آپ اپنے ظلم کی داد

جائے تو بھی نہ یہ جنوں میرا
رگِ جاں کھول دے اگر صیاد

شاعر اگر تری غلامی میں
دونوں عالم سے ہو گیا آزاد

زخموں کی ترقی کا مزا قتل کرے ہے
کھاؤں میں غمِ ناز ترا یا کہ غمِ تیغ

عارض پہ اُس کے تِل نہیں دل ہے جلا ہوا
شاعر آنسو نہ پوچھیو ہر گز
یار کی نذر کو یہ رکھے ہیں
کیا کیا اثر دیئے ہیں بتوں کی نگاہ کو
یار دل کو لئے ہی جاتا ہے
فکرِ چاکِ جگر تو کر ناصح
بول اُٹھا دردِ عشق سُن کے طبیب
آہ تو کس امید پر شاعر

شاعر جو مدتوں سے پڑا تھا بکامِ زلف
میں نے اِن بیقرار آنکھوں میں
گوہرِ آبدار آنکھوں میں
یا رب عطا ہو کچھ تو ہماری بھی آہ کو
مجھکو بیدل کئے ہی جاتا ہے
جیب کو کیا سئے ہی جاتا ہے
یہ مرض جی دیئے ہی جاتا ہے
ہجر میں یوں جئے ہی جاتا ہے

شاعر - میرزا ابو القاسم معروف بہ شاعر میرزا ۱۲۶۲ھ میں پنجاب میں ہنگامہ آرائے سخن ہو کر شاعری کی دنیا میں اپنی فصاحت اور بلاغت کے سکے بٹھا رہے تھے۔ فارسی گوئی سے ذوق اور کلام ریختہ سے شوق تھا۔ دونوں زبانوں میں صاحبِ دیوان تھے۔ سادہ گوئی کیساتھ مضمون آفرینی پر قربان تھے انکے شاعرانہ خیالات پُرانی زبان میں جلوہ افروز ہو کر شاہد اثر کا جلوہ دکھاتے تھے اُدہر تلے تئیں۔ ستی۔ اور دیگر متروک الفاظ بے تکلف برت جاتے تھے۔ الفاظ کی تذکیر و تانیث کا بہت کم خیال تھا مگر ہر شعر زیور مضمون سے مالامال تھا فعل کے مفرد یا جمع ہونیکی مطلق پرواہ نہ تھی سنگلاخ زمینوں کو پانی پانی کر دینا انکے سخن کا اعجاز تھا۔ شاہ نصیر کی زمینوں میں بھی جولانی طبع دکھاتے تھے انکے رعنائے خیال اور شوکت الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ علم معانی و بیان میں اچھی مہارت رکھتے تھے شاہزادہ والا گوہر اور نواب عبد المجید خاں نبیرۂ نواب مظفر خاں والئی ملتان کے مداحوں میں تھے انہوں نے مولانا غلام رسول صاحب جیسے عالمِ خاص اور مولوی غلام محی الدین جیسے عارف کی صحبت سے استفادہ حاصل کیا تھا۔ انکا دیوان فارسی و اُردو ۱۲۷۰ھ کو مطبع قادری لاہور میں چھپا تھا جو مؤلف تذکرہ کے کتبخانہ میں موجود ہے۔

تو زیب کے پردہ کو اگر دل سے اُٹھا دے
ہو جلوہ نما دیر میں سب نور حرم کا

راہ لے بھاگے عدم کو وامق و فرہاد و قیس
تیرے دیوانے انگوٹھی گریزاں کر دیا

محتسب کچھ تیرے دل میں کیا خدا کا ڈر نہیں
شیشۂ مے پر جو تو نے سنگ باراں کر دیا

دیکھتے ہی اس بت کافر کو ہی دیں یقیں
باندھکر زنار زاہد بر، برہمن ہو جائیگا

ہجر میں لیلی ادا کے گر رہے جاری سرشک
غرق طوفان بلا مجنوں کا بن ہو جائے گا

نظر آیا نہ حرف مہر و وفا
دفتر حسن سربسر دیکھا

پاکبازی خیال باطل ہے
دامن چشم عشق تر دیکھا

لیگیا دل کو مرے آ ایک بار
ہوتئے گلرخ سمن رخسار

گر کہوں سرو اس کے قامت کو
سرو باشد چگونہ خوش رفتار

بیوفائی نکر خدا کے لئے
اے بت شوخ و دلبر عیار

دام زلف سیاہ کا بس ہے
دوستو مجھکو مت کرو زنجیر

اس محبت کی نہر میں شیریں
خون فرہاد ہے بجائے شیر

عشق ہی دیتا جلا آئینہ دل کے تئیں
عشق ہادی عشق رہبر عشق مرشد عشق پیر

دست جنوں نے پرزے پرزے پھاڑ اڑایا جست سے
ناحق چاک گریباں میرا ناصح آ کے سیتے ہیں

پھرا ہوں گلشن گیتی میں پس چمن بہ چمن
نہ دیکھا تجھسا کوئی سرو گلعذار کہیں

شام و سحر گذرتے ہیں اسکے خیال میں
بے ڈھب الجھ گئے ہیں محبت کے جال میں

دیتے ہیں قد یار سے تشبیہ سرو کو
کیا شاعروں نے دیکھی ہے خوبی نہال میں

عید قرباں ہے صنم یہ جان و دل قرباں کرو
حج اکبر ہے طواف کوچۂ جاناں کرو

حجر اسود خال ہے اور چاہ زمزم ہی ذقن
شربت اجر عظیم بوسۂ نوش جاں کرو

خدا کے واسطے اے چشم گریاں
غبار خاطر جاناں دھلا تو

مے پرستوں کو نگاہ مست دکھلا یار کی
دختر رز کی محبت سے چھوڑا دوں تو سہی

اس بت کافر کے جلوہ کو دکھا کر آن میں
زاہد و کعبہ سے میں تمکو پھرا دوں تو سہی

ہجر میں لیلیٰ ادا کے بسکہ آیا ہوں بہ تنگ
آپ کو مجنوں بنا بن بن پھراؤں تو سہی

کھودلانی کام کیا ہے پتھروں سے جوئے شیر
دیدۂ گریاں سے نہر خوں بہادوں تو سہی

اوج میں بے ہنر اور اہل ہنر نیچے ہیں
مشتری سعد تو ہے لیک ہے کیواں کے تلے

تار تسبیح کا اور رشتۂ زنار ہے ایک
زاہدا کفر ہے پنہاں ترے ایماں کے تلے

سر کو رکھ پائوں پہ روئے تو لگے یوں کہنے
نہر ہے خوب رواں سرو خراماں کے تلے

اگر دیکھ پاوے پری رُخ کو میرے
سلیماں بھی بلقیس سے منہ کو پھیرے

نہ کیلا گیا ناگ زلف سیہ کا
کئی سر پٹکتے گئے ہیں سپیرے

ہوا عیش پامال اقلیم دل میں
کئے جس گھڑی لشکرِ غم نے ڈیرے

قول و قرار یار کے جتنے ہیں سب درست
لیکن گلہ ہے اپنے ہی بختِ سیاہ سے

لاتقنطو پہ چشم توقع ہے اپنی واہ
ہوں منفعل اگرچہ سراپا گناہ سے

خونیں دلوں کو شاعرِ مرزا نہیں غرض
حرص و ہوائے دہر سے یا عزّ و جاہ سے

الٰہی یہ کیسا جگر میں قلق ہے
قلم کی زباں جس کے لکھنے میں شق ہے

شاعر۔ میر بسم اللہ صاحب شاگرد کرامت علیخاں صاحب فرخ زیادہ حال و کلام دستیاب نہو سکا اشعار دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ طبیعت میں آمد کم اور آورد زیادہ ہے۔ علاوہ اسکے کوئی خاص بات نہیں پائی جاتی۔ یہ نمونہ کلام ہے ؎

نہ سرمہ دے صنم بے حجاب آنکھوں میں
خدا کا نور ہے ان لاجواب آنکھوں میں

نظر پڑا ہے ترا جب سے چہرۂ روشن
ہوا ہے ذرہ سی کم آفتاب آنکھوں میں

جسے نہیں ہے مروت وہ آدمی ہی نہیں
بشر کو چاہئے شاعر حجاب آنکھوں میں

شاعر۔ مولوی علی حسین صاحب بریلوی۔ آپ حضرت عبداللہ صاحب احرار کی اولاد میں ہیں جو مولانا جامی کے پیر مرشد تھے۔ مولوی صاحب موصوف ظریف مزاج اور لطیفہ سنج شخص تھے پیرانہ سالی میں جوان طبیعت پائی تھی۔ آپ کو فن سخن میں نواب عبدالعزیز خانصاحب عزیز بریلوی

سے شرفِ تلمذ حاصل تھا۔ فنِ شاعری کے رموز سے واقف تھے مگر پھر بھی ترکیب و بندش چست ہوتی تھی اور صحتِ لفظی کا خیال بھی نہ تھا۔ فارسی۔ عربی کے سوا تھوڑی سی انگریزی بھی جانتے تھے۔ بریلی میں بذریعہ معلمی اپنی بسر اوقات کرتے تھے۔ خود بیس پچیس غزلیں بھیجی تھیں انکا انتخاب درج تذکرہ کیا گیا ۸۔۱۰ برس ہوئے وفات پائی ٥

یہ شبِ غم کی حرارت ہے کہ ٹھنڈا نہ ہوا
ایک خمِ ابرو یہ اترا کے وہ یہ کہتے ہیں
جب کہا میں نے شبِ غم کوئی غمخوار نہ تھا
کیوں ڈرے بیٹھے ہو کیا زخمِ جگر دیکھ لیا
کوئی ایسا نہیں پایا کہ نہ ہو حاجت مند
قبر سے بڑھ کے نہیں کوئی جگہ بھی بے عیب
یہ کہہ کر ستم کرتا ہے ظالم
بتوں نے وہ ہوا باندھی ہے اب تو
نقشِ قبا ہیں ضعف میں لپٹے ہیں بر سے ہم
اے بیخودی حواس نہیں لینے آپ میں
گلے پر چڑھ کے میرے موت بھی عمر دکھاتی ہے
الجھا دیا مجھے نگہ نازِ یار میں
کر کے سنگھار سیر کرو لالہ زار میں
جلتی ہوئی بلا کی ہے قاتل یہ تیری تیغ
دنیا کے دائرہ میں کسیکو نہیں قیام
دلوں کی باتیں ہیں الفت میں قیل و قال نہیں
میں اپنی یاد دلاؤں انہیں تو کیا شاعر

صورتِ شمع کئی بار کٹا سر اپنا
تیغ اپنی ہے کماں اپنی ہے خنجر اپنا
دہنِ زخم پکارا یہ گنہگار نہ تھا
تم نے بھولے سے مگر آج ادھر دیکھ لیا
بے نیازی کا تمہاری یہ اثر دیکھ لیا
نکلا تا حشر نہ وہ جس نے یہ گھر دیکھ لیا
سکھاتا ہوں تمہیں فریاد کرنا
کہ مشکل ہے خدا کو یاد کرنا
وہ دن گئے جو گرتے تھے انکی نظر سے ہم
حیران ہو رہے ہیں کہ آئیں کدھر سے ہم
کہے ہے تیغِ قاتل سے ذرا ٹھہرو تو چلتی ہیں
اے ضعف یہ اضافہ کیا حالِ زار میں
تم بھی تو کچھ بہار دکھاؤ بہار میں
قبضہ میں آتے ہی نہ رہی اختیار میں
مر کر نہیں ہے گردشِ لیل و نہار میں
ہے گفتگو تو ہر اک وقت لعل چال نہیں
یہی جواب وہ دیتے ہیں کچھ خیال نہیں

رطب و یابس کا ہوا تجربہ اس دنیا میں + خشک لب دیکھ لئے دیدۂ تر دیکھ لیا

پہلے تو مشتِ خاک کو انساں بنا دیا	پھر کھیل سے بگاڑ کے مٹی خراب کی
میں یہ کہتا ہوں کہ میں بوسہ نہ مانگونگا کبھی	وہ یہ کہتے ہیں یہ اندازِ سوال اچھا ہے
وصفِ رخِ جاناں میں قلم توڑ دیا ہے	کچھ بھی نہیں لکھا ہے مگر خوب لکھا ہے
جرم گندم خوردنی کا تھا یہ جرم مئیخوری	دانہ آدم کو ملا تھا آب مِلا پانی مجھے
ٹھیک جو ہر ایک غم نامہ چسپاں ہو سکے	کاتبِ تقدیر نے دی ہے پیشانی مجھے
یہ سب وہ دن کی باتیں ہیں جو کچھ کرتے ہیں کر دے	کبھی کیا ہونگے ہم اے چرخ ظالم نوجواں پھر بھی

شاعر

شاعر۔ مولوی سید فضل حسین صاحب متخلص بہ شاعر ابن منشی فضل رسول صاحب واسطی تعلقہ دار قصبہ سندیلہ۔ شاگرد ظہور لکھنوی آپ نہایت خلیق اور منکسر مزاج رئیس تھے اپنے والد کی وفات پر تعلقہ کے مالک ہوئے علم موسیقی سے بھی شوق تھا علم دوست اور فیاض رئیس تھے منشی ظہور صاحب شاگرد حضرت اسیر اور منشی سید منصب علی صاحب ہنر مرحوم سندیلوی کے فیض صحبت سے آپکی طبیعت میں قدردانی اہل ہنر اور سخن گستری کا مادہ پیدا ہو گیا چونکہ حضرت ہنر مرحوم بھی باکمال شاعر تھے اس لئے اس زمانے میں مشاعروں کا سندیلہ میں بڑا زور رہا۔ نامی نامی شعرا تشریف لاکر جناب شاعر کے مہمان ہوا کرتے تھے۔ آپکے فرزند ارجمند جناب خان بہادر منشی سید التفات رسول صاحب ہاشمی تعلقہ دار سندیلہ بھی خوش فکر شاعر تھے۔ جناب شاعر صاحب کا مرتب شدہ قلمی دیوان انکے بیٹے ہاشمی صاحب کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ افسوس کہ حضرت ہاشمی نے ماہ جنوری ۲۱ سنہ میں انتقال فرمایا۔ جناب شاعر کا پایۂ فکر عالی اور انداز بیان نرالا تھا۔ انکے بیٹے معراج رسول مسوی میں ملے تھے اور مفصل حالات اور کلام بھیجنے کا اقرار کیا تھا۔ مگر باوجود یاد دہانیوں کے ایفائے وعدہ کی نوبت نہیں آئی۔ انتخاب ملاحظہ ہو۔

کل مجھسے پوچھتے تھے وہ دم دیکے راہ میں	یوسف اگر گرے کنوئیں میں کہو کس کی چاہ میں
سینے میں دل کے ساتھ تمنا بھی ہے اسیر	یوسف کی چاہ سے ہے زلیخا بھی چاہ میں
ہو کیسے دم نہ اُس ابرو کا تصور موقوف	سامنے آنکھوں کے ہردم یہی تلوار رہے
اے غمِ ہجر نہ احسان ملک الموت کا ہو	جان جاتی رہے اے کاش قضا سے پہلے

لٹ گئے راہ میں ہم منزلِ مقصود کہاں
وہ صورت جو پیشِ نظر ہو گئی
اگر کٹ گیا سر تو کچھ غم نہیں
جوانی کی تھی نیند چونکے نہ ہم

راہ زن ہمکو ملا راہ نما سے پہلے
عیاں شامِ غم کی سحر ہو گئی
یہ عشق بازی کی سر ہو گئی
سحر سے جو سوئے سحر ہو گئی

شاعر

شاعر۔ منشی سید اولاد حسین خلف و شاگرد حضرتِ ذاخر لکھنوی - رسالہ النیران لکھنؤ کے منیجر ہیں کلام سے پختہ مغز ہونا پایا جاتا ہے - دل میں سوز اشعار میں درد ہے - زبان میں سلاست اور بیان میں لطافت ہے۔ مصرعہ پر مصرعہ خوب لگاتے ہیں جس سے اچھی خاصی مشق ظاہر ہوتی ہے - مضمون آفرینی میں زبان کی چاشنی کا ذائقہ موجود ہے - کلام کا انتخاب یہ ہے۔

نزع میں اور بھی بڑھ جائیگی الجھن اُس کی
جلانے شمع تربت اسطرح آتا ہے وہ کم سن
جہاں ہمراہِ لاشِ آئے ہلو وہ آتنی کرو تکلیف
رونے والا تھا مرا اے بیکسی زنداں میں کون
حالتِ فرقت بھی زانو پہ لیکر اُنکا سر
ہوش آیا ختم پیری پر مجھے بعدِ شباب
چشم بد میں کور ہو کسکی نظر ہے سوئے دوست
شامِ وصلت رحم کر للہ گردوں رحم کر
زیرِ سر حسرت بھرا آخر خط اپنا رکھ لیا
لاغری میں مجھکو رکھا ثابت قدم اشوقِ دید
عار اسکو شبِ غم ہے مرے گھر آنے میں
بیٹھے رہنے کا بہانہ ہمیں قسمت سے ملا
عکس سے اہل فلک کو صاعقہ کا خوف ہے

اپنے بیمار کے آگے نہ پریشاں ہونا
کبھی دو گام بڑھ جانا کبھی ڈرکر ٹھہر جانا
ملا لو خاک میں ہم کو تو پھر تم اپنے گھر جانا
حلقۂ زنجیر میں ہاں کچھ دنوں ماتم ہوا
اتنا روئے پھول سا رخسار آخر نم ہوا
رات کا جاگا ہوا تھا دن چڑھے سو کر اٹھا
آج بن بن کر بگڑتے جاتے ہیں گیسوئے دوست
اور تھوڑی نیند لے لوں میں سر زانوئے دوست
مر گئے ہم اور نہ پایا جانیوالا سوئے دوست
دو قدم کا فاصلہ ہے سامنے ہی کوئے دوست
موت کو ڈھونڈتا پھرتا ہوں سیہ خانے میں
منہ برسنے لگا جب آ چکے میخانے میں
دھوپ میں کیوں گردشیں دیتے ہو تم تلوار کو

نا امیدی اس طرح تیرے آنے سی ہوئی	سب لئے بیٹھے رہے شب بھر ترے بیمار کو
اور بھی ارمان شہادت کا مزا دینے لگے	آپ نے تلوار باندھی ہم دعا دینے لگے
یہ نہ سمجھے مجھپہ کیا گذری ہے کیونکر ہوش ہوں	چارہ گر جھک جھک کے دامن کی ہوا دینے لگے
چارہ سازو۔ خاک اچھا ہو مریض عشق یار	تم نے پہچانا مرض بھی یا دوا دینے لگے
مرجائیگا بیمار شب ہجر تڑپ کر	وہ سورۂ والشمس اگر دم نہ کرینگے
ترے وعدہ کی شب فرقت میں کیونکر چین کا کوٹا	ترا آنا بھی مشکل نیند کا آنا بھی مشکل ہے
یہ دُز دیدہ نظر سے جستجو بیکار کرتے ہو	جہاں پر ہاتھ تم رکھدو وہیں سمجھو مرا دل ہے
تجھے درماں زخم دل کی کوشش چارہ گر کیوں ہے	نکلنا تیر زنگ آلود کا سینے سے مشکل ہے

شاعر۔ محمد حبیب اللہ صاحب نایب صیغہ دار محکمہ نظم جمعیۃ سرکار عالی حیدر آباد۔ دکن خوش فکر اور ذہین ہیں۔ زبان صاف کہتے ہیں انتخاب یہ ہے

نہیں کس دل میں جستجو تیری	نہیں کس لب پہ آرزو تیری
کیوں نہ ہو دل فدا تصور پر	شکل رہتی ہے روبرو تیری
میرے رونے پہ ہنسکے کہتے ہیں	آنکھ کھوتی ہے آبرو تیری
باز آ باز آ جفاؤں سے	یہ بُری ہے بُری ہے خو تیری
خاک شاعر غبار میں مل کر	جستجو میں ہے کو بکو تیری

شاعر۔ سخنور شیوا بیان۔ سحر زبان۔ شاعر جادو طراز آغا ظفر علی بیگ قزلباش دہلوی۔ قدرت کا منشا تھا کہ یہ شاعری کی دنیا میں نامور ہوں شہرت پائیں۔ دلی کے فصیح محاورات ٹکسالی زبان کو بر تیں طبیعت لڑکپن ہی سے چلبلی اور شوخ تھی۔ نواب احمد سعید خاں طالب کے فیض خدمت اور مرزا شجاع الدین خانصاحب تاباں کی حوصلہ افزائی نے اسمیں اور بھی چار چاند لگا دیے۔ آپ دہلی کے مشاعروں میں اپنی خوشگوئی کی داد لینے کے بعد حضرت داغ کے تلامذہ میں داخل ہو گئے اور خط و کتابت کے ذریعہ سے انکو اپنا کلام دکھانے لگے۔ ابتدا میں طبیعت کی تیزی۔ روانی کا یہ حال تھا کہ ایک

ایک دن میں چارسو پانچ سو اشعار کہہ لیتے اور وہ مشاعروں میں اپنے شاگردوں کو تقسیم کر دیتے۔ شعرگوئی کے آغاز ہی سے انہوں نے دہلی میں اپنا علمِ اُستادی بلند کیا تھا اور انکے ماننے والوں کی تعداد کافی تھی۔ رفتہ رفتہ بعض غزلیات ارباب نشاط کے کوٹھوں اور گلی کوچوں میں گائی جانے لگیں اور اُسوقت کے اساتذہ مثلاً۔ مولنا حالی ظہیر مجروح طالب ثاقب۔ راسخ۔ برتر وغیرہ انکی ذہانت طباعی سلاست بیانی کی معرف تھے۔ بندش کی خوش اسلوبی اور انداز بیان کی ندرت مضمون کی شوخی سے مل کر مزا دوبالا کر دیتی ہے اور مشاعرہ میں آپکی غزل خوانی قابل شنید ہوتی ہے۔ اسی عرصہ میں اخبار وکیل امرتسر سے انکا تعلق ہوگیا اور اسمیں ایک فسانہ شایع ہونے سے انکی ادبی حلقوں میں شہرت ہونے لگی۔ مگر اخبار نویسی اور مضمون نگاری کا سلسلہ تھوڑے ہی روز میں جاتا رہا۔ دہلی سے بتلاش معاش حیدرآباد تشریف لیگئے۔ اُس زمانہ میں فصیح الملک مرزا داغ کی شاعری کا آفتاب سپہر نظم پر تاباں تھا دکن کے مشاعروں میں انکی شاعری کا طوطی بولنے لگا۔ بعض حسّاد اور تنگ نظر شعرا نے انہیں اپنے علم و فضل کے اثر سے دبانا چاہا لیکن ذہن کی خوبی اور طبعیت کی خوش اسلوبی خصوصاً زبان کی روانی سے انپر کوئی غالب نہ آسکا اور ہمیشہ بزم سخن میں انکا وقار قایم رہا۔ اسی عرصہ میں یہ مہاراجہ کشن پرشاد و راجہ امانت ونت کے ہاں بزمرۂ شعرا ملازم ہوگئے مگر قسمت نے وہاں بھی نہ رہنے دیا۔ جوانی کا زمانہ تھا شباب کے دن سن طبعیت عشق آشنا خیالات شعر رنگینی پسند آخر کار ناٹک کمپنیوں تک پہونچے اور ڈراما نگاری کے ذریعہ سے کلکتہ میں بسر اوقات کرتے رہے۔ دو تین سال تک بیگم صاحبہ مرشدآباد کے داماد نواب نصیر الملک سفیر ایران کی مصاحبت میں رہے وہیں سے "افسر الشعرا" کا خطاب پایا ہم اس موقعہ پر حضرت داغ کی جانشینی کا مسئلہ چھیڑنا چاہتے ہیں ورنہ دنیا کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ آغا شاعر کو اُستاد مان لے لیکن یہ ضرور کہینگے کہ طبع رواں کے جوہر تغزل کی اصل شان۔ عاشق و معشوق کی گفتگو اور روزمرہ کے دلفریب اسلوب اور بے تکلفانہ محاورات جو داغ کی شاعری کا زبردست عنصر ہیں آغا شاعر کے کلام میں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ گو جذباتِ فطرت اور تخئیل کی بلندی نے داغ کی شاعری کا زمانہ ختم کر دیا ہے۔ مگر جبتک دنیا میں اُردو زبان کا وجود رہے گا محاورات داغ زندہ رہینگے۔ اسوقت انکی عمر ۵۴-۵۵

برسکی ہوگی۔ جو شوخی اور بانکپن انکے کلام میں ہے اسکی نظیر موجودہ شعرا کے ہاں کم ملتی ہے۔ آغا صاحب کئی کتابوں کے مصنف ہیں جسمیں قتل نظیر نے بہت شہرت پائی ہے۔ فسانہ نگاری میں یگانہ اور ڈراما نویسی میں فخر زمانہ ہیں علم مجلسی اور اخلاق میں فرد۔ آزادیِ ہند کے حامی اور قلم کے مرد ہیں۔ آپنے ریاست جھالاواڑ سے ایک رسالہ "آفتاب" کے نام سے نکالا تھا۔ آپ مہاراجہ صاحب جھالاواڑ کے درباری شعرا میں دس برس سے منسلک ہیں آپنے فصیح اردو میں کلام مجید کا ترجمہ نظم کیا ہے۔ مزیدار شعر کہتے ہیں انکا یہ شعر۔

حشر میں انصاف ہوگا بس یہی سنتے رہو　　کچھ یہاں ہوتا رہا ہے کچھ وہاں ہوجائیگا

حوادث زمانہ سے چوٹ کھائے ہوئے دل کا مرقع اور کسقدر دلفریب ہے۔ دیوان اول "تیر و نشتر" کے نام سے مخزن پریس میں شایع ہوچکا ہے۔ دوسرا دیوان بھی تیار ہے۔

بہ تحریک اپنے محسن مہاراجہ سر بھوانی سنگھ والیٔ جھالاواڑ جنھیں علم و دانش کا پتلا کہنا زیبا ہے رباعیات عمر خیام کا فصیح ٹکسالی اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے اور اب اُسے چھپوانے کا ارادہ کر رہے ہیں راقم تذکرہ سے عرصہ تیس سال سے انکے نہایت خوشگوار مراسم ہیں کئی مرتبہ میرے مکان پر مشاعروں میں شریک ہوئے ہیں اور مشاہیر عصر مثل راجہ محمود آباد۔ نواب امداد امام۔ سر علی امام کو کلام سنایا اور اُنسے داد لی ہے۔ مذہباً شیعہ ہیں اور مرثیہ کہتے بھی ہیں اور پڑھتے بھی۔ دو تین مرتبہ ریاست خیرپور سندھ ایام عشرہ میں بلائے گئے اور زمین وقت کیطرف سے آپکی قدردانی بھی کیگئی۔ شاگردوں کی تعداد دو تین سو سے کم نہیں جیسے برق دہلوی۔ مائل دہلوی۔ ہاشم نسیم۔ شوق وغیرہ اچھا کہنے والوں میں ہیں عرصہ سے آپ اپنا تازہ کلام راقم تذکرہ کو بھیجتے رہتے ہیں اسلئے کلام کا بہترین حصہ شائقین اور قدردانان سخن کی ضیافت طبع کیلئے پیش کیا جاتا ہے پڑھیں اور مزے لیں ؎

انتخاب دیوان

دم نہ نکلا صبح تک شامِ الم　　حسرتوں نے رات بھر پھیرا دیا
گر یہی رنگِ سخن ہے شاعرِ رنگیں بیاں　　تو بھی اکدن طوطیِ ہندوستاں ہوجائیگا
شوقِ نظارہ اسے کہتے ہیں اللہ اللہ　　پتلیاں جم گئیں عارض پہ ترے تِل ہوکر
میری آنکھیں ہیں جو ہے موج تو انھیں فرش کریں　　میرے پہلو میں رہیں آپ مرادل ہوکر

دن جوانی کے جو آئے انہیں پردہ سوجھا

خون ہو ہو کے بہے لختِ جگر آنکھوں سے

جستجو میں تری ہستی کو مٹا کر چھوڑا

کعبے سے دیر۔ دیر سے کعبہ

دل کی قیمت نہ چکی تھی کہ نگاہیں بھی پھریں

جل جل کے گل کیا تو قضا نے چراغِ داغ

نہ چھیڑو اب شکستہ خاطروں کو

بچایا ہر طرح سے ناخدا نے

ٹھیس لگتے ہی ٹوٹ جائے گا

بس خدا کے واسطے بس چار آنکھیں ہو گئیں

اس محبت کا بُرا ہو کچھ نہ اُن سے کہہ سکے

تم کیا سنو گے واہ ستمگر سے کیا کہیں

دامن پہ اُنکے خون ہے مجھ بے گناہ کا

بھرتا نہیں کبھی جو کسی طرح دن پھریں

فقرے کسو نہ غیر کی خاطر سے بزم میں

ایسا ہو جو بلائیں بھی لے اور خط بھی دے

شاعر ہمارا کوچ مقدر کی بات ہے

تم تک آ بھی نہ سکوں تمکو بلا بھی نہ سکوں

نقشِ ہستی مرا دم بھر میں فنا ہوتا ہے

میٹھی میٹھی وہ خلش دی ہے ترے تیروں نے

یہ نیا ظلم ہے بیداد بھی ہے تھم تھم کر

کھنچ گئے آہ وہ تصویر کے قابل ہو کر

دو گھڑی بھی نہ نبھی درد کے شامل ہو کر

ٹھوکریں کھائیں غبارِ رہِ منزل ہو کر

مار ڈالے نہ راہ کی گردش

تم تو رکھتے ہی نہیں طالبِ دیدار سے ربط

لیکن بہار پر ہی رہا رنگ باغِ داغ

کوئی غم سے اٹھائیگا کہاں تک

گئی ہے جب مری کشتی بھنور تک

شیشۂ دل حباب سے بالکل

سب گلے جاتے رہے جب چار آنکھیں ہو گئیں

مر مٹا میرے جگر کے پار آنکھیں ہو گئیں

ہاں کوئی اہلِ درد ہو تو پھر اس سے کیا کہیں

شرمندہ ہیں کہ داورِ محشر سے کیا کہیں

یہ بھی تری نظر ہے مقدر سے کیا کہیں

دلمیں اُترتے جاتے ہیں نشتر سے کیا کہیں

بیچارہ جانور ہے کبوتر سے کیا کہیں

تاباں سے کیا گلہ کریں نیر سے کیا کہیں

یہ تو کچھ ایسی دھری ہے کہ اُٹھا بھی نہ سکوں

تیری حسرت تو نہیں کہ مٹا بھی نہ سکوں

دلمیں رکھ بھی نہ سکوں جان سے جا بھی نہ سکوں

چین لے بھی نہ سکوں اشک بہا بھی نہ سکوں

ہلکی ہلکی وہ پلا ساقی مدہوش مجھکو
مست ایسے بھی نہ سکوں ہوش میں آ بھی نہ سکوں

تمکو اکسیر مبارک رہے دولت مندو
میں وہ ہوں خاک جو نظروں میں سما بھی نہ سکوں

صفحۂ دہر سے کس طرح مٹے گریۂ خوں
حرفِ غم ہے کہ جو کاغذ سے مٹا بھی نہ سکوں

شکوۂ ظلم بھی اسدرجہ گراں ہے شاعر
راز کیطرح زباں تک جسے لا بھی نہ سکوں

روز فرماتے ہیں ہم جائیں تو ہٹ جاؤ بھی
دیکھنا کیا مری تقدیر بنے بیٹھے ہیں

کلیجہ مرا چھد گیا۔ تیر برسے
اسیطرح آؤ فتنہ گر دیکھتے ہیں

محفل میں چین بھی ہے تجھے فتنہ گر کہیں
دل ہے کہیں خیال کہیں ہے نظر کہیں

عارض پہ مرمٹا کبھی گیسو میں جا پھنسا
دل کی ہمارے شام کہیں ہے سحر کہیں

بس چلو ہو چکا اتنا نہیں بنتے توبہ
دیکھنا رات گذر جائے نہ سامانوں میں

ماشاء اللہ رقیبوں کا یہ جھمگھٹ آہا
آج تو شمع بنے بیٹھے ہو پروانوں میں

ہم تمہیں یاد بھی آئیں تو کبھی بھولے سے
تم ہمیں بھول بھی جاؤ تو بہت یاد کریں

پہلے یہ حکم تھا آواز نہ نکلے مُنہ سے
اب یہ ضد ہے کہ تڑپتی ہوئی فریاد کریں

جھلملاتا ہے مرا داغِ جگر آہوں سے
تیر چھوٹے نہ کہیں شمع کو برباد کریں

دل پہ مرتے ہیں یہ پیکاں تیرے
ایک جاتا ہے تو دو آتے ہیں

جب کبھی ہم نے بلایا اُن کو
یہی کہتے ہیں کہو آتے ہیں

آدمی آدمی سے ملتا ہے
بات کرنی تو کچھ گناہ نہیں

بس مجھکو داد ملگئی محنت وصول ہے
سُن لے غزل یہ بلبلِ ہندوستاں کہیں

وہی خاک میں مل گئے سب سے پہلے
جنہیں حسن و خوبی کے دعوے بڑے ہیں

نام کو بھی کبھی تسکینِ دلِ مضطر میں نہیں
موت ہی آئے جو تم میرے مقدر میں نہیں

نگۂ مست سے پھر مجھکو بنا دو بیخود
کیا مئے ہوش ربا آپکے ساغر میں نہیں

تم نہ سمجھے تھے کہ پابوسیاں کیا کرتی ہیں
ہم نہ کہتے تھے کہ بیمار گھڑی بھر میں نہیں

ایک دن جان مری کاوشِ مژگاں میں نہیں
آپ چاہیں تو ابھی دن مرے پھر جاتے ہیں
او جنوں ہوش کی لے دست درازی کبتک
اور بل کھا گئیں کھلتے ہی لٹیں شانے پر
روح کو تن سے نکلتے ہوئی موت آتی ہے
چار دن کی ہے جوانی اِسے کیا سمجھے ہو
ابھی دو دن ہوئے شاعر تو بھلا چنگا تھا
کسکو امید اسکی ہوتی تھی میرے مولیٰ
قطرے کو آب دے کر گوہر بنا دیا ہے
سوز فرقت نہ بجھے گا کسی پہلو دل میں
پھر وہی ٹیس وہی درد وہی بیچینی
میں بھی نہیں ٹلنے کا جو دشمن نہیں مرتا
جب میں نے یہ کی عرض جلا لیجئے مجھکو
جاتی رہی پہلو میں رہا کرتی تھی اک چیز
اچھوں پہ بُری بنتی ہے شاعر یہ سُنا ہے
کبھی آنکھوں میں رہتے ہیں کبھی وہ دل میں رہتے ہیں
اُدھر جو دیکھتا ہے وہ اِدھر بھی دیکھ لیتا ہے
تیرے کوچے میں بھی سفاک عجب عالم ہے
وہ راہ میں ہیں سُنا ہے۔ اب آئے کہ آئے
کبھی اِن آنکھوں سے مردے جلائے جاتے تھے
ملنا نہ ملنا یہ تو مقدر کی بات ہے

یہ کھٹک وہ ہے کہ جو تیر کے پیکاں میں نہیں
کونسی بات ہے جو آپکے امکاں میں نہیں
دیکھ لے اب تو کوئی تار گریباں میں نہیں
کونسا پیچ تری زلفِ پریشاں میں نہیں
یہ وہ قیدی ہے اذیت جسے زنداں میں نہیں
روز جوبن یہ کوئی پھول گلستاں میں نہیں
سانس کا کھیل ہے بس کچھ بھی توانائی میں نہیں
بگڑی بنانے والے قربان تیرے جاؤں
عزت بڑھانے والے قربان تیرے جاؤں
کاش آنکھوں سے برسنے لگیں آنسو دل میں
چارہ گر آگ لگا دے کسی پہلو دل میں
اُٹھ جاؤں جو تم سے وہ پردہ تو نہیں میں
ہنسکر کہا اے شخص مسیحا تو نہیں میں
تر بھر نہ بولوں کچھ آپ سے کہتا تو نہیں میں
صدقے ہنسکر کس بات میں اچھا تو نہیں میں
بڑے بیچین ہیں ہم تو بڑی مشکل میں رہتے ہیں
تری تصویر بنکر ہم تری محفل میں رہتے ہیں
سینکڑوں چاک گریباں چلے آتے ہیں
کدھر کا قصد ہے او جان بے قرار نہیں
انہیں میں آج مروت نہیں ہے پیار نہیں
تم خوش رہو۔ رہو میری پیاری جہاں کہیں

جاتے کدہر ہو تم صفِ محشر میں خیر ہے
دامن نہ ہو خدا کے لئے دہجیاں کہیں

میکش ہوں وہ کہ پوچھتا ہوں اُٹھ کے حشر میں
کیوں جی شراب کی ہیں دکانیں یہاں کہیں

جاؤ سدہارو تم سے نبھی ہے نہ نبھ سکے
لیتے ہیں دل میں بیٹھ کے یُوں چٹکیاں کہیں

پہرہ بٹھا دیا ہے یہ قیدِ حیات نے
سایہ بھی ساتھ ہے جاؤں جہاں کہیں

اب تو ہم جتنی منگائیں تُو دئے جائے فروش
پھر حساب اگلے برس ہوجائیگا برسات میں

پی بھی لو شاعر سمجھ رکھی ہے توبہ آپ کی
چھوڑ سکتا ہے کوئی مردِ خدا برسات میں

بہت رونا مجھے آتا ہے غنچوں کے تبسم پر
فقط کھلنے ہی کی ہے دیر ساری کھل کے بکھری ہیں

کس طرح اُس بشر سے کسیکو ضرر نہو
بندہ تو بندہ جس کو خدا کا بھی ڈر نہو

وہ خود ہیں بیقرار لگی کے لگاؤ سے
یہ بھی ہے کوئی بات اِدہر ہو اُدہر نہو

ناصح کسیکی آنکھ جو لگ جائے بزم میں
تیرے فرشتہ خاں کو بھی اُسکی خبر نہو

للہ جب عروج پہ مشتِ غبار ہو
اُس بت کی ٹھوکروں میں ہمارا مزار ہو

دُہلجائیں سب گناہ جو رحمت برس پڑے
پردہ ہمارا سایۂ دامانِ یار ہو

جھلکی دکھائی سامنے آئے چلے گئے
یادش بخیر تم بھی عجب پردہ دار ہو

ہم سے نہ ملئے آپ نے تو کہدیا مگر
وہ کیا کرے غریب جو بے اختیار ہو

کس ناز سے وہ پوچھتے ہیں مجھکو دیکھکر
شاعر مزاج کیسا ہے کیوں بیقرار ہو

ترے گیسو مٹا دینگے پریشانِ محبت کو
بلا کی اُلجھنیں رہنے لگیں کافر طبیعت کو

بڑے مجبور ہیں کس طرح چھوڑیں اپنی عادت کو
بتوں پر ٹوٹ کر آنا سکھایا ہے طبیعت کو

جہاں تم مسکرائے دوڑ کر ہم پیار کر لینگے
لگانا ہاتھ پیچھے پہلے سن لو دل کی قیمت کو

یہی رفتار کے انداز ہیں تو کیا ٹھکانا ہے
خدا جانے کہاں چھپنا پڑے جا کر قیامت کو

کوئی ہم سی زیادہ لذتیں کیا لیگا دنیا میں
کلیجے سے لگائے پھرتے ہیں دردِ محبت کو

ہر بات چھانٹ لیتی ہیں مشکل تراش کے
پیکاں نکالتے ہیں مرا دل تراش کے

دل میں ہے درد۔ درد میں ارماں بھرے ہوئے
سینے میں تیر تیر میں پیکاں بھرے ہوئے

اُسکا جواب دیر و حرم میں کہیں نہیں
جس دل میں ہوں خزانۂ ارماں بھرے ہوئے

کانٹے کیطرح دل میں کھٹکتے ہیں موت کے
پھولوں سے بھر رہے ہیں جو داماں بھرے ہوئے

اک دن برس پڑو گے ہمیں پر یہ کھُل گیا
کب تک پھرو گے روز مریجاں بھرے ہوئے

دل میں گھر کر گئی اس طرح محبت تیری
ذرّہ ذرّہ سے چمکنے لگی صورت تیری

تاڑ لیتے ہیں نظر باز شباہت تیری
لاکھ پھولوں میں بھی چھپتی نہیں رنگت تیری

بیڑیاں کاٹ کے شمشیر رکھی گردن پر
کہتے ہیں خیر گھٹا دیتے ہیں مدت تیری

وہ بھی دن ہوں کہیں اللہ غریبوں کی سنے
ہر سحر اُٹھکے میں دیکھا کروں صورت تیری

تجھکو کیا ہو گیا شاعر جو مٹا جاتا ہے
اس کو ضد ہے وہ نہیں دیکھتا صورت تیری

غضب دیکھو خیال ابروئے خمدار میں آئے
گلے ملنے لگے تلوار سے یہ پیار میں آئے

ملتوں کی حکومت ہی تو شوخی کا زمانہ ہے
نگاہِ یار میں آئے مزاجِ یار میں آئے

نگاہِ یار کی برچھی غضب کی دل نشیں نکلی
کھٹکنے میں نہیں چمکی تڑپنے میں نہیں نکلی

ہمارا ہی جگر ہے یہ ہمارا ہی کلیجہ ہے
نگہ نے نیمچہ مارا زباں سے آفریں نکلی

نہیں سنتا کسی کی اِن ضدوں کا کیا ٹھکانا ہے
قیامت آ گئی بس جب تری منہ سے نہیں نکلی

ہمارے پاس بیٹھو اور دشمن پر بھی نظریں ہوں
کھٹکتی تھی جو دل میں پھانس وہ اب تک نہیں نکلی

سوالِ وصل بس اتنا کہا تھا جس پہ رُوٹھے ہو
ابھی تو بات بھی پوری مرے منہ سے نہیں نکلی

طفیلِ عصر کہلایا مجھے بھی مل گئی جنت
لبوں سے پھول برساتی جو آہِ آتشیں نکلی

خدا کی شان کیا تقدیر آئی ہے بگڑنے پر
ہماری بات بھی اب تمکو گالی ہوتی جاتی ہے

قدم کو پھونک کر رکھے کوئی کیسا ہی دنیا میں
نہیں رکتی کسی سے ہونیوالی ہوتی جاتی ہے

شرر اُڑنے لگے سوزِ دروں کی لاگ سے شاعر
ہماری آہ بھی پھولوں کی ڈالی ہوتی جاتی ہے

ابرو ہیں دونوں دل کے خریدار دیکھئے
آپس میں چلنے والی ہے تلوار دیکھئے

آہستہ چلئے ایسی بھی جلدی کہاں کی ہے
دل بے بس نہ جائے دیکھئے سرکار دیکھئے

ٹپکتا ہے برستا ہے یہی اندازِ قاتل سے
رنگیلا آج ہولی کھیلنے نکلا ہے بسمل سے

یہ ان کو رات دن افسردگی تھی اپنے بسمل سے
چڑھائے قبر پر دو پھول بھی تو کس کے دل سے

خدا جانے کہاں کی دل لگی تھی دردِ دل سے
ابھی چونکا دیا پھر کیا لگی تھی آنکھ مشکل سے

بسر ہو جاتی ہے ہر طرح منعم خاکساروں کی
فقیروں کو غرض کیا ہے تری خورشید منزل سے

قیامت میں خدا کے سامنے کیا منہ دکھاؤ گے
نہ اتراؤ ذرا مہندی رچا کر خونِ بسمل سے

سنورتے زلف کے حلقے جدا ہر زنجیر ہو جاتے
بگڑتے آپ جس پہلو مری تقدیر ہو جاتے

تماشا بن گئیں تھیں ہجر میں بیتابیاں اپنی
ہمیں تم دیکھتے آکر اگر تصویر ہو جاتے

جدا ہوتا تھا ہو نکلے خفا ہوتا تھا ہو نکلے
سبھی کچھ ہو چکا اب کیا مری تقدیر ہو جاتے

کہاں ہیں حضرت شاعر ذرا آنکھیں ملا لیتے
کہ وہ بھی آنکر اس گنجفہ میں میر ہو جاتے

قیامت بن کے سر شوخی تری رفتار سے نکلی
جہاں سایہ پڑا گویا پری دیوار سے نکلی

کہیں انکار سے نکلی کہیں اقرار سے نکلی
نہیں کیا تھی چھری بنکر زبانِ یار سے نکلی

لہو ٹپکا بجائے اشکِ غم عبرت کی آنکھوں سے
زلیخا جیب گدائی کے لئے بازار سے نکلی

خدا جانے یہ کیا ہی سیدھی باتیں الٹی ہوتی ہیں
کہاں کی لاگ شاعر چرخِ کج رفتار سے نکلی

کیا ہمیشہ کوئی دنیا میں جواں رہتا ہے
ہوش میں آؤ یہ جوبن ہی کہاں رہتا ہے

مجھسے فرماتے ہیں شاعر نہ ستاؤ دیکھو
ہونٹ دکھ جاتے ہیں بوسہ کا نشاں رہتا ہے

بہار آئی ہے پھر چمن میں نسیم اٹھلا کے چل رہی ہے
ہر ایک غنچہ چٹک رہا ہے گلوں کی رنگت بدل رہی ہے

وہ آن پہونچے وہ جی اٹھا میں عدو کی امیدیں پھری
عجب تماشا ہے دل لگی ہے قضا کھڑی ہاتھ مل رہی ہے

بتاؤ دل دوں نہ دوں کہو تو عجیب نازک معاملہ ہے
ادھر تو دیکھو نظر ملاؤ یہ کس کی شوخی مچل رہی ہے

تڑپ رہا ہوں یہاں تن تنہا وہاں عدو سے وہ ہم بغل ہیں
کسی کے دل پر بنی ہوئی ہے کسی کی حسرت نکل رہی ہے

دکھائی یار کی ترچھی نظر میں کیوں نہ رہے
چھری سی اک مرے زخمِ جگر میں کیوں نہ رہے

اُدھر یہ شوق تلون کو بے حجاب پھروں
ادھر یہ ضد ہے کہ نیچی نظر میں کیوں نہ رہے

زباں جلے جو ترے تیر کی شکایت ہو
یہ دل میں کیوں نہ رہے یہ جگر میں کیوں نہ رہے

غم رقیب میں چھپ چھپ کے ہم سے رو لینا
عجیب لطف ہے پھر ور دہن میں کیوں نہ رہے

پرائی بات جو اپنی بھی ہو پرائی ہے
مری زباں دہنِ نامہ بر میں کیوں نہ رہے

کھٹکتی رہتی ہے اک اک خطا جو شاعر کی
گناہ گار ہے تیری نظر میں کیوں نہ رہے

قسمیں دے دے کر دلِ زار کو سمجھایا ہے
آج بھی تم جو نہ آئے تو قیامت ہو گی

آپ اُٹھتے تو ہیں پہلو سے خدا خیر کرے
دیکھئے کیا دلِ بیتاب کی حالت ہو گی

منہ برستا ہے برس دیدۂ پرخوں تو بھی
دل سنبھل جائے گا آنکھوں میں طراوت ہو گی

جلوہ دکھا کے آپ جو روپوش ہو گئے
ایسی چڑھی ہیں وہیں بے ہوش ہو گئے

اب کیا ہماری یاد زمانہ گذر گیا
برسوں ہوئے کہ تم کو فراموش ہو گئے

بُت ہو گئے وہ سُن کے مری داستانِ غم
ایسا مزا ملا ہمہ تن گوش ہو گئے

کل کی یہ بات ہے کہ ہمیں سے تھا ربط ضبط
اللہ ایسے زود فراموش ہو گئے

وہ مسکرائے تھے تیوری بدل گئی کیسی
ہنسی ہنسی میں یہ تلوار چل گئی کیسی

طراوت آ گئی دل کی نکل گئی کیسی
بہے جو اشک طبیعت بہل گئی کیسی

مجھی پہ بات بنا کر وہ آئے تھے لیکن
خدا کی شان وہ اور دنیہ ڈھل گئی کیسی

جوانی آئی پھر آ کر سدھارنے بھی لگی
عجب شراب تھی پل بھر میں ڈھل گئی کیسی

تمہارے قد نے قیامت اُٹھائی کیا کیا کچھ
تمہاری چال کلیجے مسل گئی کیسی

کسی کے سامنے جا کر بھی کچھ نہیں کہتا
مری زباں مری آہوں سے جل گئی کیسی

تمہیں حیا ہی دیا عشق موت آ ہی گئی
یہ دل کی بات تھی منہ سے نکل گئی کیسی

تمہارے آتے ہی اک چین آ گیا دل کو
تمہارے جاتے ہی دنیا بدل گئی کیسی

ابھی زباں سے نکلی کہ لے اُڑیں پریاں
تمہارے ہاتھ سے شاعر غزل گئی کیسی

نہ دینگے نہ دینگے دل اپنا نہ دینگے

پھرے دربدر لیکے بزمِ عدو سے

وہ زہرہ جبیں تجھپہ مائل ہے شاعر

نہیں غیر تم سے جدا ہونے والے

تم آئینہ لیکر دکھا دو جہاں کو

اُدھر زلف بکھری اِدھر دم سدھارا

یہ کسنے کہا قتل کیا تم نے ادا سے

اب نیم نگاہی میں بھی ہے برق کا عالم

بوسہ کا اگر وہ یہاں بھی آجائے کسی کو

ٹھہر تو ذرا چال چل جانیوالے

غریبوں کے مرقد کو ٹھکرانے والے

چار آنکھیں کبھی ہوتی ہیں آتے جاتے

خوب تڑپایا ہی اُٹھ اُٹھ کے تسلی کیلئے

حُسنِ رفتہ کا اب ملال ہی کیا

تم کہاں وصل کہاں وصل کی امید کہاں

چھُری پھیر کے آپ تڑپایا مجھکو

فائدہ خاک نہیں علم و ہنر ہونے سے

کس طرح دن کٹینگے ترے انتظار کے

صیاد نے چمن کی ہوا تک نہ دی ہمیں

بڑے چین سی قبر میں سو رہا ہوں

عدو کا ذکر شب وصل ۔ واہ کیا خوب ہے

چلو جاؤ بس خوب سمجھا ہوا ہے

یہاں بھی کبھی بال بیکا ہوا ہے

نصیبا ترا یار چمکا ہوا ہے

یہی زہر کے بیج ہیں بونے والے

کہ یوں ایک سے دو ہوئے ہونے والے

سرِ شام سے سو گئے سونے والے

کچھ خبر ہے سنبھلو ذرا لڑتے ہو ہوا سے

کیا جانے کہا کیا تری شوخی نے حیا سے

چھُپ جائیں وہ تصویر کے پردہ میں حیا سے

نگاہیں بدل کر نکل جانے والے

سنبھل جانیوالے سنبھل جانیوالے

نظرِ لطف کہاں چشم مروت کیسی

درد دینے کی ہے تلافی شبِ فرقت کیسی

عارضی چیز تھی رہی نہ رہی

دل کے بہلانیکو اک بات بنا رکھی ہے

مجھی سے پھر اُلٹا گلا ہو رہا ہے

زندگی خوب بسر ہوتی ہے زر ہونے سے

کیونکر اُٹھینگے ناز دلِ بیقرار کے

آئے بھی اور چلے بھی گئے دن بہار کے

نیا آسماں ہے نرالی زمیں ہے

چلو ہٹو یہ کلیجے میں چٹکیاں کیسی

کبھی نمک ہے کبھی تیر ہیں کبھی چرکے ۔۔۔ ملی ہیں زخم جگر منہ بھرائیاں کیسی

کسے یقیں ہے تم دیکھنے کو آؤ گے ۔۔۔ اخیر وقت مگر انتظار اور سہی

تم کبھی آتے تو ہم تک حشر ہوتا تو کہیں ۔۔۔ کچھ تو ہم کو داد ملتی داد کی بیداد کی

تازیانے کی ضرورت گیسوئے مشکیں تو ہیں ۔۔۔ اپنے دیوانے کو چھڑیاں ماریئے شمشاد کی

پھولوں کو چھوڑ کر مرے پہلو میں آرہے ۔۔۔ بلبل جو پائے زخم جگر کی ہوا کبھی

ناکامیوں میں کوئی نہ کوئی تو راز ہے ۔۔۔ مایوس کیوں ہوں میں کہ خدا کارساز ہے

لایا ہوں سی کے پھر جگر زخم زخم کو ۔۔۔ پھر انکو اپنی نیم نگاہی پہ ناز ہے

مانا کہ پاک صاف ہے دل بھی تو پاک ہو ۔۔۔ زاہد خدا کے واسطے یہ کیا نماز ہے

اُس کی خشکی سی چھُٹا۔ سینے میں تیر اُس دل میں تھا ۔۔۔ کیا ٹھکانا توڑ کا پلٹے تو دیکھو تیر کے

خار حسرت چبھ نہ جائے دل نہ لو ۔۔۔ پھول توڑے بھی تو کانٹا دیکھ لے

تم نہیں ہو تو مجھے خار ہے ایک ایک کلی ۔۔۔ ہائے یہ پھولوں بھرا باغ ہے یا جنگل ہے

داغ کے بعد نہیں لطف غزل کا شاعر ۔۔۔ یوں تو کامل ہے کوئی اور کوئی اکمل ہے

آنکھیں نہیں جو دیکھیں خالی ہیں دماغ انکے ۔۔۔ اندھیر ہے دنیا میں منصف نہ کوئی جج ہے

دروازے پہ اُس بت کے سو بار ہمیں جانا ۔۔۔ اپنا تو یہی کعبہ اپنا تو یہی حج ہے

اے ابروئے جاناں تو اتنا تو بتا ہمکو ۔۔۔ کس رخ سے کریں سجدہ قبلہ میں فرا کج ہے

مٹتے مٹتے بھی محبت کا نشاں رہتا ہے ۔۔۔ تھمتے تھمتے بھی سر شمع دھواں رہتا ہے

کسی کے روکنے سے کب ترا دیوانہ رکتا ہے ۔۔۔ بہار آئی چلائیں یہ دھری ہیں بیڑیاں میری

ڈال دو منہ پر کفن آلودۂ عصیاں ہوں میں ۔۔۔ شرم آتی ہے خدا کے سامنے جاتے ہوئے

وصل کی صورت نہ نکلی آجتک میرے لئے ۔۔۔ ایک بھی گردش نہ کی تو نے فلک میرے لئے

مثل بلبل یاد عارض پہ تڑپ جاتا ہوں میں ۔۔۔ کیا بتاؤں کیا ہے پھولوں کی مہک میرے لئے

آنکھ لگتی ہے خیال نوک مژگاں میں کہاں ۔۔۔ برچھیاں کھاتی ہیں جھپکاتی پلک میرے لئے

[illegible]

چارہ گر بیزار ہو ہیں چارہ سازی سے تری
جب مزا ہے زخمِ دل پر ہو نمک میرے لئے

اس واسطے کہا تھا نہ شاعر سے روٹھئے
اب کیا وہ آنے والی ہیں سرکار بس گئے

ہمارے جیتے جی ہرگز نہ سمٹا حرص کا دامن
یہی سنتے رہے ہم تو یہاں تک ہی وہاں تک ہی

ہزاروں سے سُنے وہ لفظ لیکن لفظ تھے خالی
تمہاری بات کی شوخی تمہاری ہی زباں تک ہے،

یہ سچ کہا ہے کسی نے ضرور ہوتا ہے
نظر سے دُور جو ہو دل سے دُور ہوتا ہے

اب جوانی میں چھپا لو منہ چھپا لو شوق سے
سینکڑوں بوسے لئے ہیں چاند سی تصویر کے

مرگیا ہوں یادِ مژگانِ بتِ سفاک میں
خاکِ تربت سے مری پیکاں اُگینگے تیر کے

ہر تصور میں رواں ہیں اشکِ خونی اس لئے
زینتیں ہیں یہ بھی دامانِ خیالِ یار کی

ہمیں تو ایسی کچھ عادت نہیں ہے بادہ نوشی کی
بہار آئی ہے زاہد اس لئے پی لی ہے تھوڑی سی

انتخاب دیوانِ ثانی

چھریاں چلنے لگیں لو اور قیامت دیکھو
بات کرنے کا بھی اب تم سے تو پہلو نہ رہا

نزع میں دیکھنے آئے ہیں مرے داغِ جگر
پھول کمُلا گئے جب اُن کو چمن یاد آیا

بس ایک ہی نظر کی تمنا تھی آپ سے
لو پھیر دو چھُری مرا ارمان نکل گیا

شاعر میں بھی اُن کو کھینچ تو لایا تھا خواب میں
افسوس میرے ہاتھ سے داماں نکل گیا

زرد چہرہ وہ ہی ساغر میں گلابی ہوگیا
تیری آنکھیں دیکھ کر میں بھی شرابی ہوگیا

خالِ مشکیں بھی عجب کافر ہے سب سے بڑھ گیا
حسنِ عارض پر یہ نقطہ انتخابی ہوگیا

تم سدا ہارے گریۂ خوں نے دکھائی یہ بہار
اس قدر رویا مرا دامن گلابی ہوگیا

ہاتھ رکھکر سوئے ہو گیسو چھپے ہیں کیا ہوا
کیوں تمہارا پھول سا رخسار آبی ہوگیا

اُسکی قسمت پر منہ خورشید کو بھی رشک ہے
لو خدا کی شان شاعر بو ترابی ہوگیا

دل دیا ہم نے جگر اپنا دیا
آپ بھی تو منہ سے پھوٹیں کیا دیا

کہتے ہیں وہ اشکِ گلگوں دیکھکر
رنگ ان پھولوں میں کچھ ہلکا دیا

حق شناسی۔ انکساری عقل۔ علم
آدمیت نے ہمیں کیا کیا دیا

نغمۂ مے بن گیا شورِ عنادل ہوگیا
نالۂ دل چٹکیاں لینے کے قابل ہوگیا

مسکن بھی کوئی قبر سے بہتر نہیں ملتا
آرام کہیں گھر کی برابر نہیں ملتا

اک جہاں کو شغلہ ہے نالہ و فریاد کا
نام نکلا ہے خدا رکھے تری بیداد کا

مرثیا شاعر تری خوش قامتی کو دیکھکر
واہ کیا موزوں ہے یہ مصرعہ کسی اُستاد کا

یہ کس نے روزنِ دیوار سے ہنسکر مجھے جھانکا
کہ شعلہ بھر گیا آنکھوں میں میرے برقِ نسواں کا

نہ پوچھو بیخودی کی جب وہ لمبے بال سونگھے ہیں
چڑھا ہے زہر کیا کیا مجھکو مارِ سنبلستاں کا

دنیا میں کوئی دوست کسی کا نہیں ہوتا
اپنا بھی بُرے وقت میں اپنا نہیں ہوتا

کس طرح جوانی میں چلوں راہ پر ناصح
یہ عمر ہی ایسی ہے سوجھائی نہیں دیتا

جگر تھام کر آپ بیٹھیں تو پہلے
ہنسی کھیل ہے کچھ تڑپنا کسی کا

گلِ رنگیں ہے نہ یہ خونِ دلِ مضطر ہے
آ گیا ہے سرِ مژگاں یہ جگر کا ٹکڑا

حُسنِ رخسار سے ہے کان کی بجلی روشن
مہر کے ساتھ چمکتا ہے قمر کا ٹکڑا

منائیں تو اب جان دیکر منائیں
قیامت ہی یہ رُوٹھ جانا تمہارا

بتاؤ تو نیچی نظر آج کیوں ہے
یہ کیوں وار پڑتا ہے اوچھا تمہارا

خدا کے لئے ہاں نہیں کچھ تو کہدو
کہ منہ تاک رہی ہے تمنا تمہارا

کہاں اُٹھکر چلے ہم بھی تو اُٹھتے ہیں ذرا ٹھہرو
گھڑی ساعت کے ہیں اب کیا بھروسا زندگانی کا

چمن میں قمریوں نے نالۂ دل کی روش سیکھی
اُڑایا بلبلوں نے رنگ میری خوش بیانی کا

ہائے اس کہنے کے صدقے کیوں نہ مر جائے کوئی
مرثیا کوئی تو پھر احسان ہم پر کیا ہوا

صبح پیری جو ہوئی آہ کے شعلے نکلے
کیا بھڑکتا ہے چراغ سرِ منزل اپنا

جس خاک میں ہوں چاند کے ٹکڑے ہزار ہا
نسبت ہی آسماں کو پھر اُس زمیں سے کیا

بجلی کیطرح آئے ہوا کی طرح گئے
کیا تم بھی کوئی دل ہو کسی بے قرار کا

کیا لینگے آپ شاعرِ خستہ کو پوچھکر
جس حال میں ہے شکر ہے پروردگار کا

شیخ کو جو پارسا کہتا ہے اُس کو کیا کہوں
میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا وہ میخانے میں تھا

شاعرِ نازک طبیعت ہوں مرا دل کٹ گیا
ساقیا لینا کہ شاید بال پیمانے میں تھا

دامن ہے آسماں پہ ہمارے خیال کا
زیبا ہے اس قبا میں گریباں ہلال کا

مسافرانِ عدم کس طرف کو جاتے ہیں
کسی کا گور سے آگے پتا نہیں ملتا

عجب چیز تھی شاعر شباب بھی کیا تھا
ہزار عیش ہیں پر وہ مزا نہیں ملتا

لگی ہوئی تھی مرے مُنہ وہ لاجواب شراب
پکارتا گیا کوثر پہ بھی "شراب شراب"

کسطرح اُٹھ جاؤں تیرے پاس سے ای لالہ رو
لہلہاتا پھول کیونکر چھوڑ جائے عندلیب

کسی کے رخ پہ ہیں زلفیں کہ آفتاب میں سانپ
خدا کی شان کہ رہنے لگا نقاب میں سانپ

کچھ تمہیں یاد بھی ہے رات کی بات
تم بگڑنا نہیں ہے بات کی بات

ان بن ہوئی جہاں وہیں ہم بھی الگ ہوئے
ہم سے کبھی بنا نہیں بگڑا ہوا مزاج

لیگیا ضعف اُڑا کر مجھے قیدِ غم سے
ایک پرچھائیں سی پھرنے لگی دیواروں پر

دو اجازت تو کلیجہ سے لگا لوں رخسار
سینک لوں چوٹ جگر کی انہیں انگاروں پر

عمر بھر آنکھ سے اوجھل نکروں پردہ نشیں
دل میں رکھ لوں تری چاند سی صورت لیکر

دل مسلتا ہے کوئی پاؤں کے نیچے ظالم
خاک میں تُو نے ملا دی مری دولت لیکر

کچھ نہ کچھ عالم ایجاد نے بخشا ہم کو
خالی ہاتھ آئے تھے اب جائینگے حسرت لیکر

مر کے بھی چین نہیں اے دلِ دیدار طلب
حسرتیں آج اُڑی جاتی ہیں تربت لیکر

زیبِ رفتار ہیں اس وقت ہزاروں فتنے
گھر سے نکلے ہو خدا رکھے قیامت لیکر

ایسی بے رحمیاں صیاد کہ گھر سے لاکر
ذبح کرتا ہے مجھے باغ کی دیوار کے پاس

یہ چمن کا ہے تصور کہ قفس میں پہروں
ڈالیاں جھومتی ہیں مرغِ گرفتار کے پاس

تو اگر بخشدے رحمت سے نہیں تو خالق
اور توبہ کے سوا کیا ہے گنہگار کے پاس

نمود و بود کو اک دعوئے باطل سمجھتے ہیں
جو اپنا نقص سمجھے ہم اُسے کامل سمجھتے ہیں

کوئی اپنا نہیں اس دہر فنا میں شاعر * ہم نے اک اک کو باندازِ نظر دیکھ لیا

یہ دل سی چیز لیکر تم نہیں واپس بھی کرو گے
نظر پہچانتے ہیں ہم تمہارا دل سمجھتے ہیں

زلف و گیسو چھوڑ دو لیلیٰ شب کا کوچ ہے
چاند کو دیکھو نہ دیکھو چاند سی تصویر کو

اپنی ہستی کا اگر روشن نہ ہوا انجام کار
شمع رو کر نہ دیکھے خندۂ گلگیر کو

چار دن کے بعد غنچہ پھولوں کا ہم شکل تھا
رنگ دیتے ہیں یونہیں تصویر سے تصویر کو

اک تبسم زیر لب کی یاد میں مرتا ہوں میں
قبر میں پھولوں سے بھر دینا مری تصویر کو

بدل دی انقلاب دہر نے تاثیر مینا نہ
یہ آنکھیں رہ گئیں اُتری ہوئی تصویر میخانہ

اثر اتنا تو ہو آنے لگے بوئے شراب اُس سے
کہ حسن کاغذ پہ کوئی کھینچ دے تصویر میخانہ

خرابات جہاں میں ایک ہی بدبخت ہوں میں بھی
اٹھا کر لیگئے ہیں پارہ گیر مے خانہ

نہ نکلا منہ سے کچھ نکلی نہ کچھ بھی قلب مضطر کی
کسی کے سامنے میں بن گیا تصویر پتھر کی

کلیجے میں ہزاروں داغ دل میں حسرتیں لاکھوں
کمائی لیچلا ہوں ساتھ اپنے زندگی بھر کی

لحد میں انکے جسم ناز میں پر کیا گذرتی ہے
سحر تک چین کو بیچین رہی ہے چین بستر کی

سنبھلکر دیکھنا آرائشوں کے بعد آئینہ
یہ آئینہ نہیں ہے اب یہ ٹکر ہے برابر کی

بزم دشمن سے اب آئے ہو مزے لوٹے ہوئے
ہوش میں آؤ کہیں جڑتے ہیں دل ٹوٹے ہوئے

چاہنے والے تری فرقت میں جی سکتے نہیں
زندگی سے ہیں وفاداروں کے جی چھوٹے ہوئے

دلفریبی لالہ رویوں کی نہیں ٹلتی کبھی
یہ ستمگر خاک ہو کر بھی تو گل بوٹے ہوئے

اپنی سوزش کا کیا ہی شمع نے اچھا علاج
رکھ لئے ہیں دل میں پروانوں کے پر ٹوٹے ہوئے

یہ کیسے بال کھولے ہیں یہ کیوں صورت بنی غم کی
تمہارے دشمنوں کو کیا پڑی تھی میرے ماتم کی

کوئی ایسا ہو آئینہ کہ جسمیں تو نظر آئے
زمانہ بھر کا جھوٹا کیا حقیقت ساغر جم کی

شمع ساں خاموش ہوں لیکن مجھ فریاد سے
اب بھی اکثر پھول جھڑتے ہیں لب فریاد سے

عشق صادق کا نتیجہ ہے وصال انجام کار
شمع کی مٹی میں بھی خاک پر پروانہ ہے

حشر میں بھی حضرت شاعر کی سج دھج دیکھئے
شیشۂ مے ہے بغل میں ہاتھ میں پیمانہ ہے

میں کہتا ہوں مجھ میں تو نہیں کوئی ہنر بھی
دل کہتا ہے خاموش کسی کو نہ نظر بھی

نالے کئے کیا کیا تری دیوار کے نیچے
دل ہل گئے لیکن نہ ہلا پردۂ در بھی

اب بھی جو گذر جاتی ہے چلتی ہوئی مورت
دل کھنچتا ہے وہم کھنچتا ہے کھنچتی ہے نظر بھی

گری پڑ کر اٹھی پلٹی تو جو کچھ تھا اٹھا لائی
نظر کیا کیمیا تھی رنگ چہروں سے اڑا لائی

خدا کے واسطے سفاکیاں یہ کس سے سیکھی ہیں
نظر سے پیار مانگا تھا وہ اک خنجر اٹھا لائی

فرش زمیں سے موج ہوا پر بلند ہے
اب آدمی بھی ایک طرح کا پرند ہے

بلبل کو ایک مشت پر استخواں سمجھ
گل کیا ہے دستہ ورق چند چند ہے

لو آؤ میں بتاؤں طلسم جہاں کا راز
جو کچھ ہے سب خیال کی مٹھی میں بند ہے

وہ صاف دل ہوں کوئی بات پیچدار نہیں
اس آئینہ میں کہیں نام کو غبار نہیں

میری چتون صاف ہی پا میں تری ابرو پہ بل
آئینہ موجود ہے اسکی صفائی کے لئے

شاعر

شاعر ۔ منشی شرف الدین احمد شاعر خلف محمد یحییٰ سنہ ۱۳۰۳ھ مطابق سنہ ۱۸۸۵ء شہر بنارس میں پیدا ہوئے اصلی وطن مچھلی شہر ضلع جونپور ہے۔ پانچ چھ سال تک مولوی علی حسن صاحب اختر سے فارسی پڑھتے رہے۔ اسکے بعد سنہ ۱۸۹۷ء میں شاعری کا شوق پیدا ہوا اور مولوی صاحب موصوف سے اصلاح لیتے رہے۔ ۷ مارچ سنہ ۱۹۰۲ء کو حضرت ظہیر دہلوی مرحوم کے شاگرد ہوگئے۔ حضرت ظہیر ہی کا عطیہ کلام درج تذکرہ کیا جاتا ہے جو انہوں نے اوائل ۱۹۰۳ء میں ارسال کیا تھا۔ بلا کی طبیعت داری اور ذہانت ظاہر ہوتی ہے۔ ابتدائے شباب میں تحصیل سردھنہ ضلع میرٹھ میں ملازمت کرلی تھی اور وہیں سکونت تھی اسکے بعد کچھ حال معلوم نہیں ہوا۔ انکی خوش کلامی اور شان تغزل کا نمونہ درج ذیل ہے۔

کیوں بیاں تجھ سے کریں کون ہے تو اے ناصح
ہم نے جو چاہا کیا خوب کیا دل اپنا

آج آئینہ سے شرمائے ہوئے بیٹھے ہیں
نظر آیا ہے انہیں مد مقابل اپنا

آئینہ لیکے ذرا دیکھئے اپنی صورت
ڈھونڈتے پھرتے ہیں کیوں آپ مقابل اپنا

حور فردوس کی تعریف جو واعظ سے سنی
آگیا یاد ہمیں حور شمائل اپنا

نہ کروں چاہ بتوں کی تو کروں کیا واعظ
اسکا یہ ضد ہی نہو آئینہ دم بھر بھی جدا
اسکے کرتب میں عجب سیر نظر آتی ہے
بتوں پر جان جاتی ہے حسینوں پر فدا دل ہے
لیا ہے جس نے دل میرا وہ کوئی اور ہی ہوگا
فراہم دل میں بیٹھے لینے تو وہ انداز شوخی کے
وہاں لطف و غضب دونوں یہاں ہے قہر ہی تنہا
شبیہ تیر لیکے دیکھنا تو دیکھ سکتا ہوں
زمیں پر لوٹ کر دل نے کہا حسرت سے اے شاعر

دوسرے کام کے قابل ہی نہیں دل اپنا
مجھکو یہ رشک نہو جائے وہ مائل اپنا
سر لئے ہے کوئی ہاتھوں میں کوئی دل اپنا
مری مٹی میں خاک کشتگان عشق کامل ہے
چرایا ہی نہیں جب تم نے کیوں پھر آپکا دل ہے
دکھا دینگے تمہیں ہم بھی تمہارا اک مقابل ہے
خدا سے عشق آساں ہے بتوں سے سخت مشکل ہے
قیامت ہے یہ سننا پیار کر لینے کے قابل ہے
نگاہ یار سے گر کر سنبھلنا سخت مشکل ہے

غم نہیں اس کا جو ہم جان سے اے جان گئے
جستجو ہی میں رہے سب نہ ملا تیرا پتا
بت پرستی کو نہ چھوڑینگے نہ چھوٹینگے کبھی
دیکھو شوخی کہ ہوئیں حشر میں جب چار آنکھیں

خیر عاشق تو ہمیں آپ کا سب جان گئے
برہمن دیر میں کعبہ میں مسلمان گئے
بندۂ عشق ہیں مدت ہوئی ایمان گئے
کہتے ہیں کون ہوں میں تم مجھے پہچان گئے

شاغل

شاغل ۔ واقف رموز شاعری کاشف اسرار سخنوری منشی آغا مرزا شاغل مرحوم دہلوی خلف آغا تراب علی بلبل بوستان خوشنوائے حضرت داغ دہلوی کے چھوٹے بھائی تھے۔ نہایت خوش فکر و ذہین اور طباعی میں فرد زمانہ تھے۔ غدر کے بعد سے ریاست رامپور جاکے قیام رہا اور سرکار نواب کے دعاگو رہے گاہ گاہ دہلی آنے کا بھی اتفاق ہوتا تھا مزاج میں استغنا اور بے پروا ہی زیادہ تھی کلام جمع نہیں کیا اکثر مشاعروں میں ایسی غزل پڑھتے تھے کہ بڑے بڑے استاد اُسے سنکر دنگ رہجاتے تھے۔ باایں ہمہ انکسار کا یہ عالم تھا کہ کبھی اپنی خوش کلامی پر ناز نہیں کیا۔ منکسر مزاج۔ زبان دانی میں طاق سخنوری میں شہرۂ آفاق، جدت طرازی پر فریفتہ حسن بیان کے شیفتہ کہیں عشق کا افسانہ پُر تاثیر ہے کہیں حسن کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ طائر فکر رسا نے بام عرش پر آشیاں بنایا اور کمند خیال نے صید مضامین کو اسیر کیا ہے

محاورات کا استعمال مناسب چال سست بندش کا نام نہیں پیچیدہ اور مغلق استعارات سے انکو کام نہیں جلوۂ سخن پر آفتاب اور تازگی تراکیب پر گل شاداب نازاں ہے۔ انتخاب کلام گوش نواز سامعاں ہے۔ ۷۰ برس کی عمر پائی افسوس کہ کلام اکثر ضایع ہو گیا شہرت نصیب نہوئی ہزارہا کاوشوں سے یہ چند غزلیں دستیاب ہوئیں جنہیں سالہا سال کی کوشش کا نتیجہ کہنا چاہئے۔ دکن میں انکے بیٹے مراد صاحب تھے۔ اب انکا بھی انتقال ہو گیا ہے

لاشہ پہ دن کو وہ ہوے پڑی شب کو چاندنی
دو چادروں کا ہم کو میسر کفن ہوا

تم سے بڑھکر نہیں دل لیلو مگر ڈرتا ہوں
کم سنی ہے کہیں بھول اٹھو گے کھو جائے گا

درد بیچارہ بھی دق ہے میری ہمدردی سے
میں نہوں گا اسے آرام تو ہو جائے گا

کیوں سی رہا ہے زخموں کو قاتل کہ روز حشر
رو کے گا منہ تمام کس کس گواہ کا

سر تنا رہے کہ چال تمہاری اڑائی ہے
کچھ تو سبب ہے لغزش پائے نگاہ کا

سکہ ہے گر حسینوں میں اُس کی نگاہ کا
جھنڈا ہے عاشقوں میں ہماری بھی آہ کا

اے دل سنیں سبب بھی کچھ اس آہ آہ کا
تیر اقصور ہے کہ ستم اُس نگاہ کا

ظلمت سے قدر نور اگر ہے تو ہے کرم
ہر خوش نصیب پر مرے بخت سیاہ کا

اپنے خیال جلوۂ رخ کو بھی رو کئے
کیا کام غم کدہ میں میرے نور ماہ کا

جرم وفا پہ دیتے تو ہو تم سزا مجھے
ڈر جائے دل نہ بوالہوس بے گناہ کا

خاطر شکن سمجھ کے ستم کر کہ اصل میں
یکساں ہے دل فقیر کا اور بادشاہ کا

واعظ خدا کے واسطے کھوا نہ بھید کی
واں ہے مزا کرم کا یہاں ہے گناہ کا

شاغل تری بلا کو غم باز پرس ہو
تو ہے غلام آل رسالت پناہ کا

اللہ رے نازکی کہ دم عرض مدعا
انکو ہے اک پہاڑ اٹھانا نگاہ کا

جسدن سے آپ کا گذر آنکھوں میں ہو گیا
کیا رکھ رکھاؤ ہے ہمیں اپنی نگاہ کا

کہیں دکھلا رہی ہے تیغ ابرو بانکپن اپنا
کہیں پھیلا رہی ہے جال زلف پر شکن اپنا

بتائیں کس زباں سے ہم خزاں دیدہ وطن اپنا
نہ اُجڑے یوں کسی کا جس طرح اُجڑا چمن اپنا

بنایا ہم نے وقتِ مرگ تک ویرانہ بن اپنا
بنایا قطع کرکے دامنِ صحرا کفن اپنا

نہو کیونکر گماں ہم پر پرائے دل چرانے کا
کہ عادت ہے تمہیں اکثر چراتے ہو بدن اپنا

مقامِ عشق کی ہم پہلی چوکھٹ اسکو کہتے ہیں
جسے سمجھے عبادت خانہ شیخ و برہمن اپنا

جہاں گردی میں صورت آشنا جب کوئی ملتا ہے
نظر پڑتے ہی پھر جاتا ہے آنکھوں میں وطن اپنا

عجب سرکارِ حسن و عشق میں انصاف ہوتا ہے
مزے شیریں اُڑائے خوں بہا کو کوہکن اپنا

سبک ہوتا ہے شاغل آدمی اظہارِ مطلب سے
رہے جبتک کہ منہ میں لاکھ من کا ہے سخن اپنا

مرا حالِ زبوں ہے باعثِ تفریحِ عالم سے
مجھے جو دیکھتا ہے بھول جاتا ہے محن اپنا

چاہیے گرہ میں ہوں شاغل
اپنے بیگانے سب ملینگے آپ

مالکِ خلد بنے بیٹھے ہیں کیا ممبر پر
دیکھنا واعظ بے خوف و خطر کی صورت

اشکِ خوں پی لئے غم کھالیا اور تنگ کیا
اب تو مدت سے ہے یہ اپنی بسر کی صورت

غیر کے دل میں ہی آنکھوں میں ہی تقدیر میں ہے
پھر دعا جاکے کہاں دیکھی اثر کی صورت

نامہ بر دیکھ نہ مجھ خستہ جگر کی صورت
پہلے کچھ کہہ دے مرے یار اُدھر کی صورت

شرمِ عصیاں سے کہیں منہ نہ دکھایا کہیں
خاک اسپر اِدھر کی نہ اُدھر کی صورت

رات دن فکرِ زیارت ہے تجھے کیوں شاغل
خود بلا لینگے جو آقا کو بلانا ہوگا

مجھسے کیا پوچھتے ہو روزِ جزا کیا ہوگا
کیا کہوں دیکھ ہی لوگے جو تماشا ہوگا

دل کدھر بیچنے یاں آئے قیمت سنئے
مفت کا مال مگر آپنے سمجھا ہوگا

انسے مطلب کی تصور میں بھی جب کہتا ہوں
وہم کہتا ہے کہ چپ رہ کوئی سنتا ہوگا

قصۂ عشقِ زلیخا کو وہ سنکر بولے
آپنے خواب کوئی رات کو دیکھا ہوگا

کثرتِ ضعف یہی ہے تو بس اے شوق
اُسکو دشوار تصور میں بھی لانا ہوگا

بھید اور غیر کے دل کا جسے کھولیں پھر آپ
وہ بھی کیا رازِ محبت ہے جو افشا ہوگا

کوہکن لایا تو جوئے شیر پر | پڑ گئے پتھر تری تقدیر پر
دل لگی زندانِ وحشت میں بھی ہے | ہنس رہا ہوں نالۂ زنجیر پر
دیکھکر ہم شکل کیوں دیکھا مجھے | ہاں تمہیں کو ذوق ہے تصویر پر
قول فیصل کس طرح ایسے سے ہو | پیار آئے جس کی ہر تقریر پر
شمع پروانے کے جلنے پر ہنسی | مجھکو غصہ آگیا گلگیر پر
جرم بیحد ہیں مرے بندہ نواز | منفعل ہوں کونسی تقصیر پر
جا لگا ہمدرد اکثر قید میں | رو دیا ہوں نالۂ زنجیر پر
اپنے ہاتھوں آپ شاغل تم مٹے | رکھتے ہو الزام چرخِ پیر پر

صورتیں یہ دو ہی مرمٹنے کی ہیں آپ پر یا آپ کی تصویر پر

بیٹھا تھا میں اور غیر یوں اُس وقت محفل کے پاس | ہو نقطِ حق تحریر میں جس طرح باطل کے پاس
ظالم سوالِ وصل پر قیمت کی ہے تکرار کیوں | نقدِ وفا موجود یا جان ہے سائل کے پاس
شوقِ مقامِ یار میں ایسے چلے مدہوش ہم | آیا خیالِ راہبر جب آگئے منزل کے پاس
ہوتے ہیں قاتل سنگدل دنیا میں پر ایسے نہیں | پھر کر نہ دیکھا دور سے آنا تو کیا بسمل کے پاس
لے اے جگر مہمان کو کر حقِ ہمسایہ ادا | آیا ہے چلکر دور سے پیکانِ قاتل دل کے پاس
ہم بزمِ دشمن یار ہے یہاں لب پہ یہ ہر بار ہے | اے چرخ تو مختار ہے دو شخص بیٹھیں مل کے پاس
اللہ رے ہمت قیس کی ہر گام پر کہتا تھا یہ | اے شوق گو ہوں ناتواں پہونچوں مگر محمل کے پاس
تاثیرِ صحبت سے کہیں پتھر پگھل کر موم ہو | حاضر ہی دل کیا عذر ہے رکھئے پر اپنے دل کے پاس
ہوں لاکھ ظاہر میں جدا لیکن جدا دم بھر نہیں | وہ دور سمجھیں آپکو میں دیکھتا ہوں دل کے پاس
غمازِ نگرانِ دیر سے ملنے لگے تھے غیر سے | کہتے ہیں نقدِ دل نہیں پھر حضرتِ شاغل کے پاس

ہمیں تو ہے ثوابِ حج طوافِ کوئی دلبر میں | مگر یہ آسماں کیوں پڑگیا ناحق کے چکر میں
کہاں سے زور ہو آہِ دلِ بیتاب و مضطر میں | کہ گنجایش نہیں اب ضعف کی بھی جسمِ لاغر میں
میں اپنی سخت جانی کی نہ کھوتا آبرو قاتل | جو پہلے سے سمجھتا ہے یہ بُرِش تیری خنجر میں

کوئی تڑپے کوئی سسکے کسی کے دم پہ بن جائے
مزے سے چین سے آرام سے تم تو رہو گھر میں

کوئی ہمسا نہ ہوگا محوِ نظارہ زمانہ میں
نگاہِ شوق کا گویا ہے گھر اُس روزنِ در میں

تمہاری بے نیازی ہے جو بت کرتے خدائی ہیں
وگرنہ بات کیا ہے کونسا جوہر ہے پتھر میں

سیاہ خانہ مرے دل کا ہوا ہے داغ سے روشن
چراغ آکر جلایا عشق نے اللہ کے گھر میں

ترا عاشق عدم کو اس طرح بشاش جاتا ہے
سفر کے بعد آتا ہے مسافر جس طرح گھر میں

گنہ ثابت کریگا بعد میرے قتل کے قاتل
ابھی تو جرم لکھا ہے نہ میرا نام دفتر میں

الٰہی خیر سے پہونچے امانت اس ستمگر کی
کہ خط کے ساتھ دل باندھا ہے بازوئے کبوتر میں

دمِ فریاد اُس کا سر جھکے میدان محشر میں
ندامت یہ بھی لکھی تھی مگر میرے مقدر میں

الٰہی کچھ یہاں ہو کچھ مرا انصاف محشر میں
ہزاروں فیصلہ کرنے پڑینگے تجھکو دن بھر میں

نہیں ہے وجہ مے نوشی کی یہ بیباکی و مستی
مگر گھر کر گئیں ساقی کی نظریں چشمِ ساغر میں

جدھر ہم کروٹ بدلیں ہجر میں برچھی سی چبھتی ہے
تصور اُسکے مژگاں کا ہے یا کانٹے ہیں بستر میں

دوبارہ پھر ذرا کہنا کہ ہم تجھسے نہ بولیں گے
سنا ہے لطف بڑھ جاتا ہے الفاظِ مکرر میں

میں قربان اس تجاہل کے سرِ نعش آ کے کہتے ہیں
یہ کیا ہے کیوں پڑے ہو منہ لپیٹے آج چادر میں

مرا حلقِ بریدہ چھوڑتا ہے اسکو کب ثابت
ابھی مجھ میں تو دم ہے گر نہیں ہے تیرے خنجر میں

زمانہ گر موافق ہو تو شاغل تو مزہ غافل
بھروسہ کیا ہے دم کا کچھ سے کچھ ہوتا ہے دم بھر میں

مرے ارمان ہیں یا ہیں ترے پیکانِ قاتل
کہ نکلنا تو کہاں دل سے اُبھرتے بھی نہیں

جس سے ملتے ہو بنا لیتے ہو عاشق اپنا
رسمِ اخلاق کو اتنا کوئی برتے بھی نہیں

ہاں شوخ نگاہی خللِ اندازِ حیا ہو
آپس کی لڑائی میں کسی کا تو بھلا ہو

دے اب وہ جواب انکو جسے ہوش ذرا ہو
لو پوچھتے ہیں مجھسے کہ تم چاہتے کیا ہو

بیمارِ غمِ ہجر کو کیا خاک شفا ہو
جو جان کا دشمن ہو اُسے پاس وفا ہو

پھر لذتِ دردِ جگری بھی نہ ملے گی
اے دل نہ بہت اُن سے طلبگارِ جفا ہو

تم پاؤں زمیں پہ تو رکھو سوچتے کیا ہو / کچھ فرض بھی ہے کہ قیامت ہی بپا ہو

صد حیف کہ بیمارِ غمِ ہجر کی اپنے / تم لو نہ خبر اور خبر گیر قضا ہو

درماندہ و مجبور زمانے میں ہیں اتنوں کے / ہم ایسے ہیں جیسے کہ کسی کا نہ خدا ہو

قرض لیلینگے کسی سحر نگہ سے ہم بھی / گم ہوا ہے جو زمانہ سے اثر ہونے دو

منہ شبِ وصل میں زلفوں سے چھپاؤ اچھا / ہم بھی راضی ہیں بلا سے نہ سحر ہونے دو

یہ نئی طرز جفا ہے کہ بگڑ بیٹھے ہیں / خود بخود جان کے مایوسِ ترحم مجھکو

پھول کملائے ہوئے کھل گئیں سب تربت کے / آگیا یاد کسی کا جو تبسم مجھکو

وہی کوچہ ہی وہی قاتل وہی دشمن وہی رشک / لیچلے کس طرف اے حضرتِ دل تم مجھکو

ہائے شاغل دمِ رخصت وہ کسی کا کہنا / دیکھو پچتاؤگے چھیڑوگے اگر تم مجھکو

حسن کا عشق سے پردہ کہیں ہو سکتا ہی / نگہ شوق کا دیکھوں نہ گذر ہونے دو

شکوہ ہو کہ ہو شکر گلہ ہو کہ دعا ہو / کچھ ہو مگر اے دل اثر انگیز ذرا ہو

یکتا ہو حسینوں میں تو شیوہ بھی نیا ہو / چاہے جو تمہیں دل سے اسے آپ بھی چاہو

کیا جرم محبت کی ہی تعذیر میں لذت / کہتی ہی میرے لیے گنہ بھی کہ سزا ہو

منزل ہی کڑی چھوڑ گئے قافلہ والے / اے شاہِ امم شاغل بیکس کو نباہو

جب اسنے کہا زلف معنبر کو سنگھا دو / بولے تمہیں کچھ ہوش ہے بس جاؤ ہوا ہو

مشتاقِ سخن مرگئے لاکھوں مگر ای بت / کیا دخل جو تیرا لب جاں بخش ہلا ہو

اے قاتل بے مہر کہے دیتے ہیں آنا / پیدا نہیں انسان برا ہو کہ بھلا ہو

ہر روز جدائی ہے یہاں روزِ قیامت / سچے ہو تو بس وعدہ دیدار وفا ہو

کچھ یاس سے تسکین ابھی دلکو ہوئی تھی / پھر چھیڑ دیا ہائے تمنا کا برا ہو

چھوٹے عشقِ فرہاد ای دل کہ ہے ضرب المثل / چلئے اس رستے سے بچکر جسمیں کانٹا کھٹکے

واعظ تری حوروں کے ابھی ہم ہیں خریدار / کچھ ملتی ملاتی تو شباہت ہو کسیکی

دل لیجئے اب جان کے خواہاں وہ ہوئے ہیں
اچھی کہی سے لے کوئی امانت ہو کسی کی

میری دعا نے فرشتوں کے کان کھائے ہیں
فلک پہ پوچھتے پھرتے ہیں یہاں اثر بھی ہے

دل تو کہتا ہے کہ وہ آیا مسیحا دیکھئے
موت کہتی ہے کسی کا اب نہ رستا دیکھئے

اس طرف پہلے دم عرض تمنا دیکھئے
شوق سے پھر آئینہ میں روئے زیبا دیکھئے

ابتدائے عشق میں حیرت ہی کیا کیا دیکھئے
دل کا آنا دیکھئے یا جی کا جانا دیکھئے

نیچی نظروں سے نہ ہر اک کو خدارا دیکھئے
خاک میں ملجائے گا سارا زمانہ دیکھئے

تھے کہاں آئے کہاں جائینگے کس جا دیکھئے
ایک مشت خاک کا چکر میں آنا دیکھئے

دیکھتے ہیں دیکھنے والے بہر صورت اُسے
طور پر جا جاکے جلوہ آپ موسے دیکھئے

ایسے بیچینوں کی گنجایش مرے گھر میں نہیں
حضرت دل اور کوئی اب ٹھکانا دیکھئے

کہتے ہو دن بھر طبیعت آج برہم ہی رہی
اور اُٹھکر صبح کو منہ ہر کسی کا دیکھئے

دیکھتے ہیں اپنے بیگانے مرے دل کی تڑپ
آپ بھی اپنی نگاہوں کا کرشمہ دیکھئے

حضرت واعظ نہ چھیڑیں ہم سے میخواروں کو آپ
قصد تھا توبہ کا لیجے ابر چھایا دیکھئے

آجتک تو آپ کے اقرار سب پورے ہوئے
کیا قیامت لائے اب امید فردا دیکھئے

لکھدیا ظالم نے اتنا بس جواب خط شوق
آپ پہلے اپنی قسمت کا نوشتا دیکھئے

جب ہر اک انداز پر سمجھوں گا قادر آپ کو
پھر اُسی دن کی طرح مجکو دوبارا دیکھئے

کیا کہوں گا داور محشر نے گر اتنا کہا
لیجئے یہ نامۂ اعمال اپنا دیکھئے

گو تڑپتا ہے وطن جانیکو دل شاغل مگر
دیکھی ہے جسکی بہار اُسکی خزاں کیا دیکھئے

لڑ گئی جس کی وہی تقدیر میں تقدیر ہے
بن پڑی جس کی وہی تدبیر میں تدبیر ہے

اپنی دانائی پر انساں بھول کر نازاں نہو
جو موافق ہو وہی تدبیر میں تدبیر ہے

پاس رسوائی کسیکا زندگی کی وجہ ہے
کیا کہوں کس کی مری تشہیر میں تشہیر ہے

دیکھنا اس چھیڑ کو شاغل کہ فرماتے ہیں وہ
اب تو تیری آہ بے تاثیر میں تاثیر ہے

نظروں میں سبک واں تو یہاں جی پہ گراں ہے
وہ صورت رعنا تو بہر شکل عیاں ہے
آخر کوئی حد بھی تری اے عمر رواں ہے
کیا پوچھتے ہو دل ترے پہلو سے ہوا کیا
قاصد ابھی خط لیکے گیا ہی نہیں او رسم
کیا فرض ہے ان سنگدلوں کیلئے مرنا
کیا پوچھتے ہو حال غریب الوطنوں کا
شرم آتی ہے اب نام بھی لیتے ہوئے اسکا
دلّی جسے کہتے ہیں وطن ہے وہ ہمارا
تھے اہل کمال اُس میں کبھی منتخب دہر
بس شاغل ناکام نہ کر دل کو پریشاں

اس دل کا ٹھکانا نہ یہاں ہے نہ وہاں ہے
اے چشم نظر باز ترا دھیان کہاں ہے
ہر دم کا سفر اب تو مسافر پہ گراں ہے
کیونکر کہوں میں کس پہ جدا انکا گماں ہے
کہتے ہیں اسی سے کہ بتا خیر تو واں ہے
اے دل تجھے کچھ خبر بھی ہے تو جہاں ہے
ق
کیا خاک بتائیں کہ کہاں اپنا مکاں ہے
گو نام کو بدبخت کا اتنک تو نشاں ہے
تھی رشک جہاں پہلے وہ اب صرف خزاں ہے
یا بے ہنری میں وہی مشہور جہاں ہے
ہم سمجھے کہ اس شہر کا تو مرثیہ خواں ہے

شاغل — جناب حکیم علی محمد صاحب رئیس بھتی تلمیذ حضرت تائب شاہجہانپوری۔ کلام بستہ بے عیب ہوتا ہے۔ زبان لکھنے کی زیادہ کوشش کرتے ہیں اور زبان کیساتھ مضمون بھی اکثر اچھا لکھ جاتے ہیں۔ سوز و گداز کی البتہ کمی ہے۔ کئی چھوٹے چھوٹے دیوان بھی شایع کر چکے ہیں۔ اکثر غزلیات گلدستوں میں شایع ہوا کرتی ہیں۔ اس سے زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ انکے کلام کا انتخاب ہے۔

الفت نہیں قصور محبت نہیں خطا
بگڑی ہوئی ہے عادت اہل زمانہ کیا
ترک اُن کی محبت ہو تو کسطرح ہو ناصح
لڑ جھگڑ کر یا خوشامد سے میں ملے جو رکے
اس بندہ پروری کے قربان جاؤں ناز
فریاد ستم حق سے کرتا میں تو کیا ہوتا

تمکو اگر کسی نے کیا پیار کیا ہوا ؟
کیا روبرو بیان ہی اور غائبانہ کیا
میں ہوتا ہوں راضی تو مرا دل نہیں ہوتا
حق سے لیلوں گا تمہیں روز قیامت دیکھنا
اسکو بھی تو نہ بھولے بھولے جو نام تیرا
تیری ہی سُنی جاتی تیرا ہی کہا ہوتا

چلمن سے جو تم جھانکے تو حشر کیا برپا
بے پردہ دکھا دیتے دیدار تو کیا ہوتا

ہونیوالی تھی قیامت ہوگئی رفتار سے
حشر برپا کرنیوالا حشر برپا کر گیا

دکھاتا ہے عجب کیفیت اہلِ بزم کو ساقی
تری متوالی آنکھوں سے مرا مسرور ہو جانا

آگئی شوخی نگاہِ ناز میں
بھولی صورت کا مزا جیسا تا رہا

گر دیکھنا ہو تم کو تماشائے روزِ حشر
کیا دیکھتے ہو منہ سی الٹ دو نقاب آج

عالم میں ترے چاہنے والے تو ہیں بہت
پردہ ہی خوش نصیب کرے جسکو تو پسند

نام ہی حور پری کا ہے جہاں میں لیکن
شیفتہ حضرتِ شاغل ہی زمانہ کس پر

ہیں اور عدو دونوں سرِ بزم ہیں لیکن
پڑتی ہے نظر انکی ادھر اور ادھر اور

چشم پرفن طاق ہے ہر بات میں
مکر میں جھانسے میں دم میں گھات میں

کیا دادخواہِ داد طلب روزِ حشر ہوں
تیور وہی حسینوں کے ہیں خدا بھی ہیں

ہنس ہنس کے ٹھٹے رہے ہیں محبت سے گالیاں
مجھپر وہ مہرباں بھی ہیں اور خفا بھی ہیں

تمہارے وعدۂ فردا سے تسکینِ دل کیونکر ہو
یہاں جب تم نہیں ملتے ملو گے کیا قیامت میں

سارے عالم سے نرالی ہے طبیعت انکی
جو انہیں یاد کرے اسکو بھلا دیتے ہیں

اللہ رے کوئے یار میں رہنے کا اشتیاق
میں تو اٹھا مگر مرے اٹھتے قدم نہیں

خاک سے خلق ہوا خاک میں ملجانیکو
سب ہے انسان میں مگر پھر بھی کچھ انساں نہیں

محبت میں برائی کون سی ہے
اگر ہو پاک دل اچھی نظر ہو

وصل کی شب شوخیوں کو آنکھ میں آنے بھی دو
رو دیتے ہو کیوں حیا جاتی ہے تو جانے بھی دو

مدتوں جو دشتِ الفت میں نہ کھائے ٹھوکریں
خاک اسکو زندگانی کا مزا حاصل نہ ہو

فراقِ یار میں ہے زندگانی تلخ اے ساقی
پلا دے زہرِ قاتل بادۂ انگور کے بدلے

کیائیں اور کیا پلائیں حضرتِ زاہد کو ہم
مفلسی میں آج تھوڑی سی شراب آنیکو ہے

یہ پتلا وہ ہے جا کر لامکاں کی سیر کر آیا
فرشتے کیا کمالِ حضرتِ انساں نہ پائیں گے

دبی زبان سے کیا جب سوالِ وصل اُنسے — وہ بولے ہو کے خفا کیا کہا کہو تو سہی

ملتے بھی ہو ہم سے تو ستانیکی غرض ہے — خالی نہیں مطلب سے ملاقات تمہاری

کہا میں نے جو مرتا ہوں تو بولے کس ادا سے وہ — جسے ہے شوق مرنیکا وہ اب تک جی رہا کیوں ہے

چُھپا رکھا ہے دل میں راز کی مانند عشق اُسکا — الٰہی پھر مری الفت کا چرچا جا بجا کیوں ہے

وہ خوب جانتی ہے جیسا ہوں میں حسن پرست — بدل کے حور کا بھیس آئے گی قضا میری

لیگئے ہوش و خرد دے گئے یاس و حرماں — سامنے سے مرے بن ٹھن کے گذرنیوالے

کرتا ہوا افسوس بہاتا ہوا آنسو — بیٹھا ہے دمِ نزع کوئی آکے سرہانے

صورت بہت اچھی تھی مری جان تمہاری — دی ہوتی مروت بھی جو تھوڑی سی خدا نے

بلا ناز ہر شربت میں بُرا ہے — نہ دو گالی لبِ شکر فشاں ہے

قصہ رقیب کا نہ شبِ وصل چھیڑئیے — پہلو نکالئے نہ خوشی میں ملال کے

تکینگے مُنہ مرا روزِ قیامت لوگ حیرت سے — خدا سے جب میں انکو مانگ لونگا حور بدلے

کس طرح کر سکیگا اب انکار وصل سے — ہم منہ میں ہیں زبان ستمگر لئے ہوئے

بچپن ہی میں چال فتنۂ محشر سے کم نہیں — ہوکر جوان دیکھئے کیا کیا کرے کوئی

ظلم ہے قہر ہے ترا ملنا — تجھسے اچھی ہے آرزو تیری

جلسے ہیں نئے روز ملاقات نئی ہے — معشوق نیا لطف نیا بات نئی ہے

ہلچل مچائی ہے مرے نالوں نے اسقدر — خیر آسمان والے مناتے ہیں جان کی

اب ہنسو۔ بولو۔ چلو غم ہو چکا — مرگِ دشمن پر بہت کچھ رو چکے

خفا ہو گئے جب خفا ہونے والے — مقدر کو روتے رہے رونے والے

جدا ہو گئے سامنا ہے غضب کا — لپٹ کر گلے سے مرے سونے والے

بڑھ کر لگاؤ ہاتھ کہ جھگڑا تمام ہو — کیا سوچتے ہو ہاتھ میں خنجر لئے ہوئے

خیر دل کا مرے چرا دہی کوئی ہوگا — کس لئے آنکھ چُراتے ہیں مکرنیوالے

شاگر

شاکر۔ منشی محمد شاکر صدیقی۔ اعظم پور کے رہنے والے درویشانہ زندگی بسر کرتے علم نجوم میں اچھی مہارت تھی۔ آبرو ناجی نامی شعرائے قدیم کے ہم عصر اور ہم زبان تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ سے چند شعر جو دستیاب ہوئے ہیں انکی صفائی روزمرہ کے شاہد ہیں۔ نساخ نے اپنے تذکرہ میں انہیں محمد علی حشمت کا شاگرد لکھا ہے۔ انتخاب یہ ہے ؎

رو رو ترے غم میں شب سحر کی
تیں آکے مری بھلی خبر لی

کچھ اس میں بھی فائدہ نہ دیکھا
فریاد و فغاں بھی ہم نے کر لی

گلچیں تجھے کیا تیری بلا سے
گل توڑ کے تو نے جیب بھر لی

شاکر نے تمام ڈھونڈا اتہرا
سب کہتے ہیں راہ جے نگر لی

شاکر

شاکر۔ کسی عطار پیشہ کا تخلص ہے جو حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان کا شاگرد تھا اور ۱۲۶۱ھ میں بعمر ۳۰ سال حیات تھا ؎

تجھ بن یہ رات کو مری حالت تباہ تھی
فریاد تھی زباں پہ اور لب پر آہ تھی

خسرو کو عشق میں ہوس عز و جاہ تھی
یاں سینہ کوبی سینہ زنی اور آہ تھی

دل تو کہتا ہے کہ خط بھی اُسے لکھا کیجئے
پر نہ تقدیر میں لکھا ہو تو پھر کیا کیجئے

شاکر

شاکر۔ منشی عبدالسبحان ولد قاضی اکبر علی مرحوم ساکن کلکتہ۔ مولوی عصمت اللہ صاحب انسخ کے فیض تلمذ سے بہرہ یاب مذاق سخن اچھا تھا۔ نمونۂ فکر یہ ہے۔

تڑپتے ہیں ترے کوچہ میں قاتل نیم جاں کیا کیا
تماشے مرغ بسمل کے دکھاتے ہیں جواں کیا کیا

ق

کاہید گی جسم کا ممنون کیوں نہوں
پہونچا ہیں کوئے یار میں باد صبا کیساتھ

کہنے لگا وہ شوخ یہ جھنجلا کے ناز سے
دیکھا جو ہم کو اور کسی مہ لقا کے ساتھ

دو دن میں حال آپ کا کچھ اور ہو گیا
کیا خوب ہم سے بیٹھ تم آئے دغا کیساتھ

نہیں معلوم کس منزل پہ یہ جا کر اترتے ہیں
یہاں سے قافلہ ہر روز یاروں کا روانا ہے

شاکر

شاکر۔ محمد حسن خاں۔ ۳۰ برس سے زیادہ عرصہ ہوا کہ شاہجہانپور میں زندہ و سلامت موجود تھے کلام

سے انکی خوش کلامی ہویدا ہے ؎

تھرایا عرش خوف سے قدسی جھجک گئے
دو چار تیر آہ جو سوئے فلک گئے

شعلہ رخوں کے عشق کی تاثیر ہو گئی
انگارے اپنے مجمرِ دل میں دہک گئے

اکثر ہمارے نالوں سے آیا ہے زلزلہ
کانپی زمین مکان ہلے در چٹک گئے

اللہ ری نازکی کہ نہانے سے یار کے
گردن میں موج بوجھ سے آئی لچک گئے

مضمون ملا نہ کوئی بھی معدوم کے سوا
شاکر وہانِ یار یہ کیا کیا نہ تھک گئے

شاکر

شاکر سخنور باخبر مرزا محمود شاہ خلف مرزا منجھو نبیرۂ شاہ عالم ثانی۔ آپ ابوظفر بہادر شاہ ثانی کے نواسے اور مرزا صابر مرحوم کے شاگرد ہیں چند سال سے شاہزادہ اسکول دہلی میں مدرس ہیں کلام استعارات سے مزین۔ زبان پر لطف ہے۔ انتخاب یہ ہے ؎

جان پہچان کا کب ساتھ کوئی چھوڑتا ہے
دل نکل آیا جو ہیں تیر کا پیکاں نکلا

ایک عالم تھا جسے صبح قیامت سمجھا
غور سے دیکھا تو عاشق کا گریباں نکلا

آنے سے میرے کہنے لگے کچھ رقیب بھی
دم اپنا آنکے واسطے تلوار ہو گیا

چاہا تھا اپنی دید کا ارماں نکالئے
غیر آکے سامنے مرے دیوار ہو گیا

ایک بوسہ میں مزا پایا ہے ہم نے چار کا
دل لگی کا دل ہی کا دل کھلے کا پیار کا

غربت میں اپنی اسکو سینہ سے ہوں لگائے
ہے داغِ ہجر گویا تحفہ مجھے وطن کا

سمجھا یہ ہر اک آیا جو وہ گھر سے نکل کر
محشر یہ چلا عرصۂ محشر سے نکل کر

آگیا اتنا مزا فریاد میں
لطف پاتے ہیں تری بیداد میں

سختی بے مہر قاتل دیکھکر
بال آیا خنجرِ فولاد میں

غریقِ بحرِ الفت کی نہیں جا پہ گری ممکن
کہیں ڈوبے ہوئے موجِ تبسم کے ابھرتے ہیں

ایک تم ہو کہ کسی بات کا اقرار نہیں
ایک ہم ہیں دل و جان دینے سے انکار نہیں

جلوہ آرا ہوا جب مصرِ محبت میں وہ شوخ
کھوٹے داموں کوئی یوسف کا خریدار نہیں

ہائے جا کر وہ رہے ایسے مکاں میں اب کہ
تم اپنے دل سے بہر خدا بدگماں نہ ہو
آج اُسکے واسطے ہی توکل اپنے واسطے
تیر کا پیکاں آہن دل مرا آہن رُبا

دیکھنے کو بھی جہاں روزن دیوار نہیں
الفت وہ شے نہیں کہ یہاں ہو وہاں نہ ہو
دیکر کسی کو رنج کوئی شادماں نہ ہو
کیونکہ چھوٹے تیر تیرا دل کو اور دل تیر کو

شاکر

شاکر۔ جناب پنڈت شیونا تھ صاحب کشمیری لکھنوی خلف پنڈت کاشی ناتھ صاحب کول لکھنو اور اجمیر میں تعلیم پائی۔ پنڈت شوراج ناتھ صاحب آپکے بڑے بھائی ہیں۔ آپ بڑے نیک طباع۔ قناعت پسند۔ منکسر المزاج شاعر ہیں۔ وجیہ خوش خلق آدمی ہیں۔ انگریزی زبان میں بخوبی مہارت حاصل ہے۔ انگریزی انشاپردازی میں بھی اچھی طرح ماہر ہیں۔ فارسی زبان میں اعلیٰ درجہ کی لیاقت رکھتے ہیں۔ مثنوی مرات الخیال خود آپکی تصنیف ہے اسمیں معرفت اور قدرت کے جلووں کو بہت پسندیدہ طرز پر نظم کیا ہے بعض بند توفی الواقع لاجواب ہیں۔ آپ سب سے پہلے راج بنارس میں ملازم تھے اور وہاں نایب دیوان کے خدمات کو نہایت خوش اسلوبی سے ادا کرتے رہے ہیں اور انکی خوش اخلاقی اور دیانت داری سے تمام عملہ خوش تھا۔ بنارس کے قیام میں آپ مرزا قیصر بخت فروغ دہلوی کے شاگرد ہوئے۔ اب ریاست گوالیار میں سپرنٹنڈنٹ جنگی و آبکاری ہیں۔ آپ عارف اور خدا پرست شخص ہیں سنہ ۱۹۱۱ء میں آپکی عمر ۴۵-۴۸ برس کی تھی۔ صرف چند شعر ہاتھ آئے ہیں جو درج ذیل ہیں ؎

نظر نے پھوٹ مچائی وہ خانۂ تن میں
چلے جو تیر مژہ تیرے چھوڑ کر اُن کو
ملا ہی حسن تمہیں عشق لازوال مجھے
بہت ہی تنگ ہی وحشت میں وسعت عالم
دل کے آئینہ میں ہے صورت بے سری
جادۂ دشت جنوں روشن ہے مثل کہکشاں

کہ دل بھی صاف اُڑا لے گئی جگر کیسا
تو پھوٹ پھوٹ کے روئے دل و جگر کیسا
تمہیں ہے ایسی کمال اسمیں ہے کمال مجھے
الٰہی اس قفس تنگ سے نکال مجھے
اس مرقع میں جگہ ہے یار کی تصویر کی
پانوئیں گردش ہے مگر آسمان پیر کی

اس خموشی میں بھی سو باتیں نکلتی ہیں صنم
عین گویائی ہے خاموشی تری تصویر کی

پانؤ کے چھالوں سے ہوں مجبور اے زمیں
آدھی گردش بانٹ لوں میں آسمانِ پیر کی

شاکر

شاکر۔ جناب محمد عبد القادر صاحب ایم باڑوی ضلع مدراس پختہ کلام اور ماہر زبان شاعر ہیں۔ قصہ بہار اور چندر بدن بہت پاکیزہ زبان میں نظم کیا ہے۔ گلزار شاکر اس مثنوی کا نام ہے۔ کلام میں سنجیدگی ہی۔ رعایت لفظی کیساتھ سلاست بیان اور لطف زبان قابل داد ہی۔ استعارات سے کلام کو بے مزہ نہیں ہونے دیتے۔ مضامین آفرینی کیطرف طبیعت زیادہ مائل ہے مگر محاورہ اور زبان کا بھی لحاظ رکھتے ہیں۔ ۱۳۱۴ھ میں دیوان شاکر طبع ہو چکا ہے۔ تلمذ کا حال معلوم نہیں مگر کلام اسکا شاہد ہی کہ کسی ماہر فن زبان سے استفادہ کیا ہے۔ کلام کا انتخاب ہدیۂ ناظرین ہی۔

اُڑا کے لے نہ گیا ہو وہ گیسوؤں والا
تلاش سے بھی تو ملتا نہیں پتا دل کا

بیچتا ہوں نگہ لطف کے بدلے دل دیں
آگے بس اے بتِ کافر ترا ایمان رہا

ابھی یہ دیکھ رہا تھا کہ میں ہوں اُنکے گھر
کھلی جو آنکھ تو وہ گھر نہ تھا وہ خواب نہ تھا

مے دو آتشہ ساقی مجھے پلا دینا
جگر میں آگ لگی ہے اُسے بجھا دینا

آئینہ سامنے رکھدو جو کرو ذبح مجھے
دیکھوں پھر کس طرح سے ہی حلق پہ خنجر پھرتا

غم ہستی نے عدم کا مجھے مشتاق کیا
دیکھی تکلیف سفر کی تو وطن یاد آیا

اہلِ نظر کے واسطے عبرت کا ہی مقام
دم بھر کی زندگی پہ اُبھرتا حباب کا

ہوائے گل سے دم نکلا قفس میں
صبا لائی تھی پیغام قضا کیا

شہید ناز نے مانگا نہ پانی
بجھی تھی زہر میں تیغ ادا کیا

اس سے تو اور تشنگی شوق بڑھ گئی
اچھا اثر ہے شربت دیدار یار کا

یوں جامۂ حیات کو بدلا ہی روح نے
گویا لباس تھا کہ بدن سے نکل گیا

رشک عیسیٰ تمہیں کہتا ہے زمانہ لیکن
نہیں پاتا کوئی بیمار شفا کیا باعث

ستم سہہ سہہ کے اُنکو قاتل عالم بنایا ہے
الٰہی خون کس کس کا رہیگا میری گردن پہ

کھوتی ہے آبروئے لب شیر زر کی احتیاج
ذلت ہے عمر بھر کی گھڑی بھر کی احتیاج

لاگ ہوتی ہے تو ہو جاتا ہے آپسمیں لگاؤ
آبلے جائیں کہاں خار مغیلاں چھوڑ کر

اُس شکر لب نے لیا ہونٹوں میں لعلوں کو دبا
مصریوں کا دانت پہونچا کشور تاتار پر

دانت کلیاں ہیں چنبیلی کی تو گلبرگ ہیں ہونٹ
اے گل گلشن خوبی ہے گلستاں عارض

نامہ بر کو دیکے خط جب بھیجتے ہیں سوئے دوست
آگے آگے اشک پیچھے پیچھے خود جاتے ہیں ہم

دیکھا ہے میں نے تمکو آغوش آرزو میں
آؤ تو دل کے سوچیں تعبیر خواب ہم تم

گن گن کے بوسے لینا ای کاش ہو میسر
پھر بھولتے بھی جائیں اس کا حساب ہم تم

نظر سے سینۂ عاشق میں کرتے ہیں سوراخ
نئے طریق سے وہ دل میں راہ کرتے ہیں

اُس کا منہ کیا ہے کہ آنکھ اُس مہ کامل سے ملائے
نہ خط و خال نہ خورشید کے رُخ پر گیسو

وہ سبز زلف کو ہونٹوں سے دباتے ہیں مگر
چشمۂ خضر لب اُن کے ہیں سکندر گیسو

اک نگہ میں دل کو لے اُڑنا نئی ایجاد ہے
اس تری چشم عنایت پر مرا بھی صاد ہے

کہتے ہیں ترک ملاقات کا شکوہ بھی نہو
یہ نئی شرط ہوئی شرط وفا سے پہلے

ہوا عکس آئینہ حیرت فزا
انہیں آج اپنی نظر ہو گئی

درد بنکر دل میں آنا چھوڑ دے
جان ہو کر جی جلانا چھوڑ دے

کر چکا برباد میری قبر بھی
اب تو ظالم خاک اُڑانا چھوڑ دے

دیکھ لینے دے کبھی دیدار بھی
دل میں رہ کر منہ چھپانا چھوڑ دے

دل خوں گشتہ شاید بھر چلا ہے
لہو آنے لگا کیوں چشم تر سے

میری قسمت کا اندھیرا مر کر بھی
شمع تربت کو تمنا ہی رہی جلنے کی

خیال اسکو جو اپنے کشتگان غم کا آیا ہے
کف افسوس ملکے رنگ مہندی کا اڑایا ہے

نہیں اتنک پڑھا اور دل کھلا جاتا ہے فرحت سے
یہ کس کا نامۂ جاں بخش قاصد لیکے آیا ہے

اے جنوں دست درازی کا مزا تو جب ہے
نہ سلامت رہے دامن نہ گریباں رہے

قاصد کے پاس خط ہی مرے لیں جوشِ اشک		دوڑا رہا ہے ساتھ دلِ بدگماں مجھے

شاکر

شاکر۔ مسٹر پیارے لال صاحب۔ باشندۂ میرٹھ مقیم لکھنؤ۔ شاگرد حضرت شوکت میرٹھی۔ مذہبًا عیسائی مگر زبانِ اردو کے اچھے ماہر اور انشاپردازی کے دلدادہ ہیں۔ پہلے مختلف رسالوں میں مضامین نظم و نثر ایک مدت تک شایع کراتے رہے۔ پھر رسالہ ادیب الہ آباد میں دو سال کے قریب اڈیٹر رہے جب رسالہ بند ہوگیا تو خود لکھنؤ سے العصر نامی ایک باتصویر رسالہ جسکو ادیب کی تمثال کہا جائے شایع کرنا شروع کیا وہ بھی دو برس سے زیادہ نہ چلا۔ رباعیات کہنے کی خوب مشق کی ہے۔ کلام میں شوخی اور متانت دونوں موجود ہیں۔ اب مجاز سے حقیقت کی طرف بڑھ رہے ہیں اور طبیعت کی ترقی کر رہی ہے کہ کچھ دن میں مدارجِ ارتقا تک پہنچ جائینگے رباعیاں بشتر اسی رنگ میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ مدتوں منشی نوبت رائے نظر سے دوستی اور رفاقت رہی اور کلام میں بھی انسے مشورہ کرتے رہے۔ بہترین کلام کا انتخاب نذرِ ناظرین ہے ؎

رباعی

دنیا کو عجب طرفہ تماشا پایا
جب نظروں میں تولا اسے ہمنے شاکر
اک حال پہ قایم نہیں حاشا پایا
تولہ کہیں پایا کہیں ماشا پایا

آنکھوں سے خمارِ ذوقِ مستی اترا
پہنا جو کفن تو سر گرانی نہ رہی
خاطر سے غبارِ اوجِ دپستی اترا
ہلکے ہوئے ہم کہ رختِ مستی اترا

ناتوانی کا بھلا ہو یہ احساں اُس کا
وصل کے وعدے رقیبوں سے وفا ہوتے ہیں
اُس کے کوچے سے جو اُٹھتا ہوں گرا جاتا ہوں
میں ہی بدبخت ہوں محروم رہا جاتا ہوں

پشتِ خم مجھکو بڑا ہے نہیں سمجھے کوئی
اس دارِ محن میں آہ! خورسند ہے تو
بارِ عصیاں سے زمیں پر میں جھکا جاتا ہوں
او خاک نشیں! زمیں کا پیوند ہے تو

دل دولتِ فقر سے غنی کر منعم
منہ مانگے در یگانہ دے گا تجھکو
کیوں حرصِ زر و مال میں پابند ہے تو
سو طرح سے آب و دانہ دیگا تجھکو

غم رزق کا کھا رہا ہے کیوں اے غافل
دیتا ہے جو سب کو کیا نہ دیگا تجھکو

غیر و نبیہ بھروسہ ہی تو یہ گت ہوگی
عزت ہی نہ حاصل کبھی دولت ہوگی

تم اپنی کرو آپ مدد اے شاکر
ہر طرح کی پھر رفع شکایت ہوگی

یکساں نہیں ہیں ظاہر و باطن جنکے
چنوائیگی اُن کو یہ دورنگی تنکے

گر دلیں نہیں چور تمہارے شاکر
کیوں رکھتے ہو ڈر ڈر کی قدم گن گن کے

دل بجھ گیا ہی دل کے داغ ابتک نہ بجھے
سوز الم فراغ ابتک نہ بجھے

تھی سینہ میں جمع ہوس ہواں نکلے اُہی
محفل کے مگر چراغ ابتک نہ بجھے

دکھلاکے یہ سبز باغ بجھ جائینگے
سینے کے لحد میں داغ بجھ جائینگے

ہو جائیگا نظروں میں زمانہ تاریک
آنکھوں کے جو شب چراغ بجھ جائینگے

دنیا کی بلا سر سے ہٹی جاتی ہے
میعاد اسیری کی گھٹی جاتی ہے

ہونیکو ہے قطع سلسلہ ہستی کا
چڑیاؤں کی بیڑی ہی کٹی جاتی ہے

شاکر ۔ مولوی سید شاکر حسین صاحب خلف مولوی سید عنایت حسین صاحب کنتوری وکیل ریاست چرکھاری بندیل کھنڈ۔ آپکے حقیقی چچا مولانا کرامت حسین صاحب جج مرحوم الہ آباد ہائیکورٹ میں ججی پر ممتاز تھے۔ شاکر صاحب ریاست چرکھاری کیطرف سے نوگاؤں چھاؤنی ایجنسی میں وکیل ہیں۔ آپکے حقیقی ماموں خان بہادر سید اصغر علیصاحب کوثر ریاست چرکھاری میں مدار المہام ہیں اور خوش فکر، عالی خیال شاعر ہیں۔ شاکر صاحب کی طبیعت بھی بہت شوخ اور چلبلی واقع ہوئی ہے۔ مشورہ سخن دوستانہ طور پر مولوی سید نذیر حسن صاحب فتنہ سندیلوی سے کرتے ہیں۔ علم عروض اور عربی فارسی۔ انگریزی میں قابلانہ استعداد ہے۔ انکی استاد کے دئے ہوئے چند شعر درج ذیل ہیں ؎

عشق کرلیں ابروئے خمدار سے
زندگی کے دن کٹیں تلوار سے

سخت جانی نے مجھے نادم کیا
قتل گہ میں یار کی تلوار سے

چشم میگوں دیکھتے ہی یار کی
مست دوڑے خانۂ خمار سے

سو جاؤں نہ کیوں غم سے کہ پیرانہ سری ہے	جو آہ کا جھونکا ہے نسیم سحری ہے

شاکر

شاکر۔ محمد محمود حسن صاحب جبیور کے رہنے والے ہیں۔ مڈل اسکول روسہ میں ہیڈ مولوی ہیں مولانا عباس وتسکین بہسری کے تلامذہ سے ہیں۔ اردو فارسی سے واقف ہیں۔ نمونہ کلام یہ ہے۔

قیامت سی قیامت ہو رہی ہے بزم دشمن میں	کہ وہ ڈالے ہوئے ہیں ہاتھ اپنے اسکی گردن میں
ہزاروں مدعی دل کے ہیں اور دل ایک ہی تن میں	الٰہی کسکو دوں کسکو نہ دوں ہوں سخت الجھن میں
ضرورت شمع کی ہرگز نہیں بعد فنا مجھکو	اجالا ہو رہا ہے شمع داغ دل کا مدفن میں
خدا ہی تجھسے چرخ تفرقہ پرداز سمجھیگا	چھوڑایا تو ہے مجھسے دلربا کو ہیر سا دن میں
نہیں معلوم شاکر تمکو کیا کیا خلق کہتی ہے	ہوئے بدنام ناحق الفت طفل برہمن میں

شاکر

شاکر۔ عبد الغفور صاحب عظیم آباد پٹنہ کے رہنے والے ہیں ۱۹۱۸ء میں عمر تخمیناً تیس سال تھی۔ فارسی اور عربی میں عمدہ لیاقت رکھتے ہیں۔ لکھنؤ میں کچھ دنوں مطب بھی کیا ہے حافظ محمد عبد الرحمٰن صاحب سنساروی بہاری کے شاگرد ہیں۔ غزل کے علاوہ ٹھمری دادرہ بھی کہتے ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

نرگسیں آنکھیں ثمر نوخیز دو ابھرے ہوئے	ہے گلستان جوانی میں بہار آئی ہوئی
دے رہی ہے خانۂ دشمن سے آنیکا پتہ	یہ نظر چھپی ہوئی یہ آنکھ شرمائی ہوئی
راستہ اسکو نکلنے کا کہیں ملتا نہیں	حسرت دل پھرتی ہے سینہ میں گھبرائی ہوئی
میکدہ میں کل تھی۔ آئی محفل رندوں میں آج	دختر رز کس بلا کی تو بھی ہرجائی ہوئی
کس بت نوخیز پر دل آگیا شاکر ترا	ان دنوں کیسی اداسی رخ پہ ہے چھائی ہوئی

شاکی

شاکی صاحب عالم میرزا نجا در شاہ خلف الرشید ظل سبحانی بہادر شاہ ثانی میرزا الٰہی بخش کے داماد اور قطب الدین مشیر کے شاگرد تھے۔ غدر میں بعمر ۲۲ سال نشانۂ تفنگ اجل ہوئے اور ایک فرزند مرزا مبارک شاہ نامی اپنی یادگار دنیا میں چھوڑ گئے۔ فکر سخن کیمتعلق اسی قدر کہنا کافی ہے کہ زبان تو خاص انکے گھر کی ہے۔ جب دوسرے انکی صحبتوں سے استفادہ حاصل کرتے تھے۔ پھر

انکے لطف بیان اور سلاست کا کیا کہنا۔ افسوس ہے کہ زیادہ کلام دستیاب نہ ہوسکا صرف دو شعر کوشش بلیغ سے بہم پہونچے وہ ہدیۂ ناظرین ہیں ؎

لائے اے آہ جگر تو اُسے یا نالۂ دل	کون دونوں میں کرے جلد اثر دیکھیں تو
ایک پر زخم ایک پر ہے داغ	دل تو وہ چھپے ہے اور جگر یہ کچھ ہے

شاکی

شاکی ۔ جناب سید احمد حسن صاحب مرحوم فارسی میں "فرقانی" اردو میں شاکی و باکی تخلص کرتے تھے ۱۲۵۱ھ مطابق ۱۸۳۶ء میں پیدا ہوئے۔ ۴۷ برس کی عمر میں ۱۸۸۳ء میں دنیا کو خیرباد کہی۔ اپنے باپ کے اکلوتے بیٹے تھے اور اپنے چچا منشی سید عمر دراز علی کے زیر سرپرستی پرورش پائی طبیعت میں خداداد جودت اور ذکاوت تھی۔ دماغ علم ادب اور شاعری کیلئے پیدا ہوا تھا علوم و فنون کو اہل کمال سے عموماً ذاتی شوق اور مطالعہ کتب سے خصوصاً حاصل کیا تھا۔ آپ معنی بیان۔ لغت۔ عروض۔ قافیہ اور صنایع سے ماہر تھے۔ آپنے عالم شباب میں علما و فضلا یکتائے روزگار اشخاص کی صحبتیں اٹھائیں اور اپنی فطرتی قابلیت سے فارسی زبان کے اُستاد مانے گئے۔ سات برس کی عمر میں شعر کہتے تھے اور انھوں نے کبھی اپنے کلام کو کسی کے سامنے بہ نظر اصلاح پیش نہ کیا۔ حافظہ بلا کا تیز تھا آپ ایک مرتبہ جو مشکل شعر سن لیتے اسکو فوراً حل کر دیتے ایک دفعہ کے سُننے سے دو تین ورق یاد ہو جاتے۔ اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں برجستہ شعر کہتے تھے ایکبار مرزا مغل شاگرد مرزا دبیر لکھنوی میرٹھ میں وارد ہوئے اور انھوں نے ممبر پر بیٹھکر اپنے اُستاد کا یہ سلام پڑھا ؎

مجرئی ہے سوگوار ماہِ حیدر چاندنی	اشک میں شبنم بکا کرتی ہے شب بھر چاندنی

لوگوں نے کہا یہ سلام بے مثل ہے اور اسکا جواب نہیں ہوسکتا آپنے قلم برداشتہ اسکے جواب میں سلام کہا جس کا مطلع یہ ہے ؎

شہ کے جسمِ پاک پر تھی جلوہ گُستر چاندنی	مجرئی کیا نور تھا تھی چاندنی پر چاندنی

متقدمین عرب و عجم کے تمام اساتذہ کا کلام آپکی نگاہ سے گذرا تھا تحقیق اور تنقیدِ سخن کی

تمام کتب مطالعہ میں رہتی تھیں۔ آپکے انتقال کے بعد ایسی کتب خانہ میں بہت ایسی کتابیں نکلیں جنپر یادداشت مطالعہ درج تھی اور مضامین کے سقم وصواب کو بیان کیا تھا۔ آپ ۱۸۶۸ء میں حضرت غالب سے ملے اور وہ آپکا کلام سنکر نہایت خوش ہوئے۔ سید مہدی علی مرحوم کا بیان ہے جب مرزا صاحب نے آپ کا یہ قصیدہ سنا ؎

شد وقت کہ در طرۂ سنبل شکن افتد	با غرۂ گل لالہ چو در مقترن افتد

آپنے نہایت تعریف کی اور اثنائے داد میں یہ فرمایا کہ "غرہ" کا لفظ کم سے کم تین دن کی تلاش میں ملا ہوگا۔ انہوں نے مرزا کی تشخیص کو مان لیا اور انکی وسیع النظری پر متعجب ہوئے میرزا دبیر مرحوم سے اور ان سے دوستانہ ربط ضبط تھا۔ آپ مرزا صاحب کی مرصع خیالی شوکت الفاظ۔ بلندیِ مضامین کے قایل تھے اور انکی مدح میں ایک قطعہ لکھا تھا جس کے دو شعر یہ ہیں ؎

زہے بنظم مصائب یگانہ در آفاق	علم بمرثیہ گوئی و مرثیہ خوانی
شنیدہ ایم کہ بر آسمان جبیری ہست	ندیدہ ایم بروئے زمیں ترا ثانی

آپ کا کلیات آپکے فرزند اصغر سید کرار حسین رحمانی سابق ڈپٹی کلکٹر صوبجات متحدہ نے شایع کرایا ہے۔ راقم تذکرہ سے انکے دوستانہ مراسم تھے انہیں کے عطا کردہ دیوان سے اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔ سید کرار حسین اساتذہ سلف کے اچھے یادگار تھے بارہ تیرہ برس ہوئے دہلی میں انتقال کیا۔ کلیات کے قصائد۔ غزلیات۔ رباعیات۔ قطعات پڑھنے سے آپکی قادر الکلامی کا حال معلوم ہوتا ہے۔ فارسی انشاپردازی کا اعلیٰ نمونہ انشائے فرقانی ہے جو کلیات کیساتھ موجود ہے تہذیب النسا۔ انشائے میور۔ آداب الطلاب۔ طاق کسریٰ وغیرہ اردو انشاپردازی کے ذیل میں مشہور ہیں۔ اردو زبان کے ماہر اپنے رنگ میں خوب کہتے تھے۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

اس تجمل سے مرے قتل کو قاتل آیا	کہ مجھے خندۂ بیجا دم بسمل آیا
بلا سے جان گئی کوہکن مگر تو نے	بنائے قصر محبت کو استوار کیا

کیوں عرضِ تمنا کا تقاضا نہیں ہوتا
کیوں نیچی نگاہوں سے کچھ ایسا نہیں ہوتا

ہوں میں وہ سبک سیرِ بیابانِ محبت
آگاہ مرا آبلۂ پا نہیں ہوتا

درد اُٹھتا ہی ہر سینہ میں ایسا نہیں اُٹھتا
ہوتا ہے جگر چاک پر اتنا نہیں ہوتا

کیا جانے چشمِ مست نے کیا سحر کر دیا
یہ بھی مجھے خبر نہ ہوئی حشر کب ہوا

سبک سری کا بُرا ہو کہ مرے قتل کا حکم
ملا رقیب کو تسلیم میں بجا لایا

نیاز و ناز کا ہنگامہ کم نہ تھا لیکن
ترے زمانہ میں رنگ آسمان نیا لایا

تابِ نگاہِ گرم نہ لایا جمالِ یار
نظارہ حسن کو پرِ پرواز ہو گیا

نہ داد جور نہ فریاد خوں بہا لایا
ترے شہید کو محشر عبث اٹھا لایا

نہ تو نے بات کبھی بدنصیب کی پوچھی
نہ وہ زباں پہ کبھی حرفِ مدعا لایا

فلک نے بارِ محبت سے ہار دی ہمت
یہ آدمی تھا کہ سر پر اُسے اٹھا لایا

جسکو ہم جانتے تھے ولولۂ ناز و نیاز
وہ بھی اک شعبدۂ گردشِ دوراں نکلا

وہ نہ آئے نہ گئی تو نہ ہمیں موت آئی
تجھ سے کیا کام کسی کا شبِ ہجراں نکلا

تیری نظر جو صورتِ تقدیر پھر گئی
کافی ہمارے واسطے کیا آسماں نہ تھا

اک دیدۂ پُر آب کی کیا بود کیا نمود
ساغر حریفِ گردشِ چشمِ تپاں نہ تھا

جب التفات ستم ہائے روزگار کیا
تمہارے غمزے کو عنوانِ یادگار کیا

تبائیں کیا نہ کیا اور کیا نثار کیا
سوائے یار جو کچھ تھا فدائے یار کیا

رہے ہے صبح کو ترا نشان اے شبنم
کہ تو نے دیدۂ بلبل کو اشکبار کیا

یہ بیقراریِ دل بے سبب نہیں ہوتی
ضرور غیر سے کچھ آپ نے قرار کیا

زاہد نہ پوچھ حسن کی عالم فریبیاں
انسان تو آدمی ہی فرشتہ پھسل گیا

روئے نورانی کو تیرے دیکھکر
چودھویں کا چاند آدھا رہ گیا

شیخ مے خانہ سے بستر لیگئے
اک پرانا سا مصلا رہ گیا

نہ لو نام دلِ گم گشتہ میری جان جاتی ہے
رسوائے روزگار ہیں سودائیان عشق
امید وعدۂ دیدار سے ہے گرم ہنگامہ
بھرے مکاں ہیں سراپائے لامکاں دیکھا
غبارِ عمر کو ہم تائے گردِ رہ پایا
تشنہ ہر حیز بدن ہے ترے پیکانوں کا
کسی مذہب میں کسی قوم میں یہ رسم نہیں
کھوئی اثبات وہاں و کمر یار میں عمر
دلِ یعقوب حزیں چشم زلیخا بے خواب
اب رُو بقضا ہیں غلط انداز نگاہیں
غمزہ کو ملا حکم پریشانیِ عالم
کیا کیجیے بد آموزیِ غماز کا شکوہ
پہلی ہی نظر سلسلہ جنبان جنوں تھی

اب اِن باتوں سے کیا حاصل مجھے بھی یاد ہے ہاں تھا
ہو جس کو پاسِ ننگ وہ عاشق ہے نام کا
اِسی حجّت سے ثابت ہو گیا آنا قیامت کا
کہاں کہاں تجھے ڈھونڈا کہاں کہاں دیکھا
ہوائے عشق کو صرصر کا ہم عناں دیکھا
دان زبانیں ادھر انبوہ زباں دانوں کا
چرخ پیتا ہے لہو اپنے ہی مہمانوں کا
باندھنا راس نہ آیا ہمیں پیمانوں کا
کیا ٹھکانا ہے محبت ترے طوفانوں کا
سر پیٹ لے اے شوقِ پریشاں نظر اپنا
اور وعدۂ انصاف رہا حشر پر اپنا
سچ یوں ہے مٹانا ہی تھا مدِ نظر اپنا
کیا سوچیے آغاز میں نفع و ضرر اپنا

اُلٹے قضا نے جب ورقِ دفترِ وجود
رنگ لائی بدگمانی قیس کی
سچ کہو تھا کس طرف روئے خطاب
آئی اک موج صبا زلف چلیپا ہو کر
مدتوں سایہ صفت چرخ مرے ساتھ پھرا
بے حجابی سے مٹا حرفِ شکایت ثنائی
کیا توقع ہمیں زمانہ سے
ہائے دشمن کی نامرادی ہائے

سو بار لاکھ بار وہی منتخب ہوا
پردۂ رنگین محمل دیکھ کر
کیوں ہنسے سوئے عنادل دیکھ کر
بے نصیبوں کے پھرے دن شب یلدا ہو کر
برسوں قدموں میں رہا آبلہ پا ہو کر
خود گلے شکر ہوئے محو تماشا ہو کر
صبح کو خود امید شام نہیں
کہ مجھے فکرِ انتقام نہیں

کبھی انسان نے آئینہ بنایا ہوگا
آپ انسان کو آئینہ بنا دیتے ہیں

بس چھوڑ دے خدا پہ مجھے اے تو چارہ گر
بھرنے کے میرے زخمِ جگر عمر بھر نہیں

بھرتے ہو دم جفا کا مگر یہ نہیں جفا
تو یہ ستم سے کرتے ہو کیا یہ ستم نہیں

ہر روزِ غم سیاہ شبِ گور سی سوا
ہر صبحِ ہجر شامِ قیامت سے کم نہیں

کوتاہیٔ نظر نے دکھائی رہِ دراز
کیا بتکدہ میں لطفِ حریم و حرم نہیں

اُسے لذتِ وصل کی قدر کیا
جسے ذوقِ آزارِ ہجراں نہیں

راتیں نہ ہجرِ یار کی کاٹیں پہاڑ سی
کاٹا پہاڑ عقل لڑی کوہکن کہاں

اندیشۂ عزت کبھی اندوہِ ملامت
ہوتے ہیں عجب رنج محبت میں بشر کو

آئندہ سب خیال گذشتہ تمام وہم
صوفی پسند اسلئے کرتے ہیں حال کو

قاصد غلط عریضہ غلط مدعا غلط
لو آؤ دیکھ جاؤ تمہیں میرے حال کو

نہ کھینچا منتِ برقِ طپاں کو
مرے نالے نے پھونکا آشیاں کو

مئے گلگوں کے پیمانہ سے اے خضر
بدل لیں ہم تو عمرِ جاوداں کو

فریاد تیرے جور سے اے دورِ شامِ غم
اندھیر ہے کہ عمر بسر ہو سحر نہو

انکو بھی آج میری طرح شوقِ وصل ہے
یہ بات ہی جدا ہے کہ تقدیر سے نہو

کسے روئیں جن اشکوں کو تری فرقت کا رونا ہو
کسے دیکھیں جن آنکھوں نے تری صورت کو دیکھا ہو

نگاہِ یار گلشن میں اگر گرمِ تماشا ہو
وفورِ شرم سے ہر شاخ پر انگور صہبا ہو

ذرا آہستہ وہ بیرنگ لے خونِ رگِ بسمل
کہیں ایسا نہ ہو قاتل کے نازک دل کو ایذا ہو

چلے ہم تو دلِ ناکام لیکر خلق سے شاکی
ہمیں کیا بعد مر جانیکے غیر انکا نہ ہو یا ہو

ہماری ناتوانی غم اٹھانے سے غلط ٹھہری
تمہیں عذرِ نزاکت ہے تو اتنے سرگراں کیوں ہو

زلیخا اب نہ کنعاں میں ہے اور یوسف نہ زنداں میں
ہجومِ اشکِ حسرت کارواں در کارواں کیوں ہو

ہمیں بھی اسکی ماہیت بتاؤ ماجرا کیا ہے
کہ تم اے مچھلیوں دریا میں رہ کر یوں پیاسی ہو

نگاہِ برق میں یکساں ہیں وا نا ہو کہ ہو خرمن
اجل قیمت شناسِ قامتِ پیر و جواں کیوں ہو

سرِ محفل نقابِ عارضِ تاباں اگر وا ہو
نظر پروانہ ہو پروانہ گل ہو گل تماشا ہو

شاکی کے انتقال سے کتنے وہ خوش ہوئے
پر سیر ہے اگر یہ خبر معتبر نہ ہو

کس طرح تیرے رخ کا نظارہ کرے کوئی
حائل ہیں دو رقیب حیا بھی نقاب بھی

چشمِ طپش کی ایک جھپک مدتِ حیات
چلتا ہوں تیز گامئ عمرِ شرار سے

تسبیح پر نہ بھولیو زاہد کہ رند بھی
سو سے اگر برے ہیں تو اچھے ہزار سے

کس نامراد کا تیری چتون نے خون کیا
دشمن بھی آج پھرتے ہیں کچھ سوگوار سے

ہم نہ دردِ کشِ پیمانۂ دیدار ہوئے
ساغرِ چشمِ مے ذوق سے سرشار ہوئے

صبح تباہ ہمیں تم رات کہاں تھے شاکی
آج مذکور تمہارے سرِ بازار ہوئے

زیرِ نقاب حسن کے جوہر عیاں رہے
فانوس میں بھی شمع کے شعلے زباں رہے

اپنی ہوس میں آپ ہی پروانہ جل بجھا
عشقِ ہوس فروش کا انجام نار ہے

نسیم کان میں گل کے ضرور کہہ دینا
کہ جانِ بلبلِ رنگیں نوا نکلتی ہے

اُسنے جو گرم جانبِ دشمن نگاہ کی
میں نے فلک کو دیکھ کے اک سرد آہ کی

ہو جائے کچھ یہ عالم اے لذتِ طپیدن
قاتل کو میں دعا دوں قاتل مجھے دعا دے

شاکی

شاکی - آغا سعید الحسن عرف سید امیر حسن شاکی قصبہ سلون ضلع رائے بریلی - وطن ہے - کلام سے جدت کی جھلک نمایاں ہے - کسی کے شاگرد نہیں - نمونۂ فکر یہ ہے۔

اس سے کیا تسکینِ مشتاقِ شہادت ہو سکے
زخم اوچھا ہی ابھی قاتل تری شمشیر کا

غنچۂ لب پیشِ تصور تھا عبث محوِ سکوت
ہم نے بوسہ لے لیا منہ کھل گیا تصویر کا

شاکی

شاکی - سید عبدالرسول رضوی عرف سید محمد جواد - ۱۰ جون ۱۸۸۱ء کو مٹیا برج کلکتہ میں پیدا ہوئے - انکے نانا نواب انتظام الدولہ احمد علیخان مصنف تحفۂ احمدیہ - واجد علیشاہ بادشاہ کے اُن رفقا میں سے تھے جو ترکِ وطن کرکے شاہ مغفور کے ہمرکاب کلکتہ گئے تھے اور تمام عمر بادشاہ کی

رفاقت میں بسر کردی جتنی کہ اپنے آقائے نامدار کیساتھ آج بھی تاک بنگال پہ میٹھی نیند سوتے ہیں۔ شاکی کے جد امجد میر مصطفےٰ شاہ علوم عربیہ کے ماہر اور مسلم الثبوت اُستاد تھے۔ انہوں نے اپنی شادی سید ابوالحسن عرف ابو صاحب مجتہد العصر کی ہمشیرہ کے ساتھ کی اُنسے انکے والد پیدا ہوئے۔ انہوں نے بھی علم و فضل میں خاصی شہرت حاصل کی۔ انفراغ علوم کے بعد سید محمد جواد کا عقد سید محمد باقر صاحب مجتہد کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوا جب کچھ دنوں کے بعد انہوں انتقال کیا تو نواب انتظام الدولہ کی دختر کیساتھ عقد ثانی ہوا جن سے جناب شاکی پیدا ہوئے۔ دینیات کی تعلیم پاکر انگریزی زبان سیکھنے کا شوق ہوا تو سات برس کی مسلسل تعلیم کے بعد سینیر کیمرج کا امتحان پاس کیا۔ اُردو میں طبع آزمائی کی ہے اور کلام میں فارسی ترکیبوں کے باوجود دلکشی اور درد دونوں چیزیں موجود ہیں۔ یزدانی مرحوم جنکا وطن پنجاب تھا اور شیراز میں رہکر زبان فارسی کی تحصیل کی تھی اور آخر میں کلکتہ میں بود و باش کرلی تھی اور فارسی کے زبردست ماہر تھے اُنسے جناب شاکی کو فخر تلمذ حاصل ہے۔ مٹیا برج کے مشاعروں میں اکثر شریک ہوتے ہیں اور شاعری کو قابل تعظیم فن تصور کرتے ہیں۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب نذر ناظرین ہے

بلائے عشق میں سید ثریا بھی مبتلا ہوتا
بہ انداز طپش گر آتش غم مشتعل ہوتی

نہ مرتا وادیٔ وحشت میں گر سر پھوڑ کر اپنا
ساقیا اتنی پلائی تھی نہ بزم غیر میں

مرنیوالے کی جو بالیں پر کھڑے تھے رو دئے
غمزدوں کی ہیں حکایات پرانی پُر لطف

غش ہوئے موسیٰ عمران ہے یہاں دل کو سکون
رو شناسِ خلق دیوانہ ترا آخر ہوا

اگر ہم نہیں تو گرمی بازار بھی نہیں

علاج دردِ دل ہوتا جو وہ درد آشنا ہوتا
تو دل جلکر دھواں ہوتا دھواں اُڑکر ہوا ہوتا

سر شوریدۂ شاکی ترے در پر دھرا ہوتا
ہیں تو تھا بیہوش تیرے ہاتھ میں پیمانہ تھا

ہر نگاہ واپسیں پر درد اک افسانہ تھا
آپ کی بات نئی آپ کا افسانہ جدا

طور کا ذکر جدا جلوۂ جانانہ جدا
سب کی نظریں پڑتی ہیں چاک گریباں دیکھکر

اے حسن خود فروش خریدار بھی نہیں

دل کو وہ دیدہ نگاہیں لیکے پنہاں ہوگئیں
حسرتیں زلفوں کی اجڑ کے پریشاں ہوگئیں

مصحفِ رخ پر ترے زلفیں پریشاں ہوگئیں
رشتۂ شیرازۂ اجزائے ایماں ہوگئیں

اے سبکفاں ذرا آنکھیں اٹھا کر دیکھ تو
کسکی آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہوگئیں

پہلی منزل پر سبکباری نے پہونچایا ہمیں
اپنی بے سامانیاں آخر کو ساماں ہوگئیں

وعدہ سہی تم آؤگے بھی ہاں بھی ہیں لوں
سمجھا دو دل کو بھی کہ اسے اعتبار ہو

میری ہمت مراجسگر دیکھو
دلِ زخمی کو اک نظر دیکھو

جب تصور کمال کو پہونچے
دیکھ لو یار کو جدھر دیکھو

جسے بیگانہ سمجھے تھے یگانوں سے وہی اچھا
تعلق آجتک سبزے کو ہے گورِ غریباں سے

یہ پاس پردہ داری ہے کہ باہر جا نہیں سکتی
صدا زنجیر خانے سے نظر سوراخ زنداں سے

مرنا تو مقدر تھا۔ مرجانے کو کیا کہئے
سمجھانے سے کیا حاصل دیوانے کو کیا کہئے

اللہ رے آبادی پھر ویسی ہی بربادی
دل تھا کہ بھری بستی ویرانے کو کیا کہئے

جب دل نہ ہوا اپنا پھر تم سے شکایت کیا
اپنا نہ ہوا اپنا بیگانے کو کیا کہئے

اے آنسوؤں کے تار سے سلسلہ قایم
آتے ہیں مدد کرنے کو اب لختِ جگر بھی

داغِ دل۔ داغِ جگر مرقد میں سوزاں لیچلا
دونوں پہلو میں یہ دو شمعیں فروزاں لیچلا

کرکے روشن داغ داماندار ہجراں لیچلا
تیری محفل سے چراغِ زیرِ داماں لیچلا

شائقؔ۔ شیخ بنے میاں ساکن بریلی روہیلکھنڈ۔ سخنور خوش فکر تھے۔ طبع میں رسائی اور مضمون آفرینی تھی۔ مولٰنا احمد علیخاں عاصی شوخ سہسپین بریلوی کے تلامذہ سے تھے۔ ظرافت کے مضامین خوب لکھتے تھے۔ پونا میں کسی تاجر کے ملازم تھے۔ وہیں انتقال کیا۔

جملہ دیتا ہوں میں دو لفظ میں مضمون گرہ کو
مسیح وقت اپنے عہد میں گویا ہے دم میرا

بگڑتے ہیں بھی بنتا ہوں میں لفظ کی صورت
شکستہ دل ہوں پر زیبا ہے سب پیچ و خم میرا

میں وہ بلبل ہوں جس سے طائر سدرہ ہو گویا
لئے بیٹھے ہیں رضواں آجتک باغِ ارم میرا

کبھی تو اے فلک ہم پر بھی ہوگا مہرباں کوئی
آغاز جوانی میں ستم ڈہائے ہوئے ہیں
ڈرتے ہیں دغا کرتے ہوئے حضرت شاکی

کبھی تو دل پھرے گا غیر سے اُس آفتِ جاں کا
اُٹھتے ہوئے جوبن پہ وہ اترائے ہوئے ہیں
یہ لوگ حسینوں سے دغا پائے ہوئے ہیں

شان

شان - نواب میرزا محمد صادق علیخاں صاحب بہادر بیرسٹر ایٹ لا۔ نواب باقر علیخاں ششِ محل صاحب کے بڑے صاحبزادہ ہیں۔ انگریزی۔ فارسی۔ عربی میں اچھی مداخلت رکھتے ہیں آپ ۱۸۹۸ء میں بی اے پاس کرکے ولایت تشریف لیگئے تھے وہاں ۱۹۰۱ء میں بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ آپ کو رفاہ عام کاموں اور سیاسی معاملات سے بڑی دلچسپی ہے۔ شاعری کا بھی مذاق ہے خیر آباد ضلع سیتاپور میں انکی تعلقہ داری ہے عرصہ ہوا کلام بھیجا تھا اُسکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

رازِ الفت مرا نہاں نہوا
اسکا چرچا کہاں کہاں نہوا

لوگ خورشیدِ حشر دیکھینگے
گرمیِ آہ کا دہواں نہوا

تھامے اپنی کلائی بیٹھے ہیں
ذبح آخر یہ سخت جاں نہوا

عید ہی آج انکا ہے دربار عام
نذر دینے نقدِ دل جاتے ہیں ہم

کبھی تو اُس بتِ کافر کو ہم پر رحم آئے گا
یہی کہہ کہہ کے ہر دم اپنے دل کو شاد کرتے ہیں

قفس میں بیٹھے بیٹھے کیا چمن کو یاد کرتی ہیں
فقط کچھ غم غلط ہم اے دلِ ناشاد کرتے ہیں

مہک پھولوں کی پھر آنے لگی شاید بہار آئی
اسیرانِ کہن گلزار کو پھر یاد کرتے ہیں

کچھ ایسا بڑھ گیا ہے ہمکو انکا خوفِ رسوائی
لبوں پر دم ہے تب بھی ضبط ہم فریاد کرتے ہیں

ہزاروں زخم کھائے سخت جانی دیکھیئے اے شان
دعائیں دم نکلنے کی مرے جلاد کرتے ہیں

ہمیں خوف عصیاں نہ دہشت کسیکی
کہ بلے پہ اپنی ہے رحمت کسیکی

اگر بوسہ مانگا وہ جھنجھلا کے بولے
کہیں ہلکے آئی ہے شامت کسیکی

مرے نالے سنکر وہ فرماتے ہیں
نہ آئے کسی پر طبیعت کسیکی

چھپاتے ہو کیا گرد پائے حنائی	ابھی روند آئے ہو تربت کسی کی
پوچھتے کیا ہو ترا ہجر میں نقشہ کیا ہی	ہم نہ ہوں گے فقط اور ہونا ہوا نا، کیا ہے
ہی تو قسمت سی ہے تم سے مجھسے شکوہ کیا ہی	اپنی آنکھوں سے میں رُوتا ہوں تمہارا کیا ہے
شب ہی یار کہاں کوٹھے پہ کیوں جاتی ہو شان	لٹ چکی دولتِ دیدا ب تمہیں ملنا کیا ہے

شاہ

شاہ۔ منشی شاہ علیخاں دہلوی مرزا رفیع السودا کے ہمعصر اور نواب سراج الدولہ و نواب عالیجاہ میر قاسم خاں ناظم بنگالہ کی سرکار میں بزمرہ شعرا منسلک تھے انجام کار دکن جاکر انتقال کیا انکی یہ غزل اکثر ارباب نشاط محفلوں میں گاتی ہیں ؎

ارمان وصل کا دلِ نالاں میں رہگیا	میں عمر بھر تمہاری نہیں ہاں میں رہگیا
پائی رہائی یوسفِ دل نے نہ قید سے	زلفوں سے چھوٹا چاہِ زنخداں میں رہگیا
ہمتو مرینگے یار کی دیوار کے تلے	مجنوں کو تھا جنوں جو بیاباں میں رہگیا
کعبہ گیا نہ دیر گیا اور نہ کربلا	گھر سے نکل کے کوچہ جاناں میں رہگیا
جلوہ دکھایا یار نے کوٹھے پہ آن کر	جیسے نکل کے چاند بدخشاں میں رہگیا

شاہ

شاہ۔ میرزا داؤد شاہ گورگانی خلف مرزا محمود شاہ ابن مرزا بابر خلف اکبر شاہ ثانی انکے بیٹے مرزا شجاع کو ریاست حیدرآباد دکن سے ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار بطور وظیفہ ملتا ہے۔ مشق سخن کم تھی تاہم رنگ طبیعت اچھا تھا۔ مرزا مجاہد الدین شاہی نے کچھ کلام دیا تھا جسمیں سے دو شعر انتخاب ہوئے ؎

وہ پھلا پھولا جہاں میں جو شجر پیدا ہوا	ایک نخلِ دل ہمارا بے ثمر پیدا ہوا
موجود تھے وہاں سب حسرت بھی دلیں	محفل میں اسکی میں بھی اک دلفگار ہوتا

شاہ

شاہ۔ شاہ عالم کسی قدیم شاعر کا یہ شعر ہے۔ تذکرہ فرا. صاحب سے نقل ہوا۔ کیا تعجب کہ شاہ عالم بادشاہ کا ہو ؎

کل کا وعدہ نہ کرو جی مرا بیکل نہ کرو	کل پڑے گی نہ مجھے مجھسے یہ کلکل نہ کرو

شاہی

شاہی ۔ مرزا انور الدین گورگانی۔ نبیرۂ صاحبعالم مرزا سلیمان شکوہ برادر اکبر شاہ ثانی۔ شاعر خوش بیان وخوش منش خواجہ آتش کے شاگرد تھے۔ آپکی شاعری کا رنگ بہت اچھا تھا اور ۱۸۴۰ء کے بعد کئی مرتبہ لکھنؤ سے دہلی آئے بہادر شاہ ثانی کے مزاج میں بہت دخل پیدا کرلیا تھا چنانچہ شاہی روزنامچہ میں اکثر انکا ذکر آتا ہے انہیں کی صحبت کے طفیل بادشاہ کے خیالات شیعہ مذہب کیطرف زیادہ رجوع ہوگئے تھے۔ رسالہ موسوم بہ علم حیدری انکی تصنیف سے ہے اور راقم کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ کلام اگرچہ سوز وگداز سے خالی ہے مگر بلاغت زیادہ پائی جاتی ہے فکر صائب سے بڑے بڑے مضامین کو مختصر لفظوں میں ادا کرجاتے ہیں۔ زبان کا لطف بھی موجود ہے اور سلاست بیان بھی اچھی خاصی ہے ؎

ملو گلے سے تو جاتا رہے گلہ دل کا
تمہارے وصل پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

نہ کیوں کہوں ترے ابرو میں عیرت شمشیر
کیا ہے ایک اشارے میں فیصلہ دل کا

قرد ہ باد اے مے پرستو میکدہ کا در کھلا
خم سر شیشہ کھلا شیشہ سر ساغر کھلا

رنگ لائی ہی عجب ہمت مردانۂ عشق
داغ پر داغ دیے فرض ہی شکرانۂ عشق

روش فرش گل ہے دل دیوانۂ عشق
رشک صد فصل جنوں ہے ہت ویرانۂ عشق

رونق باغ جہاں سبزۂ بیگانۂ عشق

غیرت قصہ بلقیس ہے افسانۂ عشق
کسطرح قصر سلیماں ہے نہ ویرانۂ عشق

کیوں نہ زیبا ہو اُسے شوکت شاہانۂ عشق
کیوں نہ قبضہ میں ہو میراث پریخانۂ عشق

خلف الصدق جنوں ہے دل دیوانۂ عشق

شاہی

شاہی ۔ فرع دودہ شاہی چراغ خانوادۂ گورگانی مرزا مجاہد الدین شاہی خلف الرشید مرشدزادہ مرزا ظہیر الدین عرف مرزا مغل بہادر خلف پنجم حضرت ظل سبحانی بہادر شاہ ثانی۔ خاتم خاندان گورگانی۔ حضرت شاہی زمانۂ غدر میں سات سال کے تھے کہ فلک کجرفتار نے روز بد دکھایا اور انہیں داغ یتیمی نصیب ہوا یعنی انکے والد مرزا مغل بہادر اک ظالم سفاک زشت خو فوجی لفٹنٹ ہاڈسن نامی کے ہاتھ سے بلا تفتیش جرم مارے گئے۔ اسکے بعد انہوں نے اپنی دادی نواب شرافت محل صاحبہ

کے دامنِ عافیت میں پرورش پائی اور علوم رسمیہ کی تکمیل کی۔ مرزا قادر بخش صابر گورگانی کے فیضِ صحبت سے شاعری کا شوق دامنگیر ہوا۔ چنانچہ اس فن شریف میں انہیں سے تلمذ رہا۔ انکی وفات کے بعد امراؤ مرزا انور دہلوی کے شاگرد ہوئے پھر چند غزلیں نواب مرزا خانصاحب داغ دہلوی کو بھی دکھائی تھیں۔ آخر میں جو کچھ کہتے تھے اُسمیں مرزا ارشد دہلوی سے مشورہ کر لیتے تھے۔ کئی سال اجمیر میں مقیم رہکر دہلی واپس آئے اور انجمن تیموریہ کے سکرٹری بھی رہے تھے۔ زبان میں صفائی اور طبیعت میں متانت ہی رعایت لفظی اور استعارات کے گورکھ دھندوں سے انکے کلام میں پیچیدگی کا دخل نہیں الفاظ نہایت ستھرے اور بندش نہایت چست ہوتی ہے۔ منکسر مزاج اور نہایت شریف صاف گو راستباز انسان تھے۔ مرزا عبد الغنی ارشد سے جو انکے رشتہ میں بھانجے ہوتے تھے بہت محبت کرتے تھے اور اُنکے کمال شاعری کے معترف تھے کئی مرتبہ فیروزپور اُنکے پاس جاکر رہے اور اُنکے کلام کو مرتب کیا۔ راقم تذکرہ سے بھی انہیں بڑا اُنس تھا۔ ہنگام قیام دہلی روزانہ تشریف لاتے تھے۔ حیدرآباد دکن سے ساٹھ روپیہ ماہوار کا وظیفہ ہوگیا تھا اُسپر بسر اوقات تھی آخر ساٹھ سال کی عمر ۱۹۰۶ء میں بمقام دہلی انتقال کیا۔ انہیں کے قلمی عطیہ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔

غضب کا نشہ ہی ساقی کی چشم میگوں میں
ادھر نگاہ ملی اور اُدھر سرور آیا

دروازہ میرا لوگ بتادیں خدا کرے
پھرتا ہے کوئی غیر کا گھر پوچھتا ہوا

بعدِ فنا بھی انکا جلانا تو دیکھئے
رکھا چراغ گور پہ میری بجھا ہوا

وہ آجاتے تو ٹلجاتی قضا کیا
ذرا ہم دیکھ لیتے اور تھا کیا

اس ستم پر سحر یہ کیسا کیا
اک جہاں کے گھر میں دل پیدا کیا

جان و دل دیکر لیا رنج و الم
عمر بھر میں ہم نے یہ سودا کیا

کبھی علاجِ دلِ داغدار ہو نہ سکا
مٹائیں ہاتھ سے اپنے بہار ہو نہ سکا

سوئے تو اپنا طالع خوابیدہ جاگ اٹھا
آنے کا انکے خواب میں ہمکو گماں نہ تھا

جلتا وہ جوشِ آتشِ گل سے بہار میں
گلزار میں بھلے کو میرا آشیاں نہ تھا

اس پہ بھی سایہ پڑ گیا کیا میرے اضطراب کا
کھلتا نہیں ہے حال کچھ زلف کے پیچ و تاب کا

کوئی پوچھے تو پتہ خاک بتاؤں شاہی
کہ وطن کا بھی نشاں یاد نہ گھر کی صورت

جان شوقِ دید میں اب تک نکل جاتی مگر
زندگی عشق سے ہے تمہارے عشق کے بیمار پر

قاصد سے یہ کہا مرے خط کے جواب میں
مطلب کا ہوش خوب رہا اضطراب میں

میں تو آزادی میں بھی گویا قفس میں بند ہوں
فکر گلچیں ہے گھڑی صیاد ہر دم تاک میں

آ چکے اک روز محشر ہو چکے جھگڑا تمام
سنتے سنتے واعظوں کی آ گیا دم ناک میں

دل کو ہم تیرِ حوادث سے بچا سکتے نہیں
ہاتھ سے قسمت کے لکھے کو مٹا سکتے نہیں

آرزوئے غیر پر پھیرو گے پانی خاک تم
آتشِ فرقت تو اے اشک بجھا سکتے نہیں

اپنی رحمت سے خدا اگر بخشدے تو بخشدے
نامۂ اعمال تو اپنا دکھا سکتے نہیں

واں کا بھی لکھا نہ شاہی ان بتوں کے عشق نے
داورِ روزِ جزا کو منہ دکھا سکتے نہیں

یہ اتفاق ہے پڑتا ہے اُنکا اچھا ہاتھ
کہیں وہ اپنی طرف سے قصور کرتے ہیں

کہیں نہ منہ سے اُنہیں اپنی بات کی پچ ہی
وہ دل میں یاد ہمیں بھی ضرور کرتے ہیں

محبت میں عدو کی بےخبر مجھ سے سوا تم ہو
کہ پاسِ آبرو تمکو نہ پابندِ حیا تم ہو

بُرا کہتے ہیں ناحق چرخ کو دشمن کو قسمت کو
اگر سچ پوچھئے تو بانیِ جور و جفا تم ہو

کونسی بات ہے شاہی جو نہیں کی تم نے
ایک توبہ ہی رہی جاتی ہے یہ بھی کر لو

مغبچوں نے خوب سمجھا شیخ کی توقیر کو
ریشِ قاضی کر دیا عمامۂ تزویر کو

ہے لڑکپن ہی میں وہ آفت کا پتلا فتنہ گر
اور ابھی تو خیر سے عہدِ شباب آنیکو ہے

روئے انور کو کسی کے تک رہا ہی دیر سے
اب کوئی دم میں زمیں پر آفتاب آنیکو ہے

خدا کرے کہ مرا حال یہ تباہ رہے
مجھے جو دیکھ لے اسکو نہ تیری چاہ رہے

یہ بڑھا گریہ نے مرتبہ کہ فلک بھی دیکھتا رہ گیا
وہ جو گھر تھا اسے وہ لامکاں ہے عرش سے بھی بڑا مقام ہے

جو ہے عیشِ بخت رقیب میں مجھے چاندنی سی کیا غرض
اُسے بادہ پینا حلال ہے مجھے زہر کھانا حرام ہے

مری بات کا نہ یقیں کیا کہو پھر گیا کہ نہ پھر گیا
وہی غیر جو کہ تھا باوفا تمہیں ناز تھا کہ غلام ہے

سر بزم اُنسے نہ چھپ سکا مجھے دیکھتے ہی یہ کہدیا
وہی آپ جاننے والے ہیں وہی شاہی آپکا نام ہے

وقف ہے خارِ مغیلاں پر مرا ایسا پیراہن
کہ گریباں لئے جاتا ہے تو داماں کوئی

مجھ سے پوچھو کہ نقش ہیں دلچسپ
خوبیاں پنجۂ حنائی کی

کیا کریں شکوۂ جفا شاہی
اپنی عادت نہیں برائی کی

آدمی ہو تو کچھ گلہ کیجے
تیرا کیا بختِ نارسا کیجے

اک زمانہ ہے مدعی اپنا
کس سے اظہارِ مدعا کیجے

دل کی پرسی کو آئے بیٹھے ہیں
نذر اب جانِ مبتلا کیجے

لے چکے دل تو جان کی ہے طلب
کیا کسی سے معاملہ کیجے

ستم ایجاد آپ ہم غم دوست
روز مجھ پر ستم نیا کیجے

شاہی آپ اور عشق سے توبہ
اجی حضرت خدا خدا کیجے

ہمت یہ کہ رہی ہے کہ دیدیجے جان بھی
شرطِ وفا نہیں ہے کہ دل جائے دم رہے

کیا جانے کسکا جلوہ نظر میں سما گیا
کعبہ کہ دیر دونوں سے بیزار ہم رہے

شاہی فلک کی چالوں سے کیا دیکھئے بنے
وہ سروری رہی نہ وہ جاہ حشم رہے

آتشِ حسن سے نہ جل جائے
غیر کو دور رکھئے محفل سے

سخت جانی غضب کیا تو نے
کیا ندامت ہوئی ہے قاتل سے

نہیں جایز بتِ کافر کے قدم پر سجدہ
ہم سمجھتے ہیں مگر وہ میاں کہاں رہتا ہے

شاہی میں کیونکہ مان لوں تم جا سکوگی واں
جس جا گذر نسیم و صبا نہو سکے

دل میں الفت غیر کی مٹھی میں میری جان ہے
اور کیا اسکے سوا ہے رازدانی آپکی

یہ تو ہم سمجھے ہوئے بیٹھے ہیں پہلے روز سے
نذر ہوگی ایک دن یہ زندگانی آپکی

حرفِ مطلب یاں ادا ہوا ابھی زباں پر تھا ابھی
ہنس کے فرمایا کہ سن لی سب کہانی آپکی

کوچۂ جاناں تو واعظ دیکھتے ہیں آنکھ سے
اور وصفِ خلد سنتے ہیں زبانی آپ کی

زخم اچھے ہو گئے لیکن نشاں کٹ کے رہے
شکر ہے تن پر رہی کچھ تو نشانی آپ کی

آپ ترکِ عشق کا غیروں کو دیں ناصح سبق
بوالہوس ہیں وہ کرینگے قدردانی آپ کی

بتوں کے حسن میں بھی ایک نور ہوتا ہے
خدا کی شان کا سب میں ظہور ہوتا ہے

یہ بے سبب نہیں آتی ہیں ہچکیاں پیہم
کہیں تو ذکر ہمارا ضرور ہوتا ہے

تمہاری اسمیں خطا کیا خدا کی قدرت ہے
حسیں جتنے ہیں سب میں غرور ہوتا ہے

سمجھ گئے تری باتوں سے تجکو ہم ناصح
پڑھا لکھا بھی مگر بے شعور ہوتا ہے

جفائیں سہنے کی عادت جو ہو گئی ہے ہمیں
تو بے ارادہ بھی ہم سے قصور ہوتا ہے

سُنے ہیں وعظ کی مجلس میں حسن کے اوصاف
تمہارا ذکر تو اب دُور دُور ہوتا ہے

ملکہ وکٹوریہ کے مرنیکا قطعۂ تاریخ رقت آمیز لکھا تھا مادۂ تاریخ نقل ہے

تحیر تھا شاہی کہ کیا بات ہے
یہ اتوا پ نے کیوں ہلادی زمیں

گیا کونسا شاہ دنیا سے آج
کہ جو ایک سو ایک توپیں چلیں

سلامی کی توپوں نے ملکر کہا
شہنشاہ وکٹوریہ اُٹھ گئیں

۱۰۱+۱۸۰۰=۱۹۰۱

شایق

شایق - پیر محمد قلندر بخش جرأت کے شاگردوں میں نہایت قابل مستعد اور خوشگو شاعر تھے۔ شروع میں چند غزلیں ہاشمی کو بھی دکھلائی تھیں۔ آخر اٹھارویں صدی میں شباب کا عالم تھا معاملہ خوب کہتے تھے اور زبان کیطرف بھی توجہ تھی۔ اس سے زیادہ حال معلوم نہو سکا۔

کہ شیخ و برہمن دیر اور کعبے کو کہتے ہیں
رہ دل سے ہیں غافل قوا سمجھیں و نورستی ہیں

تماشا دیکھ تو جراح کے مرہم لگانے کا
ہمارے زخم ٹانکے توڑ کر کھل کھل کے ہنستے ہیں

جو لیکر جان عاشق کی ملیں خوبانِ ہندستاں
سمجھنا مت گراں شایق انہیں تو بھی یہ سستے ہیں

ظلم کا شیوہ کچھ اس ظالم کو ایسا یاد ہے
ہر گھڑی ہر لحظہ اک تازہ ستم ایجاد ہے

نچلے ہو کر بیٹھتے اکدم نہیں یہ طفلِ اشک
چشمِ گریاں کی بھی کتنی ناخلف اولاد ہے

جائیے کعبے کو یا کیجئے صنم خانہ کا طوف	حضرت دل آپ کا اب کیا ہمیں ارشاد ہے

شایق

شایق۔ منشی نظر الدین ساکن بریلی۔ فراسو صاحب کے تذکرہ میں ایک اچھا شعر نظر سے گذرا درج کیا گیا۔ غدر سے ۳۰ برس پیشتر زندہ تھے ؎

گر اسی طرح سے ہمیشہ کو نیرے غم سے چشم تر رہی	تو مزارعوں کو یہ مژدہ دو کہ تمہاری کھیتی ہری رہی

شایق

شایق۔ عزیز الدین شایق خلف الصدق غلام محی الدین سرہندی۔ زیادہ حال معلوم نہوا کلام دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی پرانے زمانے کے شاعر ہیں کیونکہ متروکات انکے کلام میں بیشتر پائے جاتے ہیں ؎

گلشن میں اگر ناز سے ہو وے وہ خراماں	غنچہ بھی کریں اپنے گریباں کے ٹکڑے
نہوا اس حسن پر مغرور اے گل	یہ سن لے ہر کمالے را زوالے
کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو	کہاں تک دو گے جاناں ٹالے بالے
لگے ہے طرح دلپر داغ ہجراں	پڑے ہیں مجھکو اب جینے کے لالے
اگر شایق تو چاہے ہے لذت عشق	بتوں سے بھاگ اور راہ خدا لے

شایق

شایق۔ حافظ الٰہی بخش خلف شیخ محمد حاجی باشندہ کانپور۔ سید وارث علی سیفی کے تلامذہ میں گذرے ہیں۔ مشتاق اور پرگو تھے ۱۲۹۵ھ کا چھپا ہوا دیوان موسوم بہ گلزار منظوم مطبوعہ نظامی میرے کتب خانہ میں موجود ہے اسکا انتخاب درج ذیل ہے۔ فن تاریخ گوئی میں آئینۂ تاریخ انکی تصنیف ہے۔ انتخاب یہ ہے ؎

سب بارگاہ عشق میں یکساں ہیں دوستو	یہاں فرق کچھ نہیں ہے امیر و فقیر کا
سوا تیری محبت ماسوا کی دل سے اٹھ جائے	الٰہی درد دے دل میں تو ایسا اپنی الفت کا
جس کو سمجھے تھے باوفا یارو	کیا غضب ہے کہ بے وفا نکلا
کیا پرزے پرزے جو نامہ ہمارا	خطا انکی کیا ہے کہ لکھا ہمارا
ظلم ہی کیجئے کچھ تو کیجے خیر	لطف تم کو اگر نہیں آتا

معشوقوں سے یہ کہدو کہ نہ توڑیں دلِ عشاق
سب ملتے ہیں پر چاہنے والا نہیں ملتا

کیا کہوں الفت نے مجھے کیا کیا
دل کو شعلہ آنکھ کو دریا کیا

قتل کر کے قتل گہ میں تا بدیر
بسملوں کی سیر وہ دیکھا کیا

زلف کا اُسکی رہا سودا مجھے
سانپ سا سینہ پہ لہرایا کیا

ہزاروں شخص وہاں ہو گئے نیم جاں قاصد
یہی ہے کوچۂ جاناں کا بس نشاں قاصد

شہیدوں کا بہا ہی خون لیا کوئی جاناں ہیں
شفق ہی چرخ پر شرمندہ اور لالہ گلستاں میں

خانہ بدوش جو کہ ہیں انکا ہے یہ کلام
غربت میں وہ مزہ ہے کہ یادِ وطن نہیں

پان کی سُرخی گلے سے جب نظر آنے لگی
سب شراب سُرخ سمجھے شیشۂ بلور میں

خشم جاناں دفع ہو رونے سے میری کسطرح
شعلۂ رخسار کو پانی کا ڈر ہوتا نہیں

جو قسمت سے کبھی ہم کوچۂ دلدار میں آئے
نئے جلوے نظر ہمکو در و دیوار میں آئے

دشتِ وحشت نے کیا ہی چاک پیراہن میرا
پھاڑ ڈالوں دامنِ کوہ و بیاباں تو سہی

نہ ملنا تھا تجھے گر ہم سے اے بت
قسم کیوں کھائی تھی تو نے خدا کی

محبت میں ہماری تم تو پہلے
نہ سنتے تھے عزیز و اقربا کی

اب ایسے ہو گئے بے مہر صاحب
ذرا باتیں کرو یاد ابتدا کی

وہاں سرمہ کی آنکھوں میں تری تحریر پھرتی ہی
دلِ عشاق پر گویا یہاں شمشیر پھرتی ہے

تجکو ہم اپنا ادب ہے ترفن بنائینگے
سارے جہان کو جان کا دشمن بنائینگے

واعظا بہرِ خدا اگر کوئی ایسی تدبیر ہے تجکو فردوس ملے مجھکو ملے کوئے صنم + کچھ کسیکو نہ رہا دیر و حرم سے مطلب شیفتہ تجھپہ ہوئی کافر و دیندار تمام

شایق - ناظم بےمثال شاعر شیریں مقال جناب منشی سید حسن صاحب شایق رئیس قصبہ سندیلہ ضلع ہردوئی - شاگرد جناب فصاحت صاحب لکھنوی - آپ منشی سید فضل رسول خان بہادر واسطی تعلقہ دار سندیلہ کے خلف اصغر ہیں اور اپنے والد ماجد مغفور کے علاقہ سے معقول گذارا پاتے ہیں - اردو فارسی میں خاصی دستگاہ ہی - سترہ سال کی عمر تک اپنے خالو منشی عبد العلی صاحب کے پاس لکھنؤ میں تعلیم پاتے رہے اسی وجہ سے آپ کی زبان لکھنؤ کی زبان سے

اہل کمال اور فصحائے لکھنؤ کیساتھ نشست و برخاست رہتی تھی۔ اس پاکیزہ صحبت نے یہاں تک آپ پر اثر کیا کہ آپکی شاعری کا چرچا ہونے لگا۔ کلام کا رنگ نکھر رہا ہے کہ آپ اپنے اُستاد کیلئے باعث فخر ہیں۔ منشی سید التفات رسول خاں بہادر ہاشمی جو آپکے حقیقی برادر زادے تھے۔ ہر سال ایک عظیم الشان مشاعرہ سندیلہ میں کیا کرتے تھے جسمیں ہندوستان کے بڑے بڑے مشہور شعرا شرکت فرما کر سامعین کو محظوظ کرتے تھے۔ آپ اُن مشاعروں کے سکرٹری ہوتے تھے اور گلدستہ کی ترتیب اور انتخاب بھی آپ ہی کے ذمہ تھا۔ آٹھ دس سال تک یہ سلسلہ قایم رہا پھر ہاشمی صاحب مرحوم کا دماغ بگڑ جانے پر یہ سلسلہ درہم برہم ہو گیا۔ رعایت لفظی کی قید اور تشبیہ و استعارہ کی پابندی سے آپ کا طائر خیال آزاد ہے۔ ہر شعر میں ایک بات پیدا کرتے ہیں لطف زبان کیساتھ متانت اور سنجیدگی بھی بدرجۂ اتم موجود ہے۔ عمر تخمیناً ۵۔۴۰ سال کی ہوگی مگر طبیعت بہت شوخ اور چلبلی ہے۔ اُنکے دوست سید نذیر حسن صاحب فتنہ نے اُنکا کلام منگا کر دیا۔ شایق صاحب نہایت نیک طینت اور صاف باطن خلیق اور منکسر مزاج ہیں اپنی وضع کے پابند اور اپنے بزرگوں کی روش کے کاربند ہیں۔ اب آپکے کلام کا انتخاب نذر ناظرین والا تمکین کرتا ہوں ؎

اس ادا سے کھینچ لے اُس قاتل کا خنجر رہ گیا
خون مشتاقِ شہادت جوش کھا کر رہ گیا

کوند کر بجلی گری جب آشیانہ پر مرے
پتہ پتہ ہر شجر کا ہاتھ مل کر رہ گیا

ڈوب کر دریا میں دی مجھ وحشیِ عریاں نے جان
خوب پردہ میرا اے پانی کی چادر رہ گیا

عمر بھر کی شرح غم اور وہ بھی اتنی مختصر
ایک قطرہ خون کا ٹپکا کے خنجر رہ گیا

سُن چکے تم کہہ چکا میں ماجرائے سوز دل
دیکھلو اک آبلہ پڑ کر زباں پر رہ گیا

پھیر کر منہ دیکھ لے او جانیوالے ناز سے
راہ میں شایق کا دل پامال ہو کر رہ گیا

پردہ اٹھا چمک سی ہوئی غش ہوئے کلیم
ادنیٰ یہ اک کرشمہ برقِ جمال تھا

آخر کو آنسوؤں میں لہو ہو کے بہ گئیں
جن حسرتوں کا دل سے نکلنا محال تھا

قابو نہ رکھ سکے دلِ بے اختیار پر
مُنہ سے نکل گیا جو نہ کہنے کا حال تھا

مجھے غش میں وہ انکا گیسوئے مشکیں سنگھا دینا
وہ کچھ پڑھ پڑھ کے دم کرنا وہ قرآں کی ہوا دینا

ستمگر کیا ہی اک شان ہے اٹھلا کے چلنے کی
لحد جو سامنے آئے اسے ٹھوکر لگا دینا

دہانِ زخم شکوہ کچھ نہ کرنے پائیں قاتل کا
مناسب ہے تجھے اے بخیہ گر ٹانکے لگا دینا

یہ سُن رکھ اے صبا تجھکو جو وہ پردہ نشیں آئے
ترا احسان ہوگا شمع تربت کی بجھا دینا

یہ کہکر سونیوالے سو رہے ہیں مرقدیں جاکر
ذرا اے صورِ محشر وقت پر ہمکو جگا دینا

یہ شرمیلی ادا تیری عدوئے جان شایق ہے
ذرا پھر آنکھ نیچی کرکے ظالم مسکرا دینا

کسی کے جھوٹے وعدوں پر کبھی یوں سیر ہونا
سحر سے شام ہونا شام ہوکر پھر سحر ہونا

تڑپنا آہ کرنا ہجر کی شب نوحہ گر ہونا
نہ دل کا درد کم ہونا نہ آغازِ سحر ہونا

کئے دیتا ہے تازہ واقعاتِ طورِ موسیٰ کو
کسی کا بام پر وہ مسکراتے جلوہ گر ہونا

نہیں معلوم اس میں کونسی حسرت کہاں پہونچے
سمجھکر میرے دل کے پار اے تیر نظر ہونا

مریضِ ہجر کو آنا ادھر اک آخری ہچکی
ہوا سے جھلملاکر گل ادھر شمع سحر ہونا

نکل آیا کوئی پردے کے باہر بے حجابانہ
غضب تھا میرے مرنیکی خبر کا مشتہر ہونا

رہے جو دل میں مخفی راز کہتے ہیں اسے شایق
زباں تک بات آنا۔ اور عالم میں خبر ہونا

رات کو چھپ کے نکلنا وہ کسی کا گھر سے
اور وہ چاہنے والوں کو خبر ہو جانا

کماں سے سرگوشیاں کچھ کر رہی ہے تیر قاتل سے
جدا ہوا اے ہجوم ناامیدی دامن دل سے

مریضِ ہجر تنہائی میں کیا باتیں کرے دل سے
دہن کھلتا ہے دقت سے زباں ہلتی ہے مشکل سے

دلِ خوں گشتہ کا جب فکر آیا اہل منزل سے
اڑے کچھ سرخ ذرے سرزمینِ کوئے قاتل سے

ابھی تو دل بھی ہے اور دل میں ہیں ارمان بھی لاکھوں
جب اٹھنے لگے۔ تو دامن جھاڑ کر اٹھنے لگے محفل سے

چمک اٹھے غبارِ قیس کے ذرے بیابانیں
دھبیلی چاندنی ہر سو وہ نکلا چاند محمل سے

کہاں تک جذب ہوتا کوئی خونریزی کی حد بھی ہے
ابل آیا لہو آخر زمینِ کوئے قاتل سے

وصال میں بھی یہ دھڑکا رہا شب بھر
فلک نہ دیکھلے آپس میں گفتگو کرتے

جگا دیا یہ غضب کیا کیا دلِ بیتاب

زخم گہرا چارہ گر کشتہ دلِ بسمل کا ہے

کون آیا۔ کون بیٹھا۔ کون رو کر اُٹھ گیا

خونِ ناحق کی ملیگی داد شایق روزِ حشر

کہاں تک غم کرو گے مرنیوالے روز مرتے ہیں

بُرا میں ہوں بُرا دل ہے۔ بُرا سارا زمانہ ہے

یہی کہنا تو اُنکا چھیڑ پر کرتا ہے آمادہ

جگر کے زخم شاید رس رہے ہیں آج اے شایق

کھنچتے ہیں دل مرا وہ ساتھ اپنے تیر کے

پوچھتے ہو کیا ہوئے پیکاں ہمارے تیر کے

دل کو بھلا یا کیا زنداں میں بعض وحشی ترا

جو پسند آئے تمہاری تم اُٹھا لو شوق سے

آمد آمد موسمِ گل کی جو گلشن میں ہوئی

چمن کا شوق نہ حسرت ہے آشیانے کی

تیار ہے ہیں نفس کے یہ آخری جھٹکے

غضب تھا آنکھ پھرانا کسی ستمگر کا

کھلی ہوئیں ہیں دمِ نزع شوق میں آنکھیں

بڑھی ہے جوششِ سودا میں جتنی آزادی

چمن میں شاخ وہی باغباں نے کاٹی آج

ستم کرینگے جفا کرینگے۔ وفا نہ یہ بیوفا کرینگے

نہ بوئے گل ہے نہ سیرِ گلشن جفائے صیاد ہر گھڑی ہے

ہم اُنسے خواب میں کچھ اور گفتگو کرتے

اٹھو قاتل تو بھی زورِ بازوئے قاتل کا ہے

کچھ خبر بھی ہے تمہیں کچھ ہوش بھی محفل کا ہے

بسملوں کا بھی وہی ہے جو خدا قاتل کا ہے

کہیں ایسا نہو دُکھ جائیں نازک ہاتھ ماتم سے

تمہیں اچھے تمہیں اچھے تمہیں اچھے ہو عالم سے

بگڑ جائیں گے ہم دیکھو اگر بولا کوئی ہم سے

ٹپکتے ہیں گلابی اشک میری چشمِ پُرنم سے

کھینچ لیں اب کھینچنے والے مری تصویر کے

آؤ تم خود دیکھ لو میرا کلیجہ چیر کے

نقشے دیوارِ دل پہ کھینچے طوق کی زنجیر کے

اکطرف ہیں دل کے ٹکڑے اکطرف ہیں تیر کے

جُڑ گئے ٹوٹے ہوئے حلقے مری زنجیر کے

قفس سے دیکھ رہا ہوں روش زمانے کی

کہ ٹوٹنے کو ہے زنجیر قید خانے کی

نظر میں پھرنے لگیں گردشیں زمانے کی

ہے دل کو آس کسی بیوفا کے آنے کی

ہٹی ہیں اتنی ہی دیواریں قید خانے کی

کہ جس سے آڑ تھی بلبل کے آشیانے کی

جو دل لیا تھا تو کیا کیا تھا جو جان لینگے تو کیا کرینگے

ہے اس سے بہتر کہ جان دیدیں قفس میں کبتک ستم اُٹھا کرینگے

وہ انکا باتوں میں ٹال دینا وہ میرا گھبرا کے پھر یہ کہنا
کہ رات تھوڑی سی رہگئی ہے یہ عہد و پیماں ہوا کرینگے
خفیف ہونا پڑے نہ شایق وہ دو جو تحفہ ہوں نکے لایق
پڑے ہوں نا سو جھیں لاکھوں وہ ایسا دل لیکے کیا کرینگے

اشارے ہیں کسی تیر نظر کے
جگر پر بہ اینگے دل میں اُتر کے
یہ جوشِ گریۂ غم تھا شب ہجر
نکل آئے کئی ٹکڑے جگر کے
روانہ سینکڑوں نامے نہیں کئے شایق
زمانہ ہو گیا قاصد کو بھی گئے شایق
نہ پوچھو ہجر میں کس واسطے جیتے شایق
رُکے رہے ہیں ابھی تک اسی لئے شایق
لگا ہے آسرا خط کے جواب آنے کا

شایق ۔ مسٹر جان برنارڈ فانتوم عرف جانی صاحب انکا خاندان عرصہ سے دہلی میں سکونت پذیر تھا ۔ اور طرز معاشرت بالکل ہندوستانی اسلامی وضع کی کرلی تھی ۔ زبان بہت صاف ہے نازک خیالی بھی ظاہر ہوتی ہے ۔ زیادہ تشبیہات اور استعارات سے کام نہیں لیتے جس کے باعث ہر شعر میں آمد معلوم ہوتی ہے ۔ تلمذ کا حال معلوم نہ ہوا ۱۸۷۰ء کے زمانہ کا کلام درج ذیل ہے ۔

ہم نے دل سو جگہ لگا دیکھا
کوئی تجھسا نہ دلربا دیکھا
کان رکھکر سُنا نہ اُس گل نے
حال دل بارہا سُنا دیکھا
گر نہ پہنو گا تم عاشق میں پوشاک سیاہ
سر مگیں آنکھوں سے وہ آنسو بہانا چاہئے
شمع کی پروانگی پروانہ کو کب ہے ضرور
بن بلائے محفل جانا نہیں جانا چاہئے
اسقدر رنجش نہ تجکو مجھسے جانی چاہئے
ہر گھڑی ہر لحظہ مجھپر مہربانی چاہئے
کہنے سے اغیار کے گر تم ہوئے ہم پر خفا
سخت بیجا ہے نہ ایسی بدگمانی چاہئے

شایق ۔ منشی محمد بدر الاسلام صاحب شایق فرزند مولوی محمود الحق صاحب ۱۸۸۰ء میں تحصیل پٹی ضلع پرتاب گڈھ اودہ میں تحصیلدار تھے فن سخن میں اپنے چچا سیف الحق ادیب کے شاگرد تھے پر گو زیادہ معلوم ہوتے ہیں مگر کلام بے نمک ہے زیادہ تر فرسودہ مضامین نظر آتے ہیں ۔ انتخاب پیش ناظرین ہے ؎

واعظ نہ پند و وعظ کی تکلیف کیجیے
کیجیے نہ خوف کشتۂ یاس و فنا ہوں میں

ناحق قصور وار نہ ٹھہرائیے ہمیں
واں جو عدو سے مشغلۂ دور بُل ہوا

فلک ہے چرخ میں جوں کشتیٔ طوفاں زدہ یارو
ہے آج شام وعدہ نہ آئے تو دیکھنا

ادہر خنجر سے نادم ہوں ادہر اُسنے خجل باز
غذائے رنج و غم وہ سیر ہو کر میں نے کھائی ہیں

کون موقعہ حجاب ہے آج

عشقِ تاباں کو جی سے بھلایا نجائیگا
محشر میں حالِ زار دکھایا نجائیگا

پوچھیں گے گر سبب تو بتایا نجائیگا
یاں تاب ضبط صبر کا ہجراں میں قتل ہوا

مگر طوفاں بپا ہے آج اشکوں کی روانی کا
اپنا چراغ عمر کوئی دم میں گل ہوا

مجھے کس کس سے شرمانا پڑا ہو سخت جانی کا
نہ شرمندہ ہوں دانے کا نہ کچھ ممنون ہوں پانی کا

وصل میں منہ پہ کیوں نقاب ہے آج

فصل گل میں ہم ہیں اور ظالم قفس کی تیلیاں
جوڑتا صیاد ہے اگلے برس کی تیلیاں

بیطرح جی میں تقاضا ذوقِ نظارہ کا ہے
اسکے چلنوں میں لگیں تارِ نفس کی تیلیاں

نشانی جو مانگی تو منہ کر وہ بولے
یہی داغِ دل ہے نشانی ہماری

گر یہی طرزِ دلربائی ہے
تو اجل غیر کی بھی آئی ہے

آؤ منت بھی غیر کی کرلیں
یہ بھی اِک قسمت کی آزمائی ہے

تن ہے مسجد میں پر میں ہی رہا
نام کی شیخ پارسائی ہے

دل لیا اور خبر نہیں ہوتے
واہ کیا خوب دلربائی ہے

آج اُنکا وعدۂ دیدار ہے
صبح سے ہیں منتظر ہم شام کے

اس تغافل پر یہ دعوے وفا
کیا ستم ہوتا جو ہوتے کام کے

ہُوا جہاں سے معدوم قصۂ مجنوں
رہی تو الفتِ شایق کی گفتگو باقی

ہزار دل جان گنوائیں گے مثل پروانہ
رہیگا کون تیرے آگے شمع رو باقی

شایق - احمد حسن خاں المعروف بہ کالیخاں ولد نواب محمد حسن خاں - نواب احمد سعید خاں صاحب

شایق

بہادر طالب مرحوم کے پاس رہ کر بسر اوقات کرتے تھے اور انہیں کے تلامذہ سے تھے۔ عرصہ ہوا کہ انتقال ہو گیا۔ ذہین طبیعت دار مگر کم استعداد شخص تھے مشکل زمینوں میں کہنا کثرت مشق کا ثبوت ہے جس سے قدرت کلام کا اندازہ ہو سکتا ہے ؎

جو آیا اُسکو ہوئی ٹھکریاں سے جانکنی
یہ جلسے سیمتنوں کے یہ صحبت احباب
کہاں ہیں قیصر و فغفور انکو گڑھ ڈھونڈو
بتوں کے ظلم سے اک روز ہم بھی اے شایق
ہر روش پر گل بنائے ہیں جو تو نے باغباں
دیکھکر اغیار کھلتے ہیں شب مہتاب میں
موت تھی دامن کشاں اور زندگی تھی دست کش
راتدن بد مست رہتی ہیں شراب ناب سے

عجیب سیر ہے کچھ مہرباں زمیں کے تلے
دکھائی دینگے یہ ساماں کہاں زمیں کے تلے
ملے نہ نام کو نام و نشاں زمیں کے تلے
بسائینگے کوئی جا کر مکاں زمیں کے تلے
توڑ دینگے اپنے آنسو ایکدم میں پیس کے تل
سامنے بیٹھے اگر ہم اُس بہ کامل کے تل
ہاتھ میرے قتل پر جس دم گئے قاتل کے تل
ہر جگہ پر ہو رہے ہیں اُس مہ شاغل کے غل

شایق۔ مولوی سدید الدین عباسی بدایونی۔ نہایت ذہین طباع صاحب استعداد پہلے بداؤں کے قابل وکلا میں انکا شمار تھا۔ وکالت کی سند ضبط ہو جانیکے بعد مختلف قانونی کتابیں لکھتے رہے ۱۸۹۲ء میں اخبار انتخاب عالم نامی جاری کیا فن سخن میں حضرت افضل لکھنوی سے تلمذ تھا۔ ۶۴-۶۵ برس کی عمر میں انتقال کیا۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

سلام

ماتم شاہ شہیداں میں عزادار ہے آنکھ
بادۂ حُبِ علی کے ہیں عجب کیف و سرور
لختِ دل حضرت زہرا کا لہو میں جو ہو تر
اشک غم خونِ جگر یاد میں شہ کے ہی رواں
گوہر نظم پر کہتے ہیں سخنداں شایق
دستِ سفاک جو دم بھر ٹھیرے

تار اشکوں کا جو توڑے تو گنہگار ہے آنکھ
بیخود و مست ہے مدہوش ہی ہشیار ہے آنکھ
خون اشکوں میں نہ آئے تو خطاوار ہے آنکھ
گہر و لعل کا کھولے ہوئے بازار ہے آنکھ
اہل بینش کا یہ سودا ہے خریدار ہے آنکھ
دیدہ بازی نہ خنجر ٹھیرے

جب کبھی وادیِ وحشت میں گئے
دو قدم قیس سے بڑھکر ٹھیرے

بل بہت کرتی ہے وہ زلفِ رسا
دیکھئے دو شش پہ کیونکر ٹھیرے

رند مشرب ہوئے شایق مشہور
واہ کیا آپ کے جوہر ٹھیرے

شایق

شایق - مولوی سید اعظم علی تلمیذ ڈاکٹر احمد حسین خاں مائل حیدر آبادی۔ کلام سے خوش فکری کا اندازہ ہوتا ہے۔ زیادہ حال معلوم نہیں ؎

قتل گہ میں ہاتھ قاتل کا پڑا خنجر پہ کب
ایک گردش میں نگہ کی سب کا قصہ پاک تھا

لیکے دل واپس نہ آیا دیکھئے وہ کیا ہوا
تھا تو وہ کم سن مگر ہشیار تھا چالاک تھا

منہ سے انکے بات نکلی دل پہ کندہ ہو گئی
کیسا عمدہ تھا نگینہ واہ کیا حکاک تھا

نہ مانی تو نے کیوں میری نصیحت
ہوا آخر گرفتارِ بلا دل

شایق

شایق - مولوی شمس الدین سابق ایڈیٹر رفارمر لاہور طبیعت بہت دشوار پسند پائی ہے ایک ہی قافیہ میں زیادہ طبع آزمائی کیا کرتے ہیں۔ کلام میں لطف اور وجد موجود ہے۔ مضمون آفرینی کی شان انکے اشعار سے پیدا ہے۔ آپ ۱۸۹۵ء میں لاہور کے مشاعروں میں شریک رہتے تھے۔ انتخاب درج ذیل ہے ؎

جنوں سے ہو سکا ہم سر نہ حسن اس آفت جاں کا
بہت سا منہ چڑھایا تا نگ نے چاکِ گریباں کا

اکھڑتا ہی جو دم دستِ جنوں کے ایک جھٹکے میں
رگِ جاں سے ہی کیا رشتہ مرے چاکِ گریباں کا

الٰہی شکر اس نے سی دیا منہ اپنے ہاتھوں سے
مبارک آج ہنستا ہو گیا چاکِ گریباں کا

گلے ملکر وہ رخصت ہوں تو زلفوں سے لپٹ جائے
کبھی الجھاؤ کام آئے کسی تارِ گریباں کا

چڑھے ہیں ہاتھ اس حور شید رو کے میری گردن میں
ستارہ ان دنوں ہے اوج پر بخت گریباں کا

بہار آئی ہے اے ضعف اتنو ملنے کی اجازت دیدے
کہ ہے دستِ جنوں خواہاں ملاقات گریباں کا

کریں قطع تعلق اہل دنیا خوش لباسی سے
جو مقراضوں میں ہو نقشہ مری چاکِ گریباں کا

نہ رکھا ہاتھ دل پر یار نے لئے وائے ناکامی
مدام آغوش خالی ہی رہا چاکِ گریباں کا

شایق

شایق - نواب باقر علیخاں عرف ببن صاحب لکھنوی۔ آپ نواب اقتدار الدولہ بہادر کے پوتے ہیں مشتاق لکھنوی کے شاگرد ہیں۔ ابتدائے عمر سے شاعری کا شوق ہے اپنے مکان پر بھی مشاعرے کرتے رہتے ہیں۔ اپنی خداداد طبیعت سے ہر مشکل سے مشکل زمین پانی کر دیتے ہیں کلام میں گل و بلبل کے مضامین اعتدال کیساتھ برتتے ہیں۔ سیدھی سادی ترکیبیں سلیس شستہ خیالات قابل داد ہیں۔ دیوان مرتب ہو گیا ہے۔ اکثر کلام گلدستوں میں شایع ہوتا رہتا ہے۔ یہ کلام ہے۔

تنے ہیں دیکھ کے وہ سر اُٹھانا جوبن کا
ادا کو مژدہ کہ گذرا زمانہ بچپن کا

یہ کس نے خاک اُڑائی پسِ فنا آکر
غبار اُٹھ کے نہ بیٹھا جو میرے مدفن کا

چلا جاؤ چراغِ قبر انجمن سے اندھیرے میں
رخِ روشن کا صدقہ واسطہ زلفِ پریشاں کا

لیجائینگے دل پہلوئے عشاق سے کیونکر
جادو تری آنکھوں کو اگر یاد نہ ہوگا

کھلے گا کبھی تو دلِ سخت اوبت کافر
کب تک اثر گرمیٔ فریاد نہ ہوگا

ایک جب ہو گئے ہم تم نہ رہا شوقِ وصال
حد سے گذری جو محبت کوئی ارماں نہ رہا

صیاد کے گھر میں اسے اک عمر ہوئی ہے
اب بلبلِ نالاں کو چمن یاد نہ ہوگا

ابھی آلے ہیں زخمِ قلبِ عاشق
ذرا لیں آپ انگڑائی سمجھ کر

وفا میں اپنی رسوائی سمجھ کر
جفا کرتے ہو شیدائی سمجھ کر

کیا کھلے حال غریقِ یمِ الفت انپر
ہر زبانِ موج کی ساکت لبِ ساحل خاموش

چاکِ دامن کا لگا دیگی زلیخا دھبا
پارسائی تری اے یوسفِ کنعاں کبتک

توڑ ڈالے نہ کہیں چھیڑ کے مضرابِ فنا
نغمہ ہائے طرب اے تارِ رگِ جاں کبتک

چھوڑ دو زلفوں کو ایجاں ہی اگر برہم مزاج
گر اُلجھتی ہے طبیعت بال سلجھاتے ہو کیوں

کسی پہلو نہیں آرام لینے دیتی یاد اُن کی
مسیحا ہیں مگر وہ درد بنکر دل میں رہتے ہیں

ادھر ابرو ہلا تیرا اُدھر مطلب کو ہم سمجھے
اشارے تیری چتون کے ہمارے دل میں رہتے ہیں

اک مقدر انکا جو ہوں باریابِ بزمِ یار
اپنی اک قسمت کہ برسوں خدمتِ درباں کریں

زیر زمیں بھی دل جو بہل جائے کیا عجب
باشندے سب وہاں بھی ہمارے وطن کے ہیں

گستاخیاں یہ سینہ پہ جوشِ جنوں کی ہیں
ٹوٹے ہوئے جو بند ترے پیرہن کے ہیں

گلے سے کیوں جدا ہوتا ہی وقتِ ذبح بِل ملکر
مروت بھی ذرا او خنجرِ جلاد کرتے ہیں

وہ جاہتے ہیں مجھسے نہ شکوا کرے کوئی
مُنہ سے نکل ہی جائے تو پھر کیا کرے کوئی

الٹ کر نقاب آکے میت پر بولے
سحر ہوگئی جونک اوسونے والے

بنجائے گا وہ طائرِ جاں کو پرِ پرواز
عاشق کے جگر میں جو ترے تیر کا پر ہے

انگڑائی جو لی ناز سے اٹھلا کے کسی نے
دل تھام لیا ہاتھوں سے ٹھہرا کے کسی نے

چھپائیگا کہاں تک دہو کے خوں دامن سے اے قاتل
زبانِ تیغ پر بسمل کے مرنیکی خبر ہوگی

فقط دو داغ ہیں اب پہلوؤں میں
نشانی ایک دل کی اک جگر کی

جگر تیھر کا دل آہن کا فصلِ گل میں رکھتے ہیں
اسیرانِ قفس کی بیقراری دیکھنے والے

سرِ رزم آج جنبش دے رہے ہیں تیغ ابرو کو
اشارہ پر ہماری جاں نثاری دیکھنے والے

شایق ۔ صاحبزادہ یوسف علیخاں شایق شاگرد صاحبزادہ احمد سعید خاں ساکن ٹونک ۔ شاعر خوش بیان ہیں قریب پچاس سال کے عمر ہے ۔ کچھ دنوں حضرت داغ سے بھی اصلاح لی ہے نہایت خلیق و منکسر مزاج آدمی ہیں ۔ طبیعت میں شوخی کیساتھ متانت بھی ہے ۔ حضرت ظہیر نے ایک غزل بھیجی تھی اُسکا انتخاب درج تذکرہ ہوا ۔

لذت درد سے ہنس ہنس کے لبِ زخم لئیے
حوصلہ اور بھی قاتل کا بڑھا دیتے ہیں

ہائے مجبوریٔ الفت کہ ہم اپنے آگئے
بات بگڑی ہوئی غیروں کی بنا دیتے ہیں

کیوں کوئی جان دے اپنی کوئی مجبور ہو کیوں
ڈھال کر غیر یہ وہ مجکو سُنا دیتے ہیں

شایق ۔ خواجہ منیر الدین صاحب ملکہ پوری ۔ بیان میں شوخی ۔ زبان میں سادگی ہے طبیعت مضمون کیطرف دوڑتی ہے ۔ نمونہ کلام یہ ہے ۔

مریضِ عشق کے صحت کی پھر امید ہی کیا ہے
کسیدن یہ نہ پوچھا تو نے اُسکا حال کیسا ہے

ہمارا نقدِ دل لیکر دئے غم سینکڑوں تو نے	ذرا انصاف کر ظالم لیا کیا ہے دیا کیا ہے
گھر رہے ہیں صاف یہ بند قبا ٹوٹے ہوئے	غیر کی محفل سے آتے ہو مزے لوٹے ہوئے
شکوہ بے اعتنائی تھا تقاضہ شوق کا	کس لئے ہوتے ہو برہم خیر ہم جھوٹے ہوئے
کیا کسی بدمست و ساقی میں ہوئی ہی کشمکش	کیوں پڑے ہیں منہ کے خم کے خم ٹوٹے ہوئے پھوٹے ہوئے

شایاں

شایاں۔ منشی طوطا رام شایاں خلف منشی آتما رام لکھنوی۔ آپنے امیر حمزہ کی داستان و الف لیلیٰ منظوم کی تھی اور مہابھارت کا بھی منظوم ترجمہ منشی نول کشور کی فرمائش سے کیا تھا پر گو اور مشاق کہنے والے تھے مگر زبان میں سلاست اور طرز بیان میں روانی اور دلکشی نہ تھی۔ تذکرہ گلزار سخن مصنف ڈپٹی جگن ناتھ پرشاد میں دس بارہ غزلیں بھی نظر سے گذریں بہ مشکل یہ چند شعر انتخاب ہوئے سُنا ہے کہ قصہ خوانی میں مشہور تھے۔ عرصہ دراز تک منشی نولکشور کے مطبع میں ملازم رہے۔ پندرہ برس سے کچھ حال معلوم نہیں ہے

فی الحقیقت درد میں ہمدرد آجاتا ہے یاد	کوہ فرقت جب اٹھایا کوہکن یاد آگیا
آئی نہ نظر خواب میں بھی یار کی صورت	دیکھی نہ کبھی طالع بیدار کی صورت
دھوم ہے جب سے تمہارے حسن کی	مصر میں یوسف کا ہے بازار بند
بام پر بیٹھو نہ کھڑکی کھول کر	راستہ ہو جائیگا اے یار بند
چلو میں مے ناب پلا دے مجھے ساقی	رکھتا نہیں میں ساغر بلور کی خواہش
کیا عجب اے باغباں بلبل جو بھنکر کباب	آتش گل تیز ہے اور آشیاں نزدیک ہے
بزم ساقی میں ہمیشہ دورِ ساغر چاہیے	کوئے قاتل میں سبیل آب خنجر چاہیے
دلسوزی پروانہ جلاتی ہے مراجی	جل جاؤں سر بزم یہ لو دل سی لگی ہے

شایاں

شایاں۔ سید نور الحسن شاہ صاحب بیلوی برادر زادہ جناب فرمان۔ صاف اور سادہ شعر کہتے ہیں۔ چند شعر درج کئے جاتے ہیں۔

نہ سنبھالے سے کسی کے بھی یہ سنبھلا ہرگز	جب مچلنے پہ ہمارا دلِ مضطر آیا

دیکھلے تیری اگر شب رنگ کاکل آفتاب
روز کھائے پیچ و خم مانند سنبل آفتاب

شام کو تھا وصل کا وعدہ وفا فرمائیے
ہوگیا اب تو غروب اے ماہ وش کل آفتاب

زلف و رُخ دیکھ کے اوسان رہیں تو جانیں
شیخ کو شام وظیفہ میں سحر کرتے ہیں

جو وہ چودھویں شب چڑھی بام پر
خجل روشنی قمر ہو گئی

شباب

شباب - نواب احمد حسن خانصاحب شباب بریلوی. شاگرد جناب عزیز معمولی فکر کے شاعر ہیں تین شعر منتخب ہوئے۔ زیادہ حال معلوم نہیں ہے

گلۂ جور و جفا میرے نہ لب پر آیا
پھر بھی تجھ کو نہ کبھی رحم ستمگر آیا

دیکھ لیں قاتل تجھے اور ایک نگاہ یاس سے
ذبح کرنے میں اگر دو چار دم تاخیر ہے

وفائے عہد ہو یا تن سے سر جدا ہو جائے
ہمارا آپ کا بس آج فیصلہ ہو جائے

شباب

شباب - سید ولدار حیدر. شاگرد صفدر. باشندۂ قدیم قصبہ سانڈی ضلع ہردوئی۔ حال فرخ آباد ۱۲۶۳ھ میں پیدا ہوئے. کلام درد خیز ہے۔ انتخاب یہ ہے

ہیں بس میں ہم دل کے دلِ ناداں کسی کے بس میں
اس پر یہ قیامت ہے نہیں تو مرے بس کا

صیاد خدا کے لئے دے حکمِ رہائی
ہے اب تو بُرا حال اسیرانِ قفس کا

چاہت وہ روگ ہے جو کسی بُت پر آئے دل
تم بھی کبھو پکڑ کے کلیجہ کہ ہائے دل

پستے ہیں ہم بھی غیر بھی وقتِ خرام ناز
پامال کر رہے ہیں وہ اپنے پرائے دل

بزم و چمن میں بلبل و پروانہ ہیں گواہ
اے شمع رو نہ جھوٹ سمجھ ماجرائے دل

شباب

شباب - جناب سیف الدین پنجابی شاعر ہیں۔ غزل گوئی کا شوق نہیں نیچرل نظمیں لکھتے ہیں۔ الفاظ میں قدرت کے عجائبات کی تصویر دکھاتے ہیں۔ اکثر رسائل و اخبارات میں کلام شایع ہوتا رہتا ہے۔ رسالہ مخزن سنہ سے ذیل کی نظم نقل کیجاتی ہے

ستی

اے شمع زندگانی آخر لبِ اجل نے
اِک بار جل بجھی تو اس طرح تجھکو پھونکا

ممکن نہیں کہ روشن پھر ہو شرارہ تیرا
اِس تیرہ خاکداں میں کیونکر گذر ہو میرا

اے نخلِ زندگانی پائے قضا نے تجکو
ممکن نہیں کہ پھر تو سرسبز بارور ہو
اے وجہ زندگانی تلخیٔ مرگ نے یوں
فی الاصل ایک تھے ہم جب ہوچکی جدائی

افسوس بیخ و بن سے پامال کرکے چھوڑا
جو نخل سوکھ جائے دشوار ہے کہ تر ہو
ہم کو کیا دوپارہ جوں لفظ ہوں شکستہ
بے جان ہوکے قالب باقی نہیں رہیگا

شباب

شباب - منشی کشن دیال کلرک ڈرائینگ کلب تلمیذ حضرت رسا شاعر دربار رامپور اوسط درجہ کے شاعر ہیں زبان صاف ہے - یہ انکا کلام ہے ؎

مسجد کو گئے بھول تو ساقی کے گھر آئے
آئے نہ شباب آپ کے گھر وہ کبھی تنہا
یہ تو مجھے خوشی ہے کہ دیں تم نے گالیاں
ہے لاکھ لاکھ شکر نہ گھبراوٗ اے شباب

یہ حضرت واعظ بھی کدھر سے کدھر آئے
یوں غیر کے ہمراہ تو شام و سحر آئے
غم یہ ہے دشمنوں کو خوشی انتہا کی ہے
کچھ ان مصیبتوں میں بھی رحمت خدا کی ہے

شباب

شباب - جناب صاحبزادہ میرزا محمد اختر یار خان صاحب خلف صاحبزادہ مرزا برکت علیخان صاحب حسن گلشن آبادی برادر خالہ زاد نواب غوث محمد خاں والئی جاورہ جناب میاں شاہ نظام الدین صاحب خلف جناب میاں نصیر الدین صاحب عرف میاں کالے صاحب کے ہاں انکی ننہیال تھی - مرزا عبد القادر بیگ دہلوی داروغہ تسبیح خانہ و جواہر خانہ اکبر ثانی و بہادر شاہ آپکے حقیقی نانا تھے - شجرہ نسب سلسلہ حسب مظہر ہے کہ آپ شریف خاندان ہیں اور آپکے بزرگوں نے کارہائے نمایاں کئے ہیں - آپکے دادا مرزا غلام حسینی خاں صوبہ دار چھاؤنی مہدپور شاہ نظام الدین کے خلیفہ تھے صاحبزادہ صاحب موصوف جاورہ کی پیدائش ہیں - پیدائشی نام نیکو اختر سے ۱۲۸۵ھ اور یہی سال ولادت ہے آپنے مولانا عبد الرحمن صاحب دہلوی سے فارسی کی تعلیم پائی اور خوشنویسی کی مشق فرمائی ابھی علوم رسمیہ کی تکمیل کا وقت بھی نہ آیا تھا کہ انکو نوعمری میں شعر و سخن کا شوق پیدا ہوا - لڑکپن سے آپ ذہین اور طبیعت دار تھے اور آخر ۱۲۹۵ھ میں اختر تخلص کیا - اور صاحبزادہ مرزا محمد شرف یار خان صاحب شرف جو انکے پھوپھی زاد بھائی بھی تھے انکے تلامذہ میں داخل ہوگئے - کچھ دنوں بعد شوق نے پھر

دل میں گدگدی پیدا کی اور اختر کے بجائے شباب تخلص اختیار کیا اور شاہدان سخن کی اداؤں پر نثار ہونے
لگے سنہ ۱۸۹۰ء میں جناب داغ مرحوم کے سرچشمہ تلمذ سے فیض یاب ہوئے ہنستے کھیلتے شعر کہتے شگفتہ
زمینوں میں زور طبع دکھایا۔ قصائد میں ہمیشہ شاہزادہ مرزا عبدالغنی ارشد سے اصلاح لیتے رہے آپکا
ایک قصیدہ جو تحفہ احباب مدح نواب سر امیر الدین خاں کے نام سے طبع ہو چکا ہے اسپر حضرت
جلال لکھنوی مرحوم نے نہایت عمدہ ریمارک کیا ہے۔ آپ غزل گوئی کے سوا قصائد اور نیچرل نظمیں
بھی لکھتے ہیں۔ ریاست مالیر کوٹلہ و جاورہ کے جلسوں میں آپ سخنوران باکمال سے داد پا چکے ہیں اور
سب نے آپکی تیغ زبان کے جوہر کو مانا ہے۔ صاحبزادہ صاحب موصوف ریاست جاورہ میں عرصہ تک
مختلف شعبوں میں ملازم رہے ہیں ہز ہائنس نواب محمد اسمٰعیل خاں مرحوم سابق والی جاورہ آپکو نہایت
عزیز رکھتے تھے اور آپکی خدمات کی قدر کرتے تھے۔ آپ مشہور مقامات ہند کی سیر و سیاحت کر چکے ہیں
مہاراوت اودے سنگھ کی ہمراہی میں ٹیہری ریاست گڑھوال میں بھی رہ چکے ہیں علم موسیقی سے دلی ذوق۔
مرثیہ خوانی کا بہت شوق ہے۔ آپنے ایک تمثیل ڈراما بھی تصنیف کیا ہے جسمیں نظم و نثر کے دلکش نمونوں
کو پیش کرنے میں سحر بیانی کے کرشمے دکھائے ہیں ٹھمری اور فارسی غزل بھی کہہ لیتے ہیں چند قصائد
تحفہ احباب۔ نور سحر۔ ثواب صبح کے نام سے شایع ہو چکے ہیں طبیعت کا بانکپن اور شوخی اکثر اشعار میں
اپنی جھلک دکھاتا ہے سنہ ۱۳۰۶ھ میں بعمر ۱۹ سال انکی شادی نواب قاسم جان کے خاندان میں
نواب محمد حسین خاں کی دوسری بیٹی سے دہلی میں ہوئی اسکے بعد بارہا نواب نصیر الدین احمد خاں برادر نواب
صاحب لوہارو جو انکے ہمزلف بھی ہیں انکے پاس امرتسر۔ لاہور بھوانی رہے۔ لوہارو اور کوٹلہ میں
سنہ ۱۸۹۶ء میں نواب سر امیر الدین احمد کے مصاحب رہے اور کئی ریاستوں میں بطور معتمد بھیجے گئے
اور نواب صاحب انکی خدمات سے راضی و خوش رہے سنہ ۱۹۰۰ء میں آپکے والد کا انتقال ہو گیا اور اعزا
کے اصرار سے جاورہ میں مستقل قیام ہو گیا۔ انکے متعلق ایک عجیب اور قابل ذکر بات یہ ہے
کہ آپنے بلا کسی قسم کی سابق شناسائی کے اپنا پورا قلمی دیوان جسمیں دو ہزار سے زاید شعر ہیں راقم تذکرہ
کو بھیج دیا۔ اور پھر جب کبھی کسی غزل یا قصیدہ کی ضرورت ہوتی تو اسمیں سے نقل منگا لیتے کبھی

سال خط و کتابت ہی پھر سلسلہ مسدود ہو گیا۔ سالہا سال بعد نواب سر امیر الدین احمد خانصاحب والی لوہارو سے انکے ذکر پر معلوم ہوا کہ جوان انتقال کر گئے۔ افسوس۔ کلام فصاحت التیام ملاحظہ ہو۔

گرویدہ ہو کسطرح نہ عالم ترے دم کا
بیتی ہوئی کہتا ہوں اثر اس کا پڑے گا

کس صفائی سے لے گئی دل کو
گر مفت کی ملے تو ہے قاضی کو بھی حلال

کیوں ہے آج پاؤں میں زنجیر غم پڑی
شمع جمال حسن رخ یار سر ہو

ہاں لے فشار ضعف فرا دیکھ بھال کر
جو سجدہ ہائے کوچۂ جاناں میں لطف ہائے

میری شب فراق سلامت رہے شباب
آپ ہیں ایسے پریشاں کیوں شباب

کیا پوچھنا اسکی انتہا کا
ارمان بھری نگہ نے تیری

نہ گذری پھر رات بھی ہمنشیں
درازی شب ہجر کی دیکھ کر

یہی کہدو تو صبر آ جائے
کوئے جاناں میں ملے شباب اپنا

جب مرے نام سے نفرت ہے تو انہیں
محفل غیر میں کن انکھیوں سے

ہاں دیکھنا شباب کی حالت بگڑ گئی

ہے ڈھنگ ہی کچھ اور ترے طرز کرم کا
دل تھام کے بیٹھو یہ ہے قصہ شب غم کا

تیری ترچھی ادا نے کام کیا
اے شیخ خوب مسئلہ چھانٹا جواز کا

آیا جو ہاتھ سلسلہ زلف دراز کا
عالم جو دیکھے مرے سوز و گداز کا

دل ہے پلا ہوا کسی آغوش ناز کا
کعبہ میں بھی مزہ نہ آیا نماز کا

قصہ ہزار طول ہو زلف دراز کا
کیا ہوا کہیے تو کیا جاتا رہا

بگڑا ہوا ہو جو ابتدا کا
دل کو مری جان خوب تاکا

ابھی سے وہ بیٹھے بتانے لگا
کلیجہ مرا منہ کو آنے لگا

حشر کے روز فیصلہ ہو گا
کوئی تو صورت آشنا ہو گا

کیوں پڑھا کرتے ہیں دیوان میرا
اسنے گردن جھکا کے دیکھ لیا

لینا خبر کہ پیار ہنسنے والا بتا گیا

تبر

بحرِ الفت میں سہارا ہے تمہارا درکار
کوئی ڈوبا ہوا مدت کا ابھر جائیگا

سینہ خراشیاں ہیں کبھی سینہ کوبیاں
بیٹھے بٹھائے کیسی مصیبت میں پڑ گیا

لو مبارک ہو تمہیں بھی ناصح
وقت آیا مری رسوائی کا

جیتے ہیں اسی امید پر ہم
یہ چرخ کبھی تو یار ہوگا

جب تک نکروگے قتل مجھکو
کس طرح تمہیں قرار ہوگا

ہم دیکھ رہے ہیں راہ انکی
واں غیر کا انتظار ہوگا

آئینہ دیکھتے ہی تھام لیا دل اپنا
شکر ہے دیکھ لیا مدِ مقابل اپنا

جو صحبت میں پیرِ مغاں کی رہا
وہ زاہد بڑا مردِ کامل ہوا

تبسم کیا میرے زخموں نے جب
وہ غنچہ دہن پھول سا کھل گیا

چلا آتا ہے جھگڑا ان سے دل کا
بُرا اب ہے یہ قصہ آج کا کیا

شباب اک ماہ وش سے ہم بغل ہیں
ہمارے حال کا اب پوچھنا کیا

شرم سے نیچی نگاہو نہیں وہ کہتے ہیں شباب
لو چلے آؤ دکھا دیں تمہیں جوبن اپنا

اٹھاتے ہیں ہم روز کی بد مزاجی
یہ دل ہے ہمارا کلیجا ہمارا

بزم میں دیکھوگے تم ہنسکر جو غیروں کی طرف
ٹکڑے ٹکڑے رشک سے میرا جگر ہو جائیگا

واعظو تقریر ہی کرنی ہے گر مدِ نظر
پہلے رکھدو سامنے خم بادۂ انگور کا

ہے مثل مشہور صورت سے فقیروں کی سوال
پوچھتے کیا حال ہو مجھ خستہ دل رنجور کا

کچھ اپنے جبر نہیں صبر کر دلِ ناداں
ہے اختیار انہیں آنے کا نہ آنے کا

کیا جو انسے سرِ بزم شکوۂ بیداد
بجھا کے شمع کہا اب نہیں جلانے کا"

ہزاروں آبلے ڈالے ہیں آتشِ غم نے
یہ دل نہیں ہے خدا کی قسم دکھانے کا

وہ دن گئے وہ زمانہ گیا وہ دل نہ رہا
رہے نہ دوست نہ پیر جا وہ دل لگانے کا

خدا سے انہیں پڑی ہے عجیب ضد آکر
اُسے بنانے کا شوق اور انہیں مٹانے کا

سکھا دو اپنے منانے کے کچھ ہمیں بھی گُر
تمہیں تو یاد ہے ڈھب غیر کے منانے کا

نشیلی آنکھوں نے انکی بنا دیا مدہوش
دکھایا آنکھوں میں نقشہ شراب خانے کا

تمہارے ذکر پہ وہ اے شباب کہتے ہیں
خدا بچائے وہ اک رند ہے زمانے کا

کہنا کسی کا ہائے وہ ہنسکر دم وصال
ارماں نکل چکا دلِ امیدوار کا

آ گئی پھر مرے دل کی شامت
پھر ترا طرزِ ستم یاد آیا

دل کو کس طرح سے دیدوں تمکو
اور اگر مجھکو کبھی یاد آیا

افسوس کہیں ہم کو وہ تنہا نہیں ملتا
دو باتیں کریں وقت بھی اتنا نہیں ملتا

سُنکے میرا حال دل کہنے لگے
ذکر چھوڑو اُس خدائی خوار کا

کُشتہ ہے شباب اک بتِ غارتگرِ دیں کا
افسوس کہ اُسنے اسے رکھا نہ کہیں کا

قفس بلبلو آشیاں ہو گیا
کہ صیاد خود باغباں ہو گیا

سنبھالے سے بھی اب سنبھلتا نہیں
تجھے کیا دلِ ناتواں ہو گیا

نہ جانے دیا غیر کے بھیس میں
مرا رشک خود پاسباں ہو گیا

مزا برسات میں ہے مے کشی کا
نکالو حوصلہ تم بھی کسی کا

جو یاد آتا ہے اُنکا مسکرانا
تو میں منہ چوم لیتا ہوں کلی کا

شبِ وعدہ کہاں تم نے گذاری
نہیں ہے رنگ ہونٹوں پر مسی کا

پلا دے ساقیا ہم کو ذرا سی
مزا ہے آج منہ کا پھیکا پھیکا

جوبن یہ کھِل رہا ہے کسی گلعذار کا
اب آ گیا قریب زمانہ بہار کا

دستِ جنوں اگر ہے گریباں کی تاک میں
دامن پہ میرے دانت ہے ہر نوک خار کا

پوچھتے کیا ہو کہ کیا جاتا رہا
اعتبار اک شخص کا جاتا رہا

تھا دعویٰ ضبط کس بلا کا
دل ہو گیا ایک ہی ادا کا

خو گر نہ بنا مجھے جفا کا
آنے نہ لگے مزہ خطا کا

اُنکے آنے کی خبر سُنلی ہے
پرانے ہوگئے انداز ظلم کرنے کے
ہے مقابل آج اُنکے آئینہ فولاد کا
رنج اور رنج بھی جدائی کا
حسرت دید کو دل بھر کے نکلنے نہ دیا
بنا ہے زلف کی تصویر سہرا

آکے دیکھے کوئی ساماں میرا
نیا نکال کوئی ڈھنگ اب ستانے کا
ہو رہا ہے سامنا جلاد سے جلاد کا
اب تو ہنسنا ہے بے حیائی کا
جلوۂ طور نے موسیٰ کو سنبھلنے نہ دیا
کسے پہنائے گا زنجیر سہرا

تھی بھری ہوئی طبیعت یہ بہانہ مل گیا بس
کیا عجب گر تم کو دے ڈالے مجھے روز جزا
جس کا جی چاہے پئے ہم کیوں پلائیں آپ سے
کہا میں نے دکھا کر آئینہ میں اس پہ مرتا ہوں
اک اُمید پر یہ صورت کوئی وعدہ گر وہ کرتا
ایسی باتوں کے نتیجے بھی کہیں نکلے ہیں
گو اُنکی تو عادت ہے دل لیکے دغا کرنا
ہاتھ اپنے کلیجہ پر دیکھو تو ذرا رکھکر
دل تیری جدائی سے رہتا ہے تپاں ہر دم
دم مارنا مشکل ہے اے راہروئے اُلفت
چاہا تمہیں گر دل نے کیا اسمیں قصور اُسکا
کچھ اپنے پرائے کی تمیز نہ ہو جس کو
بیداد کے ہوتے ہو تم داد طلب مجھسے
جبتک کہ رہے آپے میں ہم تب رہے کھوئے اپنے کو
لن ترانی کی کھلی تم پہ حقیقت موسیٰ سے

نہ وہ اس قدر ہنساتے نہ میں اشکبار ہوتا
یہ پوچھ لو احوال موسیٰ سے خدائی داد کا
اُسنے میرے سامنے یہ کہہ کے ساغر رکھدیا
تو کہہ اُٹھے کہ دعوے تھا اسی منہ سے محبت کا
تری حسرتوں کا اے دل نہ کوئی شمار ہوتا
دیکھو اچھی نہیں یہ روز کی "کل کل" کرنا
ہم اپنی طبیعت سے مجبور ہیں کیا کرنا
آسان نہیں پہلو سے کچھ دل کا جدا کرنا
یہ گوش گذار اُسکے اے بادِ صبا کرنا
یہ عشق کا کوچہ ہے اُف تک نہ ذرا کرنا
"منہ دیکھی" نہ تم کہنا انصاف ذرا کرنا
بے سود ہے پھر اُس سے اظہار وفا کرنا
اس ظلم کی کچھ حد ہے انصاف ذرا کرنا
جب آپے کو بھول گئے اپنی تب آپکو آپ ہی میں پایا
جلوۂ حسنِ رخ یار کو دیکھا نہ گیا

نوکِ مژہ کا درد رگِ جاں میں رہ گیا
یا دل اُلجھ کے تیر کے پیکاں میں رہ گیا

لطف پینے کا ہے جب ہو دلِ بیتاب شراب
حرزہ کے سینہ پہ پلاوے کوئی نایاب شراب

دیکھکر چشمِ فسوں ساز کی گردشِ ساقی
ہو گئی دیکھتے ہی سینہ میں بیتاب شراب

زہر کے گھونٹ ہوا کرتے ہیں ہمراہ عدو
کیوں پلاتے ہیں مجھے وہ شبِ مہتاب شراب

دیر میں آتے ہیں کعبہ کو مسلماں چھوڑ کر
سب ہوئے جاتے ہیں کافر دین و ایماں چھوڑ کر

ہائے چھپتا ہوں بعدِ مرگ کیونکر جی اٹھوں
یوں نکل جائے کوئی گورِ غریباں چھوڑ کر

دردِ دل میرا کہ اُن کی زلف ہو
ہے گھٹا اک چاند سے رخسار پر

اللہ رے خوشی تیری کبوترِ نہ خنجر
غنچے کی طرح کھل گیا ہر زخمِ خنجر

آئینہ رخسار میں ابرو کا پڑا عکس
آیا نظر اک اور بھی خنجر تہ خنجر

مری تصویر بنوائی ہے اُسنے سنگِ مرمر پر
میں ہوں تصویر پتھر کی کہ ہے تصویر پتھر پر

رہا نہ آپے میں اپنے کوئی عیاں ہوا جب کہ آفتابِ عارض
بنا دیا اُسنے محو سب کو اٹھا دیا جب حجابِ عارض

پڑی نگہ جس کی پھر نہ اُٹھی رہی ہے منکر نقابِ عارض
ہمارے ہی واسطے ہماری بنی ہیں نظریں حجابِ عارض

گلی میں اُسکی ہزاروں عاشق اسی غرض سے پڑے ہوئے ہیں
کہ اک جھلک دیکھ پائیں اسکی کھلے جو بند نقابِ عارض

جہاں میں اک حشر ہو گا برپا کھلے جو بند نقابِ عارض
یہ شور ہو گا قیامت آئی عیاں ہوا آفتابِ عارض

نہ دیکھتا دل کے آئینہ میں کبھی اٹھا کر نقابِ عارض
گر گئی بجلی کی طرح دل پر تجلی آفتابِ عارض

کہاں وہ جاتے ہیں سمجھ کر نہ اتنا اے دل ہو تو مکدر
اٹھیگا اک دن حیا کا پردہ کھلینگے بند نقابِ عارض

کیا مستِ چشمِ ناز ہوں اللہ ری بیخودی
ساغر کو دیکھتا ہوں میں مدت سے خواب میں

کیا کیا مزے اٹھاتے ہیں ہم انکو چھیڑ کر
کھل جاتے ہیں خدا کی قسم وہ عتاب میں

حیران ہوں لکھ دیا انہیں کیا اضطراب میں
پرزے اڑا کے بھیجے ہیں خط کے جواب میں

کرتا ہوں اُنکا جب میں تصور شبِ فراق
وہ چونک چونک اُٹھتے ہیں راتوں کو خواب میں

ہر اک یہ سمجھتا ہے ادھر دیکھ رہے ہیں
اے بندہ نواز آپ کدھر دیکھ رہے ہیں

رہ گئے سارے ترے تیر کے پیکاں دل میں
ڈر ہے یہ بھی کہیں بن جائیں نہ ارمان دل میں

ولولے اٹھتے ہیں کیا کیا شبِ ہجراں دل میں
بگڑے بیٹھے ہیں ترے وصل کے ارمان دل میں

ہوں شکلِ درد سر سے قدم تک بنا ہوا
کیا پوچھتے ہو درد کہاں ہے کہاں نہیں

تمہاری بات کا کیونکر یقیں ہو
تمہارا دل کہیں ہے تم کہیں ہو

حیرت سے دیکھتا ہوں اس قوتِ نظر کو
ہوتے ہی چار آنکھیں ٹکڑے کیا جگر کو

ہوتی نہیں دعا بھی مقبول اب ہماری
کیا ہو گیا دعا کو کیا ہو گیا اثر کو

اللہ رے ڈھٹائی دل لینے پر اڑے ہیں
دروازے پر کھڑے ہیں روکا ہے رہگذر کو

ستم سے پاسباں کے۔ دردِ دل کی بیقراری سے
کراہا اُس گلی میں رات بھر آہستہ آہستہ

تماشہ دیکھنا منظور ہے گر اپنے بسمل کا
چلے تھم تھم کے خنجر حلق پر آہستہ آہستہ

کہیں ٹکتا ہی نہیں عمرِ رواں کا تلوا
پھرتی رہتی ہے سدا گردشِ ایام کیا تھ

کیوں چھوڑا اسکو دل بھی ہے حاضر جگر کیا تھ
تیغِ ادا کا وار ہو تیرِ نظر کے ساتھ

کوسنا انکا مرے حق میں دعا ہوتا ہے
اس برائی کا نتیجہ تو بھلا ہوتا ہے

زلفِ جاناں سے الجھنا نہیں اچھا اے دل
کہ بُرے کام کا انجام بُرا ہوتا ہے

کچھ نہ پوچھو مجھے کس درجہ خوشی ہوتی ہے
جب کوئی زخمِ دل ذرا ہرا ہوتا ہے

ہلال بنکے بنا بدر بدر سے خورشید
یہ چودھویں ہی برس میں کمال کیسا ہے

مجھے دیکھا تو بولے پاسباں سے
یہ صاحب آئے ہیں پوچھو کہاں سے

خواب میں آتے ہی انکے میری آنکھیں کھل گئیں
قسمتِ خوابیدہ پھر بیدار ہو کر رہ گئی

کچھ اس انداز سے جلوہ نمائی ہوتی جاتی ہے
کہ اُس بت کیطرف ساری خلقت ہوتی جاتی ہے

اُس نے جب قتل پر اٹھائی تیغ
ہاتھ باندھے ہوئے قضا آئی

ساری محفل کو چکا چوند سی آجاتی ہے
کام کر جاتی ہے بجلی کا چمک سہرے کی

عالمِ فکر میں لیتا ہے بلائیں کوئی
صاف کہتی ہے یہ کلیوں کی چٹک سہرے کی

آنکھ بھر بھر کے تجھ پہ پڑتی ہے	چشم بد دور کیا جوانی ہے

شباب

شباب - منشی محمد یوسف صاحب وارثی۔ باشندۂ دہلی حویلی میر افضل علی شاگرد مولوی نذیر حسین صاحب فتنہ - خوش فکر نوجوان ہیں طبیعت میں روانی ہے۔ ابتدائے عمر سے شاعری کا شوق ہے۔ زبان شستہ اور خیالات پاکیزہ ہیں۔ انکے کلام کا انتخاب نذر ناظرین ہے ؎

پوچھا جو اُن سے کیا ہوا بچپن کا التفات	کہنے لگے اجی وہ زمانہ بدل گیا
جب اُس نے آکے بام پہ رُخ سے ہٹائی زلف	ثابت ہوا کہ چاند گہن سے نکل گیا
دلِ مایوس مدفن ہے ہزاروں رنج و ارماں کا	گماں ہوتا ہے سینے میں مجھے گورِ غریباں کا
مثالِ مہر داغِ دل شبِ ہجراں میں روشن ہیں	ہلالِ شامِ فرقت چاک ہے میرے گریباں کا
شباب اپنی جوانی کے بھی دن کیسے گذرتے ہیں	یہاں پہنچے وہاں پہنچے لپٹے تاکا اُسے جھانکا
لگا دیگی زلیخا نقد جاں تک	بڑھیگی قیمت یوسف کہاں تک

شبنم

شبنم - منشی محمد امتیاز احمد خاں صاحب راز کے کسی شاگرد کا تخلص ہے طبیعت کا رنگ مندرجہ اشعار سے ہویدا ہے ؎

وصل میں چین نہ تجھکو دلِ مضطر آیا	ہاتھ کس کام سے سینے کے برابر آیا
کششِ عشق نہیں یہ تو بھلا کیا ہے	ہو کے مضطر وہ مری قبر پر اکثر آیا
میرے قاتل نے کبھی آج جگر کے ٹکڑے	شکر صد شکر کہ ارمانِ دلی بر آیا
تو نے کیا کیا نہ ستم مجھ پہ کئے اے ظالم	کبھی شکوہ بھی ترا میری زباں پر آیا
آپکی یاد کے صدقے کہ بہت بار آئی	آپکے دھیان کے قربان کہ اکثر آیا
دیکھکر یار کو شبنم سے کہا دشمن نے	آپ جلدی سے بچے وہ مہِ منور سمجھا

شبلی

شبلی - فخر المتقدمین شرف المتاخرین مبصر و محقق و مورخ نثار باکمال ناظم بے مثال شمس العلماء تاج الفضلاء حضرت مولانا شبلی نعمانی اعظم گڈھی سر سید احمد خاں کی نظر انتخاب انپر پڑی اور انہوں نے انہیں مدرسۃ العلوم علیگڈھ میں فارسی زبان کا پروفیسر مقرر کیا۔ آپ اس زمانے کے بڑے مشہور

معروف عالم تھے تبحر علمی آپکا ضرب المثل ہے۔ فن تاریخ میں آپکو ید طولیٰ حاصل تھا فلسفہ اور الہیات پر بھی بڑی وسیع نظر تھی۔ انشا پردازی میں دستگاہ کامل حاصل تھی۔ بہت سی معرکۃ الآرا کتابیں آپکی شائع ہو کر مقبول اہل علم ہو چکی ہیں۔ سب سے زیادہ مشہور تصنیفات آپکی یہ ہیں۔

الفاروق۔ المامون۔ الغزالی۔ سیرۃ النبی۔ سفرنامہ یورپ علاوہ انکے اور بھی بہت سی ضخیم کتابیں تصنیف و تالیف فرمائی ہیں۔ شعر العجم کا ایک تذکرہ بھی چار جلدوں میں تالیف فرمایا ہے علیگڑھ سے استعفیٰ دیکر آپ ندوۃ العلماء کے ناظم مقرر ہوے اور اُسکی ترقی میں نمایاں حصہ لیا اسلامی مشاغل میں آپکو زیادہ انہماک تھا اور اپنی قوم کی بہبودی رات دن مد نظر تھی بقیہ زمانہ سے بیخبری تھی۔ علیگڑھ کالج کا نصاب تعلیم بھی درست کیا ان جملہ خدمتوں اور سیرۃ النبی کی تالیف کے صلہ میں سرکار نظام اور بھوپال سے آپکا تین سو روپیہ وظیفہ مقرر تھا۔ آپکی خطوط نویسی کا خداداد ملکہ۔ انداز اور اُسکی روانی مکاتیب شبلی کے ملاحظہ سے معلوم ہو سکتی ہے۔ اسمیں سے ایک خط نقل کرتا ہوں جس سے حضرت مولانا مرحوم کی انشا پردازی کی مہارت ظاہر ہے۔ مندرجہ ذیل خط آپنے مولوی محمد سمیع صاحب کو اپنے منجھلے بھائی مہدی کی وفات پر تحریر فرمایا تھا جس کے ایک ایک جملہ سے آپکے دردِ دل اور سچی محبت کا اظہار ہوتا ہے اور بے ساختگی اور بے تکلفی کا لطف ملاحظہ فرمائیے۔

لو بھائی ہم میں کا ایک عنصر کم ہو گیا۔ عزیزی مہدی نے جان دی اور کس حالت کے ساتھ کہ کلیجے کے ٹکڑے اُڑ گئے ہیں بدبخت پاس تھا اور اس لئے جتنے تیر پھینکے سب میرے ہی جگر پر لگے۔ ہائے اسکی جواں مرگی! ہائے کیا معلوم تھا کہ وہ اسقدر جلد دنیا سے جائیگا ورنہ مجھ پر لعنت اگر میں اس سے ناراض رہتا۔

ہائے سب بُرائیوں پر وہ سب سے اچھا تھا، آج چوتھا دن ہے لیکن خدا کی قسم اسوقت تک دل نہیں ٹھہرتا سو بار رو چکا ہوں اور دل نہیں ٹھہرتا۔ اسکی ایک محبوب یادگار ہے جس کو وہ بہن کہتا تھا یعنی شافیہ، اس سے بار ہا لپٹ کر رو یا ہوں لیکن کچھ بھی تو تسلی نہیں ہوتی، اسکو تسلی دینا چاہتا ہوں لیکن خود بیقرار ہو جاتا ہوں، ایک اور اسکے

لہ مہدی کی عمر [illegible]

نام سے وابستہ بدقسمت ہی جو پہلے چھوٹی بھاوج تھی لیکن اب پیاری بہن ہے۔
تم لوگ غم سے باہر ہو۔ ہاں آفت زدوں کو سنبھالنا میرے سر چھوڑا ہے
ہائے مہدی، وائے مہدی۔ بدبخت ازلی شبلی نعمانی ۲ جولائی ۱۹۰۷ء اعظم گڈھ

آپکی وفات ۱۹۱۹ء میں ہوئی ساٹھ سال سے زاید عمر پائی۔ فن شاعری میں بھی آپ کو کمال حاصل تھا مگر غزلیات فارسی اردو کا ذخیرہ زیادہ نہیں۔ قومی۔ تاریخی اور ملکی نظمیں زیادہ پائی جاتی ہیں اور فی الحقیقت یہ رنگ مقبول ہوا۔ واقعات نویسی میں جو کمال اور سحر بیانی آپکو حاصل تھا اسکی مثال پیش کرنی آسان نہیں۔ آپکی مختلف نظموں کا مجموعہ کلام شبلی کے نام سے شایع ہو چکا ہے آخر عمر میں ٹانگ میں گولی لگ جانے سے اپاہج ہو گئے تھے اور اپنے وطن اعظم گڈھ میں دار المصنفین نامی ایک ادبی انجمن قایم کر کے مختلف ریاستوں سے اُسکے اخراجات کیلئے رقوم حاصل کی تھیں۔ چنانچہ آج تک وہ سلسلہ جاری ہے کلام شبلی کا انتخاب نذر ناظرین کرتا ہوں ؎

پوچھتے کیا ہو جو حال شب تنہائی تھا
رخصت صبر تھی یا ترک شکیبائی تھا

شب فرقت میں دل غمزدہ بھی پاس نہ تھا
وہ بھی کیا رات تھی کیا عالم تنہائی تھا

میں تھا یا دیدۂ خونبانہ فشاں تھی شب ہجر
اُن کو واں مشغلۂ انجمن آرائی تھا

پارہ ہائے دل خونیں کی طلب تھی پیہم
شب جو آنکھوں کو مری ذوق جگر آرائی تھا

رحم تو ایک طرف پایہ شناسی دیکھو
قیس کو کہتے ہیں مجنون تھا صحرائی تھا

خون رو رو دیئے دو ہی قدم میں چھالے
یاں وہی حوصلۂ بادیہ پیمائی تھا

کون اس راہ سے گذرا ہے کہ ہر نقش قدم
چشم عاشق کی طرح اسکا تماشائی تھا

خوب وقت آئے نکیرین جزا دیگا خدا
لحد تیرہ میں کیا عالم تنہائی تھا

ہم نے بھی حضرت شبلی کی زیارت کی تھی
یوں تو ظاہر میں مقدس تھا پہ شیدائی تھا

تیس دن کے لئے ترک مے و ساقی کر لوں
واعظ سادہ کو روزوں میں تو راضی کر لوں

پھینک دینے کی کوئی چیز نہیں فضل و کمال
ورنہ حاسد تری خاطر سے میں یہ بھی کر لوں

لے نکیرین قیامت ہی پہ رکھو پرسش
میں ذرا غمِ گذشتہ کی تلافی کر لوں

کچھ تو ہو چارۂ غم بات تو کیجو ہو جائے
تم خفا ہو تو اجل ہی کو میں راضی کر لوں

اور پھر کسکو پسند آئے گا ویرانۂ دل
غم سے مانا بھی کہ اس گھر کو میں خالی کر لوں

دل ہی ملتا نہیں سفلوں سے وگرنہ شبلی
خوب گذرے فلکِ دوں سے جو یاری کر لوں

یار کو رغبتِ اغیار نہ ہونے پائے
گلِ تر کو ہوسِ خار نہ ہونے پائے

اسمیں در پردہ سمجھتے ہیں وہ اپنا ہی گلہ
شکوۂ چرخ بھی زنہار نہ ہونے پائے

فتنۂ حشر جو آنا تو دبے پاؤں ذرا
بختِ خفتہ مرا بیدار نہ ہونے پائے

ہائے دل کھول کے کچھ کہہ نہ سکی سوزِ دروں
آبلے ہم سخنِ خار نہ ہونے پائے

باغ کی سیر کو جاتے تو ہو پر یاد رہے
سبزہ بیگانہ ہے، دو چار نہ ہونے پائے

جمع کر لیجیے غمزوں کو مگر خوبیِ بزم
بس وہیں تک ہے کہ بازار نہ ہونے پائے

آپ جاتے تو ہیں اس بزم میں لیکن شبلی
حالِ دل دیکھیے اظہار نہ ہونے پائے

[illegible]

کافروں نے یہ کیا جنگِ احد میں مشہور
کہ پیمبر بھی ہوئے کشتۂ شمشیرِ دودم

ہو کے مشہور مدینہ میں جو پہونچی یہ خبر
ہر گلی کوچہ تھا ماتم کدۂ حسرت و غم

ہو کے بیتاب گھروں سے نکل آئے باہر
کودک و پیر و جواں و خدم و خیل و حشم

وہ بھی نکلیں کہ جو تھیں پردہ نشینانِ عفاف
جن میں تھیں سیدۂ پاک بھی با دیدۂ نم

ایک خاتون کہ انصار کی ناموس سے تھیں
سخت مضطر تھیں نہ تھے ہوش و حواس انکے بہم

موقعۂ جنگ پہ پہنچیں تو یہ لوگوں نے کہا
کیا کہیں تجھ سے کہ کہتے ہوئے شرماتے ہیں ہم

تیرے بھائی نے لڑائی میں شہادت پائی
تیرے والد بھی ہوئے کشتۂ شمشیرِ ستم

سب سے بڑھکر یہ کہ شوہر بھی ہوا تیرا شہید
گھر کا گھر صاف ہوا لوٹ پڑا کوہِ ستم

اس عفیفہ نے یہ سب سنکے کہا تو یہ کہا
یہ تو بتلاؤ کہ کیسے ہیں شہنشاہِ امم

سب نے دی اسکو بشارت کہ سلامت ہیں حضور
گرچہ زخمی ہیں سر و سینہ و پہلو و شکم

جزاے احسان

بڑھ کے اُس نے رخِ روشن کو جو دیکھا تو کہا
تو سلامت ہے تو پھر ہیچ ہے سب رنج و الم

میں بھی، اور باپ بھی، شوہر بھی، برادر بھی فدا
اے شہِ دیں ترے ہوتے ہوئے کیا چیز ہیں ہم

مدتوں حضرتِ عباس بھی تھے شاملِ کفر
کم سے کم یہ کہ رسالت پہ نہ تھا اُن کو یقیں

"بدر" میں آکے لڑے اور گرفتار ہوئے
بس کہ تقدیر میں تھی خانۂ زنداں کی زمیں

قیدیوں کے لئے جو گھر کہ ہوا تھا تیار
اتفاقات سے تھا خانۂ مسجد کے قریں

رات کو حضرتِ عباس کراہے اکثر
قید کرتے ہوئے لوگوں نے جو مشکیں تھیں کسیں

دیر تک سرورِ عالم کو رہی بے خوابی
کروٹیں لیتے تھے اور نیند نہ آتی تھی قریں

وجہ پوچھی جو صحابہؓ نے تو یہ فرمایا
آتی ہے کان میں عباس کی آوازِ حزیں

جب سُنا یہ تو وہیں کھول دئیے ہاتھ اُنکے
چین سے حضرتِ عباس نے راتیں کاٹیں

تھا انہیں حضرتِ عباس کا پوتا منصور
جو کہ ایوانِ خلافت میں ہوا تخت نشیں

ایک دن حکم دیا اس نے کہ اولادِ رسول
ایک جا جمع کئے جائیں جہاں مل جائیں کہیں

پھر دیا حکم کہ ان سب کو پنہا کر زنجیر
کھدوان سے کہ بنیں خانۂ زنداں کے مکیں

ایک دن سیر کو اس شان سے نکلا منصور
پابہ زنجیر تھے سادات لیسار و یمین

ساتھ ساتھ آتے تھے پیدل جگر و جانِ رسول
اور منصور تھا زیبِ حرمِ خانۂ زیں

ایک نے مجمعِ سادات میں بڑھکر یہ کہا
گرچہ اس لطف کے مشکور ہیں ہم خاک نشیں

غزوۂ بدر میں لیکن جو کیا ہم نے سلوک
وہ تو کچھ اور تھا ہی یاد بھی تم کو کہ نہیں؟

عدلِ جہانگیری

ایکدن نورجہاں بام پہ تھی جلوہ فگن
قصرِ شاہی میں کہ ممکن نہیں غیروں کا گذر

گرچہ تھی قصر میں ہر چار طرف سے قدغن
کوئی شامت زدہ رہ گیر اُدھر آنکلا

غیرتِ حسن سے بیگم نے طمنچہ مارا
خاک پر ڈھیر تھا اک کشتۂ بے گور و کفن

ساتھ ہی شاہ جہانگیر کو پہونچی جو خبر
غیظ سے آگئے ابروئے عدالت پہ شکن

حکم بھیجا کہ کنیزانِ شبستانِ شہی
جا کے پوچھ آئیں کہ سچ یا غلط ہے یہ سخن

نخوتِ حسن سے بیگم نے بصد ناز کہا
ہاں مجھے واقعۂ قتل سے انکار نہیں
اسکی گستاخیٔ نگاہی نے کیا اسکو ہلاک
مفتیِ دین سے جہانگیر نے فتویٰ پوچھا
مفتیِ دین نے بے خوف و خطر صاف کہا
لوگ دربار میں اس حکم سے تھرا اُٹھے
ترکنوں کو یہ دیا حکم کہ اندر جا کر
پھر اسی طرح اُسے کھینچ کے باہر لائیں
یہ وہی نور جہاں ہے کہ حقیقت میں یہی
اسکی پیشانیِ نازک پہ جو پڑتی تھی گرہ
اب نہ وہ نور جہاں ہے نہ وہ اندازِ غرور
ایک مجرم ہے کہ جس کا کوئی حامی نہ شفیع
خدمتِ شاہ میں بیگم نے یہ بھیجا پیغام
مفتیِ شرع سے پھر شاہ نے فتویٰ پوچھا
وارثوں کو جو دیئے لاکھ درم بیگم نے
ہم کو مقتول کا لینا نہیں منظور قصاص
ہو چکا جب کہ شہنشاہ کو پورا یہ یقیں
اُٹھ گئے دربار سے آہستہ چلا سوئے حرم
دفعتاً پاؤں پہ بیگم کے گرا اور یہ کہا

میری جانب سے کرو عرض آئینِ حسن
مجھ سے ناموسِ حیا نے یہ کہا تھا کہ "بزن"
کشورِ حسن میں جاری ہے یہی شرعِ کہن
کہ شریعت میں کسی کو نہیں کچھ جائے سخن
شرع کہتی ہے کہ قاتل کی اُڑا دو گردن
پر جہانگیر کے ابرو پہ نہ بل تھا نہ شکن
پہلے بیگم کو کریں بستۂ زنجیر و رسن
اور جلاد کو دیں حکم کہ "ہاں تیغ بزن"
تھی جہانگیر کے پردہ میں شہنشاہِ زمن
جا کے بن جاتی تھی اوراقِ حکومت پہ شکن
نہ وہ غمزے ہیں نہ وہ عربدۂ صبر شکن
ایک بیکس ہے کہ جس کا نہ کوئی گھر نہ وطن
خون بہا بھی تو شریعت میں ہے اک امرِ حسن
بولے جائز ہے، رضا مند ہیں گر بچہ و زن
سب نے دربار میں کی عرض کہ اے شاہِ زمن
قتل کا حکم جو رُک جائے تو ہے مستحسن
کہ نہیں اس میں کوئی شائبۂ حیلہ و فن
تھی جہاں نور جہاں معتکفِ بیتِ حزن
تو اگر کشتہ شدی، آہ چہ می کردم من

شبیر

شبیر۔ نازک خیال، عدیم المثال، تازگی بخش مذاق کہن منشی شبیر حسن صاحب ولد بشیر احمد خاں بشیر مرحوم۔ آپکا وطن ملیح آباد ہے۔ رسالدار فقیر محمد خاں گویا مرحوم آپکے اجداد میں تھے پہلے آپ کا

شبیر تخلص تھا اب "جوش" ہے دورِ حاضر کے نامور شعرا میں شمار ہے علیگڑہ کالج میں آپنے بی۔اے تک تعلیم پاکر خانہ داری کے بار کو اپنے ذمہ لیا اور خوش اسلوبی سے جائداد کے انتظام کے ساتھ ساتھ آم اور اسکی قلموں کی تجارت کا مشغلہ بھی رکھتے ہیں۔ غزل میں واقعۂ قدرت اور مناظر فطرت کو حسن و خوبی سے ادا کرتے ہیں۔ لکھنؤ کی شاعری کا جو رنگ پلٹا ہے اسمیں دیگر شعرا کے نام کے سوا آپکا نام بھی لیا جاتا ہے۔ آپ تعلیم یافتہ اور قابل نوجوان ہیں۔ بندشوں کی خوبصورتی ترکیبوں کی صفائی۔ الفاظ کی نشست قابل داد ہے بعض اشعار شرقی تخئیل کی نوعیت سے آزاد ہوکر مغربی استعارات کا جامہ پہن لیتے ہیں جنمیں بعض اشعار کے مضامین کی تصویریں کھینچکر ادبی دنیا کے سامنے پیش کیگئی ہیں جس طرح یورپ میں عمر خیام کے خیالات نئی نئی گلکاریوں کیساتھ آئے دن شایع ہوتے رہتے ہیں۔ آپکو نیچرل نظمیں کہنے کا زیادہ شوق ہے غزل میں علم و حکمت معرفت کے مضامین خوب لکھتے ہیں فلسفہ کے مشکل مسائل کو سادہ طور پر بیان کرتے ہیں۔ انکے کلام کی باریکیوں پر نگاہ رکھتے ہوئے یہ بات اچھی طرح معلوم ہوجاتی ہے کہ مغربی خیالات کی آمیزش نے اردو شاعری کو کس درجہ پر پہونچا دیا ہے اور آیندہ شعرا کی تخئیل کونسی راہ اختیار کریگی آپکے قدیم و جدید کلام کا مجموعہ اس دو برس میں مقبول عام ہوچکا ہے خمخانۂ جاوید کی دوسری جلد میں "جوش" تخلص والے تمام شعرا درج ہیں مگر ترتیب جلد ثانی کے وقت آپ شبیر تخلص کرتے تھے۔ اسلئے ہم جیم کی ردیف میں آپکے حالات و کلام درج نہ کرسکے۔ آٹھ سات برس ہوئے دلی آکر مؤلف تذکرہ سے بھی ملے تھے اور واپس جاکر اپنا کلام بھی بھیجا تھا اسمیں سے کچھ اور مطبوعہ دیوان میں سے اکثر منتخب ہوکر نقل ہوا۔ ناظرین تراوش طبع گہر سنج کو ملاحظہ کریں ؎

آنکھوں میں رہنے والے آنکھوں کے سامنے آ
یوں مسکرا کہ گم ہو صبح ازل کا جلوہ
کیف شگفتگی دے افسردہ خاطری کو
گدازِ دل سے باطن کا تجلی زار ہوجانا

اے رازِ دل سراپا افشائے راز ہوجا
اے حسنِ بے نیازی خورشید ناز ہوجا
ہوجا ذرا ادھر بھی اوعشوہ ساز ہوجا
محبت اصل میں ہر روح کا بیدار ہوجانا

جب فضائے قدس میں پرچم اڑا تقدیر کا
عقل سجدہ میں گری سر جھک گیا تدبیر کا

دیدۂ گریاں میں غلطاں ہے ترا عکسِ جمال
میرا آنسو ہے کہ شیشہ ہے تری تصویر کا

ہم جن تصورات میں رہتے ہیں رات دن
کتنوں کو اس جنوں نے بیکار کر دیا

درد نے دل میں چمک کر طرفہ ساماں کر دیا
پیکرِ تاریک کو فانوسِ عرفاں کر دیا

ہم نے پھولوں کو چھوا مرجھا کے کانٹے ہو گئے
تم نے کانٹوں پر قدم رکھا گلستاں کر دیا

چاہنے والی کی آنکھوں سے حجاب آ ہی گیا
جب نگاہیں لڑ گئیں مجھ سے وہ شرما ہی گیا

سینے کو جگمگا دے لذت فروز ہو جا
اے روح مشتعل ہو لبریز سوز ہو جا

نتیجہ جن کا ہے خوش ہوتے ہی محروم ہو جانا
کہیں بہتر ہے ان لذات سے محروم ہو جانا

اب کیا ہمارے پاس ہے کیا دیں کسی کو ہم
لے دیکے ایک دل تھا وہ تم نے چرا لیا

بھلا پہلے وہ کب تھی لیے بد خو
ہمیں تو یاد ہے بچپن کسی کا

اپنے پہلو پہ کی نظر ہم نے
جب کسی کا کسی پہ دل آیا

دیکھتے ہی انہیں وہ حال نہ تھا
مجھ کو جیسے کبھی ملال نہ تھا

جلوہ گاہِ ناز کے پردہ کو جنبش ہو چلی
اور تھوڑی سی کشش اے طالبِ دیدارِ دوست

دنیا کی گردشوں کو حسرت سے دیکھتے ہیں
ہر شے کو اہلِ باطن عبرت سے دیکھتے ہیں

نظر فریاد کرتی ہے نگاہیں تھرتھراتی ہیں
محبت ہی وہ افسانہ ہے جسے آنکھیں سناتی ہیں

کہاں دل کی رسائی سرمدی جلووں کے تاروں میں
نظر الجھی ہوئی ہے حسنِ فانی کے نظاروں میں

جس زندگی پہ نازاں یہ صاحبِ ہوس ہیں
وہ کیا ہیں فی الحقیقت گنتی کے کچھ نفس ہیں

صبر کی طاقت جو کچھ دل میں ہے کھو دیتا ہوں میں
جب کوئی ہمدرد ملتا ہے تو رو دیتا ہوں میں

مجھے بے ساختہ تیرا تبسم یاد آتا ہے
لبِ دریا شبِ مہتاب میں جب پھول کھلتے ہیں

مرے حواس تری شانِ حسن میں گم ہیں
کہ اک نگاہ اٹھاتے ہیں سو تبسم ہیں

ٹھنڈی سانسیں ہیں گرم آہیں ہیں
جب سے ہم پر تری نگاہیں ہیں

جان لینگے فلسفہ ہر چیز کا
پہلے ہم اپنی حقیقت جان لیں

صدر ہے یہ کون بزم حشر میں
اک ذرا صورت تو ہم پہچان لیں

یاد آتی ہیں جب تری باتیں
ہم کلیجہ پکڑ کے روتے ہیں

ایک طوفان ہوں اک تلاطم ہوں
ہیں یہ کس کے خیال میں گم ہوں

دل دھڑکتا ہے اشک بہتے ہیں
ہائے ہم کس بلا میں رہتے ہیں

بات رہ جائے اس پہ مرتے ہیں
ہم جو کہتے ہیں کر گذرتے ہیں

تم نہیں میں ہوں ہائے میں نہیں تم ہو
صاف کہدوں تو اک تلاطم ہو

زمیں روز سجاتی ہے جسکو ذروں سے
پڑھو درود کہ پیشانیٔ نیاز ہے وہ

میرے رونے کا جس میں قصہ ہے
عمر کا بہترین وہ حصہ ہے

موت سے قبل زندگی کیسی
جی رہا ہوں الٰہی خوشی کیسی

سن سکے یوں عرض وصل پر بولے
جو نہ پوری ہو یہ وہ حسرت ہے

مجھ وفادار سے اور ایسی خطا توبہ کر
داور حشر سے پھر کس کی شکایت تیری

کچھ سوچ کے ہر ایک طلبگار رضا ہے
کیا راز مرے بعد زمانے پہ کھلا ہے

انجام عشق لوح پہ لکھو نہ دوستو
دنیا وفا کے نام سے بیزار ہو نہ جائے

ساز عشرت کی دلفریب صدا
ہمسر گریۂ سحر نہ ہوئی

رات دن مسجد کے گنبد میں رہوں
حضرت واعظ یہ کوئی بات ہے

دور اے خیال وضع پھر اس در پہ جا پڑیں
آ اے سیاہ رات کہ تو پردہ پوش ہے

پھر لہر سبزہ زار کی دوڑی ہے خون میں
پھر رو رہا ہوں دامن صحرا لئے ہوئے

پھر بارگاہ عشق میں پہنچا ہوں سر بکف
زخموں سے پاش پاش کلیجا لئے ہوئے

جلوۂ شام طرب سے ہو کے برہم روئیے
خندۂ صبح ظفر پر مثل شبنم روئیے

برق کی صورت تڑپئے لوٹئے دل کی طرح
شمع کی مانند جلئے مثل شبنم روئیے

روکے ہوئے ہیں گو کہ تحمل کی قوتیں
اے جوش یہ کلام میں ہوتیں نہ گرمیاں

صبر کی دنیا ہمارے ضبط سے آباد ہے
اُف یوں ہی گو زعریاں سے گذر جاؤ گے کیا

جفائے زندگی کو مختصر کرنا ہی بہتر ہے
صفائے نفس کی خاطر سکونِ خواب کے بدلے

ہزاروں تجربوں کے بعد میں یہ بات کہتا ہوں
گِن گِن کے دل نے میٹے ساماں مری خوشی کے

جا کے گوشہ میں کسی صحرا کے رو لیتا ہوں میں
ذوقِ کرم نہیں ہے تابِ جفا نہیں ہے

خوشی سے اجنبی ہوں جان کا کھونا ہی آتا ہے
میری حالت تری فرقت میں سنبھل جائیگی

بڑی نمود سے دنیا میں وہ اُبھرتا ہے
ترے جمال سے میری حیات مشتق ہے

اس اعتقاد میں پنہاں عجیب حکمت ہے
شامیانہ بن گیا ہے دل کی آہوں کا دھواں

آ رہی ہے باغ سے مالن وہ شرماتی ہوئی
فتنۂ و شنگی ہناز کی ادا کا فخر جمال

خوش نما گردن میں اک ہلکا سا خم پیدا کئے
بوئے کاکل سے چھڑکتی ہر قدم پر عطر سا

پانوں رکھتی ناز سے شبنم کے قطروں کی طرح
رگ رگ تڑپ رہی ہے دلِ ناصبور کی

تم نے کبھی کسی سے محبت ضرور کی
دل حریف آہ ہے لب دشمنِ فریاد ہے

وہ کسی کا روکے کچھ کہنا بھی تم کو یاد ہے
مرے نزدیک اس جینے سے تو مرنا ہی بہتر ہے

سحر کے نور میں آہوں کا سر کرنا ہی بہتر ہے
خوشی کے نام سے انساں کو ڈرنا ہی بہتر ہے

جینے کا اب مزا گیا اب کیا کرو نگا جی کے
یاد آتی ہے جو اپنے گھر کی ویرانی مجھے

بزدل کو زندگی کا کوئی فرا نہیں ہے
مجھے لِی دیکھے کچھ آتا ہے تو رونا ہی آتا ہے

کیا یہ دنیا ہے کہ دو دن میں بدل جائیگی
جو کارخانۂ قدرت میں فکر کرتا ہے

مرا وجود مرے واسطے انا لحق ہے
کشادہ روئی سے ملنا بھی اک عبادت ہے

اک اُداسی ہے ہماری قبر پر چھائی ہوئی
مسکرانے میں لبوں سے پھول برساتی ہوئی

سینکڑوں رفتار کے ہنگام بل کھاتی ہوئی
دونوں ہاتھوں سے گھنی زلفوں کو سلجھاتی ہوئی

نقشِ پا سے ہر روش پر رنگ دوڑاتی ہوئی
سبزۂ خوابیدۂ گلشن کو چونکاتی ہوئی

ہار گردن میں لپیٹے مانگ پھولوں سے بھری
بال بکھرائے جبیں سے رنگ برساتی ہوئی

بار بار آنکھیں اٹھاتی سانس لیتی تیز تیز
باغ کی ٹھنڈی ہوا سے دل کو گرماتی ہوئی

پیار سے رنگین غنچوں پر نگاہیں ڈالتی
رنگ سا اک مدبھری آنکھوں سے چھلکاتی ہوئی

نصف آنکھیں بند کر کے سونگھتی پھولوں کے ہار
رس جوانی کا سیہ پلکوں سے ٹپکاتی ہوئی

کاکلوں سے دیکھنے والوں کی نظریں بندھیں
تازہ ارمانوں کی کلیاں دل میں چٹکاتی ہوئی

درد پیدا کر رہی ہے نغمۂ رفتار میں
دل فسردہ پتیاں زیر قدم گاتی ہوئی

پھول بر ہوتی ہیں چن افشاں کبھی رخسار پر
جھٹ پٹے میں تتلیاں شاخوں پہ پھراتی ہوئی

ہائے کیا گوری کلائی میں ہے کنگن دلفریب
ہائے کیا سینہ کی ہیکل ہے غضب ڈھاتی ہوئی

کاش پوچھے کوئی اس کافر ادا مالن کا نام
آ رہی ہے جوش کے دل کو جو تڑپاتی ہوئی

کیا روح فزا جلوۂ رخسار سحر ہے
ہر پھول کا چہرہ عرق حسن سے تر ہے
کشمیر دل زار ہے فردوس نظر ہے
ہر چیز میں اک بات ہے ہر شے میں اثر ہے

ہر سمت بھڑکتا ہے رخ حور کا شعلہ
ہر ذرۂ ناچیز میں ہے طور کا شعلہ

لرزش وہ ستاروں کی وہ ذروں کا تبسم
چشموں کا وہ بہنا کہ فدا جن پہ ترنم

گردوں پہ سپیدی و سیاہی کا تصادم
طوفان وہ جلووں کا وہ نغموں کا تلاطم

اڑتے ہوئے گیسو وہ نسیم سحری کے
شانوں پہ پریشاں ہیں یا بال پری کے

وہ پھیلنا خوشبو کا وہ کلیوں کا چٹکنا
وہ چاندنی مدھم وہ سمندر کا جھلکنا

وہ چھاؤنیوں میں تاروں کے گل تر کا مہکنا
وہ جھومنا سبزی کا وہ کھیتوں کا لہکنا

شاخوں سے ملی جاتی ہیں شاخیں وہ اثر ہے
کہتی ہے نسیم سحری عید سحر ہے

بسم اللہ

جہاں زمیں پہ رگڑ کا نشاں ہویدا ہے
نشانِ ہلال نما راہ کا بتاتے ہیں
غبارِ راہ نشاں ہے کسی تگ و پو کا
ٹپک کے جھاڑیوں سے خوں یہ بتاتا ہی
صنم تراشِ نہ ہو تو صنم نہیں بنتا
یوں ہی یہ گردشِ راہ خوش نما تارے

دلیل اسکی ہے سانپ اسطرف سے گذرا ہے
کہ تھوڑی دور یہ آگے سوار جاتے ہیں
یقیں ہوتا ہے نقشِ قدم سے رہرو کا
کہ زخم کھاکے ادہر سے شکار بھاگا ہے
قدم نہ ہو تو نشانِ قدم نہیں بنتا
رواں ہیں کسکی جبینوں سے حسن کے دھارے

زمیں کا نور ہیں اور آسماں کی زینت ہیں
کس کی شوخیٔ رفتار کی علامت ہیں!!!

جھٹ پٹا وقت ہے۔لبِ دریا
روشنی روح کو لبھاتی ہے
موجیں تھم تھم کے ہو رہی ہیں رواں
حسن کی روح ہے نمودِ چراغ
چرخ پر ہے شفق کی گل کاری

ایک مندر میں جل رہا ہے دیا
بہ کے لہروں میں مسکراتی ہے
قطرہ قطرہ ہے مشعلِ ایماں
کاکلِ پر شکن ہے دودِ چراغ
ہر طرف اک سکوت ہے طاری

شبیر - عالیجناب صاحبزادہ محمد شبیر علیخاں صاحب بہادر عرف ننھے صاحب تلمیذ حضرت داغ دہلوی - نواب کلب علیخاں مرحوم والئی رامپور کے چھوٹے صاحبزادہ ہیں سنہ ۱۹۰۸ء سے سنہ ۱۹۱۲ء تک دہلی میں مقیم رہے اور دوران قیام میں جناب بیخود سے مشورہ سخن فرماتے رہے۔ اکثر اپنے مکان پر بھی بزم مشاعرہ منعقد کرتے تھے۔ اب کئی برس سے پھر رامپور جارہے ہیں اور سرکار نواب صاحب سے ڈہائی سو روپیہ وظیفہ کے علاوہ مجسٹریٹی کا عہدہ بھی ملگیا ہے بہت شریف طینت اور منکسر مزاج رئیس زادہ ہیں۔ راقم تذکرہ سے برابر خط کتابت رہتی ہے۔ شاعری کا ذوق ابتدائے عمر سے ہے اب کہتے ہی طبیعت بہت رسا ہوگئی ہے۔ زبان میں شستگی اور شگفتگی ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ۔

تم یہ کہتے ہو کہ ہم جا کے پشیماں ہوئے
ہم یہ کہتے ہیں کہ گھر غیر کے جانا ہی نہ تھا

کیوں ستم بھولے ہوئے یاد دلائے اسکو
تو نے خود کی ہی قیامت میں قیامت برپا
تیغ کے پھل کا نہیں کوئی خریدار مگر
جب تو نہیں ہے پاس تو کیسا خیال وصل
وہ آرزو ہی مٹ گئی انکار سے ترے
پوچھتے ہو کیا کہ جاتے ہو کہاں
جفائے تازہ کیا ایجاد ہو گی
رہے سب منتظر انکے مگر وہ
نہیں ہیں باغبان گلشن میں کلیاں
نہ پوچھو حال سوز سینہ شبیر

ایسے سوتے ہوئے فتنہ کو جگانا ہی نہ تھا
شور محشر تجھے سوتوں کو جگانا ہی نہ تھا
نقد جاں دیکھے ہیں لینگے یہ سودا قاتل
ہم سے خفا ہے تو تو تری آرزو سے ہم
کوچے میں تیرے آئی تھی جس آرزو سے ہم
جس جگہ لیجائے وحشت کیا کہوں
نئی ٹیسیں ہیں پھر زخم کہن میں
نہ آنا تھا نہ آئے انجمن میں
قفس میں بلبلیں دل ہیں چمن میں
لگی ہے آگ سارے تن بدن میں

ہمیں کیا گر ہمارا ذکر ہو سارے زمانہ میں
ہماری طرح اک دن بیوفائی غیر سے کر لو
کہا جب میں نے فرقت میں نکل جائیگا دم میرا
کسی سے تم نے اے شبیر پھل الفت کا پایا ہے
ستم کے بعد جو قول و قرار ہوتے ہیں
نگاہ پڑتی نہیں ہے کبھی بھلائی پر
سرخ کچھ قطرے سے نکلے اشک افشانی کیساتھ
اب بھی ناخوش ہوکے وہ جائیں تو اسکا کیا علاج
فلک کے نیچے بنانے کو گھر زمیں نہ ملی
مزا ہی کیا ہے تڑپنے کا اے دل مضطر
جگر کے چھالوں کو دیدۂ تر ہرا تو رکھنا برس برس کے

کبھی تیری زباں پر نام اپنا ہو تو ہم جانیں
محبت کا اگر پھر اسکو دعویٰ ہو تو ہم جانیں
تو وہ بولے کسیکو مرتے دیکھا ہو تو ہم جانیں
کہ تم تو سب کے ہو کوئی تمہارا ہو تو ہم جانیں
یہ تیر اور کلیجہ کے پار ہوتے ہیں
برائی دیکھنے والے ہزار ہوتے ہیں
خون پانی ہوکے کیا بہنے لگا پانی کیساتھ
دل تک آگے رکھدیا سامان مہمانی کیساتھ
وہ بدنصیب ہوں راحت مجھے کہیں نہ ملی
کہ جب زمیں سے فلک چرخ سی زمیں نہ ملی
کہیں نہ بن جائیں داغ کالے یہ سوز غم کی مجلس کے

ہمارے دل میں بھی حسرتیں تھیں ہمیں بھی حاصل مسرتیں تھیں
نہ اب ہے ساقی نہ اب ہے ساغر وہ دن گئے عیش تھا میسر
مٹائیں غمخوار یوں کی راہیں دکھائیں کیوں یاس کی نگاہیں
کبھی چمن کے تھے رہنے والے کبھی تھے آزاد رنج و غم سے
نگاہ شبیر سے جو پھیری تو تو نے ساقی پلائی کیوں تھی

وہ مٹ چکیں اب جو عادتیں تھیں یہ تذکرے ہیں کئی برس کے
ہمیں رُلایا ہے خون شب بھر گھٹا نے شب کو برس برس کے
عبث بھریں یاس نے سرد آہیں کہ اُڑ گئے ہوش ہم نفس کے
نہ پوچھ صیاد وہ فسانے کہ اب تو قیدی ہیں ہم قفس کے
یہ بیرخی ایسی بیوفائی نہ پھر چکھائی لگا کے چسکے

غبار قیس اُڑ کر نجد میں لیلےٰ کے دہوکے میں
ہر اک ناقہ سے ملتا ہے ہر اک محمل سے ملتا ہے

سیاہ کاروں کو راہ جناں بتا یارب
یہ حکم ہو کہ چراغ آفتاب لیکے چلے

تو برس کر ٹھہر جاتا ہے یہ تھمتی ہی نہیں
ابر تیری کیا حقیقت چشم تر کے سامنے

توبہ کی تھی شراب سے لیکن
دی جو اُس شوخ نے پیئے ہی بنی
وضعداری نے کردیا مجبور
بیوفا سے وفا کیے ہی بنی
وصل کی شب نہ بس چلا اُن کا
جو کہا میں نے وہ کیے ہی بنی

شبیر - شبیر احمد صاحب تلمیذ حضرت عزیز لکھنوی - خوش فکر ذکی الطبع شاعر ہیں نتیجہ فکر یہ ہے -

ہوگیا ہوں اسقدر محو جمال روئے دوست
مجھکو اپنے پیرہن سے آرہی ہے بوئے دوست
حوصلہ خنجر کا - شوق اپنا - مرا ارمان نکال
اے مرے مشکل کشا اے قوت بازوئے دوست
مشکلوں پر روئیے اُس غمزدہ مایوس کے
چھوڑدے جو ایک آہ سرد بھرکر سوئے دوست
آکے دشمن نے خطائیں بخشوائیں اُف رے جذب
ایسی مایوسی سے میں نے آج دیکھا سوئے دوست

شجاع - شاہ شجاع الملک والئی کابل - احمد شاہ دُرّانی کے تیسرے بیٹے تھے - اپنے برادر اکبر شاہ زمان کے انتقال کے بعد اُنکے جانشین شاہ محمود کو قید کرکے خود مسند نشین تخت کابل ہوئے مگر انتظام حکومت کا مادہ نہونیکی وجہ سے سرداروں نے شور و شر قایم رکھا اور تمام ملک میں بدنظمی پھیل گئی ادہر اران افاغنہ کے ہاتھوں ایسے دق اور مجبور ہوئے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں پہلے کشمیر آکر رہے اور پھر لاہور کی سکونت اختیار کی - اسی زمانہ میں کوہ نور ہیرا اور دیگر بیش بہا جواہرات مہاراجہ

موصوف کی نذر کئے انہوں نے مبارک حویلی رہنے کو عنایت کی اور ایک لاکھ سالانہ کا وظیفہ مقرر کر دیا تعظیم و تکریم مساوات عمل میں آئی کئی سال بعد انگریزوں سے استمداد کی امید پر انگریزی علاقہ لدھیانہ میں چلے آئے۔ اور چونکہ سرکار کو انکی حمایت منظور تھی اسلئے افواج انگریزی کی ہمراہی میں درہ بولان سے قندہار، غزنی۔ کابل فتح کر کے پھر تخت حکومت پر فائز ہوئے مگر سردار اکبر خاں نے چند ہی ماہ بعد ایسی سرکشی اختیار کی کہ بالاحصار میں انہیں قتل کر ڈالا اور انکے خاندان کو دوبارہ جلاوطن ہونا پڑا۔ ہندوستان کے قیام کے زمانہ میں ہندی شاعری کا بھی چسکا پڑ گیا تھا چنانچہ انکے کلام میں سے چند اشعار منتخب ہو کر درج تذکرہ کئے جاتے ہیں ؎

اے کہ مست از مے نابی مجھے معلوم نہ تھا	تیری آنکھیں ہیں گلابی مجھے معلوم نہ تھا
ناخنے بر دل من میزنی و میدانم	مائل چنگ و ربابی مجھے معلوم نہ تھا
خواستم بوسہ زلعل تو گزیدی لب خویش	یاز در خشم و عتابی مجھے معلوم نہ تھا
شد شجاع از پس اندوہ غم عشق تپاں	دائما دیدہ پُرآبی مجھے معلوم نہ تھا

شجاعت

شجاعت۔ شیخ بہادر علی شجاعت شاگرد ناسخ۔ اپنے استاد کے رنگ میں شعر کہتے تھے تشبیہات اور استعارات کو کام میں زیادہ لاتے تھے ؎

تجلی رخ تاباں پہ میں نے دی ہی جان	لگا ؤ طور کے پتھر کا قبر پر تعویذ
یہ جس پہ کھودا ہے فرہاد شکل شیریں کو	بنے گا سنگ وہی تری قبر پر تعویذ
اک ایک پھول سے ہی ترا رنگ جلوہ گر	ہر گل کو باغ میں ہی تری بُو سے ارتباط
جو مری قبر پہ وہ شمع رو جلائے چراغ	تو روح صورت پروانہ ہو فدائے چراغ
یعقوب سے یوسف کو زلیخا نے چھڑایا	جذب دل عاشق سے کھنچے جاتے ہیں معشوق

شرر

شرار۔ سید علی رضا ساکن بلگرام ضلع ہردوئی ملک اودھ شاگرد خواجہ آتش لکھنوی۔ صاحب دیوان تھے مگر ایام غدر میں غیر مطبوعہ مکمل دیوان تلف ہو گیا ۱۲۹۴ھ میں رگرائے عالم جاودانی ہوئے منتشر کل دو شعر دستیاب ہو سکے وہ درج ذیل ہیں ؎

ذبیحِ تیغِ نگاہِ قاتل بشکلِ بسمل پھڑک رہا ہے ۔۔۔ لبوں پہ دم ہی کھلی ہیں آنکھیں اجل رسیدہ سسک رہا ہے
فدا تھا آگے میں گل سے رخ کا اب عشق آنکھوں کو ہے ثمرہ کا ۔۔۔ گئی وہ سر سے ہوائے گلشن بگریہ کانٹا کھٹک رہا ہے

شرر ۔ میر آغا حسن ولد آغا محمد فیض آبادی مقیم لکھنؤ۔ صاحبِ دیوان۔ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش۔ شاعر آتش زبان۔ زبان اور بندش میں اپنے اُستاد کی روش پر چلتے ہیں۔ خیالات میں متانت اور سنجیدگی کے جوہر نمایاں ہیں ؎

کچھ بھی مجھے نظر نہیں آتا سوائے دوست ۔۔۔ عالم کو دیکھتا ہوں جو وحدت کی آنکھ سے
ظاہر میں جو ذلیل ہے باطن میں ہے عزیز ۔۔۔ ادنیٰ کو بھی نہ دیکھ حقارت کی آنکھ سے
جتنی عمارتیں ہیں نظر آئیں مقبرے ۔۔۔ اے بے خبر جو دیکھئے عبرت کی آنکھ سے
بھولے سے بھی نظر نہیں کرتے وہ اس لئے ۔۔۔ ڈرتے ہیں مبتلائے مصیبت کی آنکھ سے

شرر ۔ میر حافظ مرحوم نبیرہ حافظ محمد اشرف دہلوی۔ شاعری کا فن ورثہ پایا تھا اور اصلاح کا کمال اپنے اسلاف کی روح سے ہاتھ آیا تھا۔ بسا اوقات شعر گوئی پر مائل اور اصلاح کے متعلق اپنے بزرگوں سے روحانی فیض کے قائل تھے ؎

تم جانتے تو تھے کہ مروت نہیں ذرا ۔۔۔ مرنا تمہیں بتوں پہ شرر کیا ضرور تھا
یہ بیخودی ہے شرر کو کہ جانتا ہی نہیں ۔۔۔ زمیں ہوتی ہے کیسی اور آسماں کیسا
اللہ اللہ ترے ابرو کا اشارہ قاتل ۔۔۔ سرِ عشاق گرے بزم میں کٹ کر لاکھوں
اللہ اللہ رے سجدہ کی تمنا مجھکو ۔۔۔ اُسکے ہر نقشِ کفِ پا پہ جھکا جاتا ہوں
یہاں تک داغ کھائے ہیں سینے دل پر ۔۔۔ کہ سینہ بن گیا رشکِ گلستاں

شرر ۔ مرزا غیاث الدین مرحوم خلف مرزا قمر الدین شہید، نبیرہ شاہ عالم ثانی ۱۲۳۱ھ میں پیدا ہوئے۔ غدر سے پہلے کوچہ بلاقی بیگم کے قریب ایک باغیچہ میں رہتے تھے۔ وضعداری میں طاق ملنساری میں شہرۂ آفاق ۵۴ برس کی عمر تھی اور اُستاد ذوق سے تلمذ تھا کہ غدر میں پھانسی مل گئی۔

دعوے ہے محبت میں جنہیں مہر و وفا کا ۔۔۔ وہ تجھ سے گلہ خاک کریں جور و جفا کا

پہونچائے اگر خاک میری کوچہ میں اُسکے
تجھے دکھا دوں تماشا میں بیوفائی کا
چشم دریائے خوں ہے یا طوفان
دل میں تجھے رکھ لیجئے کہ آنکھیں تھی دیکھیں
ہر جفا کو تری وفا کہئے
شرر ہیں جب سا تبخانے میں آج

احسان نہ بھولوں میں کبھی باد صبا کا
یہ کیا کروں کہ مجھے منہ ہے آشنائی کا
کیا بلا ہے یہ ماجرا نہ کھلا
تو ایک ہے اور شوق ہی کیا کیا نہیں ہمکو
یہ نہ کہئے تو اور کیا کہئے
نظر آتے تھے کل تو با خدا سے

شرر۔ منشی محمد یعقوب علیخاں۔ انکے والد حسن علیخاں نواب احمد علیخاں والئی رامپور کے مصاحبوں میں تھے۔ یہ خود میر احمد علی رسا کے شاگرد اور ۱۲۹۰ھ میں ۳۴ برس کے تھے اور رامپور میں موجود تھے۔

عاشق کی بعد مرگ بھی مٹی خراب ہے
نہ آؤ مگر کہہ تو دو آئیں گے

پروانہ کو نصیب نہ گور و کفن ہوا
اسی دھیان میں کٹ جائیگی رات

شرر۔ صاحبزادہ محمد شیر علیخاں صاحب شرر۔ عزیز والئی ٹونک پہلے سید اصغر علی آبرو سے تلمذ تھا پھر منشی سلیمان خاں اسد سے استفادہ کیا۔ ۵۶-۵۴ سال کی عمر ہے۔ ناظم علاقہ سرونج متعلق ریاست ٹونک۔ بڑے خوشرو۔ وجیہ نوجوان ہیں طبیعت رسا اور فکر صائب ہے۔ ذی علم اور منکسر مزاج ہیں۔ یہ انکا کلام ہے ؎

یہ صہبائے جوانی ہے۔ نرالا ہے سرور اسکا
شرر تم حال دل اپنا عبث ہمسے چھپاتے ہو
چھپا ہے اسطرح سے گویا کہ زبان مجھ میں ہیں
آج پھانسیگا کسی بلبل شیدا کو ضرور
بدگمانی مری دنیا سے نرالی ہے شرر

کر ایسے پئے مست مئے ناز و ادا تم ہو
تمہاری طرز کہتی ہے کسی پر مبتلا تم ہو
بت مجھے کسکی خموشی نے بنا رکھا ہے
دام صیاد نے پھولوں میں بنا رکھا ہے
حال اپنا دل مضطر سے چھپا رکھا ہے

شرر۔ محمد مرتضیٰ علی صاحب کاکوروی نائب تحصیلدار شاہ آباد ضلع ہردوئی شاگرد فصیح الملک حضرت داغ دہلوی آپ قصبہ کاکوری ضلع لکھنؤ کے رہنے والے تھے۔ عربی۔ فارسی۔ انگریزی میں

اچھی دستگاہ رکھتے تھے۔ آپ نے ۱۸۸۰ء میں فیض آباد کالجیٹ اسکول سے انٹرنس پاس کیا اور وہیں کتاب ارمغاں اودھ تصنیف فرمائی تعلیم حاصل کرنیکے بعد آپ سرکاری ملازمت میں داخل ہوگئے۔ عرصہ تک اضلاع اودھ میں نائب تحصیلداری کرتے رہے پھر ملیح آباد۔ شاہ آباد مقامات پر تحصیلداری کے فرائض ادا کئے صیغہ بگاری میں بھی کچھ دن رہے۔ سہانپور۔ دہرہ دون مرادآباد وغیرہ مقامات میں بھی برسرکار رہ چکے ہیں ۱۸۸۸ء میں جب آپنے اُستاد کو اصلاح کے واسطے کلام بھیجا تو انہوں نے رنگ طبیعت کو دیکھکر شرر تخلص قرار دیا۔ آپکی تصنیفات و تالیفات میں سے مضامین اڈیشن۔ مثنوی ارمغان احباب۔ ارمغان اودھ۔ شام شملہ صبح وصل سیر ہمالیہ۔ یادگار شرر نظمیں شایع ہو چکی ہیں نیچرل نظموں کے کہنے میں خاصے مشاق تھے۔ رفتار زمانہ سے بخوبی واقف تھے شعرائے انگلستان کے خیالات کو اُردو زبان میں ادا کرنیکی قابلیت رکھتے تھے اور یادگار شرر سے آپکے حسن لیاقت کا بخوبی اظہار ہوتا ہے۔

ہندوستان میں نیچرل شاعروں کا خاصہ مجمع ہے اور ملک میں ایسے باکمال پیدا ہوتے جاتے ہیں جو شعر کو فلسفیانہ نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں اور اسکی سادگی کو زندہ جادو مانتے ہیں مگر شرر نے تھوڑی سی عمر میں جو زبان اور ملک کی خدمت فرمائی وہ ایسی نہیں جو ادبی دنیا کے دل سے فراموش ہو جائے۔ اصلی نیچرل شاعر وہی ہو سکتا ہے جو پہلے ایشیائی شاعری میں اچھا ملکہ پیدا کرے اور اُسکے بعد ادہر توجہ کرے جو لوگ قدیم شاعری سے متنفر ہو کر جدید خیالات کی جولان گاہ میں قدم رکھنا چاہتے ہیں اُنکی بندشیں بھونڈی ہوتی ہیں خودساختہ الفاظ کے ذریعہ سے نظم کو بدمزہ اور پھیکا بنا دیتے ہیں۔ شرر نیچرل نظموں میں بھی داغ کے ادائے بیان کا لحاظ رکھتے تھے۔ وہ قدرت کی خوبصورتی اور انسان کے اندرونی جذبات کے ادا کرنے میں نہ استعارات کی خار دار جھاڑیوں میں اپنے دامن کو پھنساتے تھے اور نہ عامیانہ تشبیہات کی جانب رُخ کرتے تھے اور نہ الجھی ہوئی ترکیبوں کو استعمال کرتے تھے بلکہ اُنکی سادہ بیانی میں اثر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ غزل قصیدہ نظم جو کچھ کہتے۔ اسمیں دوراز کار مبالغہ اور شوکت الفاظ کے بجائے نیچر کے حقیقی مرقع کو پیش نگاہ رکھتے

اُنکی نظم باسی ہار کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے اور اُنکے اکثر اشعار زبان زد خاص و عام ہیں
انکی غزل کا شعر یہ ہے ؎

وہ ہو جانا دلوں کا نیم بسمل	وہ اُٹھ جانا نگاہِ شرمگیں کا

نگاہ شرمگیں کا اُٹھنا۔ دل کا نیم بسمل اور بیقرار ہو جانا معمولی بات ہے اور اس مضمون پر مختلف شعرا اپنے کرشمۂ خیال کی طاقت دکھا چکے ہیں۔ الفاظ بھی عامیانہ ہیں مگر "وہ" کے اشارے نے شعر میں جان ڈالدی ہے اور ایک سیدھی سی ادائے معشوقانہ کو گرمی ہنگامہ بنا دیا ہے۔ لفظ "وہ" گذشتہ نظر بازیوں کی یاد کو دلوں میں تازہ کر دیتا ہے اور سامع پر عجب کیفیت طاری ہو جاتی ہے اسی طرح شررؔ کے اکثر اشعار میں بھی میٹھی چھریاں موجود ہیں جو دلوں کے زخموں کو چھیڑتی رہتی ہیں۔ انھوں نے عین عالم شباب میں اپنی موت کی چنگاری سے دوستوں کا دل جلایا مگر منشی مظفر حسین خاں شاہ آبادی نے انکے اوراق پریشاں کو جمع کر کے سوختہ دلوں کے لئے مرہم کا کام کیا۔ انتخاب یہ ہے

عجب تھا حال شب کو اس حسیں کا	اُڑا تھا رنگ روئے آتشیں کا
غبار خاکِ عاشق ہو نہ برباد	بنے پردہ کسی محمل نشیں کا
جگر میں ہے جلن تو دل میں سوزش	اثر ہے ہمنشیں پر ہمنشیں کا
شررؔ کو کھو دیا دونوں جہاں سے	نہ رکھا ہائے دل تو نے کہیں کا
جو رنج دیتے ہیں اللہ انکو خوش رکھے	ہم اپنے منہ سے کسیکی کریں بُرائی کیا
نہیں آتا یقیں وعدوں کا مجھکو	ملا ہے رنگ کچھ ہاں میں نہیں کا
چلے بدنام ہو نے حضرتِ دل	ہُوا دیکھو ارادہ پھر وہیں کا
بُرا کون کہتا ہے تجھکو محبت	مگر تیرا انجام اچھا نہ دیکھا
ستم کر گئیں تیری نیچی نگاہیں	کہ دیکھا تو اس طرح گویا نہ دیکھا
سنا مر گئے اُن پہ اغیار لاکھوں	نکلتے جنازہ کسیکا نہ دیکھا
یہ کیا موقعہ ہے آنیکا ہم آغوشی ہے خلوت ہے	کہو شرم و حیا سے جائیں پردہ ہو نہیں سکتا

یہ حضرتِ شرر ہیں زمانے کے چال لئے
پس فنا ہوئے یوں لطف وصل کے حال
یاد پھر اگلی محبت کی ہے پنہاں دل میں
یا دبی اپنی خدا کے لئے لیتے جاؤ
میرے مرنے سے ہوا حسن تمہارا مشہور
ہو بات نئی تیرے ہر انداز و ادا میں
کہتے ہیں وہ آنچل کو اڑا دیتی ہے کمبخت
کچھ شغل جو باقی ہے شرر شغل یہی ہے

آخر لگا ہی لائے اُسے اپنی راہ پر
مزار ہم سے لپٹتا رہا مزار سے ہم
ہر طرف آج قیامت کے ہیں ساماں دل میں
کہ بہت صبر و تحمل ہیں پریشاں دل میں
پھر بھی ہوتی نہیں شرمندۂ احساں دل میں
شوخی بھی مچلتی رہے آغوشِ حیا میں
ہے بات بڑے عیب کی یہ بادِ صبا میں
پی تھوڑی سی اور بیٹھ رہے یادِ خدا میں

شیخ جی میکدے سے نکلے ہیں
فریاد ہیں اثرِ دلِ خانہ خراب ہو
چہرہ کا سرخ رنگ عجب دلفریب تھا
نہیں معلوم کسی یاد دلیں اک نزاکت سی
ابھی تک انتظارِ یار باقی ہے اسے شاید
نہ گھبرا دلِ زارا غم کرتے کرتے
نہ آیا ہمیں ہوش اللہ ری غفلت
شرر چلے دیکھو بتوں کا تماشا
تیرے نقشِ قدم بھی کہتے ہیں
پھرے جاتے ہیں کیوں مرے گھر تک آ آ کر
الٰہی آج دعائیں قبول ہو جائیں
ہم رندِ خرابات ابھی دامن تر کو
کہتے ہیں رو کے نقش پہ تنہا ہو خواب میں

کچھ بغل میں دبائے جاتے ہیں
وہ خود دعا کریں کہ شرر کامیاب ہو
اللہ پھر کسی پہ تمہارا عتاب ہو
کلیجہ مل رہی ہے بار بار آہستہ آہستہ
نکلتی ہے لبوں سے جانِ زار آہستہ آہستہ
وہ اب تھک گئے ہیں ستم کرتے کرتے
تھکے وہ دعاؤں کو دم کرتے کرتے
ہوئی دیر سیرِ حرم کرتے کرتے
ہم ہیں چلتے ہوئے زمانے کے
ستم کرتے ہیں وہ کرم کرتے کرتے
مچل رہی ہیں بڑی دیر سے اثر کیلئے
جاتے ہیں سکھا لائیں گے جنت کی ہوا ہے
ہم بھی تمہارے دل سے فراموش ہو گئے

اچھا نہیں ہے ذکر مے و جام روز کا
واعظ کو دیکھئے کہ وہ مینوش ہو گئے

آج اُن کو منا کے چھوڑیں گے
گدگدا کے ہنسا کے چھوڑیں گے

بزم رنداں میں آئی کیوں تشریف
شیخ تجھکو پلا کے چھوڑیں گے

چار ہونگی نہ وصل میں آنکھیں
آپ پردے حیا کے چھوڑیں گے

ایضاً

آج جب دم صبح کو مرغ سحر نے دی صدا
آنکھ میری کھل گئی میں اپنے بستر سے اٹھا

تھا سہانا وقت چلتی تھی نسیم مشکبو
اور ہی کچھ اُس گھڑی تھی باغ عالم کی ہوا

از سرِ نو پڑ گئی تھی عالم فانی میں جان
پھر صدائیں آ رہی تھیں شب کو سناٹا نہ تھا

نیند پوری ہو چکی تھی جمع تھی ہوش و حواس
ہاتھ منہ دھو کر برائے سیر میں گھر سے چلا

تھے ابھی تک میری دل میں خواب شیریں کے خیال
کر رہا تھا غور اُن پر تھا عجب اُنکا مزا

جا رہا تھا میں اسی حالت میں پہونچا اک جگہ
بام کے نیچے جہاں سے آ رہی تھی یہ صدا

تھی عجب آواز دلکش اُٹھ گئی میری نظر
اپنے دل کو تھام کر میں غور سے سننے لگا

ہار کچھ باسی پڑے تھے اک طرف دیوار پر
با زبانِ حال می کردند این مطلب ادا

دیدۂ عبرت سے دیکھیں سب ہمارا حال زار
پہلے کیا تھے ہم ہماری قدر کیا تھی اب ہیں کیا

باغباں کی کوششوں سے اور امیدوں کیساتھ
پہلے کلیوں سے ہوئی شاخوں میں اپنی ابتدا

پیارے پیارے خوبصورت خوشنما غنچہ تھے ہم
تھا گماں ہر ایک کو ہم پر دہانِ یار کا

سادگی کے ساتھ سبزی اور سفیدی ہم میں تھی
سبزہ فامی نور آنکھوں کی صباحت دلربا

تھی قیامت سادگی سو شوخیاں جن پر نثار
تھی کلی یا سیم تن دوشیزہ ناکتخدا

تازگی اسکی چمک گلگونہ روئے شباب
دیکھنے والوں کے دل سے پوچھئے اسکا مزا

موسم گل کے سبب سے تھا نمو ہر چیز میں
اس لئے لحظہ بہ لحظہ اپنا قد بڑھتا گیا

دستِ گلچیں خود بخود جنبش میں آئے دیکھکر
یہ ہماری خوش نمائی نے اثر پیدا کیا

مالیوں نے قدر دانوں کے لئے توڑا ہمیں
اپنی شاخوں سے جدا ہونا نہایت شاق تھا

خشک ہو جاتے اگر ہوتا نہ کوئی قدرداں
رشتۂ الفت میں ہم سب اک جگہ گوندھے گئے
حسن۔ خوبی۔ خوشنما ترتیب جب آئی نظر
کھل کھلا کر ہنس پڑیں کلیاں مہک پیدا ہوئی
جن کا غنچہ نام تھا اب اُنکو گل کہنے لگے
خوشنما پہلے سے تھی بو باس اب پیدا ہوئی
ہو چکے تھے حسنِ انسانی سے واقف باغ میں
تھا حسینوں تک پہونچنے کا نہایت اشتیاق
مول منگوا لیا اک نوجواں نے دیکھکر
تھا ضرورت سے زیادہ شادیہ رنگیں مزاج
تھا عیاں اسکی نگاہوں سے بلا کا اشتیاق
خانۂ دل محشرِ صد حسرت وصد آرزو
تھا وہ نوشہ پہلی شب کا گھر میں آئی تھی دلہن
ہر طرف جوشِ مسرت ہر جگہ جوشِ طرب
وہ شبِ مہتاب وہ تاروں کی کم کم روشنی
بام تھا خلوت کدہ حسرت نکلنے کی جگہ
جتنی چیزیں تھیں وہاں سب سادہ سادہ صاف صاف
ایک ہلکی سی مسہری اُسپر اک زہرہ جبیں
تھا عرق اسکی جبیں پر شرم سے آنکھیں تھیں بند
اُس پسینہ سے کھلا تھا اور بھی رنگِ شباب
اُف وہ اُسکا حسن اسکی کم سنی اُسکا شباب

خیر قصہ مختصر اُس نے ہمیں یکجا کیا
لطف یکجائی جو پہلے تھا وہی حاصل رہا
بوسے لینے کو بڑھی کس شوق سے بادِ صبا
کھل کے ہر غنچہ دہانِ یار کی صورت کھلا
ہو گئے وہ تھوڑی ہی مدت میں دیکھو کیا سے کیا
ہو گئے وہ تھوڑی ہی مدت میں دیکھو کیا سے کیا
ہم میں سے نرگس نے دیکھا ہم سے سوسن نے کہا
خوبیٔ تقدیر سے آخر ہمیں موقعہ ملا
عشق اور جوشِ جنوں جسکے گلے کا ہار تھا
کھو رہا تھا صاف ہنسنا بے سبب ہر بار کا
سامنے کیا پیاری امیدوں کا تھا نقشہ کھنچا
حسرتوں کے مضطرب ہونے سے وہ بیچین تھا
وہ عروس مہ لقا تھا حسن خود جس پہ فدا
اہتمام جشن ہر سو اور چرچا عیش کا
ہو نہیں سکتی زباں سے اسکی کیفیت ادا
تھی دلہن اسپر عروس مہ جبیں خود نام تھا
واہ کیسا صاف فرش پرتوِ مہتاب تھا
سروقامت سیمتن گل پیرہن نازک ادا
شوخیوں سے بھی زیادہ دلربا طرزِ حیا
ایک تو کندن پھر اُس کندن پہ یہ تازہ جلا
دل مسلنے کے لئے جوبن وہ گدرایا ہوا

راستی قامت کی اعضا کا تناسب بے بدل
قہر تھی اس حسن پر وہ شرم اسکی خامشی
اس سمی کو دیکھکر ہر ایک شے بیتاب تھی
جی میں آتا تھا کہ خود اڑ کر گلے میں جا پڑیں
پہلے دیکھا روئے گلگوں کیطرف پھر شوق سے
سب سے پہلے ہم ہوئے اُس گلبدن سے ہم کنار
مل گئی بوئے عروسی سے ہماری بھی مہک
زینتِ آغوش تھے ہم اور سینہ کی بہار
ہم کناری کی کشاکش نے کیا کیا کیا ستم
بھول جائے لاکھ کوئی یاد ہوگا ماہ کو
رات بھر ہم سے اٹھایا لطف جب آئی سحر
توڑ کر پھینکا ذرا پروا نکی اس بات کی
وہ تو کہئے خادمہ نے قدردانی اتنی کی
الغرض خوشبو رہی جبتک ہماری قدر تھی
ہائے دیکھئے تھوڑی سی مدت میں کیا کیا انقلاب

سُرمگیں آنکھیں لب رنگیں وہ نازک دست و پا
سحر تھی نیرنگ تھی افسوں تھی اُسکی ہر ادا
لوٹتا بیجا نہ تھا کچھ پرتو مہتاب کا
اتنے میں وہ نوجواں جو ہم کو لایا تھا اُٹھا
لے لئے دو چار بوسے اور ہمیں پہنا دیا
سب سے پہلے ہم نے لوٹا اُسکے جوبن کا مزا
منتشر خوشبو ہوئی فردوس کا در کھل گیا
رنگ تھا اپنا کہ سونے پہ سہاگا ہوگیا
دیکھئی لیس پیں کے ہم پر اور نہ کچھ منہ سے کہا
کیا ہوا ہر تاؤ ہم سے اور ہم نے کیا کیا
اور ہم میں سے ہر اک کملا گیا مل دل گیا
یہ گلے کا ہار تھا اسکو جدا ہم نے کیا
اپنے جوڑے سے لپیٹا یہ کرم ہم پر کیا
ہم ہیں یا دیوار ہے کوئی نہیں اب پوچھتا
رنگ ہی تغیر ہے اس عالم ایجاد کا

گر پڑینگے خاک پر مل جائینگے ہم خاک میں
ہونے والا ہے یہی اک دن نتیجہ عشق کا

شرر

شرر۔ نواب حاجی سید سلطان علیخاں خلف نواب سید قاسم علیخانصاحب لکھنوی۔ آپ ذی علم اور عالی خاندان تھے۔ سرکار انگلشیہ کیطرف سے کچھ وثیقہ مقرر تھا۔ ذکی الطبع۔ روشن خیال ہونیکے سوا منکسر المزاج اور حلیق تھے۔ فن شاعری میں دستگاہ کامل تھی۔ زبان کی لطافت اور بندش کا حسن دونوں مل کر کلام میں مے دو آتشہ کا لطف دیتے ہیں۔ ٹکسالی محاورات باندھتے

تھے۔ آپ حضرت جلال لکھنوی کے عزیز شاگرد تھے۔ باوجود گوشہ نشینی انکے مشاعروں میں حضرت جلال خود شریک ہوا کرتے تھے۔ کچھ دن ہوئے کہ انتقال ہوگیا پچاس یا ۵۵ برس کی عمر پائی۔ کلام یہ ہے سے

پھر خیالِ ستم و بانیِ بیداد آیا
کچھ تو باعث ہے کہ میں آج تجھے یاد آیا

نصیب ہوگا نہ دیدارِ گل بھی بلبل کو
لیا اجارہ جو گلچیں نے اب کے گلشن کا

غصہ بھی عنایت بھی لگاوٹ بھی ادا بھی
دل لینے میں تمسا کوئی اُستاد نہ ہوگا

پسِ فنا بھی نہ کچھ سوزِ عشق کام آیا
چراغ اس سے ہماری لحد کا جل نہ سکا

رنگ لائی ہے مری مہر و وفا میرے بعد
ترک ظالم نے کئے جور و جفا میرے بعد

ذرا پیکاں سے کہدے اپنے قاتل
رہے دل میں ہمارے گھر سمجھکر

مذمت مے کی آگے میکشوں کے
ذرا واعظ سرِ ممبر سمجھکر

جھکا پڑتا ہے ساقی دل ہمارا
نشیلی آنکھ کو ساغر سمجھکر

سر پھرا جاتا ہے سُن سُن کے نصیحت تیری
مجھکو سمجھائیگا اے ناصحِ ناداں کب تک

قفس کے چاک شاید چاک صیاد کرتے ہیں
کہ مرغانِ قفس جی کھول کر فریاد کرتے ہیں

نہ آئی کوئی ہچکی بھی کبھی صحرائے غربت میں
ہمارے ہم وطن دیکھیں ہمیں کب یاد کرتے ہیں

دل بیتاب سے میرے وہ کہتے ہیں شبِ فرقت
ٹھہر تدبیر تیری ہم بھی اے ناشاد کرتے ہیں

نہ خلوت میں مقام انکا نہ وہ محفل میں رہتے ہیں
خدا جانے کہاں رہتے ہیں کسکے دل میں رہتے ہیں

کبھی چہرہ سے ہو جاتے ہیں ظاہر گاہ آنکھوں سے
نہاں رازِ محبت کب کسی کے دل میں رہتے ہیں

اُلجھائینگے تجھے ابھی دستِ جنوں بہت
باقی جو چند تار مرے پیرہن کے ہیں

آتی نہیں ہے نیند شبِ ہجرِ یار میں
آنکھوں کو کیا یہ روگ لگا انتظار میں

کرے جو سینہ کے اندر جگر کے سو ٹکڑے
سوائے تیغِ ادا یہ کسی کا کام نہیں

دیتے ہو کس کو تسلی سینہ پر تم رکھ کے ہاتھ
آنسوؤں میں خون ہو کر بہ گیا اب دل کہاں

یہ کہہ کے اور مرا دل دکھائے دیتے ہیں
کسی سے دل نہ لگا، جتائے دیتے ہیں

ادھر تیر آپ نے جوڑا کماں میں
ادھر تھا مرغ جاں صید آشیاں میں

کچھ اس ادا سے گلے پر چلا ہے بسمل کے
دعائیں زخم جگر دے رہا ہے خنجر کو

دیکھئے اپنے تماشائی کی حیرت اک نظر
دیکھوں تو پھر دیکھتے ہیں آپ کیونکر آئینہ

شیشہ ساقی کی بغل میں ہاتھ میں پیمانہ ہے
ناز معشوقانہ میں ہر اک ادا مستانہ ہے

بعد میرے بزم مے نوشاں میں اُڑتی ہوگی خاک
مجھ خراباتی کے دم سے رونق میخانہ ہے

کہتی ہے ہمت بٹھا دیتی ہے جب منزل میں پا
دو قدم بس اور باقی یار کا کاشانہ ہے

نہ مٹانے سے مٹا بخت کا لکھا اپنے
آستاں پر ترے کی لاکھ جبیں سائی بھی

آنکھ اٹھا کر ترے بیمار نے دیکھا نہ کبھی
حور بنکر سر بالیں جو قضا آئی بھی

تیرے پیکاں نے کئے سینے میں رہ کر دو کام
کاہش جان بھی ہوا دل کی توانائی بھی

کیا گلہ ناز و ادا سے جو کیا قتل اُس نے
لب جاں بخش میں ہے اُنکے مسیحائی بھی

اُف ری بیدردی عجب انداز معشوقانہ ہے
درد دل کہتا ہوں میں تم کہتے ہو فسانہ ہے

لگا دے تیر اک ایسا نہ جائے جس کی خلش
کوئی تو دل کے بہلنے کا مشغلہ ہو جائے

فرقت میں تیری تڑپے نہ نالہ کرے کوئی
اچھا تُمہی بتا دے کہ پھر کیا کرے کوئی

جب خوں بہا طلب دل خوں گشتہ کا کیا
بولا کہ جا کے حشر میں دعوے کرے کوئی

دعوے یہ کیوں کرے کہ مسیحائے وقت ہوں
بیمار عشق کو جو نہ اچھا کرے کوئی

نہ لائی کچھ خبر اُس بے خبر کی
بڑی غفلت ہے آہ بے اثر کی

حضرت دل نذر دلبر ہو چکے
ہاتھ اپنی جان سے ہم دھو چکے

شررؔ - صاحبزادہ وجیہ الدین خاں مرحوم - از خاندان نواب جاورہ - جوان شگفتہ طبع نازک خیال شاعر تھے حسن ظاہری کے سوا خلیق بھی تھے - فن شعر میں حضرت داغ دہلوی سے تلمذ تھا - افسوس ہے کہ عین عالم شباب میں انتقال کیا - کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

شرر

جان ہے یہ دلی والوں کی خدا رکھے اسے
سخت جاں ہوں یہ تقاضا ہی مری فریاد کا
میرے نالہ پہ ہنس رہے ہو یہ کیا
میں نے ناحق وفا کا نام لیا

داغ کے دم سے ہے اب شہرہ جہاں آباد کا
حلق پر رکتا ہوا خنجر چلے جلاد کا
کہیں یہ کار گر نہ ہو جائے
اب کوئی میرے سر نہ ہو جائے

شرر۔ سخن سنج صاحب ہنر مولوی علی بخش خانصاحب شرر ولد سلطان بخش مرحوم۔ مولوی اکرم اللہ محشر بدایونی مصنف تاریخ روضۃ الصفا آپکے اجداد میں تھے۔ آپنے اپنی ذکاوت۔ قدرتی ذہانت کی وجہ سے سرکاری ملازمت میں عہدۂ صدر اعلی حاصل کیا۔ پھر پنشنر ہو گئے۔ کچھ دنوں علم جفر۔ رمل نجوم۔ وغیرہ سے بھی شوق رہا۔ پھر اس شغل کو شرع اسلامیہ کے مطابق ناجایز سمجھکر چھوڑ دیا۔ سرسید احمد خاں مرحوم سے دینی عقائد میں اختلاف تھا۔ انکی رد میں بھی کئی کتابیں لکھی ہیں جو اہل مناظرہ اور صاحبان مباحثہ میں مشہور ہیں۔ ایک عاشقانہ دیوان مطبع اسعد الاخبار آگرہ میں شایع ہوا تھا۔ مگر اُسکے بعد عشقیہ شعر گوئی سے متنفر ہو گئے۔ دنیاوی جاہ و منزلت ثروت کے لحاظ سے آپ اپنے خاندان میں مقتدر اور اپنے قصبہ کے اُن اشخاص میں سے تھے جنہوں نے ذاتی ہمت و قابلیت سے عزت اور ناموری حاصل کی ہو۔ ۱۸۸۱ئہ کے قریب انتقال ہوا۔ متقدمین شعرا کے رنگ میں شعر کہتے تھے۔ مگر کلام لطف سے خالی ہوتا تھا۔ زبان میں صفائی اور سادگی تھی۔ لیکن طبیعت بلند۔ فکر رسا تھی۔ مولوی یعقوب بخش راغب آپکی قابل یادگار ہیں۔ انہوں نے جو کلام روانہ کیا ہے۔ اسکا انتخاب درج ہے۔

جلوہ ہے لب بام جو اُس رشک پری کا
غم کھانے سے دل سیر ہمارا نہیں ہوتا
ہم اور رقیبوں کی شب و روز خوشامد
ہے فکر کہ پھر مشق جفا کس پہ کرینگے
لطافت اُسکے بدن میں ہے آئینہ سے سوا

خورشید یہ عالم ہے چراغ سحری کا
تھوڑی سی غذا پیٹ تو گذارا نہیں ہوتا
کیا کیا تری خاطر سے گوارا نہیں ہوتا
مرنا بھی مرا اُن کو گوارا نہیں ہوتا
کہ دل کا راز بھی ہے دو سے عیاں ہوتا

پیر مغاں نے مجھکو پلائے ہیں خم کے خم
حقیقت کھل گئی جب وہ ہی چسکی میں ہوا خالی

لینے پائے تھے زباں سے نہ ترا نام تمام
نامہ بر جا نہ سکا ختم نہ تقریر ہوئی

عجب نہیں ہے جو عزت یہ انکی حرف آئے
خماری انکھڑیاں جھپکیں نہ کیونکر پا بن عارض کے

خفا ہیں آدمی بھی انکے جب جاتا ہوں کہتے ہیں
یہ ابرو جو دنبالہ ہے اُسکی چشم کیفی میں

کیا ہے خواب و بیداری میں وعدہ کسنے آنے کا
شرر بدمست ہوں منکر نکیر آئے ہیں مرقد میں

قیامت آئے جو مسجد میں وہ قیام کریں
اگرچہ وعدہ کیا زلف و رخ دکھانے کا

غضب ہے ہم تو جلیں شمع ساں گھڑی جھپکی
میکدہ میں بن کے بیٹھا ہے شرر پیر مغاں

مہرباں یار رہے کام کسی سے کیا ہے
ضعف سے پانوؤں پہ سر آیا ہے آہ

پھر چھپے آنکھوں سے وہ رخ اور زلف
گرد اُن آنکھوں کے جو ہیں وہ مژہ

میکدہ کو جو کوئی جائے شرر
لیا تھا بوسہ کبھی اُسکی مست آنکھوں کا

خیال خال سے آنکھوں میں روشنی آئی
مرشد نے ظرف دیکھ لیا ہے مرید کا

ہمارا زخم دل ہنسنے لگا ظرف نمکداں پر
لب تک آنے بھی نہ پایا کہ ہوا کام تمام

عمر گذری نہ ہوا وصل کا پیغام تمام
نہ پوچھو ہم سے جہاں ہم شرر کو دیکھتے ہیں

قریب صبح اکثر مردم بیمار سوتے ہیں
چلو رخصت ابھی فرصت نہیں سرکار سوتے ہیں

حرم میں پانوں پھیلائے ہوئے میخوار سوتے ہیں
کہ سو سو بار ہم اُٹھتے ہیں سو سو بار سوتے ہیں

وہ اپنا مغز خالی کرتے ہیں اور یار سوتے ہیں
نماز پڑھ لے جو زاہد تو ہم سلام کریں

مگر یہ دیکھئے کب تک وہ صبح و شام کریں
رقیب آپکی محفل کا انتظام کریں

جائے مسجد میں ابھی تو پارسا معلوم ہو
اے حضرت شرر ناصح کو خفا ہونے دو

ہو گئے نالوں سے ہم اپنے تباہ
دیکھئے مجھکو یہ روز سیاہ

آئی ہے کعبہ کو بھی گھیرے سیاہ
شیخ سے مستی میں وہ پوچھے ہے راہ

تمام عمر اسی کا رہا سرور مجھے
ہوا ہے یار کا تل پتلیوں کا نور مجھے

غیر ممکن ہے کہ اُس بت سے جدائی ہوجائے
اُلجھ پڑتے ہیں جو زاہد شراب خواروں سے
ہوتے ہیں ناحق وہ خفا دیکھئے
ساقی تو بھر دے میرے پیالے کو ننگ سے
ہمارے دل میں لہے داغِ آتشیں بھی ضرور
ہے غضب غیر نہیں میرے دلِ سوزاں پر

اسمیں گو ہم سے خفا ساری خدائی ہوجائے
ہوئی ہے کیا حرکت ان بزرگواروں سے
دیکھا ہے کب ہم نے بھلا دیکھئے
گھری چھٹنے لگی آج کسی سبزۂ رنگ سے
چراغ چاہیئے اک خانۂ خدا کے لئے
گھر کسی کا جلے اور دیکھے تماشا کوئی

شرر۔ منشی محمد ایوب شرر دہلوی تلمیذ راسخ دہلوی زبان میں شیرینی اور کلام میں شوخی و رنگینی ہے۔ چند اشعار انکے درج ذیل ہیں ؎

لے عدو کوچۂ قاتل میں اگر جائے گا
چھپایا میری نظروں نے کسی کے روئے روشن کو
ہمارے دل میں کیا ممکن خیالِ غیر آجائے
جس نے بھینکا سنبھالا یار نے
کٹیں گے کسطرح پر زیست کے دن سخت مشکل ہے
یہ ہوس ہے یہ تمنا ہے یہ ارماں ہے مجھے
تم سے تو وضعدار تمہارا خیال ہے
ابھی آئے ہو ذرا ٹھہر و چلے بھی جانا

کانپ اٹھیگا دل جائے گا مرجائے گا
الٰہی آتشِ حسن بتاں لگجائے چلمن کو
غضب ہے انجمن میں آپکی ہو دخل دشمن کو
صدقے ایسی گردشِ ایام کے
نہ تیری تیغ ملتی ہے نہ تو بسمل سے ملتا ہے
مری تربت ترے قدموں تری ٹھوکر میں رہے
اس بیکسی میں ساتھ نہ چھوڑا کمال ہے
ہر گھڑی تم کو تو جانے کی پڑی رہتی ہے

شرر۔ جناب منشی عزیز احمد خانصاحب عرف پھول خاں صاحب شرر خلف منشی گلاب خانصاحب متوطن ریاست چرکھاری ملک بندیل کھنڈ۔ پہلے احقر تخلص تھا۔ اب کچھ عرصہ سے شرر ہے۔ ریاست چرکھاری کے شعرا میں پرگو اور مشاق سمجھے جاتے ہیں۔ غزل پڑھنے کا انداز نہایت دلکش ہے۔ مولانا سید نذیر حسن فتنہ سے تلمذ ہے۔ کلام میں سلاست و متانت کیساتھ زبان بھی موجود ہے۔ تعقیدات اور حشو سے اجتناب کرتے ہیں۔ منتخب کلام

صاف اور اچھا ہوتا ہے۔ بارہ پندرہ برس سے شعر کہتے ہیں۔ فی الحال ریکارڈ ہاؤس حیدرآباد میں کلرک ہیں۔ کلام یہ ہے ؎

ہوگیا ہے اُس پری پیکر سے یارانہ مرا
دل کا دیوانہ ہوں میں اور دل ہے دیوانہ مرا

مجھسا محروم ازل ہوگا نہ کوئی دردمند
مدتوں روئے فلک سُن لے جو افسانہ مرا

شمع ساں جلتا ہی داغ ہجر جاناں کا چراغ
اس سیہ بختی میں بھی روشن ہے کاشانہ مرا

عشق میں خانہ خرابی گر یوں ہی بڑھتی گئی
قیس و لیلےٰ سے بھی بڑھ جائیگا افسانہ مرا

لینا ہے گر تو لے بھی لے باغ سخن کے پھول
گلچیں کہاں ملیں گے مرے چمن کے پھول

اِک گلبدن کے عشق میں مرکر بھی ہے بہار
اور کفن کے ہار ہیں اندر کفن کے پھول

صحن چمن میں پڑھتی جو ہیں بلبلیں درود
ہیں آج کس شہید غریب الوطن کے پھول

زخم جگر رہے ہیں ہمیشہ ہرے بھرے
کملائے آج تک نہ ہمارے چمن کے پھول

بتوں کی بیوفائی نے یہاں تک پانوں پھیلائے
نہیں ثابت قدم رکھا کسی کے عہد و پیماں کو

پھیلی دشت میں جب دم مجھے وحشت میری
پانوں پڑنے لگی زنجیر کے قسمت میری

اُس نے جب پیار سے چھیڑا ہی عدو کو سر بزم
پھوٹ کر روئی ہے ناکامی قسمت میری

جب کہیں ساغر ملا ہاتھوں سے گر کر چور تھا
ہر جگہ نادم کیا پھوٹی ہوئی تقدیر نے

زندگی دم مرگ اب احقر اسی کے ہاتھ ہے
کوئے قاتل تک تو پہنچا دیا تقدیر نے

شرر۔ جناب منشی عبدالکریم صاحب پھولپوری الہ آبادی شاگرد جناب امیر مینائی۔ صاف اور سیدھا شعر کہتے ہیں۔ بناوٹ اور تصنع کا نام نہیں۔ اچھی طبیعت ہے ؎

تو حسن میں خوبی میں کہیں اُس سی سوا ہے
دیکھا ہے تجھے حضرت یوسف کو سنا ہے

اس ابر میں پرہیز تجھے مے سے ہے زاہد
پی لے ارے کمبخت کہ ایسے میں روا ہے

کچھ دوست سے امید نہ اندیشۂ دشمن
ہوگا وہی جو کچھ مری قسمت میں لکھا ہے

شرر۔ جناب منشی سید عبدالعلیم صاحب ۱۸۷۶ء میں شہر ترچناپلی احاطہ مدراس میں پیدا

ہوئے آجکل چکل گوڑا سکندر آباد میں رہتے ہیں۔ آپکے والد بزرگوار ۳۰ رجمنٹ مدرسہ میں مدرس تھے۔ ۲۰ برس کی عمر میں شعر گوئی کی جانب راغب ہوئے۔ ابتدا میں مولانا تسنیم مدراسی کو اپنا کلام دکھایا پھر ترکی صاحب کی وساطت سے حضرت ظہیر دہلوی مرحوم کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہوگئے اور اب انکے ارشد تلامذہ سید نادر علی برتر کو اپنا کلام دکھاتے ہیں غزلیات کا انتخاب یہ ہے

آئینہ کی طرح صورت آشنا ہی کہیں
ہر دل صافی میں جلوہ ہے جمال یار کا

یہ بدگمانی الفت بھی کیا بُری شئے ہے
جو بے حجاب ہوئے تم مجھے حجاب ہوا

کریم سے ہو کسی بدنصیب کو کیا فیض
شرر نہ آب سے پُر کاسۂ حباب ہوا

اللہ ری شوخی جوانی
چلتا نہیں زور کچھ حیا کا

شوخی نے کیا جو انکو بے باک
منہ تکنے لگی حیا حنا کا

وہ کوسنے دے کے مجھے بولے
اب ہوگا اثر تری دعا کا

صیاد کیوں خفا ہے ابھی سے ہزار پر
نکلے قفس میں ہیں ابھی دو تین چار پر

وہ مست ناز مست نشۂ حسن و جوانی ہے
نظر آتی نہیں توبہ کی خیر پینے والوں میں

یہ کس بے رحم کی قسمت جگائی رات بھر تو نے
یہ کیسے نیل کے دھبّے پڑے ہیں گوری گالوں میں

نہ دو چھینٹے نہ دو کوثر کے مجھکو حضرت واعظ
خبر بھی ہے تمہیں ڈوبا ہوا ہوں کن خیالوں میں

تمنا لیکے جاتے ہیں نہ حسرت لیکے جاتے ہیں
فقط سینے میں اپنے داغ فرقت لیکے جاتے ہیں

بنا ہے یہ تحیر گاہ عالم آئینہ کس کا
جو دل دینے کو آئے تھے وہ حیرت لیکے جاتے ہیں

تصدق میں اس تیری دریا دلی کے
یہ تھوڑی سی کیوں ساقیا مل رہی ہے

مری آہ پر چیخ اٹھتا ہے کوئی
کہ یا رب اثر سے دعا مل رہی ہے

کاہشوں پر بھی ترقی ہے ہجوم و یاس کی
رنج و غم دل میں امیدوں سے سوا ہونے لگے

انہیں سوجھی ہے پھر مشق جفا کی
یہ کس نے میرے جینے کی دعا کی

شرر

شرر ۔ مولوی رضی احمد صدیقی خلف مولوی رفیع احمد صاحب عالی وکیل بدایوں ۱۲۹۶ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۸ء سے پولیس کے صیغہ میں ملازم ہو گئے۔ قیام شاہجہانپور میں شاعری کا شوق ہوا مگر اصلاح کسی سے نہیں لی مذاق سلیم خود رہبر ہو گیا۔ اب ضلع اناؤ اودھ میں کورٹ انسپکٹر ہیں۔ خندہ رو۔ خوش سلیقہ ہیں۔ معاملات میں سوجھ بوجھ اچھی ہے اور فن سراغ رسانی میں اعلیٰ درجہ کی قابلیت ہے۔ شعر پر لطف اور بامزہ کہتے ہیں۔ کلام میں صفائی زبان کا خیال رکھتے ہیں اور مضامین بھی دلستاں ہیں اور بندشیں شستہ و دلنشیں ہیں۔ جو غزلیات راقم تذکرہ کو ہنگام نظر ثانی تذکرہ بھیجیں انکا انتخاب ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے پیش کش ہے۔

وہ وعدہ ہائے امید آفریں قیامت ہیں
نگاہیں ڈھونڈتی ہیں عہد عیش ماضی کو
صبر آزما جو حوصلۂ ضبطِ راز تھا
کعبہ کی قید وسعتِ مشرب نے توڑ دی
دیوانگیٔ عشق نے ڈھانکے تمام عیب
تھا ذرہ ذرہ مرکزِ جذبِ نگاہِ شوق
یہ پردہ شوخیٔ برق تجلی کا غنیمت ہے
جلوہ دکھا دو حسنِ حقیقت طراز کا
رہتا نہیں ہے عشق میں فرق امتیاز کا
بزم حسن و عشق کا نقشہ بدل کر رہ گیا
نابلد منزل سے حسرت پاؤں غلبہ شوق کا
کون ہے زنداں میں اب آزاد کرتی ہو جسے
عروجِ شانِ عاشق ہے ذلیل و خوار ہو جانا

خوشی تو کیسی غم جاوداں نہیں ملتا
وہ دن وہ وقت وہ رت وہ سماں نہیں ملتا
پیغام مرگ ہر نفس جاں گداز تھا
ہر ذرہ سجدہ گاہِ جبینِ نیاز تھا
دامن کا چاک پردہ اٹھائے راز تھا
کیا دلفریب نقشِ طلسمِ مجاز تھا
رہے گا ہوش پھر کسکو اگر تو بے نقاب آیا
کب تک رہے گا پردہ طلسم مجاز کا
محمود بندہ ہے خم زلف ایاز کا
شمع جھلکر رہ گئی پروانہ جل کر رہ گیا
دو قدم میں ساتھ ہر رہرو کی چل کر رہ گیا
ایک ڈھانچہ ہڈیوں کا تھا کہ گل کر رہ گیا
محبت کیا ہے پابند رضائے یار ہو جانا

دمِ عرضِ تمنائے نگاہِ شوق کام آنا
زبانِ التجا بننا لبِ گفتار ہو جانا

فلک سے انتقامِ کج ادائی آج لینا ہے
ذرا دم بھر کو سیدھی اپنی نگاہِ یار ہو جانا

یہ کیا ہے سامنے سے آئینہ دم بھر نہیں ہٹتا
کہیں خود ہی محوِ جلوۂ رخسار ہو جانا

بے کہے شمع صفت سوزِ دروں ظاہر ہے
کام دیتی ہے خموشی مری گویائی کا

یادِ جاناں سے ہے رضی انجمن افروز خیال
بزمِ فردوس ہے گوشہ مری تنہائی کا

موت ہے نشۂ ہستی کا سوا ہو جانا
زندگی کیا ہے محبت میں فنا ہو جانا

شعلۂ طور کو ہے جلوہ فرسائی کی ہوس
چاہتا ہے ترا نقشِ کفِ پا ہو جانا

بزمِ دشمن سے تم اور رات کو اٹھ کر آتے
وقت کی بات تھی نالہ کا رسا ہو جانا

وجہِ جمعیتِ خاطر ہے پریشاں ہونا
سر و ساماں ہی مرا بے سر و ساماں ہونا

سخت جاں ہوں میں چھری کند ہے قاتل نازک
سخت مشکل مری مشکل کا ہے آساں ہونا

سیدھی بھی کی نگاہ تو بسمل بنا دیا
آنکھوں نے اور بھی تمہیں قاتل بنا دیا

تیغ کھینچے بھی نہ پائی تھی کہ بسمل ہو گیا
میں شہیدِ خنجرِ اندازِ قاتل ہو گیا

تم کو تو شوخیوں سے نہیں ایک جا قرار
کس پر پڑے گا صبر دلِ بے قرار کا

آتا ہے وہم رات کو جاگے نہ ہو کہیں
کچھ چشمِ شرمگیں میں اثر ہے خمار کا

ذرہ ذرہ میں فروغِ جلوۂ جانانہ تھا
دیدۂ حق بیں میں یکساں کعبہ و بتخانہ تھا

شرحِ رازِ دردِ دل تھی حالتِ ہنگامِ نزع
اک نگاہِ حسرت آگیں میں تمام افسانہ تھا

قید کیا دیر و حرم کی مشربِ عشاق میں
جس جگہ تھی شمع گرمِ سوختن پروانہ تھا

مجھے طرزِ ادائے شوخیِ قاتل پسند آیا
کہ اسکو شیوۂ بے تابیِ بسمل پسند آیا

قطعِ تقریبِ عیادت کی بھی امید ہوئی
ہو گیا اور بھی بیمار میں اچھا ہو کر

کچھ دمِ سرد ہے کچھ نالے ہیں کچھ آہیں ہیں
ہیں غرض ایسے ہی ٹکڑے مرے افسانے میں

اختلافِ نظرِ شیخ و برہمن کا ہے فرق
ورنہ کعبہ میں جو ہے ہے وہی بتخانے میں

نہ پھڑکا شمع کے گرد آکے بھولے سے بھی پروانہ
اُسے بھی دیو دیا رو رو کے ماتم کے بہانے سے

امید و آرزو شوق و تمنا حسرت و ارماں
تمہیں جو جان کہا مدعی نے کیا سمجھے؟

مری تسلی کو پیغام بر نہ کہتا ہو
بل جو ابرو میں ہیں وہ خنجر براں میں نہیں

صبر کی ہوتی ہے عاشق کو شب غم تاکید
ٹھہرنا آنکھ مشکل ہے فروغ حسن کی باعث

سنا کرتے ہیں آئیگی قیامت آ نہیں سکتی
دل ترے صدقے کہ ایجان مرادلدار ہی تو

کوئی نیرنگ محبت کا تماشا دیکھے
کچھ دیر نہیں لگتی نظر پھیرتے تم کو

ہم حشر میں خوش ہیں کہ وفا ہوتا ہے وعدہ
گالیاں لب پہ دم ذبح ہوں تکبیر کیساتھ

جی بہلنے کی شب ہجر یہی صورت ہے
ذرہ ذرہ کو ترے جلوہ کا مظہر پایا

بدلہ دنیا ہی میں لے لیتا ہے عشرت کا فلک
اے عدو لطف ہو دو دن کو اگر مل جائے

صلائے عام ہے صیاد و برق و صرصر کو
قفس تک آئے جو اُڑ کر چمن سے کچھ تنکے

ہوش گم کر دئے ایسے تری زیبائی نے

اُٹھایا پردۂ رخسار جب سے تم نے محفل میں
ہمارے خون کا دھبا تھا جو دامان قاتل میں

بسی ہی عشق کی دنیا مری اُجڑے ہوئے دل میں
یہ مدعا ہے تمہارا کچھ اعتبار نہیں

وہ اور آئیں یہاں مجھکو اعتبار نہیں
نوک جو تیر مژہ میں ہے وہ پیکاں میں نہیں

آپ اُس بات کو کہتے ہیں جو امکاں میں نہیں
تمہاری بے حجابی کو بھی ہم پردا سمجھتے ہیں

اُسے بھی ہم تمہارا وعدۂ فردا سمجھتے ہیں
دل سے میں صدقے کہ ہی تیری تمنا دیں

دل تری زلف میں ہے زلف کا سودا دلیں
قسمت ہو پلٹنے میں بدلنے میں ہوا ہو

وہ کہتے ہیں ہم اب بھی مکر جائیں تو کیا ہو
تیز ہاں تیغ زباں بھی رہے شمشیر کیساتھ

رات بھر رہتی ہیں باتیں تری تصویر کیساتھ
ہر ورق میں نظر آئی تری تصویر مجھے

خواب میں خواب کی ملجاتی ہی تعبیر مجھے
میری تقدیر تجھے اور تری تقدیر مجھے

کس طرح ڈال رہا ہوں میں آشیانے کی
نظر میں پھر گئی تصویر آشیانے کی

کچھ نہ دیکھا ترے جلوہ کے تماشائی نے

دَیر تک لا کے ملا دی ہے حرم کی سرحد
پرتو مہر جمالِ یار عالم گیر ہے
کچھ تو آتا ہے شبِ غم میرے بستر پر نظر
ہے بقا کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہستی مری
سوزِ دل سے ہر نفس شمع جہاں افروز ہے
اک نگاہِ ناز کی گردش خمار آموز ہے
اُٹھ گیا یہ پردۂ حائل بھی جب میں اُٹھ گیا
دلائے ساقیٔ کوثر میں دل کو جوشِ مستی ہے
نئی اک ایک دنیا دل کے ہر ذرہ میں بستی ہے
ملا ہے لامکاں کا صحن بھی اے وسعتِ ہمت
کبھی اے مسکرا کر جانے والے اسطرف ہو جا
سرِ محفل نقاب الٹی ہے کس ذی روئے روشن سے
سکونِ ضبط میں پوشیدہ اندازِ فغاں تک ہے
ستم ہے مجھکو تڑپا کر کسی کا ناز سے کہنا
غرض کیا دیر سے مجھکو حرم سے مجھکو کیا مطلب
نہ پوچھو جوشِ خونباری اسیرانِ ستم کش کا
اسی سے اوجِ شانِ مرتضیٰ معلوم ہوتا ہے
بجا ہے کوچۂ دشمن میں شب کو تم نہیں آئے
مصیبت میں ہے دل اے دیکھو تو میں ہوں حضرتِ ناصح
فلک کو یہ سلیقہ ظلم کرنے کا کہاں تو بہ
غصہ اُترا تو سنورتے رہے گیسو شبِ وصل

تیری خود رفتگیٔ شوق جبیں سائی نے
جتنے آئینے ہیں سب میں ایک ہی تصویر ہے
دیکھ تو اے ضعف میں ہوں یا مری تصویر ہے
بیخودِ ذوقِ فنا ہوں اے خوشا مستی مری
قدر لازم ہے تجھے اے محفلِ ہستی مری
بے نیازِ دورِ ساغر ہے نسیہ مستی مری
اک حجابِ جلوۂ محبوب تھی ہستی مری
تصدق جس پہ ہو تقویٰ وہ مری مَے پرستی ہے
یہ دو حرفوں کا مجموعہ کتابِ رازِ ہستی ہے
بئے ذوقِ تماشا کم فضائے بزمِ ہستی ہے
کہ مری قبر دو پھولوں کو مدت سے ترستی ہے
الٰہی آج کیوں برہم نظامِ بزمِ ہستی ہے
مری حدِ خموشی وسعتِ حسنِ بیاں تک ہے
ذرا ہم بھی تو دیکھیں ضبط کی طاقت کہاں تک ہے
مری معراجِ سجدہ تیری سنگِ آستاں تک ہے
رواں اک سیلِ اشکِ خوں قفس سے آشیاں تک ہے
وہ بندہ ہے نصیری کو خدا معلوم ہوتا ہے
ذرا دیکھو یہ کس کا نقشِ پا معلوم ہوتا ہے
تمہارا کیا ہے تم کو کیوں بُرا معلوم ہوتا ہے
پسِ پردہ کوئی کافر ادا معلوم ہوتا ہے
نکلے ابرو سے جو بل زلفِ معنبر میں رہے

مسل کر کچھ دم گل گشت ابھی پھینکا ہی تھا چٹکی سے
کیا آسودۂ ذوقِ تن آسانی نقاہت نے

موج زن دل میں ہے اک جذبۂ ناکام ابھی

تم اٹھا دو جو نقاب اپنے رخِ روشن سے
دیکھی جائیگی سرِ حشر جو کل گذرے گی

دم آخر ہے انہیں دیکھ لوں کچھ کہہ سن لوں

اک نوائے درد تھی آہنگِ سازِ زندگی
شمع سے سن قصۂ سوز و گدازِ زندگی

حسرت جلوۂ عارض نے ندی رخصت دید

ہوں محو ذوقِ غرقِ فنا بر سبیل سیر
تاب آزما ہے حوصلۂ انتظارِ شوق
دل شوق پائے بوسی میں پھر سجدہ ریز ہے
یوسف کو عشق لایا ہے بازارِ مصر میں
ہے پردہ سوز چشم تماشا فروغ حسن

سازِ آہنگ شکایت ہوں نہ چھیڑ مجھکو
جان ہی تن سے نکل جائے تو شاید نکلے

زندگی موت ہے شرمندۂ احساں ہو کر
موت ہے اپنے لئے مایۂ عمرِ جاوید

حشر میں تاب کسے جلوۂ رخسار کی ہے
کچھ تو تو تاب ہے صدا مست جو جھنکار کی ہے

تم ہی کہو کہ دیکھ کے یہ حسنِ دلفریب

وہ کہتے ہیں کہ غنچہ ہی ہیں کہتا ہوں مرا دل ہے"
جہاں ہم گر گئے تھک کر سمجھتے ہیں کہ منزل ہے

لے ٹھہرنے کا نہ اے جوشِ تپش نام ابھی
خلوتِ خاص بنے جلوہ گہِ عام ابھی
زندگی تلخ نہ کر اے غمِ انجام ابھی
دم لے اے موت کہ ہے مجھکو بہت کام ابھی

بعد مرنے کے ہوا معلوم رازِ زندگی
یہ زبانِ راز میں ہے شرحِ رازِ زندگی

یوں مرے سامنے آیا کہ آیا کوئی

کشتی کو نذرِ موجۂ دریا کئے ہوئے
محوِ فریب وعدۂ فردا کئے ہوئے
داغ جبیں کو نقشِ سویدا کئے ہوئے
ساماں شرحِ خوابِ زلیخا کئے ہوئے
نظارہ کو نقابِ تجلی کئے ہوئے

لب تک آجائے نہ بیداد کا شکوا کوئی
یوں تو نکلی ہے نہ نکلے گی تمنا کوئی
ہو نہ منت کشِ اعجاز مسیحا کوئی
کون طالب ترا اے آب بقا ہوتا ہے

دھوم ہی دھوم فقط وعدۂ دیدار کی ہے
شیشۂ مے تھا کہ توبہ کسی میخوار کی ہے

کوئی اگر کرے نہ تمہیں پیار کیا کرے

صیاد پر شکستہ ہوں جو بلبل اسیر
وہ بد نصیب حسرتِ گلزار کیا کرے

یہ رنگ ابر مست کا ساقی کی اس پہ ضد
توبہ اگر نہ توڑے تو مے خوار کیا کرے

بہاتا آ کے چار آنسو لحد پر کون تھا ایسا
مرے مرقد سے روتی ہی لپٹ کر بیکسی مری

اے برقِ نظر سوز کسے تابِ نظارہ
یہ جلوہ نمائی تری پردہ سے سوا ہے

ہے قطعِ راہِ شوق میں اس درجہ بیخودی
یہ بھی خبر نہیں کہ ارادہ کدھر کا ہے

وعدہ کے روز شام سے دونوں ہیں بیقرار
دھڑکا ہے انکو رات کا ہمکو سحر کا ہے

کیا دیکھا دیکھنے کی ہوس دل میں رہ گئی
بجلی سی ایک کوند کے محفل میں رہ گئی

جانا ہی تھا تو ساتھ لئے جاتے اپنی یاد
یہ کیا کہ تم تو چل دئے یہ دل میں رہ گئی

کہتا ہے جان الفت مژگاں میں جا لگی
ناصح کی بات چبھ کے مری دل میں رہ گئی

ہوتیں نہ جھائیاں تو ترے رخ کا تھا جواب
اتنی ہی بس کسر مہ کامل میں رہ گئی

شوخی ہے چشمِ شعبدہ گر میں بھری ہوئی
ہیں بجلیاں ہر ایک نظر میں بھری ہوئی

پیدا کچھ اشکِ شوق نے رنگِ اثر کیا
نوکِ مژہ ہے خونِ جگر میں بھری ہوئی

شکلِ حباب بیخودِ ذوقِ فنا ہوں میں
کس کی ہوائے شوق ہے سر میں بھری ہوئی

کچھ تتلیاں کہ فاتحہ خواں ہیں بہار میں
ہیں دامنِ نسیمِ سحر میں بھری ہوئی

کاہیدہ لاغری نے کیا مثلِ خس مجھے
طوفان ہے تموجِ بادِ نفس مجھے

ہے غم میں خضرِ راہِ عدم ہر نفس مجھے
بانگِ شکستِ شیشۂ دل ہے جرس مجھے

شکر ہے قصۂ غم خواب فراموش ہوا
کم جوانی کا خمار آتے سر جوش ہوا

بیخودی دور ہوئی آنکھ کھلی ہوش ہوا
حرفِ اربابِ نصیحت گہرِ گوش ہوا

انتخاب

خضرِ توفیق نے کی راہ نمائی میری
ہو گئی کوچۂ گیسو سے رہائی میری

اب نہ بیہودہ مشاغل ہیں نہ وہ باتیں ہیں
نہ وہ چھپ چھپ کے حسینوں سے ملاقاتیں ہیں

رُوسیاہی کے نہ وہ دن ہیں نہ وہ باتیں ہیں
اپنے اللہ سے ہر وقت مُناجاتیں ہیں

رہ نا جذبۂ توفیق خداداد ہے اب
حلقۂ شرع ہے اور گردن آزاد ہے اب

اب وہ وحشت نہ رہی سر میں وہ سودا نہ رہا
جاں ستاں سوزِ غم حوصلہ فرسا نہ رہا
قاضی و محتسب شہر سے جھگڑا نہ رہا
دامن آلودہ مئے جامۂ تقوےٰ نہ رہا

آسرا کوئی بجز لطف خداوند نہ تھا
خیر گذری کہ درِ توبہ ابھی بند نہ تھا

شرر - ناظم باکمال ناثرِ عدیم المثال منشی کندن لال صاحب ناظر عدالت سکرواری ریاست گوالیار۔ سہارنپور کے باشندے اور گوالیار میں ملازم تھے۔ نظم کے علاوہ ہر قسم کی نثر لکھنے پر قادر تھے۔ ہندوستان کے اخبارات و رسائل میں آپکے مضامین نکلتے رہے ہیں منشی بنواری لال شعلہ کے عزیز اور اُنہیں کے شاگرد تھے۔ مولانا راسخ دہلوی کے یار صادق اور اُنکے ظریف اخبار کے قلمی معاون تھے۔ صرف موزوں طبع شاعر نہ تھے بلکہ مشاہیر میں انکا شمار تھا مضامین لطیف اخلاق آموز۔ زبان صاف اور برجستہ۔ تراکیب دلنشیں و اسلوب بیان قابل تعریف تھا شیریں زبانی کے چند نمونے ملاحظہ ہوں۔ افسوس کہ جوانی میں انتقال کیا۔

شرر

(لطف سخن)

شیخ دیوانہ ہے جنت کی سُنی باتوں پر
مری جائیگا اگر کوچۂ جاناں دیکھا
ہائے گھبرا کے کس انداز سے آپس قتل
کبھی خنجر پہ نظر کی کبھی داماں دیکھا

خموشی خوبیٔ غنچہ دہن ہے
سخن آموز چشم سحر فن ہے
نقاب روئے رعنائے سخن ہے
وفورِ شوق اہل انجمن ہے

زبانِ حال کی تقریر ہے تو
کہوں کیا بولتی تصویر ہے تو

نرالی تو نرالے تیرے انداز
ادا ہر اک بجائے خود ہے آواز

ستم ہے داد کیونکر پائیں جانباز — کہ محشر میں بھی چپ ہیں صاحب ناز

لب پان خوردہ کی دمساز ہے تو
شریک قاتل طناز ہے تو

متانت بنکے ہے توقیر میں تو — معین رائے ہے تدبیر میں تو
نہاں ہے عالم تسطیر میں تو — مضامین بنکے ہے تحریر میں تو

جگہ آنکھوں میں تجکو دے رہے ہیں
مزے ہم دل ہی دل میں لے رہے ہیں

دلہن آئی مسرت کے نشاں ہیں — ادھر گھیرے ہوئے ہم جولیاں ہیں
دلہن کچھ بولے اس پر ہم زباں ہیں — ترے جلوے وہاں بھی دلستاں ہیں

عروس نو کا جھومر بنگئی تو
حیا کا اور زیور بنگئی تو

کہا اک روز امید وفا پر — کہاں تک یہ جفائیں اے ستم گر
لگی چپ شکوۂ بیداد سنکر — نہ ہوں ہاں ہم بنے بیٹھے ہیں پتھر

یہاں بیتابئ دل صد زباں ہے
وہاں اک خامشی قفل دہاں ہے

یوں ہی جل بجھتی ہے شمع منور — کبھی لائی نہ سوز دل زباں پر
بصد غم خاک پروانہ یہ شب بھر — سرشک افشاں رہی با دیدۂ تر

نہ اُف کی تا دم آخر زباں سے
گئی خاموش بیچاری زباں سے

برشگال

آتے ہی جہاں میں فصل برسات — جی اُٹھے زمیں کے سب نباتات
دم بھر میں فلک بدل گیا طور — کچھ اور ہے ابھی تھا کچھ اور

چلنے لگیں دل کشا ہوائیں / اُٹھنے لگیں جھوم کر گھٹائیں

دلچسپ ہیں رنگ بدلیوں کے / مستانہ ہیں ڈھنگ بدلیوں کے

امنڈے ہیں عجیب دھج کے بادل / برسے وہ گرج گرج کے بادل

شاداب نہال و نخل و اشجار / پُر آب تمام حوض و انہار

ہر ایک حباب نقشِ تسخیر / موجوں میں نظر ہے پا بزنجیر

باغوں میں گڑے ہوئے ہنڈولے / آموں میں پڑے ہوئے ہیں جھولے

تانیں وہ ملار کی فسوں ساز / دلکش وہ صدائے نغمۂ ساز

رخنہ گرِ دل نوائے نے ہے / غارت گرِ صد شکیب سنے ہے

کوئل کی صدا پپیہوں کا شور / پر کھول کے ناچتے ہوئے مور

بیخود نہ ہوں کیوں بہار میں دل / رہ سکتا ہے اختیار میں دل

کہسار میں آبشار کے لطف / سرچشمہ و جوئبار کے لطف

دریا کا چڑھاؤ زور کیساتھ / پانی کا بہاؤ شور کے ساتھ

ہر سین پہ شیفتہ مرا دل / قدرت پہ فریفتہ مرا دل

برسات کے ہیں نرالے ایام / طرفہ ہے سحر عجیب ہے شام

[illegible]

زمینِ ہند بیشک تو کبھی جنت نشاں ہو گی / تری ہستی جہاں میں انتخابِ دو جہاں ہو گی

ترا ہر کوچہ گلشن ہر گلی رشکِ جناں ہو گی / بجا ہے حسنِ تمکیں میں جوابِ آسماں ہو گی

شرف حاصل تھا تیرے آدمیوں کو فرشتوں پر / گلِ خنداں ترے دامن میں ہنستے تھے بہشتوں پر

یہ مانا عالمِ امکاں کی ہستی اک مشیت تھی / خصوصاً ہند کی خلقت نمودِ حسنِ قدرت تھی

بجز اس سرزمیں کے اور کس میں آدمیت تھی / حقیقت جلوہ گر ہندوستاں میں فی الحقیقت تھی

کھُلے تھے کچھ یہیں والوں پہ عقدے رازِ عرفاں کے / ہوئے ہیں اہلِ باطن کو نظارے رازِ پنہاں کے

تقدس میں تھا اعلیٰ تر یہاں کا عالمِ نسواں / ستی و رتناؤں کے افسانے سنکر عقل تھی حیراں

زن و شوہر میں تعلق ایسا جیسے ربط جسم و جاں
وفاداری میں تھیں ثابت قدم ست دھرم تھا ایماں

خواتین حیا پرور پہ عصمت ناز کرتی تھی
جلالِ پاک دامانی پہ عصمت ناز کرتی تھی

اسی طبقہ میں تھی اک نامور خاتون دمینتی
برار اک قطعہ زرخیز تھی واں کی شہزادی

فروغ روئے روشن میں ضیا تھی شمع قدرت کی
کمال صنعت صانع کا لاثانی نمونہ تھی

زمیں کو فخر تھا نقش قدم کے ہاتھ آنے سے
فلک کو آرزوئے جبہ سائی آستانے سے

روایت ہے کہ داد عاشقی دی ہے زلیخا نے
جہاں میں آبروئے عشق رکھلی قیس لیلی نے

نظیر عشق قایم کی ہے وامق اور عذرا نے
رہینگے تاقیامت خسرو و شیریں کے افسانے

حدیث حسن و عشق نل دمن افسون الفت ہے
سراسر درد آگیں سرگذشت رنج و راحت ہے

تماشا ساحسن دلجو کی نہ تھی چشم تماشائی
وہ دونوں طالب و مطلوب تھے نادیدہ شیدائی

یہاں بیتاب تھا دل واں طبع وقف ناشکیبائی
دو طرفہ ہم نشیں کی درد افزا چارہ فرمائی

یہاں جو حالت دل تھی وہی واں عالم دل تھا
بظاہر امتیاز عاشق و معشوق مشکل تھا

بہت سے تاجور دلدادۂ حسن دل آرا تھے
بہت شوریدہ سر سودائے زلف چلیپا تھے

بہت یوسف لقا گردیدۂ رشک زلیخا تھے
سوئمبر میں بصد شان تجمل رونق افزا تھے

بصد انداز دمینتی نے بزم رشک گلشن میں
حیا سے ڈالدی جےمال راجہ نل کی گردن میں

وہ آوارہ وطن پھرتا رہا وادی غربت میں
پڑا تھا چار دن بے آب و دانہ جنگل قسمت میں

ترقی روز افزوں تھی بلائے رنج و آفت میں
شریک درد و غم تھی ایک دمینتی رفاقت میں

اٹھائیں سختیاں اس نازنیں نے دشت گردی کی
خوشی کیساتھ جھیلیں کلفتیں صحرا نوردی کی

بہت سمجھایا دمینتی کو نل نے اس مصیبت میں
نہ دے جان اپنی لے آرام جاں راہ محبت میں

بسر کر باپ کے گھر رہ کے اطمینان و راحت میں
کبھی مل جائینگے ملنا اگر لکھا ہے قسمت میں

ستم ہے دشت پیما اسطرح نازوں کے پالے ہوں
قیامت ہے کہ رہ پر خار ہو تلووں میں چھالے ہوں

لگی اک چوٹ سی اس نازنیں کے قلب نازک پر
کہا آنکھوں میں آنسو بھر کے نل سے ای وفا پرور

بلائے ہجر جاں فرسا ہے ان آفات سے بڑھکر + مجھے یہ کلفت صحرا ہے اس آرام سے بہتر - نہ ہو قسمت کہ سیوا کیلئے حاضر ہوں خدمت میں + یہی راحت ہے وہ جو چاہے دمینتی کی قسمت میں

نوٹ - جےمال مالا جو خوش نصیب امیدوار کے گلے میں ڈالی جاتی ہے

شمرؔ

شمرؔ سخنور سخن نواز منشی احسن میرزا شمر عرف منے مرزا صاحب خلف میرزا سجاد حسین عرف شہزادے مرزا لکھنوی۔ انکے جدِ اعلیٰ نیشاپور کے رہنے والے تجارت پیشہ فیروزہ فروش تھے دہلی کی بربادی اور تباہی کے بعد یہ خاندان میر انیس کے بزرگوں کی رفاقت میں دہلی سے فیض آباد چلا گیا۔ اور وہاں سے میر انیس لکھنؤ گئے تو یہ بھی ساتھ تھے۔ حضرت شمر کے والد گھوڑے پر خوب سوار ہوتے اور مرثیہ خوانی کا بھی ذوق تھا محرم میں مستورات کی مجالس میں ہر روز دو دو تین تین گھنٹے تک مرثیہ پڑھتے وقت آنسوؤں کی لڑیاں بندھی رہتیں۔ مستورات کو غش پر غش آتے رہتے مگر وہ مرثیہ بغیر ختم کئے ہوئے ہاتھ سے نہ رکھتے۔

میرزا شمر نے ابتدائی تعلیم و تربیت پاکر جب ہوش سنبھالا تو منشی گوبند پرشاد صاحب صبا لکھنوی سابق ملازم ریاست رامپور سے فارسی اور علم حساب شروع کیا۔ منشی صاحب کا سن اس زمانہ میں نوے سال کا تھا اور فارسی دانوں میں درجۂ امتیاز رکھتے تھے اور انکے مکان کے قریب ٹھاکر گنج۔ نواز گنج میں فروکش تھے۔ اسی دوران میں آپنے انگریزی بھی شروع کی تھی لیکن فارسی اور عربی کی طرف میلان خاطر تھا اسلئے اسکو چھوڑ دیا۔ اردو شاعری میں مظفر آغا سے تلمذ اختیار کیا۔ منشی گوبند پرشاد صاحب کے فیض صحبت سے آپنے فارسی زبان میں شعر گوئی کا آغاز کیا تھا۔ جناب موصوف کے انتقال فرمانے پر مشہور عصر خواجہ عزیز الدین عزیز مرحوم کو اپنا کلام دکھایا۔ خواجہ صاحب نے مرثیہ گوئی اور اردو غزل گوئی میں کافی استعداد اور قابلیت دیکھکر یہ رائے دی کہ فارسی کہنا ترک کردو جس کا یہ انجام ہوا کہ دور موجودہ کے عمدہ اردو کہنے والوں میں آپکا شمار ہے۔ انجمن معیار کے معزز اراکین میں گنے جاتے ہیں۔ مجالس محرم میں عرصہ تک جناب نفیس کی پیش خوانی کرتے رہے ہیں۔ رؤسا عظیم آباد کے ہمراہ بلوچستان۔ افغانستان۔ خراسان۔ طہران وغیرہ کی سیر و سیاحت اور نجف کربلا کی زیارت سے مشرف ہو چکے ہیں۔ عظیم آباد۔ ریاست حیدرآباد۔ بیگن پلی۔ بانس بریلی وغیرہ میں ذاکرہ پڑھ چکے ہیں۔ نواب بہرام الدولہ بہادر کے یہاں حضور نظام خلد اللہ ملکہٗ کی مجالس محرم میں انکو شاہی شاعری کے معاملہ میں لکھنؤ اور

دہلی کی طرفداری کو بُرا جانتے ہیں۔ ایک کتاب "فلسفہ صرف و نحو" کے نام سے تالیف کی ہے جمیں عربی صرف و نحو کے دقیق مسائل کو آسان اور فصیح زبان میں لکھا ہے۔ نثر و نظم دونوں میں دستگاہ ہے۔ آپنے جو تقریظ حصہ اوّل تذکرہ پر لکھی تھی وہ قابل دید ہے اور حصہ اول کیساتھ چھپ چکی ہے اور اس سے آپکی قدرت نثر کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ اب ۵۳ برس کی عمر ہے اور کلکتہ میں مقیم ہیں تذکرہ کی نظر ثانی کے وقت مؤلف کو جو حالات و کلام بھیجے اُسکا انتخاب نذر ناظرین ہے

ہزاروں طرح زلفیں دوش پر بکھرائی جاتی ہیں
مری آنکھوں نے قدرت سے عجب تعلیم پائی ہے

فریب حسن جس کو عالم اسباب کہتا ہے
سر میں سودا ہے اگر حسن کی رعنائی کا

انتہا حسن کی معلوم اگر ہو جاتی
اے شرر حسن جسے کہتے ہیں ناواقف راز

سجا گیا ہے شہیدوں سے حشر کا میداں
یہ ادائیں کہہ رہی ہیں کہ شباب آرہا ہے

وہ ستم کی مست آنکھیں کہیں دل نہ چور کر دیں
میں تو اُسکی بزم سے بہت مضطر اُٹھا

اک مجسّم نور آیا شب کو میرے سامنے
سانس اُکھڑی۔ روح نکلی۔ دل نے چھوڑا سب کا ساتھ

ہمت فروش کب دل فرزانہ ہو گیا
پردے دماغ و چشم کے سب دل کے کام آئے

آفتاب عشق کے پرتو سے غم پایا ہوا
غم کو سمجھینگے خوشی اور بیقراری کو سکوں

تکلف دیدنی تھا شام وعدہ میری مہماں کا
ہے دو لفظوں میں مضمر فلسفہ کوہ و بیاباں کا

وہ اک رنگین پردہ ہے ہمارے طاقِ نسیاں کا
دل کو آئینہ بنا چشم تماشائی کا

تجکو الزام نہ دیتا کبھی یکتائی کا
ایک جلسہ ہے حقیقت میں خود آرائی کا

سُنا ہے آج وہ سرگرم گفتگو ہوگا
ہے کیوں نہ آئینہ میں اُسے انتظار اپنا

ترے واسطے ہے کافی سرِ رہگذار اپنا
کیا خبر کس نے اُٹھایا کب اُٹھا کیونکر اُٹھا

جب تصور کی حدیں طے کر کے میرا سر اُٹھا
بادباں کھولا گیا کشتی چلی لنگر اُٹھا

جب فکر حد سے بڑھ گئی دیوانہ ہو گیا
آراستہ مکاں پئے جانانہ ہو گیا

دل ہے سینہ میں کہ ہے اک پھول مرجھایا ہوا
اپنے قابو سے کہیں جاتا ہے دل آیا ہوا

اپنی خلوت کے فدا اپنے تصوّر کے نثار

اپنے عاشق کی لحد غصہ سے کیوں ٹھکراؤ تم

اُٹھ نہیں سکتے ہیں جن سے اس دلِ مردہ کے پھول

اس اندھیری میں جسے پنہا ہوئی لی چھپ کے مہ

دل کو دکھلا دی ہے کسکی یاد نے اپنی جھلک

مے پرستوں کی طلب میں بھی ہے کیا حسنِ قبول

بے ثباتی دہر کی ہر چند چونکاتی رہی

جب اٹھائی آنکھ پردہ بن گئی حدِ نگاہ

دل لینے کے انکار میں ہیں لاکھوں ادائیں

دل آتے ہی معذور ہوئے ہوش و خرد بھی

دونوں کے دامنوں پہ ہیں بدنامیوں کے داغ

یوں تھم کے دیکھا ناقۂ لیلیٰ کو قیس نے

تغافل کی طرح سے ناامیدی بڑھتی جاتی ہے

فریبِ حسن ہے وہ سمجھتے ہیں سکوں جسکو

یہ کیسی آگ بھڑکی مری آہوں سے فرقت میں

اُٹھ گئے یہ کہہ کے میرے پاس سے سب چارہ ساز

کیا کہوں کیا ہو گیا اُلٹی جو چہرہ سے نقاب

قابلِ نازش ہے وہ دل ہو جو وقفِ دوستی

حاصلِ عمرِ رواں کیفیتِ بزمِ وصال

گردشِ جامِ مئے گلگوں نظر کی گردشیں

سورۂ اخلاص کی تفسیر ہے خالِ سیاہ

سامنے بیٹھا ہے جیسے کوئی شرمایا ہوا

سو رہا ہے چین سے برسوں کا دُکھیایا ہوا

ہائے یہ کعبہ انہیں ہاتھوں کا ہے ڈھایا ہوا

میکدہ پر آج ہے ابرِ سیہ چھایا ہوا

کچھ ضرورت سے سوا ہے آج گھبرایا ہوا

جام اٹھا کر جب دعا مانگی سحاب آ ہی گیا

غافلوں کے سر پہ لیکن آفتاب آ ہی گیا

دیکھنا چاہا تجھے جس نے حجاب آ ہی گیا

شہرہ ہے زمانہ میں ترے حُسنِ طلب کا

صد حیف بُرے وقت کوئی کام نہ آیا

منعم رہا نہ کچھ کفِ سائل میں رہ گیا

نازِ نگاہ پردۂ محمل میں رہ گیا

سنبھلنا اب ہے مشکل آپ کے بیمارِ ہجراں کا

بُرا ہوتا ہے دل کا مضطرب بنکر ٹھہر جانا

جلا جاتا ہے اب تو سینۂ سوزاں میں دم میرا

ہے دوائے انتہائے دردِ دل پہلوئے دوست

آنکھ ملنا تھی کہ مجھ پر چل گیا جادوئے دوست

دید کے لائق ہیں وہ آنکھیں جو دیکھیں سوئے دوست

لذتِ سرمایۂ عیش و طرب پہلوئے دوست

ساغرِ صہبائے عشرت نرگسِ جادوئے دوست

مصحفِ اسرارِ اخلاق و محبت روئے دوست

کس طرف جاؤں شرر خاموش ہوں اس سوچ میں
اس طرف کعبہ کا رستہ اُس طرف ہے کوئے دوست

چلی ہیں حالِ غم کہنے کو آنکھیں خوں چکاں کر لیں
ذرا رنگین خونِ دل سے عنوانِ بیاں کر لیں

بہت مشکل سے اک شیشہ بنا تھا آبلہ دل کا
ارادہ تھا کہ محفوظ اسمیں اجزائے فغاں کر لیں

فنا ہو کر بنے ہیں آئینے وہ دل کی حالت کو
نہ بند آنکھیں کرو یہ قصۂ حسرت بیاں کر لیں

ہوئی ہے تنگ دنیا ضبطِ کیفیاتِ باطن سے
اجازت دے ترا جلوہ تو آنکھیں کچھ بیاں کر لیں

جو تو ای بربطِ صبحِ گلستاں ہمکو مل جائے
یہ حسرت ہے ترے نغموں کے پردہ میں فغاں کر لیں

جنہیں ہو دیکھنا انکو شبستانِ محبت میں
وہ مثلِ شمع سوزِ غم سے روشن استخواں کر لیں

شرر ہیں کم سخنداں آج کل ورمدعی لاکھوں
مناسب ہے یہی لب بند ہم اپنی زباں کر لیں

اے فلک گر تجکو اس دل کی خوشی ہے ناپسند
تو اجازت جسکی دے اب ہم وہی ارماں کریں

شرع کی بیچینیوں کو کمسنی کا پاس ہے
وہ جو بالیں سے سرک جائیں بڑا احساں کریں

دنیا بھی ہے عجیب طلسمی قفس کہ یاں
میں قید بھی نہیں ہوں گرفتار بھی نہیں

کیا کہیں دردِ محبت کیسا ظالم درد ہے
اور ظاہر ہو جو اس کمبخت کو پنہاں کریں

مختصر یہ ہے کہ دردِ ہجر ایسا درد تھا
عمرِ رفتہ گر ملے تو پھر غمِ ہجراں کریں

بے مزا زیست ہے گر وصل کا ارماں نہیں
جس کے دل میں نہ محبت ہو وہ انسان نہیں

حال پوچھو نہ اسیری کا اب اے ہم نفسو
قید سے چھوٹ کر آیا ہوں مگر جان نہیں

ہو گیا معلوم مجھسا نیم جاں کوئی نہیں
انکے ترکش میں خدنگِ امتحاں کوئی نہیں

اک معما بن گئی ہے بے ثباتی شباب
سب جوانی میں جواں ہیں پھر جواں کوئی نہیں

منحصر اسکی خوشی پر زندگانی ہے مری
وہ نہیں راضی تو مجھپر مہرباں کوئی نہیں

خواب کے عالم میں جب ہر چیز آتی ہے نظر
پھر یہ دعوی کون کرسکتا ہے بیداری نہیں

دل کے خاکستر کو تم کب تک کریدی جاؤگے
سوزِ غم اس راکھ میں ہے کوئی چنگاری نہیں

حیف ہے گر بیوفائی کا لئے الزام دل
دیکھتا ہوں میں تو خود مجھ میں وفاداری نہیں

جان کو راحت سکوں دل کو غشی طاری نہیں
آپ جبتک پاس ہیں کوئی بھی بیماری نہیں

مری افسردگی ہونا سحر کا شمع کا بجھنا
دم رخصت یہ کیفیت بھی دم بھر دیکھتے جاؤ

اے ضبط گریہ موت کی تدبیر چاہیے
ان آنسوؤں میں زہر کی تاثیر چاہیے

ہجر میں انکو فراہم جو کیا بھی میں نے
کبھی ٹکڑے دل بیتاب کے باہم نہ رہے

ہو جوانی کے ہی عالم میں یہ ہنگامۂ عشق
چار دن بعد نہ دل ہوگا نہ ارماں ہونگے

ہمیں تو زندگی پر انکی رشک آتا ہے ای واعظ
کچھ ایسے بے تکلف ایک جا میخوار بیٹھے ہیں

سواد چشم سے دیکھیے بہت مناظر حسن
عجیب روشنی اس نقطۂ سیاہ میں ہے

انقلاب عیش کی صورت کبھی ایسی نہ تھی
اب زمانہ کی ہو جو حالت کبھی ایسی نہ تھی

تیرے شیدائی لحد میں ہیں بہت آرام سے
غم زدوں کے واسطے راحت کبھی ایسی نہ تھی

قدم قدم پر گرے کیوں نہ کوئے جاناں میں
ہمارے ساتھ دل بیقرار راہ میں ہے

کھا رہے ہیں ابھر ابھر کے حباب
نقش بر آب زندگانی ہے

دیکھکر شکل مریض غم ہوئے یوں بدحواس
لوگ اُسکو زہر کے بدلے دوا دینے لگے

اے شرر نادم ہوا بے حد دل ہمت پسند
جب مجھے میری وفا کا وہ صلہ دینے لگے

کالی کالی یہ گھٹا باعث سودا ہوگی
اور دیوانہ بنا جائیگی برسات مجھے

جس کے باعث سے میں کل ساغر کوثر پاؤں
وہ عمل آج بتا بہر خرابات مجھے

جنھیں الفت کے سبب جذب و کشش تھی باہم
کر گئے آج پریشان وہ ذرات مجھے

صبر لازم ہے غم و رنج و تعب میں تا زیست
یہی معلوم ہو سو بات کی اک بات مجھے

مجمع عام میں کرنا جو بڑی بات ہے مجھے
کیا پسند آئی قیامت کی ملاقات مجھے

نہ سر و پا کی خبر ہے نہ دل و دیں کا ہوش
محو رکھتا ہے تصور ترا دن رات مجھے

ہو کے مجبور محبت میں یہ دل کہتا ہے
اے شرر چاہئے غیروں کی مدارات مجھے

خلاصہ شرح تمنا کا اس نگاہ میں ہے
نتیجہ قلب کی کیفیتوں کا آہ میں ہے

دل میں تیر اگلہ کیا میں نے ہاں خلاف وفا کیا میں نے
فکر اُس درد کے علاج کی ہے جسکو خود لادوا کیا میں نے
دل میں کی عشق سے کشش پیدا کاہ کو کہربا کیا میں نے
کھینچکر کوہ طور کا سُرمہ چشم کو حق نما کیا میں نے

رباعی پیری کے حال میں

جینے کا مزا عمر رواں سے چھوٹا سب لطفِ حیاتِ ناتواں سے چھوٹا
کیا جلد گیا جوشِ شباب اے پیری معلوم ہوا تیر کماں سے چھوٹا
پیری میں کسی وقت بھی مسرور نہیں ہو جائیں جواب گوشہ نشیں دور نہیں
کھینچکر تا دیر روئے مصطفیٰ دیکھا کیا اپنی قدرت کی حدیں خود کبریا دیکھا کیا

سلام

تھا زبانِ حال سے رن میں یہ اصغر کا بیاں کوئی آنسوں میں پلا دے بوند بھر پانی مجھے
کھینچکے نقشہ بول اُٹھا اکبر کا اے صلِّ علیٰ دیکھنے والے کھینگے احمد ثانی مجھے
جب زباں سوکھی دکھائی شہ نے اکبر سے کہا اسطرح تم مانگو اور ممکن نہو پانی مجھے

قطعہ

اخلاق نتیجہ ہے وجودِ بشری کا آفاق میں باعث ہے یہی ناموری کا
مغرور میں کیوں عیب نہو کج نظری کا بدلا یہ ملا ہے اُسے شوریدہ سری کا
کج خلق کوئی شہرۂ آفاق نہیں ہے انسان نہیں جو صاحبِ اخلاق نہیں ہے

سامانِ سفر

وہ سر بلند کوئی کہ دشوار ہے بیاں پالاں سے تا بگوش عجب زینتیں عیاں
لٹکی ہوئی وہ دونوں طرف سبز ڈوریاں وہ اُنمیں سرخ پھول کہ حیراں ہو کہکشاں
آرائشیں ہوئی تھیں عجب آب و تاب کی نکلیں تھیں گویا سر میں شاخیں گلاب کی
ہر سُو وہ زنگلوں کی صدائیں بہت بلند پہونچے نہ جنکی وجہ سے راہوں میں کچھ گزند
اُونی و سرمئی وہ مہاریں وہ فرق بند گھیتے وہ زرد زرد وہ پالان دل پسند
کہتے تھے خود سجے ہوئے ناقے پکار کے لکے ہوا یہ آئے ہیں ابر بہار کے

صفت تیغ

سرکردئی لشکر ہے حشم کہتا ہے اُسکا جھک جائینگے سرکش بھی یہ خم کہتا ہے اُسکا

کھا جائیگی نو جوں کو شکم کہتا ہی اُس کا / چھوڑیگی نہ خون جسم میں دم کہتا ہے اُسکا
اُونچی ہو نظر خوف سے یہ تاب نہیں ہے / ہیروں کی ہے دامن میں چمک آب نہیں ہے

بسنت

اب کھلیں بھی تو کھلیں باغ میں کیونکر کلیاں / دب رہی ہیں جو ہیں غنچوں کی برابر کلیاں
گل نہاں لاکھوں ہیں پوشیدہ ہیں اکثر کلیاں / پھول میں پھول ہیں اور پھولوں کے اندر کلیاں
اور کلیوں میں ہے بو۔ بو کا اثر باہر ہے / جس طرح آنکھ کے پردوں سے نظر باہر ہے

کثرتِ گل کا کوئی یوں نہ اگر ہو قائل / پھول میں پھول کا اثبات نہیں کچھ مشکل
آنکھ دکھلا کے کہو اُس سے کہ دیکھ او جاہل / ہی سپیدی میں سیاہی تو سیاہی میں ہی تل
پھر جو پوچھے کہو کس طرح نظر باہر ہے / کہدو جس طرح ترے دل سے اثر باہر ہے

کیوں گلوں کی ہو نہ کثرت کہ ہی رحمت اُسکی / پھول میں رنگ تو کلیوں میں ہی نکہت اُسکی
ایک جز سے ہی یہ گل دیکھیے قدرت اُسکی / ایسی کثرت میں نظر آتی ہے وحدت اُسکی
غنچے باغوں میں چٹکتے ہیں تو کیا کہتے ہیں / سُننے والا ہو تو سب صلِ علیٰ کہتے ہیں

ساقی نامہ

ہاں ساقیا علاج دلِ مبتلا کا ہو / شیشوں کی آب و تاب میں جلوہ خدا کا ہو
جام و سبو بنا ہوا خاکِ شفا کا ہو / ساغر ہوں کاظمین کے خم کربلا کا ہو
شامل نہ کوئی چیز مگر اس طرف کی ہو / بصرے کا ہو گلاب تو صہبا نجف کی ہو

ساقی جو داروئے دلِ مضطر ہی وہ شراب / جو وجہ قوتِ تنِ لاغر ہی وہ شراب
صہبائے معرفت کی جو ہمسر ہی وہ شراب / جس کا خمار ظاہر و اطہر ہے وہ شراب
اہلِ ولا میں آبِ بقا جس کا نام ہے / جس کے بغیر عمرِ دو روزہ حرام ہے

ساغر میں جسکے لطفِ حیات و ممات ہے / جس کا خیال شربتِ قند و نبات ہے
ہر قطرہ جس کا ساغرِ آبِ حیات ہی / موقوف جس پہ بادہ کشوں کی نجات ہے
جس کے بغیر حُسنِ عمل بے حصول ہی / اعمال بے اثر ہیں عبادت فضول ہی

ساقی وہ پھول ہو جو عروسِ بہار ہو / جو باعثِ سکونِ دلِ بیقرار ہو

ساغر وہ دے کہ حسنِ ازل آشکار ہو
جنت میں جاؤں جام کے لب چومتا ہوا
ہو قابلِ قبول عبادت وہ مے پلا
معدوم ہو تصورِ کثرت وہ مے پلا
رائج ہوئی جو ساقیِ کوثر کے ہاتھ سے

حاصل سرورِ معرفتِ کردگار ہو
تربت سے روزِ حشر اٹھوں جھومتا ہوا
بن جاؤں جسے لائقِ رحمت وہ مے پلا
جس میں ہو لذتِ مئے وحدت وہ مے پلا
شیشہ ملا ہے جس کا پیمبر کے ہاتھ سے

جاتی رہی ہے آنکھ کی دل سے نماز زیست اضطراب
حقیقت میں جو دیکھو حسن ہی ہے عشق کا باعث
پتہ پتہ سے ہوا پھر جوشِ قدرت آشکار
تھے جو ویرانے وہ اب جوشِ نمو سے سبز ہیں
ہیں ہرے سب خشک جنگل جھاڑیاں ہیں زیب تن
عاشق و معشوق میں ہے وصل ایسی فصل ہے
سبزہ خوابیدہ لب جو ہے ہوائے سرد سے

تم جنکو اپنے حسن کی جھلکی دکھا چکے
بلانے روشنی جاتی ہے جب پروانہ آتا ہے
رنگ بدلا آسماں کا آئی پھر فصلِ بہار
کل جو تھے سنسان صحرا آج ہیں وہ لالہ زار
ندیاں ہر سمت جاری ہیں رواں ہیں آبشار
سرو پر قمری تصدق گل پہ ہے بلبل نثار
بھر گیا ہے نرگسِ شہلا کی آنکھوں میں خمار

سبز ہے ساری زمیں فصلِ نمو کا جوش ہے
آسماں رنگِ شفق سے آجکل گل پوش ہے

شرر — **شرر** - بابو بھولاناتھ دہلوی ملازم پوسٹل ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی شاگرد راسخ دہلوی۔ عمرہ سال کے قریب ہے۔ زبان میں صفائی اور سلاست ہے۔ یہ کلام کا انتخاب ہے ؎

دل جلایا کئے ہم سوزِ دروں سے لیکن
شور ہے کنجِ قفس میں داد کا فریاد کا
بوسہ گر مانگا تو یہ کہنے لگے
ہاں تیر ستم دیکھو ہی چھپ چلی جائے

نالۂ آہ شرر بار نکلنے نہ دیا
خوب طوطی بولتا ہے اندنوں صیاد کا
منہ کی تم کھاؤ گے ہوس دہیان میں
ایسا نہ ہو کم بخت مرا زخم جگر بھر آئے

شرر — **شرر** - منشی صدیق حسن صاحب۔ شاگرد استاد داغ و ظہیر۔ صرف دو شعر ملے۔ درج ہیں ؎

خدا کی شان ہے منت سے جو نہ آتے تھے	وہ آج آئے ہوئے بن بلائے بیٹھے ہیں
چلا کہاں دلِ آفت نصیب تو خوش خوش	وہ تجھ سے خاک میں لاکھوں ملائے بیٹھے ہیں

شرر

شرر - جناب صاحبزادہ مصطفےٰ علیخاں صاحب مرحوم سابق پرائیویٹ سکرٹری نوابصاحب رامپور خلف صاحبزادہ محمود علیخاں صاحب - موجودہ نوابصاحب کے عہد میں انہیں کی دلچسپی اور کوشش کی وجہ سے مشاعروں کا سلسلہ شروع ہوا تھا - انہوں نے اپنے ذاتی صرف سے بھی ایک عام مشاعرہ کیا تھا جسمیں مشاہیر شعرا کو مدعو کیا گیا تھا - شاعری میں حضرت مضطر خیرآبادی کے شاگرد تھے - ہمیشہ شعرا کیساتھ مراعات کرتے تھے - رامپور سے علیحدہ ہونیکے بعد نینی تال چلے گئے تھے - مگر ہز ہائینس نوابصاحب رامپور نے کمال خوش اخلاقی سے انکو دوبارہ پرائیویٹ سکرٹری کے خدمات سپرد کئے کہ اچانک یہ فالج کے مرض میں مبتلا ہو گئے اور وہیں انتقال ہو گیا -

طرحداروں نے تیری ساری دنیا لوٹ لی یا رب	یہ کس نے کہدیا تجھسے کہ تو انسان پیدا کر
قیامت ہو گیا سامانِ عشرت ہجرِ ساقی میں	شرابِ ناب کی موجیں نہیں تلوار شیشے میں
دلِ شیدا شرابِ عشق کی موجیں قیامت ہیں	پری کو بند کرنا ہے بہت دشوار شیشے میں
یہ متوالے قیامت ہیں اڑا لیتے ہیں نظروں میں	ذرا اے دخترِ رز رہنا بہت ہشیار شیشے میں
گلے سے اتر کر حال سارا کھول دیتی ہے	یہ کہنے بند ہیں انسان کے کردار شیشے میں
میں کیا کروں کہ آپ بھر آتا ہے دل مرا	اپنے کسی ارادے سے روتا نہیں ہوں میں
حقیقت کھل گئی داغِ دلِ پرخوں سے گلشن کی	مری آنکھوں نے کھو دی آبرو رورو کے ساون کی
زانو یہ عدو کا سر قدموں یہ مرا سر ہے	وہ اس کا مقدر ہے یہ میرا مقدر ہے
ہم نے درِ جاں پر ٹکرا کے یہ حالت کی	اب کوئی نہیں کہتا یہ سر ہے یہ پتھر ہے
تم بھول گئے وعدے میں بھول گیا تمکو	یہ عشق کا شیوہ ہے وہ حسن کا جوہر ہے
کس ناز سے کہتا ہے ہم اور تجھے چاہیں	کہنے کو یہ فقرہ ہے دل کیلئے نشتر ہے
ایسے فرہاد میں کیا لعل لگے ہیں شیریں	کوہکن نام اُسی کا ہے جو پتھر کا ہے

الفت زلف و رخ یار میں یکساں گذری		ہم نے اس عمر کے دن رات برابر کاٹے

شرر

شرر۔ مولوی عبد الحلیم صاحب۔ آپ نسبتاً شیخ ہاشمی و عباسی ہیں اور دورِ حاضرہ کے مشہور فسانہ نگار، جدید انشا پردازی کے آسمانِ شہرت کی اخترِ تاباں آپکی ذات ہے۔ اصلی وطن کرسی ضلع لکھنؤ ہے۔ ۱۸۵۶ء میں جب سلطان عالم واجد علیشاہ بعزمِ انگلستان کلکتہ کو روانہ ہوئے ہیں تو آپکے نانا منشی قمر الدین صاحب بھی انکے ہمراہ تھے۔ مولنا شرر ۱۸۶۰ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم بھی لکھنؤ میں ہوئی۔ مگر سات آٹھ برس کی عمر میں انکے والد نے کلکتہ بلا لیا۔ شاہزادہ میرزا جہاں قدر بہادر کے اُستاد۔ ملا باقر سے عربی پڑھی۔ آخر زمانۂ حیات شاہ جہاں دیکھکر لکھنؤ آئے تو اساتذہ فرنگی محل سے معقول کی کتابیں پڑہیں پھر دلی تشریف لائے۔ مولوی سید نذیر حسین صاحب دہلوی کے مدرسہ میں قیام پذیر ہو کر انسے حدیث پڑہنی شروع کی۔ انگریزی کی استعداد خاصی ہے انگریزی کتب ادب و تاریخ کے ترجمے کی انکی اکثر تصانیف ممنون ہیں۔ منشی احمد علی کسمنڈوی مرحوم جو اودہ پنچ کے لایق اور قابل نامہ نگار تھے انہوں نے آپ کو ایک عمدہ مضمون نگار بنانیکی کوشش فرمائی اور انہوں نے اس میدان میں اپنے قلم کی جولانیاں دکھاکر اپنے طرز تحریر کا رنگ جمایا۔ اور پبلک کے سامنے اپنا پہلا ناول دلچسپ پیش کیا ۱۸۸۷ء میں رسالہ دلگداز شایع کیا۔ ملک میں انکی انشا پردازی کا ڈھنگ مقبول ہوا۔ شہرت اور قسمت کی یاوری نے حیدر آباد تک پہنچایا۔ نواب وقار الامرا بہادر کے صاحبزادہ کے ساتھ آپ انگلستان تشریف لیگئے۔ انگلینڈ سے واپسی کے بعد آپ نے جو کتابیں لکھی ہیں انمیں کسی قدر آزادی کی روح سرایت کئے ہوئے ہے۔ عام طور پر انکے ناول مذہبی فضیلت اور تعصب کے اظہار سے بری نہیں کہے جا سکتے۔ بلاضرورت ایسے مضامین جن سے کثیر التعداد فرقہ کی دل آزاری کا پہلو نکلے جابجا پائے جاتے ہیں۔ خلقی طور پر شوخ نگاری اور ظرافت کا مادہ انہیں فیضان قدرت سے نہیں ملا۔ اسلئے انتہائی سعی و کوشش سے بھی سرشار کا سا حسن قبول نصیب نہوا تاہم آپ ایک عمدہ ناولسٹ اور نثار ہیں۔ کسی زمانہ میں شعر گوئی کا مذاق تھا اور آپ اس فن میں سید حیدر علی صاحب طباطبائی نظم کے شاگرد تھے لیکن

نثر کی طرح انہیں شاعری کی دنیا میں عظمت حاصل ہوئی - اور گلزار نسیم جیسی بے مثل مثنوی پر اعتراضات کرنے سے انکے تعصب اور سخن پروری کی شہرت دو دنی ہو گئی مگر ارباب سخن میں کوئی درجہ امتیاز حاصل نہوا البتہ اودھ پنچ نے انکی ناموری کو نقصان پہنچانے میں کوئی بات اٹھا نہ رکھی اور جب لوگوں کو یہ معلوم ہوا کہ یہ مسلمہ مقبول کاملوں کی تصانیف پر حملے کرتے ہیں تو دنیائے ادب کے انصاف پسند اراکین ان سے بددل ہو گئے - کتابوں کی فروخت سے معقول معاش کرلی ہے سرکار رامپور کے بھی کئی سال نمک خوار رہے ہیں - ۶۵ برس کے قریب عمر پاکر ابھی حال میں انتقال کیا چند اشعار بطور نمونہ کلام پیش کئے جاتے ہیں ؎

اب کچھ تھے دم وعظ وہ واعظ سے نشہ میں
سنتے ہیں نکالے گئے مسجد سے شرر آج

کروڑوں آرزوئیں نوحہ خواں تھیں ساتھ میت کے
ہزاروں حسرتیں سر پیٹتی ہیں میرے مدفن پر

نرالی چھیڑ ہے وہ پوچھتے ہیں ہم سے رہ رہ کر
مرے سر کی قسم کہدو فدا ہو کس کے جوبن پر

شرر کی شکل پر چھائی ہوئی وحشت برستی ہے
مٹے ہیں آجکل حضرت کسی کافر کی چتون پر

مرا دم جو ہو پھر فکر عقبیٰ حضرت واعظ
کسی دن دو گھڑی کو بیٹھ جاؤ بادہ خواروں میں

لیا دل گیسوئے پرپیچ نے کن کن کرشموں سے
کبھی ہم باغ میں لپٹے کبھی پھولوں کے ہاروں میں

یارب مجھے ہے داغ تمنا بہت عزیز
پہلو سے دل جدا ہو مگر یہ جدا نہو

یہ شوخیاں یہ ناز و ادا یہ لگاوٹیں
کیا چیز تم ہو ہائے اگر بے وفا نہو

تم اور وفا کرو یہ نہ مانونگا میں کبھی
اس کو فریب دو جو تمہیں جانتا نہو

کیا کیا شرر ذلیل ہوئے آبرو گئی
ایسا بھی عاشقی میں کسیکو مزا نہو

صدمہ فرقت ہوش ربا ہے
غم کا ساماں آنکھوں میں نیندا ہے

رات اندھیری کالی بلا ہے
ہجر کا عالم رنج فزا ہے

درد کے مارے رو رو دینا
آفت جاں ہے سانس کا لینا

چرخ پہ بسنے والے تارو
پیارے پیارے چمکنے والو

آنکھیں پھاڑ کے دیکھتے کیا ہو — دم بھر کو تو سو لینے دو
حاصل! ایک جلے کو جلانا — سینے کے اندر آگ لگانا
لذتِ وصل اُٹھانے والو — دل پر قابو پانے والو
کوئے یار میں جانے والو — گھر میں کسی کو بلانے والو
دل میں تمہارے اور ٹھنی ہے — کیا جانو جو ہم پہ بنی ہے
آئی کتنی رات خدایا — اب تک کچھ نہیں سُننے میں آیا
کُتوں نے شور الگ ہی مچایا — ہر جانب سناٹا چھایا
چُپ ہیں سارے محلے ٹولے — پرندا بھی آج نہ بولے
میکشو وقتِ صبوحی آیا — مہ وشو جاؤ نہانے گنگا
برہمنو لو دیر کا رستا — طائرو نکلو چھوڑو بسیرا
واعظو رات فنا ہوتی ہے — دیکھو نماز قضا ہوتی ہے
پچھلی رات کے سونے والو — صبح وطن کے کھونے والو
کلفتِ غم کے دھونے والو — او بیدار نہ ہونے والو
آنکھیں ملتے اُٹھ اُٹھ بیٹھو — کھوئی ہوتی ہے منزل جاگو

شام

چرخ پہ کچھ کچھ چھایا اندھیرا — کوئی کوئی ستارہ چمکا
چڑیاں ڈھونڈ رہی ہیں بسیرا — کوّوں نے ایک شور مچایا
دیکھتے ہی دو وقتوں کے ملتے — موت کے خواہاں اُٹھ اُٹھ بیٹھے
شور ہوا ہر سمت اذاں کا — برہمنوں نے سنکھ بجایا
بجنے لگا ہر دیر میں گھنٹا — تارا شام کا ہر جا چمکا
دوسری جانب دنیا پلٹی — ہر ننگ نے کروٹ بدلی
آئی رات ہوئی اندھیاری — چرخ پہ تاروں کی گلکاری

کیسی رات مبارک ساری ‏— اچھی اچھی پیاری پیاری
اب پازیب بڑھاتے ہونگے ‏— تھوڑی دیر میں آتے ہونگے
سامان وصل کا کرلیں آؤ ‏— شیشے مے سے بھرلیں آؤ
پھر گزک کچھ جلد منگاؤ ‏— اچھی پلنگڑی لاکے بچھاؤ
اُٹھو جاکر شمع جلا دو ‏— سارے کمرے میں پھول بچھادو

جام وصراحی و میناکاری ‏— سرخی مے کی سہانی پیاری
عطر آگیں ہے باد بہاری ‏— انکے آنے کی ہے تیاری
غم غلط آج ہمارا ہوگا ‏— پہلو میں کوئی پیارا ہوگا

ٹھہرو کس کی آہٹ پائی ‏— چپ ہو چلنے کی چاپ سی آئی
دیکھو کس نے جھلک دکھلائی ‏— سنبھلو دور ہوئی تنہائی
اُٹھو دوڑ کے بوسہ لے لو ‏— دوڑو جان کو صدقے کردو

آئے اور کس ناز سے آئے ‏— سہمے گھبرائے شرمائے
سینہ اُبھارے سر کو جھکائے ‏— نیچی نظر آنچل لٹکائے
کمرہ میں ہم کو بیٹھا پاکر ‏— جھینپ گئے دروازہ پہ آکر

رک رک کے وہ کسی کا آنا ‏— چپکے چپکے پاؤں اٹھانا
بیٹھتے ہی باتوں کا بنانا ‏— باتوں باتوں میں شرمانا
ہائے غضب ڈہانا وہ کسی کا ‏— دور سرک جانا وہ کسی کا

روٹھ گئے لو بیٹھے بیٹھے ‏— کون خطا تھی جس پر بگڑے
آخر کچھ کہئے تو ہم سے ‏— لیٹ رہے کیوں منہ کو چھپا کے
کہتے ہیں جب تم کچھ زیادہ چھیڑو ‏— نیند آئی ہے ہم سے نہ بولو
خود ہی دل میں رحم بھی آیا ‏— دھانی دوپٹہ منہ سے ہٹایا

پیارا پیارا ہاتھ اٹھایا	ڈال کے گردن میں فرمایا
کیوں! پھر ایسی بات کہو گے	وصل کا پھر ارمان کرو گے

شریر

شریر تخلص کسی شاہجہاں آبادی آشفتہ خاطر۔ عاشق مزاج کا تھا جو ۱۸۴۵ء میں زندہ تھا اُردو شاعری کے سوا بھاشا زبان پر بھی عبور رکھتا طبیعت میں سوز و گداز زبان میں تاثیر تھی۔ اس نے نظیر اکبر آبادی کے جوگی نامہ پر جو مصرعے لگائے ہیں وہ عوام الناس میں نظیری کے نام سے مشہور ہیں۔ بازاری کتب فروش بھی اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں اور وہ نظیر کو خمسہ کا مصنف قرار دیکر کئی کئی ایڈیشن چھاپتے رہتے ہیں مگر مولوی کریم الدین پانی پتی نے جو ایک تذکرہ "گلدستہ نازنینان" کے نام سے ۱۲۶۱ھ میں شایع کیا تھا اُسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ خمسہ مذکورہ شریر کا نتیجہ فکر ہے۔ ناظرین اسکا انتخاب ملاحظہ فرمائیں اور شوخی طبع کی داد دیں ؎

یاد اُس شوخ کی کیا کیا ہی ستم لاتی ہے	جان بیچینی سے تن میں مرے گھبراتی ہے
آہ کرتا ہوں تو بجلی سی نکل آتی ہے	جب میں روتا ہوں تو آنکھوں سے برس جاتی ہے

کبھی ساون کی جھڑی اور کبھی بھادونکی بھرن

دشت اور کوہ میں وحشی سا پڑا پھرتا ہوں	برق کی طرح سے بیتاب سدا پھرتا ہوں
میں غرض تجھسے صنم جب سے جدا پھرتا ہوں	رات دن ہجر میں جوگی سا بنا پھرتا ہوں

بیقراری سے ترے نام کی جپتا سمرن

عشق میں جوگی ہوئے جب سے ہمیں بھائی بھبوت	بیٹھے در پر ترے اور گرد بھی پھیلائی بھبوت
دیکھ ٹک آن کے کس روپ میں رنگ لائی بھبوت	پیرہن گیروا اور تن کے اُوپر چھائی بھبوت

سر سے پاؤں تلک خاک ملی سو سو من

گھر در کعبہ پہ پیشانی کو اپنی گھسنا	گاہ مسجد میں میاں ناکہنا جا جا کے دعا
انکساری سے کبھی دیر میں ہردم جا جا	دم بدم آہ کی پونگی سے بجانا یہ سدا

دیکھئے کون سے دن پھر ہمیں دینگے درشن

دیکھا جو میرے تئیں تن کے اوپر گل کھائے
اور کپڑے بھی رنگے گیرو اتن پر پائے
دیکھ یہ حال تعجب سے بشر گھبرائے
کوئی تم کہتا ہے کہ جوگی جی کدھر سے آئے
سچ کہو کون سی نگری میں تمہارا ہے وطن

ہمکو جوگی جی بتا دیجئے احوال اپنا
تم جو بیراگی بنے اسمیں نفع کیا ہے بھلا
اور مرشد سے تمہارے ہے تمہیں کیا پہونچا
نام کیا جوگ میں ہے تم کو گروؤں نے بخشا
دھیان کیا رکھتے ہو کس گیان کا رکھتے ہو چلن

کس لئے جوگ لیا اور رنگا کپڑوں کو
کس پہ عاشق ہو دیا رنج یہ کس نے تم کو
کیونکر اوقات بسر ہوتی ہے ہم سے تو کہو
کیا اہل کھاتے ہو اور کس کی طلب رکھتے ہو
دُھونی جل پان بھی یا یوں ہی کروگے لنگن

ہم نے دنیا میں اجی سینکڑوں دیکھے جوگی
ہر برن اور ہر اک رنگ کے نرالے جوگی
پر غرض تم سے نہیں دیکھے ہیں ہم نے جوگی
تم تو آتے ہو نظر ہمکو نئے سے جوگی
سچ کہو جوگ لیا تم نے یہ کس کے کارن

کیا غرض تجکو جو پوچھے ہے تو احوال مرا
جوگ کی پوچھے تو بس عشق میں یہ جوگ لیا
اور اسکی ہی جدائی میں پھریں ہیں ہر جا
اور وطن پوچھے ہمارا تو یہ سن رکھ بابا
یا گلی دوست کی یا یار کے گھر کا آنگن

دیکھ نیرنگی زمانہ کی ہوئے گل در گل
اور ملا تن کو بھبوت اپنے گئے خاک میں رل
کپڑے رنگنا تو۔ تو آسان نہ جان او غافل
رنگ وہ رنگتے ہیں جس رنگ کا رنگنا مشکل
روپ وہ بھرتے ہیں جس روپ کا بھرنا ہے کٹھن

رنگے کپڑوں سے نکر ہم پہ تو جوگی کا گمان
ہم نے کیا جانئے کیا کس لئے ایسا سامان
گر تو عاقل ہے تو بس پردہ سے اپنے پہچان
ہم میں اور جوگی کی صورت میں بڑا فرق ہے جان
کہاں جوگی کی ادا اور کہاں عاشق کی پھبن

آتشِ عشق میں جب سے ہے جلایا دل و جان
تو تو عاقل ہے بس اب عقل سے اپنی پہچان
تب یہ اکسیر ملی ہمکو تو شک اسمیں نجان
خاک ہی یار کے کوچہ کی بھبوت اسکو نجان
ہم نے یہ راکھ رمائی ہے جلا کر تن من

خواہش زر نکریں نے کسی سے کچھ مانگیں
گوکل اور متھرا میں رہنے کی بھی نہ حرص رکھیں
تخت اور چتر کی بھی کچھ نہیں پرواہ ہمیں
جا پڑیں یاد میں اُس شوخ کی جس بستی میں
وہی گوکل ہے ہمیں اور وہی بندرابن

خاطرِ آشفتہ میں پھرتا ہوں حزین و دل گیر
پھرتا ہوں گلیوں میں دیوانہ سا ہر روز شریرؔ
عشق میں اُسکے سبھی کھو چکا عزّ و توقیر
کیا لکھوں اتنو جو کچھ مجھپہ گذرتی ہے نظیر
دلِ من داند و من دانم و داند دلِ من

شریر

شریرؔ۔ منشی عبد الغفار خلف منشی حسین بخش ساکن ریاست جے پور۔ قریبًا ۳۰ سال کی عمر ہے۔ کرنال میں رکن الدولہ نواب رستم علیخاں شمشیر جنگ بہادر کے یہاں ملازم تھے۔ سید نذیر حسن صاحب فتنہؔ سے تلمذ حاصل ہے۔ شاعر خوش فکر اور طبیعت دار ہیں۔ مضمون آفرینی کیساتھ زبان بھی اچھی ہے غزل پڑھنے کا ڈھنگ خاصہ ہے۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب پیش ناظرین ہے؎

ہوا یہ غم کہ خوشی کا خیال بھی نہ رہا
ہمیں تو یاد وہ لطفِ وصال بھی نہ رہا

یہ کس زباں سے کہا تھا کہ ہم نہ بولیں گے
حضور کو تو ہمارا خیال بھی نہ رہا

ملا میں خواب میں اُنسے اگر وہ یوں نہ ملے
ہوا نہ وصل تو میں بے وصال بھی نہ رہا

شریرؔ قدر کمینوں کی اب ہے عالم میں
شریف کا کوئی پرسانِ حال بھی نہ رہا

برنگ تیر گیا اور برق وار آیا
جو دل میں صبر بھی آیا تو بے قرار آیا

غضب ہی غش بھی جو آیا تو رُوبرو اُنکے
جگہ تڑپنے کی جو تھی وہیں قرار آیا

ہے اپنی آنکھوں پہ احسان گریۂ حسرت
وہ ایک بار نہ آئے یہ لاکھ بار آیا

کسی پہ محو ہوا کوئی میں ہُوا بیخود
ذرا کسی نے کہیں پی مجھے خمار آیا

دیکھنے بھی نہیں دیتیں تری آنکھیں کچھ بھی	کوئی ڈالے کہیں پڑتی ہے نظر آنکھوں پر
تو نے مارا نہیں مارا ہے نگاہوں نے تری	تجسیہ وعوی نہیں دعوی ہے مگر آنکھوں پر
کیا سے کیا ہوگئی حالت تری اب دیکھ شریر	ہم نہ کہتے تھے کہ کمبخت نہ مر آنکھوں پر

شرابی

شرابی - محمد نظیر ملازم تھانہ راکوٹ متوطن ہاپور شاگرد جناب فدا۔ زیادہ حال معلوم نہوا۔

کیا رخ یار کو سمجھا ہے مقابل اپنا	داغ تو دیکھ لے پہلے مہ کامل اپنا
گر رحم مسیحا تجھے کرنا نہیں آتا	کیا جان سے بھی ہمکو گذرنا نہیں آتا
عاصی تو اسی کے ہیں ہے بخشیگا اے شوخ	ہاں ہم تو شرابی ہیں مکرنا نہیں آتا
شرابی کو نہ چھیڑو عشق میں شعلہ بھبوکا ہے	جلادیگی عدو کا گھر جو آہ آتشیں نکلی

شرف

شرف - صاحبزادہ محمد عبد الرحیم خاں بہادر نبیرۂ نواب محمد امیر خاں بہادر شمشیر جنگ بانی ریاست ٹونک سادہ بیانی میں طبیعت کے رنگ کا اظہار فرماتے ہیں۔ یہ کلام ہے -

پھول ہیں خندہ زناں گریہ کناں ہے شبنم	نالے بلبل کے بھی کیا طرفہ اثر رکھتے ہیں
اور پھولوں سے نہ کیونکر ہو گل سرخ عزیز	قدر دنیا میں انہیں کی ہے جو زر رکھتے ہیں
اسکی رزاقی سے ملتا ہے شرف رزق ہمیں	ورنہ فن یاد ہے کوئی نہ ہنر رکھتے ہیں

شرف

شرف - شیخ شرف الدین - انکا اصلی وطن لاہور تھا مگر انکے والد احمد شاہ بادشاہ کے وقت میں دہلی آن رہے تھے - احمد شاہ ایرانی کے حملوں سے جب دہلی تباہ ہوئی تو انہوں نے غلام حسین خاں کروڑی کی رفاقت اختیار کی اور لکھنؤ چلے گئے۔ شرف نے سودا سے تلمذ اختیار کیا اور انکی وفات کے بعد سید ہاشم علی کو اپنا کلام دکھایا۔ بڑے پرگو اور خوش کلام شاعر تھے۔ آخر اٹھارویں صدی میں لکھنؤ میں حیات تھے متین و مہذب اور نکتہ سنجی میں انوکھے شخص تھے اس زمانہ کا خیال کرکے زبان کی شستگی قابل داد ہے۔ محاورات پر کم نظر رکھتے تھے مضمون آفرینی زیادہ ملحوظ تھی - یہ انکا کلام ہے -

آج تلک دیکھا ہی نہیں کوئی دشمن کا ہو دوست کہیں	ایک شرف ہی کو میں دیکھا دوست ہوا ہے دشمن کا

دُرِ دنداں ہیں یہ تیرے لبِ خنداں کی بیچ
یا کہ الماس کے معدن ہیں بدخشاں کی بیچ

پہنچے کب اُسکی حلاوت کے تئیں سیب بہی
جو حلاوت ہے تری سیبِ زنخداں کی بیچ

شمع سوزاں شیشہ گریاں چشم ساغر ہی پُر آب
حیف یوں ساقی چلا تو انجمن کو چھوڑ کر

ایک تو ہے رگِ گل رشتۂ پائے بلبل
تس پہ صیاد یہ چاہے ہے کہ میں باندھوں پر

ہمدموں ہے یہ تمنا میری اُس قاتل کے
ہووے خنجر بکف اور سر ہو میرا پاؤں پر

جیوں ہی چلا چمن سے وہ دامن کو جھاڑ کر
گل گر پڑے زمیں پہ گریباں کو پھاڑ کر

لُوٹے چمن میں گل کو خزاں یوں بہار حیف
اور عندلیب تُو رہے جیتی ہزار حیف

میں تو اب ہار گلے کا ترے ہوں گا ظالم
دیکھیں جاتا ہے کہاں اب تو مجھی ہار کے پھول

اُس رشکِ چمن کو ہوا آہنگِ گلستان
پرواز ہو سنتے ہی وہاں رنگِ گلستان

اُس رشکِ چمن کے ہے یہ چہرہ پہ خط سبز
یا گرد میں ہے ثبت یہ فرہنگِ گلستان

وہ اُٹھ گئے گل جن سے شرف یادِ تھا گلشن
ایک خار رہا میں بھی سو ہوں ننگِ گلستان

نہ سیر دریا سے فائدہ کچھ نہ دل کو دی آب تابِ گلشن
جو دم ہی اپنا حباب آسا تو پھر ہی نقش بر آبِ گلشن

نہیں یہ شبنم پڑے نرگس تری تصور میں زلف رخ کی
مدام شام و سحر رہے ہی تو نہیں چشم پُر آبِ گلشن

مانند مرغِ قبلہ نما گرچہ مضطرب
پھرتا ہوں اپنے گھر میں یہ عزلت گزیدہ ہوں

امرِت سی زیادہ تر ہے مری حق میں تو اجل
زہرِ غمِ فراق زبس میں چشیدہ ہوں

غربت میں مجھ غریب کو چھوڑو نہ ہمرہو
رہزن بہت ہیں راہ میں اور میں جریدہ ہوں

شرف

شرف منشی شرف الدین حسین ولد شہاب الدین حسین باشندہ علیگڑھ۔ حضرت رشک لکھنوی کے شاگرد قبل از غدر واجد علیشاہ کے زمانہ میں کانپور میں تھانہ دار تھے۔ استعارہ بندی میں ہوشیار ماہر۔ قدیم تخیل کے دلدادہ۔ سراپا سخن میں سے کلام منتخب ہو کر درج ہوا۔

یہ سبز پیرہن نہیں فانوس شمع ہے
ہے شمع جسم شمع کی لو ہے اگر زباں

اُس گل کا نام لینے کے قابل نہ ہو کبھی
بلبل گلاب و عطر سے دھوئے اگر زباں

مانگی دعا مگر نہ ملے لب سے لب کبھی	اللہ کرے کہ لال ہو یہ بے اثر زباں
کل عاشقوں کو عالم حیرت دکھا دیا	دانتوں میں اُس پری نے شرف دابکر زباں
نیچی نظر جبیں پہ عرق رہتا ہے مدام	کیا با حجاب آنکھیں ہیں کیا شرمگیں جبیں
نظر پڑا نہ کوئی تجھسا دوسرا سفاک	لڑائیں ہم نے بھی جا کر کہاں کہاں آنکھیں
قتل کو اپنے رہا کرتی ہے خنجر کی تلاش	یاد آتے ہیں جو قاتل ترے خمدار ابرو

شرف

شرف ۔ نواب میر محمدی خلف نواب سید جعفر خاں صوبہ دار مرشد آباد برادر زادہ نواب خان دوران خاں ۔ تاریخ مرشد آباد سے انکا میر جعفر کا بیٹا ہونا پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتا۔ غالباً بھتیجے یا بھانجے تھے ۔ طرز بیان سادہ اور زبان صاف ہے ۔ قدیم خیال بندی کے نمونے کلام میں ہیں۔ آزاد مثل صاف گو امیر زادے تھے ۔ انتخاب یہ ہے

	رباعی	
قزاق نہیں کہ لوٹ لاتے ہیں ہم		نوکر بھی نہیں کہ روز پاتے ہیں ہم
کیا پوچھتے ہو اپنی حقیقت یارو		اللہ دیتا ہے ”بیٹھے کھاتے ہیں ہم“
اک صفائی قلب بس ہے بہر تسکین جہاں		خاتم دست سلیماں ہے نگین آئینہ
صاف دل کا مرتبہ ہے عرش و کرسی سے بلند		جلوہ گر ہے آسماں زیر زمین آئینہ
توتیائے چشم مردم خاکساری کیوں نہو		فی الحقیقت خاکساری نسخۂ اکسیر ہے

شرف

شرف ۔ ناظم مرصع خیال ۔ شاعر جادو مقال جناب میر سادات حسین خاں عرف آغا مجو صاحب مرحوم ۔ میرزا حامد علی کوکب ولیعہد واجد علیشاہ کے خسر تھے اور ولی عہد کے لڑکے بڑے میرزا اور ننھے میرزا انہیں کی بیٹی کے بطن سے تھے ۱۲۸۸ھ میں جبکہ اودہ کا خاندان شاہی اپنے اقبال کی داستان ختم کر چکا تھا اور کلکتہ کے مٹیا برج میں رہتا تھا یہ بھی ولیعہد کے ہمراہ موجود تھے ۔ انہیں ولی عہد کے جوان گذر جانے کا دلی صدمہ تھا جو کلام سے ظاہر ہوتا ہے معنی بند خوش فکر شاعر تھے ۔ فن سخن میں حضرت آتش کے شاگرد رشید تھے ۔ زبان سلیس ۔ بیان میں لطف ہے ۔ بندشوں میں تشبیہات کی دل آرائی ۔ ترکیبوں میں استعارات کی زیبائی ۔ انکی

مشاقی پرداں ہیں ٹکسالی زبان باندھتے ہیں۔ ذہن صائب کی جدت طرازی قابل تحسین۔ فکر باریک بیں کی رسائی لائق آفریں ہے کلام یہ ہے ؎

جہاں میں حسن پرستوں کی جان لینے کو
نکھر نکھر کے نکلتے ہیں خوبرو کیسا کیا

ٹپک ٹپک کے کہیں گل بنا کہیں لالہ
چمن میں رنگ نہ لایا مرا لہو کیسا کیا

زباں جو انکی شرف نشہ میں بہکتی ہے
مزے مزے کی وہ کرتے ہیں گفتگو کیا کیا

پھڑک کے جان نہ دیتا تو آہ کیا کرتا
قفس سے اور نکلنے کی راہ تھی کیا کرتا

دم نکل لے تو چھری روکیو ٹوٹے قاتل
سانس ہے تجھ میں ابھی ہاتھ نہ اپنا ٹھہرا

قریب مرگ ہوں للہ آئینہ رکھدو
گلے سے مرے لپٹ جاؤ پھر نکھر لینا

دعا کو ہاتھ میں اس شرط سے اٹھاتا ہوں
کروں جو عرض تو اسکو قبول کر لینا

اندیشۂ اجل سے نہ مہلت کبھی ملی
جو لطف زندگی تھا وہ حاصل نہ کر سکا

اس شمع رو کی بزم کا اللہ رے انتظام
پروانہ تک بھی شامل محفل نہ ہو سکا

تری تلاش تھی ہمکو ادھر بھی آ نکلے
ارم کا شوق نہ تھا اشتیاق حور نہ تھا

کمال ربط دل بے قرار میں دیکھا
کہ عمر بھر اسے پہلوئے یار میں دیکھا

چہار سمت مجھے تو ہی تو نظر آیا
اٹھا کے آنکھ جدھر انتظار میں دیکھا

ضعیف ہو کے زمانہ کی ٹھوکریں کھاتا
بھلا ہوا کہ میں دنیا سے نوجواں اٹھا

قیامت آئی ہوا آفتاب حشر بلند
گناہ گاروں کے لشکر کا وہ نشاں اٹھا

جاکے جمعیت محشر جو پریشاں دیکھی
عشق بازوں کی میں اجڑی ہوئی محفل سمجھا

اے شرف حسن پرستی کا مزا تھا مجھکو
دل دیا اسکو جسے پیار کے قابل سمجھا

شمار کون کریگا تمہارے کشتوں کا
یہ بے حساب ہیں انکا حساب کیا ہوگا

ہر وقت وہ موجود رہا باغ جہاں میں
لیکن نہ کسیکو صفت بو نظر آیا

مجنوں نے میرا داغ جگر سر پہ رکھ لیا
یہ گل وہ ہے جو طرۂ دستار ہی رہا

بولے وہ میری قبر جھروکے سے جھانک کر
یہ شخص مر کے بھی پس دیوار ہی رہا

تو رہ گیا فقط ترے سودائی رہ گئے
یوسف رہے نہ مصر کا بازار ہی رہا

جہاں میں حسن پرستوں کا کارواں نہ رہا
مٹے ہوؤں کا کہیں منزلوں نشاں نہ رہا

قفس میں پائی وہ آسایش اے شرف ہم نے
چمن کو بھول گئے یاد آشیاں نہ رہا

نہ ہم سے پوچھو کہ کرتے ہیں ہم ستم کیسا
تمہیں بتاؤ تمہیں چاہتے ہیں ہم کیسا

شاخ گل جھوم کے گلزار میں سیدھی جو ہوئی
پھر گیا آنکھ میں نقشہ تری انگڑائی کا

بہار آنے سے خوشدل ہوں قفس میں چہچہاتا ہوں
اسیری میں یہ خوشیاں ہیں رہا ہوتا تو کیا ہوتا

جسے دیکھو وہ سیر شہر خاموشاں پہ مرتا ہے
خدا جانے یہ ویرانہ بسا ہوتا تو کیا ہوتا

واہ ری تقدیر ہم جب پہنچے بزم یار میں
شمعیں سب گل ہو چکی تھیں دم نہ پروانوں میں تھا

حسن آئینہ میں دیکھ کے اپنے شباب کا
کھل کھیلینگے وہ نام نہ لینگے حجاب کا

شمع رو خاموش تھے بہتے تھے آنسو شمع کے
رات کو ماتم ہمارے دل کا پروانوں میں تھا

ملے گا خاک میں اک دن طلسم دنیا کا
یہ کارخانہ ہے منت غبار سے پیدا

کہے سنے سے حسینوں کو دل جو دیتے ہیں
ہماری جان پہ بنتی کسی کا کیا جاتا

دو روزہ ہی بہار عمر انساں باغ عالم میں
غرض یہ چلتی پھرتی چھاؤں ہے عالم جوانی کا

گلوں کی شکل بھی ہم نے نہ آنکھ سے دیکھی
بہار آتے ہی ہم کو اسیر ہونا تھا

رما کے دھونی جو بیٹھا ہوں مانگ پر اسکی
اسی لکیر پہ مجھکو فقیر ہونا تھا

ہمیں جو نزع میں دیکھا تو رو دیا اس نے
اک اور صدمہ یہ وقت اخیر ہونا تھا

صرف شیرازہ جو ہوتی رگ جان بلبل
پھر گلستاں کا نہ مجموعہ پریشاں ہوتا

اسقدر موسم گل میں ہے مجھے ضعف اسال
دونوں ہاتھوں سے نہیں چاک گریباں ہوتا

تجھکو بربادی عالم جو نہ ہوتی منظور
کیوں ہرا باغ بھرا گھر کوئی ویراں ہوتا

آہ ہم کرتے ہیں اے یار کی محفل والو
دونوں ہاتھوں سے جگر تھام لو اپنا اپنا

پوچھتے ہیں جو کوئی نام مرا لیتا ہے
جانتے ہیں وہ مجھے عاشقِ شیدا اپنا

رخسار ہے کہ پھول کھلا ہے گلاب کا
غنچہ نہ میں کہوں تو کہوں پھر دہن کو کیا

ہو جاتی شبیہ آپکے کشتہ کی جو بیرنگ
جلاد لہو بھرنے کو تصویر میں آتا

دیدار کی خاطر مجھے تڑپا نیکو اُس نے
جھانکا تو جھروکے سے مگر سر نہ نکالا

وحشت میں مجھے دیکھنے آئے جو پری زاد
کس کس نے شرف جیب سے پتھر نہ نکالا

ایسی بیرحمی سے صیاد نے بازو توڑے
عمر بھر قابلِ پرواز کوئی پر نہ ہوا

امید میں دیدار کی آیا ہوں یہاں تک
ارمان بھرا ہوں مجھے ناشاد نہ کرنا

آخر کو ہوا حیرت و حسرت کا یہ نقشہ
مٹی کے کھلونے کو بھی تصویر میں سمجھا

دل کو بچاؤں یار کی ترچھی نظر سے کیا
پہلو تہی کروں میں قضا و قدر سے کیا

قسمت میں داغ تھے سو ملے باغِ عشق سے
پھولوں سے کام کیا ہمیں مطلب ثمر سے کیا

کیا ٹھہری تم سے اُن سے ملاقات کی شرف
پیغام ادھر سے کیا گئے آئے اُدھر سے کیا

چبھتا ہے گُل رگوں میں دل مجھ نحیف تن کا
پھولوں میں تُل رہا ہے کانٹا مرے چمن کا

جاری ہوا ہے کب سے داغِ وفا جہاں میں
موجد ہے کون اسکا سکہ ہے کس چلن کا

پروانہ بھی تو جا کر اُبھرتا نہیں وہاں سے
کیونکر کھُلے کسی پر حال اُسکی انجمن کا

کیا لگاوٹ تھی کہ دل کھینچ لیا پہلو سے
ہاتھ اس ناز سے اُس گل نے کمر پر رکھا

زلف اُلجھی گی تو شانہ سے سلجھ جائیگی
دل جب اُلجھیگا تو کوئی نہیں سُلجھانے کا

اے شرف بلبلِ ناشاد کا ہوں میں ہمدرد
داغ ہوگا مجھے ہر پھول کے مرجھانے کا

اے پری رُو دیکھکر عالم ترا
کیا بتاؤں دل کا کیا عالم ہوا

عمر بھر رہ رہ کے اُٹھا دل میں درد
صدمہ پر صدمہ مجھے پیہم ہوا

خیال دل کی تباہی کا آگیا مجھکو
کسی غریب کا اُجڑا ہوا جو گھر دیکھا

شوق میں ذوق میں کیا کیا نہ مرادیں مانگیں
کوئی ارمان محبت میں نہ نکلا دل کا

پانی ہو جانے کو یہ ہے وہ لہو ہونے کو
روزِ ازل سے غنچۂ دل میں بسا ہے تو
کچھ بس نہ میری گردشِ قسمت سے چل سکا
تنکے مری تلاش میں صیاد نے چُنے
ڈبویا جب مجھے دریائے غم میں یاس و حسرت نے
جل جائیو بُجھ جائیو پروانوں میں اے دل
بارش کبھی ہوتی ہے تو بھر جاتے ہیں جل تھل
کہا اشاروں سے میں نے کہ تمیہ مرا ہوں
بڑوں بڑوں کو لگایا نہ مُنہ کبھی میں نے
میں وہ دیوانہ ہوں مجنوں گرد پھرتا ہے مرے
جل بھی جاؤنگا تو تیری بزم کا ہونگا چراغ
سراپا نور ہے جلوہ نظر آتا ہے قدرت کا
نشوو نما جو کر کے مجھے بے نشاں کیا
ہم نے دل دیکے انہیں داغ ہزاروں پائے
ہمیشہ ہم نے شرف وجد و حال کو ڈھونڈا
باغباں کے ظلم سے تنکے گلستاں میں چُنے
کوئی پھرتا تو خبر ہم رفتگاں کی پوچھتے
جگر کا درد جو معشوق دلربا سے کہا
مری طرح سے کلیجہ پکڑ لیا اُس نے
جب سے ہُوا ہے عشق ترے اسم ذات کا
موجد جو نور کا ہے وہ میرا چراغ ہے

نہ بھروسا ہے جگر کا نہ بھروسا دل کا
پھر مجھے بوئے گل کیطرح کیوں نہاں رہا
چکر میں لاکھ طرح آسماں رہا
دیوانہ جستجو میں مرے باغباں رہا
نہ کوئی آشنا نکلا نہ کوئی ناخدا نکلا
زندہ کبھی اُس شوخ کی محفل سے نہ پھرنا
لیکن کبھی رونے سے مرا دل نہیں بھرتا
جو نطق بند مرا اُنکی گفتگو سے ہوا
وہ ظرف ہوں کہ نہ واقف کبھی سبو سے ہوا
کرتی ہے لیلیٰ طواف آکر مری زنجیر کا
میں وہ پروانہ ہوں تیرے حُسنِ عالمگیر کا
ہمارا دل بنا ہے آئینہ کس خوبصورت کا
کیا جانے اُس نے میری طرف کیا گماں کیا
ایک غنچہ کے عوض میں ہمیں گلزار ملا
کہیں پتا نہ مِلا اُسکی انجمن کے سوا
بازوؤں کو توڑ کر صیاد نے بے پر کیا
کون سی منزل پہ اُترے ہیں کہاں بستر کیا
کوئی بتائے کہ بیجا کہا کہ وہ جا، سے کہا
فسانہ درد جگر کا جس آشنا سے کہا
آنکھوں میں پھر رہا ہے مرقع نجات کا
پروانہ ہوں میں انجمن کائنات کا

تیرا دیوانہ بسا تھا جا کے جس ویرانہ میں
چھری مجھ پر اسیری سے جو پہلے تیز کرتا ہے
انہیں آغوش میں لینے کی حسرت جب میں کرتا ہوں
کبھی جو شاخِ گل لا کر قفس کے پاس رکھدی ہے
روح رخصت ہی جگر خون ہی دل ہی پرزے
نہ آئیگا وہاں تک خون تو کیوں سر کا جاتا ہے
بے نیازی پر انہیں ناز مرے دم تک تھا
شیشۂ دل بھی کم اندر کے اکھاڑے سے نہیں
چمن کے سایہ سے بھاگتا ہوں اُسی بھی صیاد جانتا ہوں
وہ مشتاقوں میں جب آئے تو آئے جانِ جاں ہو کر
تربتِ قیس سے کہتی ہے لپٹ کر لیلےٰ
آنکھوں سے بہ رہی ہیں لہو ہو کے حسرتیں
اک اک سے پوچھتے ہیں وہ آئینہ دیکھکر
رستے ہیں بند بھیڑ سی ہے بھیڑ ہر طرف
"چند راکے" مجھکو بولے وہ آخر جو شب ہوئی
جہاں تک جسقدر عالم ہوا سیر اسقدر کم ہے
حسینوں کو خدا نے حسن کے سانچے میں ڈھالا ہے
ہوں بہت بیتاب رونے دو نہ سمجھاؤ مجھے
انقلاب اُس کے تلوّن کا مرقع ہی شرف
کسی سے عشق میں یارب نہ آنکھ ہو نیچی
حسرت ہی خوب جور و ستم خوبرو کریں

کون سا عالم وہ تھا جو اُس نے بسایا نہیں نہ تھا
خدا معلوم گلچیں نے جڑی صیاد سے کیا کیا
لپٹتی ہے تمنا آ کے مجھ ناشاد سے کیا کیا
تو بلبل نے کیے ہیں چپکے چپکے صیاد سے کیا کیا
آج شیرازۂ ہستی ہے پریشاں اپنا
الگ میں تو تڑپتا ہوں ترے دامن سے کیا مطلب
لن ترانی کی نہ پھر آئی صدا میری بعد
اسمیں معشوق اُترتے ہیں پری رو ہو کر
بہار نو دل الٹ پایہی گماں قفس کا ہی آشیاں پر
چھپے آنکھوں کے پردے میں ہی دلمیں نہاں ہو کر
ہم تڑپتے ہیں پڑے تمکو خبر کچھ بھی نہیں
شاید ہے کشت فتحوں دل خانہ خراب میں
معشوق پاؤں پیار کے قابل تو کیا کروں
محشر میں اُسکو ڈھونڈنے کی راہ کیا کروں
فق ہو گیا ہی رنگ کسی کا سحر نہیں
دیا ہی کم سنی نے ہاتھ اسکا دستِ قدرت میں
حقیقت میں یہ سب آئینہ رُو تصویر سے ہو ہیں
صبر کی اسوقت گنجایش مرے دلمیں نہیں
جس کی الفت میں سوا مٹنے کی کچھ حاصل نہیں
کلیم طور پر جائیں میں عرش پر جاؤں
وہ بے نیازیاں کریں ہم آرزو کریں

چھری اوچھی لگانے سے یہی منشا تھا قاتل کا
کبھی تڑپوں کبھی سسکوں رہوں میں نیم جاں برسوں

خیانت کی نہیں ہوتی جو نیت خاکساروں کی
زمیں بھی انکی رکھتی ہے امانت استخواں برسوں

کیا خدا ہیں جو بلائیں تو وہ آ ہی نہ سکیں
ہم یہ کہتے ہیں کہ آجائیں تو جا ہی نہ سکیں

شعلۂ دل کو وہ چاہیں تو ابھی گل کر دیں
کچھ جہنم یہ نہیں ہے جو بجھا ہی نہ سکیں

داغِ ہجراں جگر و دل میں نہاں رکھیں گے
آپ کا حسن نہیں ہے جو چھپا ہی نہ سکیں

اسکو حیرت ہی ادھر مجھکو ادھر سکتا ہے
یار تصویر ہے آئینہ دیوار ہوں میں

تری گلی میں جو دھونی رمائے بیٹھے ہیں
اجل رسیدہ ہیں مرنیکو آئے بیٹھے ہیں

فریفتہ ترے اس ترچھی چتون کے
چھری کلیجوں میں لینے لگائے بیٹھے ہیں

ہمارے دفن و کفن کی ہیں اب فکر و تدبیر
خبر بھی ہے تمہیں ہم زہر کھائے بیٹھے ہیں

شب وصال سے بہتر وہ دن گذرتا ہے
کبھی کبھی جو ترا منہ سحر کو دیکھتے ہیں

اس مرے سودے کا دنیا میں ٹھکانا ہی کہیں
جان کا گاہک جو ہے اُسکے خریدار نہیں ہم

راحتیں سمجھے حسینوں نے جو ایذائیں دیں
پیار آیا تو پسند ان کی جفائیں آئیں

غم تو کہتا ہے کہ مانگو جان بچنے کی دعا
ہمت دل کہہ رہی ہے التجا اچھی نہیں

نوجوانی میں تھی کیفیت بہارِ عمر کی
ابتدا ہی میں مزا تھا انتہا اچھی نہیں

پوچھتے ہو جو حقیقت مری بیتابی کی
آؤ میں تم کو کلیجے سے لگا لوں تو کہوں

کیا کہوں کیسی ہے اُس شوخ کی ترچھی چتون
اک چھری اپنے کلیجے میں لگا لوں تو کہوں

مار ڈالا ہے جو بے جرم قضا نے ہمکو
داد دینے کو بلایا ہے خدا نے ہمکو

رہ گئے دیکھ کے سکتے میں ہم انکا جلوہ
بیخودی نے نہ دیا ہوش میں آنے ہمکو

اِک بات اُس میں پائی جو شوخیِ یار کی
ہم نے بھی اپنی جان لڑا دی قضا کیساتھ

نکل رہا ہے مرا دم ہراس ہے دل کو
آؤ اس صاحبِ خانہ ہی میہماں کے لئے

پہونچ کے قتل ہوئے کوئے یار میں عشاق
قیامت آگئی منزل پہ کارواں کے لئے

شکار ہوں گے عنادل لٹیں گے غنچہ و گل — بہار آئی ہے صیاد و باغباں کے لئے

جھروکے سے جھلک ظالم دکھا جا شام ہوتی ہے — ترے دیدار کا مارا تڑپتا ہوں میں دن بھر سے

ذرا دم لینے دو منکر نکیر آرام کرنے دو — تھکے ماندے مسافر ہیں چلے آتے ہیں باہر سے

ترس کھا کر کہیں بہلا دو طفلِ اشک کو مردم — نکلتا ہے جنازہ لختِ دل کا دیدۂ تر سے

ہم جو کہتے ہیں نقاب الٹو تو مکھڑا دیکھیں — ہنسکے کہتے ہیں تمہیں تابِ نظر کب ہوگی

مرتے ہیں بیان صدمۂ ہجراں نہیں کرتے — کیا درد مزے کا ہے کہ درماں نہیں کرتے

تمام عمر نہ بیٹھے کہیں ٹھکانے سے — لئے پھری ہمیں دن رات جستجو تیری

صورت جو چشمِ یار نے پکڑی غزال کی — چیتوں نے بے چھری مری گردن حلال کی

کیا اس کے رخ سے چودھویں کا چاند بختا — نازاں وہ جس پہ تھا وہی شب تھی زوال کی

ہمیں جو ہجر میں پیستے ہو یہ جانتے ہو کہ کیا کرینگے — خدا نے چاہا تو سرمہ ہو کر تمہاری آنکھوں میں جا رہینگے

ملا ہے آرام آشیاں کا نہیں کچھ اندیشہ باغباں کا — رہا بھی ہوں گے تو آکے اکثر ہم اس قفس میں رہا کرینگے

حسرت سے اس لئے میں اُترتا ہوں قبر میں [۵ے] — ملتی ہے جان دیکھئے یہ دو گز زمیں مجھے

پیسنگی کیا سرشت مری بھی اسی سے ہے — آغوش کھول کے لیگی زمیں مجھے

پیسکر بھی نہ ہمیں آنکھ اٹھا کر دیکھا — سرمہ بھی ہو کے نہ ظالم کی نظر تک پہونچے

ڈبڈبانیکو ہیں آنسو چشمِ تر ہونے کو ہے — دل بھرا آتا ہے کیا پانی جگر ہونے کو ہے

زخم ہیں رونے کو ہم دم توڑنیکے واسطے — دل لہو ہونیکو ہے ٹکڑے جگر ہونے کو ہے

کنجِ لحد میں مجھکو سُلا کے پوچھتے ہیں وہ لوگوں سے — نیند انہیں اب آگئی کیونکر کیا ہوئی بے خوابی کی

شرف

شرف — وقار الاعظم صاحبزادہ مشرف یار خاں صاحب نکتہ سنج، شوخ رقم شاعر پاکیزہ خیال وال تمیز۔ نواب صاحب بہادر والئی جاورہ کے عزیز۔ میرزا محمد اسد یار خاں صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات ریاست کے فرزند سعید اور داغ دہلوی کے تلمیذ رشید ہیں۔

آپکے آباؤ اجداد میں میر حیدر بیگ خاں بخاری اور میر حسین برلچ خاں جاگیردار

[۵ے] میر انیس کی رباعی سے مضمون لڑ گیا ہے۔

دہمار (واقع افغانستان) دلاوری اور شجاعت میں مشہور تھے۔ محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں ہندوستان آئے۔ میرزا اشرف ۱۲۸۴ھ مطابق ۱۸۶۸ء میں جاورہ میں پیدا ہوئے۔ جاورہ کے ہائی اسکول۔ رتلام کے سنٹرل کالج میں تعلیم پائی خوش قسمتی سے مسٹر ہربرٹ اور مسٹر رضا حسین خانصاحب ایم۔ اے جیسے شفیق اساتذہ ہاتھ آئے۔ ۱۶ سال کی عمر میں مہاراجہ سر رنجیت سنگھ بہادر والئی رتلام کے مصاحب ہوئے۔ ۱۸۸۸ء میں ۲۲ برس کی عمر تھی صاحبزادہ عبیداللہ خاں نے ریاست ٹونک میں بلا کر پرائیویٹ سکرٹری کے عہدہ پر مقرر کیا۔ مگر چند ماہ بعد جاورہ آکر پہلے نائب تحصیلدار مقرر ہوئے۔ پھر مجسٹریٹی کے عہدہ تک ترقی کی۔ جاورہ کے مشہور تجربہ کار اہلکار قحط اور حفظان صحت کے متعلق قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ نظم و نثر میں دستگاہ کامل ہے ڈائمنڈ جوبلی ۱۸۹۷ء آتالیق قیصری ۱۸۹۷ء۔ زراعت مالوہ آپکی تصنیف سے ہیں۔ دل بیقرار موسوم بہ دیوان شرف حسن و عشق کا نگارخانہ ہے۔ تخمیناً ۲۰ سال سے شعر کہتے ہیں۔ تغزل کی حقیقت اور جامعیت سے بخوبی واقف ہیں مشاق اور قادرالکلام سخنور ہیں۔ شاگردان داغ میں ممتاز ہیں غزل کے علاوہ قصیدہ تاریخ ہر صنف سخن میں دخل رکھتے ہیں۔ جذبات محبت جو انکے اشعار میں نظر آتے ہیں وہ استاد کی شاعری کا پورا چربا ہوتے ہیں۔ زبان میں خداداد شوخی ہے۔ شباب۔ انتظار حسن۔ شاہد و مینا کے مضامین جس خوبی سے ادا کرتے ہیں وہ اپنے رنگ میں لاجواب ہیں۔ روزمرہ محاورات کی تہ میں بذلہ سنجی اپنا جلوہ دکھاتی ہے۔ سوز و گداز دلوں میں چٹکیاں لیتا ہے طریقۂ بیان میں انتہا کا لطف ہے اور اسی نکلیتی کی وجہ سے ہر شعر دل میں گدگدی پیدا کر دیتا ہے۔ شریف الطبع خلیق شخص ہیں۔ افسوس ہے کہ آپکے بڑے صاحبزادے کا حال میں انتقال ہو گیا۔ بہنگام نظر ثانی کلام عنایت کیا جس کا انتخاب ناظرین کی تفریح اور دلچسپی کیلئے ذیل میں درج کیا جاتا ہے ؎

ملو دشمن سے بھی ہم سے بھی ایسا ہو نہیں سکتا یہ وضع عشق مارے ڈالتی ہے ورنہ اے ظالم	ہماری اپندگی یہ ہم سے جھگڑا ہو نہیں سکتا وہ جب کیا ہو نہیں سکتا تھا اب کیا ہو نہیں سکتا

صدمہ کب تک سہیں جدائی کا
ان تو جینا ہے بے حیائی کا

صلح کے نام پر بگڑتے ہو
صلح کیسا نام ہے لڑائی کا

شوق اور شوق خود آرائی کا
تو بھی دشمن ہے تماشائی کا

ہے حسن یہ ایک آدمی کا
کیوں نام بتائیں ہم کسی کا

اسے موسیٰ کا دل ہی جانتا ہے
کہ آیا طور پر آن کو نظر کیا

بہت کھوئے گئے مذکور دل پر
یہ کہتے ہی نہ رہے کیا۔ کدھر کیا

اک نہ اک غم لگا ہے سب کے ساتھ
ساری دنیا کو مبتلا دیکھا

کچھ سوا اپنی نارسائی سے
رنج ہے غیر کی رسائی کا

ہو رہی ہے ستم سے کیوں توبہ
یہ بھی پہلو ہے دلربائی کا

دل بھی ہے دل میں درد بھی ہے اللہ کا دیا
"اپنی کہو تو"، کہ ہمیں تم نے کیا دیا

اے شمع دل کا درد تو ہم سے بیان کر
کمبخت تیری بے سخنی نے جلا دیا

مدفن پہ میرے خاک بھی ڈالی نہ ڈھنگ سے
دامن جھٹک کے خاک میں تم نے ملا دیا

دل بیچنے گئے تھے حسینوں میں کل شرف
دامن کسی نے ہاتھ کسی نے بڑھا دیا

جلوۂ جاناں بہت پھیلا ہے میرا دل کیا تھا
روز پردہ توڑ ڈالا روز پردہ کر لیا

دل کے اندر تم ہی تم ہو دل کے باہر تم ہی تم
کیا دکھائیں جو کہ دیکھے تم نے پردہ کر لیا

ترک مے کے بعد بھی بھولے نہ راہ میکدہ
جب چلے گھر سے ادھر کا ایک پھیرا کر لیا

صبح تک آنسو بہائے انتظار یار میں
رات بھر میں موتیوں کا ہار پورا کر لیا

انکے آگے اشک بھر لائی آنکھوں میں شرف
آپ چپکے چپ رہے خفگی کا شکوہ کر لیا

نظر ڈالی ہے تم نے غیر پر کیا
بڑھی ہے تم سے بھی میری نظر کیا

لگا ہے قفل دروازے میں انکے
عدو کے گھر گیا ہے "گھر کا گھر کیا"

دل سے کہ ہمیں دل کے ارمان سے کیا مطلب
تم جان سے پیارے ہو تو جان سے کیا مطلب

بتخانہ میں کافر ہوں کعبہ میں مسلماں ہوں
تم سے مجھے مطلب ہے ایمان سے کیا مطلب

توحید کا دریا بھی سرچشمۂ راحت ہے
سرچشمۂ راحت کو طوفان سے کیا مطلب

خوبرویوں پر پڑی ہیں چھٹیاں
تم نکل آؤ ہمارے نام پر

دم اور ذرا سا دلِ مضطر میں ہے قاتل
تیر نگہ ناز کی ایک چوٹ وہیں اور

ہر بات پہ آجاتا ہے مذکور عدو کا
گو مجھسے مخاطب ہیں مگر دل ہے کہیں اور

یہ آج رخ پُر نقاب کیوں ہے یہ وصل کی شب حجاب کیوں ہے
کہ پردہ پکڑے کھڑی ہے آگے تجلی آفتاب عارض

کرے بہانہ نہ کیوں غشی کا دھرا ہی زانو پہ سر کسی کا
سنگھا رہی ہیں وہ مشکِ گیسو جھٹک کے رنگیں گلاب عارض

سماں تھا دمِ واپسیں دیر تک
رہے غش مرے ہمنشیں دیر تک

مزا دے گیا بوسۂ آستاں
نہ سرکی ہماری جبیں دیر تک

شرف روزنِ در سے جھانکا کیا
تجھے ایک پردہ نشیں دیر تک

عجب مدعا تھا دلِ زار کا
کہ کہکر نہ سمجھے ہمیں دیر تک

نئی عمر ہیں نئی چاہت نیا حسن
نئے ہم ہیں نئے تم ہو نیا دل

چہرہ پہ اُدھر ڈالیں ادھر زلفیں اٹھالیں
گویا کہ شبِ وصل نہیں دیر سحر میں

پھر پوچھنا تم ہاتھ مرے سینہ پہ رکھکر
کم بخت کہاں درد ہے دل میں کہ جگر میں

بیمارِ غمِ عشق ادھر ہو کہ اُدھر ہو
تم دیکھ تو لو فیصلہ ہے ایک نظر میں

کسی کا پوچھنا انجان بنکر
شرف تم مبتلا ہو کسی بلا میں

سرور افزائے دل ہیں جسقدر یہ دلکے چھالے ہیں
مئے الفت بھری ہے انمیں یہ مُنہ کے پیالے ہیں

کیا انہیں نمک کم ہے نمکداں کو جو دیکھیں
منہ انکا مرے زخم جگر دیکھ رہے ہیں

منتیں مان رہی ہیں وہ دم نزع شرف
کیوں نہ مرجائے کہ جینے کی دعا دیتے ہیں

وہ غیر کی الفت میں پشیماں ہیں کیا کیا
ہم اپنی دعاؤں کا اثر دیکھ رہے ہیں

بیچین ہیں وہ جذبِ محبت سے کسیکے
مڑ مڑ کے خدا جانے کدھر دیکھ رہے ہیں

دل لائیے بس آنکھ نہ ہم سے چرائیے
ہم اپنے دل کا چور پکڑ لیں ہزار میں

کچھ دیر میں دکھا نہ کچھ اللہ کے گھر میں
جو اپنی نظر میں ہے وہی اپنی نظر میں

اس دردِ محبت کو سو کھیل کھلاتے ہیں
چھٹتا ہی جو پہلو سے سینہ سے لگاتے ہیں

جنت کا بیاں کر کے حوروں کی جتاتے ہیں
یہ حضرتِ واعظ بھی کیا دور کی لاتے ہیں

منہ موڑ کے جاتے ہو دل توڑ کے جاتے ہو
عاشق کی تمنائیں اس طرح مٹاتے ہیں

مُردوں کا جلانا تو دستور میں داخل ہے
اللہ رکھے انکو جیتوں کو جلاتے ہیں

وہ کون کہ دل آرا میں کون کہ دلدادہ
دل کون کہ شیدائی۔ پھر دل کو ستاتے ہیں

بات کیا ہے وہ ان حسینوں میں
بے وفا ہو کے یاد آتے ہیں

نزع میں ہم سے یہ ہوا شکوہ
ہم تو آئے ہیں آپ جاتے ہیں

پسِ مردن بھی میرے ضعف میں تو صعود ایسا ہے
کہ اُٹھتا ہے مرا مشتِ غبار آہستہ آہستہ

تو ہے قاتل تری ہر تیغِ ادا قاتل ہے
چشم بد دور نظر جس پہ پڑی بسمل ہے

ہاں ذرا خونِ جگر اور ٹپکنا کہ کوئی
کھ رہا ہے یہ کسی سے "یہ مرا بسمل ہے"

ربطِ دشمن پہ تجھے جی سے اُترنے نہ دیا
کس قدر ٹوٹ کے آیا ہوا تجھ پر دل ہے

سُنکے قصہ وصل کی شب وہ مرے اندوہ کا
بولے نیند آنے لگی کیا خوب یہ افسانہ ہے

کہاں لیجائیگی اے بے قراری
اُٹھا جاتا نہیں مجھ ناتواں سے

سنبھالے نہ سنبھلی طبیعت کسی کی
بُری چیز ہے اچھی صورت کسیکی

سمجھائیں گے رو رو کے دل کی لگی کو
کلیجا اسی طرح ٹھنڈا کرینگے

ہائے قاصد سے بصد ناز وہ کہنا۔ کیا ہے؟
اور خط دیکھ کے پھر پوچھنا لکھا کیا ہے

جان اُسکی ہے دل اُسکا ہے جگر اُسکا ہے
ہم بھی اُسکے ہیں خدا جانے ہمارا کیا ہے

میں فدا تم پہ مری جان تم اُس پر شیدا
مجھسے کیا تم سے بھی ہے غیر کی قسمت اچھی

چلو حضرتِ دل حسینوں سے ملنا
ٹھکانے سے مٹی لگائیں تمہاری

غم کھاؤں کیا کہ غم کو مرے دل نے کھالیا
حیران ہوں کہ کھاتی ہے میری غذا مجھے

دردِ دل سے وہ بنی ہے جان پر
بات کرتا ہوں کلیجہ تھام کے

شر ہے شرف کے نام میں یہ اعتراض ہے
رکھنا پڑے گا نام کوئی دوسرا مجھے

عشق کی راہ ہے مجنوں نہ کوئی منزل ہے
تو جہاں ہے وہیں لیلیٰ ہے وہیں محمل ہے

آپ کے نام پہ آتی ہے ہنسی ہم کو شرف
کون سی بات یہ حضرت کو شرف حاصل ہے

بتوں کی محبت میں دنیا گئی
ارے کیسی دنیا کہ عقبیٰ گئی

مجھے کوستے تھے وہ صبحِ وصال
جو آنکھیں ملیں تو ہنسی آگئی

خدا کی جدائی تو سہلی شرف
بتوں کی جدائی مگر کھاگئی

یہ عداوت ہے یا محبت ہے
لپٹی جاتی ہے تیغ بسمل سے

عشق پروانوں کا ہے کچھ الٹا
جلتے ہیں یہ چراغِ محفل سے

"مجھکو بے چین کردیا مجنوں"
یہ صدا آرہی ہے محمل سے

آج بیتاب ہوں بہت قاصد
کچھ نہ کچھ کہدے جوڑ کر دل سے

یاد کرتے ہی آگئے وہ شرف
ہے مثل دل کو راہ ہے دل سے

ہر سانس میں دردِ آرزو ہے
ہر دھڑکے اُسی کی جستجو ہے

خنجر ہو ترا کہ بادۂ ناب
جو کھنچ گیا اُسکی آبرو ہے

اُبھرے ہوئے سینہ سے وہ بادو
دل میں مرے دردِ آرزو ہے

دوپٹہ کسی کا کدھر کا کدھر ہے
جوانی کا عالم بھی کیا بے خبر ہے

مسل ڈالا گلشن میں لاکے کو اُسنے
کسی نے کہا تھا یہ میرا جگر ہے

مزے لوٹتی ہیں ہماری نگاہیں
تمہیں کیا خبر ہے جو ہمکو خبر ہے

زمانہ کی پڑتی ہیں تم پر نگاہیں
تمہاری بھی آخر کسی پر نظر ہے

ضبط کب تک شعارِ عاشق ہو
صبر کب تک کہ آدمی ہی تو ہے

اب بتکدے کی سیر کرو چل کے اے شرف
اس عشق میں بتوں کے کچھ بھولے نہ بھولی
ظالم بری گھڑی تھی صبح مفارقت کی
خدا تم کو توفیق دے اب وفا کی
دھرا کیا ہے پیر فلک کی گرہ میں
تم سلامت رہو کس بات کا شکوا ہے مجھے
اے منجم کبھی تو دیکھ ستارا میرا
اٹھ کے پہلو میں وہ کروٹ تو لوا دیتا ہے
تمہیں سوچو کہ کس امید پہ انسان جئے
وہ بھی مقام دوست ہے یہ بھی مقام دوست
سامانِ آخرت میں یہاں ہے خدا کا نام
جلوے کہاں وہ روئے تجلی نقاب کے
پھر اے شرف کہاں یہ زمانہ بہار کا
ہمیں راہِ بتاں میں مل گئے ہیں حضرت ناصح
شرف اعمال کر اچھے کہ جو عقبیٰ میں کام آئیں
عیسیٰ ہو تم نے مردے جلائے تو کیا مجھے
تصویر اپنی اسنے شرف مجھسے چھین لی
دیر و حرم کا ہم اُسے پابند کیوں کریں
حسن صورت ہی نیا روز کا آئینہ میں

کعبے میں رہتے رہتے تو مدت گذر گئی
بھولے ہیں ہم خدا کو ہم کو خدا نہ بھولے
بھولے ہیں تیرا آنا جانا ترا نہ بھولے
امیدوں میں پھر جان ڈالی ہے ہم نے
شرف جو پڑی ہے اٹھا لی ہے ہم نے
بیوفائی کا گلہ اور گلہ کیا ہے مجھے
کیا ابھی اور اسی حال میں جینا کیا ہے مجھے
آخر اس در سے اتنا تو سہارا ہے مجھے
نہ تسلی نہ تشفی نہ دلاسا ہے مجھے
دیر و حرم کا تفرقہ اک دل کی بات ہے
یہ کائنات ہے تو بڑی کائنات ہے
یوں سینکڑوں ورق ہیں خدا کی کتاب کے
دو گھونٹ اور بیٹھ کے پی لے شراب کے
خدا جانے کہاں تک یہ مصیبت ساتھ جائیگی
وہاں جنت نہیں دنیا سے جنت ساتھ جائیگی
اس دردِ دل کی کوئی بتا دو دوا مجھے
کہتا ہے اعتبار نہیں آپ کا مجھے
مختار ہے جہان کا جا ہے جہاں رہے
مجھکو پہچانو گے اپنی تمہیں پہچان بھی ہے

شرف

شرف — حافظ محمد ابو شرف نام، شرف تخلص خلف شاہ محمد معصوم صاحب مجددی آپ اپنے والد کے ساتھ مدینہ منورہ میں رہتے ہیں شعر گوئی میں پہلے آپ نے حضرت امیر مینائی لکھنوی

مرحوم سے فیضِ تلمذ حاصل کیا تھا بعد وفات اُنکے جانشین حضرت جلیل سے مشورہ لیتے رہے ہیں
زبان صاف ہے۔ پروفیسر حامد حسین قادری نے کلام بھیجا تھا اُسکا خلاصہ درج ذیل ہے ؎

اس نے تو آسمان و زمیں ایک کر دیئے
اللہ رے اضطراب دلِ بے قرار کا

گل فشانی آج کیوں ہوتی نہیں گلزار میں
کیا کوئی کانٹا لگا بلبل تری منقار میں

لب یہ کچھ ہے اور چتون کہہ رہی ہے اور کچھ
مل رہا ہے کیا مزا اقرار کا انکار میں

وہ حسن دیکھ کے بُت بن گیا دلِ بیتاب
نئی ہے سیر کہ بجلی کو اضطراب نہیں

اُن کو آئینہ دکھایا کیسی نادانی ہوئی
وہ بنے تصویر مجھکو اور حیرانی ہوئی

چومنے پائے نہ ابرو مار بیٹھا وہ چھری
وائے قسمت حج سے پہلے اپنی قربانی ہوئی

قضا نکرا دا نے جان عاشق کی نکالی ہے
جمالِ یار میں اللہ کیا شانِ جلالی ہے

لگی ہے آگ گلشن میں بنے ہیں پھول انگارے
جلے دل سے یہ کیسی آہ بلبل نے نکالی ہے

ابھی وہ منزلوں ہے دُور اور دل چل بسی عالم میں
قیامت ہی قیامت تھی کہ تیری چال اٹالی ہے

دوپٹہ آسمانی لے اڑا ہے اُس ستمگر کو
دماغ اُسکا نہ پوچھو اب تو گردوں سے بھی عالی ہے

مرے ہی دل میں گھر کر کے مری ہی آنکھ سے چھپنا
حیا اُسکی انوکھی ہے ادا اُسکی نرالی ہے

دل کو پکڑ کے بیٹھ گئے وہ سرِ مزار
بولے یہ قبر ہائے مرے باوفا کی ہے

ہاں سچ ہے تم سے پھر کے بتو جائینگے کہاں
بس اک تمہیں تلک تو خدائی خدا کی ہے

زنجیر عرش بن گئی ہے جا کے عرش پر
اللہ کیا پہنچ مری آہِ رسا کی ہے

شرف

شرف۔ جناب سید محمد نذر صاحب رئیس سرسی تلمیذ حضرت راز لکھنوی۔ بہت مشاق شاعر ہیں۔ مصرعہ پر مصرعہ خوب لگاتے ہیں۔ استعارہ اور تشبیہ کلام میں بقدر مناسب استعمال کرتے ہیں۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے ؎

چھائی حیرت جو نقاب رخ زیبا اُٹھا
ٹر گیا اور یہ پردہ جو وہ پردہ اٹھا

آج پہلو میں مرے درد کچھ ایسا اُٹھا
کبھی تڑپا کبھی لوٹا کبھی بیٹھا اٹھا

دستِ نازک سے جو شمشیر گلے پر نہ پھری
ہنسکے سینے سے مرے وہ ستم آرا اُٹھا

بے طرح آج وہ بگڑے ہیں خدا خیر کرے
اب کوئی آئی بلا اب کوئی فتنہ اُٹھا

سینکڑوں گر گئے موسیٰ کی طرح غش کھاکر
آج کس کے رخِ پُرنور سے پردہ اُٹھا

تھی یہ امید کہ تربت پہ چڑھائینگے وہ پھول
فاتحہ کو بھی شرف ہاتھ نہ اُن کا اُٹھا

شرق

شرق - میر غلام عباس خلف سید غلام رضا باشندۂ لکھنؤ۔ آپ میر وزیر علی صبا کے شاگرد و صاحب دیوان تھے۔ قدیم رنگ کا کلام ہے۔ غدر سے پیشتر زندہ تھے۔ کلام درج ذیل ہے ؎

مجھسے نہ کیجئے مری جاں اس قدر دماغ
کچھ خیر ہے۔ بشر سے کرے یوں بشر دماغ

اِک بوئے زلف نے تو یہ آشفتہ کر دیا
پیدا کرے نہ اور کوئی دردِ سر دماغ

آتا ہے غش پہ غش مجھے اب بات بات میں
فرقت میں یہ ضعیف ہوا ہے جگر دماغ

اس حسنِ عارضی پہ یہ نخوت خدا سے ڈر
اے بُت نہ اپنے چاہنے والوں سے کر دماغ

باتیں غرور کی وہ کسی اور سے کریں
ہم سے تو اُٹھ سکیگا نہ یہ عمر بھر دماغ

اے شرق سب سے جُھک کے برابر ملا کرو
رکھتا ہے آدمی کو سُبک عمر بھر دماغ

شرق

شرق - محمد وزیر خاں خلف محمد اکبر خاں پٹھان۔ آپکے بزرگ ولایت نراره سے ہندوستان میں آئے اور قصبہ بلاری ریاست دھول پور میں قیام کیا۔ آپکے جد امجد مرتضیٰ خاں چین پوری علاقہ بھوپال میں تحصیلدار تھے۔ انکے والد علاقۂ بھوپال سے دھول پور میں چلے آئے۔ یہ خود ریاست گوالیار میں عرصہ تک ملازم رہے۔ ۱۸۹۵ء سے ریاست دھول پور کی عدالت میں وکالت کرتے ہیں۔ فنِ سخن میں حضرت داغ دہلوی سے تلمذ ہے۔ متروکات کے پابند نہیں ہیں۔ سادہ زبان میں شعر کہتے ہیں۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

جھوٹے وعدوں پہ وصل کی امید
کیا خبر ہے ہوا ہوا نہ ہوا

جس کو پالا تھا ناز سے ہم نے
وہی دل اپنا آشنا نہ ہوا

آپ ہی جور کریں آپ ہی شکوا اُلٹا
کیا قیامت ہے زمانہ کا ہے نقشا اُلٹا

سخت جاں ہوں میں غضب ہے مرا قاتل ناداں
ابھی خنجر کو سمجھتا نہیں سیدھا اُلٹا

آنکھ کے تِل میں نظر آگئی قدرت اُس کی
کیا کہوں طالب دیدار نے کیا کیا دیکھا

منہ شبِ وصل میں عاشق سے چھپایا ہے غضب
او حیادار تری شرم و حیا نے مارا

نہ چین دل کو نہ صبر جی کو بڑی مصیبت میں جان دیکھو
فراقِ جاناں میں جل رہا ہوں لگی ہے شعلہ بدن کے اندر

چلے ہیں ہستی سے ہاتھ خالی خدا کے آگے ہے شرم محشر
حجاب عصیاں سے منہ کو اپنے چھپا لیا ہے کفن کے اندر

زمانہ میں اندھیر برپا کریں گی
ترے رُخ پہ زلفیں پریشاں ہو کر

غضب آیا بلا ٹوٹی قیامت ہو گئی برپا
ہمارے قتل کا وہ غیر کو ارشاد کرتے ہیں

کر دیا دل کو جگر کو مرے پارہ پارہ
بڑھ کے اس تیغِ نظر سے کوئی شمشیر نہیں

روکا جب غیر کو میں نے تو کہا ظالم نے
میرا یہ گھر ہے تمہاری کوئی جاگیر نہیں

رخسار گل ہے غنچہ دہن چشم نرگسیں
شیدا ہوں جس پہ میں وہ گلستاں تمہیں تو ہو

گردوں سے بڑھ کے موجد بیداد ظلم و جور
محشر میں بھی کہوں گا کہ ہاں ہاں تمہیں تو ہو

قربان جس کے ناز پہ صدقہ ادا پہ ہوں
ایسے عزیز مجھکو مری جاں تمہیں تو ہو

کیوں شرق مُنہ کو پھیر کے بیٹھے ہو بار بار
ہاں شیخ جی سے بڑھ کے مسلماں تمہیں تو ہو

دعائیں مانگیں نہ کیوں بادہ خوار ساون کی
گھٹا دکھاتی ہے کیا کیا بہار ساون کی

حالِ فرقت کہا تو یوں بولے
زہر ہی کیوں نہ کھا لیا تم نے

شرقی

شرقی ۔ منشی سید ابوالحسن خلف سید تصدق حسین باشندہ باندہ ۔ منشی رشید محمد صاحب رشید سے تلمذ ۔ اُردو فارسی کی استعداد معقول تھی سنہ ۱۸۸۳ء کے قریب شملہ پر کسی صیغہ میں ملازم تھے ۔ وہاں سے ریاست جودھ پور میں آکر سب انسپکٹر پولیس ہو گئے سنہ ۱۹۲۰ء میں بعمر ۶۵ سال انتقال ہو گیا ۔ انکا ایک دیوان غیر مطبوعہ تھا جو چوری ہو گیا ۔ منشی جمیل احمد طاہر نے کچھ کلام بھیجا اسکا انتخاب حسب ذیل ہے ؂

جو درد و الم باقی ہیں پیش آئینگے شرقی
تقدیر کے لکھے کو مٹایا نہیں جاتا

خط لکھوں اُس بُتِ نوخط کو جو مضطر ہو کر
نامۂ شوق اُڑے میرا کبوتر ہو کر

کیا خدا کو بھی ہے منظور بتوں کی خاطر
اُلٹی پھر آئی دعا چرخ سے اکثر ہو کر

دن کو آہوں کے شرارے جو اڑے تھے شرقی
رات کو چرخ پہ چمکے وہی اختر ہو کر

رکھنا امید وفا کی نہ بتوں سے شرقی
دوست کس کے یہ بھلا دشمنِ ایماں ہونگے

شریف

شریف ۔ تخلص منشی نبانک پرشاد نام ہے ذات کے کایستھ ہیں موضع کھتولی ضلع بنارس وطن ہے آپ کی پیدایش ۱۸۹۰ء میں ہوئی اور اٹھارہ برس کی عمر میں تحصیل علم ضروری سے فارغ ہو کر سرکار بنارس میں اپنے موروثی عہدۂ نظامت پر ملازم ہو گئے ۔ تخمیناً ۱۸ برس پیشکاری کا کام انجام دیکر پنشن لے لی ۔ شعر و سخن سے طبعی دلچسپی ہے ۔ اندراج تذکرہ کیلئے کچھ مختصر کلام بھیجا ہے ۔ جس کا انتخاب درج ذیل ہے ۔

چبھیگی نوکِ مژہ کسی کی جو دل میں میری خدنگ ہو کر
تو آہ و نالے بھی کام اپنا کرینگے تیر و تفنگ ہو کر

جب اُنکی آنکھیں لڑیں تو دل پر چلا یا نیچہ مژہ کی
یہ وہ ہیں آہو جو چوٹ کرتے ہیں باگ کے قصعہ سے پلنگ ہو کر

صباحتِ رُخ کو دیکھکر دل چلا ہے زلفِ سیہ کی جانب
حبش کو جیسے کوئی روانہ ہوا ہے ملکِ فرنگ ہو کر

مرے لئے تم جگہ نہ کیجیو اپنے دل میں بنائے رکھنا
عجب نہیں کثرتِ گنہ سے رہے مری گور تنگ ہو کر

شریف حصہ میں عاشقوں کے پڑی ہے رسوائی و فضیحت
اگر ہوا بھی تو کیا کریگا خیالِ ناموس و ننگ ہو کر

بانکپن جھک جھک کے کرتا ہے سلام
اپنے ابرو جب وہ خم ہیں دیکھتے

ہو کے سائل ہاتھ پھیلاتے نہیں
ہمتِ اہلِ کرم ہیں دیکھتے

خاک میری لاکھ پابوسی کرے
پر وہ کب زیرِ قدم ہیں دیکھتے

شریف

شریف ۔ شیخ شریف الزمان خانصاحب صدیقی ۔ شاگرد حضرت امیر مینائی لکھنوی ۔ ذکی الذہن اور روشن طبع ہیں ۔ شعر میں لطف پیدا کرنیکی کوشش کرتے ہیں ۔ زبان کی صفائی کا خیال بھی ملحوظ ہے ۔ استعارات اور دور از قیاس تشبیہوں سے اپنے کلام کو بچاتے ہیں ۔ زیادہ حالات باوجود کوشش معلوم نہوئے ۔ یہ انتخاب ہے ۔

کرنے لگے بل ابروئے خمدار کیا ہوا
کیا پوچھتے ہو حال دلِ بے قرار کا
ہم زخمیوں کے زخم بھی پورے بھرے نہیں
شامِ قیامت آگئی اسکی ہوئی نہ صبح

بیٹھے بٹھائے کھچ گئی تلوار کیا ہوا
بندہ نواز شکر ہے پروردگار کا
تو خیر سے پھر آگیا موسم بہار کا
اللہ رے طول میرے شبِ انتظار کا

سات پردوں میں چھپا رکھی نہ ہو تصویر غیر
کچھ اثر رکھتی ہے الفت سبزہ رنگوں کی اگر
ہے سنورنے سے بھی بڑھ چڑھ کر بگڑنے کی ادا
باز آیا میں محبت سے مرا دل پھیر دو
گھونٹ بھر پانی پلایا جسکو تیری تیغ نے
عشقِ دلدار و غمِ ہجر کو مونس نہ سمجھ
آنکھ غیروں سے لڑاتے ہو خبر بھی ہے تمہیں
راستہ روک کے وہ بُت جو کھڑا ہو جائے
خدا کے خوف سے کب میکشی رندوں کی خالی ہے
لہو میں تر ہیں آنکھیں سینہ داغوں سے چراغاں ہے
غضب کا رس بھرا ہے چشم میگوں میں تری ساقی
وصل میں بڑھتے ہوئے دیکھا جو میرا دستِ شوق
الٰہی خیر پھر اُسنے شکن ابرو پہ ڈالی ہے
شبِ فرقت میں بیکس ہوں مسیحا مجھسے ہے غافل
تدبیر نے کچھ وصل کے پہلو جو نکالے
بیٹھے ہیں مرے دل میں مری جان کے دشمن
جی بھر کے نظارہ دمِ آخر تو میں کر لوں

آنکھ میرے سامنے کیوں آپکی ہوتی نہیں
شاخِ نخلِ آرزو پھر کیوں ہری ہوتی نہیں
بات کوئی بھی ان اچھوں کی بُری ہوتی نہیں
نازبرداری یہ مجھسے روز کی ہوتی نہیں
بھول کر اُس کو کبھی پھر تشنگی ہوتی نہیں
یہی غمخوار ہیں مٹی میں ملانے والے
دل میں گھر کرتے ہیں آنکھوں کے لڑانیوالے
سوئے بتخانہ پھریں کعبہ کے جانے والے
دعائے توبہ لب پر ہاتھ میں مے کی پیالی ہے
مزا ہے اسکے ساتھ ہی ساتھ ہولی اور دوالی ہے
بلوریں جام میں گویا شراب پرتگالی ہے
بڑھکے جوبن کی نگہباں جبیں پیشانی ہوئی
سنبھل او مرنیوالے تیغ قاتل نے سنبھالی ہے
کہاں ہے اے اجل ایسے میں آ میداں خالی ہے
بل اور اُلجھ کر مری تقدیر نے ڈالے
قسمت نے کیا ہے مجھے قاتل کے حوالے
تھم تھم کے چھری پھیر گلا کاٹنے والے

شریف

شریف - خواجہ محمد صادق - مدراس کے عمائد میں انکا شمار ہے ذاکر امام بھی ہیں اور مدراس میں جو شعر شاعری کا چرچا ہے ایسے ہی دو چار نفوس کے دم قدم کی برکت ہے ۱۳۱۳ھ میں ۶۰ برس کا سن تھا - کلام اچھا ہوتا تھا - یہ انتخاب ہے ؎

دو عدم کے بیچ میں ثابت ہے تکرار وجود
ہر نہاں پیدا ہے ہر پیدا نہاں ہو جائیگا

خوشا یہ گمشدگی اپنی خاکساری کی
کھنچا شریف نہ مانی سے بھی مرا خاکا

اب سنبھلنے کی جنوں میں کوئی تدبیر نہیں
بیڑیاں پاؤں میں منت کی ہیں زنجیر نہیں

شریف

شریف - مولوی محمد شریف احمد فاروقی انکے والد مولوی نیاز احمد رؤسائے گوپامؤ سے ہیں علمی استعداد رسمی ہے مگر طبیعت نہایت شوخ اور چلبلی واقع ہوئی ہے - مولوی سید نذیر حسن صاحب فتنہ سے اصلاح لیتے ہیں - مرثیہ پڑھنے کا بھی شوق ہے - ابھی نوجوان ہیں - انکے استاد فتنہ صاحب نے جو کلام منگا کر دیا اسکا انتخاب درج ذیل ہے ؎

جلوہ گر ہر شے میں ہے لیکن نظر آتا نہیں
تو ہی پردے کیلئے یا خود نمائی کے لئے

جب تماشا دیکھنا تک بھی تمہیں آتا نہ تھا
اب تماشا ہو تمہیں ساری خدائی کے لئے

ہم سے اچھے ہوں تو ہم جانیں وہ اچھے ہیں شریف
پھر ہمیں کیا گر وہ اچھے ہیں خدائی کیلئے

گھر میں رہے کہ رات کہیں مہمان رہے
وعدے پہ کیوں نہ آئے کہاں تھے کہاں رہے

چاہینگے ہم تو چاہنے والوں کو آپ کے
جو دوست کے ہوں دوست وہ دشمن کہاں رہے

اے سکھ نہیں وہ دکھ سہی آخر دیا تو کچھ
یہ کس طرح کہوں کہ وہ نامہرباں رہے

شریف

شریف - جناب محمد حسین صاحب ساکن بلہاری تلمیذ جناب احمد - رسالہ تحفہ خوشتر میں انکا کلام شائع ہوتا رہتا ہے - انتخاب یہ ہے ؎

تقدیر سے جو وصل میسر ہو یار کا
مٹ جائے اضطراب دلِ بیقرار کا

آہٹ پہ کان - در پہ نظر - دل میں وسوسہ
کیا ہو بیان حال ترے انتظار کا

ساقی پلا دے بادۂ گلفام اب ہمیں
ہے گلستانِ دہر میں موسم بہار کا

کیا فائدہ ہو چارہ گری سے طبیب کی	ممکن نہیں علاج دلِ بے قرار کا

شریفی

شریفی ۔ شریف الحسن صاحب وکیل ریاست فردلی ملک اچوتانہ ۔ موزوں طبع معمولی درجہ کے شاعر ہیں کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

قصہ گویوں سے نہ سنئے داستانِ اہلِ درد	ہے بیانِ درد کو لازم زبانِ اہلِ درد
واہ کیا تاثیر ہے جذبِ دلِ عشاق میں	ڈھونڈتے پھرتے ہیں وہ خود آستانِ اہلِ درد
ترا حسن حیرت نما ہو رہا ہے	مرے سامنے آئینہ ہو رہا ہے
شریفی اٹھا پردۂ خوابِ غفلت	ذرا دیکھ دنیا میں کیا ہو رہا ہے

ششدر

ششدر ۔ مرزا روشن الدولہ گورگانی خلف مرزا آغا جان مضطر ولد مرزا سلیمان شکوہ ۔ برادر اکبر ثانی اور دوسرے رشتہ سے اکبر شاہ کے نواسے ۔ داستان گوئی میں فرد تھے ۔ مرزا رحیم الدین حیا سے تلمذ تھا ۔ عمر کا زیادہ حصہ لکھنؤ میں بسر کیا مگر جبتک قلعہ آباد تھا دہلی بھی آتے رہے ۔ کلام کی لطافت زبان کی فصاحت قابل دید ہے ۔ جو کچھ کلام فراہم ہو سکا نذر احباب ہے ؎

جنوں یہ دست درازی کی ہے عبث تہمت	کہ اپنے ہاتھ گریبان ہے تار تار کیا
کلام تو کچھ بھی نہیں ہے حشر میں اپنا مگر	آن نکلیں گے تری خاطر اگر آنا ہوا
الٰہی کس کے مژگاں کا تصور ہے یہ ششدر کو	کہ جوں نشتر کھٹکتا ہے نفس ہر دم رگ جاں میں
ستم کا یہ مزا ہے دل کو الفت ہے کہ اے ظالم	لئے پھرتے ہیں ہم سر پر سدا گردوں سے دشمن کو

ششدر

ششدر ۔ محمد نور اللہ صاحب ساکن مرزاپور ۔ حضرت وسیم خیر آبادی کے شاگرد ہیں ۔ کلام کا انتخاب یہ ہے ؎

کالی گھٹا ہو اور ہو موسم بہار کا	ساقی ہو اور دور مئے خوشگوار کا
بعدِ فنا بھی سوزِ دروں کا یہ ہے اثر	جلتا رہا چراغ ہمارے مزار کا
کچھ آسماں مٹائے تو کچھ وہ اسے مٹائے	باقی رہے نشاں نہ میرے مزار کا
بعدِ فنا بھی دل کی تڑپ سے یہ خوف ہے	تختہ الٹ نہ جائے ہمارے مزار کا

دل توڑئیے نہ شستہ امیدوار کا	اقرار وصل کیجئے ہو جھوٹ ہی کیوں

شعاع

شعاع ظل سبحانی ابو النصر معین الدین اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی حضرت شاہ عالم ثانی کے دوسرے فرزند تھے۔ باپ کی حیات میں مرزا جہاندار شاہ جواں بخت ولی عہد کے انتقال کر جانے سے یہ وارث تخت وتاج شاہی ہوئے۔ ۷ رمضان ۱۱۷۳ھ مطابق ۱۷۶۰ء کو مکند پور ریوان میں بروز چہارشنبہ پیدا ہوئے اور ۷ رمضان ۱۲۲۱ھ ۱۸۰۶ء کو تخت سلطنت پر بیٹھے ۱۸۳۷ء میں ۸۰ برس کی عمر پاکر عالم جاودانی کو رستہ لیا اور درگاہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے قریب اپنے پدر والاقدر کے پہلو میں آرام کیا۔ مرقد منور پر حضرت ظفر کی تاریخ کندہ ہے ؎

منخسف گشت از قضا چوں بدر	شاہِ اکبر فروغ بخش جہاں
عرش آرام گاہ عالی قدر	پئے سالِ وفات گفت ظفر

موزونی طبع ظل سبحانی کی موروثی ہمدم تھی لیکن فکر سخن کیطرف توجہ کم بلکہ برائے نام تھی لیکن قدردانی فن بطریق شاہانہ مرکوز خاطر تھی۔ فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون۔ غالب علیخاں سید۔ شاہ نصیر انکے شعرائے دربار میں تھے۔ شہر دہلی میں انگریزوں کی حکومت تھی مگر قلعہ معلی میں بدستور قدیم حکمراں تھے۔ لڑکوں میں مرزا ابوظفر جو بادشاہ ہوکر بہادر شاہ مشہور ہوئے اور مرزا سلیم مرزا جہانگیر مرزا جہاں خسرو مرزا بابر نامآور ہوئے ہیں ؎

تا حشر نہ چھوٹے یہ بلا جس کے گھر آوے	تجھ زلف کے سودے سے یہ دل کیونکر بر آوے

شعاع

شعاع منشی سید وقار علی مرحوم کی زندگی کا بڑا حصہ آگرہ میں صرف ہوا اور وہیں تکمیل علم کے بعد مرزا حاتم علی بیگ مہر مرحوم کے فیض صحبت سے شاعری کی ابتدا ہوئی۔ ذہانت خداداد کے باعث بہت جلد اس فن میں استعداد معقول حاصل کی چنانچہ مہر مرحوم انہیں ارشد تلامذہ میں سمجھتے تھے۔ ۲۸ سال کی عمر میں عالم شباب میں ہیضہ کرکے راہی ملک بقا ہوئے۔ منشی کفایت علی رسوا انکے چھوٹے بھائی نے چند غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ ارسال کیں۔ اُس میں سے چند اشعار حوالہ قلم ہوئے ؎

موج زن ہے سیلِ اشکِ چشمِ گریاں تا کمر
دامنِ دریا ہوا ہے اپنا داماں تا کمر

دستِ قاتل کی صفائی کے ہیں خستہ تن نثار
سر سے جب اتری تو پہونچی تیغِ براں تا کمر

آبروئے چشمِ نم تر دامنی سے بڑھ گئی
ابرِ رحمت سر تک آیا سیلِ عصیاں تا کمر

بے قراروں سے فروغِ حسنِ روئے یار ہے
ہوتی ہے سیماب سے افزوں ضیائی آئینہ

اسکو نظارہ کی عادت اسکو خودبینی کا شوق
آئینہ اُس پر فدا اور وہ فدائے آئینہ

صحبتِ اسفل سے برہم ہوتے ہیں نازک مزاج
جب گرے پتھر پہ بیشک ٹوٹ جائے آئینہ

ہمسری کر کے ہوئی سکتہ کی حالت اے شعاع
خاک اُس آئینہ کو مُنہ دکھائے آئینہ

شعاع

شعاع ۔ مولوی ضیاء الرحمن خلف مولوی محمد حسین باشندہ حیدرآباد دکن۔ آپکے آبا و اجداد دکن کے مشہور و معروف علما میں سے تھے۔ حضرت شعاع ۱۶ رجب ۱۳۰۵ھ کو پیدا ہوئے بچپن میں ہی ذہین اور ہونہار تھے۔ فارسی عربی کے علاوہ کچھ انگریزی بھی جانتے ہیں میر محبوب علیخاں فاخر کی توجہ سے شعر و سخن کا شوق ہوا مگر پھر حضرت داغ کے کمالِ شاعری نے انہیں اپنی جانب کھینچا چنانچہ اُنسے افادہ کیا۔ نیچرل جذبات کو نئے پیرایہ میں دکھاتے ہیں۔ سحر مقال سخن طراز ہیں۔ اردو میں ۲ غیر مطبوعہ دیوان موجود ہیں ۱۳۴۷ھ میں حال اور کلام بھیجا تھا اسمیں سے حسب ذیل انتخاب درج کیا جاتا ہے ؎

ہمراہ قافلہ ہے درد و غم و الم کا
آباد آج بھی کیا ملکِ عدم نہو گا

بلبل چمن میں تیرا چھیڑا نا گلوں کو
حسرت نصیبِ دل پر نشتر سے کم نہو گا

صحرا میں خاک میری اڑتی پھریگی ہر سو
جوشِ جنوں یہ میرا مر کر بھی کم نہو گا

اب وہ رونق ہی نہ محفل میں ضیا میرے بعد
باغ میں خاک اُڑاتی ہے صبا میرے بعد

بھولی ادا سے ہائے وہ کہتے ہیں وصل میں
تم کیا کرو گے تم سے اگر روٹھ جائیں ہم

پتھر بھی ہو تو سنکے پگھل جائے گا شعاع
دردِ جگر کا حال جو اسکو سنائیں ہم

چلے آتے ہیں دل میں کارواں سے کارواں غم کے
جگہ تھوڑی ہے لاکھوں روز مہماں آئے جاتے ہیں

نہ بھولینگے کبھی یادِ ستم اے فتنہ گر برسوں
رہے گا یادگارِ عاشقی داغِ جگر برسوں

ہوش اُڑتے ہیں دیکھکر اُن کو
بُت بھی کیا لاجواب ہوتے ہیں

حضرتِ دل کہیں سُنا بھی ہے
خط کے پُرزے جواب ہوتے ہیں

تو عدو اور آسمان دشمن
مفت میں ہم خراب ہوتے ہیں

بہار آئی گھٹا چھائی ہے ساقی جوشِ مستی ہے
خدا آباد رکھے میکدہ رونق برستی ہے

خیالِ یار کی سرکار سے رخصت نہیں ملتی
پھر آنا اے اجل مرنے کی اب فرصت نہیں ملتی

شجاعِ زار کا کیا خاک دل بہلے حسینوں میں
کسی سے ہائے اُسکی چاند سی صورت نہیں ملتی

غمِ فرقت میں اب اُن حزن مہمان ہے الم کی
کہ لب پر میرے ہے دودِ نفس تصویر ماتم کی

جنازہ تیرے کُشتہ کا اٹھا کس شان و شوکت سے
الم کا ہے نشاں آگے تو پیچھے فوج ہے غم کی

کرشمہ جو نہ ہوتا اس میں تیری خود نمائی کا
فرشتے کرتے کیوں سجدہ حقیقت کیا تھی آدم کی

مرنے والے ہائے تم پر مر چلے
آئے تھے جس کام کو وہ کر چلے

زندگی تھی اپنی جب تک تھی امید
نامرادی کا بُرا ہو مر چلے

ابرو بھی دونوں ملتے ہیں آنکھیں چڑھانے سے
چلتی ہے ساتھ تیر کے تلوار دیکھئے

بعدِ مُردن بھی رہی بیتابیٔ دل اسقدر
میرے مرقد کی زمیں کو زلزلے آنے لگے

مری بربادیٔ دل سے تجھے اے یاس کیا حاصل
کسی کی یاد ہے اسکے سوا کیا دل میں رکھا ہے

خدائی میں خدا کی تم سے بڑھکر کوئی کیا نکلے
حسینوں میں حسیں ہو کر عجب شانِ خدا نکلے

ہوا ہوں اسقدر ایذا طلب ذوقِ محبت میں
ستم تو وہ کئے جائیں مری دل سے دعا نکلے

تصور میں بھی آتے ہیں تو کیا انداز میں اُنکے
ابھی وہ جا چھپے دل میں ابھی آنکھوں میں آ نکلے

طلب میں حور و جنت کی عبادت کرتے ہو زاہد
اسی منہ پر یہیں دعوئے ایزد پرستی ہے

شجاع

شجاع — جناب شجاع لکھنوی۔ نام اور حال معلوم نہوسکا۔ کلام سے خوشفکر اور روشن خیال معلوم ہوتے ہیں ۔

بلا کس کس کے سر آتی ہے دیکھیں
کیا بدنام مر کر نامِ الفت
ادھر غیروں کو بخشے جام پر جام
پھنسا جو پھر نہیں ممکن رہائی
شعاع مضطرب پر رحم کھاؤ

کھلے ہیں بال آئے ہیں نہا کے
چلا ہوں قبر میں منہ کو چھپا کے
ادھر مے پھینکدی ہم کو دکھا کے
بلا کے پیچ ہیں زلف رسا کے
ٹھالو پاس محفل میں بلا کے

شعاع ۔ جناب سید مصطفٰے علی صاحب سندیلوی خلف منشی باقر علی صاحب حقانی مرحوم انگریزی اردو میں اچھی لیاقت ہے طبیعت بھی بہت شوخ اور چلبلی پائی ہے۔ ابھی نوعمر ہیں بچپن سے شاعری کا ذوق ہے۔ سید نذیر حسن صاحب فتنہ اپنا عزیز بتاتے تھے۔ یہ کلام کا انتخاب ہے

کچھ انتہا کا ہے نازک تعلق الفت کا
ہمارے شیشۂ دل کو نہ توڑ او ظالم
خرام ناز سے او پھول روندنے والے
کھنچی ہوئی نظر آتی ہے سامنے تصویر

کہ بات بات میں پیدا ملال ہوتا ہے
کہ اسکا ٹوٹ کے جڑنا محال ہوتا ہے
خبر ہے یہ بھی کہ دل پائمال ہوتا ہے
کبھی شعاع جو محو جمال ہوتا ہے

شعلہ ۔ پنڈت امرناتھ پسر پنڈت داتا رام کشمیری لکھنوی۔ نواب سبحان علیخاں کنبوہ کی سرکار میں متعلق تھے موزونی طبع سے شعر کہتے تھے طبیعت کا رنگ ان اشعار سے ظاہر ہے

غم اسیروں کی بھی ہے کچھ اندمال زخم کا
تھے نہ سیماب جو ہوس نے طلا زر گر کے ہم
غبار راہ میں پر ہے ہوائے عالم بالا

باغباں پھول ایک دو رکھ لے قفس کے چاک میں
کیا سمجھکر چرخ نے ہمکو ملایا خاک میں
فلک پر ایکدن پہنچینگے ہم اس خاکساری سے

شعلہ ۔ منشی نراین داس بدایوں کے متوطن اور ایک نہایت ہوشیار لایق اور آتش زبان بزرگ تھے شعر بھی خوب کہتے تھے۔ افسوس کلام نہ ملا یہ کلام ہے

دو قالب ایک جان کہتے ہیں جسکو وہ ہمیں تو ہیں
رہوں گا جب تلک زندہ نہ مانگونگا کبھی بوسہ

ہمارا حال اُنسے اُنکا ہم سے پھر نہاں کیوں ہو
دہن اُسکے نہیں ہے اُسکی عاشق کی زباں کیونکر

ہماری آہ و گریہ سے یہ ہے قایم جہاں ورنہ
زمیں پانی پہ کیوں ہوا ور زمیں پر آسماں کیوں ہے

شعلہ - مولوی محمد یحییٰ علوی۔ سب انسپکٹر پولیس خلف مولوی محمد ابراہیم کاکوری کوتوال شہر و مجسٹریٹ ریاست چرکھاری ملک بندیل کھنڈ۔ مضمون آفرینی کے ساتھ متانت اور سنجیدگی کو بھی ملحوظ رکھتے ہیں۔ مولوی سید نذیر حسن صاحب فتنہ رئیس سندیلہ کے عزیز اور شاگرد ہیں۔ جو کلام اُنکی وساطت سے دستیاب ہوا وہ نذر ناظرین ہے ؎

جا نکر کاکل پیچاں کے گنہگاروں میں
پابزنجیر پھرایا مجھے بازاروں میں

ہے کسی عاشقِ ناشاد کی تربت کی تلاش
بلبلیں پھول لئے پھرتی ہیں منقاروں میں

غم کونین سے آزاد ہیں پینے والے
فکر آتی نہیں بھولے سے بھی میخواروں میں

آتشیں رُخ پر ترے مرتے ہیں اغیار اگر
جھونک دے سب کو دہکتے ہوئے انگاروں میں

شعلہ - ٹھاکر شیولال صاحب رئیس و تعلقدار ڈبائی ضلع بلند شہر سیدھا سادہ شعر کہتے ہیں۔ کسی قسم کی بنوٹ نہیں ہوتی۔ زبان صاف ہے۔ یہ کلام ہے ؎

ہماری سخت جانی کھولدیگی دم میں سب جوہر
ذرا ہم بھی دیکھیں آپ کی تلوار کیسی ہے

تبسم برق ہے۔ آفت ادا ہے۔ قہر غمزہ ہے
قیامت ناز ہے لیکن نگاہِ یار کیسی ہے

جدھر دیکھو ادھر عالم میں اک شورِ قیامت ہے
تری چال آج کل اے چرخِ کج رفتار کیسی ہے

ہمیشہ راست گوئی آپکا شیوا تھا اے شعلہ
خلافِ شان مگر یہ آج کی گفتار کیسی ہے

نیند آنکھو نہ آئے گی اگر میری بلا سے
مجھکو بھی کوئی تازہ کہانی نہیں آتی

شعلہ - لالہ امراؤ سنگھ صاحب خلف لالہ دیوکی نندن وکیل مرحوم دہلوی تلمیذ راسخ دہلوی علم موسیقی سے خاصہ ذوق تھا اور مختاری کی سند بھی حاصل کرلی تھی۔ میوزک کانفرنس دہلی کے سکرٹری بھی ہوئے تھے پچپن برس کی عمر میں دو برس ہوئے انتقال کیا ؎

مرتے مرتے بھی رہی دل میں مرے یاد بتاں
ہائے میں دنیا سے چھاتی پر یہ پتھر لیچلا

ہاتھ لے مشاطہ مت باندھ اس سراپا ناز کے
کیا ہوا دُزدِ حنا گر دل چُرا کر لیچلا

ترے کوچے کی ہوا بھی نہ میسر تھی جنہیں	رہی وہ اپنا رہا کرتے ہیں اندر باہر
خاک ہی اپنی اُٹھیگی تو اُٹھیگی وہاں سے	ہم ترے کوچے سے بس نکلینگے مرکر باہر
ابھی ہے دور شعلہ منزل عشق	دیا دل چھوڑ کیوں تم نے یہیں سے

شعلہ

شعلہ ۔ شمع بزم سخن دانی ۔ صدر نشین محفل معانی منشی بنواری لال صاحب خلف منشی موتی لال ناظر ۔ آپ قوم کے کایستھ اور حصار کے رہنے والے تھے ۔ مگر علیگڑھ میں قیام تھا ۔ پیشۂ وکالت سے معقول آمدنی تھی ۔ نازک خیال سخنور اور کہنہ مشق شاعر تھے ۔ شعرائے علیگڑھ ہی میں نہیں بلکہ دُور دُور شاعری کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی ۔ فن شعر میں مرزا تفتہ تلمیذ مرزا غالب سے تلمذ تھا ۔ مرزا حاتم علی مہر اور مرزا عنایت علی ماہ کے ہمعصر اور اُنسے دوستانہ تعلقات رکھتے تھے ۔ طبیعت میں جدت کلام میں سنجیدگی اور متانت تھی ۔ بکروہ الفاظ اور عامیانہ خیالات سے پرہیز کرتے تھے ۔ غزل میں تصوف اور اخلاق کے مضامین زیادہ باندھتے تھے ۔ عالم باطن کے مناظر کو عجیب اور نئے اسلوب سے بیان کرنے میں خداداد ملکہ تھا ۔ باریک بینی اور نزاکت خیال انکا حصہ تھی ۔ شعر کو تشبیہات کے زیور سے بھی سجاتے تھے ۔ کلام میں استعارات کی مرصع کاری بھی ہے ۔ مگر کہیں مضمون کی اصلیت اور حقیقت کو اس نمایش کے پردہ میں نہیں چھپایا ہے ۔ کلام میں پختگی بھی ہے اور سوز و گداز بھی اور پُرگوئی اور خوشگو اور پاکیزہ خیالی نے علیگڑھ ہی میں نہیں بلکہ صاحبان مذاق سلیم کے دلوں میں آنکی استادی کے ڈنکے بجادئے تھے ۔ یوں تو آپکے تلامذہ کی کافی تعداد تھی مگر منشی کندن لال شرر سہارنپوری سب میں بہترین تھے ۔ نازک طبعی کا نمونہ اسطرح دکھایا ہے ؎

خط کو پیدا کیا اللہ نے رخساروں پر	کانٹے رکھدیتے ہیں سب باغ کی دیواروں پر

باغبان پھولوں کی حفاظت کیلئے باغ کی دیواروں پر کانٹے بچھادیتا ہے ۔ محبوب کے گل رخسار کا محافظ سبزۂ خط ہے ۔ کانٹے اور پھولوں کی مناسبت ۔ پھر خیال کی جدت شعر میں سحر آفرینی دکھا رہی ہے ۔ دیوان اور مثنوی بزم بندرابن میں اچھے اچھے دلکش سین نہایت خوبی اور دلچسپی سے نظم کئے ہیں ۔ جو لائق دید ہیں کئی بار چھپ چکے ہیں ۔ اسیطرح آپکے دیوان مطبوعہ میں جدت خیال

کے اکثر دلکش نمونے نظر آتے ہیں۔ کیا بے مثل مطلع فرمایا ہے۔ انتخاب کلام ملاحظہ ہو:

میں جبہ سا ہوں اُس درِ عالی مقام کا
کعبہ جہاں جواب نہ پائے سلام کا

یاں اور آرزو ہے وہاں اور آرزو
دل میرے کام کا ہے نہ میں دل کی کام کا

خنجر سنبھالئے پئے تسلیم خم ہیں ہم
گردن جواب لیکے اٹھیگی سلام کا

نکلے گی روح توڑ کے ایک ایک بند کو
ثابت کہیں اُترتا ہے جامہ حیات کا

فرصت شگفتگی کی نہ پائی کہ مٹ گیا
غنچہ تھا میں بھی کس چمنِ بے ثبات کا

ناتوانی میں سخت جانی ہائے
ضعف بھی طاقت آزما نکلا

کیا کروں اسکا کچھ علاج نہیں
غیر بھی دردِ آشنا نکلا

میں وہ گناہ گار ہوں پہنچا جو دیر میں
رحمت لپٹ کے کہنے لگی تو کہاں رہا

دل بھی گیا جگر بھی گیا جان بھی گئی
میں پھر بھی دیکھتا ہی تری شوخیاں رہا

محشر بھی کوئی درد ہے جو اُٹھ کے رہ گیا
شکوہ بھی کوئی غم ہے جو دل میں نہاں رہا

غیر ا اور دید طلب مثلِ کلیم
کہیں باتوں میں نہ آجائیگا

شعلہ کچھ بات بھی ہے طعنۂ غیر
یوں ہی مرنا ہے تو مر جائیگا

بیوفا! نقش ہیں جی پر ترے سارے انداز
بے مروت! مری نظروں میں ہی شیوا تیرا

دیکھ ہم صحبتی غیر سے اک دم میں ہوا
روز پھروں کی ملاقات کا چرچا تیرا

دل میں کچھ عشقِ صنم تک کی برابر ہی ہی
کفر اتنا بھی نہ ہو جس میں مسلمان کیسا

ہر برگِ خزاں دیدہ بنا ہی کفِ حسرت
گلشن میں نئے رنگ سے شیون ہی ہمارا

وہ چھپتے پھرتے ہیں گھبرائے کیا قیامت ہی
یہ کون عرصۂ محشر میں بیقرار آیا

تکلیف ذرا جنبشِ ابرو کی اُٹھاؤ
باتوں سے علاجِ دلِ بسمل نہیں ہوتا

ہجر میں اور بھی مشکل ہی نکلنا دم کا
میں اسی بات پہ مرتا تھا کہ آسان ہوگا

کیا شبِ ہجر میں پھر درد کا درماں ہوگا
دل کا آرام سے رہنا خللِ جاں ہوگا

اک قدم چل کے دو عالم کو کروگے پامال
پانوں رکھوگے جہاں گنجِ شہیداں ہوگا

جگر آنکھوں سے ٹپکا اور دلِ شیدا نکل آیا
میں اک آنسو ہی سمجھا تھا یہاں کیا کیا نکل آیا

اے جنوں ہے گلشنِ ایجاد ویرانہ مرا
کس کا دیوانہ ہوں اک عالم ہے دیوانہ مرا

میں وہ کشتِ نامرادی ہوں زمانہ بھر میں
برقِ خرمن سوز کا مشتاق ہر دیوانہ مرا

باغ میں بندِ قبا آپ سمجھکر کھولیں
دمِ بلبل نہ نکل جائے کہیں بو ہو کر

مہوشوں کو ہے مرے گھر سے کچھ ایسی نفرت
چاندنی تک نہیں پڑتی مری دیواروں پر

بتِ بیباک محشر میں بھی تو نادم نہیں ہوتا
وہی دم خم ہے ابرو میں وہی شوخی ہے چتون میں

خود رفتگی نہ پوچھیے گم کردہ عشق کی
میری تلاش میں ہے مرا راہبر ہنوز

یاں ایک جو رہی میں جہاں سے گذر گئے
اور واں کسی ستم سے نہیں درگذر ہنوز

پڑتی رہی عدو پہ نگاہِ غضب غلط
ناوک فگن کے تیر گئے سب کے سب غلط

اے دل کچھ انکا پاسِ نزاکت بھی چاہیے
ہیں بیقراریاں تری او بے ادب غلط

واعظ کا ربط ضبط چھپاؤں کہاں تلک
توبہ کی بات پہنچی ہے پیرِ مغاں تلک

ڈھونڈوگے پھر بھی مشقِ ستم کے لئے مجھے
دشمن جفا سہیگا تمہاری کہاں تلک

کیا لئے جاتے ہو چپکے سے چھپا کر ہاتھ میں
دل نہیں ہے گر تو کیا ہے بندہ پرور ہاتھ میں

ہزاروں کروٹیں بدلیں نہ آیا دل ہی قابو میں
خدا نے کوٹ کر بھر دی ہے بجلی دل کی پہلو میں

ابھی سے بیٹھ گئے تھک کے قافلے
ابھی تو دور ہے منزل چلو بڑھو بھی کہیں

وابستگی کا کِل خمدار ہے ہمیں
پھانسی بھی دیجیے تو سزاوار ہے ہمیں

اے ضعف اب تو جان بھی گرانبار ہے ہمیں
اک لاکھ من کا بوجھ دلِ زار ہے ہمیں

پسندِ طبع آرائش نہیں وحشت پسندوں کو
کبھی دیکھا بھی ہے سرمہ کسی نے چشمِ آہو میں

دمِ ذبح ہے کیا صیاد کا اندازِ بے رحمی
دبائے بال و پر مٹھی میں اور منقار چٹکی میں

نہ نکلے دم اگر تم پر لگے آگ ایسے مرنے کو
مٹے ایسا کفن یارب پڑے خاک ایسے مدفن میں

ادائیں ناز میں غمزہ میں یکتا ہیں تری آنکھیں
سنجودی میں نہ کھلا کچھ کہ خدائی کیا ہے
اپنے پر اپنی ہی منقاریں نوچے ہیں سنے
دل خراشی سے ہے کیا کوہ کنی کو نسبت
نہ نکلے سینہ سے باہر کچھ آرزو تو نہیں
رہنے دو۔ برائی ہے اگر میری وفا میں
یارانِ زنگاں سے وہ کیا روشناس ہو
تم بھی دکھاؤ جلوۂ عالم فروز کو
دل سکھائے گا اگر جور و جفا یاد نہیں
خدا کرے کہیں آجائے دامن ہاتھ میں
ابھی سے ہو جو ہے روزِ شمار ہونیکو
ہزار میں مجھے تم ایک ہو خدا کی قسم
برا ہو آرزوئے وصل کا لحد نے سے مجھے
رہے نہ عشق میں اے شعلہ دین دنیا کے
آفریں وقتِ تصور آہ کی تاثیر کو
دیکھا و ناوک فگن شوقِ دمِ نخچیر کو
تمہیں دل ہو تمہیں جاں ہو تمہیں جینے کی امید
بات سچی ہو تو محشر ہی کی امید کریں
قابو میں دل رہے تو ہے عشقِ بتاں کا لطف
کب تک دکھائے جائیے زخم جگر انہیں
کشمکش بعدِ فنا بھی نہ گئی دنیا کی

غضب کے دل چلے ہیں وہ سپاہی ساری لشکر میں
دکھیکر بت کو یہ بھولے کہ خدا یاد نہیں
کیا کروں تابِ فراموشیٔ صیاد نہیں
ناخنِ غم سے فزوں تیشۂ فرہاد نہیں
لگا ہوا ترے پیکاں کے منہ لہو تو نہیں
جانے دو وہ شکایت ہی سہی شکرِ جفا میں
جو آنکھ نقش پائے سر رہ گذر نہیں
موقوف حشر میری ہی فریاد پر نہیں
ہم نبا لینگے اگر تم ستم ایجاد نہیں
وہ کھیل سمجھے ہیں بے اختیار ہونے کو
وہ ہو چکے بھی جو ہے ایک بار ہونے کو
میں ایک ہوں تمہیں مجھسے ہزار ہونیکو
بغل میں کھینچ لیا ہم کنار ہونیکو
ملے بتوں سے خدائی میں خوار ہونیکو
کروٹیں لاکھوں بدلوائیں تری تصویر کو
حسرتِ زخم جگر کھا گئی ہے تیر کو
تمہیں جب عید کے ٹھیرے تو ہمارا کیا ہو
جھوٹے وعدے ہوں تو مر نکلی تمنا کیا ہو
گویا طوافِ کعبہ ہو بیت الصنم کے ساتھ
کب تک نباہے جائیے اہل ستم کے ساتھ
ایک کے ہاتھ سے چھوٹے تو پڑے چار کے ہاتھ

شراب پینے میں اے شعلہ حجتیں کیا ہیں
تمام شہر میں تو دیندار باقی ہے

کچھ آپ کو ہے اپنی نزاکت کی خبر بھی
زلفوں کو سنبھالو نہیں جاتی ہے کمر بھی

نگاہِ ناز پہ بیڈھب دل و جگر میں چلی
الٰہی خیر کہ تلوار گھر ہی گھر میں چلی

دل جائے بیٹھ رہنے کو تھوڑی جگہ کہیں
کعبہ اگر نہیں ہے تو بیت الصنم سہی

دل اور ایک بوسہ کو انصاف کیجیے
اس پر بھی یہ گراں ہے تو کچھ اور کم سہی

ہو کے پابندِ قفس طاقتِ پرواز بڑھی
پر جو توڑے مرے صیاد نے شہپر نکلے

اب کیا ہی جوشِ گریہ میں دل کو بھی کھو چلے
ہم تو مرے کی جان کو پہلے ہی رو چکے

میں آپ پر فدا ہوں فدا آپ غیر پر
میرا اور آپ کا تو کچھ افسانہ ایک ہے

دل ایک اور خون کے پیاسے ہزار ہا
سو رند بادہ نوش ہیں پیمانہ ایک ہی

نگاہ چہرہ پہ دل زلفِ پرشکن میں ہے
قفس کا رستہ بھی نکلا ہوا چمن میں ہے

وہ ذکرِ وحدتِ حق ہے کہ ہر سخن میں ہے
مثالِ رشتۂ تسبیح سو دہن میں ہے

کھینچ خنجر سے رگِ گردن کہ بڑا پار ہو
فرق اک دو ہاتھ ہی کا کشتی و ساحل میں ہے

خمارِ ہستیِ ناپائدار دیکھ چکا
چلا ہوں جوش میں پھر ساغر و سبو کیلئے

اُس دہانِ تنگ میں دانتوں کے ہونے سے کھُلا
سربہ مہر منشیِ تقدیر دانہ دانہ ہے

کیوں نہوں ہنگامۂ محشر مری بیداریاں
دفترِ روزِ قیامت مرا اک افسانہ ہے

ہجر میں بیقراری وصل میں یہ اضطراب
دل کی ہر اک بات میں اک طرز سیمابانہ ہے

دل پھینک دوں نکال کے سینہ سے جب کہو
حسرت مگر نہیں ہے مرے اختیار کی

اپنا ہی ایک غم ہے سو کیا کم ہے ہم نشیں
دل میں جگہ کہاں ہے غمِ روزگار کی

چھُپا ہوا سا ہے طرزِ حجاب شوخی میں
کھُلی کھُلی ہوئی شوخی ترے حجاب میں ہے

آئینہ خانہ ہوئی عشق میں حیرت میری
تیری صورت میں نظر آئی ہے صورت میری

چھوڑ دو تھوڑی جگہ او سونے والو گور کے
اُٹھ کے بیٹھو اور اک خانہ خراب آنیکو ہے

گوشۂ دل میں خیالِ بے نقاب آنیکو ہے
ذرہ کی خلوت سرا میں آفتاب آنیکو ہے

جنوں کا سلسلہ در پردہ نکلا حسنِ پنہاں سے
حجابِ یار رسوا ہے مرے چاکِ گریباں سے

غلط یہ ہے کہ خوفِ خوں بہا سے گھر میں چھپ بیٹھے
مگر ہاں پاک دامن بنگئے خونِ شہیداں سے

خدا سے مانگ رہا تھا تمہیں جفا کے لئے
قدم اثر نے اتر کر مری دعا کے لئے

مژدہ اے جانِ حزیں اے ستم ایجاد آیا
ہاں مبارک سرِ شوریدہ وہ جلاد آیا

[illegible]

کدھر ہے ساقیٔ بزمِ شبِ ماہ
کھلا بندِ نقابِ حسنِ دلخواہ

صدائے نغمہ کی افسوں گری ہے
عجب در پردہ سازِ دلبری ہے

فلک جلوہ فروشِ ماہِ تاباں
زمینِ برج بن گسترده داماں

شبِ ماہتاب فرشِ چادرِ نور
بیاباں در بیاباں جلوۂ طور

مجلا نور تھا ہر اک طبق میں
زمیں لپٹی تھی چاندی کے ورق میں

شکن موجِ ہوا سے آسماں میں
جھلک سیماب کی ریگِ رواں میں

زمیں پر فرش تھا گل چاندنی کا
مہ تاباں تھا اِک گل چاندنی کا

ملمع تھا ہر اِک گل پر سنہرا
نظر آتا تھا ہر تیرہ روپہرا

معطر دشت تھا عطرِ حنا میں
لپٹ کافور کی موجِ ہوا میں

عجب شفاف دریا کی روانی
بھرا نکھرا ہوا چاندی کا پانی

یہ آب و تاب تھی انوارِ مہ میں
جھلکتی تھی زمیں جمنا کی تہ میں

رگِ تارِ نظر پائی نظر تھی
نظر کو بھی نظر آئی نظر تھی

نیا افشاں تھا ہر تابندہ کوکب
مہِ انور تھا اِک خالِ رخِ شب

وہی تھی روشنی جو طور میں تھی
عروسِ شب مغرق نور میں تھی

مہِ گردوں عجب جلوہ فشاں تھا
زمیں پر جو گرا سایہ کتاں تھا

بھرا تھا نور مہ سے تا بماہی
بنی تھی چاندنی ظلِ الٰہی

نمونہ دشت تھا حسنِ جہاں کا — نقاب الٹا تھا روئے مہ وشاں کا

بہارِ حسن کا تھا جوش بن میں — شجر باہم تھے ہم آغوش بن میں

لبِ جو کنج کی ٹھنڈی ہوائیں — خمیدہ برج بن کی تھیں لتائیں

چمک تھی ہر رگِ برگِ شجر میں — چکا چوند آ رہی تھی دشت و بر میں

پئے سیرِ بہارِ حسنِ صحرا — شبِ مہتاب و موجِ آبِ دریا

دل و جاں۔ دلربا۔ دلبر۔ دل آرام — چھبیلے چھیل۔ بانکے چھب سری شیام

سراپا عشوہ گر سر تا قدم ناز — برنگِ حسن خود طاؤسِ طنّاز

ہوا یوں جلوہ فرمائے بن میں — بہارِ ناز جوں صحنِ چمن میں

دھری مرلی ادھر گردھر نے چھب سے — بھرے سُر شیام نے اعجاز لب سے

صدائے نغمہ نے غارت ہوش — دو عالم بیخودی سے خود فراموش

قیامت زا عجب اندازِ نے تھا — لبِ جاں آفریں دم سازِ نے تھا

ہوا تھا سوز سے بیتاب پانی — بنا تھا آگ پر سیماب پانی

تھمی رک رک کے لہروں کی روانی — جما چلتا ہوا جمنا کا پانی

سمٹ کر رات سانچے میں ڈھلی تھی — شبِ مہتاب چاندی کی ڈلی تھی

کہیں سوز اور کہیں جلوہ کا تھا ساز — ادہر جھانکی اُدہر مرلی کی آواز

تلاشِ دل میں ہر نغمہ رواں تھا — بندھا مرلی کی دھن کا اک سماں تھا

غرض جو عالمِ ایجاد میں تھا — برنگِ نے عجب فریاد میں تھا

ہر اک آوازِ پیغامِ بشارت — ہر اک انگلی میں تھی رمزِ اشارت

پئے بوسے دئے پیغام لب کے — پکارے جنتری میں نام سب کے

کیا بے چین ساری گوپیوں کو — پکارا پریم پیاری گوپیوں کو

یہ کہکر سب نے تن من۔ دھن بسارا — چلو سکھیو کہ ٹیڑھے کا منھ پیارا

وفورِ شوق سے رعشہ بدن میں	نہ جان تن میں نہ تن تھا پیرہن میں
روانہ سوئے بن از خود فراموش	پری رُویان متھرا دوش بر دوش
بھرا جادو تھا بنسی کی صدا میں	ہزاروں کر گئی رخنے حیا میں
نہ سُدھ گھر کی نہ سدھ تن کی نہ من کی	ہوا سر میں بھری تھی برج بن کی

شعلہ۔ مولوی محمد امیر صاحب خلف مولوی عبد الحمید صاحب شوق نگراسوی۔ آپ علوم عربیہ کی تکمیل کے بعد سہارنپور میں تجارت کرتے ہیں ۳۰ سال کی عمر ہے۔ کاتب تذکرہ کے عزیز ہیں ؎

عشق شامل ثواب میں دیکھا	ہجر داخل عذاب میں دیکھا
اپنے جانی کا خوں روا رکھنا	یہ تو شیوہ خناب میں دیکھا
دل کو فوراً ہی اپنا کر لینا	چشمِ فتنہ مآب میں دیکھا
جائے پانی کی خونِ دل پینا	عشق خانہ خراب میں دیکھا
سونگھی تھی اسکے گیسوئے مشکیں کی بو کبھی	نافہ اسی خطا میں ختن سے نکل گیا
پھر کیا رہیگا لطف چمن میں بہار کا	جھونکا خزاں کا جب کوئی سن سے نکل گیا

قطعات وتقاریظ

حصہ چہارم

تقریظ تراویدۂ قلم گہربار ہزاکسیلینسی راجہ راجان مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر شادؔ مدار المہام وپیشکار ورئیس اعظم حیدرآباد دکن

شادنواز۔

تذکرہ خمخانہ جاوید جلد اوّل ودوم یک یک جلد وضمیمہ یادگار داغ کی دو جلدیں آپکی مرسلہ وصول ہوئیں جنکا شکریہ نہ صرف زبان وزبان قلم ہی سے بلکہ دل سے ادا کیا جاتا ہے۔

اسمیں شک نہیں کہ خمخانہ جاوید یا تذکرہ ہزار داستان اُردو پبلک کیلئے ایک غیر معمولی بلکہ غیر مترقبہ نعمت ہے۔ اسکے جس پہلو پر نظر ڈالی جائے حیرت سے خالی نہیں۔ اگر تعداد شعرا پر نظر ڈالی جائے تو یقیناً آجتک کوئی تذکرہ اسکی مثال میں پیش نہیں کرسکتے جس میں سیکڑوں سے نمبر متجاوز ہو۔ اور لطف یہ کہ صرف نام اور تخلص ہی نہیں بلکہ ہر شاعر کا تھوڑا بہت حال بھی درج ہے جو بہ مناسبت کتاب دلچسپی سے خالی نہیں۔ اگر انتخاب کلام کیطرف دیکھا جاے تو آپ کو فنافی الشعر کہنا بیجا نہوگا۔ کیونکہ صدہا شعرا کے گرم وسرد اشعار میں سے ایسا لاجواب انتخاب کرنا کہ جس سے شاعر کی قدر ووقعت عام دلوں میں زیادہ ہو۔ نکتہ چینوں کو عیب بینی اور عیب بینوں کو نکتہ چینی کا موقع نہ ملے۔ یہ بات معمولی شوق یا سرسری نظر سے کبھی پیدا ہونی ممکن ہی نہیں تاوقتیکہ انسان محویت تامہ نہ حاصل کرے۔ اور جس کام کو شروع کیا ہے اسی کا نہو رہے۔ اگر اظہار حالات وواقعات اور منصفانہ انتخاب کو بچشم غور دیکھا جائے

ے یہ تقریظ ۱۹۱۰ء میں موصول ہوئی تھی جبکہ حصہ چہارم چھپنے کی تیاری ہورہی تھی مگر کچھ ایسے حادثات پیش آتے رہے کہ آٹھ برس بعد اسکی اشاعت کی نوبت آئی ہے

توآپکی بے تعصبانہ طبیعت کی جیتی جاگتی تصویر نہ اہل دہلی کی خواہ مخواہ جنبہ داری نہ اہل لکھنؤ سے بیجا تعرض اگر لکھائی چھپائی کاغذ وغیرہ کو دیکھیں تو وہ بھی آپکی اولوالعزمی اور فراخ حوصلگی کا قابل قدر نمونہ جو اتنی اتنی بڑی ضخیم متعدد جلدوں کے پیرائے میں اپنی شان آپ ہی دکھا رہا ہے۔ اگر طرز بیان کیطرف خیال کریں تو سلاست فصاحت متانت سے مالا مال اور اسقدر دلکش و دلچسپ کہ پڑھنے والوں کے دل و دماغ کو اپنی برقی قوت سے متاثر کرکے آئینہ حیرت بنائے بغیر ہرگز نہیں رہ سکتی۔ غرض یہ کہ تذکرہ حسن سیرت و حسن صورت دونوں میں لاجواب ہے۔ جلد خوشنما اُس پر طلائی نام ٹائیٹل پیج رنگینی و گلکاری سے صحن چمن۔

آپکے ابتدائی شوق یعنی ۱۸۹۲ء اور زمانہ اشاعت یعنی ۱۹۰۶ء کی دل آویز تصویریں زبان حال سے پکار رہی ہیں کہ بیمثل ذخیرہ آپکی اُس چاردہ سالہ کوشش کا نتیجہ ہے کہ جسکو آپنے باوجود انہماک مشاغل خانگی و خدمات سرکاری اپنے انتہائی ذوق و شوق کے ہاتھوں معراج تکمیل تک پہنچایا۔ للّٰہ الحمد کہ آپکی اِس محنت شاقہ اور سعی مالایطاق کا سب سے پہلا اور مبارک نتیجہ یہ نکلا کہ اسکی سرپرستی محبوب دکن سلطان قلم و سخن حضرت آصف سادس عفران مکان طاب اللہ ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ نے قبول فرماکر اور بھی چار چاند لگا دئیے۔

المختصر جس طرح آپنے اپنے اور اس فقیر کے جد اعلیٰ راجہ ٹوڈرمل بہادر کی روح کو تازہ کیا ہے اسیطرح آپ بھی اپنے نہال مشقت سے کامیابی کا ثمرہ حاصل کریں۔ ۸ر فروری ۱۹۱۸ء سے سفر میں ہوں ایکماہ پانچ روز بمبئی میں اعلیحضرت کے ہمرکاب قیام کرنیکے بعد ۱۳ر مارچ کو وہاں سے روانہ ہوکر ۱۵ر مارچ کو لاہور پہنچا۔ اب یہاں سے امروز فردا میں روانگی حیدرآباد کا عزم ہے۔ باقی خیریت ہے۔ فقیر کشن پرشاد

تقریظ از نتائج طبع گہربار مستغنی الالقاب مسیح الملک محبی و محترمی حکیم اجمل خانصاحب رئیس اعظم دہلی

خمخانۂ جاوید۔ یہ تذکرۃ الشعرا جسکی چوتھی جلد زیور طبع سے آراستہ ہوکر آپ تک پہنچ رہی ہے میرے دوست قدیم لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے کی تالیف سے ہے۔ لالہ صاحب موصوف

نے اس بیش بہا تالیف کے لیے بہت کچھ صرف زر کر کے ایک ایسا اچھا قیمتی کتب خانہ فراہم کیا جس میں سینکڑوں اُردو کے نایاب دیوان موجود ہیں۔ اسکے علاوہ انھوں نے جسقدر شوق محنت اور سلیقہ کیساتھ اُردو علم ادب کی خدمت انجام دی ہے اسکا اندازہ انکے وہ دوست اچھی طرح کر سکتے ہیں جنھوں نے انکی گذشتہ برسوں کی مسلسل اور ان تھک کوششوں کو دیکھا ہے۔

سینکڑوں گمنام شعرا کا اُردو علم ادب کے شائقین کے ساتھ تعارف کرانا اور انکے بہتر کلام کو منتخب کر کے اُن کے ضروری حالات کیساتھ "خمخانہ جاوید" کی صورت میں منظر عام پر لانا ایک ایسی جلیل القدر خدمت ہے جسے اہل دہلی اور دوسرے ملک کے سخن فہم حضرات کبھی بھول نہیں سکتے۔ میں اپنے دوست کو صدق دل سے اس جلد کی تکمیل پر مبارکباد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ باقی جلدیں بھی اُن کے ہاتھوں سے جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ جائیں۔ تاکہ ہندوستان کی اُردو داں دنیا اس میدان کے ہزاروں شہسواروں سے واقفیت حاصل کر سکے۔ مجھے امید ہے کہ ملک کے قدرداں حضرات جلد سے جلد اس مفید سلسلہ کیطرف خاص توجہ فرمائینگے۔ تاکہ لالہ صاحب ممدوح "خمخانہ جاوید" کی بقیہ خدمت کو آسانی کے ساتھ انجام تک پہنچا سکیں۔

محمد اجمل خاں

تقریظ چکیدۂ قلم مسیحادم شفیقی و مکرمی ارسطو فطرت جالینوس حکمت حکیم محمد احمد خاں صاحب خلف اکبر حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مرحوم دہلوی

مولوی محمد حسین صاحب آزاد مرحوم کی "آب حیات" کے بعد لالہ سری رام صاحب ایم اے کی کتاب "خمخانہ جاوید" ایک ایسی کتاب ہے جو اُردو شاعری کی تاریخ کو دورِ حاضر تک مکمل کرتی ہے۔ اور اگر "آبحیات" نے آزاد مرحوم کو حیات جاوید کا درجہ دیا ہے تو "خمخانہ" نے لالہ سری رام صاحب کے نام کو اس قابل بنا دیا ہے کہ جبتک دنیا میں اُردو کا نام زندہ ہے۔ یہ نام بھی زندہ رہیگا۔ "خمخانہ جاوید" کا یہ چوتھا اور وسطی حصہ ہے جو اسوقت پبلک کے سامنے ہے۔ اور اس نے لالہ سری رام کے قلمی جد و جہد کا سفر ایک حد تک ختم کر دیا ہے جسمیں وہ چوتھائی صدی سے زیادہ عرصہ ہوا کہ مشغول

ہیں۔ اور اس کامیابی پر وہ نہ صرف اردو کی دنیائے ادب بلکہ تمام علمی دنیا کیطرف سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جب میں انکی لگاتار محنتوں اور جانکاہیوں کا خیال کرتا ہوں جسمیں گویا انہوں نے اپنا عہد شباب ختم کردیا تو بے اختیار انکی عزت کا ایک ایسا احساس قلب میں پیدا ہوتا ہے کہ الفاظ میں انکا اظہار دشوار ہے "خمخانہ جاوید" کی تدوین اور تالیف کے بعد لالہ سری رام اب دنیا کے تاریخی لوگوں میں ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ اردو زبان اپنے اس محسن کے نام کو کبھی نہ بھولیگی جس نے اس کتاب کی تیاری میں جوانی اور جوانی کی مسرتیں قربان کردیں اور جس کام کو اردو کے کروروں قدردان نہ کرسکے اُسے لیلیٰ اردو کے اس مجنوں نے اپنی تنہا ذات سے پورا کردیا ؎

اجرش دہد خدا کہ کردہ است یاوری به آں کسے کہ یاور و ناصر ندا شتند

آج کے ہندوستان میں ایسی ہستیاں کہاں ہیں، جو لالہ سری رام صاحب کیطرح اپنی زندگی کے بہترین ایام و سال ایک زبان کی خدمت پر نثار کردیں محض اس لئے کہ وہ زندہ رہے۔ انہوں نے صرف اردو شاعری اور اردو شعرا کو پیش نظر رکھا ہے اور کوئی امتیاز مذہب او نسل گوارا نہیں کیا ہے، ہزاروں مسلمان اور بہت سے ہندو شاعر ہیں جنکا اس کتاب میں تذکرہ ہے اور اُنکے کلام کا انتخاب اس حسن انتخاب اور سلیقہ سے کیا ہے کہ اس سے بہتر وہ خود بھی کیا لکھ سکتے تھے۔ یہ معمولی کام نہیں ہے اسکی دشواریوں کو صرف وہ لوگ سمجھ سکتے ہیں جنہوں نے اس قسم کی تالیفات کے میدان میں بادیہ پیمائی کی ہو۔ یا لالہ سری رام صاحب کے قریب رہ کر اُن کی جانکاہ اور مسلسل مشغولیتوں کو دیکھا ہو۔ انہوں نے اپنا وقت اور اپنا روپیہ اس کام پر اسطرح بے دریغ صرف کردیا ہے گویا خدا نے انہیں اسی کام کیلئے پیدا کیا تھا اور انہوں نے سمجھ لیا تھا کہ میرا مقصد زندگی یہی ہے۔ اس پر میں سمجھتا ہوں کہ تمام ہندوستان اور دنیا کے تمام علمی طبقات کی طرف سے وہ شکر گذاری کے مستحق ہیں۔ کاش اردو کے قدردان جنکی تعداد لاکھوں نہیں کروروں ہے، سمجھیں کہ لالہ سری رام صاحب نے تو اپنا کام کردیا۔ اب ہمارا فرض اُن کی شکر گذاری کے سلسلہ میں کیا ہے؟

محمد احمد فروری ۱۹۲۶ء

قطعۂ عطیہ مکرمی و محبی خان بہادر قاضی شوکت حسین رئیس آنریری مجسٹریٹ مرادآباد

اہلِ فن اسکو بنائینگے گلے کا تعویذ — تذکرہ ہے شعرا کا یہ دلآویز کتاب

بے پئے مست ہوں جس سے یہ وہ خمخانہ ہے — نہ یہاں حاجت ساغر ہے نہ پروائے شراب

ساقی بزم سریرام سے دریادل ہیں — تشنۂ لطف سخن آکے یہاں ہوں سیراب

طبع کی اُسکے ہے پرکیف یہ شوکت تاریخ — حصۂ چارم خمخانہ ہے دُرِ نایاب

۱۹۲۶

تقریظ و قطعات تاریخ از نتیجۂ فکر شاعر نازک خیال سخنور عدیم المثال حاجی مرزا سید محمد خاں متخلص بہ حاجی میر منشی پشتو ٹیچر و میر مشاعرہ بزم سخن صدر پنڈی

قطعۂ اول بقاعدہ توشیح

ہاں اتر آئی جناں خمخانۂ جاوید میں — بھر گئیں سب جنتیاں خمخانۂ جاوید میں

اللہ اللہ کسقدر زاہد کو بھی ہے اس سے شوق — جسم مسجد میں ہے جاں خمخانۂ جاوید میں

میں گرا سجدہ میں ساغر نے کیا جھک کر رکوع — دی صراحی نے اذاں خمخانۂ جاوید میں

درج ہیں اسمیں سخن سب شاعرانِ ہند کے — دیکھ لو ہندوستاں خمخانۂ جاوید میں

اسمیں ہیں سب شاعرانِ حال و ماضی کے سخن — جمع ہیں پیر و جواں خمخانۂ جاوید میں

ساری دنیا کی ہے اسمیں سیر آؤ دیکھ لو — ساری دنیا ہے نہاں خمخانۂ جاوید میں

چل ہمارے ساتھ تو بھی اے دلِ حسرت زدہ — جمع ہے سارا جہاں خمخانۂ جاوید میں

دلنشیں ہے دلنشیں ایک حصہ دلنشیں — جاں نشیں ہے داستاں خمخانۂ جاوید میں

ذرہ ذرہ کی تمنا ہے بنوں میں خاک پا — ٹھہرنا ممکن کہاں خمخانۂ جاوید میں

صفحہ نقطے حرف بولے مجھ سے کیا دیکھو ہمیں — چاند تارے آسماں خمخانۂ جاوید میں

جائیں وہ جائیں جنھیں رہنا نہیں [illegible] — گھر بنا لیں میکشاں خمخانۂ جاوید میں

کیوں نہ ہو قربان تجھ پر اے سریرام اپنی جاں — جیسے پھولا گلستاں خمخانۂ جاوید میں

تیری سب جہاں ہیں یہاں مہماں ہیں	تو نیا ہی میزبان خمخانہ جاوید میں
دیکھ لو آئینہ ای حاجی الہی تاریخ طبع	لو جو حیواں بی زباں خمخانہ جاوید میں

۱۳۳۵ھ ۵۸۲ — ۱۳۲۰ ۶۰ ۷۵ ۷۰۰

صدر عروض ۱۹۱۷ء

ابتدا منقوطہ و ضرب منقوطہ = ۱۹۱۷ء

نوٹ ۔ مندرجہ بالا نظم سے پانچ تاریخیں تین ہجری اور دو عیسوی بدیں تفصیل پیدا ہوتی ہیں۔

(۱) حروف اول صدر سے ۱۳۳۵ھ

(۲) حروف اول صدر و حروف آخر عروض سے ۱۹۱۷ء

(۳) حروف اول ابتدا سے ۱۳۳۵ھ

(۴) حروف اول ابتدا منقوطہ و حروف آخر ضرب منقوطہ سے ۱۹۱۷ء

(۵) چودھویں شعر کے مصرعہ ثانی سے بہ صنعت تعمیہ خارجی و داخلی ۱۳۳۵ھ

قاعدہ ۔ د × د = د ۔ د ۔ ی

ا × ا = ا ۔ ۔	قطعہ ذیل بہ قاعدہ بسط الحروفی	د = ۶
ل × ل = ۔ ۔ ظ		ی = ۱۰
ی × ی = ۔ ۔ ق		ظ = ۹۰۰
ل × ل = ۔ ۔ ظ		ق = ۱۰۰
		ظ = ۹۰
		۱۹۱۷ء

جناب سری رام یکتائے عالم	دیگر	ہر اک فن میں کامل ہر اک فن میں کامل
کتاب انکی یہ بے بدل ہے یہ بے بدل ہے		لکھو حاجی تاریخ اس کی دلائل (۱۹۱۷ء)
آئین توالی سے سن طبع ہے نایاب	دیگر	تاباں سر اختر سے ہے تاریخ کا خورشید
منقوطہ سے کرتا ہے سہ سال کو روشن (۱۳۳۵ھ)		نایاب سریرام کا خمخانہ جاوید (۱۳۳۵ ۱۹۶۷ء ۱۳۳۵ھ)
ہم کہے دیتے ہیں کہنا صاف اچھا تذکرہ	دیگر	جب سن ہجری کا ای حاجی کہیں مذکور ہو
ویں پیدا ہوا گر تاریخ فضلی کا خیال (۱۳۳۵)		یک قلم اعدا کا اس تذکرہ سے دور ہو (۱۳۲۴)
کم ہے جتنی داد دیں اس تذکرہ کی اہل فن	دیگر	اسکی جانکاہی میں اک عمر مصنف کھپ گئی

نوٹ ۔ ۱۹۱۷ء میں اس حصہ کی قریب قریب نظر ثانی ہو چکی تھی مگر اتفاقات ایسے پیش آتے رہے کہ اب تک اشاعت کی نوبت نہ آسکی۔

میں نے اے حاجی جو پوچھا ولی سے اسکا سالِ طبع	یہ کہا اس تذکرہ کی جلد چوتھی چھپ گئی ۱۹۱۷ء

اقتباس از تحریر و قطعہ تاریخ از ماہر کامل فن محقق زمور سخن سید محمد نذیر احسن نسیم ابو العلائی ہلسوی عظیم آباد

مجھے یہ فخر حاصل ہی کہ خمخانہ جاوید کے معتد بہ اوراق جناب کی زبان فصاحت ترجمان سے میں ڈسنے ہیں نادر میں اس سامعہ نوازی کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا حقیقت یہ ہی کہ جناب کی یہ نادر تالیف محتاجِ تعریف و توصیف نہیں۔ ع حاجتِ مشاطہ نیست روئے دل آرام۔ رہا ادب اردو میں ایسا گراں قدر اور بیش بہا اضافہ ہر طرح ایک خاص قدر دانی کا مستحق ہے۔

یکتائے دہر لالہ سری رام کیوں نہوں	یہ صاحب کمال ہیں یہ واقفِ ہنر
علامۂ زماں ہیں تو یہ ماہرِ زباں	فاضل ہیں علم و فن سے ہیں آگاہ و با خبر
لکھا سخنوروں کا وہ بے مثل تذکرہ	ہے آج جس کا ذکر جہاں میں ادھر اُدھر
یہ ملک و قوم دونوں کے حق میں مفید ہی	یہ اہلِ شوق کے لئے گویا ہے راہ بر
دلچسپ و دلفریب دل آرام و دلربا	ہیں اسمیں خوبیوں کے اوصاف سر بسر
تحقیق کی تلاش کی کیا داد دیجئے	پڑھیے اسے تو کہیئے بہر حال معتبر
جو مر چکے تو از سرِ نو زندہ ہو گئے	معجز نما ہے طرزِ نگارش بھی کس قدر
جو زندہ ہیں وہ از سرِ نو زندہ ہو گئے	اب ہیں فنا سے دور فنا ان سے دور تر
کیوں پڑھ کے یوں نہ داد مولف کو دیجئے	یہ شوق یہ تلاش یہ تحقیق یہ نظر
یہ لطف۔ یہ زباں یہ اسلوب یہ روش	یہ سحر یہ بیان یہ تاثیر یہ اثر
تعریف اس کتاب کی لکھنی محال ہے	دل کی یہی صلاح ہے کہ اسکی نہ فکر کر

برجستہ ہی یہ مصرعہ تاریخ لکھ نسیم
احسان خاص یہ بھی ہی اردو زبان پر
۱۳۳۱ھ

از جناب سید رحمت علی صاحب ماہر بدیری منشی فاضل ہیڈ مولوی بی آنو ٹنڈلہ ضلع آگرہ

ایسا جامع تذکرہ اُردو زبان میں کیا بلکہ دوسری زبانوں میں بھی اس بسط کیساتھ نہ لکھا گیا ہوگا۔ خدائے تعالیٰ اس کا اجر آپ کو عطا فرمائے میں آپکو اس بے مثل کام کی مبارکباد دیتا ہوں تذکرہ شعرا کے لئے ایک اُستادِ کامل ہے اور اہل کلام کیلئے قاندوزہر۔ اگر شائقان بادہ معرفت کے لئے خمخانہ جاوید ہے تو سرگشتگانِ ظلمت جہل وسفاہت کے لئے بمنزلہ خورشید۔ آپکی محنت جانفشانی کی داد دینے میں زبان قاصر ہے اور ملکہ انتخاب کی مدح سرائی میں دل ودماغ کی کوتاہی ظاہر ہے

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست	آخر آمد زپسِ پردۂ تقدیر پدید

اقتباس از تحریر فاضل اجل ادیب اکمل مولوی مولٰینا نجم الغنی صاحب رامپوری مصنف تاریخ ریاست رامپور

آپنے ہزارہا اہل کمال کو زندۂ جاوید بنادیا۔ اس لئے ہر شخص کا جو اس فن کے خدمت گذاروں میں سے ہے یہ فرض ہے کہ اس کام میں وہ آپکا ہاتھ بٹائے۔ آپکی عرق ریزی اور طبع وقاد کا ہر شخص معترف ہے۔ آپنے ایسا بڑا کام کیا ہے کہ اسمیں بڑے سے بڑے ماہر سے ہزاروں فروگذاشتیں ہوئیں حق یہ ہے کہ آپکا تذکرہ بہت صاف ہے آپکا طرز انتخاب نہایت لاجواب ہے۔ واللہ آپنے بڑے بڑے سخن فہموں کو راستہ انتخاب بتادیا ہے۔

اقتباس از تحریر منشی محمد حنیف صاحب رعب

میرے نزدیک جو شخص بھی آپکی اس اپنی نوعیت میں لاجواب تصنیف کو دیکھے گا بیساختہ آپکی جدوجہد اور کامیاب سعی وتلاش پر آفریں پکار اٹھیگا۔ اردو زبان اور اسکے حامی آپکے اس

اگر اسقدر اتفاقات کو ہمیشہ بنظرِ احسان دیکھینگے بلکہ منت پذیری کا اعتراف کر کے کفرانِ نعمت فیاض نہ کرینگے۔ جزاک اللہ ... مروان خنجر بکف آفریں اور نہ ماشاءاللہ آپنے شعرا یا موزوں طبع حضرات کے نام اور کلام فراہم کرنے میں واقعی آپنے بیحد محنت سے کام لیا۔

ریختہ کا ایک ادیب نامور پنڈت سکھدیو پرشاد بسمل سابق ڈپٹی انسپکٹر مدارس ریاست بھرت پور

واقعی آپکا تذکرہ لاجواب ہے اور آپکا احسان اُردو داں پبلک پر ایسا ہو رہا ہے کہ جس کا شکریہ ادا کرنا آسان کام نہیں آپ سے صاحب ہمت کا کام ہے کہ ایسے بڑے کام کو شروع کرنا اور اس کی تکمیل میں ہر طرح کی کوشش فرمانا اسقدر بڑے تذکرہ کا ترتیب دینا کوئی آسان کام نہیں ہے یہ آپکا احسان اُردو داں پبلک کیلئے ہمیشہ یاد رکھنے کے قابل ہے فقط۔ مجھے آپکے تذکرہ سے سچی ہمدردی ہے چند قطعات تاریخ مختلف سنوں کے برائے جلد چہارم ارسال خدمت ہیں۔

اہلِ سخن نے اور بھی لکھے ہیں تذکرے　　لیکن یہ تذکرہ ہے زمانہ میں لاجواب
کیسا مبالغہ یہ خدا لگتی بات ہے　　بے لاگ منصفی سے کیا خوب انتخاب
اس منصفی کے آپکے قربان جائیے　　جانِ غزل کیا ہے ہر اک شعر انتخاب
واللہ انتخاب کا بھی انتخاب ہے　　بیجا نہیں ہے کہنا اسے عطرِ انتخاب
گمنام شاعروں کا بھی چمکا دیا ہے نام　　روشن ہو نام آپ کا مانندِ آفتاب
اُردو زباں کے آپ بھی خواہ ہیں دل　　اللہ آپکو کرے اس دھن میں کامیاب
اردو زباں کی دہلی ہے ٹکسال واقعی　　کھائیں نہ میری بات سے حسّاد پیچ و تاب
ہے مستحقِ داد عرق ریزی آپ کی　　پیدا ہوا نہ ہوگا نہ ہے آپکا جواب
آپ گھر سے آپنے شاید لکھا ہے یہ　　ہے تذکرہ میں گوہرِ نایاب کیسی آب
پبلک کو چاہیے کہ کرے قدر آپ کی　　اسکے صلہ میں بخشے گورنمنٹ بھی خطاب

للہ جلد کیجئے اب ختم تذکرہ		ہے انتظار جلد چہارم میں اضطراب
اسکا گواہ مصرعۂ تاریخ دہر ہے		یہ تذکرہ ہے لالہ سری رام لاجواب ۱۹۰۵ ہجری
مولف کی لگی محنت ٹھکانے	دیگر	ہر اک آغاز کا ہے دہر انجام
چہارم جلد ہے لو نذر پبلک		پھلا اب باغ تالیف سری رام ۱۹ ہجری
دن رات غرق رہ کے مولف نے فکر میں	دیگر	بحر سخن سے اور نکالی ہے نہر یہ
رکھی ہے آج نذر یہ پبلک کے روبرو		اس تذکرہ کی جلد چہارم ہے بحر یہ ۱۹ ہجری
دیکھکر اسکو تشفی ہو گئی		کھل گئی خود دہر کے شک کی گرہ
پھر سن یہ غیب سے آئی ندا		ہے چہارم جلد قلب تذکرہ ۱۹

مصرعۂ تاریخ ع اس تذکرہ کی جلد چہارم ہو مبارک ۱۹ ہجری

از نتائج افکار گہربار جناب منشی محمد احسان حسن خان صاحب احسان رئیس چھوپارہ ضلع مظفرپور بہار

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست	آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

مجھے عرصہ سے ایک جامع تذکرۂ شعرائے اردو زبان کی تلاش تھی جسمیں ہر طبقہ کے مشاہیر اور غیر مشاہیر شعرا ہوں للہ الحمد کہ اب وہ تمنائے دلی تذکرہ ہزار ملقب بہ خمخانہ جاوید کی صورت میں جلوہ آرا ہوئی۔ ہفتہ عشرہ گذرا کہ میں نے اسکی جلد اول اور جلد دوم دلی سے منگوائی ہیں اور نہایت ذوق شوق سے مطالعہ کر رہا ہوں میں نے اس کے اعلیٰ محاسن اور پاکیزہ اوصاف اکثر احباب سے سنے تھے۔ فی الحقیقت جس قدر اسکی تعریف کیجائے بجا اور درست ہی۔ تقریظیں بھی بہت سے ذی علم باکمال اصحاب نے لکھی ہیں۔ اسکی مدح سرائی میں خامہ فرسائی کیگئی ہے وہ اسکے لئے شایاں ہے اسکے مولف جناب لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے سابق منصف و رئیس دہلی ہیں۔ آپ خود باکمال اور لایق فایق شخص ہیں اس پر اس تذکرہ کی تالیف نے آپکے نام نامی اور صفات گرامی میں

چار چاند لگا دیئے ہیں۔ طرحداران زبانِ اُردو اسپر جسقدر ناز کریں زیبا ہے۔ میں مولف کو اس گرانقدر تالیف پر تہِ دل سے مبارکباد دیتا ہوں۔ واقعی یہ تالیف لطیف آپ ہی کے حصہ کی تھی جناب ممدوح سے اگرچہ مجھے نیاز حاصل نہیں مگر مجھے ممنون کرم ضرور بنا رکھا ہے۔ خمخانہ جاوید کی بقیہ جلدوں کے مطالعہ کا بیحد مشتاق ہو گیا ہوں۔

جناب محترم لالہ سری رام
نہایت قابلیت سے اُنہوں نے
پسندیدہ نہ کیوں ہو ایسی تالیف
نہ کیوں ہو مرحبا کا شور ہر سو
چھپا بھی ہے خوش اسلوبی سے ایسا
جو ڈھونڈا میں نے سال طبع احسن
ہر کہ ایں ذکر شاعراں دیدم
بہر تاریخ طبع سنجیدہ

دیگر

صداقت میں ہیں یکتا جنکے مکتوب
لکھا ہے شاعروں کا تذکرہ خوب
مضامیں جس کی ہیں دلچسپ و مرغوب
کچھ ایسا ہی نگارش کا ہے اسلوب
نگاہِ اہلِ بینش میں ہے محبوب
کہا ہاتف نے لکھ مطلوب مرغوب
۱۳۴۵ھ
آفریں از دل و زباں گفتم
یادگار سخنوراں گفتم
۱۳۴۵ھ

یعنی سنجیدہ یادگار سخنوراں
۱۳۴۵ھ

از فکر صائب نقاد سخن جناب رشید احمد صاحب شور قریشی

خمخانہ جاوید آجکل زیر مطالعہ ہے کیا کہوں ایسی متبرک اور دلچسپ کتاب کی میں تعریف نہیں کر سکتا وہ خوبیاں اور باتیں اسمیں پیدا کی ہیں کہ احاطۂ تحریر میں لائی نہیں جا سکتیں چھوٹا منہ بڑی بات اوّل تو میں کیا اور میری زبان کیا۔ اگر اسکی زبان کی زبان سے تعریف کروں تو ارباب مذاق اور اہل خرد کیلئے مضحکہ کا سامان ہو سکتا ہے لیکن میں تو پھر یہی کہونگا کہ آپنے جو عرق ریزی خمخانہ جاوید میں کی ہے ملک و اہل ملک میں سے اگر کوئی شخص اُسکی تعریف میں لب کشائی کرے تو میرے خیال میں تعریف کا ایک شمہ بھی ادا نہ کر سکیگا۔ آپکی محنت قابل داد اور آپکی قابلیت ملک کیلئے

لائق فخر ہے۔ یا خدا یہ گلشن تھا جس کا دوسرا نام خمخانۂ جاوید ہے اسکا ہر ایک پودا یعنی ہر ایک شعر جس کے لکھنے کیلئے آب حیات نذر دوات کیا ہوگا ہمیشہ پھلے پھولے اور اسمیں بہار رہے۔

تقریظ مولوی سید محمد احمد رضی رئیس سونی پت وپریسیڈنٹ نگمین شیعہ ہنرس لیگ

اتفاقاً جناب کی کتاب مستطاب خمخانۂ جاوید حقیر نے دیکھی جس کی عبارت پڑھکر بیساختہ دل سے داد نکلتی ہے عبارت کی سلاست اور فصاحت کی تعریف تو اس قابل ہی نہیں کہ احاطۂ تحریر میں آسکے۔ دلچسپی میں وہ رتبہ رکھتی ہے کہ شروع کرنے پر چھوڑ دینے کو دل ہی نہیں چاہتا اور ختم کرنیکے بعد بھی یہی دل چاہتا ہے کہ دوبارہ اور سہ بارہ پڑھی جائے۔ جناب لالہ صاحب آپنے اس تاریکی کے زمانہ میں زبان اُردو کو وہ جلا دی ہے جس کا شکریہ اہل ہند وماہران زبان اُردو سے ناممکن ہے۔

اقتباس از تحریر منشی چنی لال صاحب صوفی وکیل عدالت تحصیل بلاسپور ریاست رام پور

واقعی جناب والا نے نہایت تفصیل وفصاحت وبسط سے حالات شعرا تحریر فرمائے ہیں گویا ہر شاعر کا حال بجائے خود ایک سوانحعمری ہے۔ کلام مردہ کو زندگانی جاوید دی ہے اور قرینہ سے اپنی اپنی جگہ ہر ایک صاحب سخن جاگزیں ہیں۔ ہندوستان میں کسی نے ایسا ضخیم تذکرہ مدون نہیں فرمایا

نتیجہ طبع وقاد منشی محمد تقی صاحب قمر رئیس وزیر گنج ضلع گیا مولف لغات

میں نے انگریزی اخبار میں دیکھا تھا کہ آپ اُردو کانفرنس دہلی کے صدر نشین ہوئے تھے اس اعزاز کی مبارکباد دیتا ہوں۔ آپکا دم بہت ہی غنیمت ہے۔ آج تک اُردو علم ادب کی ایسی خدمت کسی نے بھی نہیں کی ہے۔ زبان ایک طرف آپنے تحقیق بہت کی ہے۔ شعرا کی زندگیوں کا آپ کو جتنا علم ہے میرے خیال میں اتنا کسی کو بھی نہیں اور اسکا باعث یہ ہے کہ اُنکے پاس آپ جیسے جواہرات نہیں ہیں جنکو سرمایہ کہتے ہیں۔

از رشحاتِ قلم جادو رقم محققِ دقیق النظر ماہر ستودہ سیر نواب شمشیر بہادر اخگر رئیس ریاست اجی گڑھ بندیل کھنڈ

پیارے سریرام۔

ندرت طراز شاعرِ شیوا زبان ہے تو	نکتہ شناس و نکتہ رس و نکتہ داں ہے تو
یکتائے روزگار وحید الزماں ہے تو	ہے سچ تو یہ کہ نازشِ اردو زباں ہے تو

اعجاز ہے قلم میں تو جادو زباں میں ہے
نیرنگ سامری تیرے طرز بیاں میں ہے

آپ نے تذکرہ لکھکر ہندوستان کے ہندو مسلمان دونوں قوموں پر برابر احسان کیا ہے جو آپکے احسان کو نہ مانے اُسے انتہا درجہ کا ہٹ دھرم اور بے ایمان خیال کرنا چاہیئے کیونکہ اردو زبان ہندو مسلمان دونوں کی مشترکہ زبان ہے۔

اگر آپ میں ذرا بھی تعصب کی بو ہوتی تو آپکا یہ کارِ عظیم کبھی اپنے ذمہ نہ لیتے بلکہ اردو کو اور مٹانیکی فکر کرتے۔ ان باتوں کو نادان نہیں سمجھتے مگر اسپر جلے جاتے ہیں کہ ملک آپکی تعریف کیوں کر رہا ہے اب ان نافہموں سے کون کہے کہ تم بھی وہ کام کرو جسمیں تمہاری بھی تعریف ہو لیکن ع

کھیل ہے ہر کوئی جس کو یہ وہ شطرنج نہیں

البتہ قدرت نے آپ کو ضرور ایسا باہمت۔ نیک دل۔ صاحب علم۔ فرشتہ سیرت انسان بنایا ہے جب تو یہ بارِ عظیم اپنے سر لیا خدا کرے یہ کار اہم بخیر انجام کو پہونچے۔

عیب نکالنے والوں سے ہنر کے دیکھنے والے زیادہ ہوتے ہیں مصنف کے سامنے گو چند حریف عیب نکالیں تو نکالیں مگر پیچھے قیامت تک واہ واہ سننے میں آتی ہے۔ انسان کی فطرت میں ہے کہ دوسرے کی خوبیاں دیکھ نہیں سکتا یہی وجہ ہے کہ بہت کم اہل کمال کو اپنے وقت میں داد ملی کیسی ہی عمدہ کتاب لکھیئے معمولی داد کیساتھ ہی یہ ضرور کہا جائیگا کہ متقدمین کا کیا کہنا،،

حالانکہ جب تک زندہ رہے وہ بھی ابنائے زماں کے شاکی رہے اور یہ حضرات جو آپکے متبالیئیں انکموں کی یا غیروں کی تعریف کر رہے ہیں اس خیال سے نہیں کرتے کہ انکا حق سمجھتے ہیں بلکہ آپکی داد میں عجیب پیدا کرنا منظور ہے سبب یہ کہ وہ تو اسوقت موجود نہیں اُن سے رشک کا موقعہ نہیں رہا آپکے ساتھ رشک ہو۔

وہ کامل اور نامور شعرا جنہوں نے اردو میں چار چاند لگائے اور خود بادِ حوادث کے تیز و تند جھونکوں سے تھر گمنامی میں جا پڑے اور سسک سسک کر دم توڑ کے رہ نوردِ آخرت ہوئے آپنے آبِ حیات پلا کر ان سب کو زندہ کر دیا۔ انکی روحیں آپکے ترقی عمر و اقبال کیلئے دعائیں دے رہی ہونگی۔

اللہ حفیظہ اس سے زیادہ آپکی ہمت بڑہائے اور خضر کی عمر بخشے تاکہ یہ کارِ عظیم جلد بخیر انجام کو پہنچے اور آپ کو اس محنت اور جانکاہی کی داد ملے۔

از جناب سیاح ملک الکلام اُستادِ عدیم النظیر لسان العصر سید ریاض احمد صاحب ریاض سر بندہ تلمیذ منشی امیر مینائی

حضورِ اقدس سے نوازش نامہ باعثِ اعزاز ہوا کلاہ گوشہ دہقان بہ آفتاب رسید۔ آج بڑائی حدا آپکو تا زمانہ دراز باصحت و عافیت رکھے تذکرہ کیطرف توجہ کا موقعہ ملنا ملک کی خوش نصیبی ہے آپنے واقعی یادگار مجموعہ تیار کر کے شعرا کیساتھ مذاق صحیح کو زندہ جاوید و پائدار بنا دیا۔ آپ دنیائے شاعری کے محسن ہیں اسلئے بھی کہ شعرائے دہلی و لکھنو ایسے برتاؤ سے اور زیادہ قریب ہو جاتے ہیں

قطعہ تاریخ ریختہ کلام مکرمی نواب کاظم علیخاں صاحب فہیم رئیس اعظم لکھنو

ساقیا موسم بہار آیا	کچھ عجب حال اب ہے رندوں کا
دختر رز کی یاد ہر دم ہے	بس اُسی کا وہ پڑہتے ہیں کلمہ
باغ و صحرا پہ ہے عجب جوبن	سبز پہنے ہے ہر شجر جامہ

کیا زمیں پر بہار دیتا ہے / ہر جگہ فرش سبز مخمل کا
کیا غضب ڈھا رہی ہیں ندوں پہ / ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں کالی گھٹا
شاہدانِ چمن کا بھیس نکھار / جانفزا ہے فزائے بستان کیا
ہے چنبیلی پہ کس غضب کی بہار / چھوہارا پڑا لباس سے نیا سا دا
موتیا عطر کا قرابہ ہے / سارا گلشن مہک رہا ہے پڑا
ختم ہے آج نسترن پہ بہار / قابل دید آج گل ہے نرگس کیا
ہے نزاکت سے کامنی کو یہ خوف / تنندہ گل لے ندسے اپھوڑا
غیرت مہ ہے چاندنی کا پھول / حسن گلشن سے چہ دو سکے ہے چوڑا
ہمسری نیلوفری کر سکا / چمن کا رنگ ہے بڑا کیا پھیکا
ہو اگر آفتاب تجھ میں تاب / آ کے سورج مکھی سے سیکھ ادا
چشم ساقی وہ نشہ میں ڈوبی / غل مچا ہوا ہے نرگس کا
لالہ ساغر میں ہے لئے مے سرخ / بلبلوں کے لئے یہ گل پھولا
گل و بلبل کے وصل کا دن ہے / خوف گلچیں نہ کیل کا کھٹکا
بھر گئے غنچوں میں آج عکس شفق / بلبلیں کھیلتی ہیں رنگ اس کا
بولتا ہے پپیہے کا طوطی / پی کہاں پی کہاں کا غل ہے بپا
چار سو منتظم عنادل ہیں / عدل و انصاف کی بندھی ہے ہوا
آج گلچیں نے پھول گر توڑا / دار شمشاد پر دیں گے چڑھا
حکم غنچوں کو ہوگا منہ کھولو / کہ شہادت ہو خون دل کی ادا
قمریاں کر رہی ہیں سر بازی / طوق گردن میں آ گئی ہوگا پڑا
کیا مجال آج گل ہو نافرمان / حکم مانے نہ عندلیبوں کا
آج شمشاد پہ بھی ہوتا ہے / قد موزون یار کا دھوکا

۲۷ کیا دھواں دھار ابر چھایا ہے آج دریا بہینگے گریہ سا

قطرے شبنم کے یوں ہیں پتوں پر ۔۔۔ موتی قدرت نے جڑ دیئے گویا

زردی پھولوں کی یہ بتاتی ہے ۔۔۔ ہے عروسِ بہار کا مانجھا

قوتِ نامیہ کا ہے یہ زور ۔۔۔ خشک لکڑی میں بھی ہے بُور آیا

سرو خاموش محوِ حُسنِ بہار ۔۔۔ دیکھتا ہے تماشا قدرت کا

باغ پر کیا برس رہی ہے بہار ۔۔۔ تو بھی ساقی عرق بہار کا لا

سیرِ گلشن سے ہو گیا دل سیر ۔۔۔ دختِ رز کا دکھا مجھے جلوا

مینہ برسکر کھلا ہوا بدلی ۔۔۔ قوس کا رنگ آسماں پر چھا

دیکھ رندوں کی طرح میکدہ کو ۔۔۔ لڑکھڑاتی نکل رہی ہے صبا

آنکھ بھر بھر کے دے مے سرجوش ۔۔۔ زندگی بھر جو دوں میں تجھکو دعا

خوش بہر کیف کیفِ مے سے ہوں ۔۔۔ ہو مبادا خمار بادہ کا

دے وہ مے جسکو پی کے ہوں بیہوش ۔۔۔ ڈر نہ واعظ کا ہو نہ خوفِ خدا

ہو نہ جو کچھ ہو واں وہ یاں ہو جائے ۔۔۔ نشہ میں فکرِ نشاتین کجا

تند ایسی ہو جیسے ہی کھولوں ۔۔۔ کاگ اڑ جائے دن سے بوتل کا

گھنگرج تند جس سے بڑھ کے نہ ہو ۔۔۔ پہلے نمبر کی مجھکو دے اکثا

اب نہ پھر مجھسے ہو گی یہ تقصیر ۔۔۔ توبہ کرنے سے میں نے کی توبہ

ہونٹوں پر آئی ہے خمار سے جان ۔۔۔ جلد ساقی صراحی مے لا

پی کے مے بحرِ نشہ میں ڈوبوں ۔۔۔ بطِ مے کو بھی آج دوں غوطا

مے رخشاں ہو مہر کی مانند ۔۔۔ کرے مہتاب جس سے کسبِ ضیا

یہ جو واعظ ہیں مے کے دشمن جان ۔۔۔ تو نہ باتوں میں ان کی آجانا

انکی صحبت سے مے ہے خود بدنام ۔۔۔ مے کو بدنام یہ کرینگے کیا

بندگی کر کے اب تو مسجد کو ۔۔۔ درِ میخانہ ہم نے ہے تاکا

کیا دکھاتا ہے مجھکو اے واعظ — سبز باغ آج تو یہ جنت کا
جائیں حوریں تری جہنم میں — ہیں تو ہوں دخترِ رز کا دیوانا
دے نہ لالچ خیالی باتوں کا — خواب میں بھی ہے حور کو دیکھا
خلد میں بھی مجھے ملے جو شراب — غٹ سے پی جاؤں بیدھڑک آیا
شیخ جی کی ہو کر کری شیخی — نہ ملے انکو بھاگتے رستا
پی کے ایسا سماں بندھے ساقی — جس سے دل کی کھلے گو یا
تخت پریوں کے سامنے اُتریں — صاف نقشہ کھنچے اکھاڑہ کا
پیکے مے بند کر لوں جس دم آنکھ — نظر آجائے قاف کا نقشا
سامنے پریاں ناچتی اُتریں — راجہ اندر کی ہو سبھا کا مزا
گو سبو کے سبو رہیں خالی — ہو صبوحی کا ذکر صبح و مسا
مست ہو کر شراب سے ساقی — قطعہ ایسا ہے مجھکو اک لکھنا
جسمیں ہو عیسوی و فصلی سن — بکرمی اور سال ہجری کا
دلدہی دوست کی ہے مدِ نظر — ہیں سری رام جانِ مہر و وفا
عاقل و ہوشیار رنگیں طبع — کاملِ فن ذکی و بحرِ سخا
بامروت۔ خلیق و نیک سیر — دلی والوں کو اُن پہ ناز بجا
کس قدر محنت اور مشقت سے — نام کو شاعروں کے زندہ کیا
کہوں۔ دریا کیا ہے کوزہ میں بند — موتیوں کا ہے یا بنا سہرا
کیا فصاحت ہے کیا بلاغت ہے — جسکو سحبان بھی دیکھ شرمایا
درحقیقت کیا انہوں نے کمال — خوب گوندھا ہے پھولوں کا گجرا
جلد چوتھی بھی تذکرہ کی اب — چھپ کے تقسیم ہو گئی ہر جا
بعد خوض تمام و فکرِ کثیر — قطعہ تاریخ کا یہ کہ ڈالا

ڈالدی جان بکرمی سن میں
ہے سری رام کا نوشتہ یہ
سمت انیس سو بہتر رکھ

عیسیٰ دم طبع تیرا کیا کہنا
جام جم رشک زہد خمخانا
ہو بہو ہے ذہین یہ گلدستا

قطعات تاریخ شاعر یکتا منشی نبید میل احمد صاحب طاہر حسنی الحسینی از جودھپور (مارواڑ)

آئیں آئیں ہیں کہ ہر جوہر شناسان سخن
دیکھ لیں آکر بہاریں نوعروس شعر کی
فرش رہ آنکھیں بنائیں ہیں کہ ہر جلوہ طلب
ہو چکے ہیں پھر بہم اسباب ترتیب مشام
پھر گل تازہ کھلا نیکو ہے تحریک نسیم
اللہ اللہ مد و جزر قلزم امید سے
مائل نغمہ سرائی ہیں عنادل چار سو
بادہ نوش ساغر خمخانہ جاوید ہوں
فکر تاریخ اشاعت حضرت طاہر کیوں
ہیں سخنوران دنوں پھر مست و سرشار سخن
منعجان نظم پھر ہیں رہزن تمکین و ہوش
کم نہیں یہ تذکرہ بھی ساقی مخمور سے
مصرعہ تاریخ طبع بے تکلف فی البدیہ

زیب عالم پھر ہے خمخانہ بصد حسن حسن
شاہد زیبا ہے حسن نظم کی دیکھیں پھبن
مائل بے پردگی ہے ایک شوخ پرفتن
مشکباری پر ہے مائل نافۂ وحشت ختن
پھر مہک اٹھنے کو آمادہ ہے شاخ یاسمن
نازش گوہر نکلنے کو ہے پھر در عدن
عازم گلشن ہے پھر باد بہاری خندہ زن
اس طرف آئیں کہ ہر ہیں شائقین علم و فن
مہرباں کہدیجئے خمخانہ ہے رشک چمن

دیگر

بزم میں پھر دور دور ساغر و پیمانہ ہے
محو انداز و ادا ہر عاقل و فرزانہ ہے
مست چشم مے چکاں ہر بادہ کش دیوانہ ہے
لکھو طاہر جوش دریائے عطا خمخانہ ہے

دیگر

کہاں اسکی سی خوبی تذکروں میں
کہاں اسکا سا آئین حسن دلخواہ
یہ نظم و نثر پروین چشم بد دور
یہ نثر و نظم انجم بارک اللہ
چمک اٹھے نہ کیونکر بخت اردو
درخشاں ہو نہ کیونکر صورت ماہ

ﷺ اس سال میں بھی شاعر کا خمخانہ جاوید کا ارادہ تھا مگر بعض ... کی وجہ سے ... اب ... طبع ہوئی ہے۔

موّلف اسکے ہیں لالہ سری رام
وہ بیشک نظمِ اُردو کے ہیں محسن
لکھو سالِ اشاعت تم بھی ظاہر
گلِ خوبی شگفت در گلشن
سنِ ہجری ہیں یہ دو ظاہر

وصفِ خمخانہ جاوید بھلا کیا کہیے
جامِ جمشید سے یا دیجیے تجھکو تشبیہ
کہیے یا بلبلِ گلزارِ کلامِ رنگیں
لکھیے یا روحِ رواں کالبدِ معنیٰ کی
حسنِ نقاشیٔ چیں یا تو ہے مثالِ ارژنگ
نظمِ پروین سے تجھے نظم میں لکھیے تمثیل
تجھکو بے شبہ و شک کانِ بلاغت لکھیے
اہلِ فرہنگ کی دانش کا کرشمہ تو ہی
مشرقی علم ادب کا تجھے گلشن لکھیے
یا تجھے رشکِ حسنِ مہِ کنعاں لکھیے
خوب و خوش منظر بے مثل ہی یکتا ہے تو
جس قدر مدح و ثنا کیجیے تیری ہی بجا
جانِ خوبی ہی سراپا ہے متاعِ خوبی
شانۂ طرّۂ اصحابِ تمنا لکھیے
لمعۂ برقِ تجلیٔ سرِ طور ہے تو
تیرے دیوانے دل و جان سے ہیں شیدائے کلام

دیگر

زبان دان و ادیب و نکتہ آگاہ
نکالی ہے نئی احسان کی راہ
مرادِ دل ہے طرفہ تذکرہ واہ
۱۹ ۲۵

قطعہ

مرحبا مرحبا تعال تعال
گویا حسنِ انتخاب مقال
۱۳۴۳

قطعہ

میکدہ اسکو مے ہوش ربا کا کہیے
یا سکندر کا یہ آئینہ زیبا کہیے
یا سخن کا تجھے طوطیٔ شکر خا کہیے
یا تجھے پیکرِ معنیٰ کا ہیولا کہیے
صنعتِ مانی و بہزاد سراپا کہیے
نسرِ طائر سے تجھے نثر میں مانا کہیے
بیگماں تجھکو فصاحت کا خزینا کہیے
اور منشیٔ فلک کی تجھے انشا کہیے
مشرقی حسنِ تخیل کا حدیقہ کہیے
یا تجھے طالعِ بیدارِ زلیخا کہیے
دلبر و دلکش و دلچسپ و دل آرا کہیے
ہے سزاوار تجھے جس قدر اچھا کہیے
خوبی و حسن کے سر کا تجھے سہرا کہیے
سرمۂ دیدۂ اربابِ تماشا کہیے
شعشعۂ مہرِ ضیا بار و مجلّا کہیے
پختہ مغزانِ سخن کا تجھے سودا کہیے

زیب و زینت میں تجھے غیرتِ جنت لکھیے
حسن و خوبی میں تجھے روکش حورا کہیے

مدح مصنوع میں ہے مدحتِ صانع مضمر
چشم وحدت کا نہیں کیا یہ تقاضا کہیے

حضرت لالہ سری رام ہیں اسکے جامع
کوششوں کا یہ سب انکی ہے نتیجا کہیے

انکی تالیف ہے یہ وہ ہیں مؤلف اسکے
گر چمن اسکو تو انکو چمن آرا کہیے

فلکِ نظم کا لکھیے انہیں مہرِ رخشاں
چمنِ فکر کا انکو گلِ رعنا کہیے

انکے باعث ہوا احیائے زبانِ اردو
جاں فزائی میں انہیں رشکِ مسیحا کہیے

نام اسلاف کا زندہ ہوا انکے باعث
انکے الطاف کا ممکن ہے کب احصا کہیے

انکے احسان سے گراں بار رہینگی نسلیں
امرِ حق کا نہیں معیوب چھپانا کہیے

فکرِ تاریخ اشاعت ہے اگر اے طاہر
صبح نو روز ادیبِ سخن آرا کہیے

لکھیے تاریخ چمکتی ہوئی اسکی طاہر
نور افزائے جہاں عقدِ ثریا کہیے

بے دل و غم ہے سالِ اشاعت طاہر
تذکرہ لکھیے اسے سب سے نرالا کہیے

پھر شوق کی تمہید ہے تمہیدِ سری رام
پھر چھپتا ہے خمخانہ بتائیدِ سری رام

پھر کھلنے لگے نخلِ تمنا میں شگوفے
پھر پھولا پھلا غنچۂ امیدِ سری رام

مشتاقیٔ حسرت کی پھر امید بر آئی
پھر پردۂ معنی میں ہوئی دیدِ سری رام

پھر پیش نظر ہے مہ شوال مسرت
پھر عید سے ملتی ہے گلے عیدِ سری رام

نقادوں کو پھر نقد سخن کی ہے بشارت
پھر گرم ہے ہنگامۂ تنقیدِ سری رام

یوں تذکرہ لکھے کوئی مقدور نہیں ہے
آسان نہیں دشوار ہے تقلیدِ سری رام

خمخانہ کی تاریخ اشاعت لکھو طاہر
جام مئے خمخانۂ جاوید سری رام

اس سے پہلے کون ایسا لکھ سکا
نادر و نایاب و زیبا تذکرہ

کیوں نہ ہو مقبول اربابِ سخن
مرمٹوں کے نام زندہ کر دئے
ہے جہانِ نظم جب تک برقرار
سال اسکی طبع کا ظاہر لکھو
مرحبا لالہ سری رام ایم۔ اے
پھول اس باغ میں ہر رنگ کے ہیں
جب ہوئی فکر کہ لکھوں تاریخ

دیگر

جانِ اُردو ہے سراپا تذکرہ
آبِ حیواں ہے تمہارا تذکرہ
یادگارِ فن رہے گا تذکرہ
ہے انیسِ دل یہ جو تھا تذکرہ
تذکرہ آپ نے بے مثل لکھا
رشکِ فردوس ہے یہ سرتاپا
ہاتفِ غیب نے ایمایہ کیا

مصرعہ سال یہ لکھدے طاہر
واہ خُمخانۂ جاوید چھپا

تقریظ از نتائج افکار گوہر بار فاضل جلیل شفیقی و مکرمی قاضی محمد خلیل رئیس و زمیندار بریلی

انسانی تاریخ کے پارینہ اوراق شہادت دے رہے ہیں کہ صرف علم ادب کی ہنگامہ افروزی نے ملکوں اور قوموں کو پستی سے اٹھا کر معراج کمال پر پہنچایا ہے خیالات کے تغیر طرز معاشرت کی اختلاف تمدن کے انقلاب میں ادبیات کو جو کامیابی نصیب ہوئی ہے اسکا مقابلہ نہ فلسفہ کی طاقت کر سکتی ہے نہ سائنس کی قوت فلسفہ اگر اشیا کی صرف ماہیت بتاتا ہے تو سائنس محض کیفیت۔ یہ حقائق اشیا کو دلائل اور براہین سے ثابت کرتے ہیں شاعری اظہار جذبات سے انکا یقین دلاتی ہے۔ نظم فلسفیانہ ہو یا اخلاقی عشقیہ ہو یا تخئیلی۔ سب سے مفید کام لئے جا سکتے ہیں جو چیز شعر میں معرض بحث میں آجاتی ہے اور جن چیزوں کے نتائج بحیثیت شاعرانہ اخذ ہوتے ہیں وہی نہایت گہرے اور کارآمد ثابت ہوئے ہیں۔ ہر دور کے رسم و رواج۔ ہر زمانہ کے خصائل و عادات کا پتہ جب اُس دور کی شاعری سی ملتا ہے۔ شاید دوسری طرح نہ ملے اور جس قدر قوی اثر اشعار کا انسانی سرشت پر ہوتا ہے یہ قوت اور چیزوں میں عنقا۔ جو خوشبو پھول میں ہوتی ہے وہ اُسکے درخت میں نہیں اسی طرح

جو بات نظم میں ہے وہ نثر میں نہ دار دنفس بھی بالطبع شعر کو نثر سے زیادہ پسند کرتا ہے اور حافظہ بھی اسی کو جلد قبول کرلیتا ہے۔ میمون بن قیس کے کلام میں یہ تاثیر تھی کہ جسکی تعریف کردیتا قیامت تک نیکنام ہوجاتا اور جس کی برائی لکھدیتا ہمیشہ کو بدنام۔ رمز شناسان بلاغت اور نکات فہمان ادب صدیوں سے فیصلہ مختتم کرچکے ہیں کہ شاعری اور انشا پردازی ہی وہ آئینہ ہے جس میں اقوام و ملل کی اصلی صورت نظر آتی ہے۔ ہر جماعت کا بننا بگڑنا اُسکی شاعری اور اُس کے علم ادب کے حسن و قبح پر منحصر ہے۔

عرب و یورپ وغیرہ میں شعراہی قوم کو جس طرف چاہتے جھونک دیتے اور جس بات سے چاہتے روک لیتے تھے شعر سے جس طرح نفسانی جذبات کو اشتعال ہوتا ہے اُسی قدر روحانی خوشی بھی زندہ ہوتی ہے یہانتک کہ اسلام میں صوفیۂ کرام کے ایک سلسلہ نے سماع کو جس کا جزو اعظم شعر ہے باعث تزکیہ نفس اور وسیلۂ قرب الٰہی مانا ہے اور بعض مذاہب نے تو جزو عبادت ہی قرار دیدیا ہے نور بائی نے نواب روشن الدولہ کے یہاں حضرت میران سید بھیکا صاحب کو ایک رباعی گاکر سُنائی۔ میران صاحب مرغ بسمل کیطرح تڑپنے لگے اور بمشکل ہوش میں آسکے۔ یہاں یہ نکتہ بھی خیال میں رہے کہ موسیقی جو اقسام حکمت سے ہے بغیر شعر کے نہیں ہوسکتی اور شاعری کو موسیقی کی ضرورت نہیں پر شاعری جز دلیست از پیغمبری تو صدیوں کا مسلمہ مسئلہ ہے۔

فقط انسانی قانون ہی ترقی کیلئے کافی نہیں ہے بلکہ خلوت اندیشہ کی شمع کو شعلہ بار بنانے۔ گوہر علوم کو آبدار رکھنے۔ جوہر فنون کو عمدہ طور سے برتنے کا نام بھی ترقی ہے۔

یورپ کا ایک محقق کہتا ہے کہ مشاغل دنیوی کے انہماک سے جو قوتیں سو جاتی ہیں شعر ہی انکو پھر جگاتا ہے اور بچپن کے خالص اور پاک جذبات کو جو لوث غرض سے منزہ ہیں یہ تر و تازہ کردیتا ہے

جبتک دماغی قوتوں میں تلاطم نہ برپا ہو۔ محشرستان خیال میں رنگین طرازی کا جوش نہ ہویدا ہو۔ پردۂ ذہنیہ پر قابلیت و استعداد کے نقش و نگار نہ ظاہر ہوں اُسوقت تک نہ کوئی قومی جادہ قائم ہوسکتا ہے اور نہ انسان کسی نئی شاہ راہ میں قدم اُٹھا سکتا ہے۔ یورپ میں پولیٹکل مشکلات کے وقت ہمیشہ پوشہر ی

ہی سے کام لیا گیا۔

ایتھنز والے جب جزیرہ سلیمس کیلئے ہزاروں مرتبہ لڑکر تھک گئے اور یہ عہد کرنے پر مجبور ہوئے کہ اب جو شخص لڑائی کا ارادہ کرے یا ذکر بھی زبان پر لائے وہ قتل کر دیا جائے۔

تو مقنن سولین نے ایک نظم لکھکر عام مجمع میں سنائی جس نے اس قدر زیادہ جوش پیدا کر دیا کہ سب قوم لڑنے کو پھر کھڑی ہو گئی اور جزیرہ کو فتح کر کر چھین لیا۔ شاہ اڈورڈ جب ویلز کی فتح سے بالکل مایوس ہو گیا تو شعرا سے مدد لی اور قوم اشعار سُنکر اسقدر زیادہ جوش میں آگئی کہ ویلز فتح کر لیا تو چین آیا۔ امیر نصر بن احمد کو رودکی نے صرف ایک قصیدہ سُنا کر ہرات سے بخارا جانیکو اتنا بےچین کر دیا کہ اُسی وقت چلدیا۔ معاویہ بن سفیان فرماتے ہیں کہ شعر ہی وہ چیز ہے کہ جس کو سُنکر بخیل فیاض نامرد بہادر اور نااہل بیٹا فرماں بردار ہو جاتا ہے۔ فردوسی نے شاہ نامہ لکھکر جو فارس پر احسان کیا وہ جلیل القدر علما کی تصنیفوں نقیبوں کی صداؤں یا واعظوں کی دلفریب تقریروں سے نہ ہو سکا۔ عرب کو دیکھئے گوشۂ گمنامی سے نکلکر اُجڑ ریگستانوں سے اُٹھکر بڑی بڑی سلطنتوں کو الٹ دیا۔ عالم میں تہلکا ڈالدیا اس انقلاب عظیم کا سبب بھی وہ شاعرانہ رجز ہی تھے جو لڑنے والوں کو مبہوت بنا کر حریف کی طاقت وقوت اور جبروت وحمیت سے بےخبر بنا دیتے تھے۔

اندرونی جذبات واحساسات نے شاعرانہ لباس سے آراستہ ہو کر دنیا کے خط وخال میں جو نمایاں اور روشن تبدیلیاں کیں اُن سے نہ صرف دنیاوی جلیل القدر بارگاہیں متاثر ہوئی ہیں بلکہ نبوت کے مقدس دربار میں بھی شاعروں کو عزت باریابی حاصل ہوئی اور کارآمد مانے گئے زمانۂ جاہلیت میں جو قصیدہ نادر ہوتا وہ کعبہ پر آویزاں کیا جاتا۔ مسلمانوں کے مقدس پیغمبر نے ابن رواحہ سے ارشاد فرمایا کہ شمشیر اور زبان دونوں وقت پر دیکھتے ہیں مگر شعر دشمن کو تیغ وتبر سے زیادہ سخت ہے۔ حضور اقدس کا اشعار سُنکر تبسم فرمانا شعر کی دوبارہ فرمائش کرنا حسان بن ثابت کیلئے ممبر نصب کرنا کعب بن زہیر کو چادر عطا کرنا اور پھر شعر میں اصلاح فرمانا نابغہ جعدی کیلئے دعا کرنا سب سے بڑھ کر یہ کہ خود حدیث پاک میں اِنَّ مِنَ الشِّعرِ لَحِکمَۃٌ اور اِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحرًا ارشاد ہونا شعر کی مذہبی

عظمت کی واضح دلیل ہے علامہ صیدلانی اور قفال رحمہما اللہ جو اجلۂ علما میں تھے یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ شعر کا کذب کذب نہیں ہے کذب اسکو کہتے ہیں کہ جھوٹا اپنے جھوٹے قول کی تصدیق سے سچ کرنا چاہے اور شعر میں خلاف واقعہ امور سے محض حسن کلام کی خواہش ہوتی ہے نہ اسکی تحقیق جب قرآن شریف نازل ہوا ہے تو اہل عرب اسکی فصاحت و بلاغت سے حیران و ششدر رہ کر بہت سے اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ کہکر ایمان لے آئے اور جنہوں نے کلام الٰہی نہ مانا وہ حضور سرور عالم کو شاعر سمجھنے پر مجبور ہوئے مولانا نظیری فرماتے ہیں ؎

بلبل وحی اندکے اوج فراتر گرفت　　ورنہ یک پردہ اند آن من و آن او

گو نو بنو نگارستان قدرت کی زنگارنگی نے عالم کو منور کر دیا ہے مرغزاروں کی شادابی ہو یا فلک نما پہاڑوں کی زرین چوٹیاں دیدۂ عبرت نگاہ کو دونوں سبق آموز ہیں مگر ایسی سرزمین پر اگر کوئی شاعر نہ پیدا ہو مورخ وجود میں نہ آئے تو حسن و خوبی کے تمام کمالات اور قدرت کی سب نیرنگیاں گوشۂ گمنامی میں پڑی رہجاتی ہیں اور فطرت کی نکتہ پردازی شعرا کی ترجمانی کے بغیر ارباب گیتی کو اپنے فوائد سے محروم رکھتی ہے۔ عالم ضرور ناپائیدار ہے اور انسان یقیناً فانی پھر اسکے آثار کو قیام اور اسکے نقوش کو کس طرح ثبات ہو سکتا ہے لیکن اس دار فنا میں حوادث روزگار سے مصئون اور دستبرد فنا سے کچھ محفوظ کوئی چیز نظر آتی ہے تو صرف مفید تالیف یا کارآمد تصنیف۔ مذاہب مختلفہ تناسخ کے قائل ہوں یا خلاف مگر عقل سلیم یہ سوجھا رہی ہے اور چشم باریک بیں مشاہدہ کرا رہی ہے کہ اس عالم کون و فساد میں ہر چیز کا صرف ایک ہی قالب ہوتا ہے لیکن روح معنی اور شاہد سخن کے دو ہیں ایک لفظی اور ایک مدادی و کاغذی جب اسکا ایک قالب فنا ہوتا ہے تو دوسرا اشکل سابق کے اور موجود ہو جاتا ہے بلکہ یہ خصوصیت اور یہ کرامت کلام ہی کو عطا ہوئی ہے کہ ایک ہی وقت میں سینکڑوں ہزاروں قالب میں حلول کر جائے اور زوال و فنا سے محفوظ رہے۔ تصانیف کے سیکڑوں اقسام ہیں اور تالیف کے ہزاروں اصناف مگر طغرائے امتیاز جو سوانح نگاری کو حاصل ہے وہ دوسروں کو نہ ملا یہی وہ شعبہ ہے جسکے گذشتہ کارناموں کی ورق گردانی نے مستقبل کو روشن بنا دیا جب پلوٹارک

نے روما اور یونان کے مشہور آدمیوں کی سوانح عمریاں لکھیں تو یورپ کے قالب میں بیداری کی روح گونج اٹھی انگلستان کے مشہور جادو بیان شیکسپیر نے جب کبھی انسانی سرشت کی تصویر کھینچی تو قدیم ہی زمانیکے نمونوں کو پیش نظر رکھکر نوک و پلک خط و خال درست کئے یا نئی جب کبھی فلسفیانہ مسئلہ پر بحث شروع کی تو متقدمین ہی کے خرمن کا خوشہ چیں بنا۔ مغرب کی موجودہ ترقی کا دیباچہ بھی وہی گذشتہ قوموں کے حالات زندگی ہیں جن سے تہذیب اور اخلاق میں اصلاحیں ہوئیں جاپان جسکو قرنِ اولی میں کوئی وقعت نہ تھی اگلے زمانیکے سات سو آدمیوں کی سوانحعمریاں لکھکر ترقی کا گہوارہ بن گیا اور شائستگی کا مرکز۔

غرض یہ امر فیصل شدہ ہے کہ ملکی ترقی کا راز سوانحعمریاں ہیں اور سوانح عمری کی سب سے مفید اور کار آمد شاخ شعرا کے تذکرے۔ مگر سب سے زیادہ مشکل بھی انہیں کی تالیف ہے ؎

نبگری از گداز دل و جگر آتشے چو سیل ۔۔۔ غالب اگر دم سخن رہ بضمیر من بری

عام سوانح نگار کا اہم فرض اسی قدر ہے کہ وہ زندگیوں کے گوناگوں اثرات کو دکھائے مفید واقعات کو پیش کرے مگر تذکرہ نویس کو وقائع نگاری کے ساتھ ساتھ عمدہ اور کار آمد کلام کا انتخاب بھی پیش کرنا ہوتا ہے اور اس کے لئے ایک عظیم الشان سمندر سے گذرنا پڑتا ہے۔

اگرچہ موجودہ زمانیکی صورت حاضرہ نے نظم سے نثر کی تصنیفوں کا دائرہ وسیع کردیا ہے ملک میں ہر قسم کے نثار موجود ہیں جدید طرز کے ناولوں سے کتب فروشوں کی دوکانیں پٹی پڑی ہیں۔ ہر قسم کے افسانے اسٹیشنوں پر مارے مارے پھرتے ہیں کتب فروش انبار اٹھائے ہر گلی کوچے پھیری لگاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ مطبوعہ فہرستیں شایع ہوتی ہیں۔ ہر اخبار ہر رسالہ میں اشتہارات کتب نظر آتے ہیں مگر افسوس کہ انکا زیادہ حصہ غیر مفید بلکہ مضر ہوتا ہے جدید لٹریچر ہندوستانی تقاریب اور رسومات کا اول تو ہو بہو نقشہ کھینچنے سے عاجز ہے۔ پھر اس طرز میں اکثر موقعوں پر ادائے مطالب کے لئے اردو میں الفاظ ہی نہیں ملتے۔

آج کل کے مصنفان امصار و دیار اور دبیران روزگار گنتی کے چند شخص ایسے نکلینگے

جنہوں نے وقائع نگاری کے حق کو کیقدر ادا کیا ہے یا الفاظ کی شوکت عبارت کی دہوم دہام
دکھانیکے بجائے اصلی خیالات حقیقی تاثیرات کو قلم بند کر سکے ہیں اور ترتیب واقعات میں عوارض
کو ہاتھ سے نہ جانے دیا ورنہ اکثر تو وہی ہیں جنکی تصنیفوں اور تالیفوں کے معانی و مطالب یہ شور
مچا رہے ہیں ع نقش فریادی ہے اسکی شوخی تحریر کا۔ اوراق و سیاہی زبان حال سے
چلا رہی ہیں کہ ع کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا۔ ضرورت کا اقتضا تو یہ تھا کہ مختصر تحریروں میں مصوری
کی شان ہویدا ہو تو چھوٹے چھوٹے جملوں میں دلنشیں وعظ کی آن پیدا ہو ع

برائے پاکی لفظے شبے بروز آرم — کہ مردمان ہمہ باشند خفتہ من بیدار

قدیم انشا پردازی کے مختصر رسالوں میں جو شاندار مجالس کے کیفیات۔ ہر طبقہ کے مفصل حالات
ہر ملک کے خیالات۔ ہر فرقہ کے رسمیات غرض ادنیٰ ادنیٰ جزویات بھی جس تفصیل سے نظر آتے ہیں
وہ آج کل کی مطول تصنیفات میں بھی نہیں ملتے تذکرہ اگر قابل تذکرہ نویس کے قلم سے نکلے تو ہر گلے
را رنگ و بوئے دیگر ست کا مصداق بنکر اکثر مختلف ضروریات کو واضح طور پر ظاہر کر دیتا ہے لیکن
اہم مشکل سخت وقت اور بڑی مصیبت یہ ہے کہ اشعار کا انتخاب وہی کر سکتا ہے جو خود قابل ہو مبصر
ہو اور وسیع المعلومات ہو ہر بات پر نگاہ رکھتا ہو انسانی فطرت کا گہری نظر سے مطالعہ کر چکا ہو ملک
کے عام خیالات و جذبات پر عبور رہو۔ اگر ایک روحانی شاعر کے ذخیرہ سے محض مادی جذبات کو
چُنا جائے۔ خالق و مخلوق کے گہری تعلقات کو چھوڑ کر صرف وہ اشعار لئے جائیں جو محض نفس پرستی
اور حرص و آز کی خواہشات کو زیادہ کریں طبعی پاکیزگی اور اخلاقی امور کو بالائے طاق رکھدیں تو انتخاب
کنندہ کے دامن قابلیت پر بدنما داغ نظر آتا ہے مشرقی شاعری ہر قسم کے سرمایہ کی مالک ہے
خدا مذہب اور روح کے صفات میں بہت کچھ وضاحت موجود ہے۔ اردو نظم میں مواعظ و نصائح
ستائش و ہجا سب کچھ ملتا ہے۔ البتہ پرکھنے والا چاہئے اور پھولوں کو کانٹوں سے چُننے والا ابن سیرین
کا قول ہے کہ شعر فی نفسہ مذموم نہیں تعلی اور مبالغہ اگر تحسین کلام کے لئے کیا گیا ہو تو ضرر کا موجب
نہیں۔ البتہ دشنام دہی اور سخت گوئی فعل قبیح ہے۔ الفاظ پرستی کے علاوہ نتیجوں پر غور کرنا چاہئے

جو شعر شرعًا محمود ہو اسکو اسلامی علما مفہوم حکمت مانتے ہیں اور کذب کا اطلاق اُس پر نہیں کرتے نعت کا قصیدہ بانت سعاد جسکی تشبیب مستانہ اور رندانہ رنگ میں ہے دربار رسالت میں مستحسن ٹھہرا علامہ ابن خلدون کی رائے ہے کہ جن اشعار میں زبان کی لطافت۔ خیال کی نزاکت۔ محاورات کی خوبی۔ مضامین کی خوش اسلوبی ہو اُنکو پڑھکر ایک بیگانۂ سخن کے دل میں بھی عمدہ شعر کہنے کا سانچہ تیار ہو جاتا ہے۔ اسوقت یورپ کس قدر جستجو۔ کوشش اور تلاش و صرف سے عربی فارسی کی کتابیں شایع کر رہا ہے اور اُنکی اشاعت سے ان غیر زبانوں کے لٹریچر میں زور اور پختگی کا اضافہ ہو رہا ہے۔ زردشت کے وقت سے لیکر زمانہ حال تک کا فارسی لٹریچر یورپ کی الماریوں میں ادبی خزانوں کا سرمایۂ ناز ہے اور وہ اس سے کس قدر مفید کام لے رہا ہے۔

جاپان نئی ترقی کے دور میں جہاں صنعت و حرفت سیاست و پالٹیکس میں تگ و دو کر رہا ہے اُسی کے ساتھ یہ ضرورت بھی محسوس کرتا ہے کہ متقدمین و متاخرین کی جدید نظمیں ایک جگہ فراہم کر کے شایع کرے۔ اور تمدن و تہذیب میں بھی کسی سے پیچھے نہ رہے۔ جاپانی شاعری میں بھی مناظر قدرت جس طرح دکھائے گئے ہیں وہ کسی طرح یورپین مقالوں سے کم نہیں۔

عرب میں شعرا کا وہ اقتدار تھا کہ حکومت بھی اُسکے آگے سر خم کرتی تھی۔ جب کسی قبیلہ میں شاعر پیدا ہوتا جشن منائے جاتے ہر طرف سے مبارکبادیں آتیں۔ سماخ بن ضرار نے عرابۂ اوسی کی تعریف میں ایک شعر لکھکر قیامت تک اُسکا نام زندہ کر دیا۔ قبیلہ نمیر جو عرب میں بہت معزز تھا۔ جریر کے ایک ہجویہ شعر سے ہمیشہ کو ذلیل ہو گیا۔

شعرا کی یہ عظمت تھی کہ شاہان باجبروت اُنکے یہاں گئے تخت پر اپنے برابر بٹھایا راہ میں دیکھکر سواری سے اُتر پڑے کوئی فیلڈ مارشل کسی بڑی حکومت کا مالک بنجائے یا کوئی وزیر اپنے پولیٹکل چالوں سے عالم کو زیر کر لے فرزند دلپذیر خطاب دیا جائے۔ یا آفتاب سلطنت بنایا جائے مگر اپنا ہم مرتبہ سمجھکر ملک الشعرا کے لقب سے شعرا ہی کو موسوم کیا گیا ہے بادشاہ اگر دنیا کا حکمراں ہے تو شاعر قلمرو سخن کا۔ مگر یہ خیال رہے کہ شاعر بھی اُسوقت تک جھوٹی مداحی سے گریز کرتے تھے بنی تمیم

نے سلامہ بن جندل سے درخواست کی کہ مجدنا بشعرک اپنے شعر سے ہماری عزت بڑھاؤ اس نے

بلاخوف کہدیا افعلوا حتیٰ اقوال ایسے کام کر کر دکھاؤ تو کہوں۔

مروان بن ابی حفصہ نے معن بن زائدہ کی تعریف میں لکھدیا کہ سخاوت معن پر ختم ہوگئی اس میں

کسی قدر مبالغہ تھا۔ اس لئے پھر کسی رئیس نے اسکو صلہ ندیا اور خود خلیفہ مہدی نے معن کو اپنے

دربار سے نکلوادیا۔ فردوسی باوجود طمع کے بادشاہ کو خیال میں نہ لایا اور ہجو لکھکر صلہ سے ہاتھ دھو بیٹھا

حسن میمندی اس دربار کا صدر اعظم تھا اور سب اعیان سلطنت خوشامد کیا کرتے تھے فردوسی نے

اسکی نسبت کچھ لکھا تو یہ ؎

چوں فارغم ز بارگہ بادشاہ نیز　　سوئے درِ وزیر چرا ملتفت شوم

ہندوستانی شعراء کا تخیل سب سے نرالا ہے اور مشرقی دماغوں نے بھی آیندہ نسلوں کیلئے ایسا

قابلِ وقعت۔ لائق ستائش۔ اور موافق حالت سامان مہیا کردیا ہے جو ہر طرح کی ضرورت اور حاجت

کیلئے کارآمد ہے۔ یہاں کے متقدمین نے بھی نظم کو زیادہ موثر اور دل پر نقش ہوجانیوالا سمجھکر مولناک

امراض کے نسخے محض اسلئے نظم میں لکھے ہیں کہ ہمیشہ نقشِ کالحجر رہیں اور کبھی فنا نہوں یورپ کی ایک

نکتہ شناس انشا پرداز نے کالیداس کی تصنیف پر یہ رائے دی ہے کہ اسکی شاعری روحانی اور

مادّی دونوں قسموں کی خوبیوں کا مجموعہ ہے اور وہ بشری نگاہوں میں آسمانی نظاروں کا فوٹو اتار دیتا ہے

غرض شاعری اور پھر اسکے بعد تذکرہ نویسی ایسی ضروری چیز ہے جسکو ملکوں اور قوموں کی بیداری

کا قوی محرک مانا گیا ہے۔ شاعری کو ملکی عروج و زوال میں بھی بہت کچھ دخل ہے اور ملکی زوال سے

قومی تنزل بھی ہوجاتا ہے۔ ایرانی شاعری جس کا عالم میں ڈنکا بج رہا تھا۔ ذرہ ذرہ امام سخن ہونے کا

مدعی تھا۔ اس آخر وقت میں بھی جب حبیب قاآنی یورپ گیا تو اہل فرانس کو تسلیم کرادیا کہ فارسی بھی

ہر قسم کے خیالات ادا کرنے پر قادر ہے۔ مگر افسوس کہ پھر اس کے بعد اور اہل کمال ایسے پیدا نہ ہوئے اور

اس فن لطیف کو چھوڑ دینے سے سلطنت کی شان و شوکت بھی مٹ گئی۔

اردو زبان جس کا نہ کوئی حامی ہے نہ مربی۔ معاون ہے نہ مددگار اسکے واسطے بہت سخت اہم اور

اشد ضروری یہ حاجت ہو کہ مستند اور قابل اہل زبان اُردو کا جامع لغت بنائیں۔ اسکی مستند صرف و نحو مدون کریں مختلف ضروریات کو مد نظر رکھکر کثرت سے نظم و نثر میں کتابیں تصنیف فرمائیں اور سب سے زیادہ یہ کہ متعدد حیثیتوں سے متعدد تذکرے تالیف ہوں لیکن وہ اصحاب اسطرف متوجہ ہوں جو اُردو زبان کے ماہر ہیں اور پھر اُنکی اُردو زبان معتبر بھی ہے۔ اسوقت ہندوستان میں جسقدر زندہ زبانیں ہیں سب سے زیادہ اُردو ہی اس قابل ہے کہ ملکی زبان بنائی جائے۔ اول تو سب سے زیادہ یہی بولی جاتی ہے۔ دوسرے جہاں یہ رائج نہیں ہے وہاں بھی سمجھی جاتی ہے اور وہ بھی ٹوٹی پھوٹی اُردو میں اپنا مطلب ادا کر لیتے ہیں۔ پھر خیالات ادا کرنیکے لئے بھی زیادہ موزوں یہی ہے اسلئے کہ اول تو نسبتاً وسیع ہے پھر اسمیں مہارت پیدا کر لینا بہ نسبت دوسری زبانوں کے آسان ہے۔ سب سے زیادہ یہ بڑی بات ہو کہ اشعار کا ذخیرہ اور زبانوں سے بہت زیادہ اسمیں موجود ہو اور جو شخص ملکی زبان میں تحریری فوقیت حاصل کرنا چاہے یا تقریری بالضرور اسکو شعرا کی زبان کا اتباع کرنا لازم ہوتا ہے۔ اور زبان کا وہی قابل حصہ جو اشعار میں ادا ہو جاتا ہے فصیح سمجھا جاتا ہو باقی الفاظ محاورات غریب وحشی اور غیر فصیح سمجھکر کچھ مدت کے بعد متروک الاستعمال ہو جاتے ہیں لارڈ مکالی کا قول ہے کہ ایسا کلام جو عمدہ خیالات کا مجموعہ ہو اُسی زبان میں انسان ادا کر سکتا ہے جسکی نسبت اُسکو یہ بھی یاد نہو کہ کب سیکھی ہے اور گرامر جاننے سے پیشتر اُس زبان میں گفتگو کرتا رہا ہو۔ رُوما کے بڑے بڑے لایق اشخاص نے فرانسیسی زبان میں اشعار لکھے انگلستان کے بہت سے طباعوں نے لاطینی میں دیوان مرتب کئے مگر کوئی مقبول نہوا ملٹن کا دیوان بھی شاعری کے لحاظ سے اعلیٰ درجے میں شمار نہو سکا۔

اہل زبان اور زباندان یعنی اہل دہلی اور اہل لکھنؤ جو اُردو زبان کے مالک ہیں اور اُنکو یہ بجا نخر و ناز ہے کہ ہمارے روزمرہ کی سب ہندوستان پیروی کرتا ہے۔ اگر اُنہوں نے اپنی زبان کی کچھ روز خبر نلی اور اسکے الفاظ و محاورات کو احتیاط سے فراہم نہ کیا۔ عمدہ نظموں کا انتخاب نہ فرمایا تو یہ مابہ الامتیاز منکر محو ہو جائیگا اور پھر وہی بُری بھلی اُردو رہجائیگی جو جدید تصنیفات

اور عام اُردو اخبارات ملک میں پھیلا رہے ہیں۔ عربی زبان کو دیکھیے جس کی بقول علامہ ابن خلدون اسپین کے کتب خانہ میں جسکو مستنصر نے قایم کیا تھا آٹھ سَو اسّی صفحہ پر صرف اشعار کی مجموعوں کی فہرست تھی۔ ادیب بھی وہی مانا جاتا تھا جسکو متقدمین کے سب سے زیادہ اشعار یاد ہوں پھر عربی کی صرف و نحو کی قواعد اور کلیئے منضبط تھی۔ ایک ایک لفظ کی فصاحت اور بلاغت پر معرکۃ الآرا مباحث ہو چکے تھے۔ اصول و قواعد بہت تفصیل کیساتھ موجود تھے مگر جیسے عرب میں ادب سے بے التفاتی اور شعر و انشا کی سرد بازاری ہوئی تو ایسی مٹی اور ایسی خراب ہوئی کہ آج اسکو عربی کہتے ہوئے شرم آتی ہے جو عرب عربا تھے اُنکی زبان اس قدر خراب ہے اور اغلاط سے مملو۔ کہ ہندوستانیوں کی عربی اُنسے زیادہ صحیح اور فصیح ہے اگر زبان کے برباد ہو جانیکا اندیشہ یقینی اور یہ خطرہ واقعی ہے تو اہل زبان کا فرض ہے کہ اُردو کا جامع لغت بنائیں اور اُسکے شعراء کا ایک مبسوط تذکرہ لکھیں جسکو پڑھ کر ملک میں عام جوش اور دلچسپی پیدا ہو شاعر اور شعر کا عام اثر اُنکی طاقت اُنکے کارآمد نتیجے معلوم کر کے عام طبائع جوش میں آئیں۔

اگرچہ اُردو کے متعدد تذکرے اسوقت بھی موجود ہیں مگر بعض ایسے کہ جنمیں محض میری اور سودا کی جماعت کے مباحثات پر زور قلم صرف ہوا ہے بعض وہ ہیں جنمیں انیسی اور دبیری اختلافات کو میدان کارزار بنایا ہے۔ کچھ وہ ہیں جنمیں دہلی اور لکھنو کی زبان کی ڈھرہ بندی کو فوقیت دی گئی ہے اور اسقدر غلو کیا ہے کہ مشرق اور مغرب میں یگانگت ہو جائے تو ہو جائے مگر ان دونو شہروں کے الفاظ و محاورات کو ایسا ٹکرایا جائے کہ ہندوستان میں ایک متحدہ زبان نہ ہونے پائے۔ تھوڑی وہ بھی ہیں جنمیں شاگردوں نے محض اپنے استادوں کے فوقیت دینے کو قلم فرسائی کی ہے اور اپنے سلسلہ کی مدح سرائی میں دوسروں کی عظمت کو کم کرنا چاہا ہے۔

البتہ تذکرہ آبحیات ضرور ایک مفید تصنیف ہے۔ اور بہت سی کارآمد باتوں پر روشنی ڈالتا ہے۔ مگر اوّل تو محض چند شعرا کا تذکرہ ہے دوسرے بعض کی مدح اور بعض کی تنقیص ہے وہ بھی خالی نہیں۔ پھر اپنے استاد کی مدح میں تو وہ مبالغہ کیا ہے کہ آسمان پر پہنچا دیا ہے اصلی ذات کو بدل کر غالب کے مصرعہ سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری کے جواب میں سپاہی زادہ ہی بنا دیا ہے کلام

کے انتخاب کرنیکا تو مشکل اور اہم جھگڑا ہی نہ رکھا۔

البتہ صد شکر کہ اس اہم فرض اور سخت ضرورت کو پورا کیا ہے تو صرف خمخانۂ جاوید نے اور مرحبا صد مرحبا کہ اس کمی کی تلافی کی اور تذکرہ نگاری کا حق ادا کیا تو میرے مخدوم شعر کے محسن اردو کے مددگار لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے منصف نے۔ انگریزی کے اعلیٰ ڈگری یافتہ ہزاروں پاؤ گے ایم۔ اے سینکڑوں ملینگے مگر ایسا ایم۔ اے نہ ملیگا جس نے مغرب کی ترقیوں کے رازوں سے واقف ہو کر غیر قوموں کے کارنامے پڑھکر اپنے ملک کی کمی کو پورا کیا۔ سرکاری عدالتوں میں منصف ہزاروں ملینگے مگر ایسا منصف دہلی کا تنہا ہی پاؤ گے جس نے اشعار کے انتخاب کرنے اور حالات کے تذکرہ میں وہ منصفی کی کہ جسمیں ہم وطن اور غیر سب کو برابر رکھا۔ دہلی اور لکھنؤ کا کوئی امتیاز نہ سمجھا۔ جس کا دفتر اس علمی کچہری کا کمرہ ہے جہاں نفس شعر مایۂ امتیاز ہے نہ محبت و ارتباط یا عداوت و بیر۔ اس تذکرے کے دیکھنے سے ناظر کے دل میں یہ چند خیالات پیدا ہوتے ہیں اوّل یہ کہ صرف ایسے ہی تذکرہ سے اردو کی جامعیت کا بیّن ثبوت ملتا ہے اور یہی تالیف ہے جو ہندو مسلمانوں کے اتحاد میں چار چاند لگا کر اردو کو مشترکہ زبان بنادیگی اور اسکی اشاعت اُن خطبوں تقریروں سے زیادہ موثر ہوگی جو مختلف جلسوں کی رونق۔ کانفرنسوں کی زینت اور انجمنوں کے روح رواں ہوتے ہیں۔ حامی اردو کوئی انجمن بنے کانفرنس منعقد ہو۔ انکی کوشش۔ انکے جوش۔ انکی تقریریں۔ انکے ریزولیوشن بھی ضرور طبیعتوں کو اُبھارنیوالے ہوتے ہیں مگر آن واحد کیلئے عقل کو زبانکی اہمیت منوانا دماغ کو متوجہ بنانا نظر کو ضرورتیں دکھانا بیشک اُنہیں بھی ہوتا ہے مگر جبتک جلسہ رہی صرف اسیوقت تک اُسکے بعد پھر ہانڈی کے اُبال سے آئیندہ انکو قیام و قرار نہیں رہتا۔ اگر دیرپا اثر اور نہ مٹنے والا جذبہ پیدا ہو سکتا ہے تو بیشک بے لاگ اور افراط و تفریط سے مبرا تذکروں سے اور شکر ہے کہ یہ بات خمخانہ میں بہت بڑی حد تک موجود ہے دوم اگر اصمعی نے اگر ایک لفظ کی خاطر تمام عرب کے ریگستانوں کو چھان ڈالا ہے تو اسکے مؤلف نے بھی راس کماری سے ہمالہ تک اور گذشتہ چھ سو برس سے لیکر اسوقت تک ایک ایک شعر کیلئے کوئی جگہ تفحص سے باقی نہیں چھوڑی تذکروں گلدستوں اور دواوین اور کلیات کے جمع

کرنے میں ہزاروں روپیہ صرف کر دیا تنقید و تحقیق انتخاب و اجتہاد میں اپنی عمر کا بہترین حصہ لگا دیا
بلکہ انتہائی محنت سے اپنی صحت کو بھی کھو دیا۔ مگر اس عظیم کارنامہ سے عالم پر ثابت کر دیا کہ اردو بھی
ایک ایسی زبان ہے جو عربی فارسی اور سنسکرت بلکہ اب انگریزی کے سرچشمہ سے بھی سیراب
ہو کر متحدہ قومیت کا نظام درست کر دیگی اس تذکرہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پیشگوئی
کے پورا ہونے کا وقت آگیا جو کسی زمانے میں موسیو لی بان مصنف تمدن عرب و تمدن ہند کی
تھی کہ اردو زبان ہی ہندوستان کی تین سو بولیوں پر حاوی ہو کر اتحاد کا سنگ بنیاد رکھے گی۔ اس
تذکرہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سرمایہ ہنود آج بھی اسی طرح اردو کے حامی ہیں
جسقدر عہد ماضیہ میں تھے سوم یہ کہ زبانیں بلاتفریق مذاہب و اقوام تمام ملک کے مطالب پر
قابض ہو جاتی ہیں اور اردو کا وہی درجہ ہے جو یورپ میں اسپرانٹو فرانسیسی کا ہے۔ چہارم
واقعہ نگاری اور راست بازانہ تذکرہ نویسی سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یورپ ہی میں ایسے خود آموز شخص
نہیں پیدا ہوئے جنکو محض ذاتی کمال نے نیچی سے نکالکر مشاہیر کی فہرست میں داخل کیا ہو بلکہ ہندوستان
میں بھی یہ صلاحیت ہے کہ معمولی اصحاب کو انکے کمال نے اعلیٰ مدارج پر پہنچا دئیے ہیں اس تذکرہ میں
سب سے زیادہ اس بات کی ستائش کرونگا کہ قابل اور ہمہ داں مولف نے اس نازک ضروری اور پھر
متضاد فرض کو خوب ادا کیا ہے شان مورخی جسقدر اصلی اور صحیح حالات کے بیان کرنے پر مجبور کر رہی
تھی اسی قدر مروت اور دور اندیشی مانع تھی کہ انکا پردہ نہ کھولا جائے اور انکے اعزہ احباب اور تلامذہ
کی دل آزاری نہونے پائے۔ اس سے زیادہ یہ مشکل آپڑی تھی کہ بعض مولفین نے غلط نظیریں قائم
کر دی تھیں۔ جو تذکرہ موجود تھے ان کے مولفوں نے یا ان حالات ہی کو بالکل چھوڑ دیا تھا یا
یہ سخت دیدہ دلیری کی تھی کہ اصلی حالات کی جگہ جھوٹے اور غلط واقعات اپنی طرف سے گھڑھ کر لکھدئیے
تھے۔ صاحب خمخانہ جاوید لکھا اور سب کچھ لکھا مگر اسطرح کہ مغز سخن کو پرکھنے والے اور نقاد نظریں سمجھ
معلوم کرلیں۔ اور عوام یا سطحی نظر رکھنے والے کچھ نہ سمجھیں۔ اسمیں شک نہیں کہ انسانی کارنامہ اور
زور آوری کی کوشش و جستجو کے سبب سے چند کمزوریاں بھی ضرور نظر آتی ہیں یہ مقصود آگے موجود ہے۔ اور

کہیں حالات زیادہ ہیں تو کلام کم۔ کہیں صرف کلام درج ہے تو واقعات اور حالات ندارد۔ کہیں
پر حالات ہیں بھی تو کس قدر۔ مگر اس الزام کے مورد معزز مؤلف ہرگز نہیں ہو سکتے انہوں نے حالات
کے صحیح صحیح بہم پہنچانے میں اپنی طرف کوئی بات اٹھا نہ رکھی۔ سفر بھی کئے روپیہ بھی زیادہ صرف ہوا
ایک ایک شاعر سے متعدد خطوط لکھکر کلام و حال منگایا اپنے احباب کو بھی تفحص اور تلاش کے لئے
مجبور کیا لیکن اس حماقت و جہالت کا کیا علاج اور اس کاہلی اور بے پروائی کا کیا ٹھکانا کہ بعض نافہم
اپنے بزرگوں یا اُستادوں کے افکار کو ردّی میں پڑا رکھنا پسند کرتے ہیں اور بعض چالاک اُس
کلام کو اپنے نام سے شایع کرنا چاہتے ہیں اور بعض تعلّی پسند شوخ چشم تو اصلی حالات پوشیدہ رکھکر جھوٹے
اور بے اصل واقعات کو اپنے بزرگوں کے نام سے منسوب کرنے میں نہیں شرماتے۔

ترقی یافتہ ممالک میں ضرور ایسی بلکہ اس سے زیادہ معتبر کتابیں نکلینگی لیکن وہاں ایسی صحیح اور جامع
تالیفوں کیواسطے۔ فرد واحد پر تالیف کا بار نہیں ڈالا جاتا بلکہ اس قسم کے مہتم بالشان کام علمی انجمنیں اپنے
اہتمام اور نگرانی سے شروع کراتی ہیں۔ لائق سخن شناس اور رمز فہم اصحاب انتخاب کرکے ایسے کاموں
پر مقرر کئے جاتے ہیں پھر ملک اُنکی مدد کرتا ہے اور ہمت بڑھاتا ہے۔ اور یہاں تذکرہ صرف میرے مخدوم
سر یرام صاحب کی اکیلی دماغ سوزی تنہا کوشش اور منفرد جانفشانی کا نتیجہ ہے۔ اس لئے حوصلہ افزائی
کا اقتضا یہ ہے اُنپر اعتراض کرنا درست نہیں۔ مجھکو ذاتی طور پر علم ہے کہ انہوں نے بعض لائق سخن شناس
کو تنخواہیں دیکر بھی رکھا لیکن اُن حضرات نے بالکل کام نہیں کیا اور جو کچھ کیا وہ غلط اور فرضی۔

مجھے امید ہے کہ دنیائے ادب اس تالیف کی قدر کرے گی اور اُردو کی حامی انجمنیں اور
کانفرنسیں بجائے تھوڑی دیر کی لکچر بازی اور اخباری بے بنیاد و بے ثبات نمود و شہرت کے اس اصلی
اور واقعی ترقی دینے والی کتاب کو اپنے اہتمام سے اپنا روپیہ صرف کرکے شائع کرینگی اور اپنا وقت
نکالکر مؤلف ممدوح کو مدد دینگی۔ یہ خیال ہے کہ ادبی انجمنیں چند تذکیر و تانیث کے رسالے قواعد
کے دو ایک پرچے۔ عروض و قوافی کے مختصر قواعد شائع کرکے اپنے اہم فرائض سے سبکدوش
نہیں ہو سکتیں بلکہ ایسی مفید اور کارآمد کتابوں کو اپنے اہتمام اپنی نگرانی سے چھپواکر حامیان اُردو

کو شکر کا موقع دیں۔ آخر میں استقدر اور گذارش کر دوں کہ مصنف ممدوح یا تذکرہ کے تنقید میں اگر مجھسے بلا قصد کہیں کوئی مبالغہ ہو گیا ہو وہ قابل مواخذہ نہیں ہے۔ اسلئے کہ میرے مخدوم نے بھی بصورت اپنی خالص کوشش کو میری طرف مبالغۃً کہیں کہیں منسوب کر دیا ہے

از نتیجات قلم جادو رقم افسر الشعرا حضرت آغا شاعر دہلوی از ارشد تلامذہ فصیح الملک نواب مرزا خاں داغ۔ شاعر دربار ہز ہائنس مہاراجہ صاحب جھالاوار۔ راجپوتانہ

حدیث دل بکہ گویم کہ اہل دردنماند گسستہ دام شنیدن و گفتنی بسیار

اس قحط الرجال میں جب کہ ادب اردو گوناگوں مشکلات میں گرفتار ہے۔ اساتذہ ماسبق درگور کلام انکے ردی پرچھپے ہوئے کتب فروشوں کی دوکانوں میں بند پڑے ہیں۔ ترقی اردو کا یہ عالم ہے کہ بڑی سے بڑی علمی درسگاہ میں۔ بھوتان کی وہ چوٹیاں۔ سرطان کی وہ بوٹیاں غلمان کی وہ ٹوپیاں اکیتان کی وہ کوٹھیاں جن میں سے نکلے تاجدار۔ بالکل اس قسم کی تک بندیاں بہترین نظم سمجھی جاتی ہے۔ اور صدہا چسٹر یونین۔ لوٹڈ اور سوئٹنڈ خشلین چیئر کی گونج سے تمام ہال سر پر اٹھا لیتے ہیں۔ ایسے ہی تضیع اوقات کو بڑے فخر سے ڈائس پر کھڑے ہو کر ظن کیا تھڑ پڑھا جاتا ہے۔ ہر بیکار آدارہ گرد ہم صفحے سیاہ کر کے ایک خاص نام او تخلص سے رسالے پر رسالہ شائع کرتا ہے اور ہر قریہ اور دیہ میں دار الادب قائم کر کے اصلاح کلام کا دعویدار بن جاتا ہے۔ ایسے ہنگامے میں۔ اس طوفان بے تمیزی میں حقیقی نداق سلیم اور بہترین سخن سنج کا پتہ لگانا کارے دارد۔ چہ جائیکہ گمنام ہستیوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر منظر عام پر لانا انکے چیدہ کلام کو یادگار کے طور پر ایک ضخیم تذکرے میں جگہ دینا ہر صنف کلام پر محققانہ تبصرہ کرنا۔ اور سالہا سال کی مسلسل عرق ریزی کے بعد ایک ایک پرچہ ایک ایک سلک جواہر ریزوں کیطرح ملک کے ہر گوشے میں سے چن چن کر مجلد پر مجلد کیصورت میں بار بار اہل نظر تک بغیر کسی مفاد ذاتی کے پہنچا دینا اک واحد علمی ایثار نہیں تو کیا ہے؟

واللہ یہ مہتم بالشان کام صرف ایک ہی جلیل القدر ہستی کا ہے جنکا نام نامی۔ لالہ سری رام ایم اے

دہلوی سے پر سچ یہ ہے کہ ایسا ذوق شعر یہ جامعیت تنقید. یہ قدرت انتخاب صرف آپ ہی کی ذات پر ختم ہے. کون نہیں جانتا کہ سنہ ۱۹۰۵ء سے لیکر اسوقت تک کہ سنہ ۱۹۲۶ء حکمرانی کر رہا ہے آپنے اپنا تمام وقت صرف اسی دھن میں بسر کر دیا. عہد طفلی شباب تک پہنچا اور شباب نے شیب کی صورت اختیار کی جب جاکر تذکرہ ہزار داستان المعروف بہ خمخانۂ جاوید کی ۳ جلدیں ہزارہا صفحوں کی ضخامت کے ساتھ شائع کر سکے. اب حصہ چہارم زیر طبع ہے جو ۷۰۰ صفحوں پر ختم ہوا ہے جسمیں "س" سے "ش" تک شعرا کا کلام بقید حروف تہجی منتخب ہوا ہے. آکی مختصر سوانح اور زاد بوم سے بحث کی گئی ہے. حصہ پنجم بھی "ع" تک مرتب ہو چکا ہے مگر افسوس یہ ہے کہ اس انہماک پیہم نے آپکی جسمانی صحت کیساتھ اچھا سلوک نہیں کیا. آپ پہلے ہی خلقی کمزور تھے اب بار بار امراض کے دورے پڑتے ہیں تاہم اس استقلال کی بھی تعریف نہیں ہو سکتی کہ آپ کھکیڑ پر کھکیڑ اٹھاتے ہیں ادھر جہاں ذرا سکون ملا اور پھر اُسی شغل میں مصروف کار ہیں. راقم الحروف تقریباً ۲۱ برس سے آپکی اس شاندار جد و جہد کو بنظر استعجاب دیکھ رہا ہے. سچ یہ ہے کہ اس کام کیلئے قدرت نے آپ ہی کو خلق کیا ہے. اسی عشق نے آپسے سرکاری خدمات کا سلسلہ چھڑایا پبلک لائف سے علیحدگی اختیار کی. خانگی معاملات کو تج دیا. آئے گئے. دوست احباب سوسائٹی کی نقل و حرکت. ساری دنیا سے قطع تعلق کیا. مگر نہ چھوٹا تو دم بھر کو یہی شغل نہ چھوٹا اب بھی سفر میں حضر میں سواری میں شکاری میں. ریل میں موٹر میں جہاں کہیں بھی کسی خاص مدت کیلئے جائینگے خمخانۂ جاوید کے سوادات آپکے ساتھ ہونگے کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ ایک آپ ٹو ڈیٹ جنٹلمین اعلی التعلیم یافتہ اردو شعر کا اسقدر عاشق ہو کہ بلا مبالغہ ہزار ہا شعر اُسکے ذہن میں محفوظ ہوں اور کم و بیش ملک کا ہر قدیم و جدید سخن نگار اُسکا بے ضرر ندیم یہاں پہنچکر میں بلاخوف تردید یہ کہنے کو تیار ہوں کہ ادب اُردو پر جس قدر احسان لالہ سری رام نے کیا ہے وہ شاید ہی کسی بڑے سے بڑے مقبول عام قلمکار نے کیا ہو. میری عین تمنا ہے کہ قدرت اسقدر فیاض ہو جائے کہ آپ اپنی مجوزہ اسکیم کو خاطر خواہ مکمل کر سکیں اور خمخانۂ جاوید تمام و کمال کو پہنچکر آپکے سامنے

ہی باصرہ افروز عالم ہو۔

یارب ایں آرزوے من چہ خوش است	تو بدیں آرزو مرا برساں

عبدہٗ۔ آغا شاعر قزلباش دہلوی شاعر دربار جھالاواڑ ۲۴ جنوری سنہ ۲۶ء

از تصنیف لطیف پنڈت دینا ناتھ صاحب از سرینگر کاشمیری تلمیذ جناب پنڈت برجموہن صاحب دتاتریہ کیفی دہلوی

ہو سکے تعریف کیا خمخانۂ جاوید کی	آنکھ کس کی دیکھ سکتی ہے ضیا خورشید کی
روح جس سے وجد میں آئے یہ وہ تصنیف ہے	دل میں ہر اک کے جو گھر کر لے یہ وہ تالیف ہے
ہمسر اوج فلک ہے اس کے شعروں کی زمیں	نور معنی سے درخشاں صورت مہر مبیں
شرم سے اسکی خجل عقد ثریا کے نجوم	خوبیوں کی اسکی ہے افلاک پر بھی آج دھوم
حسن و الفت کی کھنچی ہر لفظ میں تصویر ہے	طبع روشن کی ضیا پاشی کی یہ تنویر ہے
سطریں گیسوے صنم ہیں نقطہ اک اک خال ہے	مرغ قلب اہل بینش کے لئے اک جال ہے
چیز کیا چشم خمار آلودہ جانانہ ہے!	اسکی ہر "ہائے دو چشمی" رشک صد خمخانہ ہے
دی ہے کیا جی کھول کر لالہ جی[۱؎] داد سخن	نکتہ رس ہے کون تجھسا تجھ سا نقاد سخن
شاعر اب تک تھے جو گمنامی کے پردہ میں نہاں	انکو بخشی شہرت ابدی حیات جاوداں
بار احساں سے سبکدوشی لے حاصل کہاں	یعنی جزو "خمخانہ" تھی اردو زباں کامل کہاں

شام غم سے اب تعلق ہے نہ صبح عید سے
مست ہوں کیفیت "خمخانۂ جاوید" سے

مرقومہ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء ۔ سرینگر کشمیر

تقریظ از تصنیف لطیف بلبل چمنستان کشمیر پنڈت لال کول ایم۔اے۔ و ایل ادیب فاضل طالب کاشمیری

طبیعت ایک دن تھی شاد میری	کسی کے قلب میں تھی یاد میری

۱؎ مراد لالہ سری رام جی سے ہے۔

کسی کا دھیان تھا دل میں سمایا ‏ کسی کی یاد نے تھا گدگدایا

نظر میں تھا رخِ انور کسی کا ‏ قدِ رعنا وہ سیمیں بر کسی کا

وہ مستانہ روش، شوخی، شرارت ‏ وہ دل کو چھین لینے کی مہارت

جوانی کی طرح اٹھنا کسی کا ‏ بڑھاپے کی طرح جھکنا کسی کا

وہ دزدیدہ نظر وہ عشوہ بازی ‏ وہ آشوبِ جفا جادو طرازی

وہ شوخی میں ادا بانکی کسی کی ‏ حیا سے وہ نظر نیچی کسی کی

وہ دینِ زاہدی و پارسائی ‏ وہ ایمانِ جنون و بینوائی

وہ عشوے دلربا، دلکش کسی کے ‏ وہ جلوے خوشنما ہوش کسی کے

کتابِ صنعتِ صانع کی تفسیر ‏ غرض شانِ خدائی کی وہ تصویر

تصور میں مرے پیشِ نظر تھی ‏ نگاہوں میں بصر تن میں جگر تھی

کیا فتنہ بپا اس درجہ من میں ‏ لگا دی آگ میرے تن بدن میں

تڑپ اٹھا میں مارے درد کے پھر ‏ لگا دم بھرنے آہِ سرد کے پھر

بڑھی بے طرح میری بیقراری ‏ فزوں تھی آہ و زاری اشکباری

برنگِ چرخ بدلی میری حالت ‏ پریشانی بڑھی کاکل کی صورت

مرے دل پر جنوں کا رنگ چھایا ‏ کسی کو ہو پری کا جیسے سایا

کبھی مرہون تھا فرزانگی کا ‏ کبھی ممنون تھا دیوانگی کا

نہ اس عالم میں کچھ دیتا دکھائی ‏ وہی صورت تھی آنکھوں میں سمائی

مجسم بن گئی فوراً وہ صورت ‏ سراپا موہنی کی تھی وہ مورت

نہ عکسِ وہم تھا محبوب اپنا ‏ ڈھلا تھا نور کے سانچے میں پتلا

رہے قائم نہ اس کو دیکھ کر ہوش ‏ رہا میں مثلِ بُت بے حس و خاموش

ہوئی رخصت بدن سے طاقت و تاب ‏ وہ بیہوشی تھی یا تھا عالمِ خواب

ہوائے بیخودی جب مجھ پہ چھائی
تو دردانگیز یہ آواز آئی

سنبھل اے طالب دیدار جاناں
نہ ہو مایوس ہرگز اور ہراساں

سنبھل جا ضبط سے ہاں کام لے اب
نہ کچھ رنج و تعب کا نام لے اب

نہ رہ پابندِ غم آزاد ہو جا
نوید وصل سے دلشاد ہو جا

پھر آخر کر کے یوں میری مدارا
کیا اک باغ کی جانب اشارا

دلایا شوقِ گلزارِ معانی
کہا یہ ہے ریاضِ نکتہ دانی

ادہر آ رنج سب تیرا مٹائیں
تجھے راہ اس گلستاں کی دکھائیں

وہاں پائیگا تو سامانِ راحت
کہ ہے وہ باغ رشکِ باغ جنت

پھڑک اٹھا یہ سن کر تازہ مژدہ
کیا ہمراہی کا اُس کی ارادہ

چلا میں ساتھ اُسکے سایہ آسا
چلے دریا کی جانب جیسے پیاسا

دکھایا پھر مجھے وہ باغ موعود
کرم فرما تھی جس پر ذاتِ معبود

نہ چشمے تھے نہ نہریں اسمیں جاری
کہ آبِ شعر سے تھی آبیاری

چمن تھا پر نہ طائر نغمہ زن تھے
نوازن شاعرِ شیریں سخن تھے

غرض دیکھا نرالا باغ میں نے
شگفتہ پائے دل کے داغ میں نے

بہت سے تھے لوگ اسمیں جلوہ افگن
ادیب و نکتہ سنج و صاحبِ فن

نہایت شان سے تھے محفل آرا
کمال ان کا سراپا آشکارا

کہیں کرسی نشیں تھے میر[1] و سودا[2]
کہیں سوز[3] اور جرأت[4] درد[5] و انشا[6]

کہیں تھے حاتم[7] و تاباں[8] و ناسخ[9]
کہیں مومن[10] اسیر[11] و برق[12] و راسخ[13]

نصیر[14] و آرزو[15] رنگیں[16] کہیں تھے
حیا[17] و ذوق[18] و غالب[19] ہمنشیں تھے

انیس[20] و آتش[21] و احسان[22] و انور[23]
دبیر[24] و صابر[25] و مشتاق[26] و جوہر[27]

نظیر[28] و شیفتہ[29] و رند[30] و ساقی[31]
زکی[32] مجروح[33] تھے باہم ملاقی

ظہیر و یاس و ارشد تھے کسی جا
نسیم لکھنوی بھی جلوہ گر تھے
ادیب و احسن و شوکت تمنا
کہیں آزاد و حالی زیبِ دربار
کہیں تسلیم و اکبر تھے خراماں
افق۔ نوح اور نظر ہم داستاں تھے
کہیں اقبال و کیفی حشر و شیدا
ریاض و عارف و سائل کہیں تھے
کہیں محروم و طالب اور شاغل
کہیں بیٹھے تھے دیگر اور حسرت ثنا
حفیظ جونپوری تھے کسی جا
غرض اس طرح لاکھوں اور شاعر
جما کر محفلِ اربابِ دانا
کہاں تک ذکر میں اُن کا کروں گا
تغزل میں کوئی اُستاد دیکھا
کوئی پروانہ تھا شمعِ سخن کا
تصوف کا کسی میں رنگ گہرا
کوئی الفاظ کا متروک داں تھا
کہیں شوکت بیانی ناز بر تھی
کوئی علامہ و اُستادِ فن تھا
کوئی استادِ اسلوبِ قدیمی

وزیر و رشک و تسکی رونق افزا
حسن۔ سالک۔ صبا آتے نظر تھے
نسیم دہلوی۔ معروف یکجا
امیر و داغ و ابر اور شوق و سرشار
جلال و ثاقب و شاکر سخنداں
سرور و رونق و ناظم وہاں تھے
کہیں چکبست و بیخود محفل آرا
جلیل و ناظر و مائل کہیں تھے
کہیں ارماں صفی و نظم و ساحر
کہیں مجلس نشیں تھے ثنا و وحشت
عزیز لکھنوی بھی کسی جا
زباندانی میں فرد۔ اُستاد و ماہر
تھے اس گلزار میں تشریف فرما
ثناخوانی کا انکی دم بھروں گا
قصائد میں کسی کو شاد دیکھا
لطائف۔ دل لگی میں کوئی یکتا
ظرافت کا کسی کے سر پہ سہرا
کوئی ترکیب کی چستی کی جاں تھا
کہیں نازک خیالی جلوہ گر تھی
کسی کے ہر سخن میں بانکپن تھا
کوئی تھا محرمِ سنگیں نویسی

کسی کے لطف سے سیراب گلشن
کسی سے ریختی کا نام روشن

کوئی تھا سادگی کا بسکہ شائق
قصیدے میں غزل میں کوئی فائق

کوئی استاد ادب اور شاعری میں
رموزِ باطنی و ظاہری میں

کمالِ مرثیہ گوئی کہیں تھا
کہیں اسلوبِ بندش دلنشیں تھا

کہیں برجستگی افسونِ دلکش
کہیں فکرِ رسا مضمونِ دلکش

کہیں جوش و خروشِ نوحہ خواں تھا
کہیں نازِ صنم کا نکتہ داں تھا

کوئی تھا شائقِ شستہ بیانی
کوئی تھا مالکِ سلکِ بیانی

کوئی تھا شاہِ شیریں اور خوشگو
کیا زندہ کسی نے پھر سخن کو

کسی کا طرزِ رندانہ ستم تھا
کسی کا جام رشکِ جامِ جم تھا

کوئی استادِ مضموں آفرینی
کوئی تھا صاحبِ باریک بینی

کسی کی خوش مقالی قابلِ داد
کسی کا سوز و حسرت لائقِ صاد

کوئی زیبِ جمالی سے مجلّا
کوئی داغِ نقائص سے مبرّا

کوئی تھا زود گوئی میں سرفراز
کوئی رنگینیِ مضمون میں ممتاز

کوئی استاد گلزارِ معانی
کوئی دلدادۂ سحر البیانی

کوئی مغلوبِ جذبِ دردانگیز
کوئی مفتونِ لطفِ حسنِ خونریز

کوئی حاضر جوابی میں تھا طرّار
کوئی ناٹک نگاری میں تھا ہشیار

کوئی فیضیِ فیاضی کا ثانی
کسی کے ہاں سلاست اور روانی

کوئی طبّاع محوِ فکرِ عالی
کوئی عرفان و وحدت کا سوالی

کوئی پیچیدہ اسلوبی سے مرعوب
کسی کو نیچرلِ اشعار مرغوب

تصوف میں کوئی فردِ زمانہ
تغزل میں کوئی مردِ یگانہ

کوئی نازک خیالی کی تھی تعبیر
کسی کی نظم میں ناٹک کی تاثیر

طبیعت تھی کسی کی بحرِ ذخار
بلاغت کا کسی کے سر یہ سنگار

کوئی شیدا مذاقِ مغربی کا
کوئی موجد سخن کی تازگی کا

کسی کی طبع میں حاضر روانی
تھی تحریر کی کسی میں ترجمانی

کسی کا مذہبی تھا رنگِ تحریر
کوئی شستہ مذاقی کی تھا تصویر

قدیمی رنگ تھا غالب کسی پر
کوئی جدت پسندی کا تھا خوگر

کسی میں مشقِ طرزِ اہلِ فن تھی
کسی سے رونقِ بزمِ سخن تھی

تخیل میں کوئی نامی گرامی
کوئی طرزِ قدیم و نو کا بانی

کسی کا مدعا نانک نگاری
صفائی میں کسی کی شہسواری

نئی طرزوں میں کوئی مردِ میداں
کوئی برجستہ شوخی کا نگہباں

کوئی شیوا بیاں نازک ادا سے
کوئی ممتاز تھا فکرِ رسا سے

کسی کو اشتیاقِ طرزِ حالی
کسی میں عشق کے جذباتِ عالی

کسی میں منظرِ قدرت کا ساماں
نئی رنگت کسی میں تھی نمایاں

کوئی تھا ہم نوائے بلبلِ ہند
کوئی تھا آشنائے بلبلِ ہند

کسی میں حسنِ معنی قابلِ دید
کوئی شیدائے چمنستانِ تنقید

کسی میں عارفانہ وجد و حکمت
کسی میں روزمرہ کی لطافت

کہیں سنجیدہ غزلوں کی متانت
کہیں اسبابِ آرائش ذہانت

کوئی تھا نشۂ وحشت کا مائل
کوئی سوز و گدازِ دل کا قائل

کوئی رنگِ تغزل کا تھا مشتاق
غرض ہر ایک اپنے فن میں تھا طاق

بہت اس بزم کے جب رنگ دیکھے
نئے طرز اور نرالے ڈھنگ دیکھے

تعجب بڑھ گیا حیراں ہوا میں
زبس ممنونِ جانِ جاں ہوا میں

کوئی گلزار دنیا میں نہ ایسا
کبھی دیکھا تھا میں نے یا سنا تھا

[illegible]

ہیں اس کے حال کا جویا ہوا پھر
ہے مالی کون اس رنگیں چمن کا؟
کہا اک دہلوی ہیں فخرِ دوراں
رئیس نامور لالہ سری رام
وہی ہے نخلبند اس گلستاں کا
عرق ریزی کا اسکی یہ ثمر ہے
بہت کچھ خرچ کرکے مال و دولت
بلائے اہلِ موجودہ و پیشیں
بنے خود میزبانِ مجلس آرا
تعجب میرا اس سے بڑھ گیا پھر
جو دیکھا اس چمن کو ابتدا سے
الٰہی اُن کو تو آباد رکھنا
رہیں وہ تا ابد مشہورِ عالم
معطر سازیہ باغِ سخن ہو

اور اپنے یار سے گویا ہوا پھر
وہ محسن سرپرست اہل سخن کا؟
سخن فہم و سخن سنج و سخن داں
کیا ہے جس نے زندہ شعر کا نام
وہی ہے قدرداں رنگیں بیاں کا
اسی سے تازہ اس کا برگ و بر ہے
اُٹھا کر رنج و غم اور بارِ محنت
سجائی محفلِ ارباب رنگیں
ہر اک اہل سخن کو ہے اُبھارا
یہ سیرِ باغ پائی عمر بھر پھر
دعا اب مانگ لے طالب خدا سے
ہمیشہ خرم و دلشاد رکھنا
قبولِ اہل دل، منظورِ عالم
مسرت بخش انکی انجمن ہو

فہرست اسماء شعراء متذکرہ تقریظ خمخانہ جاوید

(۱) ملک الشعراء مرزا محمد تقی میر
(۲) ملک الشعراء مرزا محمد رفیع سودا
(۳) سید محمد میر سوز
(۴) شیخ قلندر بخش جرأت
(۵) خواجہ میر درد
(۶) سید انشاء اللہ خاں انشاء
(۷) شیخ ظہور الدین حاتم
(۸) میر عبدالحی تاباں
(۹) شیخ امام بخش ناسخ
(۱۰) حکیم مومن خاں مومن
(۱۱) تدبیر الدولہ سید مظفر علیخاں اسیر
(۱۲) فتح الدولہ مرزا محمد رضا خاں برق لکھنوی

اور منشی مہاراج بہادر برق دہلوی۔

(دونوں سے مطلب ہے)

(۱۳) شیخ غلام علی راسخ عظیم آبادی اور مولنا عبدالرحمٰن راسخ دہلوی (دونوں کیطرف اشارہ ہے)

(۱۴) شاہ نصیر دہلوی اُستاد ذوق

(۱۵) سراج الدین علیخاں آرزو

(۱۶) مرزا سعادت یار خاں رنگین

(۱۷) مرزا رحیم الدین حیا گورگانی

(۱۸) خاقانیٔ ہند شیخ محمد ابراہیم ذوق

(۱۹) نجم الدولہ دبیر الملک اسداللہ خاں غالب

(۲۰) میر ببر علی انیس

(۲۱) خواجہ حیدر علی آتش

(۲۲) حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان

(۲۳) سید شجاع الدین عرف امراؤ مرزا انور

(۲۴) مرزا سلامت علی دبیر

(۲۵) مرزا قادر بخش صابر گورگانی

(۲۶) منشی بہاری لال مُشتاق

(۲۷) لالہ مادھو رام جوہر

(۲۸) شیخ ولی محمد نظیر

(۲۹) نواب مصطفٰے خاں شیفتہ

(۳۰) نواب سید محمد خاں رند

(۳۱) پنڈت جواہر ناتھ کول ساقی

(۳۲) سید محمد زکریا خاں زکی

(۳۳) میر مہدی حسین مجروح

(۳۴) مولانا سید ظہیر الدین ظہیر

(۳۵) مولوی ذاکر حسین یاس

(۳۶) مرزا عبدالغنی ارشد

(۳۷) خواجہ وزیر علی وزیر

(۳۸) میر علی اوسط رشک

(۳۹) آنریبل نواب محمد علیخاں رنگی

(۴۰) پنڈت دیاشنکر نسیم لکھنوی

(۴۱) میر غلام حسن حسن

(۴۲) مرزا قربان علی بیگ سالک

(۴۳) میر وزیر علی صبا

(۴۴) مولوی سیف الحق ادیب

(۴۵) سید مہدی حسن احسن

(۴۶) مولانا سید احمد حسن شوکت

(۴۷) منشی رام سہائے تمنا

(۴۸) نواب اصغر علیخاں نسیم۔ دہلوی

(۴۹) نواب الٰہی بخش خاں معروف

(۵۰) مولانا محمد حسین آزاد

(۵۱) خواجہ الطاف حسین حالی

(۵۲) منشی امیر احمد امیر مینائی
(۵۳) فصیح الملک نواب مرزا خاں داغ
(۵۴) پنڈت بشن نراین در آبر
(۵۵) منشی احمد علی شوق قدوائی
(۵۶) پنڈت رتن ناتھ در سرشار
(۵۷) منشی امیر اللہ تسلیم
(۵۸) سید اکبر حسین اکبر الہ آبادی
(۵۹) حکیم سید ضامن علی جلال
(۶۰) مولانا نجم الدین احمد ثاقب
(۶۱) منشی پیارے لال شاکر
(۶۲) منشی دوارکا پرشاد اُفق
(۶۳) منشی سید محمد نوح۔ نوح
(۶۴) منشی نوبت رائے نظر
(۶۵) منشی درگا سہائے سرور جہاں آبادی
(۶۶) بابو پیارے لال رونق
(۶۷) ناظم دہلوی ثم لاہوری
(۶۸) سر ڈاکٹر محمد اقبال۔ اقبال
(۶۹) پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی
(۷۰) آغا محمد شاہ حشر
(۷۱) بابو رام رچھپال سنگھ شہید اور منشی چندی پرشاد شیدا (دونوں کی طرف اشارہ ہے)
(۷۲) پنڈت برج نراین چکبست
(۷۳) منشی سید وحید الدین بیخود
(۷۴) منشی سید ریاض احمد ریاض
(۷۵) مرزا زین العابدین خاں عارف
(۷۶) نواب سراج الدین احمد خاں سائل
(۷۷) حافظ جلیل حسن جلیل
(۷۸) چودہری خوشی محمد ناظر
(۷۹) مرزا محمد تقی بیگ مائل
(۸۰) منشی تلوک چند محروم
(۸۱) منشی ونائک پرشاد طالب بنارسی اور راقم تقریظ خمخانۂ جاوید دونوں کی طرف اشارہ ہے
(۸۲) افسر الشعرا آغا شاعر قزلباش شاعر
(۸۳) پنڈت راج نراین ارمان
(۸۴) مولانا صفی لکھنوی
(۸۵) حیدر یار جنگ سید علی حیدر طباطبائی نظم
(۸۶) پنڈت امرناتھ مدن ساحر
(۸۷) شاہ سید نظام الدین دلگیر
(۸۸) مولانا فضل الحسن حسرت موہانی
(۸۹) ہز اکسیلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد شاد اور شاد عظیم آبادی (دونوں سے مطلب ہے)
(۹۰) مولانا رضا علی وحشت

نوٹ:- جہاں دو شاعروں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے صنف شعر میں دونوں کی خصوصیات کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

(۹۱) حافظ محمد علی حفیظ (۹۲) مرزا محمد ہادی عزیز

تقریظ نگاشتہ فاضل اکمل ادیب نامور منشی محمد عمر و نور الٰہی صاحبان مصنفان ناٹک ساگر

جی چاہا کہ خمخانہ جاوید پر ریویو لکھا جائے۔ مگر سوال یہ ہے کہ لکھیں تو آخر کیا لکھیں کہ ریویو کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس پر خامہ فرسائی نہ ہو چکی ہو۔ ظاہر ہے کہ اس ضخیم کتاب کے ضخیم تبصروں میں جو تنوع ہے۔ وہ کسی مزید بحث کا روادار نہیں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ فاضل تقریظ نگاروں نے مزید تحریر کی گنجائش نہیں رہنے دی ہے

حریفاں بادہا خوردند و رفتند		تہی پیمانہا کردند و رفتند

مشاہیر ادبا نے اس کے محاسن بیان کرنے میں نکتہ سنجی کی دل کھول کر داد دی۔ ناقدان فن نے سطر سطر کا جائزہ لیا۔ اور بیشتر واقعات کو محک تحقیق پر کس کر مہر توثیق ثبت کی۔ ہندوستان کی ناقدر شناس پبلک نے یہ قدر افزائی کی۔ کہ اب چوتھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ لائبریریوں کی تزئین خمخانہ کے بغیر ادھوری مانی گئی ہے۔ پڑھے لکھے اصحاب کی الماریوں کی زینت اسکے سوا ہو نہیں سکتی۔ اور یونیورسٹیاں معترف ہیں کہ جبتک خمخانہ داخل نصاب نہ ہو۔ اردو کی تعلیم کا مکمل ہونا معلوم۔ بتائیے اس سے بڑھکر قبول عام کیا ہوگا۔ ہر دلعزیزی کا یہ عالم ہے کہ ہندو اس تصنیف پر ناز کر رہے ہیں مسلمان فخر و مباہات کے جذبات سے سرشار ہیں۔ دونوں فریق مصنف کو اپنی طرف کھینچ رہے ہیں اور اپنا اپنا تشفع قائم کرنیکی خوش آیند کوشش میں بسا اوقات مضحکہ خیز بن جانے کی بھی پرواہ نہیں رکھتے۔ یہ سعادت اللہ کی دین ہے جسمیں زور بازو کو چنداں دخل ادخال نہیں۔ مادر وطن نے ایسے کتنے خوش نصیبوں کو جنم دیا جنہیں ہندو اور مسلمان دونوں نے یکساں طور پر اپنانا چاہا۔ شاید مصنف اپنی صبر آزما محنت کا اتنا ہی صلہ کافی خیال کریں کہ وہ عرفی کی اس خواب کی تعبیر بن رہے ہیں (اللہ تعالیٰ انہیں عمر خضر عطا کرے) ۔ ہ

چناں با نیک و بد عرفی بسر کن کز پس مردن		مسلمانت بزمزم شوید و ہندو بسوزاند

اہل دہلی پھولے نہیں سماتے کہ اس غیر فانی تصنیف کا سہرا ایک دہلی نژاد کے سر ہے
اہل پنجاب مزے لے لیکر کہتے ہیں کہ یہ کتاب جس دماغ کی مرہون منت ہے اُسکی بالیدگی میں جو
حصہ راوی کا ہے۔ وہ جمنا سے کم نہیں۔ حسن اتفاق دیکھئے کہ گذشتہ چند سالوں میں دو مطول
کتابوں کا اردو میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک فرہنگ آصفیہ اور دوسری خمخانہ جاوید۔ ان دونوں
کتابوں کے مصنف دہلوی ہیں۔ ان دونوں کتابوں کی سرپرستی شہر یار دکن فرماتے ہیں۔ ان
دونوں کتابوں کا بیشتر حصہ لاہور میں لکھا جاتا ہے۔ اور یہ دونوں کتابیں اہل پنجاب کی مساعی
جمیلہ سے طبع ہوتی ہیں۔ گویا یہ فقید المثال کتابیں زبان حال سے پکار پکار کر اہل دہلی کو متنبہ کرتی
ہیں کہ اگر زبان کو زندہ رکھنا عزیز ہے تو پنجاب اور دکن سے اشتراک عمل کیجئے۔ اکیلے رہکر یہ بیل
منڈھے چڑھنے کی نہیں۔ اور اہل ہند سے ہانکے پکارے کہتی ہے کہ اگر وطن کی عزت منظور ہے
تو زبان کی خدمت پر کمربستہ ہو جایئے۔ اسمیں اردو اور ہندی کی کوئی تخصیص نہیں کہ دراصل یہ ایک
زبان کے دو نام ہیں۔ اس التباس سے گمراہ نہ ہو جائیے اور ہمیشہ یاد رکھئے کہ اردو کا دشمن ہندی
کا دوست اور ہندی کا شترو اردو کا پریمی نہیں ہو سکتا۔ غرضکہ خمخانہ جاوید نے ایک ایسا سنگم کیا ہے
جہاں فرقہ سازی اور دھڑا بندی کے اُمنڈے ہوئے دریا گلے ملجاتے ہیں۔ اور قدح نوشان خمخانہ
یگانگت اور رواداری کے نشہ میں سرشار ہو کر ہزار داستان کیطرح چہکتے ہیں جس سے اس کتاب
کتاب کے دوسرے نام یعنی تذکرہ ہزار داستان کی موزونیت اور بھی نمایاں ہو جاتی ہے۔ اُردو زبان
میں یہ کتاب بلیس لیٹرس کا بہترین نمونہ ہے جسمیں قومی مذہبی اور وطنی عصبیت کا شائبہ تک
نہیں پایا جاتا ہندو۔ مسلمان۔ سکھ۔ عیسائی اور پارسی بلا تکلف آتے ہیں۔ اور اپنے اپنے ذوق سخن
کے مطابق اس خمخانہ سے حیات ابدی خرید لے جاتے ہیں۔

قسمت بادہ باندازۂ جام است اینجا

آبحیات سے یہ شکایت پیدا ہوئی تھی کہ اسمیں ہندو اساتذہ کو نظر انداز کیا ہے۔ اور باکمالان
لکھنؤ کے تذکرہ میں بخل سے کام لیا ہے لیکن یہ کتاب ایسے جملہ معائب سے پاک ہے خمخانہ کی

ایک اور خصوصیت قابل ذکر ہے۔ کہ اسکی تدوین میں مشرقی اور مغربی انداز تذکرہ نویسی کو سمو کر ایک نیا رنگ پیدا کیا گیا ہے۔ عبارت کی رنگینی سے شرقیت مترشح ہے اور انتقاد کی باریک بینی مغربی اسلوب نقد و نظر پر دال ہے۔ پس سو تقریظوں کی ایک تقریظ یہ ہے۔

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

محمد عمر و نور الٰہی سرینگر کشمیر ۱۵ اگست ۱۹۲۵ء

قصیدہ تہنیت سالگرہ جناب معلی القاب امیر ابن امیر رئیس ابن رئیس عالیجناب لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے رئیس دہلی و مولف تذکرہ خمخانہ جاوید دام اقبالہ

پیش کردہ لسان الدولہ قاضی مولوی سید محمد نذیر حسن فتنہ عباسی نیندار قصبہ سندیلہ

۵ دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوٹھی ممدوح الصدر نوشتہ شد

بیاں کچھ کر نہیں سکتا جو لطف بیکراں دیکھا — کہوں کیا خواب میں کل رات کو کیا کیا سماں دیکھا
گذشتہ دن کو جن یاروں کی ٹولی میں رہے دن بھر — وہی پھر مجمع اہل کمال و نکتہ داں دیکھا
کہیں علامہ آزاد تھے رونق دہ مجلس — کسی جا مصطفٰے خاں شیفتہ سا خوش بیاں دیکھا
کہیں پر میر قطب الدین خاں باطن نظر آئے — کہیں پر قدرت اللہ شوق کو جلوہ کناں دیکھا
کہیں نواب صدیق حسن خاں جلوہ آرا تھے — کہیں منشی امیر احمد سا مشہور جہاں دیکھا
کہیں تھے حضرت شمیم کسی جا میر محسن تھے — کہیں پر صاحب بزم سخن کو تر زباں دیکھا
کہیں پر حضرت نساخ و قادر بخش و صابر تھے — کسی جا پر پریشاں سا فصیح خوش بیاں دیکھا
کہیں فضل الحسن حسرت کہیں تھے مولوی شبلی — غرض دیکھا جسے مجلس میں ممتاز جہاں دیکھا
بہت سے اور بھی تھے ناموں میں جنکی شہرت ہے — کہاں تک نام لوں ان سب کے جن کو تھا وہاں دیکھا
یہ سب آپس میں سرگرم سخن تھے خندہ رو ہو کر — ہوئے پھر اور بھی خوش بزم میں مجھکو جہاں دیکھا
کہا یوں سب نے ہم آواز ہو کر خوب ہی آئے — کہاں تھے جو بہت عرصہ کے بعد اے مہرباں دیکھا

یہاں اک بحث یاروں میں چھڑی ہے تم بھی کچھ بولو
کہا میں نے کہ کہئے بات کیا ہے کیسی حجت ہے
تو بولے ایک صاحب ہے یہ مجمع ذی کمالوں کا
ہر اک ان میں کا ہے اپنی جگہ استاد لاثانی
لکھے ہیں شاعروں کے تذکرے انمیں سے ہر اک نے
مگر اب اسپہ حجت آپڑی ہے یار لوگوں میں
ہر اک کا قول ہے میں نے بہت کچھ جستجو کی ہے
کوئی کہتا ہے تحقیقِ حقیقت میرا حصہ ہے
کوئی دکھلا رہا ہے منتخب شعروں کے گلدستے
غرض ہے ہر مؤلف اپنی ہی تالیف پر نازاں
ابھی تو گفتگو یہ ختم بھی ہونے نہ پائی تھی
ہوئی پہلے تو حیرت دیکھکر پھر سب نے یہ پوچھا
وہ بولا میر کہکر جس کو تم سب یاد کرتے ہو
مجھے ہر وقت شاگردوں کی خبریں ملتی رہتی ہیں
یہ کیا جھگڑا مچا رکھا ہے چند اوراقِ ناقص پر
نہیں تم میں سے کوئی مستحقِ تحسین کا ہرگز
سنو انصاف کی تو بات یہ ہے میں جو کہتا ہوں
بہت سے تذکرے انکے سوا بھی دیکھے ہیں لیکن
ولی کی روحِ اقدس کی قسم کھا کر میں کہتا ہوں
مرے باغِ سخن کے طائرانِ خوش نوا سب ہیں
مرے امت کے ہر اک امتی کا کارنامہ ہے

کہ تم نے بھی ہے ہندوستاں کیا سارا جہاں دیکھا
یہ کیوں ہنستے ہیں سب کیا کوئی کشتِ زعفراں دیکھا
اُنھوں نے سے زمینِ شاعری کا آسماں دیکھا
انہیں کو ہر جگہ دیکھا جدھر دیکھا جہاں دیکھا
نچوڑا حال اُس کا جس کسی کو خوش بیاں دیکھا
کہ ان سب تذکروں میں کس نے کسکو دلستاں دیکھا
وہیں پہنچا جہاں طیرِ سخن کا آشیاں دیکھا
کوئی کہتا ہے تم نے میرا اندازِ بیاں دیکھا
کوئی کہتا ہے تم نے میرا رنگِ بوستاں دیکھا
جسے دیکھا خود اپنا آپ ہی کو مدح خواں دیکھا
کہ اک مردِ متین کو اُسی جا ناگہاں دیکھا
کہ حضرت! آپ ہیں کون اور کیا آکر یہاں دیکھا
اُسی استادِ عالم کی ہوں میں روحِ رواں دیکھا
کہا تھا جو ملا ایک نے وہی آکر یہاں دیکھا
مکمل تذکرہ در اصل ابھی تم نے کہاں دیکھا
کہ میں نے خوب سب کا زورِ طبعِ نکتہ داں دیکھا
کہ میں نے تم سے کچھ بڑھکر ہے نیرنگِ جہاں دیکھا
ابھی خمخانۂ جاوید کو تم نے کہاں دیکھا
کہ اس میں اور ہی کچھ لطف و اندازِ بیاں دیکھا
گلوں سے میں نے ہر بلبل کا مملو آشیاں دیکھا
کوئی جادو بیاں دیکھا کوئی شیریں زباں دیکھا

تمہاری طرح اپنوں کی ہمیں اُسمیں طرفداری
تمہیں خمخانۂ جاوید کی لازم زیارت ہے
یہ سنکر اُٹھ گئے آنکھوں سے سب کی پردے غفلت کے
مجھے بھی ایک حیرت ہوگئی اس نام کو سنکر
پھر اُس سے میں نے پوچھا نام کیا ہی اُس مؤلف کا
یہ سنکر ہنسکے فرمایا سری رام اُن کو کہتے ہیں
علی پور روڈ پر جو سترہ نمبر کی کوٹھی ہے
تمہیں ملنا جو ہو اُن سے تو یہ موقع بھی اچھا ہی
گرہ ہر سال اُنکی عمر کے رشتے میں پڑتی ہے
کہیں حوروں کی محفل ہے کہیں پریوں کا مجمع ہے
رؤسا جتنے ہیں دلی کے سب تشریف لاتے ہیں
یہ سنکر کھل گئیں آنکھیں تو کیا تھا کچھ نہ تھا اُس جا
مگر دل کو یقیں تھا خواب یہ لاریب سچا ہے
وہ بیشک جنتی ہے اسکا کہنا کیوں نہ ہم مانیں
چلو خمخانۂ جاوید والے سے ملیں چلکر
مگر جلسے میں کب یوں خالی خولی لطف آئے گا
مناسب ہی کہ کچھ اشعار مدحیہ کرو موزوں
یہ کہکر اُٹھ کے بستر سے لکھا وہ مطلع روشن
کبھی گر فکر غالب سے ترا اوج مکاں دیکھا
پریشاں حال دیکھا تیرے اعدا کو جہاں دیکھا
فلک کو دیکھکر جسنے ترا اونچا مکاں دیکھا

کہ اُسکے ہو رہے بس جسکو اپنا مہرباں دیکھا
کہ اُس میں جسکو دیکھا نظم کا پیر مغاں دیکھا
عجب کچھ اسکی اس تقریب سے لطف سماں دیکھا
کہ گویا آئینۂ حسن انجمن کے درمیاں دیکھا
کہاں رہتے ہیں وہ اور آپنے اُنکو کہاں دیکھا
ہیں جتنے دلی والے سبنے ہی اُنکا مکاں دیکھا
وہیں پر بارہا میں نے انہیں کے مہرباں دیکھا
کہ آج اُنکے مکاں پر اور ہی میں نے سماں دیکھا
اسی تقریب میں آج اُنکا گھر رشک جناں دیکھا
غرض معشوق جو اُس بزم میں دیکھا جواں دیکھا
وہ سب کے میزباں ہیں سب کو اُنکا مہماں دیکھا
وہی اپنی مسہری اور وہی اپنا مکاں دیکھا
کہ روح میر کو اس انجمن کے درمیاں دیکھا
زمانے کی نگاہوں نے کوئی اُس سا کہاں دیکھا
کہ اُنکی مدح میں اُستاد کو رطب اللساں دیکھا
وہاں پھر کیا کروگے جو گروہِ شاعراں دیکھا
کہ تمکو ہم نے دیکھا نظم ہی پڑھتے جہاں دیکھا
کہ جس کے سامنے شرمندہ مہر آسماں دیکھا
تو میں نے آسماں اک اور زیر آسماں دیکھا
زمیں دشمن نظر آئی مخالف آسماں دیکھا
تو اُس نے آسماں کے نیچے اک اور آسماں دیکھا

نگاہِ قدر تیری پست فطرت پر پڑی جس دم
تو ہر اک ذرہ کو ہم اوجِ مہرِ آسماں دیکھا

تو وہ خورشید رو ہے چاند سایہ تجھپہ کرتا ہی
مثال چتر تیرے سر پہ مہرِ آسماں دیکھا

مسخر کر لئے ارض و سما اخلاق والا نے
زمیں کو یار پایا اور موافق آسماں دیکھا

گرے چلنے میں جس جا پر ستارے تیری جوتی سے
زمیں کا آسماں ٹکڑا میں نے رشکِ آسماں دیکھا

زمینِ قبر پر بھی تیرے دشمن کو نہیں راحت
پئے ایذا دہی مٹی کا سر پر آسماں دیکھا

ترقی کے سنے اشعار تیری بزمِ عالی میں
زمینِ شاعری کو ہم عروجِ آسماں دیکھا

زمین تیری گلی کی آئنہ بنکر یہ کہتی ہے
یہ حیرت ہو کہ میں نے اپنے نیچے آسماں دیکھا

نظر آیا جو سایہ دوپہر کو قصرِ عالی کا
یہ بولے دیکھنے والے زمیں پر آسماں دیکھا

ترے اوجِ مقدر سے زمیں پر کسکو نسبت ہے
ترا ہمسر اگر دیکھا تو میں نے آسماں دیکھا

جڑے ہیں چاند تارے سقف میں قصرِ معلیٰ کی
زمیں پر بیٹھے بیٹھے ہم نے لطفِ آسماں دیکھا

ترا ایوانِ عالی بے طرح نازاں ہی رفعت پر
عجب ہی عرش پر میں نے دماغِ آسماں دیکھا

بہی خواہوں کے سر پر چتر پایا مہرِ انور کو
عدو کے سر پر اک داغِ جفائے آسماں دیکھا

نظر آتا ہے زیرِ خیمۂ زریں ترا جلوہ
سرِ پُرنور پر سونے کا میں نے آسماں دیکھا

یہ تیری وسعتِ ہمت نے بخشا اوج عالم کو
حبابِ آبجو کو بھی بشکلِ آسماں دیکھا

ترے کوچے میں ہر نا چیز کو معراج ہوتی ہی
کہ جس ذرہ کو دیکھا ہم علوِ آسماں دیکھا

بہم جا بکام آئے ہیں تری مسند کی زینت میں
ستاروں سے جو خالی میں نے فرشِ آسماں دیکھا

غرض روئے زمیں پر آج تیری ذات یکتا ہے
ترا ثانی کہیں پر بھی نہ زیرِ آسماں آسماں دیکھا

مسیح و خضر کی تجھکو عطا ہو عمر عالم میں
یہی کہتا ہوا ہر ایک کو زیرِ آسماں دیکھا

جنم کے دن کا جلسہ دیکھکر بولے ملائک بھی
کہ آج اس جشنِ عالی کے موافق آسماں دیکھا

بس اب اے فتنہ سندیلوی خاموش ہو جاؤ
زمینِ نظم کا خوب آج ہم نے آسماں دیکھا

رباعی

محفل میں جو اربابِ سخن بیٹھے ہیں
غنچہ میں حسینانِ چمن بیٹھے ہیں

اے فتنہ نثارِ گلِ مضموں کا ہے وقت — دے نذر کہ سب ماہرِ فن بیٹھے ہیں

راقم سید نذیر حسن فتنہ عباسی سندیلوی متخلصہ ۵ دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء

ہدیہ تہنیت سالگرہ مخلص قدیم مشفق صمیم لالہ سری رام صاحب ایم اے مؤلف تذکرہ خمخانۂ جاوید رئیس دہلی

از تصنیف ابو المعظم مرزا سراج الدین احمد خاں جاگیر دار ریاست لوہارو سائل تخلص تاریخ پنجم دسمبر روز جمعہ ۱۳۳۹ھ

روز مسعودِ ولادت یہ مرے یار کا ہے
وقت ساقی سے قدح خوار کی تکرار کا ہے

روز گو ہو چکا شب جزو تو ہے اُس دن کی
تیرگی بدلی ہے ہنگام یہ امطار کا ہے

گوشہ گوشہ سے ہے اس گھر کی سعادت کی نمود
عالم اس جلسہ کی رنگینی پہ گلزار کا ہے

وہ ولادت کہ نہ تھی جس کی کوئی اور نظیر
آج تک جس پہ کرم ایزدِ غفار کا ہے

نام مولود کا آخر میں کیا جائیگا عرض
یہ محل حسنِ کمالات کے اظہار کا ہے

قطعتی وصف بھی اس ضمن میں ہو جائیگا درج
مدعا یہ بھی مری نظم کا اشعار کا ہے

یار وہ یار جو چالیس برس کا ہمدم
قدرداں جو مرے اوضاع کا گفتار کا ہے

کھتری نسل کا ممتاز عمائد کا خلف
بہترین پور و نمونہ سلف اخیار کا ہے

متکمل بصورت و دل آویز کہ اللہ اللہ
مرد ہونے پہ صور دلبرِ دلدار کا ہے

جس طرف بیٹھا ہو محفل میں نظر کہتی ہے
کہ مشبہ یہی اک مطلع انوار کا ہے

قابل مدح جو اس کی ہے تو وہ خوبی بھی
قول میرا نہیں ہر صاحب ابصار کا ہے

نطق میں ایسی سلاست و عجز ادائے ناز
کہ مرادف لبِ گوہر شکر بار کا ہے

غیظ شامل ہے اگر اس میں تو صاف قربان
نقشہ یا تیر کا یا صفحہ تلوار کا ہے

لطف داخل ہے تو کر دیتا ہے دل کو بیتاب
طرز تقریر میں انداز طرح دار کا ہے

وعدے میں ہوتی ہے دونوں صفتوں کی تکمیل
مختص ہیں یہ مرے دوست کی سرکار کا ہے

دل نے چاہا تو وفا کر دیا وعدہ ورنہ
دہر آگاہ ہے دستور جو ہر یار کا ہے

اب رہا رفق و مدارات و تواضع کا ڈھنگ
علم کا ذوق تو ایسا کہیں دیکھا نہ سنا
ام۔ اے کا ڈپلوما خود لیکے ہوا تھا منصف
کارنامہ ہی سخن سنجی کا ایک خمخانہ
جس کی ہستی پہ ہی موقوف حیاتِ شعرا
آج لگتی ہے کلادہ میں گرہ ایسے کے
تہنیت اسکی اسے اِسکی بہو کو دے کر
میں دعا دیتا ہوں آمین! کہیں سب دل سے
سو گرہ اس کے کلادہ میں لگیں اور خدا
ہر برس یوں ہی سرِ رام ہو بہجت اندوز

وہ وہ ہوتا ہے جو ایک صاحب اثیار کا ہے
اس کے گھر بھر پہ کرم داور دوار کا ہے
والد شاعر کا ہے دل باختہ اشعار کا ہے
جو مشایہ بہ یقیں دفتر طومار کا ہے
یہ کرشمہ اسی پُر فہم و خوش اطوار کا ہے
جس پہ دعویٰ مجھے بھائی کی طرح پیار کا ہے
عزم احباب سے پھر خیر سے اصرار کا ہے
مذہبًا حکم یہی حضرت غفار کا ہے
اسی دستور سے جو گنبد دوار کا ہے
رنگِ محفل یہی سائل ہو جو حضار کا ہے

قطعہ تاریخ طبع جلد چہارم تذکرہ خمخانہ جاوید۔ از نتیجہ فکر آقائے سخن جناب سید عسکری صاحب ضا و سیم خیرآبادی مہتمم تحفۂ خوشتر گورکھپور

جامعیت اس میں ہے سراپا انتخاب
از سرِ انصاف ہی یہ طبع کا سال اے وسیم
(۱)

تذکرے دیکھے بہت کوئی نہیں اسکا جواب
مخزنِ اشعارِ اہلِ فن ہے گویا یہ کتاب
۱۹ ۶ ۲۶

قطعہ تاریخ طبع از حضرت آغا شاعر دہلوی

ہر تذکرے کو اسکے مقابل میں لائیے
شاعر نے سنِ عیسوی میں سال یوں لکھا

ہر طرح اس سے کیجئے عینی موازنہ
خمخانہ کی یہ جلد ہے چوتھی۔ موازنہ
۱۹ ۶ ۲۶

(نوٹ) کاتب کی غلطی سے تقریظ کے ساتھ لکھا رہ گیا تھا لہذا یہاں درج ہوا۔

فہرست اسمائے شعرا مندرجہ تذکرہ خمخانہ جاوید

جلد چہارم

صحت نامہ حصہ چہارم

صفحہ	سطر	غلط چھپا	صحیح جو پڑھنا چاہئے	صفحہ	سطر	غلط چھپا	صحیح جو پڑھنا چاہئے
۱۲	۷	سیمن	سیمین	۲۶۵	۱	اان	آں
۱۵	۱۰	سہے	سہیے	۲۸۸	۲۱	کرینگے	کرینکے
۴۱	۱	ھری	چھری	۳۰۷	۲۰	المفاعت	المضاعف
۴۳	۲۱	ساعر	ساغر	۳۷۹	۷	شاعر	شاعری
۴۴	۳	ہو	ہو	〃	〃	سخنور	سخنوری
۵۵	۱۲	خوشی	خودی	۳۹۵	۵	این	انہیں
۹۴	۶	میں	ہیں	۴۱۲	۲۱	واہ کیا خوب	واہ خوب
۹۶	۱۹	پاکیزکی	پاکیزگی	۴۱۴	۱۳	میں بھی	میں
۱۲۱	۱۹	جائے	جانئے	۴۱۶	۵	عجب	عجیب
۱۲۹	۱۷	روپ	ملاپ	۴۲۵	۱۰	برہم تھی	پھر برہم
〃	۱۸	ئے	ہے	۴۴۶	۱۹	فرا	فراسو
۱۴۵	۲۱	پسند	مزاج	۴۷۸	۳	گستاخی	گستاخ
۱۶۴	۷	کے	سے	۴۸۱	۱۱	ہو	ہو
۱۶۸	۸	کہا	کیا	۴ تقریظ	۴	انکا	اسکا
۱۷۱	۲۱	۶۰	۵۰	〃	۸	کے	کسان
۲۰۳	۱	ٹکرب	ٹکڑے	〃	〃	یہ	یا
〃	۱۱	کئے	آئے	〃	〃	خدا	خدائے
۲۱۸	۱۸	ہ	یہ	۱۷	۴	آیا	آہا
۲۲۹	۱	ہمسر	پیمبر	۱۹	۱۰	جبیں	چبیں
۲۴۰	۱۴	جائے	جایئے	۴۴	۱۵	عی	ی